انّ ھٰذا الکتاب یدفع وساوس الخنّاس۔ وفیه
شفاءٌ للنّاس۔ وھو یھب السکینة
ویجلو الکروبۂ وسمیته۔

تریاق القلوب

تصنیف

امام ربّانی حضرت میرزا غلام احمد صاحب قادیانی
مسیح موعود و مہدی مسعود علیہ الصّلوٰۃ والسّلام۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

قصیدہ در معرفتِ انسانِ کامل مظہرِ حق تعالیٰ و طریقِ فیصلہ با نزاع کنندگان

همانا نوعِ بشرِ کامل از خدا باشد — کہ با نشانِ نمایاں خدا نما باشد
بتابد از رُخِ او نورِ عشق و صدق و وفا — ز خلقِ او کرم و غربت و حیا باشد
صفاتِ او ہمہ ظلِ صفاتِ حق باشند — ہم استقامتِ او ہمچو انبیاؑ باشد
رواں بچشمۂ او بحرِ سرمدی باشد — عیاں در آئینہ اش روئے کبریا باشد
صعودِ او ہمہ سوئے فلک بود ہر دم — وجودِ او ہمہ رحمت چو مصطفےٰ باشد
خبر دہد ز قدومش خدا بمصحفِ پاک — ہم از رسول سلامے بصد ثنا باشد
نتابد از رہِ جانانِ خود سرِ اخلاص — اگرچہ سیلِ مصیبت بزورہا باشد
براہِ یارِ عزیز از بلا نہ پرہیزد — اگرچہ در رہِ آں یار اژدہا باشد
کند حرام ہمہ عیش و خواب را بر نفس — چو حملہ عارف و عامی دریں بلا باشد
دل از کف و گہش باشد او فتادہ ز فرق — فراغت از ہمہ خود بینی و ریا باشد
اصولِ او ہمہ بر خلق رحم باشد و لطف — طریقِ او ہمہ ہمدردی و عطا باشد
ہمیشہ نفسِ شریفش بکاہد از حسرات — کہ چوں گروہ بداں تابعِ ہدیٰ باشد
ہمیشہ محترز از صحبتِ بداں ماند — غیور از پئے دیں ہمچو اصفیا باشد
پناہِ دیں بود و ملجاءِ مسلماناں — بعقدِ ہمتِ خود دافعِ قضا باشد

ہزار سر زنی و مشکلے نگردد حل
چو پیش او بروی کار یک دعا باشد

چو شیر زندگی او بود دریں عالم
ز صید او دگرانرا ہمہ غذا باشد

گہے نشاں بنماید ز بہر دینِ قویم
گہے بمعرکہ جنگش با شقیا باشد*

بود مظفر و منصور از خدائے کریم
از معضلاتِ شریعت گرہ کشا باشد

ز مہر یار ازل بر رخش ببارد نور
ز شانِ حضرتِ اعلیٰ درو ضیا باشد

کشوفِ اہلِ کشوف از برائے او باشند
ہم از نجوم پئے مقدمش صدا باشد

غرض مقامِ ولایت نشان ہا دارد
نہ ہر کہ دلق بپوشد ز اولیا باشد

کلید ایں ہمہ دولت محبت ست و وفا
خوشا کسیکہ چنیں دولتش عطا باشد

سخن ز فقر بدرزدی ہمی تواں گفتن
ولے علامتِ مرداں رہِ صفا باشد

ز مشکلاتِ رہِ راستی چہ شرح دہم
کہ شرطِ ہر قدمے گریہ و بکا باشد

بسوزد آنکہ نسوزد بصدق در رہِ یار
بمیرد آنکہ گریزندہ از فنا باشد

کلاہِ فتح و ظفر ہیچ سر نمی یابد
مگر سرے کہ پئے حفظِ دیں فدا باشد

نشانہائے سماوی بہ ہیچکس ندہند
مگر کسے کہ ز خود گم پئے خدا باشد

کسے رسد بمقامِ خوارق و اعجاز
کہ در مقامِ مصافاتِ اصطفا باشد

ضرورت است کہ دریں چنیں امام آید
چو خلق جاہل و بیدین و مُردہ سا باشد

جہانیاں ہمہ ممنونِ منتش باشند
چرا کہ او پئے ملّتِ الہدیٰ باشد

اگرچہ تیغ ندارد مگر بہ تیغِ دلیل
ہمے درد صفِ قومے کہ ناسزا باشد

* جنگ سے مراد تلوار بندوق کا جنگ نہیں۔ کیونکہ یہ تو سراسر نادانی اور خلاف ھدایت قرآن ہے جو دین کے پھیلانے کے لئے جنگ کیا جائے بلکہ اس جگہ جنگ سے ہماری مراد زبانی مباحثات ہیں جو نرمی اور انصاف اور معقولیت کی پابندی کے ساتھ کئے جائیں۔ ورنہ ہم ان تمام مذہبی جنگوں کے سخت مخالف ہیں جو جہاد کے طور پر تلوار سے کئے جاتے ہیں۔ منہ

چو پہلواں بدر آید ز نزدِ ربّ کریم
بہر دمش مددِ صدق مدعا باشد

چہ دستہا کہ نماید بروزِ کشتی و جنگ
بایں امید کہ نفسے مگر رہا باشد

ہمیں ست طائفۂ برگزیدگانِ خدا
ہمیں علامتِ شاں از خدا آنما باشد

بجنگ و حرب گزارند ہر دمے کہ بود
کہ تا حفاظتِ مردم ز فتنہا باشد

بخیر و عافیت بگذرد شب اندر خواب
کہ پاسبانیٔ ایشاں بصد عنا باشد

غلامِ ہمّتِ مردانِ کارزار بباش*
کہ امن مرد و زن از مردمِ دغا باشد

پناہِ بیضۂ اسلام آں جوانمردے ست
کہ خوں بدل زپئے دینِ مصطفیٰ باشد

ازیں بود کہ ہمہ اہل و نیک طینت را
سرِ نیاز بدرگاہِ شاں فرا باشد

دماغ و کبر بمردانِ حرب نادانی ست
کسے کہ کبر کند سخت بیحیا باشد

چہ جائے کبر کہ ایشاں پناہِ ہر بشر اند
طفیلِ شاں ہمہ عمامہ و قبا باشد

اگر ز امنِ شاں یکدمے جدا بشوی
متاع و مایۂ ایماں ز تو جدا باشد

سراست زیرِ تبر صادقانِ مخلص را
کہ تار بد سرِ قومے کہ در بلا باشد

اصولِ شاں ہمہ ہمدردی ست و مہر و کرم
طریقِ شاں رہِ عجز و سرِ رضا باشد

ہزار جانِ گرامی فدائے آں دل باد
کہ مست و محوِ رضاہائے کبریا باشد

* مردانِ کارزار سے مراد وہ لوگ نہیں ہیں جو دین پھیلانے کے بہانے سے خلق خدا پر تلوار اُٹھاتے قتل کرتے اور ایک جہان کو مصیبت میں ڈالتے ہیں۔ بلکہ ایسے لوگ جن کے پاس دین پھیلانے کے لئے صرف تلوار ہے۔ درحقیقت درندوں کی طرح ہیں اور کسی تعریف کے لائق یہ لوگ نہیں ہیں۔ کیونکہ ناحق بیجا خونریزی کرکے مخالفوں کو اعتراض کا موقع دیتے ہیں۔ بلکہ اس جگہ مردانِ کارزار سے مراد وہ باخدا مرد ہیں۔ جن کو خداتعالےٰ کی طرف سے معجزہ نمائی کی طاقت ملتی ہے اور اعلیٰ دلائل عطا کئے جاتے ہیں۔ اور خداتعالےٰ کی کتاب کا علم عطا کیا جاتا ہے۔ سو وہ نشان اور برہان سے منکروں کو ملزم کرتے ہیں۔ اور اس طرح پر میدانِ مباحثات میں فتح نمایاں پاتے ہیں۔ منہ

بکنجِ خلوتِ پاکاں اگر گذر بکنی ‌ عیاں شود کہ چہ نوعے دراں سرا باشد
بدولتِ دو جہاں سرفرو نے آرند ‌ بعشقِ یار دلِ زارِ شاں دوتا باشد
مناز با کلہِ سبز و خرقۂ پشمیں ‌ کہ زیرِ دلقِ ملمع فریب ہا باشد
ز دستِ بازوئے آں مرد خدمتے آید ‌ کہ سوختہ دل و جاں از پئے ہُدیٰ باشد
کسے کہ دل زپئے خلق سوزدش شب و روز ‌ محقق است کہ او خادم الوریٰ باشد
نہیبِ حادثہ بنیادِ دیں زجا ببرد ‌ اگر ز ملت ما ظلّ شاں جدا باشد
ازیں بود کہ چو سالِ ہدیٰ تمام شود ‌ برآید آنکہ بدیں نائبِ خدا باشد
رسید مژدہ ز غیبم کہ من ہماں مردم ‌ کہ او مجدّدِ ایں دین و رہنما باشد
لوائے ما پنہ ہر سعید خواہد بود ‌ ندائے فتحِ نمایاں بنامِ ما باشد
عجب مدار اگر خلق سوئے ما بدوند ‌ کہ ہر کجا کہ غنی ہے بود گدا باشد
گلے کہ روئے خزاں را گہے نخواہد دید ‌ بباغِ ماست اگر قسمت رسا باشد
منم مسیح ببانگِ بلند مے گویم ‌ منم خلیفۂ شاہے کہ بر سما باشد
مقدر است کہ روزنے بریں ادیم زمیں ‌ ہزار ہا دل و جاں بر رہم فدا باشد
زمینِ مردہ ہمی خواست عیسوی انفاس ‌ ز وعظہائے عملاں خود اثر کجا باشد
کشادہ اند درِ فضل گرکنوں نائی ‌ ز نامساعدئ بختِ نارسا باشد
بہرزہ طالبِ آں مہدی و مسیح مباش ‌ کہ کارِ شاں ہمہ خونریزی و دغا باشد
عزیز من رہِ تائیدِ دیں دگر راہے ست ‌ نہ ایں کہ تیغ براری اگر ابا باشد
چہ حاجت است کہ تیغ از برائے دیں بکشی ‌ نہ دیں بود کہ بخونریزیش بقا باشد
چو دیں مدلّل و معقول با ضیا باشد ‌ کدام دل کہ ازاں مذہبش ابا باشد
چو دیں درست بود خنجرے نمی باید ‌ کہ زورِ قول موجّہ عجب نما باشد
تو از سرائے طبیعت نیامدی بیروں ‌ ازیں ہمہ ہوست جبر با جفا باشد

مکا
زجبر حجت حق بر جہاں نیاید راست … برو دلیل بدہ گر خرد ترا باشد
زجبر کو کبۂ صدق را شکست آید … ازیں بود کہ رہِ جبر یا خطا باشد
بہوش باش کہ جبر است خود دلیل گریز … تسلیٔ دلِ مردم ازیں کجا باشد
مرا بکفر کنی متہم ازیں گفتار … کہ کفر نزدِ تو ابرار را سزا باشد
مگر چہ جائے عجب گر تو اینچنیں گوئی … کہ ہر کہ بے ہنر افتاد ژاژ خا باشد
بگو ہر آنچہ بگوئی چو خود نے دانی … کہ ساکنانِ درش را چہ اجتبا باشد
خوشم بجور کشیدن اگرچہ کشتہ شوم … ازیں کہ ہر عمل و فعل را جزا باشد
دو چشم خویش صفا کن کہ تا ختم بینی … دگرنہ پیشِ تو صد عدل ہم جفا باشد
مرا بریں سخنم آں فضول عیب کند … کہ بے خبر ز رہ و رسم دینِ ما باشد
کجاست ملہم صادق کہ تا حقیقتِ ما … برو عیاں ہمہ از پردۂ خفا باشد
زمانِ یقظہ بیامد ہنوز در خوابی … شنو کہ ہر سحر از ہاتف ایں ندا باشد
بعلم و فضل و کرامت کسے بما نرسد … کجاست آنکہ ز ارباب ادّعا باشد
ہزار نقد نمائی یکے چو سکۂ ما … بہ نقش خوب و عیار و صفا کجا باشد
مؤیدے کہ مسیحا دم ست و مہدیٔ وقت … بشانِ او دگرے کے ز اتقیا باشد
چو غنچہ بود جہانے خموش و سر بستہ … من آمدم بقدومے کہ از صبا باشد
چہ فتنہا کہ بزا دست اندریں ایام … کدام راہ ہدیٰ کو در اختفا باشد
محال ہست کزیں فتنہا شوی محفوظ … مگر ترا چو بمن گامِ اقتدا باشد
کسیکہ سایۂ بالِ ہماکش سوو نماد … بباید ش کہ دو روزے بظل ما باشد
مسلم است مرا از خدا حکومت عام + … کہ من مسیح خدائیم کہ بر سما باشد

+ حکومت عام اور حاکم عام سے مراد ظاہری حکومت نہیں بلکہ وہ بادشاہت اور حکومت ہے جو برگزیدوں کو آسمان سے دیجاتی ہے۔ خدا کے کامل پیارے آسمان پر اپنی بادشاہت رکھتے ہیں گو زمین پر انکو سر رکھنے کے لئے بھی جگہ نہ ہو۔ جن کو آسمانی بادشاہت ملتی ہے وہ زمین والوں کی بادشاہت پر کچھ طمع نہیں رکھتے کیونکہ زمین کی بادشاہت بہت مختصر اور نیز چند روزہ اور فانی ہے۔ منہ

بدین عتاب مرا هرگز التفات نبود
چه جرم من چو چنین حکم از خدا باشد

بتاج و تختِ زمین آرزو نمیدارم
نه شوقِ افسرِ شاهی بدل مرا باشد

مرا بس است که ملکِ سما بدست آید
که مُلک و مِلک زمین را بقا کجا باشد

حوالتم بفلک کرده اند روز نخست
کنون نظر بمتاعِ زمین چرا باشد

مراکه جنتِ علیاست مسکن و ماوا
چرا بمزبلهٔ این نشیب جا باشد

اگر جهاں همه تحقیرِ من کند چه غمے ؟
که با من ست قدیرے که ذُوالعُلیٰ باشد

منم مسیحِ زمان و منم کلیمِ خُدا
منم محمدؐ و احمدؐ که مجتبیٰ باشد

نه بلعم است که بدتر ز بلعم آں نادان
که جنگِ او بکلیمِ حق از هوا باشد

ازاں قفس بپریدم بروں که دنیا نام
کنوں بکنگرهٔ عرش جائے ما باشد

مرا بگلشنِ رضوانِ حق شدست گذر
مقامِ من چمنِ قدس و اصطفا باشد

کمالِ پاکی و صدق و صفا که گم شده بود
دوباره از سخن و وعظِ من بپا باشد

مرنج از سخنم اینکه سخت بے خبری
که اینکه گفته ام از وحی کبریا باشد

کسیکه گم شده از خود بنورِ حق پیوست
هرآنچه از دهنش بشنوی بجا باشد

نیامدم زپئے جنگ کارزار و جهاد
غرض ز آمدنم درسِ اتقا باشد

بخاکِ ذلت و لعنِ کساں رضا دادیم
بدیں غرض که بزیستی بقا باشد

درونِ من همه پُر از محبت نوریست
که در زمانِ ضلالت ازو ضیا باشد

بجز اسیری عشقِ رخش رهائی نیست
بدردِ او همه امراض را دوا باشد

عنایت و کرمش پرورد مرا هر دم
به بینی اش اگرت چشمِ خویش وا باشد

بکارخانهٔ قدرت هزارها نقش اند
مگر تجلی رحماں ز نقشِ ما باشد

بیامدم که رهِ صدق را درخشانم
بدلستاں برم آنرا که پارسا باشد

بیامدم که درِ علم و رُشد بکشایم
بخاک نیز نمایم که در سما باشد

مکے

ترا نمی رسد انکارِ ما کہ نامردی ‏ ‏ تو باز ناں بنشیں گر ترا حیا باشد
گداز شد دل و جانم پئے حمایتِ دیں ‏ ‏ ہنوز چشمِ تو کور ایں چہ اعتدا باشد
ترا چہ غم اگر ایں دیں رہِ عدم گیرد ‏ ‏ کہ ہر دمت دلِ بریاں پئے ہوا باشد
تو خود ز علتِ بیگانگی شدی مہجور ‏ ‏ وگرنہ از درِ او ہر طرف صلا باشد
چرا شکایت رحماں کنی بنادانی ‏ ‏ تو صاف باش کہ تا زاں طرف صفا باشد
چنیں زمانہ چنیں دور اینچنیں برکات ‏ ‏ تو بے نصیب روی وہ چہ ایں شقا باشد
بہ بیں کہ نور بریں خانہ ام ہمی بارد ‏ ‏ مگر چگونہ بہ بینی اگر عما باشد
ترا کہ ہمچو زناں کار زینت ست و ہوا ‏ ‏ چگونہ در دلِ تو میلِ اہتدا باشد
فدائے بازوئے آناں ہزار زاہدِ ما ‏ ‏ کہ جانِ شاں بہ رہِ دینِ حق فدا باشد
گرفتگانِ محبت مسخرانِ جمال ‏ ‏ روندگانِ رہے کاں رہِ فنا باشد
امامِ وقت ہماں پہلوانِ میداں ست ‏ ‏ کہ تیغ بر سر و سر پیشِ آشنا باشد
چساں تو قدر شناسی خصالِ مرداں را ‏ ‏ کہ خصلتت ہمہ چوں خصلتِ نسا باشد
جہان و جاہِ جہاں نزد شاں چناں ہیچ ست ‏ ‏ کہ پیشِ چشمِ تو یک خس ز بوریا باشد
قمر مقابلہ با روئے شاں نیارد کرد ‏ ‏ کہ نورِ او ز خور ایں نور از خدا باشد
بحضرتِ صمدے آبرو ہمی دارند ‏ ‏ دعائے گریۂ شاں خارق السما باشد
بدست ہفت فلک مثلِ شاں نمی بینم ‏ ‏ اگرچہ ہر فلکے چشمۂ ضیا باشد
رمد ز صحبتِ شاں جذبہ ہائے تاریکی ‏ ‏ دمد ز گلشنِ شاں آنچہ دلکشا باشد
ہزار جہد کنی زر نگردد ایں مسِ نفس ‏ ‏ مگر بدوستیٔ شاں کہ کیمیا باشد
اگر تو خود بگریزی وگرنہ ممکن نیست ‏ ‏ کہ سایۂ کرمِ شاں ز تو جدا باشد
غبارِ حرص و ہوا را بزیرِ پا بکنند ‏ ‏ کہ ترکِ دوست ز بہرِ ہوا جفا باشد
مرا مربیٔ من زیں گروہ خود کرد است ‏ ‏ بجذبۂ کہ نہ حدش نہ انتہا باشد

دو چشم خلق بہ بیند چو ماہ پرتو من
بشرط آنکہ ز ہر پردۂ رہا باشد

ہزار گونہ نشانہائے صدق بنمایم
بشرط آنکہ بصبر امتحانِ ما باشد

فلک قریب زمیں شد ز بارشِ برکات
کجاست طالبِ حق تا یقیں فزا باشد

کجا دلے کہ درو خشیتِ خدا باشد
کجاست مردمِ چشمے کہ با حیا باشد

بجاہ و منصبِ دنیا مناز اے ہشیار
کہ ایں تنعم و عیشت ندا نما باشد

چو خواب بگذرد ایں وقتِ خوش کہ میداری
طمع مدار کہ ایں حال را بقا باشد

نماز می کنی و قبلہ را نمے دانی
ندانمت چہ غرض زیں نماز ہا باشد

ز دیدہ خوں بچکاند سماعِ قصۂ حشر
بشرط آنکہ بدل خشیتِ خدا باشد

بنفسِ تیرہ تمنائے وصلِ او ہیہات
رسد ہماں بخدا کو ز خود فنا باشد

قدم بمنزلِ روحانیاں بنہ کہ جزیں
جہان و کارِ جہاں جملہ ابتلا باشد

چہ جائے خوابِ خوش و امن و عیش و عافیت است
نہنگِ مرگ چو ہر لحظہ در قفا باشد

کشادِ کار بدل بستن است در محبوب
چہ خوش رخے کہ گرفتار او رہا باشد

ہزار شکر کہ من روئے یار خود دیدم
چشیدم آں ہمہ کاں لذتِ لقا باشد

دماغ و کبرِ ہمہ منکرانِ دیں شکنم
من ایستادہ ام اینک دگر کجا باشد

چو مہرِ انور و تاباں ہمے فشانم نور
دگر کجا و چنیں قدرتے کرا باشد

ز کارہا کہ کنم و ز نشاں کہ بنمایم
عیاں شود کہ ہمہ کارم از خدا باشد

کنول کہ در چمنِ من ہزار گل بشگفت
گر از طلب بنشینی عجب خطا باشد

تو عمر خواہ و صبوری۔ کہ آں زماں آید
کہ جلوۂ خورِ ما دافعِ العما باشد

گرہ ز دل بکشا کارِ ما ز ہوش نگر
کہ عقل شاد ہندت چو دل صفا باشد

ترا چہ شد کہ بماتم نشستۂ و نالاں
کہ موسمے است کہ ہم مرغ در نوا باشد

ز فکرِ تفرقہ باز آ کہ موسمے آمد
کہ اجتماعِ ہمہ اہل و اتقیا باشد

ارادۂ ازلی ایں زمان و وقت آورد — تو چیستی کہ ز تو ردّ ایں قضا باشد

مرو بہ بےخردی نزد ما بیا و نشیں — کہ ظلّ اہلِ صفا موجبِ شفا باشد

مقیم حلقۂ ابرار باش و زنے چند — مگر عنایت قادر گرہ کشا باشد

زہے خجستہ زمانے کہ سوئے ما آئی — زہے نصیبِ تو گر شوق و التجا باشد

چہ جورہا کہ تو بر نفسِ خود کنی ہیہات — ہزار حیف بریں فطنت و ذکا باشد ۵۰

چہ حاجتست کہ رنجے کشی بتالیفات — کہ امتحانِ دُعا گو ہم از دعا باشد

بہ رُوئے یار کہ ہرگز نہ رتبتے خواہم — مگر اعانتِ اسلام مدعا باشد

سیاہ باد رخ بختِ من اگر بہ دلم — دگر غرض بجز از یار آشنا باشد

رہِ خلاص کجا باشد آں سیہ دل را — کہ با چنیں دلِ من در پئے جفا باشد

چو سیل دیدۂ ما ہیچ سیل طوفاں نیست — بترس زیں کہ چنیں سیل پیشِ پا باشد

زآہِ زمرۂ ابدال بایدت ترسید
علی الخصوص اگر آہِ میرزا باشد

جیساکہ ہم نے اس فارسی قصیدہ میں جو اُوپر لکھا گیا ہے یہ بتلایا ہے کہ خدا کے کامل مامورین کی علامتوں میں سے ایک یہ علامت ہے کہ اُن سے آسمانی نشان ظاہر ہوتے ہیں۔ایسا ہی ہم اسجگہ ہزار ہزار شکر کے ساتھ لکھتے ہیں کہ وہ تمام علامتیں اس بندۂ حضرت احدیت میں پوری ہوئیں اس زمانہ میں پادریوں کا متعصب فرقہ جو سراسر حق پوشی کی راہ سے کہا کرتا تھا کہ گویا ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی معجزہ ظہور میں نہیں آیا۔اُن کو خدا تعالیٰ نے سخت شرمندہ کرنے والا جواب دیا۔اور کُھلے کُھلے نشان اِس اپنے بندہ کی تائید میں ظاہر فرمائے۔

ایک وہ زمانہ تھاکہ انجیل کے واعظ بازاروں اور گلیوں اور کوچوں میں نہایت دریدہ دہانی سے اور سراسر افترا سے ہمارے سید و مولیٰ خاتم الانبیاءؐ اور افضل الرسل و الاصفیاء اور سیّد المعصومین و الاتقیاء حضرت محبوب جناب احدیت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت

یہ قابل شرم جھوٹ بولا کرتے تھے کہ گویا آنجناب سے کوئی پیشگوئی یا معجزہ ظہور میں نہیں آیا۔ اور
اب یہ زمانہ ہے کہ خدا تعالیٰ نے علاوہ ان ہزارہا معجزات کے جو ہمارے سردار و مولیٰ شفیع المذنبین
صلی اللہ علیہ وسلم سے قرآن شریف اور احادیث میں اس کثرت سے مذکور ہیں جو اعلیٰ درجہ کے تواتر
پر ہیں۔ تازہ بتازہ صدہا نشان ایسے ظاہر فرمائے ہیں کہ کسی مخالف اور منکر کو انکے مقابلہ کی
طاقت نہیں۔ ہم نہایت نرمی اور انکسار سے ہر ایک عیسائی صاحب اور دوسرے مخالفوں کو
کہتے رہے ہیں اور اب بھی کہتے ہیں کہ درحقیقت یہ بات سچ ہے کہ ہر ایک مذہب جو خدا تعالیٰ
کی طرف سے ہو کر اپنی سچائی پر قائم ہوتا ہے۔ اسکے لئے ضرور ہے کہ ہمیشہ اس میں ایسے انسان
پیدا ہوتے رہیں کہ جو اپنے پیشوا اور ہادی اور رسول کے نائب ہو کر یہ ثابت کریں کہ وہ نبی
اپنی روحانی برکات کے لحاظ سے زندہ ہے فوت نہیں ہوا۔ کیونکہ ضرور ہے کہ وہ نبی جس کی
پیروی کی جائے۔ جس کو شفیع اور منجی سمجھا جائے وہ اپنے روحانی برکات کے لحاظ سے ہمیشہ
زندہ ہو۔ اور عزت اور رفعت اور جلال کے آسمان پر اپنے چمکتے ہوئے چہرہ کے ساتھ ایسا
بدیہی طور پر مقیم ہو۔ اور خدائے ازلی ابدی حیّ قیوم ذوالاقتدار کے دائیں طرف بیٹھا اس کا
ایسے پُرزور الٰہی نوروں سے ثابت ہو کہ اس سے کامل محبت رکھنا اور اسکی کامل پیروی کرنا
لازمی طور پر اس نتیجہ کو پیدا کرتا ہو کہ پیروی کرنے والا روح القدس اور آسمانی برکات کا انعام
پائے۔ اور اپنے پیارے نبی کے نوروں سے نور حاصل کر کے اپنے زمانہ کی تاریکی کو دُور کرے۔
اور مستعد لوگوں کو خدا کی ہستی پر وہ پختہ اور کامل اور درخشاں اور تاباں یقین بخشے جس سے
گناہ کی تمام خواہشیں اور سفلی زندگی کے تمام جذبات جل جاتے ہیں۔ یہی ثبوت اس
بات کا ہے کہ وہ نبی زندہ اور آسمان پر ہے۔ سو ہم اپنے خدائے پاک ذوالجلال کا کیا
شکر کریں کہ اُس نے اپنے پیارے نبی محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اور پیروی کی توفیق دیکر
اور پھر اس محبت اور پیروی کے روحانی فیضوں سے جو سچے تقویٰ اور سچے آسمانی نشان ص۴
ہیں۔ کامل حصہ عطا فرما کر ہم پر ثابت کر دیا کہ وہ ہمارا پیارا برگزیدہ نبی فوت نہیں ہوا۔

بلکہ وہ بلند تر آسمان پر اپنے ملیک مقتدر کے دائیں طرف بزرگی اور جلال کے تخت پر بیٹھا ہے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَیْہِ وَ بَارِکْ وَسَلِّمْ۔ اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا۔[1]

اب ہمیں کوئی جواب دے کہ روئے زمین پر یہ زندگی کس نبی کے لئے بجز ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ثابت ہے؟ کیا حضرت موسیٰؑ کے لئے؟ ہرگز نہیں۔ کیا حضرت داؤدؑ کے لئے؟ ہرگز نہیں۔ کیا حضرت مسیح علیہ السلام کے لئے؟ ہرگز نہیں۔ کیا راجہ رامچندر یا راجہ کرشن کیلئے؟ ہرگز نہیں۔ کیا وید کے اُن رشیوں کے لئے جن کی نسبت بیان کیا جاتا ہے کہ اُن کے دلوں پر وید کا پرکاش ہوا تھا؟ ہرگز نہیں۔ جسمانی زندگی کا ذکر بے سود ہے۔ اور حقیقی اور رُوحانی اور فیض رسان زندگی وُہ ہے جو خدا تعالیٰ کی زندگی کے مشابہ ہوکر نور اور یقین کے کرشمے نازل کرتی ہو۔ ورنہ جسمانی وجود کے ساتھ ایک لمبی عمر پانا اگر فرض بھی کر لیں۔ اور فرض کے طور پر مان بھی لیں کہ ایسی عمر کسی کو دی گئی ہے تو کچھ بھی جائے فخر نہیں مصر کی بعض پورانی عمارتیں ہزارہا برس سے چلی آتی ہیں اور بابل کے کھنڈرات ابتک موجود ہیں جن میں اُلّو بولتے ہیں۔ اور اِس ملک میں اجودھیا اور بندرابن بھی پرانے زمانہ کی آبادیاں ہیں۔ اور اٹلی اور یونان میں بھی ایسی قدیم عمارتیں پائی جاتی ہیں تو کیا اِس جسمانی طور پر لمبی عمر پانے سے یہ تمام چیزیں اُس جلال اور بزرگی سے حصہ لے سکتی ہیں جو رُوحانی زندگی کی وجہ سے خدا کے مقدس لوگوں کو حاصل ہوتی ہے۔

اب اِس بات کا فیصلہ ہوگیا ہے کہ اس رُوحانی زندگی کا ثبوت صرف ہمارے نبی علیہ السلام کی ذات بابرکات میں پایا جاتا ہے۔ خدا کی ہزاروں رحمتیں اسکے شامل حال رہیں۔ افسوس کہ عیسائیوں کو کبھی بھی یہ خیال نہیں آیا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی روحانی زندگی ثابت کریں اور صرف اُس لمبی عمر پر خوش نہ ہوں جس میں اینٹ اور پتھر بھی شریک ہوسکتے ہیں۔ بے سود ہے وہ زندگی جو نفع رسان نہیں۔ اور لاحاصل ہے وہ بقا

[1] الاحزاب : ۵۷

جس میں فیض نہیں۔ دُنیا میں صرف دو زندگیاں قابلِ تعریف ہیں۔ (۱) ایک وہ زندگی جو خود خدائے حیّ وقیوم مبدءِ فیض کی زندگی ہے۔ (۲) دوسری وہ زندگی جو فیض بخش اور خدا نما ہو۔ سو آؤ ہم دکھاتے ہیں کہ وہ زندگی صرف ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی ہے۔ جس پر ہر ایک زمانہ میں آسمان گواہی دیتا رہا ہے اور اب بھی دیتا ہے۔ اور یاد رکھو کہ جس میں فیاضانہ زندگی نہیں وہ مُردہ ہے نہ زندہ۔ اور میں اُس خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں جس کا نام لیکر جھوٹ بولنا سخت بدذاتی ہے کہ خدا نے مجھے میرے بزرگ واجب الاطاعت سیّدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رُوحانی دائمی زندگی اور پُورے جلال اور کمال کا یہ ثبوت دیا ہے کہ میں نے اس کی پیروی سے اور اس کی محبت سے آسمانی نشانوں کو اپنے اُوپر اُترتے ہوئے اور دل کو یقین کے نور سے پُر ہوتے ہوئے پایا اور اس قدر نشان غیبی دیکھے کہ اُن کُھلے کُھلے نُوروں کے ذریعہ سے میں نے اپنے خدا کو دیکھ لیا ہے۔ خدا کے عظیم الشان نشان بارش کی طرح میرے پر اُتر رہے ہیں اور غیب کی باتیں میرے پر کُھل رہی ہیں۔ ہزار ہا دُعائیں ابتک قبول ہو چکی ہیں۔ اور تین ہزار سے زیادہ نشان ظاہر ہو چکا ہے۔ ہزارہا معزّز اور متقی اور نیک بخت آدمی اور ہر قوم کے لوگ میرے نشانوں کے گواہ ہیں اور تم خود گواہ ہو۔ اور مجھے اُس خدا کی قسم ہے جس نے مجھے بھیجا ہے کہ اگر کوئی سخت دل عیسائی یا ہندو یا آریہ میرے اُن گذشتہ نشانوں سے جو روز روشن کی طرح نمایاں ہیں انکار بھی کر دے اور مسلمان ہونے کے لئے کوئی نشان چاہے اور اس بارے میں بغیر کسی بیہودہ حجت بازی کے جس میں بدنیتی کی بُو پائی جائے سادہ طور پر یہ اقرار بذریعہ کسی اخبار کے شائع کر دے کہ وہ کسی نشان کے دیکھنے سے گو کوئی نشان ہو۔ لیکن انسانی طاقتوں سے باہر ہو۔ اسلام کو قبول کرے گا۔ تو میں اُمید رکھتا ہوں کہ ابھی ایک سال پورا نہ ہوگا کہ وہ نشان کو دیکھ لیگا۔ کیونکہ میں اُس زندگی میں سے نور لیتا ہوں جو میرے نبیٔ متبوع کو ملی ہے۔ کوئی نہیں جو اس کا مقابلہ کر سکے۔ اب اگر عیسائیوں میں کوئی طالب

صٹ

حق ہے۔ یا ہندوؤں اور آریوں میں سے سچائی کا متلاشی ہے۔ تو میدان میں نکلے۔ اور اگر اپنے مذہب کو سچا سمجھتا ہے تو بالمقابل نشان دکھلانے کے لئے کھڑا ہو جائے۔ لیکن مَیں پیشگوئی کرتا ہوں کہ ہرگز ایسا نہ ہوگا۔ بلکہ بدنیتی سے پیچ در پیچ شرطیں لگا کر بات کو ٹال دینگے کیونکہ ان کا مذہب مُردہ ہے اور کوئی ان کے لئے زندہ فیض رساں موجود نہیں۔ جس سے وہ رُوحانی فیض پاسکیں، اور نشانوں کے ساتھ چمکتی ہوئی زندگی حاصل کر سکیں۔

اے تمام وہ لوگو جو زمین پر رہتے ہو! اور اے تمام وہ انسانی رُوحو جو مشرق اور مغرب میں آباد ہو! مَیں پورے زور کے ساتھ آپ کو اس طرف دعوت کرتا ہوں کہ **اب زمین پر سچّا مذہب صرف اسلام ہے** اور سچّا خدا بھی وُہی خدا ہے جو قرآن نے بیان کیا ہے۔ اور ہمیشہ کی رُوحانی زندگی والا نبی اور جلال اور تقدس کے تخت پر بیٹھنے والا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہے جسکی رُوحانی زندگی اور پاک جلال کا ہمیں یہ ثبوت ملا ہے کہ اسکی پیروی اور محبت سے ہم رُوح القدس اور خدا کے مکالمہ اور آسمانی نشانوں کے انعام پاتے ہیں۔ گو ہم اِس بات پر ایمان رکھتے ہیں کہ حضرت مسیحؑ اور حضرت موسیٰؑ اور دوسرے اسرائیلی نبی بھی خدا کی طرف سے ہیں۔ لیکن اُنکی سچائی پر ہمارے پاس بجز اسکے اور کوئی دلیل نہیں ہے کہ قرآن شریف نے اُن کو نبی مان لیا ہے۔ اُن کی رُوحانی زندگی بدیہی نشانوں کے ساتھ ثابت نہیں ہے اور اس کا یہ سبب ہے کہ وُہ مذہب اور انکی کتابیں بباعث تحریف کے خراب ہو چکی ہیں۔ اس لئے ان نبیوں کی سچی پیروی کی کوئی راہ باقی نہیں رہی تا اس سے انکی رُوحانی زندگی کا ثبوت مل سکتا۔ اور عیسائی جس دین کو پیش کرتے ہیں وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا دین نہیں ہے۔ بلکہ یہ پادریوں کی اپنی طبیعت کی ایجاد ہے۔ بہت سی انجیلوں میں سے یہ چار انجیلیں انتخاب کی گئی ہیں جن کو بعض یونانیوں نے حضرت مسیحؑ سے بہت پیچھے بنا کر حضرت مسیحؑ کی طرف منسوب کر دیا۔ اور کوئی عبرانی انجیل عیسائیوں کے پاس موجود نہیں ہے اور ناحق افترا کے طور پر حضرت مسیح کو ایک یونانی آدمی تصور کر لیا ہے۔

حالانکہ حضرت مسیحؑ کی مادری بولی عبرانی تھی۔کوئی ثابت نہیں کر سکتا کہ کبھی حضرت مسیح نے ایک فقرہ یونانی کا بھی کسی سے پڑھا تھا اور نہ حواریوں نے جو اُمّی محض تھے کسی مکتب میں یونانی سیکھی بلکہ وہ ہمیشہ ماہی گیروں کے کام کرتے رہے۔ اب چونکہ عیسائیوں کو یہ سخت مصیبت پیش آئی کہ کوئی عبرانی انجیل موجود نہیں صرف قریباً ساٹھ انجیلیں یونانی میں ہیں جو باہم متناقض ہیں۔ جن میں سے یہ چار چُن لی گئیں جو وہ بھی باہم مخالفت رکھتی ہیں۔ بلکہ ہر ایک انجیل اپنی ذات میں بھی مجموعۂ تناقضات ہے۔ ان مشکلات کے لحاظ سے یونانی کو اصل زبان ٹھہرایا گیا ہے۔ لیکن یہ اس قدر بیہودہ بات ہے کہ اس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ ان پادری صاحبوں نے کس قدر جھوٹ اور جعل سازی پر کمر باندھی ہے۔حضرت مسیحؑ کے وقت میں رُومی سلطنت تھی اور گورنمنٹ کی لاطینی زبان تھی۔ اور حضرت مسیحؑ کو چونکہ گورنمنٹ سے کوئی تعلق ملازمت نہ تھا اور نہ ریاست اور جاہ طلبی کی خواہش تھی۔ اس لئے انہوں نے لاطینی کو بھی نہیں سیکھا۔ وہ ایک مسکین اور عاجز اور غریب طبع اور سادہ وضع انسان تھا۔ اُس کو وہی بولی یاد تھی جو ناصرہ میں اپنی ماں سے سیکھی تھی یعنے عبرانی۔ جو یہودیوں کی قومی بولی ہے اور اسی بولی میں توریت وغیرہ خدا کی کتابیں تھیں*۔ غرض یہ چاروں انجیلیں جو یونانی سے ترجمہ ہو کر اس ملک میں پھیلائی جاتی ہیں۔ ایک ذرہ قابل اعتبار نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی پیروی میں کچھ بھی برکت نہیں۔ خدا کا جلال اُس شخص کو ہرگز نہیں ملتا جو ان انجیلوں کی پیروی کرتا ہے۔ بلکہ یہ انجیلیں حضرت مسیح کو بدنام کر رہی ہیں۔ کیونکہ ایک طرف تو ان انجیلوں میں سچے عیسائی کی یہ علامتیں ٹھہرائی گئی ہیں کہ وہ آسمانی نشانوں کے دکھلانے پر قادر ہو۔ اور دوسری طرف عیسائیوں کا یہ حال ہے کہ وہ ایک مُردہ حالت میں پڑے ہوئے ہیں اور ایک ذرہ آسمانی برکت ان کے ساتھ نہیں اور کوئی نشان دکھلا نہیں سکتے۔ اس لئے وہ علامتوں کا ذکر کرنے کے وقت ہمیشہ

* صلیب پر جبکہ حضرت مسیح کو موت کا سامنا معلوم ہوتا تھا اُس وقت بھی عبرانی فقرہ زبان پر جاری ہوا۔ اور وہ یہ ہے کہ ایلی ایلی لما سبقتانی۔ منہ

ہر مجلس میں شرمندہ ہوتے ہیں اور ناحق اور بیجا تاویلیں کرنی پڑتی ہیں۔

خدا نے مجھے دُنیا میں اس لئے بھیجا کہ تا میں حلم اور خلق اور نرمی سے گم گشتہ لوگوں کو خدا اور اُس کی پاک ہدایتوں کی طرف کھینچوں اور وہ نور جو مجھے دیا گیا ہے اس کی روشنی سے لوگوں کو راہِ راست پر چلاؤں۔ انسان کو اس بات کی ضرورت ہے کہ ایسے دلائل اس کو ملیں جن کے رُو سے اُس کو یقین آجائے کہ خدا ہے۔ کیونکہ ایک بڑا حصہ دُنیا کا اسی راہ سے ہلاک ہو رہا ہے کہ ان کو خدا تعالےٰ کے وجود اور اس کی الہامی ہدایتوں پر ایمان نہیں ہے اور خدا کی ہستی کے ماننے کیلئے اِس سے زیادہ صاف اور قریب الفہم اور کوئی راہ نہیں کہ وہ غیب کی باتیں اور پوشیدہ واقعات اور آیندہ زمانہ کی خبریں اپنے خاص لوگوں کو بتلاتا ہے اور وہ نہاں در نہاں اسرار جن کا دریافت کرنا انسانی طاقتوں سے بالاتر ہے اپنے مقربوں پر ظاہر کر دیتا ہے۔ کیونکہ انسان کے لئے کوئی راہ نہیں جس کے ذریعہ سے آیندہ زمانہ کی ایسی پوشیدہ اور انسانی طاقتوں سے بالاتر خبریں اسکو مل سکیں۔ اور بلاشبہ یہ بات سچ ہے کہ غیب کے واقعات اور غیب کی خبریں بالخصوص جن کے ساتھ قدرت اور حکم ہے ایسے امور ہیں جن کے حاصل کرنے پر کسی طور سے انسانی طاقت خود بخود قادر نہیں ہو سکتی سو خدا نے میرے پر یہ احسان کیا ہے جو اس نے تمام دُنیا میں سے مجھے اِس بات کے لئے منتخب کیا ہے کہ تا وہ اپنے نشانوں سے گمراہ لوگوں کو راہ پر لاوے۔ لیکن چونکہ خدا تعالیٰ نے آسمان سے دیکھا ہے۔ کہ عیسائی مذہب کے حامی اور پیرو یعنے پادری سچائی سے بہت دُور جا پڑے ہیں اور وہ ایک ایسی قوم ہے کہ نہ صرف آپ صراطِ مستقیم کو کھو بیٹھے ہیں بلکہ ہزارہا کوس تک خشکی تری کا سفر کرکے یہ چاہتے ہیں کہ اوروں کو بھی اپنے جیسا کرلیں۔ وہ نہیں جانتے کہ حقیقی خدا کون ہے بلکہ اُن کا خُدا اُنہی کی ایک ایجاد ہے۔ اس لئے خُدا کے اُس رحم نے جو انسانوں کے لئے وہ رکھتا ہے تقاضا کیا کہ اپنے بندوں کو اُنکے دام تزویر سے چھوڑائے۔ اِس لئے اُس نے اپنے اِس مسیح کو بھیجا تا وہ دلائل کے حربہ سے اُس صلیب کو توڑے جس نے حضرت عیسیٰ

علیہ السلام کے بدن کو توڑا تھا اور زخمی کیا تھا۔ مگر جس وقت حضرت مسیح کا بدن صلیب کی
کیلوں سے توڑا گیا۔ اس زخم اور شکست کے لئے تو خدا نے مرہم عیسیٰ طیار کر دی تھی۔
جس سے چند ہفتوں میں ہی حضرت عیسیٰ شفا پا کر اس ظالم ملک سے ہجرت کرکے کشمیر جنت نظیر
کی طرف چلے آئے۔ لیکن اس صلیب کا توڑنا جو اُس پاک بدن کے عوض میں توڑا جائے گا۔
جیسا کہ صحیح بخاری میں ذکر ہے۔ ایسا نہیں ہے جیسا کہ مسیح کا مبارک بدن صلیب پر
توڑا گیا۔ جو آخر مرہم عیسے کے استعمال سے اچھا ہو گیا۔ بلکہ اسکے لئے کوئی بھی مرہم نہیں
جب تک کہ عدالت کا دن آئے۔ یہ خدا کا کام ہے جو اُس نے اپنا ارادہ اس نہایت
عاجز بندہ کے ذریعہ سے پُورا کیا۔ مگر اس بات کو یاد رکھنا چاہیئے کہ بخاری کی یہ حدیث کہ
مسیح آئے گا۔ اور صلیب کو توڑے گا۔ وہ معنے نہیں رکھتے جو ہمارے قابلِ رحم علماء بیان
کرتے ہیں۔ کیونکہ انہوں نے اپنی کوتہ اندیشی سے یہ سمجھا ہوا ہے کہ مسیح دُنیا میں آکر
ایک بڑے جہاد کا دروازہ کھولے گا۔ اور محمد مہدی خلیفہ سے ملکر دین پھیلانے کے لئے
لڑائیاں کرے گا۔ اور تلوار اُٹھائے گا۔ اور ایک بڑی خونریزی ہوگی جو دُنیا کے ابتدا سے
اس وقت تک کبھی نہیں ہوئی ہوگی۔ اور یہانتک خونریزی کرے گا جو زمین کو خون سے
بھر دیگا۔ سو یاد رہے کہ یہ عقیدہ سراسر باطل ہے بلکہ وہ حق محض جو خدا نے ہمیں سمجھایا ہے
یہ ہے کہ مسیح جس کا دُوسرا نام مہدی ہے **دنیا کی بادشاہت** سے ہرگز حصّہ نہیں
پائیگا۔ بلکہ اس کے لئے آسمانی بادشاہت ہوگی۔ اور یہ جو حدیثوں میں آیا ہے کہ مسیح حَکم
ہوکر آئے گا۔ اور وہ اسلام کے تمام فرقوں پر حاکم عام ہوگا جس کا ترجمہ انگریزی میں
گورنر جنرل ہے۔ سو یہ گورنری اُس کی زمین کی نہیں ہوگی۔ بلکہ ضرور ہے کہ وہ حضرت
عیسے ابن مریم کی طرح غربت اور خاکساری سے آوے سو ایسا ہی وہ ظاہر ہوا۔ تا وہ
سب باتیں پوری ہوں جو صحیح بخاری میں ہیں کہ **یضع الحرب** یعنے وہ مذہبی جنگوں کو
موقوف کر دیگا اور اُس کا زمانہ امن اور صلح کاری کا ہوگا۔ جیسا کہ یہ بھی لکھا ہے کہ اُسکے زمانہ میں

شیر اور بکری ایک گھاٹ سے پانی پئیں گے اور سانپوں سے بچے کھیلیں گے۔ اور بھیڑیئے اپنے حملوں سے باز آئیں گے۔ یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ وہ ایک ایسی سلطنت کے زیر سایہ پیدا ہوگا جس کا کام انصاف اور عدل گستری ہوگا۔ سو ان حدیثوں سے صریح اور کھلے طور پر انگریزی سلطنت کی تعریف ثابت ہوتی ہے۔ کیونکہ وہ مسیح اسی سلطنت کے ماتحت پیدا ہوا ہے اور یہی سلطنت ہے جو اپنے انصاف سے سانپوں کو بچوں کے ساتھ ایک جگہ جمع کر رہی ہے اور ایسا امن ہے کہ کوئی کسی پر ظلم نہیں کر سکتا۔ اس لئے مجھے جو مَیں مسیح موعود ہوں زمین کی بادشاہت سے کچھ تعلق نہیں بلکہ ضرور تھا کہ میں غربت اور مسکینی سے آتا۔ تا اس اعتراض کو دُنیا پر سے اُٹھا دیتا کہ "اسلام تلوار سے پھیلا ہے نہ آسمانی نشانوں سے"۔ کیونکہ مسیح موعود کا آنا عیسائی خیالات کی شکست کے لئے تھا۔ پھر جبکہ مسیح نے خود ہی جبر کرنا شروع کیا اور تلوار سے لوگوں کو مسلمان کرنے لگا اور ایسی تعلیم دینے لگا تو اس صورت میں وہ عیسائیوں کے ان اعتراضات کو اور پختہ کریگا جو جہاد کے بارے میں اسلام کی نسبت وہ رکھتے ہیں۔ نہ یہ کہ اُنکو دُور کرے گا۔ اس لئے خدا کے سچے مسیح اور مہدی کے لئے ضروری ہے کہ آسمانی نشانوں کے ساتھ دین کو پھیلا وے۔ تا وہ لوگ شرمندہ ہوں جنہوں نے خدا کے دین اسلام پر ناحق جھوٹے الزام لگائے۔ سو اسی وجہ سے مَیں نشانوں کے ساتھ بھیجا گیا ہوں اور ایک بڑا بھاری معجزہ میرا یہ ہے کہ مَیں نے حسّی بدیہی ثبوتوں کے ذریعہ سے حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کی وفات کو ثابت کر دیا ہے اور انکی جائے وفات اور قبر کا پتہ دیدیا ہے۔ چنانچہ جو شخص میری کتاب **مسیح ہندوستان میں** اوّل سے آخر تک پڑھے گا۔ گو وُہ مسلمان ہو یا عیسائی یا یہودی یا آریہ۔ ممکن نہیں کہ اس کتاب کے پڑھنے کے بعد اس بات کا وُہ قائل نہ ہو جائے کہ مسیح کے آسمان پر جانے کا خیال لغو اور جھوٹ اور افترا ہے۔ غرض یہ ثبوت نظری حد تک محدود نہیں بلکہ نہایت صاف اور اجلٰی بدیہیات ہے۔ جس سے انکار کرنا نہ صرف بعید از انصاف بلکہ انسانی حیا سے دُور ہے۔

اور وہ دُوسرے نشان جو خدا تعالیٰ نے میرے ہاتھ پر ظاہر کئے صدہا نشان ہیں جنکے نہ ایک نہ دو گواہ بلکہ تمام دُنیا گواہ ہے۔ دیکھو! ابھی تازہ نشان ظہور میں آیا ہے جس کا ذکر پیش از وقت ضمیمہ رسالہ انجام آتھم کے صفحہ ۵۸ میں ہے اور وہ یہ عبارت ہے: "ایک چوتھے ص۱
لڑکے کے پیدا ہونے کا مجھے متواتر الہام ہوا ہے۔ اور ہم عبد الحق (غزنوی) کو یقین دلاتے
ہیں کہ وہ نہیں مرے گا جبتک کہ اس الہام کا پُورا ہونا نہ سُن لے۔ اگر وہ کچھ چیز ہے تو
دُعا سے اس پیشگوئی کو ٹال دے۔" دیکھو صفحہ ۵۸ ضمیمہ رسالہ انجام آتھم۔ اب دیکھو یہ کسقدر باعظمت پیشگوئی ہے کہ ایک کے پیدا ہونے کے قبل از وقت خبر دی گئی اور ایک کی زندگی کی ذمہ واری اُس وقت تک لی گئی جبتک کہ وہ لڑکا جس کی خبر دیگئی پیدا ہو جائے سو الحمد للہ کہ بتاریخ ۴ صفر ۱۳۱۷ھ مطابق ۱۴ جون ۱۸۹۹ء روز چہار شنبہ وہ مولود مسعود پیدا ہو گیا۔ جس سے پہلے تین لڑکے اس کے حقیقی بھائی پیدا ہو چکے ہیں جو ابتک موجود ہیں۔ جن کی نسبت پیشگوئی میں بیان کیا گیا تھا کہ ضرور ہے کہ وہ پیدا ہو لیں اور پھر چوتھا پیدا ہو۔ جس کا دوشنبہ سے تعلق ہے۔ سو ایسا ہی ظہور میں آیا۔ اور قضا و قدر کی کشش سے نہایت مجبوریاں پیش آکر چوتھے لڑکے کا عقیقہ پیر کے دن ہوا۔ تا وہ پیشگوئی پُوری ہو۔ جو ۲۰ فروری ۱۸۸۶ء میں ایک اشتہار میں درج ہو کر شائع کی گئی تھی جسکے یہ لفظ تھے کہ "دوشنبہ ہے مبارک دوشنبہ۔"

غرض یہ عجیب تر بات ہے کہ آج سے چودہ برس پہلے اشتہار ۲۰ فروری ۱۸۸۶ء میں اُس زمانہ میں یہ پیشگوئی شائع کی گئی تھی کہ جب کہ ان ہر چہار موعود لڑکوں میں سے ایک بھی ابھی پیدا نہیں ہوا تھا۔ اور یہ بات بھی ایک حیرت انگیز نشان ہے کہ انسان اپنے دعوے کی تائید میں چار لڑکوں کے پیدا ہونے کی پیشگوئی ایسے وقت کرے کہ جبکہ ان میں سے ایک کا بھی وجود نہ ہو۔ اور جبکہ وُہ خود پیرانہ سالی کے سن تک پہنچا ہو۔ اور ماسوا اس کے دائم المرض ہو۔ اور پسر چہارم کے لئے یہ شرط لگا دی کہ فلاں آدمی ابھی نہیں مریگا جبتک

وہ چوتھا لڑکا پیدا نہ ہو۔ ہر ایک دانشمند سمجھ سکتا ہے کہ یہ باتیں انسان کی طاقت سے بالاتر ہیں۔ اور اگر یہ پیشگوئیاں صرف زبانی ہوتیں اور شائع نہ کی جاتیں تو منکرین کیلئے انکار کی گنجائش رہ جاتی مگر حق کے طالبوں کی یہ خوش قسمتی ہے کہ یہ تمام پیشگوئیاں بہت مدت پیش از وقت شائع کی گئی ہیں۔ چودہ سال پہلے بیان کرنا اور لاکھوں انسانوں میں تحریری اشتہارات کو مشتہر کر دینا کیا یہ انسان کا کام ہو سکتا ہے؟ دُنیا میں کون ہے جو کسی قیافہ یا اٹکل سے پیشگوئی کر سکے؟ کہ ضرور ہے کہ فلاں میری بیوی سے میرے گھر میں چار لڑکے پیدا ہوں۔ اور ضرور ہے کہ چوتھے لڑکے کا دوشنبہ سے کچھ تعلق ہو۔ اور ضرور ہے کہ فلاں شخص اس وقت تک فوت نہ ہو جب تک چوتھا لڑکا پیدا ہو جائے۔

اب ذرہ سوچو کہ یہ کس عظمت اور شان کی پیشگوئی اس شخص کی ہے جس نے مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کیا۔ اور پھر ایسی پیشگوئیاں اپنی سچائی کی معیار قرار دیں۔ اور یہ بھی اشتہارات میں مخالفوں کو مخاطب کر کے لکھ دیا کہ اگر تم خدا دوست ہو۔ اور خدا تمہارے ساتھ ہے تو دُعا کرو کہ یہ پیشگوئیاں پُوری نہ ہوں اور پھر وہ پیشگوئیاں پُوری ہو گئیں اور مخالفوں نے جو الہامی بھی کہلاتے تھے بہت سی دُعائیں بھی کیں کہ وہ پیشگوئیاں ٹل جائیں لیکن خدا نے انکی دُعا نہ سُنی اور سب کے سب نامراد رہے۔ کیا ایسا مدعی جھوٹا ہو سکتا ہے؟ جن تحریروں اور محکم شہادتوں کے ساتھ یہ نشان ظاہر ہو گئے۔ دُنیا میں تلاش کرو کہ بجز ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس اعلیٰ درجہ کے ثبوت کی نظیر کہاں ہے؟ مگر اس جگہ یہ بھی یاد رکھنے کے لائق ہے کہ چونکہ متعصب انسان کی یہ عادت ہے کہ جبکہ اس پر ہر ایک طرح سے حجت پُوری ہو جاتی ہے اور خوب مضبوط طور پر الزام کے شکنجے کے نیچے آجاتا ہے۔ تو پھر وہ دیدہ دانستہ حیا اور شرم سے بھی لاپرواہ ہو کر دن کو رات کہنا شروع کر دیتا ہے۔ اور باوجودیکہ کوئی بھی انکار کی گنجائش نہ ہو تب بھی بیہودہ نکتہ چینیوں کی بنا پر انکار کئے جاتا ہے۔ پس یہی وجہ ہے کہ ہمارے مخالفوں نے خدا تعالیٰ کے صدہا نشانوں کو دیکھ کر پھر بھی اُن سے کچھ بھی فائدہ نہیں اُٹھایا۔

بلکہ بعض ایسی پیشگوئیوں پر بھی جو مشروط تھیں اور بلحاظ اپنے شرائط کے پُوری ہوگئی تھیں اور الہامی شرطوں نے تقاضا کیا تھا کہ انکی پابندی کرنے والوں کو پابندی کا فائدہ ملے۔ کمال ناانصافی سے یہ اعتراض کیا کہ وہ جھوٹی نکلیں اور پُوری نہیں ہوئیں۔ جیسا کہ ڈپٹی عبداللہ آتھم کی موت کی نسبت جو پیشگوئی کی گئی تھی جس میں یہ شرط تھی کہ اگر آتھم صاحب پندرہ مہینے کی میعاد میں حق کی طرف رجوع کرلیں گے تو موت سے بچ جائینگے نافہم مخالفوں نے یہ شور مچادیا کہ آتھم پندرہ مہینے کے اندر فوت نہیں ہوا بلکہ بعد میں فوت ہوا۔ اور اگر یہ لوگ ایک ساعت تعصب سے الگ ہوکر پیشگوئی کے مضمون پر غور کرتے اور شرط کے لفظوں کو تدبّر سے دیکھتے اور پھر آتھم صاحب کے اُن حالات پر نظر ڈالتے جو پیشگوئی کی میعاد پندرہ مہینے میں انہوں نے ظاہر کئے تو بلاشبہ انسانی حیا انکو اس بات سے مانع آتا کہ وہ ایسی روشن پیشگوئی کو جو کھلے کھلے طور پر پُوری ہوگئی غلط قرار دیتے۔ مگر اس اندھی دُنیا میں تعصب بھی ایک سخت پُرآشوب غبار ہے جس سے انسان دیکھتا ہوا نہیں دیکھتا۔ اور سُنتا ہوا نہیں سنتا۔ اور سمجھتا ہوا نہیں سمجھتا۔ کیا یہ سچ نہیں ہے کہ آتھم نے پندرہ مہینے میعاد پیشگوئی میں مذہبی مباحثات سے بکلی مُنہ بند رکھا اور اُس اپنی قدیم عادت سے رجوع کیا جس کو وہ ہمیشہ تالیف اور تحریر کے رُو سے ظاہر کرتا تھا۔ کیا اس رجوع کا بجز اسکے کوئی اور سبب تھا کہ وہ اس بات سے ڈرا کہ ایسا نہ ہو کہ متعصبانہ بحثوں اور تحریری اور تقریری گستاخیوں سے جلد تر اس پر کوئی وبال آوے۔ پس غضب الٰہی کے خوف سے اپنی قدیم عادت سے رجوع کرنا پڑا۔ کیا یہ رجوع نہ تھا؟ کیا یہ عیسائیت پر استقامت کی دلیل ہے کہ ایسا شخص جو کبھی توہین اسلام اور بحث مباحثہ سے باز نہیں آتا تھا وہ پندرہ مہینے یعنے میعاد پیشگوئی کے ایّام تک اپنا مُنہ بند رکھے اور حواس باختہ ہوکر سودائیوں کی طرح زندگی گذرانے؟ پس جبکہ آتھم نے پیشگوئی سے ڈر کر اپنی پہلی طرز زندگی کو چھوڑ دیا اور خوف کے آثار ظاہر کئے اور بے ادبی اور ردِّ اسلام سے باز آگیا تو کیا اس حالت کو رجوع نہیں کہیں گے؟

ہاں اگر وہ کامل طور پر رجوع کرتا تو خدا تعالیٰ بھی کامل طور پر اُس کو تاخیر دیتا۔ لیکن چونکہ اُس کا رجوع کامل نہ تھا اور نیز وہ اپنے رجوع پر قائم نہ رہ سکا اور میعاد کے بعد اُس نے اصل گواہی کو چھپایا اس لئے پیشگوئی کے اثر نے اُس کو نہ چھوڑا۔ اور جلد وفات پاگیا۔ غرض یہ ظلم صریح ہے اور سخت حق پوشی کہ ایسا ظاہر کیا جائے کہ گویا آتھم پیشگوئی کے سُننے کے بعد بڑی بہادری اور استقامت سے اپنی معمولی طرز زندگی اور خدمت مذہب عیسائی پر قائم اور مستقر رہا۔ جو شخص خدا کی لعنت سے ڈرے ایسا جھوٹ ہرگز نہیں بولے گا۔ بھلا تم میں سے کوئی تو ثابت کرکے دکھلا دے کہ آتھم پیشگوئی کی میعاد میں اپنی پہلی عادات پر قائم اور مستقیم رہا اور پیشگوئی کی دہشت نے اُس کو مبہوت نہ کیا۔ اگر کوئی ثابت کرسکتا ہے تو کرے ہم قبول کرنے کو طیار ہیں۔ ورنہ لَعْنَۃُ اللّٰہِ عَلَی الْکَاذِبِیْنَ۔ کیا یہ رجوع نہیں تھا کہ نہ صرف آتھم بدزبانی سے باز آیا۔ بلکہ پیشگوئی کی تمام میعاد یعنے پندرہ مہینے تک ڈرتا رہا اور بیقراری اور خوف کے آثار اُسکے چہرہ پر ظاہر تھے اور اُسکو کسی جگہ آرام نہ تھا۔ کیا یہ دلیل کچھ تھوڑے وزن کی ہے کہ جس وقت آتھم صاحب کو مَیں نے چار ہزار نقد روپیہ اِس بات کے لئے دینا کیا کہ وہ مجلس میں قسم کھا جائیں کہ انہوں نے اسلام کی طرف رجوع نہیں کیا اور خدا کے غضب کا خیال اُنکے دل میں نہیں تھا تو آتھم صاحب نے قسم کھانے سے صاف انکار کردیا؟ اور مَیں نے اُنکو اشتہار کے ذریعہ سے مطلع کیا کہ اگر تم قسم کھانے ص۱۲ کو طیار ہو تو مَیں تمہارے چوکھٹ میں قدم رکھنے سے پہلے چار ہزار روپیہ تمہارے حوالہ کردوں گا۔ مگر پھر بھی اُس نے قسم نہ کھائی حالانکہ مسیح نے بغیر حاضری عدالت کے خود بخود قسم کھائی۔ پولوس نے بغیر حاضری عدالت کے خود بخود قسم کھائی۔* پھر آتھم کو قسم کھانے سے کس چیز نے روکدیا؟ کیا یہ دلیل آتھم صاحب کے رجوع کی کچھ تھوڑے وزن کی ہے کہ اُن کو بذریعہ اشتہار مطبوعہ کے مَیں نے

* معتبر شہادتوں سے معلوم ہوا جس سے آتھم صاحب نے انکار نہ کیا۔ بلکہ صاف اقرار کیا کہ انہوں نے اپنی زندگی میں کئی دفعہ عدالت میں حاضر ہوکر بعض مقدمات میں گواہی دینے کی تقریب پر قسم کھائی۔ وہ کاغذات سرکاری دفتروں میں اب تک موجود ہیں۔ منہ

اطلاع دی کہ اگر وہ خوف جس کا تمہیں اقرار ہے خدا کے غضب سے نہ تھا بلکہ میرے کسی مجرمانہ حملہ سے تھا تو عدالت میں نالش کرو اور اس کا ثبوت دو۔ لیکن نہ اُس نے نالش کی اور نہ ایام پیشگوئی میں اس بات کو کسی اخبار میں چھپوایا کہ مَیں قتل کئے جانے سے ڈرتا رہا اور نہ پولس میں اطلاع دی۔ کیا اس سے ظاہر نہیں کہ ایسی کارروائی کرنے سے اُس کا دل اُسکو ملزم کرتا تھا۔ کیا یہ دلیل آتھم صاحب کے رجوع کی کچھ تھوڑے وزن کی ہے کہ جیسا کہ الہام میں پیش از وقت شائع کیا گیا تھا کہ آتھم رجوع سے فائدہ اُٹھائیگا لیکن اگر گواہی کو پوشیدہ کریگا تو پھر جلد پکڑا جائیگا۔ اور فوت ہو جائیگا۔ یہ الہام آتھم صاحب کے فوت ہونے سے پہلے لاکھوں انسانوں میں مشتہر ہو چکا تھا۔ چنانچہ آتھم صاحب میرے آخری اشتہار سے چھ ماہ بعد فوت ہو گئے اور اپنے بچنے اور مرنے سے پیشگوئی کی شہادت کو دوہرے طور پر ثابت کر گئے۔ جب شرط پر عمل کیا تو بقدر اس عمل کے تاخیر ہو گئی۔ اور جب گواہی کو چھپایا تو پکڑا گیا۔ دیکھو یہ پیشگوئی کیسی صاف اور روشن تھی اور کس طرح اس میں الٰہی عظمت بھری ہوئی تھی مگر پھر بھی متعصب لوگوں نے الہامی شرط کو نظر انداز کر کے تکذیب پر کمر باندھ لی۔ سو اسی طرح ہمیشہ نبیوں کی تکذیب ہوتی رہی ہے۔ افسوس کہ ان ظالم طبع لوگوں نے آتھم والی پیشگوئی کا لیکھرام والی پیشگوئی سے مقابلہ بھی نہیں کیا۔ یہ ہدایت پانے کا مقام تھا کہ آتھم کی پیشگوئی میں الہام رجوع کی شرط سے وابستہ تھا اور بہت سے قرائن نے ظاہر کر دیا تھا کہ ضرور آتھم نے شرط کی پابندی کی۔ سو خدائے رحیم نے اسکی پابندی سے جسقدر کہ پابندی اس سے ظہور میں آئی اسی قدر اُسکو فائدہ پہنچا دیا۔ مگر لیکھرام کی پیشگوئی میں کوئی شرط نہ تھی۔ اِس لئے اس کو تاخیر نہ ملی۔ آتھم نے نرمی اور خوف اور ہراساں اور ترساں ہونے سے کام لیا۔ اسلئے خدا نے بھی اس سے نرمی کی۔ مگر لیکھرام نے پیشگوئی کے بعد زبان کی چھری حد سے زیادہ تیز کر دی اور ہمارے رسول کریمؐ کو ہر ایک مجلس میں گالیاں دینا شروع کیا اس لئے اسنے خدا کے تیز حربہ سے اپنی تیزی کا پھل پایا۔ یہ دونوں پیشگوئیاں اپنی اپنی جگہ جمالی اور جلالی رنگ میں ہیں۔

آتھم کی پیشگوئی جمالی ہے اور لیکھرام کی جلالی۔ ان دونوں پیشگوئیوں پر نظر غور ڈالنے سے بڑا علم حاصل ہوتا ہے اور عادات الٰہیہ کی حقیقت کھلتی ہے کہ وہ کیونکر نرم کے ساتھ نرم اور سخت کے ساتھ سخت ہے۔ آتھم اور لیکھرام کی روش کا فرق کس کو معلوم نہیں؟ مگر اب کون بیان کرے جبکہ بہرحال جھٹلانا منظور ہے۔ اگر اسی طرح تکذیب جائز ہے جیساکہ آتھم کی پیشگوئی کی نسبت کی گئی تو پھر ایسے لوگوں کو نبیوں کی بہت سی پیشگوئیوں سے انکار کرنا پڑیگا۔ جس طور سے اِس بندۂ حضرت احدیت کے کُھلے کُھلے طور پر نشان ظاہر ہوئے۔ اور لاکھوں انسانوں میں پیش از وقت پیشگوئیاں مشہور ہوکر پھر گشتی کے منظر عام کی طرح ہزارہا لوگوں کے زیر نظر وہ پیشگوئیاں پُوری ہوئیں کیا اسکی نظیر دُنیا میں ہے؟

سوچنا چاہیئے کہ پیشگوئیاں چھ صورتوں سے باہر نہیں ہوتیں۔ (۱) یا اپنی ذات کے متعلق۔ (۲) یا اپنی بیوی کے متعلق۔ (۳) یا اپنی اولاد کے متعلق۔ (۴) یا اپنے دوستوں ۱۳۰
کے متعلق۔ (۵) یا اپنے دشمنوں کے متعلق۔ (۶) یا دُنیا کی اور کسی چیز یا انسان کے متعلق۔ سو یہ تمام قسموں کی پیشگوئیاں کتاب براہین احمدیہ اور اشتہار ۲۰ فروری ۱۸۸۶ء اور حاشیہ متعلقہ صفحہ ۲۔ اشتہار ۲۰ فروری ۱۸۹۳ء مندرجہ آئینہ کمالات اسلام اور ضمیمہ رسالہ انجام آتھم صفحہ ۵۰۔ اور رسالہ انجام آتھم صفحہ ۲۸۲۔ اور ازالہ اوہام میں درج ہیں اور نیز اشتہار ۲۱ دسمبر ۱۸۹۶ء میں بھی جس میں یہ پیشگوئی تھی کہ جلسہ مذاہب میں ہمارا مضمون غالب رہیگا جسکی تصدیق سول ملٹری گزٹ اور آبزرور نے بھی کی۔ ایسا ہی کتاب البریت میں بھی جس میں ایک پیشگوئی ڈاکٹر مارٹن ہنری کلارک کے مقدمہ سے بری ہونے کی نسبت ہے۔ یہ تمام پیشگوئیاں اگر تفصیلاً لکھی جائیں تو ایک دفتر بنتا ہے۔ یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ ہر ایک پیشگوئی کی قدر و منزلت دیکھنے کے لئے یہ بھی دیکھنا ضروری ہوتا ہے کہ وہ پیشگوئی کس وقت اور کس زمانہ میں لکھی گئی۔ مثلاً چار لڑکوں کے پیدا ہونے کی نسبت ایسے وقت میں پیشگوئی کرنا جبکہ اُن میں سے ایک لڑکا بھی موجود نہ تھا اور ساتھ اسکے یہ پیشگوئی کرنا کہ عبدالحق نہیں مریگا جبتک چوتھا لڑکا پیدا ہونا نہ سُن لے۔ کیا

ایسی پیشگوئی کرنا انسانی طاقتوں میں داخل ہے؟ اگر ہے تو کوئی اس کا مقابلہ کرکے دکھلا دے۔

ایسا ہی جب براہین احمدیہ میں یہ الہام شائع کیا گیا کہ "مَیں تجھے ایک نامور انسان بناؤں گا۔ اور لوگوں کے دلوں میں تیری محبت ڈالونگا اور دُور دُور سے لوگ تیرے پاس آئیں گے۔ اور دُور دُور سے تیرے آرام کی چیزیں تجھے پہنچائی جائیں گی"۔ اس زمانہ کو اب بیس برس گذر گئے اور یہ عاجز اسوقت ایک ایسا گمنام آدمی تھا کہ بجز ایسے دو چار آدمیوں کے کہ جو میرے باپ کے وقت سے میرے روشناس تھے اور کوئی بھی پنجاب اور ہندوستان سے مجھ کو نہیں جانتا تھا اور نہ مجھ سے ہمدردی اور دوستی کا تعلق رکھتا تھا۔ پھر بعد اسکے اس پیشگوئی کے مطابق اب لاکھوں انسانوں بلکہ کروڑوں میں مَیں مشہور کیا گیا اور کئی ہزار آدمی مجھ سے ہمدردی اور دوستی اور اخلاص کا تعلق رکھنے والے پیدا ہوگئے اور ہندوستان کے کناروں تک بلکہ بمبئی اور بندر عباس اور مدراس اور بخارا اور حیدرآباد اور افریقہ اور کابل کے ملک سے انواع و اقسام کے تحفے لوگوں نے بھیجے اور میرے سلسلہ کیلئے بہت سے روپیہ سے مدد کی اور ہمیشہ کرتے ہیں پس یہ مقام رقّت اور وجد کا ہے کہ کیونکر اس وقت اس زمانہ کی پیشگوئیاں جبکہ میں ایک ہیچ اور ذلیل چیز کی طرح اس جنگل میں پڑا تھا نہایت کرّوفر اور شان و شوکت سے پوری ہوگئیں۔ اپنے دلوں میں غور کرو اور عقلمندوں سے پوچھو کہ کیا اس قسم کی پیشگوئیوں میں انسانی طاقت کا دخل ہے۔*
بعض نادان جن کو تعصّب نے اندھا کر دیا ہے کہتے ہیں کہ اگرچہ بعض پیشگوئیاں سچی نکلیں جیسا کہ احمد بیگ کے فوت ہونے کی اور لیکھرام کے قتل کئے جانے کی اور لاہور کے جلسۂ اعظم مذاہب

*خدا تعالیٰ نے ارادہ فرمایا ہے کہ میری پیشگوئی سے صرف اس زمانہ کے لوگ ہی فائدہ نہ اٹھائیں بلکہ بعض پیشگوئیاں ایسی ہوں کہ آئندہ زمانہ کے لوگوں کیلئے ایک عظیم الشان نشان ہوں جیسا کہ براہین احمدیہ وغیرہ کتابوں کی پیشگوئیاں کہ "مَیں تجھے اسّی برس یا چند سال زیادہ یا اس سے کچھ کم عمر دونگا اور مخالفوں کے ہر ایک الزام سے تجھے بری کرونگا اور تجھے ایک بڑا خاندان بناؤنگا اور تجھ سے ایک عظیم الشان انسان پیدا کرونگا اور تیرے تابعین سے دنیا بھر جائیگی اور وہ ہمیشہ دُوسروں پر غالب رہیں گے۔ اور تو ہلاک نہیں ہوگا جبتک کہ راستی کے دلائل کو زمین پر قائم نہ کرلے اور جبتک کہ خبیث اور طیب میں فرق پیدا نہ ہولے۔ اور خدا تجھے اسقدر برکت دیگا کہ بادشاہ تیرے کپڑوں سے برکت ڈھونڈیں گے۔ منہ

میں تقریر کے بالا رہنے کی اور زمانہ گمنامی کے بعد کروڑہا آدمیوں میں شہرت ہو جانے اور ہزارہا مخلص اور ہمدرد اور خادم پیدا ہو جانے کی اور دُور دُور سے تحائف اور مال پہنچنے کی اور ڈاکٹر ہنری مارٹن کلارک کے الزام خون کے مقدمہ سے آخر بری ہو جائیگی اور مولوی محمد حسین کے سب وشتم اور بدزبانی کے روکے جانے کی اور ساتھ اسکے اس مقدمہ سے بری ہونے کی اور اشتہار ۲۰ فروری ۱۸۸۶ء کے مطابق چار لڑکے پیدا ہونے کی اور ضمیمہ رسالہ انجام آتھم کے صفحہ ۵۸ کے مطابق چوتھا لڑکا اُس وقت پیدا ہونے کی کہ ابھی عبدالحق غزنوی شاگرد مولوی عبداللہ صاحب غزنوی زندہ تھا۔ اور تین* ابتلا پیش آنے کی پیشگوئی جس کا ذکر براہین احمدیہ کے صفحہ ۲۴۱۔ اور صفحہ ۵۱۰۔ اور صفحہ ۵۱۱۔ اور صفحہ ۵۵۷ میں ہے۔ یہ پیشگوئیاں سب پوری ہوئیں۔ لیکن آتھم کی

* یہ تین ابتلا جن کی آج سے بیس برس پہلے براہین احمدیہ میں خبر دیگئی ہے ان میں سے ایک وہ ہے جو ڈاکٹر ہنری مارٹن کلارک نے ناحق جھوٹا مقدمہ الزام اقدام خون کا میرے پر دائر کیا۔ اس ابتلا کی طرف براہین احمدیہ کے صفحہ ۲۴۱ میں صریح اشارہ ہے۔ دُوسرا وہ ابتلا ہے جو مولوی محمد حسین بٹالوی نے ناحق میرے پر کفر کا فتویٰ لکھا اور پھر ذلت کی پیشگوئی کے اُلٹے معنے کئے اور میرے پر مقدمہ بنایا گیا۔ اس ابتلا کی طرف صفحہ ۵۱۰۔ اور صفحہ ۵۱۱ براہین میں اشارہ ہے۔ اور تیسرا ابتلا لیکھرام کے مقدمہ میں ہندوؤں کا جوش اور ناحق میرے گھر کی تلاشی کرانا ہے جس کا ذکر براہین احمدیہ کے صفحہ ۵۵۷ میں بطور اشارہ ہے+۔ غرض براہین احمدیہ میں تین سخت ابتلا کا بطور پیشگوئی ذکر تھا۔ سو وہ تینوں ابتلا پورے ہو گئے اور شائد انکی کوئی اور شاخ ابھی باقی ہو۔ منہ

حاشیہ در حاشیہ

+ آریوں کا میرے پر بدظن ہونا تعجب کی جگہ ہے کیونکہ سب سے پہلے تو آریوں کو ہی میرے نشانوں کا تجربہ ہوا تھا قادیان کے بعض آریوں کو میں نے پیش از وقت پنڈت دیانند سرستی کی موت کی خبر دی کہ چھ ماہ کے اندر فوت ہو جائیگا۔ اور خود ان آریوں کے بعض بلاؤں کی پیش از وقت خبر دی۔ اور پھر بلا سے رہائی پانے کی پیش از وقت خبر دی۔ ان تمام الہامات کی تفصیل براہین احمدیہ میں موجود ہے۔ اور جن کی نسبت پیشگوئی کی گئی تھی وہ بھی قادیان میں زندہ موجود ہیں۔ ان میں سے ایک کا نام شرمپت ہے جو ذات کے کھتری اور بازار کے چودھری ہیں۔ شرمپت کو میں نے خدا سے الہام پاکر خبر دی تھی کہ اس کے مقدمہ کی فوجداری مثل چیف کورٹ سے واپس آئیگی اور ماتحت عدالت سے نصف قید تخفیف ہو کر اس کے بھائی کی میری دعا کی وجہ معاف کر دی جائیگی مگر بری نہیں ہوگا۔ اور میں نے اُسکو یہ بھی کہا تھا کہ میں نے عالم کشف میں دیکھا ہے کہ میں نے نوشتہ قضا و قدر کی نصف قید کو اپنی قلم سے کاٹ دیا ہے مگر بری نہیں کیا۔ لالہ شرمپت ایک سخت متعصب آریہ دشمن اسلام ہے۔ میری تصدیق کے لئے اس قدر کافی ہے کہ لالہ شرمپت کو اولاد کی قسم دیکر پوچھا جائے کہ کیا یہ میرے بیانات صحیح ہیں یا غلط؟ منہ

نسبت پیشگوئی پوری نہیں ہوئی۔ اور نیز پیشگوئی کی گئی تھی کہ لڑکا ہوگا لیکن لڑکی ہوئی اور پھر لڑکا ہوا
تو مر گیا۔ ہاں بعد میں چار لڑکے ضرور ہوگئے۔ سو آتھم کی نسبت ہم ابھی لکھ چکے ہیں کہ الہامی ۱۲
شرط کے موافق وہ پیشگوئی کمال صفائی سے پوری ہوگئی۔ بھلا تم ہی بتلاؤ کہ جس الہام میں صریح
شرط تھی اور قرائن ثابت شدہ نے بتلا دیا تھا کہ آتھم نے کسی حد تک اس شرط کی ضرور پابندی
کی۔ تو کیا ضرور نہ تھا کہ اس پابندی سے آتھم فائدہ اُٹھاتا۔ کیا خدا تعالیٰ پر تخلف وعدہ جائز
ہے؟ کیا روا ہے کہ وہ کسی رعایت اور درگذر کا وعدہ کرکے پھر اس وعدہ کا کچھ لحاظ نہ رکھے
یونس نبی کے الہام میں کوئی بھی شرط نہ تھی تب بھی توبہ کرنے والوں نے اپنی توبہ سے فائدہ
اُٹھایا۔ پھر آتھم صریح شرط سے کیوں تھوڑا سا فائدہ نہ اُٹھا لیتا؟ کیا تم کہہ سکتے ہو کہ آتھم
ایسا اپنی عیسائیت کے تعصب پر قائم رہا کہ کچھ بھی خوف نہیں کیا۔ اور رجوع کی شرط کو
چھوا بھی نہیں۔ اس بات پر آفتاب کی طرح دلائل چمک رہے ہیں کہ آتھم پیشگوئی کے سُننے
کے بعد اپنے پہلے تعصب اور سخت زبانی اور عادت مقابلہ اسلام پر قائم نہ رہ سکا۔ اور وہ
پیشگوئی کو سُنکر اس طرح دہشت زدہ ہوگیا جس طرح بجلی کو دیکھ کر ایک بچہ دہشت زدہ
ہو جاتا ہے اور اپنے اندر ایک تبدیلی پیدا کرلی۔ اور غریب طبع ہوگیا۔ اگر اب بھی کوئی اپنے
تعصب اور بخل کو نہ چھوڑے تو بجز اسکے کیا علاج ہے کہ ہم اُس کو یہ بات کہہ کر چھوڑ دیں کہ
لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكَاذِبِين۔ اور یاد رہے کہ لڑکی پیدا ہونا یا ایک لڑکا پیدا ہوکر
مرجانا اِسی الہام کو کچھ تعلق نہ تھا۔ الہام یہ بتلاتا تھا کہ چار لڑکے پیدا ہونگے۔ اور ایک کو
ان میں سے ایک مرد خدا مسیح صفت الہام نے بیان کیا ہے۔ سو خدا تعالیٰ کے فضل سے
چار لڑکے پیدا ہوگئے۔ ہمارا کوئی الہام ایسا نہیں ہے جس کا یہ مضمون ہو کہ پہلے حمل میں
لڑکا ہی پیدا ہوگا۔ یا دُوسرے حمل میں جو لڑکا پیدا ہوگا وہ جیتا رہیگا۔ ہاں اگر ہم نے
محض اپنے اجتہاد سے یہ خیال کیا ہو کہ شاید یہی لڑکا مردانِ خدا میں سے ہوگا تو یہ الہام
الٰہی پر الزام نہیں۔ ہم اپنی اجتہادی باتوں کو خطا سے معصوم نہیں سمجھتے۔ ہمیں ملزم کرنے کیلئے

ہمارا کوئی الہام پیش کرنا چاہیئے۔ اجتہادی غلطی نبیوں اور رسولوں سے بھی ہو جاتی ہے۔ جس پر وہ قائم نہیں رکھے جاتے۔ ذرہ صحیح بخاری کو کھولو اور حدیث ذهب وهلی کو غور سے پڑھو۔ ایسا اعتراض کرنا جو دوسرے پاک نبیوں پر بلکہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی وہی اعتراض آوے مسلمانوں اور نیک آدمیوں کا کام نہیں ہے بلکہ لعنتیوں اور شیطانوں کا کام ہے۔ اگر دل میں فساد نہیں تو قوم کا تفرقہ دُور کرنے کے لئے ایک جلسہ کرو۔ اور مجلس عام میں میرے پر اعتراض کرو کہ فلاں پیشگوئی جھوٹی نکلی۔ پھر اگر حاضرین نے قسم کھا کر کہہ دیا کہ فی الواقع جھوٹی نکلی اور میرے جواب کو سُنکر مُدلّل بیان اور شرعی دلیل سے ردّ کر دیا تو اُسی وقت مَیں توبہ کرونگا۔ ورنہ چاہیئے کہ سب توبہ کرکے اِس جماعت میں داخل ہو جائیں اور درندگی اور بدزبانی چھوڑ دیں۔

اے مسلمانوں کی ذرّیت! مَیں نے آپ لوگوں کا کیا گناہ کیا ہے کہ آپ لوگ انواع اقسام کے منصوبوں سے میری ایذا کے درپئے ہو گئے تم میں سے جو مولوی ہیں وہ ہر وقت یہی وعظ کرتے ہیں کہ یہ شخص کافر بے دین دجّال ہے اور انگریزوں کی سلطنت کی حد سے زیادہ تعریف کرتا ہے اور رُومی سلطنت کا مخالف ہے۔ اور تم میں سے جو ملازمت پیشہ ہیں وہ اِس کوشش میں ہیں کہ مجھے اِس محسن سلطنت کا باغی ٹھہراویں۔ مَیں سُنتا ہوں کہ ہمیشہ خلافِ واقعہ خبریں میری نسبت پہنچانے کے لئے ہر طرف سے کوشش کی جاتی ہے حالانکہ آپ لوگوں کو خوب معلوم ہے کہ مَیں باغیانہ طریق کا آدمی نہیں ہوں۔ میری عمر کا اکثر حصہ اِس سلطنت انگریزی کی تائید اور حمایت میں گذرا ہے اور مَیں نے ممانعت جہاد اور انگریزی اطاعت کے بارے میں اِس قدر کتابیں لکھی ہیں اور اشتہار شائع کئے ہیں کہ اگر وہ رسائل اور کتابیں اکٹھی کی جائیں تو پچاس الماریاں ان سے بھر سکتی ہیں۔ مَیں نے ایسی کتابوں کو تمام ممالک عرب اور مصر اور شام اور کابل اور روم تک پہنچا دیا ہے۔ میری ہمیشہ کوشش رہی ہے کہ مسلمان اس سلطنت کے سچے خیر خواہ ہو جائیں اور مہدی خونی اور مسیح خونی کی بے اصل روایتیں اور جہاد کے ۱۵

جوش دلانے والے مسائل جو احمقوں کے دلوں کو خراب کرتے ہیں۔ انکے دلوں سے معدوم ہو جائیں پھر کیونکر ممکن تھا کہ میں اس سلطنت کا بدخواہ ہوتا یا کوئی ناجائز باغیانہ منصوبے اپنی جماعت میں پھیلاتا جبکہ میں بیس برس تک یہی تعلیم اطاعت گورنمنٹ انگریزی کی دیتا رہا۔ اور اپنے مریدوں میں یہی ہدایتیں جاری کرتا رہا۔ تو کیونکر ممکن تھا کہ ان تمام ہدایتوں کے برخلاف کسی بغاوت کے منصوبے کی میں تعلیم کردں۔ حالانکہ میں جانتا ہوں کہ خدا تعالیٰ نے اپنے خاص فضل سے میری اور میری جماعت کی پناہ اس سلطنت کو بنا دیا ہے۔ یہ امن جو اس سلطنت کے زیر سایہ ہمیں حاصل ہے نہ یہ امن مکہ معظمہ میں مل سکتا ہے نہ مدینہ میں۔ اور نہ سلطان روم کے پایہ تخت قسطنطنیہ میں۔ پھر میں خود اپنے آرام کا دشمن بنوں۔ اگر اس سلطنت کے بارے میں کوئی باغیانہ منصوبہ دل میں مخفی رکھوں اور جو لوگ مسلمانوں میں سے ایسے بدخیال جہاد اور بغاوت کے دلوں میں مخفی رکھتے ہوں میں انکو سخت نادان اور بدقسمت ظالم سمجھتا ہوں۔ کیونکہ ہم اس بات کے گواہ ہیں کہ اسلام کی دوبارہ زندگی انگریزی سلطنت کے امن بخش سایہ سے پیدا ہوئی ہے۔ تم چاہو دل میں مجھے کچھ کہو۔ گالیاں نکالو۔ یا پہلے کی طرح کافر کا فتویٰ لکھو۔ مگر میرا اصول یہی ہے کہ ایسی سلطنت سے دل میں بغاوت کے خیالات رکھنا۔ یا ایسے خیال جن سے بغاوت کا احتمال ہو سکے سخت بدذاتی اور خدا تعالیٰ کا گناہ ہے۔ بہتیرے ایسے مسلمان ہیں جن کے دل کبھی صاف نہیں ہوں گے جب تک ان کا یہ اعتقاد نہ ہو کہ خونی مہدی اور خونی مسیح کی حدیثیں تمام افسانہ اور کہانیاں ہیں۔

اے مسلمانو! اپنے دین کی ہمدردی تو اختیار کرو مگر سچی ہمدردی۔ کیا اس معقولیت کے زمانہ میں دین کے لئے یہ بہتر ہے کہ ہم تلوار سے لوگوں کو مسلمان کرنا چاہیں۔ کیا جبر کرنا اور زور اور تعدی سے اپنے دین میں داخل کرنا اس بات کی دلیل ہو سکتی ہے کہ وہ دین خدا تعالےٰ کی طرف سے ہے؟ خدا سے ڈرو اور یہ بیہودہ الزام دین اسلام پر مت لگاؤ کہ اس نے جہاد کا مسئلہ سکھایا ہے اور زبردستی اپنے مذہب میں داخل کرنا اسکی تعلیم ہے۔ معاذ اللہ ہرگز

قرآن شریف کی یہ تعلیم نہیں ہے اور نہ کبھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم نے یہ فرمایا کہ کوئی خونی مہدی یا خونی مسیح آئیگا جو جبراً مسلمان کریگا اور انسانوں کو قتل کرنا اس کا کام ہوگا۔ جس مہدی یا مسیح نے آنا تھا وہ آچکا۔ کیا ضرور نہ تھا کہ وہ مسیح غلبہ صلیب کے وقت آتا؟ کیا سب سے اوّل درجہ کی علامت ملا
مسیح موعود کی یہ نہیں ہو کہ وہ صلیب کے غلبہ میں آئیگا۔ اب خود دیکھ لو کہ اس تیرہ سو برس کے عرصہ میں صلیبی مذہب کس قدر ترقی کرتا گیا اور کس قدر نہایت سرعت کے ساتھ اس کا قدم روز بدن آگے ہے۔ ایسی قوم ملک ہند میں کونسی ہے جس میں سے ایک جماعت اس مذہب میں داخل نہیں کیگئی کروڑہا کتابیں اور رسالے دین اسلام کے رد میں شائع ہو چکیں یہانتک کہ امہات المؤمنین جیسی گندی کتاب بھی تمہاری تنبیہ کے لئے عیسائیوں کے ہاتھ سے شائع ہوئی۔ بیچاری چودھویں صدی میں سے بھی جسپر ایسی ضرورت کے وقت میں مجدد نے آنا تھا سوڈ برس گذر گئے لیکن آپ لوگوں نے ابتک مسیح موعود کی ضرورت محسوس نہیں کی۔ زمین نے صلیبی مذہب کے غلبہ کی وجہ سے مسیح موعود کی ضرورت پر گواہی دی۔ اور آسمان نے خسوف کسوف کو رمضان میں عین مقررہ تاریخوں پر دکھلا کر اس مہدی معہود کے ظاہر ہو جانے کی شہادت دی۔ اور جیسا کہ مسیح کے وقت کی نشانی لکھی تھی اونٹوں کی سواری اور باربرداری میں بھی ریل گاڑیوں نے فرق ڈالدیا اور جیسا کہ علامات میں لکھا تھا۔ ملک میں طاعون بھی پھوٹی۔ حج بھی روکا گیا اور اہل کشف نے بھی اسی زمانہ کی خبر دی اور نجومی بھی بول اٹھے کہ مسیح موعود کا یہی وقت ہے * اور جسنے دعویٰ کیا اس کا نام بھی یعنے **غلام احمد قادیانی**

* نوٹ:- اخبار ڈان میں جس نے پرچہ ٹریبیون مورخہ ۸ جولائی ۱۸۹۹ء سے نقل کیا ہے ایک فاضل منجم کی یہ پیشگوئی شائع کی گئی ہے کہ سنہ ۱۹۰۰ عیسوی کے ساتھ ایک نیا دور شروع ہوتا ہے اور یہ دونوں سن یعنے سنہ ۱۸۹۹ء تا سنہ ۱۹۰۰ء ایک عظیم الشان دورہ ختم کرتے ہیں جس کی خاتمہ پر سورج منطقۃ البروج کے ایک نئے برج میں داخل ہوتا ہے اور اس ہیئت کی تاثیر سے یعنے جبکہ سورج ایک نئے برج میں داخل ہو جیسا کہ قدیم سے ہوتا رہا ہے سنہ ۱۹۰۰ء میں زمین پر مسیح کلمۃ اللہ کا ایک نیا اوتار اور خدا کا ایک نیا مظہر ظہور کریگا اور وہ مسیح کا مثیل ہوگا اور دنیا کو بیدار کرکے ایک اعلیٰ زندگی بخشے گا۔ دیکھو ٹریبیون ۸ جولائی ۱۸۹۹ء مطبوعہ ۵ اور سنہ

اپنے حروف کے اعداد سے اشارہ کر رہا ہے یعنے تیرہ سو[۱۳۰۰] کا عدد جو اس نام سے نکلتا ہے وہ بتلا رہا ہے کہ تیرھویں صدی کے ختم ہونے پر یہی مجدد آیا جس کا نام تیرہ سو کا عدد پورا کرتا ہے۔ مگر آپ لوگوں کی ابتک آنکھ نہیں کھلی۔ آپ لوگ اِسلام کی ہمدردی کے یہی معنے سمجھتے ہیں کہ اگر ممکن ہو تو ایسے شخص کو جس کے مُنہ سے اِسلام کی مخالفت اور توہین کا کلمہ نکلے سزا دی جائے یا دلائی جائے۔ جیسا کہ اُمہات المؤمنین کے شائع ہونے کے وقت میں بھی یہی کارروائی کی گئی اور گورنمنٹ کو جتلایا گیا کہ ہم اِس کتاب کا جواب لکھنا نہیں چاہتے صرف سزا دلانا چاہتے ہیں۔ مگر چونکہ ویسی درخواست اِس صورت میں قابلِ توجہ ہو سکتی تھی کہ کتاب مذکور قانون سڈیشن کے نافذ ہونے کے بعد تالیف ہوتی۔ اس لئے وہ درخواست نامنظور ہوئی۔ اور یہ تو خود آپ لوگ اشارۃً اقرار کر چکے کہ ہم ردّ لکھنا نہیں چاہتے۔ تو گویا نہ اِدھر کے رہے نہ اُدھر کے رہے۔ غرض یہ عادت جوش اور اشتعال اور انتقام طلبی کی اچھی نہیں۔ اس سے اِسلام بدنام ہو رہا ہے۔ یاد رکھو کہ اب جو شخص مسیح موعود اور مہدی معہود کے نام پر آوے۔ اور لیاقت صرف اتنی ہو کہ لوگوں کو تلوار کا خوف دِکھلا کر مسلمان کرنا چاہے تو بلاشبہ وہ جھوٹا ہوگا نہ صادق۔ جن کے ہاتھ میں خدا تعالیٰ سچائی اور آسمانی نشانوں کی تلوار دیتا ہے۔ اُن کو اِس لوہے کی تلوار کی کیا ضرورت ہے۔ یہ جہالت اور سخت نادانی ہے کہ اس زمانہ کے نیم مُلّاں فی الفور کہدیتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جبراً مسلمان کرنے کیلئے تلوار اُٹھائی تھی اور انہی شبہات میں نا سمجھ پادری گرفتار ہیں۔ مگر اس سے زیادہ کوئی جھوٹی بات نہیں ہوگی کہ یہ جبر اور تعدی کا الزام اُس دین پر لگایا جائے جس کی پہلی ہدایت یہی ہے کہ لَا اِکْرَاہَ فِی الدِّیْنِ[۱]۔ یعنے دین میں جبر نہیں چاہیئے۔ بلکہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے بزرگ صحابہؓ کی لڑائیاں یا تو اس لئے تھیں کہ کفار کے حملہ سے اپنے تئیں بچایا جائے اور یا اِس لئے تھیں کہ امن قائم کیا جائے۔ اور جو لوگ تلوار سے دین کو روکنا چاہتے ہیں انکو تلوار سے پیچھے ہٹایا جائے۔ مگر اب کون مخالفوں میں سے دین کے لئے تلوار اُٹھاتا ہے اور

[۱] البقرۃ: ۲۵۷

مسلمان ہونے والے کو کون روکتا ہے اور مساجد میں نماز پڑھنے اور بانگ دینے سے کون منع کرتا ہے۔ پس اگر ایسے امن کے وقت میں ایسا مسیح ظاہر ہو کہ وہ امن کا قدر نہیں کرتا۔ بلکہ خواہ نخواہ مذہب کے لئے تلوار سے لوگوں کو قتل کرنا چاہتا ہے۔ تو میں خدا تعالےٰ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ بلاشبہ ایسا شخص جھوٹا کذاب مفتری اور ہرگز سچا مسیح نہیں ہے۔ مجھے تو خواہ قبول کرو یا نہ کرو۔ مگر میں تم پر رحم کر کے تمہیں سیدھی راہ بتلاتا ہوں۔ کہ ایسے اعتقاد میں سخت غلطی پر ہو۔ لاٹھی اور تلوار سے ہرگز ہرگز دین دلوں میں داخل نہیں ہو سکتا۔ اور آپ لوگوں کے پاس ان بیہودہ خیالات پر دلیل بھی کوئی نہیں۔ صحیح بخاری میں مسیح موعود کی شان میں صاف حدیث موجود ہے کہ یضع الحرب یعنے مسیح موعود لڑائی نہیں کریگا۔ تو پھر کیسے تعجب کی بات ہے کہ ایک طرف تو آپ لوگ اپنے مُنہ سے کہتے ہیں کہ صحیح بخاری قرآن شریف کے بعد اصح الکتب ہے۔ اور دُوسری طرف صحیح بخاری کے مقابل پر ایسی حدیثوں پر عقیدہ کر بیٹھے ہیں کہ جو صریح بخاری کی حدیث کے منافی پڑی ہیں۔ چاہیئے تھا کہ اگر کروڑ ایسی کتاب ہوتی تب بھی اسکی پرواہ نہ کرتے۔ کیونکہ ان کا مضمون نہ صرف صحیح بخاری کی حدیث کے منافی بلکہ قرآن شریف سے بھی صریح مخالف ہے۔ لیکن ایک پُرانے عقیدہ کے ہونے کی وجہ سے آپ لوگ غلطی کو چھوڑنا نہیں چاہتے۔ اور دُوسرے ایک یہ بھی سبب ہے کہ آپ لوگوں کے زعم میں آپ کا فرضی مسیح اور مہدی تو ظاہر ہو کر اور تمام کافروں کو قتل کر کے ان کا مال آپ لوگوں کو دیدے گا۔ اور تمام نفسانی خواہشیں پوری کردے گا جیسا کہ آپ لوگوں کا عقیدہ ہے۔ لیکن میں تو اس لئے نہیں آیا کہ آپ لوگوں کو دُنیا کے گندے مال میں مبتلا کروں اور آپ پر تمام ہوا و ہوس کے پورے کرنے کے دروازے کھولدوں۔ بلکہ میں اس لئے آیا ہوں کہ موجودہ دُنیا کے حظ سے بھی کچھ کم کر کے خدا تعالےٰ کی طرف کھینچوں۔ پس حقیقت میں میرے آنے سے آپ لوگوں کا بہت ہی حرج ہُوا ہے۔ گویا تیرہ سو برس کے مال و متاع کی آرزوئیں خاک میں مل گئیں۔ یا یوں کہو کہ کروڑ ہا روپیہ کا نقصان ہوگیا۔

تو پھر میں آپ لوگوں کی نظر میں اچھا کیونکر ٹھہروں۔ لیکن خدا سے ڈرو۔ اور رُوح راستی کی تلاش کرو کیونکہ اگر تمہیں دُنیا کی بادشاہت بھی ملجائے تو چونکہ وہ فانی ہے اور خدا تعالیٰ سے دُور ڈالتی ہے اس لئے ہیچ ہے۔ جسمانی خیالات چھوڑو اور اپنے اندر رُوحانی خیالات پیدا کرو۔ کیا تم خیال کرتے ہو کہ صلیبی مذہب کو تلوار سے شکست آئیگی۔ بلکہ اس حرکت بیجا سے اسلام کی سچائی پر ہزارہا اعتراض پیدا ہوں گے۔ یہ کیا سفلہ پن اور کمینگی ہے کہ دشمن کے اعتراض کا تلوار سے جواب دیا جائے۔ ایسا مذہب ہرگز ممکن نہیں کہ سچا ہو۔ دیکھو ہم حضرات پادری صاحبوں کو نہ تلوار سے بلکہ ملائم الفاظ سے بار بار اس طرف بُلاتے ہیں کہ آؤ ہم سے مقابلہ کرو کہ دونوں شخص یعنے حضرت مسیح اور حضرت سیدنا محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم سے رُوحانی برکات اور افاضات کے رُو سے زندہ کون ہے۔ اور جس طرح خدا کے نبی پاک نے قرآن شریف میں کہا ہے کہ اگر یہ ثابت ہو کہ مسیح خدا کا بیٹا ہے تو مَیں سب سے پہلے اسکی پرستش کرونگا۔ ایسا ہی مَیں کہتا ہوں کہ لے یورپ اور امریکہ کے پادریو کیوں خواہ نخواہ شور ڈال رکھا ہے۔ تم جانتے ہو کہ مَیں ایک انسان ہوں جو کروڑ ہا انسانوں میں مشہور ہوں۔ آؤ میرے ساتھ مقابلہ کرو۔ مجھ میں اور تم میں ایک برس کی مہلت ہو۔ اگر اس مدت میں خدا کے نشان اور خدا کی قدرت نما پیشگوئیاں تمہارے ہاتھ سے ظاہر ہوئیں اور مَیں تم سے کمتر رہا تو مَیں مان لونگا کہ مسیح ابن مریم خدا ہے۔ لیکن اگر اُس سچے خدا نے جس کو مَیں جانتا ہوں اور آپ لوگ نہیں جانتے مجھے غالب کیا اور آپ لوگوں کا مذہب آسمانی نشانوں سے محروم ثابت ہوا تو تم پر لازم ہوگا کہ اسلامی دین کو قبول کرو۔

اب اے مسلمانو! اگر تمہیں کچھ غیرت ہے اور اگر کچھ حیا ہو تو آئندہ گالیاں دینا کافر کافر کہنا موقوف کر کے یہ تماشا دیکھو۔ پادری صاحبوں کے پاس جاؤ اور میرا اشتہار ۱۵
اُن کو دکھلاؤ اور اُن کو میرے ساتھ آویزاں کر دو۔ اور پھر دیکھو کہ غالب کون ہوتا ہے۔ دیانت اور امانت کی راہ کو اختیار کرو کہ ناپاک ہے وہ راہ جو خیانت سے بھری ہے اور

پلید ہے وہ طریق جو شرارت اور ظلم اپنے ساتھ رکھتا ہے۔

عیسائیوں کا موجودہ دین و مذہب جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف منسوب کیا جاتا ہے۔ اس کا کوئی بھی ایسا پہلو نہیں ہے جو حق کے طالب کو اس سے کچھ تسلی مل سکے۔ اگر تعلیم کی طرف دیکھیں تو وہ ناقص ہے۔ اور اگر اُن نشانوں کو دیکھیں جو انجیل میں سچے مسیحی کی علامت ٹھہرائے گئے ہیں تو کسی عیسائی میں اُن کا پتہ نہیں ملتا۔ اور اگر مسیح کے کام دیکھیں تو بجز قصّوں کہانیوں کے روئیت کے طور پر کسی کا ثبوت نہیں۔ اور اگر اُن پیشگوئیوں کو غور سے پڑھیں جن کے رُو سے مسیح کا خدا ہونا سمجھا جاتا ہے تو کوئی بھی ایسی پیشگوئی نہیں جس سے یہ مدعا ثابت ہو سکے۔ اور خود ظاہر ہے کہ اگر توریت اور دُوسرے نبیوں کی کتابوں میں کسی خدا کے پیدا ہونے کا وعدہ دیا جاتا تو یہود اس وعدہ کے موافق ضرور یہ عقیدہ رکھتے کہ کسی وقت خدا اُن کی مدد کرنے کے لئے مجسم ہو کر کسی عورت کے پیٹ میں سے پیدا ہوگا۔ اور ہر ایک سمجھ سکتا ہے کہ یہود توریت اور دُوسرے عہد عتیق کے صحیفوں سے برگشتہ نہ تھے کہ ایسے خدا سے منکر رہتے۔ اور اگر حضرت مسیح کی خدائی کو قبول نہیں کیا تھا تو کیا وجہ تھی کہ اصل پیشگوئی سے منکر ہو جاتے۔ اُن کو بہر حال یہ کہنا چاہیئے تھا کہ ایسا جسمانی خدا اگرچہ اب تک نہیں آیا۔ مگر ضرور آئیگا لیکن تم یہود کو پوچھ کر دیکھ لو کہ وہ ایسے اعتقاد سے سخت بیزار اور اُس کو کفر اور شرک قرار دیتے ہیں اور اس بات کے ہرگز منتظر نہیں ہیں کہ کسی وقت خدا انسانی جسم میں جنم لیگا۔ یا یہ کہ عقیدہ تثلیث برحق ہے بلکہ وہ صاف کہتے ہیں کہ ایسے عقائد رکھنے والا کافر ہے اور ہرگز نجات نہیں پائیگا۔ حالانکہ یہود وہ لوگ ہیں جن کے درمیان برابر نبی آتے رہے۔ یہ بالکل قرین قیاس نہیں کہ یہود باوجود مسلسل تعلیم انبیاء کے سرے سے ایسے خدا سے منکر ہو جاتے جس کے پیدا ہونے کی کسی پیشگوئی میں اُن کو اُمید دیجاتی۔ ہاں ممکن تھا کہ اس جسمانی خدا کا مصداق حضرت مسیح کو نہ ٹھہراتے۔ مگر یہ تو کہتے کہ وہ جسمانی خدا کوئی اور ہے جو بعد میں آئیگا۔ ہم نے اِس زمانہ کے بہت سے فاضل یہودیوں سے دریافت

کیا۔ انہوں نے یہ جواب لکھا ہے کہ کبھی کسی نبی نے یہودیوں کو ایسے جسمانی خدا کے ظاہر ہونے کی اُمید نہیں دلائی۔ اور ایسا اعتقاد صریح شرک اور کفر اور توریت کی تعلیم کے مخالف ہے۔ اُن فاضل یہودیوں کے خطوط ہمارے پاس موجود ہیں۔ اگر یہ کہو کہ یہودی تو حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی منکر ہیں۔ تو پھر ایسے یہودیوں کی گواہی کا کیا اعتبار ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ یہودی اصل پیشگوئی کے منکر نہیں ہیں اور اس بات کو مانتے ہیں کہ جیسا کہ توریت میں خبر دی گئی ہے۔ مثیلِ موسیٰ ضرور آنے والا ہے۔ ہاں یہودیوں کے ان موجودہ دو فرقوں نے جو یہودیوں کے بارا۱۲ں فرقوں میں سے باقی رہ گئے ہیں۔ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی کم فہمی اور تعصب سے مثیلِ موسیٰ نہیں مانا۔ مگر اصل پیشگوئی سے انکار تو نہیں کیا۔ لیکن ایسی پیشگوئی کے وجود سے تو وہ قطعاً منکر ہیں جو کسی خدا کے آنے کی نسبت کی گئی ہو۔ ماسوا اس کے یہودیوں کے دس فرقے اسلام میں داخل ہو چکے ہیں+۔ اور مسیح کی تعلیم جیسا کہ ہم ابھی بیان کر چکے ہیں ہرگز کامل نہیں ہے اور انسانی درخت کی تمام شاخوں یعنی قوتوں کی اس سے پرورش غیر ممکن ہے۔ کیا انسانی تکمیل اسی پر ختم ہو سکتی ہے کہ ہم ہمیشہ محل بے محل پر عفو اور درگذر کی عادت ڈالیں اور ایک گال پر طمانچہ کھا کر دوسری بھی پھیر دیا کریں؟ کیا ہر ایک جگہ اور ہر ایک محل میں ایسا کرنا مناسب ہے؟ کیا کبھی خدا تعالیٰ کا یہ ارادہ تھا کہ اس کی تمام پیدا کردہ قوتیں جیسے غضب اور شہوت وغیرہ جو مناسب استعمال کے لئے پیدا کی گئی ہیں ۱۹ سب کی سب نابود کر دی جائیں اور صرف قوّتِ حلم کو باقی رکھا جائے۔ اگر خدا تعالیٰ کا ایسا ہی ارادہ تھا تو اسکے فعل پر یہ ایک بڑا اعتراض ہوگا کہ اس نے انسان میں انواع اقسام کی قوتیں پیدا کر کے پھر اپنے ارادہ کو اپنے قول کے ذریعہ سے یوں ظاہر کیا کہ ان تمام قوتوں کو

+ ہم اپنی کتاب مسیح ہندوستان میں بڑے بڑے انگریز محققوں کے اقرار سے ثابت کر چکے ہیں۔ کہ یہودیوں کے دس گم شدہ فرقے افغان اور کشمیری ہیں جو مسلمان ہو گئے اور پھر توریت کے وعدہ کے موافق ان میں سے اسلام میں بڑے بڑے بادشاہ ہوئے۔ منہ

بجز قوّتِ حلم اور عفو کے فنا کر دینا چاہیئے۔ پس اس سے لازم آتا ہے کہ نعوذ باللہ یا تو خداتعالیٰ کی تعلیم غلط ہے اور یا اُس نے اپنے فعل میں ہی غلطی کھائی اور اپنے پیدا کرنے کے کام کو ہوشیاری اور آخر بینی سے نہیں کیا اور دونوں صورتوں میں ایسا مذہب صحیح نہیں ٹھہر سکتا جس کی تعلیم صحیح اصولوں پر مبنی نہ ہو۔ یا جس کا خدا اپنے فعل میں غلط کار ہو۔ اِس کے مقابل پر جب ہم قرآن شریف کی تعلیم دیکھتے ہیں تو اس کے کمال اور جمال پر نظر کر کے بے اختیار رقّت اور وجد پیدا ہوتا ہے۔ دیکھو کیا عمدہ یہ تعلیم ہے جس کا اس آیت میں بیان ہے۔ جَزٰٓؤُا سَیِّئَةٍ سَیِّئَةٌ مِّثْلُهَا فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ[۱]- یعنے قانون انصاف کی رُو سے ہر ایک بدی کی سزا اُسی قدر بدی ہے۔ لیکن اگر کوئی شخص اپنے گنہگار کو معاف کرے بشرطیکہ اُس معاف کرنے میں شخص مجرم کی اصلاح ہو۔ نہ یہ کہ معاف کرنے سے اور بھی زیادہ دلیر ہو اور بیباک ہو جائے تو ایسا شخص خداتعالیٰ سے بڑا اجر پائے گا۔ اب ایسی کامل تعلیم انجیل کے اوراق میں سے کہاں تلاش کریں اور کس سے پُوچھیں اور کون ہے جو ہمیں بتادے اگر حلم اور عفو اور ترک مقابلہ یونہی ہر جگہ بغیر کسی محل اور موقع کے قابلِ تعریف ہے تو ایک دیُّوث جسکی عورت پر ناجائز حملہ کیا جائے اور وہ درگذر کر کے اس حملہ کو ہونے دے۔ مدح و ثنا کے لائق سمجھا جائے گا۔ اور ایک جَین مت والا جن کے مذہب میں کسی جاندار کو مارنا روا نہیں اپنے اس خلق سے کہ وہ جُوئیں اور پسّو اور سانپ اور بچھّو کو بھی نہیں مارتا اعلیٰ درجہ کی اخلاقی حالت پر متصوّر ہوگا۔ پس معلوم ہوا کہ ایسی تعلیم جو شُتر بے مہار کی طرح کسی خطِ مستقیم پر نہیں چلتی اور نہ محل اور موقع کی پرواہ رکھتی ہے کمالاتِ انسانی کیلئے سخت مضر اور زہر قاتل ہے۔ ہاں ممکن ہے کہ حضرت مسیحؑ نے ایسی تعلیم کو کسی قانون مختص الوقت یا مختص القوم کیطرح مصلحتاً استعمال کیا ہو مگر تعلیم وہی صحیح اور کامل ہے جو آیت قرآنی مندرجہ بالا میں بیان فرمائی گئی ہے۔ ایسا ہی انجیل کی یہ تعلیم کہ بدنظری سے کسی عورت کو مت دیکھو جس کا ماحصل یہ ہے کہ پاک نظر سے بیشک دیکھ لیا کرو یہ ایک

[۱] الشوریٰ : ۴۱

ایسی تعلیم ہے کہ جو ایک بدنیّت انسان کو بدنظری کا موقع دیتی ہے اور ایک نیک انسان کو امتحان میں ڈالتی ہے۔ کیونکہ اس فتویٰ سے بدنظری کی عادت والے کو پناہ ملتی ہے اور ایک پرہیزگار کے دل کو بدی کے سرچشمہ سے قریب ہونا پڑتا ہے۔ وجہ یہ کہ ممکن ہے کہ ایک سادہ دل انسان ایک شخص کے حُسن و جمال کو دیکھ کر اُس پر شیدا اور فریفتہ ہو جائے اور پھر ہر دم ناپاک خیال دل میں پیدا ہونے لگیں۔ پس اس تعلیم کی مثال ایسی ہے کہ جیسا کہ ایک عمارت مثلاً دریا کے اُس رُخ کی طرف بنائی جائے جس طرف وہ دریا بڑے زور اور سیلاب کے ساتھ قدم بڑھا رہا ہے۔ پس ایسی عمارت اگر دن کو نہیں گرے گی تو رات کو ضرور گر جائے گی۔ اسی طرح اگر کوئی عیسائی اِس تعلیم سے عقل اور حیا اور انسانیت کے نُور کے ہوتے ہوئے جو دن سے مشابہت رکھتا ہے بدی میں نہیں پڑے گا۔ لیکن جوانی کی حالت اور جذباتِ نفس کے وقت میں خصوصاً جبکہ شراب کے پینے کی حالت میں شہوانی تاریکیوں کے ہجوم سے رات پڑ جائے۔ ایسی حالت میں اس بے قیدی کی نظر کے بدنتائج سے ہرگز نہیں بچ سکے گا لیکن اِس تعلیم کے مقابل پر وہ تعلیم جو قرآن شریف نے دی ہے وہ اِس قدر اعلیٰ ہے جو دل بول اُٹھتا ہے کہ ہاں یہ خدا کا کلام ہے۔ جیسا کہ قرآن شریف میں یہ آیت ہے۔ صفحہ ۲۱

قُلْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَ يَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ[1]۔

یعنے مومنوں کو کہدے کہ نامحرم اور محلِ شہوت کے دیکھنے سے اپنی آنکھیں اسقدر بند رکھیں کہ پُوری صفائی سے چہرہ نظر نہ آسکے اور نہ چہرہ پر کشادہ اور بے روک نظر پڑ سکے۔ اور اِس بات کے پابند رہیں کہ ہرگز آنکھ کو پُورے طور پر کھول کر نہ دیکھیں نہ شہوت کی نظر سے اور نہ بغیر شہوت سے کیونکہ ایسا کرنا آخر ٹھوکر کا باعث ہے یعنے بے قیدی کی نظر سے نہایت پاک حالت محفوظ نہیں رہ سکتی اور آخر ابتلا پیش آتا ہے اور دل پاک نہیں ہو سکتا جبتک آنکھ پاک نہ ہو۔ اور وہ مقام اَزکیٰ جس پر طالب حق کے لئے قدم مارنا مناسب ہے حاصل نہیں ہو سکتا۔ اور اِس آیت میں یہ بھی تعلیم ہے کہ بدن کے ان تمام سُوراخوں کو

[1] النور: ۳۱

محفوظ رکھیں جن کی راہ سے بدی داخل ہو سکتی ہے۔ سُوراخ کے لفظ میں جو آیت ممدوح میں مذکور ہے۔ آلات شہوت اور کان اور ناک اور مُنہ سب داخل ہیں۔ اب دیکھو کہ یہ تمام تعلیم کس شان اور پایہ کی ہے جو کسی پہلو پر نامعقول طور پر افراط یا تفریط سے زور نہیں ڈالا گیا۔ اور حکیمانہ اعتدال سے کام لیا گیا ہے۔ اور اس آیت کا پڑھنے والا فی الفور معلوم کر لیگا۔ کہ اس حکم سے جو کُھلے کُھلے نظر ڈالنے کی عادت نہ ڈالو۔ یہ مطلب ہے کہ تا لوگ کسی وقت فتنہ میں مبتلا نہ ہو جائیں۔ اور دونوں طرف مرد اور عورت میں سے کوئی فریق ٹھوکر نہ کھائے لیکن انجیل میں جو بیقیدی اور کُھلی آزادی دی گئی اور صرف انسان کی مخفی نیت پر مدار رکھا گیا ہے اس تعلیم کا نقص اور خامی ایسا امر نہیں ہے کہ اسکی تصریح کی کچھ ضرورت ہو۔

اب ہم پھر اپنے اصل مقصد کی طرف عود کر کے تمام مسلمانوں اور بالخصوص علماء اسلام اور فقراء اسلام کی نسبت تبلیغ کا حق پورا کرتے ہیں اور اُن کو یاد دلاتے ہیں کہ وہ مجدد جو اس چودھویں صدی کے سر پر بموجب حدیث نبوی کے آنا چاہیئے تھا۔ وہ یہی راقم ہے۔ یہ بات جلد عقلمند اور منصف مزاج کو سمجھ آ سکتی ہے کہ ہر ایک مجدد اُن مفاسد کے دُور کرنے کے لئے مبعوث ہوتا ہے جو زمین پر سب سے زیادہ خطرناک اور سب سے زیادہ موجب ہلاک اور نیز سب سے زیادہ کثرت میں ہوتے ہیں۔ اور اُنہی خدمات کے مناسب حال اس مجدد کا نام آسمان پر ہوتا ہے۔ اور جب کہ یہ بات واقعی اور صحیح ہے تو صاف ظاہر ہے کہ اس پُرآشوب زمانہ میں جب کہ لوگ چاروں طرف عیسائیت کی پُر زہر تعلیم سے ہلاک ہوتے جاتے ہیں۔ بڑا کام مجدد کا یہ ہونا چاہیئے کہ اہل اسلام کی ذُرّیت کو اس زہر سے بچاوے۔ اور صلیبی فتنوں پر اسلام کو فتح بخشے۔ اور جب کہ اس صدی کے مجدد کا یہ کام ہوا۔ تو بلاشبہ آسمان پر اُس کا نام

کاسر الصّلیب ہوا* اور یُوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ جبکہ چودھویں صدی کے مجدد کی یہ خدمت ہوئی۔ کہ وہ صلیب کو شکست دے۔ تو اس سے یہ فیصلہ ہوا کہ چودھویں صدی کا مجدّد مسیح موعود ہونا چاہیئے۔ کیونکہ یہی منصب مسیح موعود کا ہے۔ اس لئے چودھویں صدی کا مجدّد حق رکھتا ہے کہ اس کو مسیح موعود کہا جائے۔ کیونکہ وہ اِس زمانہ کا مجدّد ہے اور اِس زمانہ میں مجدّد کی خاص خدمت کسر شوکت صلیب ہے۔ اور خدا نے میرے وقت میں آسمان سے کسر شوکت عقائد صلیبیہ کے لئے ایسے اسباب پَیدا کر دیئے ہیں کہ ہر ایک عقلمند اُن اسباب پر نظر غور ڈال کر سمجھ سکتا ہے جو صلیبی مذہب کا صفحۂ دُنیا سے معدوم ہونا جس کا حدیثوں میں ذکر ہے۔ بجز اِس صورت کے کسی طرح ممکن نہیں۔ کیونکہ عیسائی مذہب کو گرانے کے لئے جو صورتیں ذہن میں آسکتی ہیں وُہ صرف تین ہیں۔

ملفا (۱) اوّل یہ کہ تلوار سے اور لڑائیوں سے اور جبر سے عیسائیوں کو مسلمان کیا جائے جیسا کہ عام مسلمانوں کا یہی عقیدہ ہے کہ اُن کا فرضی مسیح موعود اور مہدی معہود یہی کام دُنیا میں آکر کرے گا۔ اور اسمیں صرف اِسی قدر لیاقت ہوگی کہ خونریزی اور جبر سے لوگوں کو مسلمان کرنا چاہے گا۔ لیکن جس قدر اِس کارروائی میں فساد ہیں حاجت بیان نہیں۔ ایک شخص کے جھوٹے ہونے کے لئے یہ دلیل کافی ہوسکتی ہے کہ وہ لوگوں کو جبر سے اپنے دین میں داخل کرنا چاہے۔ لہذا یہ طریق اشاعتِ دین کا ہرگز درست نہیں ہے اور اِس طریق کے اُمیدوار اور اس کے انتظار کرنے والے صرف وُہی لوگ ہیں جو درندوں کی صفات

* صحیح بخاری میں ایک حدیث ہے جس میں مسیح موعود کا نام کاسر الصّلیب رکھا ہے اور درحقیقت سچے مسیح موعود کی ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی علامت ٹھہرائی ہے کہ اسکے ہاتھ پر کسر صلیب ہو۔ یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ مسیح موعود ایسے زمانہ میں آئیگا جبکہ ہر طرف سے ایسے اسباب پیدا ہو جائینگے کہ جن کی پُرزور تاثیروں سے صلیبی مذہب عقلمندوں کے دلوں میں سے گرتا جائیگا۔ چنانچہ یہ وُہی زمانہ ہے مگر افسوس کہ ہمارے مخالف مولویوں نے اسجگہ بھی کسرِ صلیب سے جہاد مُراد لے لیا ہے۔ منہ

اپنے اندر رکھتے ہیں٭۔اور آیت لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ[1] سے بے خبر ہیں۔ دوسری صورت صلیبی مذہب پر غلبہ پانے کی یہ ہے کہ معمولی مباحثات سے جو ہمیشہ اہلِ مذہب کیا کرتے ہیں۔ اس مذہب کو مغلوب کیا جائے۔ مگر یہ صورت بھی ہرگز کامل کامیابی کا ذریعہ نہیں ہوسکتی کیونکہ اکثر مباحثات کا میدان وسیع ہوتا ہے اور دلائلِ عقلیہ اکثر نظری ہوتے ہیں اور ہر ایک نادان اور موٹی عقل والے کا کام نہیں کہ عقلی اور نقلی دلائل کو سمجھ سکے۔ اسی لئے بُت پرستوں کی قوم باوجود قابلِ شرم عقیدوں کے اب تک جا بجا دُنیا میں پائی جاتی ہے۔ تیسری صورت صلیبی مذہب پر غلبہ پانے کی یہ ہے کہ آسمانی نشانوں سے اسلام کی برکت اور عزّت ظاہر کی جائے اور زمین کے واقعات سے امور محسوسہ بدیہیہ کی طرح یہ ثابت کیا جائے کہ حضرت عیسٰی علیہ السّلام صلیب پر فوت نہیں ہوئے اور نہ جسم عنصری کے ساتھ آسمان پر گئے بلکہ اپنی طبعی موت سے مر گئے۔ اور یہ تیسری صورت ایسی ہے کہ ایک متعصب عیسائی بھی اقرار کرسکتا ہے کہ اگر یہ بات بپایۂ ثبوت پہنچ جائے کہ حضرت مسیحؑ صلیب پر فوت نہیں ہوئے اور نہ آسمان پر گئے۔ تو پھر عیسائی مذہب باطل ہے اور کفّارہ اور تثلیث سب باطل۔ اور پھر اس کے ساتھ جب آسمانی نشان بھی اسلام کی تائید میں دکھلائے جائیں تو گویا اسلام میں داخل ہونے کے لئے تمام زمین کے عیسائیوں پر رحمت کا دروازہ کھول دیا جائیگا۔ سو یہی تیسری صورت ہے جس کے ساتھ میں بھیجا گیا ہوں۔ خدا تعالیٰ نے ایک طرف تو مجھے آسمانی نشان عطا فرمائے ہیں اور کوئی نہیں کہ ان میں میرا مقابلہ کرسکے۔

٭ تمام سچے مسلمان جو دُنیا میں گذرے کبھی ان کا یہ عقیدہ نہیں ہوا کہ اسلام کو تلوار سے پھیلانا چاہیئے بلکہ ہمیشہ اسلام اپنی ذاتی خوبیوں کی وجہ سے دُنیا میں پھیلا ہے۔ پس جو لوگ مسلمان کہلا کر صرف یہی بات جانتے ہیں کہ اسلام کو تلوار سے پھیلانا چاہیئے وہ اسلام کی ذاتی خوبیوں کے معترف نہیں ہیں اور انکی کارروائی درندوں کی کارروائی سے مشابہ ہے۔ منہ

[1] البقرۃ : ۲۵۷

اور دُنیا میں کوئی عیسائی نہیں کہ جو آسمانی نشان میرے مقابل پر دکھلا سکے۔ اور دُوسری خدا
کے فضل اور کرم اور رحم نے میرے پر ثابت کر دیا ہے کہ حضرت عیسٰے علیہ السلام نہ صلیب
پر فوت ہوئے نہ آسمان پر چڑھے بلکہ صلیب سے نجات پاکر کشمیر کے ملک میں آئے اور
اسی جگہ وفات پائی۔ یہ باتیں صرف قصہ کہانیوں کے رنگ میں نہیں ہیں بلکہ بہت سے
کامل ثبوتوں کے ساتھ ثابت ہو گئی ہیں۔ جن کو میں نے اپنی کتاب مسیح ہندوستان میں
مفصل بیان کر دیا ہے۔ اس لئے میں زور سے اور دعوے سے کہتا ہوں کہ جس کسر صلیب کا
بخاری میں وعدہ تھا اس کا پُورا سامان مجھے عطا کیا گیا ہے اور ہر ایک عقل سلیم گواہی دیگی کہ
بجز اس صورت کے اَور کوئی مؤثر اور معقول صورت کسر صلیب کی نہیں۔ اب میں سوال
کرتا ہوں کہ اگر میں جھوٹا ہوں اور مسیح موعود نہیں ہوں تو ہمارے مخالف علماء اسلام
بتلادیں کہ جب اُن کا مسیح موعود دُنیا میں ظاہر ہوگا تو وہ کسر صلیب کے لئے کیا کارروائی
کریگا اور ہمیں معقول طور پر سمجھائیں کہ کیا وہ ایسی کارروائی ہوگی جس سے چالیس کروڑ عیسائی
اپنے دین کا باطل ہونا دلی یقین سے سمجھ سکے۔ اِس سوال کے جواب میں ہمارے گرفتارِ
تقلید مولوی بجز اس کے کچھ نہیں کہہ سکتے کہ جب انکا مسیح آئے گا۔ تو لوگوں کو تلوار سے
مسلمان کریگا اور ایسا سخت دل ہوگا کہ جزیہ بھی قبول نہیں کریگا۔ اسکی تقسیم اوقات یہ ہوگی کہ
کچھ حصہ دن کا تو لوگوں کو قتل کرنے میں بسر کریگا اور کچھ حصہ دن کا جنگلوں میں جاکر سؤروں کو
مارتا رہیگا۔ اب ہر ایک عقلمند موازنہ کر سکتا ہے کہ کیا وہ امور جو اشاعتِ اسلام اور کسرِ ص۲۲
صلیب کے لئے ہم پر کھولے گئے ہیں وہ دلوں کو کھینچنے والے اور مؤثر معلوم ہوتے ہیں یا
ہمارے مسلمان مخالفوں کے فرضی مسیح موعود کا یہ طریق کہ گویا وہ آتے ہی بے خبر اور غافل
لوگوں کو قتل کرنا شروع کر دیگا۔ یاد رہے کہ عیسائی مذہب اس قدر دُنیا میں پھیل گیا ہے کہ
صرف آسمانی نشان بھی اس کے زیر کرنے کے لئے کافی نہیں ہو سکتے کیونکہ مذہب کو چھوڑنا
بڑا مشکل امر ہے۔ لیکن یہ صورت کہ ایک طرف تو آسمانی نشان دکھلائے جائیں۔ اور

دُوسرے پہلو میں اُن کے مذہب اور اُن کے اصولوں کا واقعاتِ حقّہ سے تمام تانا بانا توڑ دیا جائے اور ثابت کر دیا جائے کہ حضرت مسیحؑ کا مصلوب ہونا اور پھر آسمان پر چڑھ جانا دونوں باتیں جھوٹ ہیں۔ یہ طرزِ ثبوت ایسی ہے کہ بلاشبہ اس قوم میں ایک زلزلہ پیدا کرے گی۔ کیونکہ عیسائی مذہب کا تمام مدار کفارہ پر ہے اور کفارہ کا تمام مدار صلیب پر۔ اور جب صلیب ہی نہ رہی تو کفارہ بھی نہ رہا۔ اور جب کفارہ نہ رہا تو مذہب بنیاد سے گر گیا۔ ٭ ہم اپنے بعض رسالوں میں یہ بھی لکھ چکے ہیں کہ صلیب کا عقیدہ خود ایسا ہے جس سے حضرت مسیحؑ کسی طرح سچے نبی نہیں ٹھہر سکتے کیونکہ جبکہ توریت کی رُو سے مصلوب ملعون ہوتا ہے اور لعنت کا مفہوم لُغت کی رُو سے یہ ہے کہ کسی شخص کا دل خدا تعالیٰ سے بکلّی برگشتہ ہو جائے اور خدا سے بیزار ہو جائے۔ اور خدا اُس سے بیزار ہو جائے اور وہ خدا کا دشمن ہو جائے اور خدا اُس کا دشمن ہو جائے۔ اسی لئے لعین شیطان کا نام ہے۔ سو ملعون ہو جانا اور لعنتی بنجانا جس کا مفہوم اِس قدر بد ہے۔ یہ سخت تاریکی کیونکر مسیح جیسے راستباز کے دل پر وارد ہو سکتی ہے؟ معلوم ہوتا ہے کہ عیسائیوں نے کفارہ کا منصوبہ بنانے کے وقت لعنت کے مفہوم پر ذرہ غور نہیں کی اور بھول گئے ورنہ ممکن نہ تھا کہ وہ لقب جو شیطان پلید کو دیا گیا ہے وہی نعوذ باللہ حضرت مسیحؑ کو دیتے۔ نہایت ضروری ہے کہ اب بھی عیسائی صاحبان عربی اور عبرانی کی کتابوں کو غور سے دیکھ کر لعنت کے مفہوم کو سمجھ لیں کہ یہ کیا چیز ہے۔ انھیں کتابوں کے دیکھنے سے معلوم ہوگا کہ یہ لفظ صرف اس شخص پر اطلاق پاتا ہے جس کا دل سیاہ اور ناپاک اور خدا سے دُور اور شیطان کی طرح ہو گیا ہو۔ اور تمام تعلقات خدا تعالیٰ سے ٹوٹ گئے ہوں۔ مَیں نہیں سمجھ سکتا کہ کون ایماندار یہ ناپاک لقب اِس راستباز کی نسبت روا رکھ سکتا ہے جس کا نام انجیل میں نُور لکھا ہے۔ کیا وہ نُور کسی زمانہ میں تاریکی

٭ عیسائی مذہب پر فتح پانے کا بجز حضرت مسیحؑ کی طبعی مَوت ثابت کرنے اور صلیبی مَوت کے خیال کے جھوٹا ثابت کرنے کے اور کوئی طریق نہیں۔ سو یہ خدا نے بات پیدا کر دی ہے نہ ہم نے کہ کمال صفائی سے ثابت ہو گیا کہ حضرت مسیحؑ صلیب سے جان بچا کر کشمیر میں آ گئے تھے اور وہیں فوت ہوئے۔ یہ وہ اعلیٰ درجہ کا ثبوت ہے جیسا کہ آفتاب کا آسمان پر چمکنا۔ منہ

ہو گیا تھا؟ کیا وہ جو درحقیقت خدا سے ہے اسکو کہہ سکتے ہیں کہ وہ درحقیقت شیطان سے ہے ؟

ماسوا اس کے جبکہ یہ حقیقت بھی کھل گئی کہ حضرت مسیح ہرگز مصلوب نہیں ہوئے اور کشمیر میں اُن کی قبر ہے تو اب راستی کے بھوکے اور پیاسے کیونکر عیسائی مذہب پر قائم رہ سکتے ہیں۔ یہ سامان کسر صلیب کا ہے جو خدا نے آسمان سے پیدا کیا ہے نہ یہ کہ مار مار کر لوگوں کو مسلمان بناویں۔ ہمارا قوم کے علماء اسلام کو ذرہ ٹھہر کر سوچنا چاہیئے کہ کیا جبر سے کوئی مسلمان ہو سکتا ہے اور کیا جبر سے کوئی دین دل میں داخل ہو سکتا ہے۔ اور جو لوگ مسلمانوں میں سے فقراء کہلاتے ہیں اور مشائخ اور صُوفی بنے بیٹھے ہیں اگر وہ اب بھی اس باطل عقیدہ سے باز نہ آویں اور ہمارے دعویٰ مسیحیت کے مصدق نہ ہو جائیں تو طریق سہل یہ ہے کہ ایک مجمع مقرر کر کے کوئی ایسا شخص جو میرے دعویٰ مسیحیت کو نہیں مانتا اور اپنے تئیں ملہم اور صاحب الہام جانتا ہے مجھے مقام بٹالہ یا امرتسر یا لاہور میں طلب کرے اور ہم دونوں جناب الٰہی میں دُعا کریں کہ جو شخص ہم دونوں میں سے جناب الٰہی میں سچا ہے ایک سال میں کوئی عظیم الشان نشان جو انسانی طاقتوں سے بالاتر اور معمولی انسانوں کے دسترس سے بلند تر ہو۔ اس سے ظہور میں آوے۔ ایسا نشان کہ جو اپنی شوکت اور طاقت اور چمک میں عام انسانوں اور مختلف طبائع پر اثر ڈالنے والا ہو خواہ وہ پیشگوئی ہو۔ یا اور کسی قسم کا اعجاز ہو جو انبیاء کے معجزات سے مشابہ ہو۔ پھر اس دُعا کے بعد ایسا شخص جس کی کوئی خارق عادت پیشگوئی یا اور کوئی عظیم الشان نشان ایک برس کے اندر ظہور میں آجائے اور اس عظمت کے ساتھ ظہور ۱۲۴ میں آئے جو اس مرتبہ کا نشان حریف مقابل سے ظہور میں نہ آسکے تو وہ شخص سچا سمجھا جائے گا جس سے ایسا نشان ظہور میں آیا۔ اور پھر اسلام میں سے تفرقہ دُور کرنے کے لئے شخص مغلوب پر لازم ہوگا کہ اس شخص کی مخالفت چھوڑ دے اور بلا توقف اور بلا تامل اُس کی بیعت کرلے۔ اور اُس خدا سے جس کا غضب کھا جانے والی آگ ہے ڈرے۔

اکثر جاہلوں کو یہ معلوم نہیں ہے کہ الہام شیطانی بھی ہوا کرتے ہیں۔ اُمت کے تمام اکابر اس عقیدہ پر متفق ہیں۔ پس ہر ایک شخص کا الہام جو نرے الفاظ ہوں اور کوئی فوق العادت امر

اُن میں نہ ہو خدا تعالیٰ کی طرف سے نہیں ہو سکتا۔ اور کوئی الہام ہرگز قابلِ پذیرائی نہیں جب تک کہ اس میں الٰہی شوکت نہ ہو۔ اور الٰہی شوکت یہ ہے کہ فوق العادت اور عظیم الشان پیشگوئیاں جو الوہیت کی قدرت اور علم سے بھری ہوئی ہوں اُس الہام میں پائی جائیں یا دوسرے الہاموں میں جو اسی شخص کے مُنہ سے نکلے ہوں۔ اور بایں ہمہ یہ شرط بھی ہوگی کہ اس مجلس کے انعقاد سے دس دن پہلے بذریعہ چھپے ہوئے اشتہار کے مجھ کو خبر کر دی جائے کہ ان تینوں مقامات متذکرہ بالا میں سے فلاں مقام اور نیز فلاں تاریخ اور وقت اس کام کیلئے تجویز کیا گیا ہے۔ اس اطلاع دہی کے اشتہار پر بیس معزز اور نامور علماء اور شہر کے رئیسوں کے دستخط ہونے چاہئیں تا ایسا نہ ہو کہ کوئی سفلہ محض ہنسی اور شرارت سے ایسا اشتہار شائع کر دے +۔ اور نیز یہ ضروری ہوگا کہ اس دُعا کے بعد اگر کوئی نشان پیشگوئی کی قسم میں سے کسی پر ظاہر ہو تو وہ پیشگوئی بذریعہ کسی اشتہار مطبوعہ کے شائع کر دی جائے۔ ہاں یہ کچھ ضروری نہیں کہ وہ کوئی نئی پیشگوئی ہو بلکہ اگر کوئی پُرانی پیشگوئی ہو جو ابھی پُوری نہ ہوئی ہو۔ یا ایسی پیشگوئی ہو جو ملہم نے عام طور پر لوگوں کو اس سے اطلاع نہ دی ہو تو ایسی پیشگوئی بھی لی جائیگی اور سب سے بہتر وہ پیشگوئی گنی جائے گی جو کسی دُعا کے قبول ہونے پر خدا تعالیٰ سے ملی ہو۔ کیونکہ دعا کا قبول ہونا اوّل علامت اولیاء اللہ میں سے ہے۔ اب مَیں اِس آیت پر اِس رسالہ کو ختم کرتا ہوں کہ رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَأَنتَ خَيْرُ الْفَاتِحِينَ[1] آمین۔ وَآخِرُ دَعْوٰنَا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ

المؤلّف خاکسار مرزا غلام احمد از قادیان یکم اگست ۱۸۹۹ء

+ کوئی قلمی خط ہمارے نام نہیں آنا چاہیئے بلکہ اگر سچی نیت سے مقابلہ کا ارادہ ہو۔ تو چھپا ہوا اطلاعنامہ جس پر بیس معززین کی گواہی ہو۔ بقید وقت اور تاریخ اور مقام اور تصریح نام شخص مقابل دس دن پہلے میرے نام آنا چاہیئے۔ منہ

[1] الاعراف : ۹۰

۴۶

ضمیمہ رسالہ تریاق القلوب

چونکہ اِس رسالہ میں ایک اہم مقصود جس کے لئے یہ رسالہ لکھا گیا ہے یہ ہے کہ راقم ہٰذا کو خدا تعالےٰ نے مسیح موعود کرکے بھیجا ہے۔ اِس لئے نظیر کے طور پر مندرجہ ذیل نقشہ میں یہ دکھلایا گیا ہے کہ اُس دعوے کی تائید میں وہ نشان جو مجھ سے صادر ہوئے ہیں وہ ایسے نہیں ہیں جن کا علم میرے خاص مُریدوں تک ہی محدود ہو۔ بلکہ اکثر انکے ایسی عام شہادتوں سے ثابت ہیں جن کی رؤیت کے گواہ ہر ایک فرقہ کے مسلمان اور ہندو اور عیسائی ہیں۔ یہ نقشہ گواہوں کا جو ذیل میں لکھا جاتا ہے۔ یہ اُس نشان کے بارے میں ہے جو لیکھرام کی نسبت ظہور میں آیا۔ چونکہ یہ نشان درحقیقت ایک عظیم الشان نشان تھا۔ جس کے ساتھ میعاد بتلائی گئی تھی۔ وقت بتلایا گیا تھا۔ دن بتلایا گیا تھا۔ اور صورت موت بتلائی گئی تھی۔ اور یہ بھی بتلایا گیا تھا کہ یہ دُعا ہے جو قبول ہوئی۔ بلکہ سر سیّد احمد خاں صاحب مرحوم کو پیشگوئی کے ظہور سے پہلے ایک چھپے ہوئے اشتہار کے ذریعہ سے لکھا گیا تھا کہ آپ کو جو دُعا قبول ہونے میں شک ہے لیکھرام کی پیشگوئی کا مقدمہ آپ کے سمجھنے کے لئے کافی ہوگا کہ کس طرح خدا تعالےٰ دُعاؤں کو قبول کرتا ہے۔ ان تمام وجوہ کے لحاظ سے اِس پیشگوئی کا ایک دُنیا کو انتظار تھا۔ اور اِس پیشگوئی میں چھ برس کی میعاد تھی۔ اور یہ عجیب نکتہ ہے کہ لیکھرام کی موت شنبہ کے دِن واقع ہوئی۔ اور چونکہ چھ سال خدا کی کتابوں میں چھ دن سے مشابہ ہوتے ہیں۔ اِس لئے ساتواں دِن جو شنبہ کا دِن ہے۔ اِس پیشگوئی کے پُورا ہونے کے لئے بہت موزون تھا۔ اور وہ نقشہ اسمائے تصدیق کنندگان مع اُن کے بیانات کے ذیل میں ہے:۔

نمبر	نام مصدق نشان متعلق لیکھرام	سکونت مع دیگر پتہ بقید ضلع	عبارت تصدیق
۱	خان بہادر سید فتح علی شاہ صاحب	ڈپٹی کلکٹر انہار ضلع شاہ پور بقلم خود	پیشگوئی لیکھرام کی بابت مَیں نے بارہا غور و تدبّر کیا۔ نیز اس بارہ میں مذاکرہ بھی احباب سے ہُوا۔ مواقعات کتب براہین احمدیہ آئینہ کمالات وغیرہ دیکھے۔ ہر پہلو سے ثابت ہے کہ یہ پیشگوئی بہت صفائی سے پُوری ہُوئی اور اِس میں مرزا صاحب کی کوئی سازش قتل لیکھرام میں نہیں پائی جاتی۔ دستخط
۲	منشی اللہ دِوایا صاحب	فارسٹ و منیجر جنگلات تحصیل بھیرہ ضلع شاہ پور	میرے خیال میں مرزا صاحب کی سازش سے پنڈت لیکھرام قتل نہیں ہُوا لیکن اُسکی موت جو مرزا صاحب کی پیشین گوئی کی میعاد کے اندر ہُوئی ہے۔ اِس سے صداقت پیشگوئی ثابت ہے۔
۳	علاء الدین صاحب حکیم	ساکن شیخپور علاقہ تحصیل بھیرہ ضلع شاہ پور	میری رائے میں لیکھرام والی پیشین گوئی اپنے آٹھ پہلو سے نہایت اعلیٰ درجہ کی صفائی سے سچی ثابت ہوئی ہے۔ آٹھ پہلو سے اُس کا سچا ثابت ہونا ایسا بدیہی الثبوت نشان ہے جیسے آفتاب کا ظہور۔ اس کے آٹھ پہلو یہ ہیں۔ ۶ تاریخ کو ۶ بجے کو شنبہ کو بعد العید یوم کو گوسالہ کی طرح مکروہ آواز کا نکلنا بعد القتل آدھی کا آنا اور شکم پر کسی تیز ہتھیار کا لگنا اور سُرخ چشم فرشتے کا

			قتل کرنا ان واقعات کا ایک وقت پر پیدا ہو جانا بشری طاقتوں سے بالکل ناممکن اور خارج ہے۔ ایسی سچی خدائی طاقت کا انکار ناپاک رُوحوں کا کام ہے۔ فقط
۴	شیخ فضل الٰہی صاحب	سکنہ بھیرہ آنریری مجسٹریٹ درجہ دوئم و رئیس بوجن	میرے خیال میں مرزا صاحب کی سازش سے لیکھرام قتل نہیں ہوا۔ لیکن یہ ظاہر ہے کہ پیشگوئی جناب مرزا صاحب کی اس بارہ میں ضرور صادق ہوئی ہے۔ دستخط بقلم خود
۵	شیخ غلام نبی صاحب	سکنہ بھیرہ سابق وزیر ریاست لسبیلہ	میرے خیال میں پیشین گوئی جناب مرزا صاحب نسبت قتل لیکھرام پوری ہوئی۔ میری رائے میں مرزا صاحب کی کوئی سازش نہیں ہے دستخط بقلم خود
۶	محمد دین صاحب حکیم	ساکن شیخپور ضلع شاہ پور تحصیل بھیرہ	پیشینگوئی جس کے بارہ میں لیکھرام بعید العہد زمانہ سے درخواست کرتا رہا تھا۔ اور مرزا صاحب نے جب لیکھرام کو واجب الاستحقاق پیشگوئی کا پایا تو باریتعالٰے کی بارگاہ عالی میں دُعا کی۔ الہاماً حکم ہوا کہ بمیعاد چھ سال بقید جہات ثمانیہ لیکھرام مذکور کو سُنایا جائے۔ ۶ تاریخ اور یوم بعد العید چھٹے سال پہلے کہدینا انسانی طاقت سے خارج ہے کیا کوئی بشر یقین کر سکتا ہے کہ ۶ تاریخ یوم بعد العید کو ہُوا کرتی ہے؟ اور فرشتہ کا قاتل

۲۵

			ہونا اشارہ کرتا ہے کہ قاتل کو کوئی گرفتار نہیں کریگا اور نہ اس کو کوئی دیکھے گا۔ اور بلیدان ہونے کے بعد آندھی کا آنا عالم الغیب کے سوا کون جانتا ہے؟ اور گوسالہ کی طرح آواز بعد القتل کا کہنا انسانی معلومات سے نہیں ہوسکتا۔ اس پیشین گوئی کی صداقت میں جو کچھ تحریر کیا جائے وہ بالکل تھوڑا ہوگا۔ اس کا ایک ایک پہلو ایک بڑا نشان عظیم الشان خدائی طاقت کا بڑا بھارا شاہد عادل ہے۔
۷	غلام محمد صاحب ضلعدار نہر	ڈویژن انہار شاہپور	لیکھرام کے قتل کی بابت مرزا صاحب کی کوئی سازش نہیں وہ بموجب پیشین گوئی مرزا صاحب اپنی بدزبانی کے سبب سزا کو پہنچا اور پیشین گوئی پوری ہوئی۔ فقط۔ دستخط
۸	گل محمد صاحب	دوم مدرس ہائی سکول بھیرہ	مرزا صاحب کی پیشگوئی متعلق لیکھرام ایسی پوری ہوئی جیسی آتھم والی اپنے دوسرے پہلو میں پوری ہوئی تھی۔ ایسی پیشگوئی میں سازش کا ہونا بعید از قیاس و انصاف ہے۔ مرزا کی اس میں کوئی سازش نہیں اور نہ ہو سکتی ہے۔ دستخط
۹	اسعد الدین صاحب	مدرس عربی اینڈ ہائی سکول بھیرہ ضلع شاہپور	میری رائے ناقص میں جناب میرزا صاحب موعود مسیح کی پیشین گوئی در بارہ قتل لیکھرام نہایت صحیح اور پورے طور سے ثابت ہوئی ہے نیز اس میں حضور علیہ السلام کی کوئی سازش

			نہیں ہے گویا وہ مطابق پیشین گوئی مرزا صاحب کے قتل ہوا۔ اسمیں سازش کا ہونا ناممکن اور محال ہے فقط دستخط
١٠	ملک سمند خانصاحب مالگذار	قصبہ بھیرہ ضلع شاہپور	مرزا کی پیشگوئی متعلق لیکھرام نہایت صفائی سے پوری ہوئی اسمیں مرزا کی کوئی سازش نہیں ہے۔ دستخط
١١	فرمان علی صاحب فقیر	سکنہ بھکہ ضلع شاہپور تحصیل بھیرہ	پیشگوئی مرزا غلام احمد در بارہ لیکھرام جو چھ برس پہلے شائع کی گئی تھی اپنی میعاد کے اندر پوری ہوئی اسمیں مرزا کی سازش ناممکن اور محال ہے۔ دستخط
١٢	خدا بخش صاحب ساکن بھیرہ	ضلع شاہپور مدرس اینگلو آریہ سکول بھیرہ	میں تصدیق کرتا ہوں کہ لیکھرام کا قتل مرزا صاحب کی سازش سے واقع میں نہیں آیا۔ بلکہ یہ ایک خداوند تعالےٰ کی پیشگوئی تھی۔ جو اپنے وقت پر ہر ایک پہلو سے کامل طور پہ پوری ہوگئی۔ دستخط
١٣	فضل الٰہی صاحب زرگر	ساکن بھیرہ ضلع شاہپور	مرزا صاحب کی پیشگوئی متعلق لیکھرام پوری ہوئی۔ اِس میں سازش کا خیال صریح غلطی ہے دستخط
١۴	شیخ محمد مبارک صاحب	ساکن بھیرہ اپیل نویس و میونسپل کمشنر	مرزا غلام احمد کی پیشگوئی متعلق لیکھرام ہر ایک پہلو سے سچی ثابت ہوئی ہے۔ دستخط
١۵	قاضی احمد شاہ صاحب	بھیرہ ضلع شاہپور	بشرح صدر دستخط
١٦	محمد الدین صاحب ایجنٹ	بابو غلام محمد مختار۔ بھیرہ ضلع شاہپور	لیکھرام مرزا کی سازش سے قتل نہیں ہوا پیشگوئی پوری ہوئی۔ دستخط

۱۷	منشی صدرالدین صاحب	پوسٹ ماسٹر تحصیل بھیرہ ضلع شاہپور	بہت سے عمل پاک مرزا غلام احمد صاحب کے جو میرے علم میں ہیں مجھکو یقین دلاتے ہیں کہ مرزا صاحب پنڈت لیکھرام کے قتل میں ہرگز سازش نہیں رکھتے ہیں۔ دستخط
۱۸	شیر محمد چپراسی	منصفی بھیرہ ضلع شاہپور	لیکھرام کے بارہ میں مرزا کی پیش گوئی پوری ہوئی۔ اس میں مرزا کی سازش بالکل نہیں پائی جاتی۔ دستخط
۱۹	نظر محمد صاحب مالگذار	موضع اور رحمان تحصیل بھیرہ	میرے خیال میں مرزا صاحب کی پیشین گوئی پوری ہوئی اور لیکھرام کے قتل میں انکی سازش نہیں ہے۔ دستخط

۲۵

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ نحمدہٗ ونصلی

ہم سب مسلمان جن کے دستخط ذیل میں درج ہیں۔ شہادت صادق ادا کرتے ہیں کہ حضرت اقدس مرزا غلام احمد صاحب قادیانی دام عنایتہ نے جو پنڈت لیکھرام وغیرہ دشمن خداتعالیٰ و رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور سچے دین اسلام کی نسبت خداتعالےٰ کی طرف سے الہام پاکر پیشگوئی کی تھی۔ وہ خداتعالےٰ عزیز ومقتدر مؤید الصادقین جلّ شانہٗ نے عین میعاد کے اندر اپنے تمام لوازم کے ساتھ پوری کی۔ اور اس پیشگوئی میں مرزا صاحب اور کسی اہلِ اسلام کی کسی نوع کی سازش نہیں ہے۔ یہ خاص خداتعالےٰ کا فعل تھا۔ جو عین وقت پر اسلام کی صداقت میں اپنی شوکت وعظمت سے ظاہر ہوا۔ الحمد للّٰہ رب العالمین والسلام علیٰ رسولہ خاتم النبیین۔

دستخط

فقیر حقیر خلیل الرحمٰن جمالی نمبردار و رئیس الاعظم کھیوٹدار وسجادہ نشین طریقت

چار قطب ہانسوی و سند ہالہ شریف خانقاہ حضرت مخدوم بہاء الدین رحمۃ اللہ علیہ
سرساوہ خانقاہ حضرت شاہ حبیب الرحمن قدس سرہ العزیز

حکیم مرزا محمد عباد اللہ بیگ قادری پانی پتی حال ساکن سرساوہ ضلع سہارنپور۔

چوہدری نصر اللہ خاں نمبردار زمیندار چھاوڑی علاقہ سرساوہ

مُرید سائیں توکل شاہ۔ سید ضامن علی ولد سید

حسین علی قوم سید اولاد حضرت سید جلال بخاری

رحمۃ اللہ علیہ ساکن قصبہ سرساوہ ضلع سہارنپور

اللہ دیا خاں ولد مولا بخش قوم راجپوت کمیدار

ساکن قصبہ سرساوہ ضلع سہارنپور۔ بسم اللہ شاہ پانی پتی

مہربان علی ولد جان محمد ساکن قصبہ سرساوہ ضلع سہارنپور۔

محمد علی خاں سوار تحصیل ریاست جیند (محمد علی خاں) خاکسار حافظ عظیم اللہ ولد شیخ حبیب اللہ خالدی قریشی اولاد حضرت

خالد ابن ولید سیف اللہ رضی اللہ عنہ صدر امین ریاست جیند۔ سید اعظم علی ولد قاسم علی سکنہ سفیدوں ریاست

مہاراجہ صاحب والی جیند ملازم بعہدہ سب اوورسیر نہر حسن ریاست جیند (مستری امام بخش) مستری امام بخش

ولد مستری امیر اللہ ساکن جیند۔ قاضی عبد المجید عثمانی رئیس جیند بقلم خود اولاد حضرت امیر المومنین عثمان غنی

رضی اللہ عنہ (عبد المجید) پیرجی سید محمد یعقوب علی اولاد حضرت پیران پیر غوث اعظم ساکن قصبہ جیند

مولوی محمد امیر الدین ساکن جیند۔ قاضی رمضان علی قریشی عثمانی نمبردار قصبہ جیند اولاد حضرت

امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ عنہ (رمضان علی) محمد حسن خاں ولد محمد خاں قوم افغان ساکن ہانسی جمالی۔

سید عبد الغنی جعفری از فرزندان حضرت سید تاج الدین صاحب شیر سوار ساکن نارنول محلہ سادات۔

حافظ سید محمد حبیب احمد جعفری عفی عنہ اولاد سید تاج الدین صاحب شیر سوار چابک مار قدس سرہٗ۔

خواجہ عبد الغفور خاں رئیس سجادہ نشین ... قاضی واجد علی نبیرہ قاضی خاموش قدس سرہٗ از

مقام نارنول نغزی و جمالی و سید عبد الفتاح نغزی ساکن نارنول سررشتہ دار سابق کونسل جے پور ۔

۴۱	عبد الحق صاحب ہیڈ ماسٹر	پرائمری اسلامیہ سکول راولپنڈی وتھرڈ ماسٹر	اگرچہ میں مرزا صاحب کے مُریدوں میں سے نہیں ہوں لیکن میں صاحب موصوف کو اسلام کا ایک رکن عالم ایک نہایت ہی عالم قوم کا مصلح اور ریفارمر مانتا ہوں۔ اور دل وجان سے اقرار کرتا ہوں کہ یہ موت پنڈت لیکھرام کی مرزا صاحب کی پیشین گوئی کے مطابق ہوئی۔
۴۲	حاجی اللہ دین صاحب نقشبندی مجددی	شہر راولپنڈی افسر ایک کارخانہ سرکاری صدر راولپنڈی	مَیں بادل وجان تصدیق کرتا ہوں کہ پنڈت لیکھرام کی موت مطابق پیشگوئی حضرت مرزا صاحب کے ہوئی۔ اس پیشگوئی کا پنڈت مذکور کو پہلے ہی سُنایا جانا اور مہلت طول ملنا واسطے رفع عذر اور اتمام حجت کے تھا جیسا کہ اللہ جل شانہٗ قرآن مجید میں فرماتا ہے لئلّا یکون للنّاس علی اللہ حجۃ بعد الرّسل۔ اگرچہ ظاہراً حضرت مرزا صاحب کی زیارت مجھ کو اسوقت تک نصیب نہیں ہوئی لیکن مَیں دل سے یقین رکھتا ہوں کہ حضرت موصوف حق پر ہیں۔
۴۳	شیخ قادر بخش صاحب	احمد آباد ضلع جہلم	ہمارے نزدیک یہ پیشگوئی پوری ہوئی۔
۴۴	مولوی محمد حسن صاحب ہیڈ مولوی اسلامیہ ہائی سکول راولپنڈی	بھین ضلع جہلم تحصیل چکوال	اگرچہ مَیں حضرت مرزا صاحب کے تمام دعاوی کے ماننے والوں سے نہیں ہوں لیکن مَیں مرزا صاحب کو اہل اللہ جانتا ہوں۔ مَیں مانتا ہوں کہ یہ موت حضرت مرزا صاحب کو قبل از وقت اللہ تعالیٰ نے بتادی۔

ص۲۷

نمبر	نام مصدق مع پتہ	خلاصہ عبارت تصدیق
۴۵	غلام حسین صاحب سٹیشن ماسٹر دینہ ضلع جہلم	یہ الہامی پیشگوئی ہے انسانی منصوبہ نہیں۔
۴۶	جمال الدین سٹیشن ماسٹر ڈومیلی۔	پیشگوئی پوری اور کامل طور سے پوری ہوگئی۔
۴۷	علی احمد صاحب کلانوری گرداور قانونگو دینہ۔	اس پیشگوئی میں انسانی منصوبہ نہیں۔
۴۸	محمد شاہ صاحب امام مسجد موضع ہریالہ جہلم	یہ پیشگوئی اللہ تعالے کا حکم ہے۔
۴۹	نور الدین صاحب گارڈ ریلوے۔ راولپنڈی	میری رائے میں پیشگوئی متعلق لیکھرام ہر طرح سے پوری ہوگئی۔ اور مرزا صاحب کا صدق ظاہر ہوگیا۔ اس میں کچھ شک نہیں ہے۔
۵۰	امام الدین صاحب گارڈ ریلوے راولپنڈی	مَیں کامل وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ پیشگوئی فوق العادت تھی اور بڑی ہیبت سے فی الواقع پوری ہوگئی۔
۵۱	قطب الدین صاحب صوبہ دار پنشن یافتہ موضع ساگری ضلع جہلم	یہ پیشگوئی اللہ کا حکم ہے۔
۵۲	گلاب الدین صاحب مدرس گرل سکول رہتاس۔	مَیں سچے دل سے تصدیق کرتا ہوں پیشگوئی پوری ہوگئی۔
۵۳	محمد حسن صاحب ولد منشی گلاب الدین صاحب رہتاس۔	بخدا یہ پیشگوئی اسلام اور غیر مذاہب میں کھلا کھلا فیصلہ ہے۔
۵۴	نظام الدین صاحب گارڈ ریلوے راولپنڈی	پیشگوئی فی الواقع پوری ہوگئی۔
۵۵	پریم داس ولد بوٹا شاہ ساہوکار رہتاس ضلع جہلم۔	مَیں سمپورن نشچے سے پیشگوئی کی تصدیق کرتا ہوں۔
۵۶	وزیر بخش صاحب رہتاس	پیشگوئی جناب مرزا صاحب پوری ہوگئی۔

۵۷	تصدیق جناب مولانا مولوی بدر الدین صاحب رفیقی حنفی السہروردی نسبتاً والنقشبندی نسباً۔	تمام پیشگوئیاں درحق مسمی لیکھرام از جناب مولانا و اولانا صادر و ظاہر شدند ہمہ با واقعی و درست و راست صحیح بودند و ہستند دراں باب ہیچگونہ تصنع و ریا را راہے نہ۔
۵۸	منشی سراج الدین صاحب بہلول۔ ڈلہوزی۔	مرزا صاحب کی پیشگوئیاں لیکھرام کے حق میں درست اور صحیح ہیں۔
	فتح الدین صاحب بھیرہ ضلع شاہ پور۔	اس پیشگوئی کے سب پہلو پورے ہوئے۔
	بابو شاہ دین صاحب اسٹیشن ماسٹر دینہ۔	یہ پیشگوئی فی الواقع پوری ہو گئی۔
۵۹	عبد السلام صاحب رفیقی امام مسجد جامع کوہ ڈلہوزی۔	پیشگوئیاں درحق لیکھرام راست و صادق شدند۔
۶۰	غلام حسین صاحب کاتب ملازم مطبع چودھویں صدی۔ راولپنڈی۔	ہاں بے شک آپ صادق اور حبیب خدا کے اور عاشق ہیں۔
۶۱	احمد حسین صاحب فرید آبادی ضلع دہلی۔ ماسٹر اسلامیہ سکول راولپنڈی۔	میں آپ کو صدق دل سے اسلام کا رکن رکین مانتا ہوں۔ آپ کی اہم اور ضروری دعا مستجاب ہونی ممکن ہے۔
۶۲	مولوی محمد حسین صاحب معلم عربی اسلامیہ ہائی سکول راولپنڈی۔	ان کی عبارت تصدیق بہت لمبی ہے۔ بڑے زور شور سے تصدیق کی ہے۔
۶۳	فضل کریم صاحب سوداگر راولپنڈی۔	یہ پیشگوئی مرزا صاحب کی ٹھیک پوری ہوئی۔
۶۴	محی الدین احمد صاحب شاہ آباد ضلع ہردوئی۔	ان کی عبارت تصدیق بہت پرزور اور بہت لمبی ہے اس جگہ نقل کی گنجائش نہیں۔

۶۵	محمد فیروز الدین صاحب ڈسکوی مدرس اوّل فارسی ایم بی ہائی سکول سیالکوٹ۔	ان کی عبارت تصدیق بارہ صفحہ پر ہے۔ اور نہایت پُر زور اور صدق و اخلاص سے بھری ہوئی ہے یہاں نقل کرنے کی گنجائش نہیں۔
۶۶	مولوی الٰہی بخش صاحب فاروقی سابق پروفیسر نارمل سکول راولپنڈی۔ حال پنشنر	ان کی عبارت تصدیق بھی بہت لمبی چوڑی ہے اور صدق و اخلاص سے پُر۔
۶۷	میاں ظفر الدین صاحب نقشبندی۔ آڈرہ متصل راولپنڈی۔	میری رائے میں یہ پیشگوئی ٹھیک پوری ہو گئی۔
۶۸	خادم حسین صاحب معلم اسلامیہ ہائی سکول راولپنڈی۔	اشعار میں تصدیق کی ہے۔
۶۹	حافظ رکن الدین صاحب نقشبندی قصوری ساکن کوٹھیالہ شیخاں گجرات۔	لیکھرام کی موت موافق پیشگوئی واقع ہوئی ہے۔ مَیں اس کی تصدیق کرتا ہوں۔
۷۰	منشی حمید الدین صاحب ملازم پولیس تھانہ شحنہ ضلع لودیانہ۔	ان کی عبارت تصدیق ۳ کالم پر ہے اور بہت عمدہ طور پر تصدیق کی ہے۔
۷۱	حبیب اللہ صاحب قلعہ دیدار سنگھ گوجرانوالہ	یہ پیشگوئی نمایاں طور پر ظہور پذیر ہوئی۔
۷۲	شیخ ضیاء الحق صاحب ہاپوڑ۔ حال پرنہ ممالک متوسطہ۔	لمبی عبارت میں بہت عمدہ تصدیق کی ہے۔
۷۳	ماسٹر حسین خلی صاحب ابن احمد خان یونگ ماسٹر ہندو بمبئی بھائی کہلا۔	ہم اِس بات کی تصدیق حلفاً کرتے ہیں کہ لیکھرام پشاوری کی نسبت جو پیشگوئی جناب مرزا صاحب نے ۲۰؍ فروری ۱۸۹۳ء کو کی تھی۔ جس کا ایک اشتہار بھی کتاب آئینہ کمالات کے اخیر میں درج ہو چکا
۷۴	سید حاجی عبدالرحمٰن شاہ قادری ڈاکٹر بمبئی پریل۔	
۷۵	شیخ محمد صاحب ابن شمس الدین بمبئی چھپر کلی	

ص۲۱

نمبر	نام	کیفیت
۶۷	شمس الدین صاحب بن محمد ابراہیم بمبئی چیچپوکلی	ہے۔ وہ پیشگوئی تخمیناً تیس سال پیشتر وقوع سے ہم نے دیکھی تھی۔ آج اس کی تصدیق ہوئی۔ کہ وہ پیشین گوئی بالکل مطابق اور صحیح نکلی ہے۔ مورخہ ۱۲ جون ۱۸۹۷ء
۶۸	شہاب الدین صاحب بن شمس الدین ایضاً	
۷۹	حسن میاں صاحب باگی ٹانک بندر بمبئی۔	
۸۰	محمد ابراہیم صاحب بن منشی زین الدین انجینئر بمبئی	
۸۱	میاں احمد صاحب " " " "	
۸۲	منشی زین الدین محمد ابراہیم صاحب انجینئر "	
۸۳	حافظ عبد الرشید صاحب بن حافظ عبد اللہ سورتی بمبئی سوناپور قدیم۔	
۸۴	اسمٰعیل آدم صاحب میمن سوداگر بمبئی	
۸۵	غلام محمد صاحب فرزند غلام حسن خاں صاحب بہادر دلیر جنگ مرحوم منشی پالیم چیچی ضلع جنوبی ارکاٹ سب انسپکٹر سالٹ اینڈ آبکاری۔	خلاصہ و حاصل مطلب عبارت یہ ہے۔ کہ پیشگوئی بہت صفائی سے پوری ہوئی۔
۸۶	عبد الباسط صاحب ابن عبد الرحمٰن "	ہر ایک پہلو بہت خوبی سے پورا ہؤا۔
۸۷	سید حبیب اللہ صاحب قادری ابن غلام محمد مدراس سیلاپور جنوبی ارکاٹ وارد میسور۔	بالکل صفائی کے ساتھ پوری ہوئی۔
۸۸	عبد الغفور صاحب قریشی بن محمد یوسف صاحب قریشی چیچی جنوبی ارکاٹ پوسٹماسٹر۔	بہت صفائی سے انصرام کو پہنچی۔
۸۹	مرزا احمد اسمٰعیل صاحب آفیسر پولیس سٹیشن بن مرزا امیر بیگ صاحب متوی جنوبی ارکاٹ	پیشگوئی لیکھرام بصد صفائی کامل شد۔
۹۰	فتح شریف صاحب بن شیخ امام صاحب ساکن چیچی جنوبی ارکاٹ۔	لیکھرام کی موت کی پیشگوئی سچی ہوئی۔

ہے نقل مطابق اصل ۶۷، ۷۷ چاہیئے۔ (مصحح)

۹۱	ملک عبدالوہاب صاحب بن فقیر احمد صدر انجمن نصرۃ الاسلام میلوشارم شمالی ارکاٹ۔	میں یقیناً کہہ سکتا ہوں کہ پنڈت لیکھرام خود پیشگوئی کی سچائی پر متحیر ہوکر مرگیا۔ ۲۲ر جولائی ۱۹۰۸ء
۹۲	عبدالوہاب خاں صاحب محمدیہ بن عبداللہ صاحب محمدیہ جیت پیٹ پولور شمالی ارکاٹ	میں بہ تحقیق کہہ سکتا ہوں کہ پنڈت لیکھرام خود پیشگوئی کے سبب متحیر ہوکر مرگیا۔
۹۳	ملک محمد نعیم صاحب بی۔ اے۔ کلاس مشن کالج لاہور۔	میں زور سے گواہی دیتا ہوں۔ کہ اس قتل میں مرزا صاحب کا کوئی دخل نہیں تھا۔
۹۴	غلام احمد صاحب متعلم بی۔ اے کلاس مشن کالج لاہور۔	پیشگوئی پوری ہوگئی ہے۔
۹۵	غلام حسن صاحب بی اے کلاس مشن کالج لاہور۔	مرزا صاحب کی پیشگوئی ہر طرح سے پوری ہوئی ہے۔
۹۶	علی محمد صاحب بی اے کلاس مشن کالج لاہور	میرا یقین پیشگوئی پر زیادہ ہوا۔ میں مرزا صاحب کے دعوے پر تائید کرتا ہوں۔
۹۷	عبدالحیٔ صاحب بی اے کلاس " " "	پیشگوئی بڑی عمدگی سے درحقیقت پوری ہوگئی اسمیں انسانی منصوبوں کا دخل ہو۔ بالکل ناممکن ہے۔
۹۸	غلام محی الدین صاحب بی اے کلاس " " "	بیشک پنڈت صاحب کے قتل میں کسی انسانی منصوبہ کا دخل نہیں۔
۹۹	امیر شاہ صاحب بی اے کلاس " " "	مرزا صاحب کی دُعا لیکھرام کے بارہ میں سب ہی مقبول ہوئی ہے۔

۱۰۰	نور احمد خان صاحب پشاوری بی۔اے کلاس مشن کالج لاہور۔	پیشین گوئی کے جملے حرفاً بحرفاً ٹھیک نکلے۔
۱۰۱	امیر خسرو صاحب گجراتی ایف اے کلاس	رسالہ استفتاء میں کچھ شک نہیں۔
۱۰۲	عطا محمد صاحب بٹالہ ضلع گورداسپور۔	یہ پیشگوئیاں ہر ایک پہلو سے پوری ہوئیں۔
۱۰۳	محمد الدین صاحب کلرک اگزیمنر آفس ریلوے بٹالہ۔	پیشگوئی ہر ایک پہلو سے پوری ہوئی۔
۱۰۴	ولی اللہ صاحب مدرس ایچیسن سکول لاہور	یہ پیشگوئی بموجب شرائط پوری ہوگئی۔
۱۰۵	صوفی الٰہی بخش صاحب رفوگر کوچہ چابک سواراں۔لاہور۔	میرے نزدیک یہ پیشگوئی درست نکلی۔
۱۰۶	محمد حسین صاحب قریشی مالک وکٹوریہ پریس لاہور۔	یہ پیشگوئی بالکل مطابق شرائط مرزا صاحب پوری ہوئی۔
۱۰۷	سجاول صاحب ساکن جگراؤں ضلع لودیانہ	یہ پیشگوئی بے شک پوری ہوگئی۔
۱۰۸	غلام اکبر صاحب سارجنٹ درجہ اول پولس شہر لاہور۔	ایضاً
۱۰۹	اللہ بخش صاحب کنسٹیبل نمبر ۱۲۵ " " شہر لاہور۔	بالکل راست سر مو تفاوت نہیں ہے۔
۱۱۰	وزیر علی صاحب قصبہ نگینہ ضلع بجنور۔	یہ پیشگوئی کامل طور پر پوری ہوئی۔
۱۱۱	اللہ دین خان صاحب سارجنٹ دوم نمبر ۹۵ موضع تھانہ لوپوکے ضلع امرتسر۔	یہ پیشین گوئی درست ہے۔
۱۱۲	احمد خان صاحب کنسٹیبل نمبر ۶ پولیس جہلم۔	بیشک پیشگوئی پوری ہوئی۔

۲۹ آسجگہ تصدیق کنندگان کے صرف تھوڑے سے ناموں پر کفایت کیجاتی ہی اور اُنکے بیانات کو بخوفِ طوالت چھوڑدیا گیا ہی۔

۱۱۳	اللہ دتا صاحب مدرس مشن سکول جہلم۔	۱۲۳	شمس الدین خانصاحب ٹھیکدار رئیس راولپنڈی۔
۱۱۴	رحیم بخش صاحب مدرس ریاضی ہندو محمڈن سکول چھاؤنی انبالہ۔	۱۲۴	یار محمد صاحب کلرک راولپنڈی۔
۱۱۵	محمد بخش صاحب ہیڈ کلرک دفتر نہر سرہند انبالہ چھاؤنی۔	۱۲۵	امام الدین صاحب کلرک "
۱۱۶	محمد اسمٰعیل صاحب نقشہ نویس دہلی۔ کالکا ریلوے چھاؤنی انبالہ۔	۱۲۶	جعفر خانصاحب امیدوار نقشہ نویس راولپنڈی۔
۱۱۷	غلام نبی صاحب تاجر کتب راولپنڈی	۱۲۷	مولوی محمد فضل صاحب چنگوی تحصیل گوجر خاں۔
۱۱۸	گلاب خاں صاحب سب اوورسیر ملٹری ورکس سیالکوٹ حال راولپنڈی۔	۱۲۸	شاہ نواز خاں صاحب نمبردار عمرال ضلع جہلم۔
۱۱۹	نور الٰہی صاحب سب ڈویژن کلرک ملٹری ورکس راولپنڈی۔	۱۲۹	حافظ احمد بخش صاحب پٹواری موضع باٹھ۔ کبیر پور ریاست کپورتھلہ۔
۱۲۰	ظہور الاسلام صاحب نقشہ نویس حال راولپنڈی۔	۱۳۰	غلام محی الدین صاحب ہیڈ ماسٹر سکول نور محل ضلع جالندھر۔
۱۲۱	خدا بخش صاحب نقشہ نویس ملٹری ورکس راولپنڈی۔	۱۳۱	مرزا نیاز بیگ صاحب رئیس کلانور ضلع گورداسپور۔
۱۲۲	عزیز الدین صاحب ولد غلام محی الدین صاحب کلرک ورکشاپ راولپنڈی۔	۱۳۲	انوار حسین خاں صاحب رئیس شاہ آباد ضلع ہردوئی۔

۱۳۳ محی الدین احمد صاحب شاہ آباد ضلع ہردوئی۔

۱۳۴ حکیم خادم حسین خاں صاحب سیکرٹری میونسپل بورڈ شاہ آباد ہردوئی۔

۱۳۵ محمد رفیق صاحب جسوی حال راولپنڈی۔

۱۳۶ مولوی غلام مصطفٰے صاحب نور محل ضلع جالندھر۔

۱۳۷ صدرالدین صاحب پوسٹماسٹر بھیرہ ضلع شاہ پور۔

۱۳۸ محمد عبدالمغنی صاحب خوشنویس کاتب اخبار دوست ہند بھیرہ۔

۱۳۹ منشی محمد الدین صاحب مدرس میروال تحصیل رعیہ سیالکوٹ۔

۱۴۰ چوہدری مظفر خاں صاحب نمبردار میروال تحصیل رعیہ سیالکوٹ

۱۴۱ رکن الدین صاحب میروال ضلع سیالکوٹ۔

۱۴۲ عبدالواحد خاں صاحب صدر بازار کیمپ انبالہ۔

۱۴۳ میاں علم دین صاحب چک خواجہ

۱۴۴ نجیب علی خاں صاحب پنشنر عمرال ضلع جہلم۔

۱۴۵ سلطان محمد خاں صاحب ساکن بکڑالہ ضلع جہلم۔

۱۴۶ نور حسین صاحب سابق ڈرائیور نوال محلہ ضلع جہلم۔

۱۴۷ محمد عمر صاحب ضلع گجرات ساکن برائے رونک آباد۔

۱۴۸ کریم بخش صاحب دکاندار جہلم۔

۱۴۹ میاں محمد صاحب کوٹلہ ائمہ۔

۱۵۰ چوہدری محمد کریم بخش صاحب نمبردار بھنڈی زین تحصیل رعیہ ضلع سیالکوٹ۔

۱۵۱ نور عالم صاحب چک سکندر۔

۱۵۲ شیخ امداد حسین صاحب جہلم محلہ جدید۔

۱۵۳ سلطان محمد صاحب " "

۱۵۴ نور عالم صاحب ساکن جادہ ضلع جہلم۔

۱۵۵ علم دین صاحب امام مسجد "

۱۵۶ غلام قادر صاحب دوکاندار جہلم۔

۱۵۷ غلام حیدر صاحب موضع جکو جہلم۔

۱۵۸ محمد عطاء اللہ صاحب ساکن خوشحالہ۔ علاقہ مانسہرہ ضلع ہزارہ۔

۱۵۹ سلطان محمد صاحب خوشحالہ "

۱۶۰	فیض علی صاحب ساکن خوشحالہ علاقہ مانسہرہ ضلع ہزارہ۔	۱۷۷	پیر بہادر دین صاحب سید گیلانی۔ چنیوٹ۔ ضلع جھنگ
۱۶۱	محمد یٰسین صاحب داتا 〃	۱۷۸	مولابخش صاحب 〃
۱۶۲	عبدالکریم صاحب 〃	۱۷۹	روشن دین صاحب سگر محلہ لوہاراں۔ ضلع شاہ پور
۱۶۳	عبدالرحمٰن صاحب پھوڑا 〃	۱۸۰	فتح الدین صاحب 〃
۱۶۴	ملک قطب الدین خاں صاحب پنشنر اکسٹرا اسسٹنٹ سیالکوٹ۔	۱۸۰ الف	شمس الدین صاحب 〃
۱۶۵	محمد عالم صاحب چکیاہی 〃	۱۸۱	نظام الدین صاحب 〃
۱۶۶	عبدالغنی صاحب داتہ 〃	۱۸۲	شرف الدین صاحب 〃
۱۶۷	لعل شاہ صاحب گولڑہ۔ حال 〃	۱۸۳	اللہ دین صاحب 〃
۱۶۸	محمد گل صاحب۔ سید پور۔ علاقہ گہوڑی ضلع مظفر آباد۔	۱۸۴	غلام محمد صاحب بھیرہ محلہ لوہاراں۔
۱۶۹	حبیب اللہ صاحب۔ بانڈی ڈھونڈاں۔ ایبٹ آباد۔	۱۸۵[لہ]	چراغ الدین صاحب بھیرہ ضلع شاہ پور محلہ لوہاراں۔
۱۷۰	شیخ نور احمد صاحب ولد حاجی قائم دین صاحب چنیوٹ۔ جھنگ۔	۱۸۶	خدابخش صاحب 〃
۱۷۱	محمد اسمٰعیل صاحب جھنگ مدرسہ	۱۸۷	عنایت اللہ صاحب 〃
۱۷۲	اللہ بخش صاحب 〃 〃	۱۸۸	فضل الٰہی صاحب 〃
۱۷۳	حکیم دلبر صاحب 〃 〃	۱۸۹	محمد اسلام صاحب 〃
۱۷۴	عطا محمد صاحب 〃 〃	۱۹۰	عبدالغفور صاحب 〃
۱۷۵	محمد حیات صاحب 〃 〃	۱۹۱	الہ دین صاحب 〃
۱۷۶	محمد حسین صاحب 〃 〃	۱۹۲	خواجہ محمد شریف احمد صاحب پشاوری ساکن بھیرہ۔
		۱۹۳	عبدالسبحان خاں صاحب جہلی حال وارد بھیرہ

ص۳۰

لہ، نقل مطابق اصل (رحم)

۱۹۴	فضل الٰہی صاحب - بھیرہ
۱۹۵	حبیب اللہ صاحب پراچہ "
۱۹۶	غلام الٰہی صاحب "
۱۹۷	غلام رسول صاحب "
۱۹۸	عبدالرؤف صاحب "
۱۹۹	فضل الٰہی صاحب "
۲۰۰	عنایت اللہ صاحب "
۲۰۱	اللہ جوایا آہنگر "
۲۰۲	حاجی آہنگر "
۲۰۳	حاجی نور احمد صاحب "
۲۰۴	فضل الدین صاحب "
۲۰۵	صدرالدین صاحب "
۲۰۶	نظام الدین صاحب "
۲۰۷	شمس الدین صاحب "
۲۰۸	چراغ الدین صاحب "
۲۰۹	محمد الدین صاحب "
۲۱۰	اللہ دتا صاحب "
۲۱۱	عبدالکریم صاحب "
۲۱۲	اللہ دین صاحب "
۲۱۳	خدابخش صاحب "
۲۱۴	محمد اعظم صاحب میروال ضلع سیالکوٹ
۲۱۵	محمد علی خان صاحب نمبردار میروال ضلع سیالکوٹ
۲۱۶	علی اکبر صاحب "
۲۱۷	غلام یٰسین صاحب بریار تحصیل رعیہ
۲۱۸	محمد شاہ صاحب ستراہ - پسرور
۲۱۹	غلام رسول صاحب - دوناچک
۲۲۰	محمد اشرف صاحب کوٹ بوچہ
۲۲۱	شیخ نبی بخش صاحب - کوڑی
۲۲۲	فضل حسین صاحب - چاند
۲۲۳	محمد الدین صاحب - میروال
۲۲۴	مولابخش صاحب "
۲۲۵	اکبر خاں صاحب "
۲۲۶	نعمت خاں صاحب "
۲۲۷	مہتاب الدین صاحب "
۲۲۸	شیخ علیم اللہ صاحب "
۲۲۹	سید لدھے شاہ "
۲۳۰	عبدالعزیز صاحب "
۲۳۱	سید علی صاحب "
۲۳۲	برکت علی صاحب "
۲۳۳	محمد جان صاحب ذیلدار - بدوملی
۲۳۴	پیر احمد صاحب نمبردار - "
۲۳۵	علی محمد صاحب پٹواری - "

۲۳۶ عبداللہ شاہ صاحب واعظ بدوملی

۲۳۷ نظام الدین خانصاحب ملازم چیف کورٹ لاہور

۲۳۸ جھنڈے شاہ صاحب مدرس مشن سکول بدوملی۔

۲۳۹ ملاوامل صاحب ہندو لاہور اندرون لوہاری دروازہ۔ عبارت تصدیق یہ ہے:۔ "جناب مرزا صاحب نے جو پیشگوئی بابت پنڈت لیکھرام فرمائی تھی میعاد کے اندر پوری ہوئی۔ بقلم خود"

۲۴۰ جوالا سنگھ صاحب ہندو نمبردار ساکن کوٹلو مان تحصیل رعیہ۔ عبارت تصدیق یہ ہے:۔ "یہ بات سچی ہے جو مرزا صاحب نے کہا تھا لیکھرام مرگیا ہے"

۲۴۱ ویر بھانا صاحب بدوملی "پنڈت لیکھرام فوت ہوگیا ہے"

۲۴۲ دُنی چند صاحب بدوملی "پنڈت لیکھرام صاحب میعاد کے اندر فوت ہوا۔"

۲۴۳ آتما سنگھ صاحب بدوملی "پنڈت لیکھرام صاحب میعاد کے اندر فوت ہوا"

۲۴۴ نہال چند صاحب اروڑا۔ "پنڈت لیکھرام میعاد کے اندر فوت ہوا"

۲۴۵ حقیقت رام۔ "پنڈت لیکھرام مرگیا ہے"

۲۴۶ لچھمن داس۔ "پنڈت لیکھرام میعاد کے اندر مرگیا ہے"

۲۴۷ ٹھاکر داس اروڑا۔ " بشرح صدر"

۲۴۸ بیر بل صاحب بدوملی قوم اروڑا شاہوکار۔ عبارت تصدیق یہ ہے:۔ "یہ پیشگوئی مرزا صاحب کی سچی ہے۔ بقلم خود"

۲۴۹ حاکم صاحب نمبردار بدوملی۔

۲۵۰ مولوی غلام علی صاحب نوشاہی حنفی قادری۔ امرتسر۔

۲۵۱ الف دین صاحب مگولہ ضلع سیالکوٹ

۲۵۲ سید حسین صاحب سجادہ نشین بدوملی۔

۲۵۳ سید غلام قادر صاحب سجادہ نشین بدوملی

۲۵۴ چراغ الدین صاحب نمبردار موضع عمی

۲۵۵ میاں مستقیم صاحب امام مسجد۔ بدوملی

۲۵۶ غلام حیدر صاحب ممبر کمیٹی۔ بدوملی

۲۵۷ نور احمد صاحب نمبردار۔ کلدیوال۔ رعیہ

۲۵۸	غلام محمد صاحب نمبردار۔ بھاگیاں۔ رعیۃ
۲۵۹	غلام قادر صاحب نمبردار۔ گٹھیاں "
۲۶۰	یار ا صاحب نمبردار۔ اکبریاں "
۲۶۲	سید گلاب شاہ صاحب امام مسجد جامع بدوملی
۲۶۳	سید عابد علی صاحب حکیم۔ دھرم کوٹ
۲۶۴	جمیتا نمبردار۔ بھاٹیانوالہ۔ رعیۃ۔
۲۶۵	کرم داد خانصاحب نمبردار۔ کوٹ۔ رعیۃ
۲۶۶	علی گوہر صاحب نمبردار گٹھالیاں۔ پسرور
۲۶۷	چند شاہ سید نمبردار قنبوپر۔ "
۲۶۸	چنڈا نمبردار جلووالی "
۲۶۹	عادل خان صاحب سجادہ نشین۔ بدوملی
۲۷۰	نواب نمبردار۔ "
۲۷۱	فقیر حسن امیر شاہ صاحب سجادہ نشین۔ جنڈیالہ کلساں۔
۲۷۲	شنگر فعلی صاحب مدرس شیخوپورہ۔ گوجرانوالہ
۲۷۳	غلام رسول صاحب اسٹامپ فروش۔ بدوملی
۲۷۴	سید احمد شاہ صاحب مشہدی کٹھیالیاں "
۲۷۵	محمد حسین صاحب مشہدی۔ کوٹلی تارا پسرور
۲۷۶	سید محمد شاہ " نورپور۔ پسرور
۲۷۷	سید امام علی شاہ صاحب حکیم " "
۲۷۸	عمرالدین صاحب درویش۔ بدوملی
۲۷۹	جیون سنگھ نمبردار بھاٹھانوالہ۔ عبارت تصدیق یہ ہے:۔ "ہم نے مان لیا مرزا صاحب سچے ہیں اور لیکھرام فوت ہوگیا ہے۔"

نوٹ:۔ یہ دستخط مصدقین کے قریب چار ہزار کے تھے۔ ہم نے اس رسالہ میں صرف تھوڑے سے نام بطور نمونہ لکھدیئے ہیں۔ فقط

۲۱۰

ضمیمہ تریاق القلوب نمبر۲

ہم اِس ضمیمہ میں ایک مختصر فہرست اپنے اُن نشانوں کی جو آج تک یعنے ۲۰ راگست ۱۸۹۹ء تک ظہور میں آچکے ہیں حق کے طالبوں کی ہدایت کے لئے ذیل میں لکھتے ہیں اور وہ یہ ہے :-

شمار	تفصیل نشان
۱	نواب سردار محمد حیات خاں صاحب ایک وقت معطّل ہو گئے تھے۔ اور گورنمنٹ سے اُن پر کئی الزام قائم ہو کر ایک سخت اور خطرناک مقدمہ دائر کیا گیا تھا۔ ان مشکلات کے وقت ان کی نسبت میرے بھائی میرزا غلام قادر مرحوم نے مجھ سے سفارش کی کہ اُن کے لئے دُعا کی جائے۔ دُعا کے بعد اُن کے بَری ہونے کی بشارت خواب میں مجھ کو ملی۔ اور مَیں نے اُن کو خواب میں عدالت کی کُرسی پر بیٹھے ہوئے دیکھا اور مَیں نے کہا کہ تم معطّل تھے۔ اُنہوں نے جواب دیا کہ ہاں اُس جہان میں مگر اِس جہان میں نہیں۔ اور ایک مرتبہ خواب میں مَیں نے اُن کو کہا کہ تم کچھ خوف مت کرو۔ خدا تعالیٰ ہر ایک چیز پر قادر ہے۔ وہ تم کو اِس بلا سے نجات دے گا اور بَری کر دے گا۔ اِس پیشگوئی کے گواہ بہت سے ہندو مسلمان ہیں۔ اور اُن میں سے ایک ہندو لالہ شرمپت بھی ہے جو اسی گاؤں میں رہتا ہے۔ اور خود نواب سردار محمد حیات خاں صاحب گواہ ہیں۔ کیونکہ میرے بھائی نے اِس خواب سے اُن کو اطلاع دے دی تھی۔ اور نیز فضل احمد میرے لڑکے نے بھی اُن کو خبر دی تھی۔ اور نیز دو نسخے براہین احمدیہ بھی جن میں اِس پیشگوئی کے پُورا ہونے کا ذکر ہے

اُن کی خدمت میں اور اُن کے بھائی صاحب کی خدمت میں بھیجے گئے تھے۔* اور انجام کار ایسا ہی ہوا جیسا کہ کہا گیا تھا۔ نواب صاحب موصوف خود حلفاً بیان کر سکتے ہیں کہ یہ واقعہ سچا ہے۔ لیکن چونکہ مَیں جانتا ہوں کہ انسان بعض مصالح کے سبب سے کبھی کبھی سچی گواہی کے ادا کرنے پر دلیری نہیں کر سکتا۔ لہٰذا مَیں اُن کی خدمت میں اور سب گواہوں کی خدمت میں باادب التماس کرتا ہوں کہ اگر وہ ان پیشگوئیوں کے علم سے جن میں انکو گواہ بنایا گیا ہے انکار کریں۔ تو اپنے عزیز فرزندوں کے نام پر خدا تعالیٰ کی قسم کھالیں کہ یہ پیشگوئی جھوٹی ہے۔ اور قبل اس کے کہ نواب صاحب میری گواہی دیں۔ مَیں خدا تعالیٰ کی قسم کھاکر کہتا ہوں کہ یہ تمام واقعہ حق ہے۔ ولعنة اللّٰہ علی الکاذبین اور یہ پیشگوئی آج سے بیس برس پہلے کتاب براہین احمدیہ میں درج ہو کر لاکھوں انسانوں میں مشتہر ہو چکی ہے۔ دیکھو براہین احمدیہ صفحہ ۲۵۲۔

۲ ایک آریہ شرمپت نام قوم کھتری جس کا نمبر اوّل میں ذکر آیا ہے جو کبھی کبھی میرے پاس آتا تھا۔ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئیوں کا منکر اور سخت معاندِ اسلام تھا۔ پھر ایسا اتفاق ہوا کہ ناگہاں اس کا بھائی بشمبر داس نام ایک فوجداری الزام کے نیچے آکر ایک برس کی قید کا سزایاب ہو گیا۔ اور اُس کے ہمراہ ایک اور بھی قید ہوا۔ جس کا نام خوشحال تھا اور اُس کو ڈیڑھ سال کی سزا ہوئی۔ اِس مصیبت کے وقت شرمپت نے مجھ سے اپنے بھائی بشمبر داس کی نسبت دُعا چاہی اور یہ بھی کہا کہ اس سے مَیں امتحان

* کوئی عقلمند اِس بات کو مان نہیں سکتا کہ ایک شہرت یافتہ کتاب کی پیشگوئی جس کو بیس برس گذر چکے اگر وہ خلاف واقعہ اور افترا ہو تو اتنی مدّت تک وہ شخص خاموش رہ سکے جس کی نسبت یہ پیشگوئی ہے۔ بالخصوص اس حالت میں کہ جب کہ بلا توقف وہ کتاب اس کو دے دی گئی ہو۔ منہ

کرلونگا۔ اور یہ بھی کہا کہ ہم نے اس مقدمہ کا چیف کورٹ میں اپیل کیا ہے۔ اگر مجھے الہام کے ذریعہ سے یہ خبر مل جائے کہ اس اپیل کا کیا نتیجہ نکلے گا۔ اور یہ خبر سچی نکلی تو میں سمجھوں گا کہ اسلام میں یہ طاقت موجود ہے۔ چنانچہ اُس کے کمال اصرار کی وجہ سے خدا تعالےٰ کی جناب میں دُعا کی گئی اور وہ دُعا منظور ہوئی۔ اور بذریعہ الہام مجھے بتلایا گیا کہ اِس مقدمہ کی مثل چیف کورٹ سے عدالت ماتحت میں واپس آئے گی۔ اور پھر اس عدالت ماتحت میں تحقیقات ہو کر نصف قید بشمبر داس کی تخفیف کر دیجائے گی۔ مگر بری نہیں ہوگا۔ اور جو اس کا دُوسرا رفیق ہے وہ ہرگز خلاصی نہیں پائیگا جب تک پُوری قید بھگت نہ لے۔ اور بَری وہ بھی نہیں ہوگا اور اُس کے ایام قید میں سے ایک دن بھی کم نہ ہوگا۔ اور مَیں نے اُسوقت کشفی طور پر یہ بھی دیکھا کہ مَیں قضا و قدر کے دفتر میں گیا ہوں۔ اور ایک کتاب میرے سامنے پیش کی گئی جس میں بشمبر داس کی ایک برس کی قید لکھی ہے۔ تب مَیں نے اُس کی قید میں سے آدھی قید کو اپنے ہاتھ سے اور اپنی قلم سے کاٹ دیا ہے۔ یہ وہ عظیم الشان پیشگوئی ہے جس میں دُعا کی قبولیت اور تصرف ہمت اور پیش از وقت بتلانا تینوں امر ثابت ہیں۔ اور شرمپت سخت مخالف اِسلام اور قوم پرست ہے۔ اس کے مُنہ سے یہ نکلنا مشکل ہے کہ یہ پیشگوئی ہُو بہو سچی نکلی۔ کیونکہ بوجہ قوم پرستی قومی رعب اس کو کھائیگا۔ لیکن تاہم اسکے مُنہ سے سچ کہلانے کا نہایت سہل طریق یہ ہے کہ اس کو اُسکے بیٹوں کی قسم دیجائے۔ یعنے بیٹوں کے سر پر ہاتھ رکھکر بطور قسم یہ کہے کہ یہ پیشگوئی میرے نزدیک جھوٹ ہے اور پُوری نہیں ہوئی اور مَیں خدا تعالےٰ کی قسم کھا کر کہتا ہوں یہ تمام واقعہ حق ہے و لعنۃ اللہ علی الکاذبین۔ اِس پیشگوئی کا ضمیمہ ایک یہ بھی امر ہے کہ جب بشمبر داس نے اپیل کیا اور وہ اپیل چیف کورٹ میں لیا گیا۔ تو بشمبر داس کے بھائیوں نے مشہور کیا کہ بشمبر داس بری ہو گیا۔ اور چونکہ ایسی شہرت میرے الہام کے مخالف تھی اسلئے ۳۲

	بعض نادان لوگوں نے مجھے ملزم کیا کہ تم تو کہتے تھے کہ مثل مقدمہ ماتحت عدالت میں واپس آئیگی اور قید نصف تخفیف ہوگی اور بری نہیں ہوگا اور وہ بری ہوگیا۔ تب مجھے مسجد میں سجدہ کی حالت میں یہ الہام ہُوا۔ لا تخف إنك انت الاعلیٰ۔ یعنے کچھ خوف مت کر کہ تو غالب ہے اور فتح تیرے نام ہے۔ اور تھوڑے وقت کے بعد معلوم ہوگیا کہ یہ خبر جھوٹی مشہور کی گئی تھی۔ اور اس جھوٹی خبر کا فائدہ یہ ہُوا کہ ایک اور پیشگوئی ظہور میں آگئی۔ اور یہ پیشگوئی جیساکہ بیان کیا گیا تھا کہ مثل مقدمہ عدالت ماتحت میں واپس آئیگی اور نصف قید بشمبرداس کی تخفیف ہوگی۔ مگر دونوں مجرم بری ہرگز نہیں ہونگے۔ ویسا ہی بعینہٖ ظہور میں آگئی۔ یہ تمام پیشگوئی ہماری کتاب براہین احمدیہ میں عرصہ بیس برس سے مندرج ہوکر لاکھوں انسانوں میں مشتہر ہوچکی ہے۔ دیکھو صفحہ ۲۵۰ و ۲۵۱ و ۵۵۰ براہین احمدیہ۔
٣	پنڈت دیانند سورستی کی موت کی خبر قادیان کے بعض ہندوؤں کو جن میں لالہ شرمپت مذکور بھی ہے۔ اس واقعہ سے قریبًا تین ماہ پہلے دی گئی۔ اور بیان کیا گیا کہ پنڈت مذکور پیشگوئی کے روز سے تین ماہ کے عرصہ تک فوت ہوجائیگا۔ چنانچہ وہ تین ماہ کے اندر بمقام اجمیر فوت ہوگیا۔ اور کئی اور مسلمانوں کو بھی یہ خبر دی گئی اور ہر ایک حلفًا اِس واقعہ کی تصدیق کرسکتا ہے۔ مگر لالہ شرمپت کے لئے قوم پرستی کی وجہ سے یہ گواہی دینا بھی مشکل ہے جبتک کہ وہ اس مضمون کی قسم نہ کھاویں جس کا نمبر ۱ میں ذکر ہوچکا ہے۔ یہ پیشگوئی بھی عرصہ بیس برس سے ہماری کتاب براہین احمدیہ میں مندرج ہوکر لاکھوں انسانوں میں شہرت پاچکی ہے۔ دیکھو صفحہ ۵۲۵ براہین احمدیہ۔
٤	ایک ہندو آریہ ساکن قادیان ملاوامل نام تپ دق میں مبتلا ہوگیا اور ایکدن اپنی زندگی سے نومید ہوکر میرے پاس آکر بہت رویا۔ مَیں نے اُس کے حق میں دعا کی۔ تب الہام ہُوا۔ قلنا یا نار کونی بردًا و سلامًا۔ یعنے ہم نے کہا کہ اے تپ کی

آگ ٹھنڈی ہو جا اور سلامتی ہو جا۔ یہ الہام اس کو اور کئی آدمیوں کو سُنایا گیا اور بیان کیا گیا کہ وہ اِس مرض سے شفا پا جائیگا چنانچہ اس الہام کے بعد ایک ہفتہ کے اندر ہی وہ ہندو شفا پا گیا۔ یہ آریہ بھی یعنے ملاوامل بباعث مذہبی عناد اور تعصب کے جس کا آجکل آریوں کو سبق دیا جاتا ہے۔ ہرگز سچ نہیں بولے گا۔ کیونکہ ان لوگوں کی یہ عادت ہے کہ وہ دوسری قوم کے مقابل پر جھوٹ بولنا یا سچی گواہی کو ہر حیلہ چھپانا ثواب سمجھتے ہیں۔ لیکن اگر اس کو بھی وُہی اولاد کی قسم دیجائے جس کا ذکر ابھی ہم نے شرمپت کی قسم میں کیا ہے تو پھر ممکن نہیں کہ جھوٹ بولے۔ کیونکہ ان لوگوں کو خدا کی نسبت اولاد زیادہ پیاری ہے۔ جس شخص کے نزدیک جھوٹ اور اخفاء حق اور گواہی کو چھپانا مذہب کے لئے سب روا بلکہ پرمیشر کی خوشی کا باعث ہو۔ اس کا بجز اس کے کیا علاج ہے کہ اولاد کی قسم اس کو دیجائے۔ اور یہ پیشگوئی بھی عرصہ بیس برس سے ہماری کتاب براہین احمدیہ میں مندرج ہو کر لاکھوں انسانوں میں شہرت پا چکی ہے۔ دیکھو صفحہ ۲۲۷، ۲۲۸ براہین احمدیہ۔

۵ شیخ حامد علی ساکن تھہ غلام نبی ضلع گورداسپورہ جو ایک مُدت تک میرے پاس رہا ہے اور بہت سے نشانوں کا گواہ ہے۔ ایک یہ نشان اسکے روبرو ظہور میں آیا کہ ظہر کی نماز کا وقت تھا کہ یکدفعہ مجھے الہام ہوا۔ ترٰی فخذًا الیمًا۔ یعنے تو ایک دردناک ران دیکھے گا۔ تب مَیں نے یہ الہام اُس کو سُنایا۔ اور پھر بعد اسکے بلاتوقف مَیں نماز کے لئے مسجد کی طرف روانہ ہونے لگا۔ اور وہ بھی میرے ساتھ ہی زینہ پر سے اُترا۔ ۲۴۳
جب ہم زینہ پر سے اُتر آئے تو دو گھوڑوں پر دو لڑکے سوار دکھائی دئے جن کی عمر بیس برس کے اندر اندر ہوگی۔ ایک کچھ چھوٹا اور ایک بڑا۔ وہ سوار ہونے کی حالت میں ہی ہمارے پاس آکر کھڑے ہو گئے۔ اور ایک نے اُن میں سے مجھ کو کہا کہ یہ دوسرا سوار میرا بھائی ہے

	اور اس کی ران میں سخت درد ہو رہا ہے۔ اس کا کوئی علاج پوچھنے آئے ہیں۔ تب میں نے حامد علی کو کہہ دیا کہ گواہ رہ کر یہ پیشگوئی دو تین منٹ میں ہی پوری ہوگئی۔ شیخ حامد علی اپنے گاؤں میں زندہ موجود ہے۔ اُس سے حلفاً ہر ایک طالب حق دریافت کر سکتا ہے۔ حلف وُہی ہوگی جس کا نمونہ نمبر ۲ میں ہم بیان کر چکے ہیں۔
۶	ایک میرے مخلص عبد اللہ نام پٹواری غوث گڈھ علاقہ ریاست پٹیالہ کے دیکھتے ہوئے اور اُن کی نظر کے سامنے یہ نشان الٰہی ظاہر ہوا کہ اوّل مجھ کو کشفی طور پر دکھلایا گیا کہ میں نے بہت سے احکام قضا و قدر کے اہلِ دُنیا کی نیکی بدی کے متعلق اور نیز اپنے لئے اور اپنے دوستوں کے لئے لکھے ہیں۔ اور پھر تمثّل کے طور پر میں نے خدا تعالیٰ کو دیکھا۔ اور وہ کاغذ جناب باری کے آگے رکھدیا کہ وہ اسپر دستخط کر دیں۔ مطلب یہ تھا کہ یہ سب باتیں جن کے ہونے کے لئے میں نے ارادہ کیا ہے ہو جائیں۔ سو خدا تعالیٰ نے سُرخی کی سیاہی سے دستخط کر دئے۔ اور قلم کی نوک پر جو سُرخی زیادہ تھی اُسکو جھاڑا۔ اور معاً جھاڑنے کے ساتھ ہی اُس سُرخی کے قطرے میرے کپڑوں اور عبد اللہ کے کپڑوں پر پڑے۔ اور چونکہ کشفی حالت میں انسان بیداری سے حصّہ رکھتا ہے۔ اِسلئے مجھے جبکہ ان قطروں سے جو خدا تعالیٰ کے ہاتھ سے گرے اطلاع ہوئی۔ ساتھ ہی میں نے بچشم خود ان قطروں کو بھی دیکھا۔ اور میں رقّتِ دل کے ساتھ اِس قصّہ کو میاں عبد اللہ کے پاس بیان کر رہا تھا۔ کہ اتنے میں اُس نے بھی وہ تر بتر قطرے کپڑوں پر پڑے ہوئے دیکھ لئے۔ اور کوئی ایسی چیز ہمارے پاس موجود نہ تھی جس سے اُس سُرخی کے گرنے کا کوئی احتمال ہوتا۔ اور وہ وہی سُرخی تھی جو خدا تعالیٰ نے اپنی قلم سے جھاڑی تھی۔ ابتک بعض کپڑے میاں عبد اللہ کے پاس موجود ہیں جن پر وہ بہت سی سُرخی پڑی تھی۔ اور میاں عبد اللہ زندہ موجود ہیں اور اِس کیفیت کو حلفاً بیان کر سکتے ہیں۔ کہ کیونکر یہ خارق عادت اور اعجازی طور پر امر تھا۔

	اور حلف نمونہ نمبر ۱ پر بھی ہوگی۔ اور یہ نشان انہی ایام میں کتاب سُرمہ چشم آریہ میں درج کیا گیا تھا۔ دیکھو میری کتاب سُرمہ چشم آریہ صفحہ ۱۰۲۔ حاشیہ مطبع اسلامیہ پریس لاہور ۱۸۸۶ء ۔
۷	میرے والد صاحب میرزا غلام مرتضٰی مرحوم کی وفات کا جب وقت قریب آیا۔ اور صرف چند پہر باقی رہ گئے تو خدا تعالیٰ نے انکی وفات سے مجھے ان الفاظ عزاپرسی کے ساتھ خبر دی۔ وَالسَّمَاءِ وَالطَّارِق۔ یعنے قسم ہے آسمان کی اور قسم ہے اُس حادثہ کی جو آفتاب کے غروب کے بعد ظہور میں آئے گا۔ اور چونکہ اُنکی زندگی سے بہت سے وجوہ معاش ہمارے وابستہ تھے۔ اِس لئے بشریت کے تقاضا سے یہ خیال دل میں گذرا کہ انکی وفات ہمارے لئے بہت سے مصائب کا موجب ہوگی۔ کیونکہ وہ رقم کثیر آمدنی کی ضبط ہوجائے گی۔ جو اُنکی زندگی سے وابستہ تھی۔ اِس خیال کے آنے کے ساتھ ہی یہ الہام ہُوا۔ اَلَیْسَ اللّٰہُ بِکَافٍ عَبْدَہٗ ۔ یعنے کیا خُدا اپنے بندے کو کافی نہیں ہے۔ تب وہ خیال یُوں اُڑ گیا جیسا کہ روشنی کے نکلنے سے تاریکی اُڑ جاتی ہے۔ اور اُسی دن غروب آفتاب کے بعد میرے والد صاحب فوت ہوگئے جیسا کہ الہام نے ظاہر کیا تھا۔ اور جو الہام اَلَیْسَ اللّٰہُ بِکَافٍ عَبْدَہٗ ہُوا تھا۔ وہ بہت سے لوگوں کو قبل از وقت سُنایا گیا جن میں سے لالہ شرمپت مذکور اور لالہ ملاوامل مذکور کھتریان ساکنان قادیان ہیں اور جو حلفاً بیان کرسکتے ہیں۔ اور پھر مرزا صاحب مرحوم کی وفات کے بعد وہ عبارتِ الہام ایک نگینہ پر کھدوائی گئی۔ اور اتفاقاً اسی ملاوامل کو جب وہ کسی اپنے کام کے لئے امرتسر جاتا تھا۔ وہ عبارت دی گئی کہ تا وہ نگینہ کھدوا کر اور مُہر بنوا کر لے آئے۔ چنانچہ وہ حکیم محمد شریف مرحوم امرتسری کی معرفت بنوا کر لے آیا جو اب تک میرے پاس موجود ہے جو اِس جگہ لگائی جاتی ہے اور وہ یہ ہے۔ (اَلَیْسَ اللّٰہُ بِکَافٍ عَبْدَہٗ) اب ظاہر ہے۔ کہ اِس پیشگوئی میں ایک تو یہی امر ہے کہ جو پُورا ہُوا۔ یعنے یہ کہ الہام کے ایما کے موافق

میرے والد صاحب کی وفات قبل[1] از غروب آفتاب ہوئی۔ باوجود اسکے کہ وہ بیماری سے صحت پاچکے تھے اور قوی تھے اور کچھ آثار موت ظاہر نہ تھے اور کوئی بھی نہیں کہہ سکتا تھا کہ وہ ایک برس تک بھی فوت جائیں گے۔ لیکن مطابق منشاء الہام سُورج کے ڈوبنے کے بعد انہوں نے انتقال فرمایا۔ اور پھر دُوسرا الہام یہ پُورا ہُوا کہ والد مرحوم مغفور کی وفات سے مجھے کچھ دُنیوی صدمہ نہیں پہنچا جس کا اندیشہ تھا۔ بلکہ خدائے قدیر نے مجھے ۲۱۴
اپنے سایۂ عاطفت کے نیچے ایسا لے لیا کہ ایک دُنیا کو حیران کیا۔ اور اس قدر میری خبرگیری کی اور اِس قدر وُہ میرا متوّلی اور متکفّل ہوگیا کہ باوجود اس کے کہ میرے والد صاحب مرحوم کے انتقال کو چوبیس برس آج کی تاریخ تک جو ۲۰ اگست ۱۸۹۹ء اور ربیع الثانی ۱۳۱۷ھ ہے گذر گئے۔ ہر ایک تکلیف اور حاجت سے مجھے محفوظ رکھا۔ اور یہ ظاہر ہے کہ مَیں اپنے والد کے زمانہ میں ایک گمنام تھا۔ خدا نے اُن کی وفات کے بعد لاکھوں انسانوں میں مجھے عزّت کے ساتھ شہرت دی اور مَیں والد صاحب کے زمانہ میں اپنے اقتدار اَور اختیار سے کوئی مالی قُدرت نہیں رکھتا تھا۔ اور خدا تعالیٰ نے اُنکے انتقال کے بعد اِس سلسلہ کی تائید کیلئے اِس قدر میری مدد کی اَور کر رہا ہے کہ جماعت کے درویشوں اور غریبوں اور مہمانوں اَور حق کے طالبوں کی خوراک کیلئے جو ہر ایک طرف سے صدہا بندگانِ خدا آرہے ہیں۔ اور نیز تالیف کے کام کے لئے ہزارہا روپیہ بہم پہنچایا اور ہمیشہ پہنچاتا ہے۔ اِس بات کے گواہ اِس گاؤں کے تمام مسلمان اور ہندو ہیں جو دو ہزار سے کچھ زیادہ ہوں گے۔

۸ ایسا اتفاق دو ہزار مرتبہ سے بھی زیادہ گذرا ہے کہ خدا تعالیٰ نے میری حاجت کے وقت مجھے اپنے الہام یا کشف سے یہ خبر دی کہ عنقریب کچھ روپیہ آنے والا ہے۔ اور بعض وقت آنے والے روپیہ کی تعداد سے بھی خبر دیدی۔ اور بعض وقت یہ خبر دی کہ اِس قدر روپیہ فلاں تاریخ میں اور فلاں شخص کے بھیجنے سے آنے والا ہے۔ اور

[1] نقل مطابق اصل۔ کاتب کی غلطی معلوم ہوتی ہے۔ دراصل لفظ بعد از غروب آفتاب ہوگا۔ (شمس)

	ایسا ہی ظہور میں آیا۔ اور اس بات کے گواہ بھی بعض قادیان کے ہندو اور کئی سَو مسلمان ہونگے جو حلفاً بیان کر سکتے ہیں۔ اور اس قسم کے نشان دو ہزار یا اس سے بھی زیادہ ہیں۔ اور یہ اِس بات کی بھی دلیل ہے کہ کیونکر خدا تعالیٰ حاجات کے وقت میں میرا متولّی اور متکفّل ہوتا رہا ہے۔ اور اکثر عادت الٰہی مجھ سے یہی ہے کہ وہ پیش از وقت مجھے بتلا دیتا ہے کہ وہ دُنیا کے انعامات میں سے کسی قسم کا انعام مجھ پر کرنا چاہتا ہے، اور اکثر وہ مجھے بتلا دیتا ہے کہ کل تُو یہ کھائے گا اور یہ پئے گا۔ اور یہ تجھے دیا جائے گا! اور ویسا ہی ظہور میں آجاتا ہے کہ جو وہ مجھے بتلاتا ہے۔ اور اِن باتوں کی تصدیق چند ہفتہ میرے پاس رہنے سے ہر ایک شخص کر سکتا ہے۔ ایسے نشان شیخ حامد علی مذکور اور لالہ شرمپت اور ملا وامل نے بہت دیکھے ہیں اور وہ حسب نمونہ قسم نمبر ۱ حلفاً بیان کر سکتے ہیں اور میری جماعت کے دوستوں میں سے کوئی کم ہوگا جس نے ایک دو مرتبہ بچشم خود ایسا نشان نہ دیکھا ہوگا۔
۹	عرصہ تخمیناً اٹھارہ برس کا ہوا ہے کہ مَیں نے خدا تعالیٰ سے الہام پا کر چند آدمیوں کو ہندوؤں اور مسلمانوں میں سے اِس بات کی خبر دی کہ خدا نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا ہے کہ انا نبشّرک بغلامٍ حسین۔ یعنے ہم تجھے ایک حسین لڑکے کے عطا کرنے کی خوشخبری دیتے ہیں۔ مَیں نے یہ الہام ایک شخص حافظ نور احمد امرتسری کو سُنایا۔ جو ابتک زندہ ہے اور بباعث میرے دعویٰ مسیحیت کے مخالفوں میں سے ہے۔ اور نیز یہی الہام شیخ حامد علی کو جو میرے پاس رہتا تھا سُنایا۔ اور دو ہندوؤں کو جو آمد و رفت رکھتے تھے۔ یعنے شرمپت اور ملا وامل ساکنانِ قادیان کو بھی سُنایا۔ اور لوگوں نے اس الہام سے تعجب کیا۔ کیونکہ میری پہلی بیوی کو عرصہ بیس سال سے اولاد ہونی موقوف ہو چکی تھی اور دُوسری کوئی بیوی نہ تھی۔ لیکن حافظ

	نور احمد نے کہا کہ خدا کی قدرت سے کیا تعجب کر وہ لڑکا دے۔ اس سے قریباً تین برس کے بعد جیسا کہ ابھی لکھتا ہوں دہلی میں میری شادی ہوئی اور خدا نے وہ لڑکا بھی دیا اور تین اور عطا کئے۔ اِس بیان کی تمام یہ لوگ تصدیق کریں گے بشرطیکہ قسم نمونہ نمبر ۲ دے کر پوچھا جائے۔ اور حافظ نور احمد سخت مخالف ہے مگر نمونہ نمبر ۲ کی قسم اس کو بھی سچ بولنے پر مجبور کرے گی۔
۱۰	تخمیناً اٹھارہ برس کے قریب عرصہ گذرا ہے کہ مجھے کسی تقریب سے مولوی محمد حسین بٹالوی ایڈیٹر رسالہ اشاعۃ السنّۃ کے مکان پر جانے کا اتّفاق ہوا۔ اُس نے مجھ سے دریافت کیا کہ آجکل کوئی الہام ہوا ہے؟ مَیں نے اُسکو یہ الہام سُنایا۔ جس کو مَیں کئی دفعہ اپنے مخلصوں کو سُنا چکا تھا۔ اور وہ یہ ہے کہ بکرٌ و ثیّبٌ۔ جس کے یہ معنے اُن کے آگے اور نیز ہر ایک کے آگے مَیں نے ظاہر کئے کہ خدا تعالیٰ کا ارادہ ہے کہ وہ دو عورتیں میرے نکاح میں لائے گا۔ ایک بکر ہوگی اور دوسری بیوہ۔ چنانچہ یہ الہام جو بکر کے متعلق تھا پُورا ہوگیا۔ اور اسوقت بفضلہ تعالیٰ چار پسر اِس بیوی سے موجود ہیں اور بیوہ کے الہام کی انتظار ہے۔ مَیں نہیں یقین کرسکتا کہ مولوی محمد حسین بوجہ شدّتِ عناد اور تعصّب اِس پیشگوئی کی نسبت اپنی واقفیت بیان کرسکے۔ لیکن اگر حلف مطابق نمونہ نمبر ۲ دیجائے تو اِس صورت میں اُمید ہے کہ سچ بول دے۔
۱۱	تخمیناً سولہ برس کا عرصہ گذرا ہے کہ مَیں نے شیخ حامد علی اور لالہ شرمپت کھتری ساکن قادیان اور لالہ ملاوامل کھتری ساکن قادیان اور جان محمد مرحوم ساکن قادیان اور ص۳۵ بہت سے اَور لوگوں کو یہ خبر دی تھی کہ خدا نے اپنے الہام سے مجھے اطلاع دی ہے کہ

ایک شریف خاندان میں وہ میری شادی کریگا اور وہ قوم کے سیّد ہونگے۔* اور اُس بیوی کو خدا مبارک کریگا۔ اور اس سے اولاد ہوگی۔ اور یہ خواب اُن ایّام میں آئی تھی کہ جب مَیں بعض اعراض اور امراض کی وجہ سے بہت ہی ضعیف اور کمزور تھا بلکہ قریب ہی وہ زمانہ گذر چکا تھا جبکہ مجھے دِق کی بیماری ہوگئی تھی اور بباعث گوشہ گزینی اور ترکِ دُنیا کے اہتمامات تاہّل سے دِل سخت کارہ تھا اور عیالداری کے بوجھ سے طبیعت متنفّر تھی۔ تو اس حالت پُر ملالت کے تصوّر کے وقت یہ الہام ہُوا تھا۔ **ہرچہ باید نو عروسے را ہمہ ساماں کنم**۔ یعنے اِس

* نوٹ:۔ ہمارا خاندان جو ایک ریاست کا خاندان تھا۔ اس میں عادۃ اللہ اس طرح پر واقع ہوئی ہے کہ بعض بزرگ دادیاں ہماری شریف سادات کی لڑکیاں تھیں چنانچہ خدا تعالیٰ کے بعض الہامات میں بھی اِس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اِس عاجز کے خون کی بنی فاطمہ کے خون سے آمیزش ہے۔ اور درحقیقت وہ کشف براہین احمدیہ صفحہ ۵۰۳ کا جس میں لکھا ہے کہ مَیں نے دیکھا کہ میرا سر حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے مادرِ مہربان کی طرح اپنی ران پر رکھا ہُوا ہے۔ اِس سے بھی یہ اشارہ نکلتا ہے۔ الہام مندرجہ براہین صفحہ ۴۹۰ میں یہ بشارت دی تھی۔ سبحان اللّٰہ تبارك وتعالیٰ زاد مجدك۔ ینقطع آباؤك و یبدء منك۔ یعنے سب پاکیاں خدا کے لئے ہیں جو نہایت برکت والا اور عالی ذات ہے۔ اُس نے تیری بزرگی کو زیادہ کیا۔ اَب سے تیرے باپ دادے کا ذِکر منقطع ہوگا اور ابتدا خاندان کا تجھ سے کیا جائیگا۔ یعنے جس طرح ابراہیم علیہ السلام اپنے نئے خاندان کا بانی ہُوا۔ ایسا ہی تُو بھی ہوگا۔ کیونکہ الہام میں بار بار اِس عاجز کا نام ابراہیم رکھا گیا ہے جیسا کہ براہین صفحہ ۵۶۱ میں یہ الہام ہے۔ سلام علیٰ ابراھیم صافیناہ و نجّیناہ من الغم۔ تفرّدنا بذالك فاتخذوا من مقام ابراھیم مصلّٰی۔ یعنے اے ابراہیم تجھ پر سلام ہم نے ابراہیم سے صافی محبت کی اور اسکو غم سے نجات دی۔ ہم ہی اس بات سے خاص ہیں۔ پس اگر تم مقام اصطفاء چاہتے ہو۔ تو تم اس مقام پر اپنا قدم عبودیت رکھو جو ابراہیم یعنے اِس عاجز کا مقام ہے۔ منہ

شادی میں تجھے کچھ فکر نہیں کرنا چاہیئے۔ ان تمام ضروریات کا رفع کرنا میرے ذمہ رہیگا۔ سو قسم ہے اُس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ اُس نے اپنے وعدہ کے موافق اس شادی کے بعد ہر ایک بار شادی سے مجھے سبکدوش رکھا اور مجھے بہت آرام پہنچایا۔ کوئی باپ دُنیا میں کسی بیٹے کی پرورش نہیں کرتا جیسا کہ اُس نے میری کی۔ اور کوئی والدہ پوری ہوشیاری سے دن رات اپنے بچّہ کی ایسی خبر نہیں رکھتی جیسا کہ اُسنے میری رکھی۔ اور جیسا کہ اُسنے بہت عرصہ پہلے براہین احمدیہ میں یہ وعدہ کیا تھا کہ یا احمد اسکن انت و زوجك الجنة۔ ایسا ہی وہ بجالایا۔ معاش کا غم کرنے کے لئے کوئی گھڑی اُس نے میرے لئے خالی نہ رکھی۔ اور خانہ داری کے مہمات کے لئے کوئی اضطراب اُس نے میرے نزدیک آنے نہ دیا۔ ایک ابتلا مجھ کو اس شادی کے وقت یہ پیش آیا کہ بباعث اس کے کہ میرا دل اور دماغ سخت کمزور تھا اور مَیں بہت سے امراض کا نشانہ رہ چکا تھا۔ اور دو مرضیں یعنی ذیابیطس اور درد سر مع دورانِ سر قدیم سے میرے شاملِ حال تھیں جن کے ساتھ بعض اوقات تشنج قلب بھی تھا۔ اِس لئے میری حالت مردمی کالعدم تھی۔ اور پیرانہ سالی کے رنگ میں میری زندگی تھی۔ اِس لئے میری اِس شادی پر میرے بعض دوستوں نے افسوس کیا۔ اور ایک خط جس کو مَیں نے اپنی جماعت کے بہت سے معزز لوگوں کو دکھلا دیا ہے۔ جیسے اخویم مولوی نور الدین صاحب اور اخویم مولوی برہان الدین وغیرہ۔ مولوی محمد حسین صاحب ایڈیٹر اشاعۃ السنّۃ نے ہمدردی کی راہ سے میرے پاس بھیجا کہ آپنے شادی کی ہے اور مجھے حکیم محمد شریف کی زبانی معلوم ہوا ہے کہ آپ بباعث سخت کمزوری کے اِس لائق نہ تھے۔ اگر یہ امر آپکی روحانی قوّت سے تعلق رکھتا ہے تو مَیں اعتراض نہیں کر سکتا۔ کیونکہ مَیں اولیاء اللہ کے خوارق اور رُوحانی قوّتوں کا مُنکر نہیں ورنہ ایک بڑے فکر کی بات ہے ایسا نہ ہو کہ

کوئی ابتلا پیش آوے"۔ یہ ایک چھوٹے سے کاغذ پر رُقعہ ہے جو ابتک اتفاقاً میرے
پاس محفوظ رہا ہے۔ اور میری جماعت کے پچاس کے قریب دوستوں نے بچشم خود اسکو
دیکھ لیا اور خط پہچان لیا ہے۔ اور مجھے امید نہیں کہ مولوی محمد حسین صاحب اِس سے
انکار کریں۔ اور اگر کریں تو پھر حلف دینے سے حقیقت کُھل جائیگی۔ غرض اِس ابتلا
کے وقت مَیں نے جناب الٰہی میں دُعا کی۔ اور مجھے اس نے رفع مرض کے لئے اپنے
الہام کے ذریعہ سے دوائیں بتلائیں۔ اور مَیں نے کشفی طور پر دیکھا کہ ایک فرشتہ
وہ دوائیں میرے مُنہ میں ڈال رہا ہے۔ چنانچہ وہ دوا میں نے طیار کی۔ اور اسمیں
خدا نے اس قدر برکت ڈال دی کہ مَیں نے دِلی یقین سے معلوم کرلیا کہ وہ پُر صحت
۲۶ طاقت جو ایک پُورے تندرست انسان کو دُنیا میں مل سکتی ہے وہ مجھے دی گئی اور
چار لڑکے مجھے عطا کئے گئے۔ اگر دُنیا اِس بات کو مبالغہ نہ سمجھتی تو مَیں اِس جگہ اِس
واقعہ حقّہ کو جو اعجازی رنگ میں ہمیشہ کے لئے مجھے عطا کیا گیا بہ تفصیل بیان کرتا
تا معلوم ہوتا کہ ہمارے قادر قیوم کے نشان ہر رنگ میں ظہور میں آتے ہیں اور
ہر رنگ میں اپنے خاص لوگوں کو وہ خصوصیت عطا کرتا ہے جس میں دُنیا کے لوگ شریک
نہیں ہوسکتے۔ مَیں اس زمانہ میں اپنی کمزوری کی وجہ سے ایک بچہ کی طرح تھا۔ اور پھر
اپنے تئیں خداداد طاقت میں پچاس مرد کے قائم مقام دیکھا۔ اِسلئے میرا یقین
ہے کہ ہمارا خدا ہر چیز پر قادر ہے۔

۱۲ ایک صاحب نواب محمد علی خاں نام جھجّر کے نوابوں میں سے لُدھیانہ میں
رہتے تھے اور اُنہوں نے لُدھیانہ میں اِس غرض سے ایک سرائے بنائی تھی کہ تا جسقدر
غلّہ باہر سے آتا ہے اسکی اسی سرائے میں خرید و فروخت ہو۔ اور اسی سرائے میں
غلّہ بیچنے والے اپنا مال اُتاریں۔ پھر ایسا ہوا کہ ایک اَور شخص اِس کام میں انکا رہزن

ہوگیا۔ اور نواب صاحب کی سرائے بیکار ہوگئی۔ جس سے انکو بہت تکلیف پہنچی۔ اُنہوں نے اِس مصیبت کے وقت دُعا کے لئے میری طرف التجا کی۔ اور قبل اِسکے جو اُن کا خط قادیان میں پہنچے۔ میرے پر خدا نے ظاہر کر دیا کہ اِس مضمون کا خط اُنہوں نے روانہ کیا ہے۔ اور خدا تعالیٰ نے مجھے اطلاع دی کہ کچھ عرصہ کیلئے انکی یہ روک اُٹھا دیجائیگی۔ اور اِس غم سے انکو نجات دیجائیگی۔ چنانچہ مَیں نے اِس تمام حال سے قبل از وقت اُن کو خبر کر دی۔ اور اُنکو یہ سخت تعجب ہوا کہ میرا خط جو بلا توقف روانہ کیا گیا تھا۔ اِس کا علم کیونکر ہوگیا؟ اور پھر اِس پیشگوئی کے پُورا ہونے سے ایک عجیب رنگ کا اعتقاد میری نسبت اسکے دِل میں بیٹھ گیا۔ اور وہ ہمیشہ مجھے کہا کرتا تھا کہ مَیں نے اپنی نوٹ بُک میں اِس پیشگوئی کو یادداشت کے لئے لکھ چھوڑا ہے اور ہمیشہ اُس کو پڑھ لیا کرتا ہوں۔ اور کئی لوگوں کو اُس نے اپنی یہ کتاب دِکھلائی۔ اور ایک دن میرے روبرو پٹیالہ میں وزیر محمد حسین خانصاحب کو بھی کتاب میں وہ موقعہ دِکھلایا اور کہا کہ میرے یقین کے لئے یہ کافی ہے کہ میرے خط کی اطلاع خدا تعالیٰ کی طرف سے خط پہنچنے سے پہلے مِل گئی جسکی مجھ کو بلا توقف خبر دیگئی۔ اور دُوسرے یہ کہ یہ میرا کام جو بظاہر ایک ناشُدنی امر تھا۔ اِسکے ہو جانے کی قبل از وقت اطلاع دیدی۔ اور مَیں جانتا ہوں کہ یہ علم جو قُدرت کے ساتھ مِلا ہوُا ہے بجُز خدا کے اور کسی کی طاقت میں نہیں۔ ایسا ہی نواب صاحب موصوف کا اخیر زندگی تک ہمیشہ یہ حال رہا کہ اِس پیشگوئی کی یاد سے ان کو ایک وجد کی حالت ہو جاتی تھی۔ اور ہمیشہ اسکو پڑھا کرتے تھے۔ یہانتک کہ جب اُنکی موت کا وقت آیا۔ اور مَیں عیادت کیلئے گیا۔ تو اُس شام کے وقت جس کی صبح میں اُنکا انتقال ہونا تھا۔ اُنہوں نے مجھ کو دیکھکر یہ ہمت کی کہ باوجود سخت تکلیف خون بواسیر کے جس کی کثرت سے اُن کی وفات ہوئی اندر کے دالان میں چلے گئے۔ اور وُہ نوٹ بُک اپنی لے آئے جس میں وہ پیشگوئی معہ اُسکے پُورا ہو جانے

کے حالات کے مندرج تھی۔ پھر وہ کتاب مجھ کو دکھلائی اور کہا کہ مَیں اسکو بڑے اہتمام سے محفوظ رکھتا ہوں کہ اِس سے خُدا کی قُدرت یاد آتی ہے۔ اور پھر دُوسرے دِن صبح کے وقت فوت ہوگئے۔ مجھے یقین ہے کہ وُہ نوٹ بُک اُنکی جسکو بڑے اہتمام اور محبت سے اپنے پاس رکھتے تھے۔ اب لُدھیانہ میں اُنکے بیٹے کے پاس محفوظ ہوگی اور ضرور ہوگی۔ سو دیکھو کس کس پہلو سے خُدا تعالیٰ کے نشان ظاہر ہُوئے ہیں۔

۱۳ راجہ جہاں داد خانصاحب جو اَب گوجرانوالہ میں اکسٹرا اسسٹنٹ ہیں اور اپنے نواح کے رئیس اعظم اور بہت سے دیہات کے جاگیردار ہیں۔ ایک نشان کے وُہ گواہ ہیں جس کے پُورا ہونے پر اُنہوں نے بیعت کی۔ اگر حلفاً پُوچھا جائے تو ہرگز انکار نہیں کرینگے۔

۱۴ ایک مرتبہ مجھے اپنے ایک زمینداری مقدمہ کے متعلق جو تحصیل بٹالہ میں دائر تھا۔ خواب آئی کہ جھنڈا سنگھ نام ایک ڈخیلکار پر جو دفعہ ۵ ایکٹ مزارعان کا ڈخیلکار تھا۔ ہماری ڈِگری ہوگئی ہے۔ اُس ڈخیلکار پر بوجہ قیمت ایک درخت کیکر جسکو اُس نے اپنے کھیت سے ہماری اجازت کے بغیر کاٹ لیا تھا۔ للعہ روپیہ کی نالش کیگئی تھی۔ سو خواب میں دِکھایا گیا کہ وہ دعویٰ مسموع ہو کر ڈگری کی گئی۔ اتفاقاً مَیں نے اِس خواب کو اُسی آریہ کے پاس بیان کیا جس کا مَیں پہلے ذِکر کرچکا ہوں یعنے لالہ شرمپت کھتری ۳۷
ساکن قادیان۔ پھر دُوسرے دن ایسا اتفاق ہُوا کہ جھنڈا سنگھ مذکور مع سولہ یا سترہ اپنے گواہوں کے مقدمہ مذکورہ میں اپنی تائید میں شہادت دلا کر بٹالہ سے قادیان میں واپس آیا اور یہ مشہور کیا کہ مقدمہ خارج ہُوا۔ اسپر آریہ مذکور نے ہنسی کے طور پر کہا کہ آپ کی خواب غلط ہوگئی اور نالش للعہ روپیہ تحصیل سے خارج ہوئی۔ مَیں نے اُسکو کہا کہ اُسنے یقیناً جھوٹ بولا ہے۔ تب اُسنے کہا کہ وہ اکیلا نہیں

بلکہ پندرہ یا سولہ اُسکے ساتھ آدمی آئے ہیں جو گواہ تھے وہ سب کہتے ہیں کہ مقدمہ خارج ہوا۔ اور غیر ممکن ہے کہ اس قدر لوگ جھوٹ بولتے ہوں۔ اور وہ آریہ مسجد میں جو قریب بازار ہے یہ بات کہہ کر چلا گیا۔ اور مَیں مسجد میں اکیلا رہ گیا۔ اور عصر کا وقت تھا۔ تب ایک غیبی آواز کرنے والے نے زور سے کہا کہ ڈگری ہو گئی ہے۔ اور ایسی شدت سے آواز تھی کہ مَیں نے خیال کیا کہ یہ آواز اَوروں نے بھی سُنی ہوگی۔ تب مَیں اُس آریہ سے پھر ملا۔ اور اپنے الہام سے اطلاع دی۔ مگر وُہ گواہوں کی کثرت تعداد کو دیکھ کر اعتبار نہ کر سکا۔ اور پھر بھی ہنس کر چلا گیا۔ گویا وُہ اپنے دل میں میری خام خیالی پر ہنسا۔ دُوسرے دن خود مَیں بٹالہ میں گیا اور تحصیلدار کے مثلخوان متھرا داس نامی سے دریافت کیا کہ ہمارے مُقدمہ میں کیا حکم ہوا؟ اُس نے کہا کہ ڈگری ہوئی۔ مَیں نے کہا کہ پھر کیا سبب ہے کہ جھنڈا سنگھ اور اُس کے تمام گواہوں نے قادیان میں جا کر یہ مشہور کیا ہے کہ مقدمہ خارج ہوا۔ اُس نے کہا کہ اُنہوں نے بھی ایک طور سے سچ کہا ہے۔ بات یہ ہے کہ تحصیلدار نیا ہے۔ میری غیر حاضری میں وہ مقدمہ پیش ہوا تھا۔ اور مَیں اتفاقاً قریباً ڈیڑھ گھنٹہ تک کسی کام کو چلا گیا تھا۔ چنانچہ اُسوقت جب مَیں نہیں تھا۔ جھنڈا سنگھ مُدعا علیہ نے تحصیلدار کو صاحب کمشنر کا ایک فیصلہ دکھلایا۔ جس میں لکھا ہوا تھا کہ قادیان کے دخیلکاروں کو اختیار ہے کہ بغیر مالکوں کی اجازت کے اپنے کھیتوں سے حسب ضرورت درخت کاٹ لیا کریں۔ اِس لئے تحصیلدار نے اس کی نقل فیصلہ کو دیکھ کر آپ کا مقدمہ خارج کر دیا۔ اور اُن کو رخصت کر دیا۔ تب قریباً ایک گھنٹہ کے بعد مَیں آ گیا اور مجھے اُنہوں نے اپنا وُہ حکم دکھلایا۔ مَیں نے کہا کہ آپکو اُس مُدعا علیہ نے دھوکہ دیا ہے۔ یہ فیصلہ تو منسوخ شدہ ہے۔ اور اس کے بعد میں صاحب فنانشل کمشنر کا فیصلہ ہے جو شامل مثل ہے جس سے یہ حکم منسوخ کیا گیا۔ تب تحصیلدار نے وہ فیصلہ دیکھ کر

	اپنی روبکار فی الفور چاک کر دی اور نئے سرے روبکار لکھ کر آپکی ڈگری مع خرچہ کے کی۔ یہ وہ پیشگوئی ہے جس کا گواہ نہ شرمپت بلکہ اور کئی گواہ ہیں جو زندہ ہیں اور حلفاً بیان کر سکتے ہیں۔ لیکن حلف اسی مضمون کی ہوگی جس کا نمونہ نمبر ۲ میں ذکر ہو چکا ہے۔ اور یہ پیشگوئی عرصہ بیس برس سے کتاب براہین احمدیہ کے صفحہ ۵۵۱ میں درج ہو کر ایک دُنیا میں شہرت پا چکی ہے۔
۱۵	ایک مرتبہ میں سخت بیمار ہُوا۔ یہانتک کہ تین مختلف وقتوں میں میرے وارثوں نے میرا آخری وقت سمجھکر مسنون طریقہ پر مجھے تین مرتبہ سورہ یٰسین سُنائی۔ جب تیسری مرتبہ سورہ یٰسین سُنائی گئی۔ تو میں دیکھتا تھا کہ بعض عزیز میرے جو اب وہ دُنیا سے گذر بھی گئے۔ دیواروں کے پیچھے بے اختیار روتے تھے۔ اور مجھے ایک قسم کا سخت قولنج تھا۔ اور بار بار دمبدم حاجت ہو کر خون آتا تھا سولہ دن برابر ایسی حالت رہی۔ اور اسی بیماری میں میرے ساتھ ایک اور شخص بیمار ہُوا تھا وہ آٹھویں دن راہی ملک بقا ہو گیا۔ حالانکہ اُسکے مرض کی شدت ایسی نہ تھی جیسی میری۔ جب بیماری کو سولھواں دن چڑھا۔ تو اُس دن بکلی حالات یاس ظاہر ہو کر تیسری مرتبہ مجھے سورہ یٰسین سُنائی گئی۔ اور تمام عزیزوں کے دل میں یہ پختہ یقین تھا کہ آج شام تک یہ قبر میں ہوگا۔ تب ایسا ہُوا کہ جس طرح خدا تعالیٰ نے مصائب سے نجات پانے کے لئے بعض اپنے نبیوں کو دُعائیں سکھلائی تھیں مجھے بھی خدا نے الہام کر کے ایک دُعا سکھلائی اور وہ یہ ہے۔ سُبحان اللّٰہ وبحمدہٖ سُبحان اللّٰہ العظیم اللّٰھمّ صلّ علیٰ محمّد وّ اٰل محمّد۔ اور میرے

☘ ان زمینداری تعلقات سے جو ابتدائی زندگی سے میرے ساتھ رہے کوئی تعجب نہ کرے کیونکہ احادیث نبویہ پر غور کرنے سے بصراحت معلوم ہوگا کہ وہ مسیح موعود حارث کہلائیگا یعنے زمیندار اور زمینداری کے خاندان سے ہوگا۔ منہ

دل میں خدا تعالیٰ نے یہ الہام کیا کہ دریا کے پانی میں جس کے ساتھ ریت بھی ہو ہاتھ ڈال۔ اور یہ کلمات طیبہ پڑھ اور اپنے سینہ اور پشت سینہ اور دونوں ہاتھوں اور منہ پر اسکو پھیر کہ اس سے تو شفا پائے گا۔ چنانچہ جلدی سے دریا کا پانی مع ریت منگوایا گیا۔ اور میں نے اسی طرح عمل کرنا شروع کیا۔ جیسا کہ مجھے تعلیم دی تھی۔ اور اسوقت حالت یہ تھی کہ میرے ایک ایک بال سے آگ نکلتی تھی اور تمام بدن میں دردناک جلن تھی اور بے اختیار طبیعت اس بات کیطرف مائل تھی کہ اگر موت بھی ہو تو بہتر تا اس حالت سے نجات ہو۔ مگر جب وہ عمل شروع کیا تو مجھے اس خدا کی قسم ہے جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ ہر ایک دفعہ ان کلمات طیبہ کے پڑھنے اور پانی کو بدن پر پھیرنے سے میں محسوس کرتا تھا کہ وہ آگ اندر سے نکلتی جاتی ہے۔ اور بجائے اس کے ٹھنڈک اور آرام پیدا ہوتا جاتا ہے۔ یہانتک کہ ابھی اس پیالہ کا پانی ختم نہ ہوا تھا کہ میں نے دیکھا کہ بیماری بکلی مجھے چھوڑ گئی۔ اور میں سولہ دن کے بعد رات کو تندرستی کے خواب سے سویا۔ جب صبح ہوئی تو مجھے یہ الہام ہوا وان کنتم فی ریب مما نزلنا علیٰ عبدنا فاتوا بشفاء من مثلہ۔ یعنے اگر تمہیں اس نشان میں شک ہو جو شفا دے کر ہم نے دکھلایا۔ تو تم اسکی نظیر کوئی اور شفا پیش کرو۔ یہ واقعہ ہے جس کی پچاس آدمی سے زیادہ لوگوں کو خبر ہے بعض ان میں سے مرگئے اور بعض ابھی تک زندہ ہیں جو حلفاً بیان کرسکتے ہیں لیکن حلف اسی قسم کی ہوگی جس کا نمونہ نمبر دو میں مفصل ہے۔ صفحہ ۲۷

۱۶ اعظم بیگ نام ایک شخص لاہور کا باشندہ تھا جو اکسٹرا اسسٹنٹ تھا اُس نے اپنی حیلہ سازی سے ہمارے بعض بیدخل شرکا کو جو ملکیت قادیان کے کاغذات سرکاری کے رُو سے حصہ دار تھے مگر ملکیت سے بالکل بے تعلق تھے۔ اور مقدمات قادیان کے ہزارہا روپیہ کے خرچ و خرچ میں کسی کام میں شریک نہیں ہوئے تھے اُٹھایا۔ اور

کہا کہ اپنے حصے میرے پاس فروخت کر دو اور میں مقدمہ کرونگا۔ چنانچہ اُن کو کچھ تھوڑا روپیہ دیکر خوش کر دیا اور ان سے ملکیت قادیان کے مقدمے کرائے اور آپ انکو مدد دی۔ میرا بھائی مرزا غلام قادر مرحوم جن کو اپنی فتحیابی پر بہت یقین تھا سرگرمی سے جوابدہی میں مشغول ہوئے۔ اور چونکہ میں نے سُنا ہُوا تھا کہ میرے والد صاحب مرزا غلام مرتضیٰ صاحب مرحوم نے ان دیہات پر ہزارہا روپیہ خرچ کیا ہُوا ہے اور شرکاء اس خرچ میں کبھی شریک نہیں ہوئے۔ اس لئے میں نے بھی ان کی فتحیابی کے لئے دُعا کی۔ اور دُعا کے بعد یہ الہام ہُوا۔ اجیب کل دُعائك الا فی شرکائك یعنے میں تیری ساری دُعائیں قبول کرونگا مگر شرکاء کے بارے میں نہیں۔ تب میں گھر گیا اور تمام عزیزوں کو اکٹھا کیا اور اپنے بزرگ بھائی کو بھی بُلالیا۔ اور یہ خدا تعالیٰ کا الہام سُنایا۔ لیکن افسوس کہ انہوں نے جواب دیا کہ اگر ہمیں اس الہام سے پہلے کر اطلاع ہوتی تو ہم اس مقدمہ کو شروع ہی نہ کرتے۔ اب کیا کریں کہ مقدمات کے پیچ میں ہم مبتلا ہیں۔ مگر اصل بات یہ ہے کہ ابھی وہ وقت نہیں تھا کہ وہ میرے مُنہ کی باتوں پر پُورا یقین کر سکتے۔ انجام یہ ہُوا کہ گو ابتدائی عدالتوں میں انہوں نے فتح پائی مگر آخر چیف کورٹ میں فاش شکست ہوئی۔ اور شرکاء اپنے اپنے حصوں کے مالک ٹھہرائے گئے۔ اور قریباً سات ہزار روپیہ کی اُن کو زیر باری ہوئی۔ اِس پیشگوئی کے قادیان میں بہت سے آدمی موافقوں اور مخالفوں میں سے گواہ ہیں جو حلف دینے پر اِس میرے بیان کو تصدیق کر سکتے ہیں۔

۱۷ ایک مرتبہ مجھے خواب میں دکھایا گیا کہ میرا بھائی مرزا غلام قادر مرحوم سخت بیمار ہے چنانچہ میں نے وہ خواب کئی لوگوں کے پاس بیان کی۔ جن میں سے ابتک بعض زندہ موجود ہیں۔ بعد اسکے ایسا اتفاق ہُوا کہ وہ برادر مرحوم سخت بیمار ہوئے۔ تب میں نے خواب میں دیکھا کہ ہمارے عزیزوں میں سے ایک بزرگ جو فوت ہو چکے تھے۔ میرے

بھائی کو اپنی طرف بُلاتے ہیں۔ چنانچہ وہ اُن کی طرف چلے گئے۔ اور انکے مکان کے اندر داخل ہوگئے۔ اس کی تعبیر یہ تھی کہ وہ فوت ہو جائیں گے۔ اِس اثنا میں انکی بیماری بڑھتی گئی۔ یہانتک کہ وہ مُشتِ استخوان رہ گئے۔ چونکہ مَیں اُن سے محبت رکھتا تھا۔ مجھے اُن کی حالت کی نسبت سخت قلق ہوا۔ تب مَیں نے اُن کی شفا کے لئے خدا تعالیٰ کی طرف توجہ کی۔ اور اس توجہ سے میرے تین مقصد تھے۔ اوّل مَیں یہ دیکھنا چاہتا تھا کہ ایسی حالت میں میری دُعا جنابِ الٰہی میں قبول ہوتی ہے یا نہیں۔ (۲) دُوسرے یہ دیکھنا چاہتا تھا کہ کیا خدا کے قانون قدرت میں ہے کہ ایسے سخت بیمار کو بھی اچھا کر دے۔ (۳) تیسرے یہ کہ کیا ایسی منذر خواب جو انکی موت پر دلالت کرتی تھی ردّ ہو سکتی ہے
۳۹ یا نہیں۔ سو جب مَیں دُعا میں مشغول ہوا۔ تو تھوڑے ہی دن ابھی دُعا کرتے گذرے تھے کہ مَیں نے خواب میں دیکھا کہ میرا بھائی مرحوم پُورے تندرست کی طرح بغیر سہارے کسی اور چیز کے اپنے مکان میں چل رہا ہے۔ اور اسی بارے میں ایک الہام بھی تھا۔ جس کے الفاظ مجھے یاد نہیں رہے۔ غرض اس خواب اور الہام کے مطابق جو میری دُعا کے قبول ہونے پر دلالت کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے انکو شفا بخشی اور اس کے بعد پندرہ برس تک پُوری تندرستی کے ساتھ وہ زندہ رہے۔ اور پھر قضاءِ الٰہی سے فوت ہوگئے۔ مَیں نے اس الہام اور اس خواب کو بہت سے لوگوں کے پاس بیان کیا تھا جنمیں سے بعض ابتک زندہ ہیں اور حلفاً میرے بیان کی تصدیق کر سکتے ہیں۔ لیکن حلف اسی قسم کی ہوگی جس کا نمونہ نمبر دو میں لکھا گیا۔

۱۸ پندرہ برس کے بعد جب میرے بھائی کی وفات کا وقت نزدیک آیا۔ تو مَیں امرتسر تھا سو مجھے خواب میں دِکھلایا گیا کہ اب قطعی طور پر انکی زندگی کا پیالہ پُر ہو چکا۔ اور بہت جلد فوت ہونے والے ہیں۔ مَیں نے وہ خواب حکیم محمد شریف کو جو امرتسر میں ایک حکیم تھے سُنائی۔ اور پھر اپنے بھائی کو خط لکھا کہ آپ اُمورِ آخرت کی طرف

متوجہ ہوں۔کیونکہ مجھے دکھلایا گیا ہے کہ آپ کی زندگی کے دن تھوڑے ہیں۔ انہوں نے عام گھر والوں کو اس سے اطلاع دیدی۔ اور پھر چند ہفتہ میں ہی اس جہان فانی سے گذرے۔ اِس واقعہ کے گواہ بھی کئی مُرد اور عورتیں موجود ہیں جو حلفاً بیان کرسکتے ہیں۔ بلکہ جسوقت میرا بھائی فوت ہوا تو میرا امرتسر کا خط اُن کے صندوق میں سے نکلا۔	
ایک مرتبہ میرے ایک مخلص دوست جو ہمارے سلسلہ کے نہایت درجہ حامی اور صادق الاخلاص ہیں۔ جنھوں نے اپنے نفس پر فرض کر رکھا ہے کہ ایک سو روپیہ ماہواری اِس سلسلہ کی امداد کے لئے بھیجا کریں۔ جن کا نام سیٹھ عبدالرحمٰن حاجی اللہ رکھا ہے جو تاجر مدراس ہیں کسی اپنی تشویش میں دُعا کے خواستگار ہوئے اور انکی نسبت مجھے یہ الہام ہوا۔ **قادر ہے وہ بارگہ ٹوٹا کام بناوے۔ بنا بنایا توڑ دے کوئی اُس کا بھید نہ پاوے۔** یہ ایک بشارت اُن کا غم دُور کرنے کے بارے میں تھی۔ چنانچہ چند ہفتہ کے بعد ہی خداتعالےٰ نے اُنکو اُس پیش آمدہ غم سے رہائی بخشی۔ سیٹھ صاحب بفضلہ تعالیٰ مدراس میں زندہ موجود ہیں وہ اِس واقعہ کی تصدیق کرسکتے ہیں۔ لیکن حلف نمونہ نمبر ۱ کے مطابق ہوگی۔	۱۹
ایک لُدھیانہ کے متعصب مگر سخت جاہل سعداللہ نام نے جو ہندوؤں میں سے نیا مسلمان ہوا تھا۔ میرے پر یہ اعتراض کیا تھا کہ امرتسر کے مباحثہ میں جو عیسائیوں کے ساتھ ۱۸۹۳ء میں ہوا تھا۔ اِس کا نتیجہ بعد میں یہ ہوا کہ اخویم حبّی فی اللہ مولوی حکیم نورالدین صاحب کا شیرخوار لڑکا بقضاء الٰہی فوت ہوگیا۔ اِس قابلِ شرم اعتراض سے اصل غرض اس بے حیا کمینہ طبع کی جو اکابرِ اسلام کے بچوں کے مرنے سے خوش ہوتا ہے۔ یہ تھی کہ دینِ اسلام جھوٹا ہے اور عیسائی مذہب سچا۔ اِس لئے مَیں نے دُعا کی کہ خدا اِس	۲۰

شریر کو اِس نکتہ چینی میں بھی ذلیل اور رُسوا کرے۔ اور مولوی صاحب کو نعم البدل لڑکا عطا فرمائے۔ سو اسوقت کہ مَیں نے اس نااہل کا جواب لکھا اور دُعا سے فارغ ہوُا فی الفور مجھ پر نیند غالب ہوگئی اور خواب میں مَیں نے دیکھا کہ مولوی صاحب موصوف کی گود میں ایک لڑکا کھیلتا ہے جو اُنہی کا ہے۔ اور پچھلے بچّوں کی نسبت رنگ اور طاقت میں اسقدر فرق رکھتا ہے کہ مَیں نے گمان کیا کہ شاید کسی اور بیوی سے یہ لڑکا ہے۔ اور اُسی وقت اِس خواب کی تائید میں مجھے الہام بھی ہوُا کہ لڑکا پیدا ہوگا۔ پھر پانچ سال بعد اس پیشگوئی کے مطابق مولوی صاحب موصوف کے گھر میں صاحبزادہ پیدا ہوُا۔ جس کا نام عبدالحیّ رکھا گیا۔ تا خدا تعالیٰ ایسے دشمنِ دین کو شرمندہ کرے جس نے پادریوں کا حامی بنکر اسلام پر حملہ کیا۔ یہ وہ پیشگوئی ہے جو اس لڑکے کے تولّد سے پانچ سال پہلے تمام ملک میں بذریعہ رسالہ انوار الاسلام شائع کی گئی تھی۔ دیکھو انوار الاسلام صفحہ ۲۶ حاشیہ در حاشیہ۔ اور یہ رسالہ پانچہزار چھپوا کر لاکھوں انسانوں میں شائع کیا گیا۔ دیکھو یہ وہ نشان ہیں جن کو ایک دُنیا نے بچشمِ خود دیکھ لیا اور فوق العادت عظمت سے بھرے ہوُئے ہیں۔

۲۱ مجھے خدا تعالیٰ نے خبر دی کہ مَیں تجھے ایک اَور لڑکا دوُنگا اور یہ وُہی چوتھا لڑکا ص۲۱۰
ہے جو اَب پَیدا ہوُا جس کا نام مبارک احمد رکھا گیا۔ اور اِسکے پَیدا ہونے کی خبر قریباً دو برس پہلے مجھے دی گئی۔ اور پھر اُسوقت دی گئی کہ جب اس کے پیدا ہونے میں قریباً دو مہینے باقی رہتے تھے۔ اور پھر جب یہ پَیدا ہونے کو تھا۔ یہ الہام ہوُا۔ انّی اسقط من اللّٰہ واصیبہ۔ یعنے میں خدا کے ہاتھوں سے زمین پر گرتا ہوں اور خدا ہی کی طرف جاؤں گا۔ مَیں نے اپنے اجتہاد سے اِس کی یہ تاویل کی کہ یہ لڑکا نیک ہوگا۔ اور رُو بخدا ہوگا۔ اور خدا کی طرف اسکی حرکت ہوگی اور یا یہ کہ جلد فوت ہو جائے گا۔

اس بات کا علم خدا تعالیٰ کو ہے کہ ان دونوں باتوں میں سے کونسی بات اُسکے ارادہ کے موافق ہے۔ اور مَیں نے اس پیشگوئی کو اپنے رسالہ انجام آتھم کے صفحہ ۱۸۲۔ اور ضمیمہ انجام آتھم کے صفحہ ۵۸ میں پیش از وقت ہزارہا انسانوں میں شائع کر دیا ہے۔	
میرا پہلا لڑکا جو زندہ موجود ہے جس کا نام محمود ہے۔ ابھی وہ پیدا نہیں ہوا تھا جو مجھے کشفی طور پر اسکے پیدا ہونے کی خبر دی گئی اور مَیں نے مسجد کی دیوار پر اس کا نام لکھا ہوا یہ پایا کہ محمود۔ تب مَیں نے اس پیشگوئی کے شائع کرنے کیلئے سبز رنگ کے ورقوں پر ایک اشتہار چھاپا۔ جس کی تاریخ اشاعت یکم دسمبر ۱۸۸۸ء ہے۔ اور یہ اشتہار مورخہ یکم دسمبر ۱۸۸۸ء ہزاروں آدمیوں میں شائع کیا گیا۔ اور اب تک اس میں سے بہت سے اشتہارات میرے پاس موجود ہیں۔	۲۲
میرا دُوسرا لڑکا جس کا نام بشیر ہے ابھی پیدا نہیں ہوا تھا کہ اسکی پیدائش سے تین مہینے پہلے اللہ تعالیٰ نے مجھے اس کے پیدا ہونے کی بشارت دی۔ وہ بشارت آئینہ کمالات اسلام کے صفحہ ۲۶۶ میں درج ہو کر پیش از وقت لاکھوں انسانوں میں شائع کی گئی۔ وہ عبارت یہ ہے۔ سیولد لک الولد ویدنی منک الفضل یعنے عنقریب تیرے ایک لڑکا پیدا ہوگا اور فضل تیرے نزدیک کیا جائیگا۔ یاد رہے کہ ایک میرے لڑکے کا نام فضل احمد ہے۔ سو پیشگوئی میں یہ اشارہ ہے کہ علاوہ فضل الٰہی کے وہ لڑکا فضل احمد کی صورت اور شکل سے بہت مشابہ ہوگا۔ اور صدہا انسان جانتے ہیں کہ یہ لڑکا فضل احمد سے بہت مشابہ ہے۔ ہندو مسلمان قادیان کے سب جانتے ہیں۔	۲۳
خدا تعالیٰ نے میرے گھر میں تیسرا لڑکا پیدا ہونے کے لئے ڈیڑھ مہینے پہلے اسکی پیدائش سے بذریعہ اپنے الہام کے مجھ کو خبر دی۔ اور وہ الہام ۵ ستمبر ۱۸۹۲ء کو	۲۴

	رسالہ انوار الاسلام کے صفحہ انتالیس ۳۹ کے حاشیہ میں چھاپکر کروڑہا انسانوں میں شائع کیا گیا۔ کیونکہ انوار الاسلام کی پانچہزار کاپی چھپی تھی۔ اور پنجاب اور ہندوستان کے تمام بڑے بڑے شہروں اور قصبوں بلکہ دیہات میں شائع کیا گیا تھا۔ اور الہام مذکور جو انوار الاسلام کے صفحہ ۳۹ میں درج ہے۔ اس کی عبارت یہ ہے۔ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَامٍ یعنے ہم تجھکو ایک لڑکا پیدا ہونے کی خوشخبری دیتے ہیں۔ دیکھو انوار الاسلام صفحہ ۳۹ حاشیہ۔ پھر جب یہ پیشگوئی لاکھوں انسانوں اور ہندوؤں اور عیسائیوں اور مسلمانوں میں بخوبی شائع ہو چکی تو وہ لڑکا جس کا الہام میں وعدہ دیا گیا تھا بتاریخ ۲۷ ذیقعدہ ۱۳۱۲ھ مطابق ۲۴ مئی ۱۸۹۵ء پیدا ہوا جس کا نام شریف احمد رکھا گیا۔ دیکھو اخیر ورق ٹائیٹل پیج رسالہ ضیاء الحق۔
۲۵	میرے چوتھے لڑکے کے متعلق ایک اور پیشگوئی کا نشان ہے۔ جو انشاء اللہ ناظرین کے لئے موجب زیادت علم و ایمان و یقین ہوگا۔ اسکی تفصیل یہ ہے کہ وہ الہام جسکو مَیں نے کتاب انجام آتھم کے صفحہ ۱۸۲ و ۱۸۳۔ اور ضمیمہ انجام آتھم کے صفحہ ۵۸ میں لکھا ہے جس میں چوتھا لڑکا پیدا ہونے کے بارے میں پیشگوئی ہے جو جنوری ۱۸۹۷ء میں بذریعہ کتاب مذکور یعنے انجام آتھم اور ضمیمہ انجام آتھم کے لاکھوں انسانوں میں شائع کی گئی جسکو آج کی تاریخ تک جو ۲۰ اگست ۱۸۹۹ء ہے۔ پونے تین برس سے کچھ زیادہ دن گذر گئے ہیں۔ اِس تھوڑی سی مدت کو مخالفوں نے ایک زمانہ دراز خیال کرکے یہ نکتہ چینی شروع کر دی کہ وہ الہام کہاں گیا جو انجام آتھم کے صفحہ ۱۸۲۔ اور ۱۸۳۔ اور اسکے ضمیمہ کے صفحہ ۵۸ میں درج کرکے شائع کیا گیا تھا۔ اور لڑکا ابتک پیدا نہیں ہوا۔ اِس لئے پھر میرے دل میں دعا کی خواہش پیدا ہوئی۔ گو مَیں جانتا ہوں کہ نامنصف دشمن کسی طرح راضی نہیں ہوتے۔ ۲۱۵

اگر مثلاً کوئی لڑکا الہام کے بعد دو تین مہینے میں ہی پیدا ہو جائے تو یہ شور مچاتے ہیں کہ پیشگوئی کرنے والا علم طبابت میں بھی دسترس کامل رکھتا ہے۔ لہذا اس نے طبیبوں کی قرار دادہ علامتوں کے ذریعہ سے معلوم کر لیا ہوگا کہ لڑکا ہی پیدا ہوگا۔ کیونکہ حمل کے دن تھے۔ اور اگر مثلاً کسی پسر کے پیدا ہونے کی پیشگوئی تین چار برس پہلے اُس کی پیدائش سے کی جائے تو پھر کہتے ہیں کہ اس دُور دراز مدت تک نخواہ کوئی لڑکا ہونا ہی تھا۔ تھوڑی مدت کیوں نہیں رکھی۔ حالانکہ یہ خیال بھی سراسر جھوٹ ہے۔ لڑکا خدا کی عطا ہے اپنا دخل اور اختیار نہیں۔ اور اس جگہ ایک بادشاہ کو بھی دعویٰ نہیں پہنچتا کہ اتنی مدت تک ضرور لڑکا ہی پیدا ہو جائے گا۔ بلکہ اسقدر بھی نہیں کہہ سکتا کہ اس وقت تک آپ ہی زندہ رہیگا۔ اور یا یہ کہ بیوی زندہ رہے گی۔ بلکہ سچ تو یہ ہے کہ ان دنوں کی ہمیشہ کی وباؤں نے جو طاعون اور ہیضہ ہے۔ لوگوں کی ایسی کمر توڑ دی ہے کہ کوئی ایک دن کے لئے بھی اپنی زندگی پر بھروسہ نہیں کر سکتا۔ علاوہ اس کے جو شخص تحدّی کے طور پر ایسی پیشگوئی اپنے دعوے کی تائید میں شائع کرتا ہے۔ اگر وہ جھوٹا ہے تو خدا کی غیرت کا ضرور یہ تقاضا ہونا چاہیئے کہ ابداً ایسی مرادوں سے اُس کو محروم رکھے۔ کیونکہ اُس کا ابتر اور بے فرزند مرنا اس سے بہتر ہے کہ لوگ اُسکی ایسی مکاریوں سے دھوکہ کھائیں اور گمراہ ہوں۔ اور یہی عادۃ اللہ ہے جس کو ہمارے اہل سُنت علماء نے بھی اپنے عقیدہ میں داخل کر لیا ہے۔ الغرض میں نے بار بار ان نکتہ چینیوں کو سُنکر کہ چوتھا لڑکا پیدا ہونے میں دیر ہو گئی ہے۔ جناب الٰہی میں تضرع کے ہاتھ اُٹھائے۔ اور مجھے قسم ہے اُس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ میری دُعا اور میری متواتر توجہ کی وجہ سے

۱۳ اپریل ۱۸۹۹ء کو یہ الہام ہوا۔ اصبر ملیًّا ساھب لک غلاماً زکیاً۔

یعنے کچھ تھوڑا عرصہ صبر کر کہ مَیں تجھے ایک پاک لڑکا عنقریب عطا کرونگا۔ اور یہ پنجشنبہ کا دن تھا اور ذی الحجہ ۱۳۱۶ھ کی دُوسری تاریخ تھی جبکہ یہ الہام ہُوا۔ اور اس الہام کے ساتھ ہی یہ الہام ہُوا۔ ربّ اصحّ زوجتی ھذہ۔* یعنے اَے میرے خدا میری اِس بیوی کو بیمار ہونے سے بچا۔ اور بیماری سے تندرست کر۔ یہ اِس بات کی طرف اشارہ تھا کہ اس بچّہ کے پَیدا ہونے کے وقت کسی بیماری کا اندیشہ ہے۔ سو اِس الہام کو مَیں نے اس تمام جماعت کو سُنا دیا جو میرے پاس قادیان میں موجود تھے اور اخویم مولوی عبد الکریم صاحب نے بہت سے خط لکھکر اپنے تمام معزز دوستوں کو اس الہام سے خبر کر دی۔ اور پھر جب ۱۳؍ جون ۱۸۹۹ء کا دن چڑھا جس پر الہام مذکورہ کی تاریخ کو جو ۱۳۔ اپریل ۱۸۹۹ء کو ہُوا تھا۔ پُورے دو مہینے ہوتے تھے تو خدا تعالیٰ کی طرف سے اُسی لڑکے کی مجھ میں رُوح بولی اور الہام کے طور پر یہ کلام اس کا مَیں نے سُنا۔ انّی اسقط من اللہ و اصیبہ۔ یعنے اب میرا وقت آگیا۔ اور مَیں اَب خدا کی طرف سے اور خدا کے ہاتھوں سے زمین پر گرونگا۔ اور پھر اسی کی طرف جاؤں گا۔ اور اسی لڑکے نے اسی طرح پیدائش سے پہلے یکم جنوری ۱۸۹۷ء میں بطور الہام یہ کلام مجھ سے کیا اور مخاطب بھائی تھے کہ مجھ میں اور تم میں ایک دن کی میعاد ہے۔ یعنے اے میرے بھائیو۔ مَیں پورے ایک دن کے بعد تمہیں ملوں گا۔ اِس جگہ ایک دن سے مراد دو برس تھے۔ اور تیسرا برس وہ ہے جس میں پَیدائش ہوئی۔ اور یہ عجیب بات ہے کہ حضرت مسیح نے تو صرف مہد میں ہی باتیں کیں مگر اس لڑکے نے پیٹ میں ہی دو مرتبہ باتیں کیں۔ اور پھر بعد اسکے ۱۴۔ جون ۱۸۹۹ء کو وہ پَیدا ہُوا۔ اور جیسا کہ وُہ چوتھا لڑکا تھا۔ اُسی مناسبت کے

* بچّہ پَیدا ہونے کے بعد جیسا کہ الہام کا منشاء تھا میری بیوی بیمار ہوگئی چنانچہ ابتک بعض عوارض مرض موجود ہیں اور اعراض شدیدہ سے بفضلہ تعالیٰ صحت ہوگئی ہے۔ منہ

لحاظ سے اُس نے اسلامی مہینوں میں سے چوتھا مہینہ لیا یعنے ماہ صفر۔ اور ہفتہ کے دنوں میں سے چوتھا دن لیا یعنے چہارشنبہ۔ اور دن کے گھنٹوں میں سے دوپہر کے بعد چوتھا گھنٹہ لیا۔ اور پیشگوئی ۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء کے مطابق پیر کے دن اس کا عقیقہ ہوا۔ اور اس کی پیدائش کے دن یعنی بروز چہارشنبہ چوتھے گھنٹہ میں کئی دن کے امساکِ باراں کے بعد خوب بارش ہوئی۔

یہ چار لڑکے ہیں جن کی پیدائش سے پہلے ان کے پیدا ہونے کے بارے میں خدا تعالےٰ نے ہر ایک دفعہ پر مجھے خبر دی اور یہ ہر چہار پیشگوئی نہ صرف زبانی طور پر لوگوں کو سنائی گئیں بلکہ پیش از وقت اشتہاروں اور رسالوں کے ذریعہ لاکھوں انسانوں میں مشتہر کی گئیں۔ اور پنجاب اور ہندوستان میں بلکہ تمام دنیا میں اس عظیم الشان غیب گوئی کی نظیر نہیں ملے گی۔ اور کسی کی کوئی پیشگوئی ایسی نہیں پاؤ گے کہ اوّل تو خدا تعالےٰ نے چار لڑکوں کے پیدا ہونے کی اکٹھی خبر دی اور پھر ہر ایک لڑکے کے پیدا ہونے سے پہلے اپنے الہام سے اطلاع کر دی کہ وہ پیدا ہونے والا ہے۔ اور پھر وہ تمام پیشگوئیاں لاکھوں انسانوں میں شائع کیجائیں۔ ۲۱۷
تمام دنیا میں پھرو۔ اگر اس کی کہیں نظیر ہے تو پیش کرو۔ اور عجیب تر یہ کہ چار لڑکوں کے پیدا ہونے کی خبر جو سب سے پہلے اشتہار ۲۰ر فروری ۱۸۸۶ء میں دی تھی اسوقت ہر چہار لڑکوں میں سے ابھی ایک بھی پیدا نہیں ہوا تھا۔ اور اشتہار مذکور میں خدا تعالیٰ نے صریح طور پر پسر چہارم کا نام مبارک رکھدیا ہے۔ دیکھو صفحہ ۴۔ اشتہار ۲۰۔فروری ۱۸۸۶ء دُوسرے کالم کی سطر نمبر ۱۔ سو جب اس لڑکے کا نام مبارک احمد رکھا گیا۔ تب اس نام رکھنے کے بعد یکدفعہ وہ پیشگوئی ۲۰ فروری ۱۸۸۶ء کی یاد آگئی۔

اب ناظرین کے یاد رکھنے کے لئے ان ہر چہار پسر کی نسبت یہ بیان کرنا چاہتا ہوں کہ کس کس تاریخ میں ان کے تولّد کی نسبت پیشگوئی ہوئی اور پھر کس کس تاریخ

میں وُہ پیدا ہوئے۔ اور بہتر ہوگا کہ ہر ایک طالبِ حق ایسے رسالے اور ایسے اشتہار اپنے پاس رکھے۔ کیونکہ ایک مُدّت کے بعد پھر ان اشتہارات کا ملنا مشکل ہوگا۔ اور جب کوئی کاغذ مل نہ سکے تو دشمن خیرہ طبع باوجود اسکے کہ اسنے آپ اس اشتہار یا رسالہ کو کئی دفعہ پڑھا ہو۔ محض حق پوشی کی راہ سے انکار کرنا شروع کر دیتا ہے۔ سو یہ فرض ہماری جماعت کا ہے کہ ان منکر کش ہتھیاروں سے خالی نہ رہیں بلکہ یہ تمام ذخیرہ رسائل اور اشتہارات کا ایک جگہ بخوبی مرتب کرکے مجلد کرکے رکھیں۔ تا بوقت ضرورت مخالف ظالم کو بآسانی دکھلا سکیں۔

اور ان چاروں لڑکوں کے پَیدا ہونے کی نسبت پیشگوئی کی تاریخ اور پھر پیدا ہونے کے وقت پیدائش کی تاریخ یہ ہے کہ محمود جو میرا بڑا بیٹا ہے۔ اس کے پیدا ہونے کے بارے میں اشتہار دہم جولائی ۱۸۸۸ء میں اور نیز اشتہار یکم دسمبر ۱۸۸۸ء میں جو سبز رنگ کے کاغذ پر چھاپا گیا تھا۔ پیشگوئی کی گئی اور سبز رنگ کے اشتہار میں یہ بھی لکھا گیا کہ اس پَیدا ہونے والے لڑکے کا نام محمود رکھا جائے گا اور یہ اشتہار محمود کے پَیدا ہونے سے پہلے ہی لاکھوں انسانوں میں شائع کیا گیا چنانچہ ابتک ہمارے مخالفوں کے گھروں میں صدہا یہ سبز رنگ اشتہار پڑے ہوئے ہونگے۔ اور ایسا ہی دہم جولائی ۱۸۸۸ء کے اشتہار بھی ہر ایک کے گھر میں موجود ہونگے پھر جب کہ اِس پیشگوئی کی شہرت بذریعہ اشتہارات کامل درجہ پر پہنچ چکی۔ اور مسلمانوں اور عیسائیوں اور ہندوؤں میں سے کوئی بھی فرقہ باقی نہ رہا جو اس سے بیخبر ہو۔ تب خدا تعالیٰ کے فضل اور رحم سے ۱۲؍ جنوری ۱۸۸۹ء کو مطابق ۹ جمادی الاوّل ۱۳۰۶ھ میں بروز شنبہ محمود پَیدا ہُوا۔ اور اسکے پیدا ہونے کی مَیں نے اس اشتہار میں خبر دی ہے۔ جس کے عنوان پر تکمیل تبلیغ موٹی قلم سے لکھا ہُوا ہے جس میں بیعت کی دس شرائط مندرج ہیں۔ اور اس کے صفحہ ۴ میں یہ الہام پسر موعود کی نسبت ہے ؎

اے فخرِ رُسل قُرب تو معلومم شد ٭ دیر آمدۂ ز راہِ دُور آمدۂ

اور میرا دُوسرا لڑکا جس کا نام بشیر احمد ہے۔ اس کے پَیدا ہونے کی پیشگوئی آئینہ کمالات کے صفحہ ۲۶۶ میں کی گئی ہے۔ اور اِس کتاب کے صفحہ ۲۶۲ کی چوتھی سطر سے معلوم ہوتا ہے کہ اِس پیشگوئی کی تاریخ دہم دسمبر ۱۸۹۲ء ہے۔ اور پیشگوئی کے الفاظ یہ ہیں۔ یأتی قمر الانبیاء و امرك یتاتی۔ یسرّ اللّٰہ وجھك۔ وینیر برھانك۔ سیولد لك الولد و یدنیٰ منك الفضل۔ انّ نوری قریب۔ دیکھو صفحہ ۲۲۶ آئینہ کمالات اسلام۔ یعنی نبیوں کا چاند آئے گا اور تیرا کام بن جائیگا۔ تیرے لئے ایک لڑکا پَیدا کیا جائے گا اور فضل تجھ سے نزدیک کیا جائے گا۔ یعنے خدا کے فضل کا موجب ہوگا۔ اور نیز یہ کہ شکل و شباہت میں فضل احمد سے جو دُوسری بیوی سے میرا لڑکا ہے مشابہت رکھے گا۔ اور میرا نور قریب ہے (شاید نور سے مُراد پسر موعود ہو۔) پھر جب یہ کتاب آئینہ کمالات جس میں یہ پیشگوئی تاریخ دہم دسمبر ۱۸۹۲ء میں درج ہے اور جس کا دُوسرا نام دافع الوساوس بھی ہے۔ فروری ۱۸۹۳ء میں شائع ہوگئی۔ جیسا کہ اسکے ٹائیٹل پیج سے ظاہر ہے۔ تو ۲۰ اپریل ۱۸۹۳ء کو جیسا کہ اشتہار ۲۰ اپریل ۱۸۹۳ء سے ظاہر ہے۔ اِس پیشگوئی کے مطابق وہ لڑکا پیدا ہُوا جس کا نام بشیر احمد رکھا گیا۔ اور درحقیقت وہ لڑکا صُورت کے رُو سے فضل احمد سے مشابہ ہے جیسا کہ پیشگوئی میں صاف اشارہ کیا گیا۔ اور یہ لڑکا پیشگوئی کی تاریخ دسمبر ۱۸۹۲ء سے تخمیناً پانچ مہینے بعد پَیدا ہُوا۔ اور اس کے پَیدا ہونے کی تاریخ میں اشتہار ۲۰ اپریل ۱۸۹۳ء کو چھاپا گیا۔ جس کے عنوان پر یہ عبارت ہے۔ مُنکرین کے مُلزم کرنے کے لئے ایک اور پیشگوئی خاص محمد حسین بٹالوی کی توجہ کے لائق ہے۔

۳۴ اور میرا تیسرا لڑکا جس کا نام شریف احمد ہے اس کے پَیدا ہونے کی پیشگوئی میرے رسالہ انوار الاسلام صفحہ ۳۹ کے حاشیہ پر درج ہے۔ اور یہ رسالہ ستمبر ۱۸۹۴ء میں شائع ہُوا تھا۔ اور ستمبر ۱۸۹۴ء کو یہ پیشگوئی رسالہ مذکور کے صفحہ ۳۹ کے حاشیہ پر چھاپی

گئی تھی۔ اور پھر جیساکہ رسالہ ضیاء الحق کے اخیر ورق ٹائیٹل پیج پر شائع کیا گیا ہے۔ یہ لڑکا یعنے شریف احمد ۴ ۲۔ مئی ۱۸۹۵ء کو مطابق ۲۷ ذیقعدہ ۱۳۱۲ھ پیدا ہوا۔ یعنے پیشگوئی کے شائع ہونے کے بعد نویں مہینے پیدا ہوا۔

اور میرا چوتھا لڑکا جس کا نام مبارک احمد ہے۔ اس کی نسبت پیشگوئی اشتہار ۲۰۔ فروری ۱۸۸۶ء میں کی گئی۔ اور پھر انجام آتھم کے صفحہ ۱۸۳ میں بتاریخ ۱۴ ستمبر ۱۸۹۶ء یہ پیشگوئی کی گئی۔ اور رسالہ انجام آتھم بماہ ستمبر ۱۸۹۶ء بخوبی ملک میں شائع ہوگیا اور پھر یہ پیشگوئی ضمیمہ انجام آتھم کے صفحہ ۵۸ میں اس شرط کے ساتھ کی گئی کہ عبدالحق غزنوی جو امرتسر میں مولوی عبدالجبار غزنوی کی جماعت میں رہتا ہے نہیں مریگا جب تک یہ چوتھا بیٹا پیدا نہ ہولے۔ اور اس صفحہ ۵۸ میں یہ بھی لکھا گیا تھا کہ اگر عبدالحق غزنوی ہماری مخالفت میں حق پر ہے اور جناب الٰہی میں قبولیت رکھتا ہے تو اس پیشگوئی کو دُعا کر کے ٹال دے۔ اور پھر یہ پیشگوئی ضمیمہ انجام آتھم کے صفحہ ۱۵ میں کی گئی۔ سو خدا تعالیٰ نے میری تصدیق کے لئے اور تمام مخالفوں کی تکذیب کیلئے اور عبدالحق غزنوی کو متنبہ کرنے کے لئے اس پسر چہارم کی پیشگوئی کو ۱۴ جون ۱۸۹۹ء میں جو مطابق ۴ صفر ۱۳۱۷ھ تھی بروز چار شنبہ پورا کر دیا یعنے وہ مولود مسعود چوتھا لڑکا تاریخ مذکورہ میں پیدا ہوگیا چنانچہ اصل غرض اس رسالہ کی تالیف سے یہی ہے کہ تا وہ عظیم الشان پیشگوئی جس کا وعدہ چار مرتبہ خدا تعالیٰ کی طرف سے ہو چکا تھا۔ اس کی ملک میں اشاعت کی جائے۔ کیونکہ یہ انسان کو جرأت نہیں ہوسکتی کہ یہ منصوبہ سوچے کہ اوّل تو مشترک طور پر چار لڑکوں کے پیدا ہونے کی پیشگوئی کرے۔ جیساکہ اشتہار ۲۰۔ فروری ۱۸۸۶ء میں کی گئی۔ اور پھر ہر ایک لڑکے کے پیدا ہونے سے پہلے اس کے پیدا ہونے کی پیشگوئی کرتا جائے اور اس کے مطابق لڑکے پیدا ہوتے جائیں۔ یہانتک کہ چار کا عدد جو پہلی پیشگوئی میں قرار دیا تھا۔ وہ پورا ہو جائے۔ حالانکہ یہ پیشگوئی اس کی طرف سے ہو کر جو محض افترا سے

اپنے تئیں خُدا تعالیٰ کا مامور قرار دیتا ہے۔ کیا ممکن ہے کہ خدا تعالیٰ مُفتری کی ایسی مسلسل طور پر مدد کرتا جائے کہ ۱۸۸۶ء سے لغایت سن ۱۸۹۹ء چودہ سال تک برابر وُہ مدد جاری رہے۔ کیا کبھی مُفتری کی تائید خُدا نے ایسی کی یا صفحہ دُنیا میں اسکی کوئی نظیر بھی ہے؟۔ دیکھو ایک وہ زمانہ تھا کہ ان چار لڑکوں میں سے کوئی بھی نہ تھا اور اِس وقت ایک بُڈھا کمزور دائم المرض آدمی جس کا ہر ایک دم مَوت کی خطرناک حالت میں ہے پیشگوئی کرتا ہے کہ ضرور ہے کہ چار لڑکے میرے گھر میں پَیدا ہوں اور پھر جب ایک لڑکے کے پَیدا ہونے کا زمانہ کسی قدر قریب آتا ہے تو الہام کے ذریعہ سے اس کے پَیدا ہونے کی بشارت دیتا ہے۔ اور ایسا ہی پھر الہام کے ذریعہ سے دُوسرے لڑکے کے پَیدا ہونے کی خبر دیتا ہے۔ پھر ایسا ہی تیسرے لڑکے کے پَیدا ہونے سے پہلے اس کے پَیدا ہونے کی پیشگوئی شائع کرتا ہے۔ پھر قبل اسکے کہ جو چوتھا لڑکا پَیدا ہو۔ بڑے دعوے اور زور شور سے اِس کے پَیدا ہونے کی خبر دیتا ہے۔ یہانتک کہ کہتا ہے کہ فلاں شخص نہیں مرے گا جبتک وہ پسر چہارم پَیدا نہ ہولے۔ پس اسکے قول کے مطابق پسر چہارم بھی پَیدا ہو جاتا ہے۔ اب سوچ کر دیکھو کہ کیا یہ انسان کی کارروائیاں ہیں؟ اور کیا آسمان کے نیچے یہ قوت کِسی کو دیگئی ہے کہ اِس زور شور کی مسلسل پیشگوئیاں مَیدان میں کھڑا ہو کر شائع کرے اور پھر وہ برابر پُوری ہو جائیں۔ دیکھو ایک وہ زمانہ تھا جو ضمیمہ انجام آتھم کے صفحہ ۱۵ میں یہ عبارت لکھی گئی تھی:۔ ایک اور الہام ہے جو ۲۰ فروری ۱۸۸۶ء میں شائع ہُوا تھا اور وہ یہ ہے کہ خدا تین کو چار کرے گا۔ اُسوقت اِن تینوں لڑکوں کا جو اَب موجود ہیں نام و نشان نہ تھا۔ اور اِس الہام کے معنے یہ تھے کہ تین لڑکے ہوں گے۔ اور پھر ایک اور ہوگا جو تین کو چار کر دے گا۔ سو ایک بڑا حصّہ اِس کا پُورا ہو گیا۔ یعنے خُدا نے تین لڑکے مجھ کو اِس نکاح سے عطا کئے جو تینوں موجود ہیں۔ صرف ایک

کی انتظار ہے جو تین کو چار کرنے والا ہوگا۔ اب دیکھو یہ کسقدر بزرگ نشان ہے؟
کیا انسان کے اختیار میں ہے کہ اوّل افترا کے طور پر تین یا چار لڑکوں کی خبر دے
اور پھر وُہ پَیدا بھی ہو جائیں ؟ ۔ فقط ۔

یہ عبارت جس پر ہم نے خط کھینچ دیا ہے ضمیمہ انجام آتھم کی ہے۔ اگر تم اِسس ضمیمہ کو کھولکر پڑھوگے۔ تو اس کے صفحہ ۱۵ میں یہی عبارت پاؤگے۔ اب خدا تعالیٰ کی قدرت کا نشان دیکھو کہ وہ پسر چہارم جس کے پَیدا ہونے کی نِسبت اس صفحہ پانزدہم ضمیمہ انجام آتھم میں انتظار دلائی گئی اور ناظرین کو اُمید دِلائی گئی ہے۔ کہ ایک دن ضرور آئے گا کہ جیساکہ یہ تین لڑکے پَیدا ہو گئے ہیں وُہ چوتھا لڑکا بھی پَیدا ہو جائے گا۔ سو صاحبو وُہ دن آگیا اور وہ چوتھا لڑکا جس کا ان کتابوں میں چار مرتبہ وعدہ دیا گیا تھا۔ صفر ۱۳۱۷ھ کی چوتھی تاریخ میں بروز چار شنبہ پَیدا ہوگیا۔ عجیب بات ہے کہ اِس لڑکے کے ساتھ چار کے عدد کو ہر ایک پہلو سے تعلق ہے۔ اِسس کی نسبت چار پیشگوئیاں ہوئیں۔ یہ چار صفر ۱۳۱۷ھ کو پَیدا ہوُا۔ اِس کی پَیدائش کا دِن ہفتہ کا چوتھا دِن تھا یعنے بُدھ۔ یہ دوپہر کے بعد چوتھے گھنٹہ میں پَیدا ہوُا۔ یہ خود چوتھا تھا۔ ص۲۲۴

۲۶ ایک عظیم الشان پیشگوئی وُہ ہے جو لاہور ٹاؤن ہال میں جلسہ اعظم مذاہب کے وقت پُوری ہُوئی۔ تفصیل اِس کی یہ ہے کہ پیشتر اِس کے کہ وہ جلسہ مذاہب ہو۔ جو ۲۶-۲۷-۲۸ ؍دسمبر ۱۸۹۶ء کو مقام مذکور میں ہوُا تھا۔ جس میں ہر ایک مذہب کے کسی نامی آدمی نے اس مذہب کی تائید میں سوالات مجوزہ ممبران جلسہ کے جوابات سُنائے تھے مجھ کو جو مَیں نے بھی اس جلسہ میں سُنانے کے لئے ایک مضمون لکھا تھا۔ خدا تعالیٰ کی طرف سے ایک الہام ہوُا۔ جس سے یقینی اور قطعی طور پر سمجھا جاتا

تھا کہ تمام مضامین میں سے میرا ہی مضمون فائق رہے گا۔ سو مَیں نے اِس خیال سے کہ ایسے مذہبی جلسہ کے موقعہ پر میرے الہامات کی سچائی لوگوں پر کھل جائے قبل اس کے کہ لوگ اپنے اپنے مضامین سُناویں اپنے اس الہام کو بذریعہ ایک اشتہار کے شائع کر دیا۔ اور پھر بعد میں میرے الہام کے مطابق عام رائے یہی ہوئی کہ میرا مضمون تمام مضمونوں پر غالب رہے۔ چنانچہ انہی ایام میں سول ملٹری گزٹ لاہور اور آبزرور نے بھی میرے اس بیان کی زور کے ساتھ تصدیق کی۔ اور جیسا کہ مَیں نے خدا تعالیٰ کے الہام کے ذریعہ سے قبل از وقت تمام لوگوں میں شائع کر دیا تھا کہ میرا ہی مضمون غالب رہیگا۔ حقیقت میں ایسا ہی ظہور میں آیا۔ اور میرا مضمون اس جلسہ میں نہایت درجہ کی عظمت کی نگاہ سے سُنا گیا اور اس کی تعریف میں شہر لاہور میں دُھوم مچ گئی۔

یہ اشتہار جس کا مَیں نے ذکر کیا ہے لاہور کے جلسہ مذاہب سے پہلے نہ صرف لاہور میں ہی مشتہر کیا گیا تھا بلکہ جلسہ مذکورہ کی تاریخوں سے کئی دِن پیشتر پنجاب کے اکثر شہروں میں اور ہزارہا لوگوں میں بکثرت شائع ہو چکا تھا۔ اور شیخ محمد حسین بٹالوی اور مولوی احمد اللہ اور ثناء اللہ امرتسری اور مولوی عبد الجبار غزنوی ثم امرتسری اور دوسرے کئی مولویوں اور عیسائیوں اور ہندوؤں کے پاس پہنچ چکا تھا۔ اور عام مسلمانوں میں بکثرت شائع کیا گیا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ جلسہ مذاہب کے بعد حق کے طالبوں کے دِلوں پر اس پیشگوئی کا بہت ہی اثر ہُوا کیونکہ جب انہوں نے دیکھا کہ درحقیقت یہی مضمون دُوسرے مضمونوں پر غالب رہا اور تمام فرقوں کی عام توجہ اور رغبت اِسی مضمون کی طرف ہوگئی تب انصاف پسند لوگوں کے دِلوں پر الہامی پیشگوئی کی سچائی نے عجیب اثر کیا یہاں تک کہ ایک صاحب نے سیالکوٹ سے مبلغ سو روپیہ اپنے جوش خوشی سے

جیسا کہ خدا تعالیٰ نے اس مضمون کو ایک نشان کے رنگ میں ظاہر فرمایا۔ یعنے اُس نے ایک تو ذاتی خاصیت اس مضمون میں ایسی رکھی کہ ہر ایک فرقہ کا انسان باوجود مذہبی روکوں کے بے اختیار اس مضمون کی تعریف کرنے لگا۔ اور قریباً پنجاب کی تمام اخباریں ایک زبان سے بول اُٹھیں کہ جلسہ مذاہب کے تمام مضامین کی جان یہی مضمون ہے اور سول ملٹری جو ایک نیم سرکاری اخبار سمجھی جاتی ہے اس نے بھی یہی گواہی دی کہ اسی مضمون کی قبولیت ظاہر ہوئی۔ اور آبزرور نے لکھا کہ یہ مضمون اس لائق ہے کہ انگریزی میں ترجمہ ہو کر یورپ میں شائع کیا جائے۔ اس سے ظاہر ہے کہ کس شوکت اور شان سے یہ پیشگوئی پوری ہوئی؟ جس کی نسبت عیسائیوں اور ہندوؤں اور مسلمانوں اور خود ممبران جلسہ نے اس قدر عظمت اور بے نظیری کا اقرار کیا کہ جس سے بڑھ کر ممکن نہیں اور عجیب تر یہ کہ یہ لوگ جانتے تھے کہ ہمارے اس اقرار سے پیشگوئی پوری ہو جائے گی۔ مگر پھر بھی کچھ ایسی وجد کی حالت اُن پر طاری ہوئی۔ کہ بے اختیار اُنکے مُنہ سے یہ کلمات نکل گئے کہ یہی مضمون بالا رہا۔ اور نہایت تعجب میں ڈالنے والی یہ بات ہے کہ جو آریوں میں سے اس جلسہ کے معزز مدار المہام قرار پائے تھے سب سے اوّل اُنہوں نے ہی یہ کہا کہ یہی مضمون ہے جو دُوسرے مضمونوں پر غالب رہا۔

اَب مَیں مناسب دیکھتا ہوں کہ ذیل میں اُس اشتہار کی نقل بھی لکھ دوں کہ جو اس جلسہ مذاہب سے پہلے ہزاروں انسانوں میں شائع کیا گیا اور جس میں باواز دہل بتلایا گیا تھا کہ یہی مضمون تمام دُوسرے مضمونوں پر غالب رہے گا۔ اور وہ یہ ہے:۔

(نقل اشتہار پیشگوئی متعلقہ جلسہ مذاہب جو پیش از جلسہ یعنی ۲۱ دسمبر ۱۸۹۶ء کو شائع ہوا)

سچائی کے طالبوں کے لئے ایک عظیم الشان خوشخبری

جلسہ اعظم مذاہب جو لاہور ٹاؤن ہال میں ۲۶-۲۷-۲۸ دسمبر ۱۸۹۶ء کو ہوگا اس میں اس عاجز کا ایک مضمون قرآن شریف کے کمالات اور معجزات کے بارے میں پڑھا جائے گا۔ یہ وہ مضمون ہے جو انسانی طاقتوں سے برتر اور خدا کے نشانوں میں سے ایک نشان اور خاص اس کی تائید سے لکھا گیا ہے۔ اس میں قرآن شریف کے وہ حقائق اور معارف درج ہیں جن سے آفتاب کی طرح روشن ہو جائے گا کہ درحقیقت یہ خدا کا کلام اور ربّ العالمین کی کتاب ہے اور جو شخص اس مضمون کو اوّل سے آخر تک پانچوں سوالوں کے جواب میں سنے گا۔ میں یقین کرتا ہوں کہ ایک نیا ایمان اس میں پیدا ہوگا اور ایک نیا نور اس میں چمک اٹھے گا۔ اور خدا تعالیٰ کے پاک کلام کی ایک جامع تفسیر اس کے ہاتھ آجائے گی۔ یہ میری تقریر انسانی فضولیوں سے پاک اور لاف و گزاف کے داغ سے منزہ ہے مجھے اس وقت محض بنی آدم کی ہمدردی نے اس اشتہار کے لکھنے کیلئے مجبور کیا ہے کہ تا وہ قرآن شریف کے حسن و جمال کا مشاہدہ کریں اور دیکھیں کہ ہمارے مخالفوں کا کس قدر ظلم ہے کہ وہ تاریکی سے محبت کرتے اور اس نور سے نفرت رکھتے ہیں۔

مجھے خدائے علیم نے الہام سے مطلع فرمایا ہے کہ یہ وہ مضمون ہے جو سب پر غالب آئیگا۔ اور اس میں سچائی اور حکمت اور معرفت کا وہ نور ہے جو دوسری قومیں بشرطیکہ حاضر ہوں اور اس کو اوّل سے آخر تک سنیں شرمندہ ہو جائیں گی۔ اور ہرگز قادر نہیں ہونگی کہ اپنی کتابوں کے یہ کمال دکھلا سکیں خواہ وہ عیسائی ہوں۔ خواہ آریہ خواہ سناتن دھرم والے یا کوئی اور۔ کیونکہ خدا تعالیٰ نے ارادہ فرمایا ہے کہ اس روز اس کی پاک کتاب کا جلوہ ظاہر ہو۔ میں نے عالم کشف میں اسکے متعلق دیکھا کہ میرے محل پر

غیب سے ایک ہاتھ مارا گیا اور اُس ہاتھ کے چھونے سے اس محل میں سے ایک نُور ساطعہ نکلا جو ارد گرد پھیل گیا اور میرے ہاتھوں پر بھی اُسکی روشنی ہوئی۔ تب ایک شخص جو میرے پاس کھڑا تھا۔ وہ بلند آواز سے بولا کہ اللہ اکبر۔ خربت خیبر۔ اِسکی تعبیر ہے کہ اس محل سے میرا دِل مُراد ہے جو جائے نزول و حلول انوار ہے اور وہ نور قرآنی معارف ہیں۔ اور خیبر سے مُراد تمام خراب مذہب ہیں جن میں شرک اور باطل کی ملونی ہے اور انسان کو خدا کی جگہ دیگئی یا خدا کی صفات کو اپنے کامل محل سے نیچے گرا دیا ہے۔ سو مجھے جتلایا گیا کہ اس مضمون کے خوب پھیلنے کے بعد جھوٹے مذہبوں کا جھوٹ کھل جائیگا اور قرآنی سچائی دن بدن زمین پر پھیلتی جائیگی جبتک کہ اپنا دائرہ پُورا کرے۔ پھر مَیں اس کشفی حالت سے الہام کی طرف منتقل کیا گیا اور مجھے یہ الہام ہُوا۔ انّ اللہ معک انّ اللہ یقوم اینما قمت۔ یعنے خدا تیرے ساتھ ہے خدا وہیں کھڑا ہوتا ہے جہاں تو کھڑا ہو۔ یہ حمایتِ الٰہی کیلئے ایک استعارہ ہے۔ اب مَیں زیادہ لکھنا نہیں چاہتا۔ ہر ایک کو یہی اطلاع دیتا ہوں کہ اپنا اپنا حرج بھی کر کے ان معارف کے سُننے کے لئے ضرور بمقام لاہور تاریخ جلسہ پر آویں کہ اُنکی عقل اور ایمان کو اِس سے وہ فائدے حاصل ہونگے کہ وہ گمان نہیں کرسکتے ہوں گے۔

والسّلام علیٰ من اتبع الھدیٰ ✤

نقل مطابق اصل [illegible]

خاکسار غلام احمدؐ از قادیان — ۲۱ دسمبر ۱۸۹۶ء

✤ سوامی شوگن چندر صاحب نے اپنے اشتہار میں مسلمانوں اور عیسائی صاحبان اور آریہ صاحبوں کو قسم دی تھی کہ ان کے نامی علماء اس جلسہ میں اپنے اپنے مذہب کی خوبیاں ضرور بیان فرماویں۔ سو ہم سوامی صاحب کو اطلاع دیتے ہیں کہ ہم اس بزرگ قسم کی عزّت کیلئے آپکی منشاء کو پُورا کرنے کیلئے طیار ہو گئے ہیں اور انشاء اللہ ہمارا مضمون آپ کے جلسہ میں پڑھا جائیگا۔ اسلام وہ مذہب ہے جو خدا کا نام درمیان آنے سے سچے مسلمان کو کامل اطاعت کی ہدایت فرماتا ہے۔ لیکن اب ہم دیکھیں گے کہ آپکے بھائی آریوں اور پادری صاحبوں کو انکے پرمیشر یا یسوع کی عزّت کا کسقدر پاس ہے اور وہ ایسے عظیم الشان قدوس کے نام پر حاضر ہونے کے لئے مستعد ہیں یا نہیں؟ منہ ✤

[illegible] ۲۱ دسمبر ۱۸۹۶ء [illegible]

۲۷ جب مَیں نے کتاب براہین احمدیہ تالیف کی تو اُسوقت مجھے چھپوانے کی استطاعت نہ تھی۔ مَیں نے جناب الٰہی میں دُعا کی تو اِن الفاظ میں جواب آیا کہ بالفعل نہیں۔ چنانچہ ایک مُدت تک باوجود ہر ایک طور کی کوششوں کے کچھ بھی سرمایہ طبع کتاب میسّر نہ ہو سکا۔ اور لوگوں کو باوجود تحریک اور شائع کرنے اشتہارات ۲۲۴
کے دیر تک کچھ توجہ نہ ہوئی۔ غرض اسی طرح الہام پورا ہُوا جس طرح کہ بتلایا گیا تھا۔ یہانتک کہ لوگوں کی عدم توجہی نے اِس الہام پر اطلاع رکھنے والوں کو تعجب میں ڈالا۔ اور جن لوگوں کے پاس یہ پیشگوئی بیان کی گئی تھی اُنکے دِل پر اس واقعہ کی بہت تاثیر ہوئی۔ اِس الہام کی اِطلاع شیخ حامد علی اور لالہ شرمپت کھتری اور میاں جان محمد امام مسجد اور دُوسرے اور کئی لوگوں کو قادیان کے رہنے والوں میں سے قبل از وقت دی گئی تھی جو حلفاً بیان کر سکتے ہیں۔ اور یہ الہام عرصہ بیس سال سے کتاب براہین احمدیہ میں درج ہے۔ دیکھو صفحہ ۲۲۵۔

۲۸ جب اس الہام پر جو ابھی مَیں نے نمبر ۲۷ میں ذکر کیا ہے کچھ دیر گذر گئی اور براہین احمدیہ کے طبع کرانے کا شوق حد سے بڑھا اور کسی کی طرف سے مالی امداد نہ ہوئی تو میرے دِل پر صدمہ پہنچنا شروع ہُوا۔ تب مَیں نے اسی اضطراب کی حالت میں دُعا کی۔ اِسپر خداوند قدیر اور کریم کی طرف سے یہ الہام ہُوا۔ هزّ اليك بجذع النّخلة تساقط عليكَ رُطبًا جنيًّا۔ یعنے کھجور کا پیڑ یا اسکی شاخوں میں سے کوئی شاخ ہلا۔ تب تر و تازہ کھجوریں تیرے پر گریں گی۔ مجھے بخوبی یاد ہے کہ اس الہام کی خبر مَیں نے مولوی ابو سعید محمد حسین صاحب کو بھی دی تھی۔ اور اس ضلع کے ایک اکسٹرا اسسٹنٹ کو بھی جس کا نام حافظ ہدایت علی تھا۔ اور کئی اَور لوگوں کو بھی اِطلاع دی اور قادیان کے وُہ دونوں ہندو یعنے شرمپت اور ملاوامل جن کا ذِکر

کئی مرتبہ اِس رسالہ میں آیا ہے۔ انکو بھی مَیں نے اِس الہام سے اِطّلاع دیدی۔ غرض قبل اسکے کہ الہام کے پُورا ہونے کے آثار ظاہر ہوں۔ خُوب اُس کو مُشتہر کیا۔ اور پھر اس الہام کے بعد دوبارہ بذریعہ اشتہار لوگوں میں تحریک کی۔ مگر اب کی دفعہ کسی انسان پر نظر نہ تھی اور پُوری نومیدی ہو چکی تھی۔ اور صرف الہام اِلٰہی کی تعمیل مدنظر تھی۔ سو قسم ہے اُس ذات کی جسکے ہاتھ میں میری جان ہے کہ اشتہارات کے شائع ہوتے ہی بارش کی طرح روپیہ برسنے لگا۔ اور کتاب چھپنی شروع ہوگئی۔ یہانتک کہ چار حصے کتاب براہین احمدیہ کے چھپ کر شائع ہوگئے۔ اور لاکھوں انسانوں میں اس کتاب کی شہرت ہوگئی۔ اور اُس پیشگوئی کے پُورا ہونے کے گواہ بھی وُہی اشخاص ہیں جن کا ابھی ذکر کیا گیا ہے اور یہ پیشگوئی آج سے تخمیناً بیس برس پہلے کتاب براہین احمدیہ میں مندرج ہو چکی ہے۔ دیکھو میری کتاب براہین احمدیہ صفحہ ۲۲۶۔

۲۹ ایک دفعہ مجھے یہ الہام ہوُا۔ عبداللہ خان ڈیرہ اسمٰعیل خان۔ چنانچہ چند ہندو جو اتفاقاً اُسوقت میرے پاس موجود تھے جن میں ایک لالہ شرمپت کھتری اور ایک لالہ ملاوامل کھتری بھی ہے۔ ان کو یہ الہام سُنا دیا گیا۔ اور بعض مسلمانوں کو بھی سُنا دیا گیا اور صاف طور پر کہدیا گیا کہ اس الہام سے یہ مطلب ہے کہ آج عبداللہ خان نام ایک شخص کا ہمارے نام کچھ روپیہ آئیگا اور خط بھی آئیگا۔ چنانچہ ان میں سے ایک ہندو بشنداس نام اِس بات کے لئے مستعد ہوُا کہ مَیں اِس الہام کو بذات خود آزماؤں۔ اور اتفاقاً اُن دنوں میں سب پوسٹماسٹر قادیان کا بھی ہندو تھا۔ سو وہ ہندو ڈاکخانہ میں گیا اور آپ ہی سب پوسٹماسٹر سے دریافت کرکے یہ خبر لایا کہ عبداللہ خان نام ایک شخص کا اس ڈاک میں خط آیا ہے اور کچھ روپیہ آیا ہے۔ جب یہ ماجرا گذرا۔ تو

اسوقت ان تمام ہندوؤں کو یہ ماننا پڑا کہ یہ الہام واقعی سچا ہے۔ اور وُہ ہندو جو ڈاکخانہ میں گیا تھا۔ نہایت تعجب اور حیرت میں پڑا کہ یہ غیب کی بات کیونکر معلوم کی گئی۔ تب مَیں نے اُس کو کہا۔ کہ ایک خدا ہے قادر توانا جو غیب کا جاننے والا ہے جس سے ہندو بیخبر ہیں۔ یہ اُس نے مجھے بتلایا۔ اور یہ الہام آج سے بیس برس پہلے کتاب براہین احمدیہ میں درج ہو چکا اور لاکھوں انسان اِس سے اطلاع پا چکے ہیں۔ دیکھو براہین احمدیہ صفحہ ۲۲۶- و- ۲۲۷-

۳۰ مجھے ایک دفعہ یہ الہام ہوا کہ الرّحمٰن علّم القراٰن۔ یا احمد فاضت الرحمة علیٰ شفتیك۔ یعنے خدا نے تجھے اے احمد قرآن سکھلایا اور تیرے لبوں پر رحمت جاری کی گئی۔ اور اس الہام کی تفہیم مجھے اِس طرح پر ہوئی کہ کرامت اور نشان کے طور پر قرآن اور زبان قرآن کی نسبت دو طرح کی نعمتیں مجھ کو عطا کی گئی ہیں۔ (۱) ایک یہ کہ معارف عالیہ فرقان حمید بطور خارق عادت مجھ کو سکھلائے گئے جن میں دُوسرا مقابلہ نہیں کرسکتا۔ (۲) دُوسرے یہ کہ زبان قرآن یعنے عربی میں وُہ بلاغت اور فصاحت مجھے دی گئی۔ کہ اگر تمام علماء مخالفین باہم اتفاق کر کے بھی اِس میں میرا مقابلہ کرنا چاہیں تو ناکام اور نامراد رہیں گے۔ اور وُہ دیکھ لیں گے کہ جو حلاوت اور بلاغت اور فصاحت لسان عربی مع التزام حقائق و معارف و نکات میری کلام میں ہے وہ ان کو اور انکے دوستوں اور ان کے اُستادوں اور انکے بزرگوں کو ہرگز حاصل نہیں۔ اس الہام کے بعد مَیں نے قرآن شریف کے بعض مقامات اور بعض سُورتوں کی تفسیریں لکھیں اور نیز عربی زبان میں کئی کتابیں نہایت بلیغ و فصیح تالیف کیں اور مخالفوں کو انکے مقابلہ کے لئے بلایا بلکہ بڑے بڑے انعام ان کے لئے مقرر کئے اگر وہ مقابلہ کرسکیں۔ اور ان میں سے ۱۰۶

جو نامی آدمی تھے جیساکہ میاں نذیر حسین دہلوی اور ابوسعید محمد حسین بٹالوی ایڈیٹر اشاعۃ السُنّۃ ان لوگوں کو بار بار اس امر کی طرف دعوت کی گئی کہ اگر کچھ بھی ان کو علم قرآن میں دخل ہے یا زبان عربی میں مہارت ہے یا مجھے میرے دعویٰ مسیحیت میں کاذب سمجھتے ہیں تو ان حقائق و معارف پُر از بلاغت کی نظیر پیش کریں جو مَیں نے کتابوں میں اِس دعویٰ کے ساتھ لکھے ہیں کہ وہ انسانی طاقتوں سے بالاتر اور خدا تعالیٰ کے نشان ہیں۔ مگر وہ لوگ مقابلہ سے عاجز آگئے۔ نہ تو وہ ان حقائق معارف کی نظیر پیش کر سکے جن کو مَیں نے بعض قرآنی آیات اور سُورتوں کی تفسیر لکھتے وقت اپنی کتابوں میں تحریر کیا تھا۔ اور نہ اُن بلیغ اور فصیح کتابوں کی طرح دو سطر بھی لکھ سکے جو مَیں نے عربی میں تالیف کرکے شائع کی تھیں چنانچہ جس شخص نے میری کتاب نور الحق اور کرامات الصادقین اور سر الخلافہ اور اتمام الحجّہ وغیرہ رسائل عربیہ پڑھے ہونگے۔ اور نیز میرے رسالہ انجام آتھم اور نجم الہُدےٰ کی عربی عبارت کو دیکھا ہوگا۔ وہ اِس بات کو بخوبی سمجھ لیگا کہ ان کتابوں میں کس زور شور سے بلاغت فصاحت کے لوازم کو نظم و نثر میں بجالایا گیا ہے۔ اور پھر کس زور شور سے تمام مخالف مولویوں سے اِس بات کا مطالبہ کیا گیا ہے کہ اگر وہ علم قرآن اور بلاغت سے کچھ حصہ رکھتے ہیں تو ان کتابوں کی نظیر پیش کریں ورنہ میرے اِس کاروبار کو خدا تعالیٰ کی طرف سے سمجھ کر میری حقیت کا نشان اس کو قرار دیں لیکن افسوس کہ ان مولویوں نے نہ تو انکار کو چھوڑا اور نہ میری کتابوں کی نظیر بنانے پر قادر ہو سکے۔ بہرحال انپر خدا تعالیٰ کی حُجّت پوری ہوگئی اور وہ اُس الزام کے نیچے آگئے جس کے نیچے تمام وہ منکرین ہیں جنہوں نے خُدا کے ماموریں سے سرکشی کی۔

۱۳۱ تخمیناً عرصہ بیس برس کا گذرا ہے کہ مجھ کو اِس قرآنی آیت کا الہام ہُوا تھا۔ اور وُہ یہ ہے۔ ھو الّذی ارسل رسولہٗ بالھدٰی و دین الحق

لیظھرہٗ علی الدّین کلّہٖ۔* اور مجھ کو اس الہام کے یہ معنے سمجھائے گئے تھے کہ میں خدا تعالےٰ کی طرف سے اس لئے بھیجا گیا ہوں کہ تا میرے ہاتھ سے خدا تعالیٰ اسلام کو تمام دینوں پر غالب کرے۔ اور اِس جگہ یاد رہے کہ یہ قرآن شریف میں ایک عظیم الشان پیشگوئی ہے جس کی نسبت علماء محققین کا اتفاق ہے کہ یہ مسیح موعود کے ہاتھ پر پُوری ہوگی۔ سو جس قدر اولیاء اور ابدال مجھ سے پہلے گذر گئے ہیں کسی نے ان میں سے اپنے تئیں اِس پیشگوئی کا مصداق نہیں ٹھہرایا۔ اور نہ یہ دعویٰ کیا کہ اس آیت مذکورہ بالا کا مجھ کو اپنے حق میں الہام ہوا ہے۔ لیکن جب میرا وقت آیا تو مجھ کو یہ الہام ہوا اور مجھ کو بتلایا گیا کہ اِس آیت کا مصداق تُو ہے اور تیرے ہی ہاتھ سے اور تیرے ہی زمانہ میں دین اسلام کی فوقیت دُوسرے دینوں پر ثابت ہوگی۔ چنانچہ یہ کرشمۂ قدرت مہوتسو کے جلسہ میں ظہور میں آچکا۔ اور اِس جلسہ میں میری تقریر کے وقت بمقابل تمام تقریروں کے ہر ایک فرقہ کے ولیں کو طوعاً یا کرہاً اقرار کرنا پڑا کہ بیشک دین اسلام اپنی خوبیوں کے ساتھ ہر ایک مذہب سے بڑھا ہوا ہے۔ اور پھر اسی پر کفایت نہیں ہوئی بلکہ خدا تعالیٰ نے میری تحریروں کے ساتھ ہر ایک فرقہ پر اتمام حجت کی۔ ہندوؤں کے مقابل مَیں نے کتاب براہین احمدیہ اور سُرمہ چشم آریہ اور آریہ دھرم ایسی کتابیں تالیف کیں جن سے ہر ایک طالب حق پر بخوبی کھُل گیا کہ ہندو مذہب جس کی وید پر بنا قرار دی گئی ہے ہرگز خدا تعالیٰ کی طرف سے نہیں ہے۔ بلکہ وہ ایسے خلاف حق عقائد کا مجموعہ ہے جن میں نہ خدا تعالیٰ کی عزت اور عظمت اور قُدرت کا کچھ پاس کیا گیا ہے اور نہ انسانی طہارت اور پاکیزگی کو مدِّنظر رکھا گیا ہے۔ مَیں نے ان کتابوں میں خود آریوں کے اقرار سے ثابت کر دیا ہے کہ ان کے مذہب کی رُو سے اس عالم کا کوئی ایسا خالق نہیں ہے

* ترجمہ۔ وہ خدا جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچے دین کے ساتھ بھیجا۔ تا وہ اپنے دین کو تمام دینوں پر غالب کرے۔ منہ

جس نے مخلوق کو عدم سے وجود دیا ہو۔ بلکہ ہر ایک چیز قدیم اور اپنے وجود کی آپ خدا ہے
پس اس صورت میں ہندوؤں کے پرمیشر کی شناخت کے لئے اور اُس کی ہستی کو ماننے ۴۸
کے لئے کوئی دلیل قائم نہیں ہو سکتی۔ بلکہ اس مدعا کے مخالف دلائل قائم ہوتے ہیں۔
اسی وجہ سے ہندوؤں میں نصف کے قریب وہ فرقے ہیں جو پرمیشر کے وجود سے
ہی منکر ہیں۔کیونکہ وید کی اس تعلیم کے رُو سے کہ ارواح اور مادہ خود بخود ہیں۔
پرمیشر کے وجود کی کچھ ضرورت معلوم نہیں ہوتی۔ اور ہر ایک دانا سمجھ سکتا ہے
کہ جب یہ تمام قُویٰ جو رُوحوں اور ذرّات میں موجود ہیں۔کسی موجد کی محتاج نہیں
اور انکا وجود کسی صانع کے وجود پر موقوف نہیں تو پھر صرف رُوح اور جسم کو جوڑنے
کی صنعت جو ادنیٰ درجہ کی صنعت ہے، کیونکر کسی صانع کی محتاج ہو سکتی ہے۔ غرض یہ
خیال کہ پرمیشر نے بعض اجزا کو بعض سے جوڑا ہے۔ اور رُوح کو جو قدیم سے خود بخود
موجود ہے۔ ان قدیم اجسام میں داخل کیا ہے۔ یہ نہایت کمزور خیال ہے اور اس کو
صانع کے وجود پر دلیل سمجھنا سراسر ناسمجھی ہے۔ کیونکہ جبکہ یہ تمام چیزیں قدیم سے علیحدہ
علیحدہ خود بخود موجود ہیں اور اپنے وجود اور بقا میں دُوسرے کی محتاج نہیں تو پھر ان
چیزوں کے باہمی اتصال یا انفصال کے لئے کیوں پرمیشر کی حاجت ہے۔ اگر پرمیشر کی
ذات ایسی واقع نہیں جو اُسی سے تمام چیزوں کا ظہور ہو۔ اور اُسی سے تمام چیزوں
کی بقا ہو۔ اور اُسی سے ہر ایک چیز کو فیض پہنچے تو خود اُس کا وجود فضول ہوگا اور اُس کے
وجود پر کسی چیز کی دلالت کاملہ نہیں ہوگی۔ ہندوؤں کا یہ خیال کہ نیستی سے ہستی نہیں
ہو سکتی صاف بتلا رہا ہے کہ خدا تعالیٰ اور اُسکی ذات اور صفات کی معرفت کی سچی کتابیں
ہرگز انکو نہیں ملیں۔ لہٰذا انھوں نے اپنے پرمیشر کے افعال اور اسکی قوت اور شکتی کو
صرف انسان کی قوّت اور شکتی پر قیاس کر لیا ہے۔ انکو یہ بھی معلوم نہیں کہ کیونکر انسان کی
سچی خوابوں اور واقعی کشفوں میں ہزار ہا ایسی چیزیں وجود پذیر ہو جاتی ہیں کہ ابھی وہ

بجلی پردہ نیستی میں مخفی ہوتی ہیں۔ اور سالہائے دراز کے بعد انکا ظہور ہوتا ہے۔ پھر اگر خدا تعالےٰ نیستی سے ہستی نہیں کر سکتا۔ تو کشفوں اور خوابوں میں ایسی ہستی کیوں ظہور میں آجاتی ہے جس کا خارج میں کوئی نام ونشان نہیں۔ مثلاً اگر کسی کے گھر میں بیس سال کے بعد بیٹا پیدا ہونا ہو۔ تو کبھی کبھی ایسا عجیب کشف یا عجیب خواب اسکو دکھلائی جاتی ہے کہ جو بیٹا پیدا ہونے سے پہلے بلکہ اُس بیٹے کی ماں کے وجود سے بھی پہلے وہ اپنے اس بیٹے کو خواب کی حالت میں یا کشف کی حالت میں بعینہٖ دیکھ لیتا ہے۔ بلکہ بسا اوقات اُس سے باتیں کرلیتا ہے۔ اور بسا اوقات وہ بیٹا ایسے راز اُسکو بتلاتا ہے کہ جو مدت ہائے دراز کے بعد اور تحصیل علم کے بعد وہ طاقت بیٹے میں پیدا ہوتی ہے*۔ پس اگر خدا تعالیٰ انسان کی طرح مادہ اور پرکرتی کا محتاج ہے۔ تو مثلاً وہ بیٹا جو خواب میں یا کشف میں حاضر کیا جاتا ہے جس کی ابھی ماں بھی پیدا نہیں ہوئی۔ وہ کس مادہ یا پرمانو سے بنایا جاتا ہے۔ پس جبکہ وہ قادر اس قسم کی بناوٹ بھی جانتا ہے کہ اُس حالت میں کسی انسان کا نشان ظاہر کر دیتا ہے اور مجسم طور پر عین بیداری میں اس کو دکھا دیتا ہے جبکہ وہ بکلی بے نشان ہوتا ہے تو پھر اس سے زیادہ اور کونسی حماقت ہوگی کہ اس قادر کو مادہ کا محتاج سمجھا جائے۔ اگر ایسا ہی پرمیشر ہے تو اُس پر آیندہ کی دائمی خوشیوں کے لئے کوئی اُمید نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ وہ آپ ہمیشہ مادہ اور رُوح کا محتاج ہے اور ایسی چیزوں کے سہارے سے اس کی خدائی چل رہی ہے جو اُس کے ہاتھ سے نکلی نہیں اور نہ نکل سکتی ہیں۔ پس ہندوؤں کے ویدوں کی یہ صریح غلطی ہے کہ وہ خدائی طاقت اور انسانی طاقت کو برابر درجہ پر سمجھتے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ کسی اتفاق سے جس کا بھید معلوم نہیں اس قدر رُوحیں اور مادے موجود چلی آتی ہیں جو پرمیشر کی اپنی پیدا کردہ نہیں۔ اور انہی پر تمام کارخانہ پرمیشر گری کا چل رہا ہے۔ اور اگر فرض

* اِس کے ثبوت کے لئے ہم خود ذمہ وار ہیں۔ مگر وہ لوگ کہاں ہیں جو سچائی کے طالب ہو کر آویں؟ منہ

گر لیں کہ وہ آیندہ کو کسی وقت معدوم ہو جائیں گی تو ساتھ ہی فرض کرنا پڑیگا کہ پرمیشر بھی آیندہ کو خالی ہاتھ بیٹھے گا۔ پس سوچنے کا مقام ہے کہ کیا خدائے حیّ و قیّوم کی یہی صفات ہونی چاہئیں۔ اور کیا اُس کی خدائی کی حقیقت اور اصلیت اسی قدر ہے کہ اُس کی بادشاہت اُن چیزوں پر چلتی ہو جو اُس کی اپنی ملکیت نہیں۔ غرض میں نے ان کتابوں میں ثابت کیا ہے کہ ہندو مذہب کا گیان اور معرفت پرمیشر کی نسبت جو کچھ ہے یہی ہے کہ وہ اُس کو قدیم سے معطّل اور صفتِ خالقیت سے محروم قرار دیتے ہیں۔ اور انسانی پاکیزگی کی نسبت وید کی تعلیم جس کو پنڈت دیانند نے آریوں کو سکھلایا ہے بطور نمونہ یہ ہے کہ ایک آریہ اولاد کے لئے اپنی پیاری بیوی کو اپنی زندگی اور جوانی کی حالت میں دُوسرے سے ہم بستر کرا سکتا ہے تا کسی طرح اولاد پیدا ہو جائے۔ اِس عمل کو ہندوؤں کے مذہب میں نیوگ کہتے ہیں۔ پس جس مذہب کا خدا تعالیٰ کی نسبت یہ خیال ہے کہ وہ قدیم سے عاجز اور کمزور اور پیدا کرنے کی صفت سے بے نصیب ہے اور جس مذہب نے مخلوق کی پاکیزگی کا اِس قدر خون کر دیا ہے کہ خاوند جو فطرتاً انسانی غیرت کا جوش اپنی بیوی کے معاملہ میں اِس قدر اپنے اندر رکھتا ہے ۱۳۹
کہ روا نہیں رکھتا کہ کسی غیر کی آواز کی طرف بھی وہ کان لگاوے اُسکو یہ ہدایت کی جاتی ہے کہ اولاد کی ضرورت کے لئے نہ ایک دفعہ بلکہ کئی دفعہ اپنی جورو کو غیر انسان سے ہم بستر کراوے۔ ایسے مذہب سے کس بہتری کی اُمید ہو سکتی ہے۔ علاوہ اِس کے مَیں نے اپنی کتابوں میں یہ بھی بیان کر دیا ہے کہ ہندو مذہب کے پابند خوارق اور کرامات سے بے نصیب ہیں بلکہ اس کے مُنکر ہیں۔ اور مَیں نے اِس طرح پر بھی ان لوگوں پر اتمام حُجّت کیا ہے کہ کئی آسمانی نشان ان کو دکھلائے ہیں۔ اور ان پر ثابت کیا ہے کہ آسمان کے نیچے صرف ایک اِسلام ہے جسکی پیروی سے اِنسان کو خُدا تعالیٰ کا قُرب میسّر آتا ہے۔ اور اِس قُرب کی برکت سے انواع اقسام کی

کرامات اور پیشگوئیاں اِس انسان سے ظاہر ہوتی ہیں جیساکہ اب ظاہر ہو رہی ہیں۔ کیا ان میں کوئی ایسا رشی یا جوگی موجود ہے کہ وہ عجائب کام خدا تعالیٰ کے دکھلاسکے جو مجھ سے ظاہر ہوتے ہیں؟ پس ظاہر ہے کہ ہندو مذہب پر عقلی اور کراماتی طور پر اسلام کی حجت پوری ہوگئی۔ اب بعد اِس کے انکار کرنا ترک حیا ہے۔ یہ تمام مضمون قریباً بیس۲۰ سال سے چھپکر شائع ہو چکے ہیں۔ یہ وہ اتمام حجت ہے جو بذریعہ کتابوں اور آسمانی نشانوں کے ہندوؤں پر کیا گیا۔ اور اِس جگہ تھوڑا سا بطور خلاصہ اُن کتابوں میں سے لکھا گیا ہے۔ جو سالہائے دراز سے چھپکر بخوبی ملک میں شائع ہو چکی ہیں۔ بلکہ بعض کتابیں مکرر بھی چھپ گئیں۔

اور عیسائیوں کی نسبت جو اتمام حجت کیا گیا وہ بھی دو قسم پر ہے۔ ایک وہ کتابیں ہیں جو مَیں نے عیسائیوں کے خیالات کے ردّ میں تالیف کیں۔ جیساکہ براہین احمدیہ اور نور الحق اور کشف الغطاء وغیرہ۔ دُوسرے وہ نشان جو عیسائیوں پر حجت پوری کرنے کے لئے مَیں نے دکھلائے۔ اور مَیں نے ان کتابوں میں جو عیسائیوں کے مقابل پر لکھی گئی ہیں۔ ثابت کر دیا ہے کہ عیسائیوں کا خونِ مسیح اور کفارہ کا مسئلہ ایسا غلط ہے کہ ایک دانشمند اور منصف کے لئے کافی ہے کہ اسی مسئلہ پر غور کرکے خدا سے ڈرے۔ اور اِس مذہب سے علیحدہ ہو جائے✠ اور مَیں نے ان کتابوں میں لکھا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام کو لعنتی ٹھہرانے کا عقیدہ جو عیسائیوں کے مذہب کا اصل الاصول ہے۔ ایسا صریح البطلان ہے کہ ایک سطحی خیال کا انسان بھی معلوم کر سکتا ہے کہ کسی طرح ممکن نہیں کہ ایسا مذہب سچا ہو جسکی بنیاد ایسے عقیدے پر ہو جو ایک راستباز کے دل کو لعنت کے سیاہ داغ کے ساتھ ملوث کرنا چاہتا ہے۔ کیونکہ لعنت کا لفظ جو عربی اور عبرانی میں مشترک ہے

✠ کیا کوئی عقل سلیم اِس بات کو مان سکتی ہے کہ زید خون کرے اور بکر اُسکے عوض میں سُولی دیا جائے۔ منہ

نہایت پلید معنے رکھتا ہے۔ اور اس لفظ کے ایسے خبیث معنے ہیں کہ بجز شیطان کے اور کوئی اس کا مصداق نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ عربی اور عبرانی کی زبان میں ملعون اُسکو کہتے ہیں کہ جو خدا تعالیٰ کی رحمت سے ہمیشہ کے لئے ردّ کیا جائے۔ اسی وجہ سے لعین شیطان کا نام ہے۔ کیونکہ وہ ہمیشہ کے لئے رحمت الٰہی سے ردّ کیا گیا ہے۔ اور خدا تعالیٰ کی تمام کتابوں میں توریت سے قرآن شریف تک کسی ایسے شخص کی نسبت ملعون ہونے کا لفظ نہیں بولا گیا جسنے انجام کار خدا کی رحمت اور فضل سے حصّہ لیا ہو۔ بلکہ ہمیشہ سے یہ ملعون اور لعنتی کا لفظ انہی ازلی بدبختوں پر اطلاق پاتا رہا ہے جو ہمیشہ کے لئے خدا تعالیٰ کی رحمت اور نجات اور نظرِ محبت سے بے نصیب کئے گئے اور خدا کے لُطف اور مہربانی اور فضل سے ابدی طور پر دُور اور مہجور ہوگئے۔ اور اُنکا رشتہ دائمی طور پر خدا تعالیٰ سے کاٹ دیا گیا اور اُس جہنّم کا خلود اُن کے لئے قرار پایا جو خدا تعالیٰ کے غضب کا جہنّم ہے اور خدا تعالیٰ کی رحمت میں داخل ہونے کی اُمید نہ رہے اور نبیوں کے مُنہ سے بھی یہ لفظ کبھی ایسے اشخاص کی نسبت اطلاق نہیں پایا جو کسی وقت خدا کی ہدایت اور فضل اور رحم سے حصّہ لینے والے تھے۔ اِسلئے یہودیوں کی مقدس کتاب اور اسلام کی مقدس کتاب کی رُو سے یہ عقیدہ متفق علیہ مانا گیا ہے کہ جو شخص ایسا ہو کہ خدا کی کتابوں میں اُسپر ملعون کا لفظ بولا گیا ہو۔ وہ ہمیشہ کے لئے خُدا کی رحمت سے محروم اور بے نصیب ہوتا ہے۔ جیسا کہ اِس آیت میں بھی اشارہ ہے۔ ملعونین۔ اینما ثقفوا اخذوا و قتلوا تقتیلاً[۱]۔ یعنے زناکار اور زناکاری کی اشاعت کرنے والے جو مدینہ میں ہیں یہ لعنتی ہیں۔ یعنے ہمیشہ کے لئے خدا کی رحمت سے ردّ کئے گئے۔ اِسلئے یہ اِس لائق ہیں کہ جہاں انکو پاؤ قتل کردو۔ پس اِس آیت میں اِس بات کی طرف یہ عجیب اشارہ ہے کہ لعنتی ہمیشہ کے لئے ہدایت سے محروم ہوتا ہے اور اس کی

[۱] الاحزاب: ۶۲

پیدائش ہی ایسی ہوتی ہے جیسپر جھوٹ اور بدکاری کا جوش غالب رہتا ہے۔ اور
اِسی بناء پر قتل کرنے کا حکم ہُوا۔ کیونکہ جو قابلِ علاج نہیں اور مرض متعدی رکھتا ہے
اس کا مرنا بہتر ہے۔ اور یہی توریت میں لکھا ہے کہ لعنتی ہلاک ہوگا۔ علاوہ صنہ
اسکے ملعون کے لفظ میں یہ کسقدر پلید معنے مندرج ہیں کہ عربی اور عبرانی زبان
کے رُو سے ملعون ہونے کی حالت میں ان لوازم کا پایا جانا ضروری ہے کہ
شخص ملعون اپنی دِلی خواہش سے خدا تعالیٰ سے بیزار ہو۔ اور وُہ خدا تعالیٰ
سے اپنے دِلی جوش کے ساتھ دُشمنی رکھے اور ایک ذرّہ محبت اور تعظیم اللہ جلشانہ
کی اُسکے دِل میں نہ ہو۔ اور ایسا ہی خدا کے دِل میں بھی ایک ذرّہ اُسکی محبت نہ ہو
یہانتک کہ وہ شیطان کا وارث ہو نہ خدا کا۔ اور یہ بھی لعنتی ہونے کے لوازم میں
سے ہے کہ شخص ملعون خدا تعالیٰ کی شناخت اور معرفت اور محبت سے بکلی بے نصیب ہو۔
اَب ظاہر ہے کہ یہ لعنت اور ملعون کی حالت کا مفہوم ایسا ناپاک مفہوم ہے کہ
ایک ادنیٰ سے ادنیٰ ایماندار کی طرف منسوب نہیں ہوسکتا چہ جائیکہ حضرت مسیح
علیہ السلام کی نسبت اِس کو منسوب کیا جائے۔ کیونکہ ملعون ہونے سے مراد وُہ
سخت دِلی کی تاریکی ہے جس میں ایک ذرہ خدا کی معرفت کا نُور خُدا کی محبت کا نُور خدا
کی تعظیم کا نُور باقی نہ ہو۔ پس کیا روا ہے کہ ایسے مُردار کی سی حالت ایک سیکنڈ
کے لئے بھی مسیح جیسے راستباز کی طرف منسوب کی جائے۔ کیا نُور اور تاریکی دونوں
جمع ہوسکتی ہیں۔ لہٰذا اِس سے صاف طور پر ثابت ہوتا ہے کہ عیسائی مذہب کے
یہ عقائد سراسر باطل ہیں۔ نیک دِل انسان ایسی نجات سے بیزار ہوگا جس کی
اوّل شرط یہی ہو کہ ایک پاک اور معصوم اور خدا کے پیارے کی نسبت یہ اعتقاد
رکھا جائے کہ وہ ملعون ہوگیا اور اُس کا دِل عمداً خدا سے برگشتہ ہوگیا۔ اور اسکے
سینہ میں سے خدا شناسی کا نُور جاتا رہا اور وُہ شیطان کی طرح خدا تعالیٰ کا دشمن ہوگیا

اور خُدا سے بیزار ہوگیا اور شیطان کا وارث ہوگیا اور اُس کا سارا دل سیاہ ہوگیا۔ اور لعنت کی زہرناک کیفیت سے اُس کا دل اور اُسکی آنکھیں اور اُسکے کان اور اُس کی زبان اور اُسکے تمام خیالات بھر گئے۔ اور اُسکی پلید زمین میں بجز لعنتی درختوں کے اور کچھ باقی نہ رہا۔ کیا ایسے اصُولوں کو کوئی ایماندار اور شریف انسان اپنی نجات کا ذریعہ ٹھہرا سکتا ہے۔ اگر نجات کا یہی ذریعہ ہے تو ہر ایک پاک دِل شخص کا کانشنس یہی گواہی دیگا کہ ایسی نجات سے ہمیشہ کا عذاب بہتر ہے۔ تمام انسانوں کا اِس سے مَرنا بہتر ہے کہ لعنت جیسا سڑا ہوُا مُردار جو شیطان کی خاص وراثت ہے مسیح جیسے پاک اور پاک دِل کے مُنہ میں ڈالیں۔ اور اِس مُردار کا اُسکے دِل کو ذخیرہ بناویں۔ اور پھر اِس مکروہ عمل سے اپنی نجات اور رہائی کی اُمّید رکھیں۔ غرض یہ وہ عیسائی تعلیم ہے جس کو ہم نے سراسر ہمدردی اور خیرخواہی کی راہ سے اپنی کتابوں میں ردّ کیا ہے۔ اور صرف اِسی قدر نہیں بلکہ یہ بھی ثابت کرکے دِکھلایا ہے کہ خود حضرت مسیح علیہ السّلام کا سُولی ملنا ہی جُھوٹ ہے۔ انجیل خود گواہی دیتی ہے کہ وُہ سُولی نہیں ملے۔ اور پھر خود مسیح نے انجیل میں اپنے اِس واقعہ کی مثال حضرت یونس کے واقعہ سے منطبق کی ہے۔ اور یہ کہا ہے کہ میرا قبر میں داخل ہونا اور قبر سے نکلنا یونس نبی کی مچھلی کے نشان سے مشابہ ہے۔ اور ظاہر ہے کہ یونس مچھلی کے پیٹ میں نہ مُردہ داخل ہوُا تھا اور نہ مُردہ نکلا تھا۔ بلکہ زندہ داخل ہوُا اور زندہ ہی نکلا۔ پھر اگر حضرت مسیح قبر میں مُردہ داخل ہوُا تھا۔ تو اُسکے قصّے کو یونس نبی کے قصّے سے کیا مشابہت۔ اور ممکن نہیں کہ نبی جُھوٹ بولے۔ اِس لئے یہ اِس بات پر یقینی دلیل ہے کہ حضرت مسیح علیہ السّلام صلیب پر فوت نہیں ہُوئے اور نہ مُردہ ہونے کی حالت میں قبر میں داخل ہُوئے۔ اور اگر موجودہ انجیلیں تمام و کمال اِس واقعہ کے مخالف ہوتیں تب بھی کوئی سچا ایماندار

قبول نہ کرتا کہ حضرت مسیح علیہ السلام کا سُولی پر مَرجانے کا واقعہ صحیح ہے۔ کیونکہ اس سے صرف یہی نتیجہ نہیں نکلتا۔ کہ حضرت مسیح اپنی اس مشابہت قرار دینے میں جھوٹے ٹھہرتے ہیں اور مشابہت سراسر غلط ثابت ہوتی ہے۔ بلکہ یہ نتیجہ بھی نکلتا ہے کہ وُہ نعوذ باللہ اُن بیلوں، گدھوں کی طرح لعنتی بھی ہو گئے جن کی نسبت توریت میں مار دینے کا حکم تھا۔ اور نعوذ باللہ اُن کے دِل میں لعنت کی وہ زہر سرایت کر گئی جس نے شیطان کو ہمیشہ کے لئے ہلاک کیا ہے۔ لیکن موجودہ انجیلوں میں سے وہ انجیلیں بھی ابتک موجود ہیں۔ جیساکہ انجیل برنباس جس میں حضرت مسیح علیہ السلام کے سُولی ملنے سے انکار کیا گیا ہے۔ اور ان چار انجیلوں کو دُوسری انجیلوں پر کچھ ترجیح نہیں کیونکہ یہ سب انجیلیں حواریوں کے زمانہ کے بعد بعض یُونان کے لوگوں نے بے سرو پا روایات کی بنا پر لکھی ہیں۔ اور ان میں حضرت مسیح کے ہاتھوں کی کوئی انجیل نہیں بلکہ حواریوں کے ہاتھوں کی بھی کوئی انجیل نہیں۔ اور یہ بات قبول کی گئی ہے کہ انجیل کا عبرانی نسخہ دُنیا سے مفقود ہے۔ ماسوا اِس کے یہ چاروں انجیلیں جو بہت سی انجیلوں میں سے محض تحکّم کے طور پر اختیار کی گئی ہیں۔ اُن کے بیانات سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ مسیح صلیب پر فوت نہیں ہُوا۔ چنانچہ ہم اپنے رسالہ "مسیح ہندمیں" میں اس بحث کو صفائی سے طے کر چکے ہیں۔ اور ان انجیلوں سے یہ بھی ثابت ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام ایک باغ میں اپنی رہائی کے لئے تمام رات دُعا کرتے رہے۔ اور اس غرض اور مُدعا سے کہ کسی طرح سُولی سے بچ جائیں۔ ساری رات رونے اور گڑگڑانے اور سجدہ کرنے میں گذری۔ اور یہ غیر ممکن ہے کہ جس نیک انسان کو یہ توفیق دی جائے کہ تمام رات دردِ دل سے کسی بات کے ہو جانے کیلئے دُعا کرے اور اُس دُعا کے لئے اُسکو پُورا جوش عطا کیا جائے اور پھر وُہ دُعا نامنظور اور نامقبول ہو۔ جب سے کہ دُنیا کی بنیاد پڑی اُس وقت سے آجتک اِس کی

نظیر نہیں ملی۔ اور خدا تعالیٰ کی تمام کتابوں میں بالاتفاق یہ گواہی پائی جاتی ہو کہ راستبازوں کی دُعا قبول ہوتی ہے اور اُن کے کھٹکھٹانے پر ضرور کھولا جاتا ہے۔ پھر مسیح کی دُعا کو کیا روک پیش آئی کہ باوجود ساری رات کی گریہ و زاری اور شور و غوغا کے ردّی کی طرح پھینک دی گئی اور قبول نہ ہُوئی۔ کیا خدا تعالیٰ کی کتابوں میں اس واقعہ کی کوئی اور نظیر بھی ہے کہ کوئی مسیح جیسا راستباز یا اس سے کمتر تمام رات رو رو کر اور جگر پھاڑ کر دُعا کرے اور بیقراری سے بیہوش ہوتا جائے اور خود اقرار کرے کہ میری جان گھٹ رہی ہے اور میرا دِل گرا جاتا ہے۔ اور پھر ایسی دردناک دُعا قبول نہ ہو؟ - ہم دیکھتے ہیں کہ اگر خدا تعالیٰ ہماری کوئی دُعا قبول کرنا نہیں چاہتا تو جلد ہمیں اطّلاع بخشتا ہے اور اُس دردناک حالت تک ہمیں نہیں پہنچاتا جسمیں اس کا قانونِ قدرت یہی واقع ہے کہ اس درجہ پر وفادار بندوں کی دُعا پہنچکر ضرور قبول ہو جایا کرتی ہے۔ پھر مسیح کی دُعا کو کیا بلا پیش آئی کہ نہ تو وہ قبول ہوئی اور نہ ہی انھیں پہلے سے اطّلاع دی گئی کہ یہ دُعا قبول نہیں ہو گی۔ اور نتیجہ یہ ہُوا کہ بقول عیسائیوں کے خدا کی اس خاموشی سے مسیح سخت حیرت میں پڑا یہانتک کہ جب صلیب پر چڑھایا گیا۔ تو بے اختیار عالم نومیدی میں بول اُٹھا کہ ایلی ایلی لما سبقتانی۔ یعنے اے میرے خدا۔ اے میرے خدا تُونے مجھے کیوں چھوڑ دیا۔ غرض مَیں نے اپنی کتابوں سے حق کے طالبوں کو اس بات کی طرف توجہ دلائی ہے کہ وہ پہلے اس بات کو ذہن میں رکھکر کہ مقبولوں کی اوّل علامت مستجاب الدعوات ہونا ہے خاصکر اس حالت میں جب کہ اُن کا دردِ دل نہایت تک پہنچ جائے۔ پھر اس بات کو سوچیں کہ کیونکر ممکن ہے کہ باوجودیکہ حضرت مسیح علیہ السلام نے مارے غم کے بیجان اور ناتوان ہو کر ایک باغ میں جو پھل لانے کی جگہ ہے۔ بکمال درد ساری رات دُعا کی اور کہا کہ اے میرے باپ اگر ممکن ہو تو یہ پیالہ مجھ سے ٹال دیا جائے۔ مگر پھر بھی باینہمہ

سوز وگداز اپنی دُعا کا پھل دیکھنے سے نامراد رہا۔ یہ بات عارفوں اور ایمانداروں کے نزدیک ایسی جھوٹ ہے جیسا کہ دن کو کہا جائے کہ رات ہے یا اُجالے کو کہا جائے کہ اندھیرا ہے یا چشمۂ شیریں کو کہا جائے کہ تلخ اور شور ہے جس دُعا میں راتیں چار پہر برابر سوز وگداز اور گریہ و زاری اور سجدات اور جانکاہی میں گذریں۔ کبھی ممکن نہیں کہ خدائے کریم و رحیم ایسی دُعا کو نامنظور کرے۔ خاصکر وہ دُعا جو ایک مقبول کے منہ سے نکالی ہو۔ پس اس تحقیق سے ظاہر ہے کہ حضرت مسیح کی دُعا قبول ہوگئی تھی۔ اور اِسی وجہ سے خدا تعالیٰ نے حضرت مسیح کی نجات کیلئے ایسے اسباب پیدا کر دئے تھے جو اُس کی رہائی کے لئے قطعی اسباب تھے۔

از انجملہ ایک یہ کہ پیلاطوس کی بیوی کو فرشتہ نے خواب میں کہا کہ اگر یسوع سُولی پر مَر گیا تو اِس میں تمہاری تباہی ہے اور اِس بات کی خدا تعالیٰ کی کتابوں میں کوئی نظیر نہیں ملتی کہ خدا تعالیٰ کی طرف سے کسی کو خواب میں فرشتہ کہے کہ اگر ایسا کام نہیں کروگے تو تم تباہ ہو جاؤ گے اور پھر فرشتہ کے کہنے کا اُنکے دِلوں پر کچھ بھی اثر نہ ہو۔ اور وہ کہنا رائگان جائے۔ اور اِسی طرح یہ بات بھی سراسر فضول اور جھوٹ معلوم ہوتی ہے کہ خدا تعالیٰ کا تو یہ پختہ ارادہ ہو کہ وہ یسوع مسیح کو سُولی دے اور اِس طرح پر لوگوں کو عذاب ابدی سے بچاوے۔ اور فرشتہ خواہ مخواہ یسوع مسیح کے بچانے کے لئے تڑپتا پھرے۔ کبھی پیلاطوس کے دِل میں ڈالے کہ مسیح بے گناہ ہے۔ اور کبھی پیلاطوس کے سپاہیوں کو اسپر مہربان کرے اور ترغیب دے کہ وہ اس کی ہڈی نہ توڑیں۔ اور کبھی پیلاطوس کی بیوی کے خواب میں آوے اور اُسکو یہ کہے کہ اگر یسوع مسیح سُولی پر مَر گیا تو پھر اِس میں تمہاری تباہی ہے یہ عجیب بات ہے کہ خدا اور فرشتہ کا باہم اختلاف رائے ہو۔ اور پھر رہائی کے اسباب میں سے جو اِن چار انجیلوں میں مرقوم ہیں۔ ایک یہ بھی سبب ہے کہ یہودیوں کو یہ موقع

نہ طاکہ وُہ قدیم دستور کے موافق پانچ چھ روز تک حضرت مسیح کو صلیب پر لٹکا رکھتے تا بھوک اور پیاس اور دُھوپ کے اثر سے مرجاتا اور نہ دستور قدیم کے موافق اُن کی ہڈیاں توڑی گئیں جیساکہ چوروں کی توڑی گئیں۔ اگرچہ یہ رعایت مخفی طور پر پیلاطوس کی طرف سے تھی کیونکہ رُعبناک خواب نے اُسکی بیوی کا دِل ہلا دیا تھا لیکن آسمان سے بھی یہی ارادہ زور مار رہا تھا۔ ورنہ کیا ضرورت تھی کہ عین صلیب دینے کے وقت سخت آندھی آتی اور زمین پر سخت تاریکی چھا جاتی اور ڈرانے والا زلزلہ آتا۔ اصل بات یہ تھی کہ خدا تعالیٰ کو منظور تھا کہ یہودیوں کے دِل ڈر جائیں۔ اور نیز اُنپر وقت مشتبہ ہو کر سبت کے توڑنے کا فکر بھی اُنکو دامنگیر ہو جائے۔ کیونکہ جسوقت حضرت مسیح علیہ السلام صلیب پر چڑھائے گئے وہ جمعہ کا دن تھا اور قریباً دوپہر کے بعد تین بجے تھے۔ اور یہودیوں کو سخت ممانعت تھی کہ کوئی مصلوب سبت کے دن یا سبت کی رات جو جمعہ کے بعد آتی ہے صلیب پر لٹکا نہ رہے۔ اور یہودی قمری حساب کے پابند تھے۔ اس لئے وہ سبت کی رات اُس رات کو سمجھتے تھے کہ جب جمعہ کے دن کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ پس آندھی اور سخت تاریکی کے پیدا ہونے سے یہودیوں کے دِلوں میں یہ کھٹکا شروع ہوا کہ ایسا نہ ہو کہ وہ لاشوں کو سبت کی رات میں صلیب پر رکھکر سبت کے مجرم ہوں اور مستحق سزا ٹھہریں۔ اور دُوسرے دن عید فسح بھی تھی جس میں خاص طور پر صلیب دینے کی ممانعت تھی۔ پس جبکہ آسمان سے یہ اسباب پیدا ہو گئے۔ اور نیز یہودیوں کے دِلوں پر الٰہی رعب بھی غالب آگیا۔ تو اُن کے دِلوں میں یہ دھڑکہ شروع ہو گیا کہ ایسا نہ ہو کہ اِس تاریکی میں سبت کی رات آجائے۔ لہٰذا مسیح اور چوروں کو جلد صلیب پر سے اُتار لیا گیا۔ اور سپاہیوں نے یہ چالاکی کی کہ پہلے چوروں کی ٹانگوں کو توڑنا شروع کر دیا۔ اور ایک نے اُن میں سے یہ مکر کیا کہ مسیح کی نبض دیکھ کر کہہ دیا کہ یہ تو مرچکا ہے۔ اُب اسکی ٹانگیں توڑنے کی

ص۵۲

ضرورت نہیں۔ اور پھر یوسف نام ایک تاجر نے ایک بڑے کوٹھے میں اُن کو رکھ دیا۔ اور وہ کوٹھا ایک باغ میں تھا۔ اور یہودی مُردوں کیلئے ایسے وسیع کوٹھے کھڑکی دار بھی بنایا کرتے تھے۔ غرض حضرت مسیح اِس طرح بچ گئے۔ اور پھر چالیس دن تک مرہم عیسیٰ سے اُن کے زخموں کا علاج ہوتا رہا۔ جیسا کہ کتاب "مسیح ہندمیں" میں ہم ثابت کر چکے ہیں۔ اور پھر جب خدا تعالیٰ کے فضل اور کرم سے حضرت مسیح علیہ السلام کو مرہم عیسیٰ کے استعمال سے شفا ہو گئی اور تمام صلیبی زخم اچھے ہو گئے تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس ملک سے انہوں نے پوشیدہ طور پر ہجرت کی جیسا کہ سُنّت انبیاء ہے۔ اور اس ہجرت میں ایک یہ بھی حکمت تھی کہ تا خدا تعالیٰ کے پاک نبیوں کی سُنّت ادا ہو جائے۔ کیونکہ ابتک وہ اپنے وطن کی چار دیواری میں ہی پھرتے تھے۔ اور ہجرت کی تلخی نہیں اُٹھائی تھی۔ اور اس سے پہلے انہوں نے اپنی ہجرت کی طرف اشارہ بھی کیا تھا جیسا کہ انجیل میں اُن کا یہ قول ہے کہ "نبی بے عزت نہیں مگر اپنے وطن میں" الغرض پھر آپ پیلاطوس کے ملک سے گلیل کی طرف پوشیدہ طور پر آئے۔ اور اپنے حواریوں کو گلیل کی سڑک پر ملے۔ اور ایک گاؤں میں اُن کے ساتھ اکٹھے رات رہے۔ اور اکٹھے کھانا کھایا۔ اور پھر جیسا کہ مَیں نے اپنی کتاب "مسیح ہندمیں" میں ثابت کیا ہے۔ کئی ملکوں کی سیر کرتے ہوئے نصیبین میں آئے۔ اور نصیبین سے افغانستان میں پہنچے۔ اور ایک مُدت تک اس جگہ جو کوہ نعمان کہلاتا ہے۔ اس کے قریب سکونت پذیر رہے۔ اور اس کے بعد پنجاب میں آئے۔ اور پنجاب کے مختلف حصّوں کو دیکھا۔ اور ہندوستان کا بھی سفر کیا اور غالباً بنارس اور نیپال میں بھی پہنچے۔ اور پھر پنجاب کی طرف لوٹ کے کشمیر کا قصد کیا۔ اور بقیہ عمر سری نگر میں گذاری اور وہیں فوت ہوئے۔ اور سری نگر محلہ خان یار کے قریب دفن کئے گئے اور ابتک وہ قبر یوز آسف نبی کی قبر اور شہزادہ نبی کی قبر اور عیسیٰ نبی کی قبر کہلاتی ہے

اور سرینگر میں یہ واقعہ عام طور پر مشہور ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی یہ قبر ہے اور اس مزار کا زمانہ تخمیناً دو ہزار برس بتلاتے ہیں اور عوام اور خواص میں یہ روایت بکثرت مشہور ہے کہ یہ نبی شام کے ملک سے آیا تھا۔

غرض یہ دلائل اور حقائق اور معارف ہیں جو عیسائی مذہب کے باطل کرنے کے لئے خدا تعالیٰ نے میرے ہاتھ پر ثابت کئے۔ جن کو میں نے اپنی تالیفات میں بڑے بسط سے لکھا ہے۔ اور ظاہر ہے کہ ان روشن دلائل کے بعد نہ عیسائی مذہب قائم رہ سکتا ہے اور نہ اُس کا کفارہ ٹھہر سکتا ہے بلکہ اس ثبوت کے ساتھ یہ عمارت یکدفعہ گرتی ہے۔ کیونکہ جبکہ حضرت مسیح علیہ السلام کا مصلوب ہونا ہی ثابت نہ ہؤا تو کفارہ کی تمام اُمیدیں خاک میں مل گئیں۔ اور یہ وہ فتح عظیم ہے جو حدیث کسر صلیب کی منشاء کو کامل طور پر پُورا کرتی ہے اور وُہ کام جو مسیح موعود کو کرنا چاہیئے یہی کام تھا کہ ایسے دلائل واضح سے عیسائی مذہب کو گرا دے نہ یہ کہ تلواروں اور بندوقوں سے لوگوں کو قتل کرتا پھرے۔ اور یہ فتح صرف ایک شخص کے نام پر مقدر تھی جو عین وقت فتنۂ صلیب میں خدا تعالیٰ کی طرف سے بھیجا گیا اور یہ فتح اس کے ہاتھ سے کامل طور پر ظہور میں آگئی۔ اب کسی کاسر الصلیب اور مسیح موعود کی انتظار کرنا عبث اور طلب محال ہے۔ کیونکہ جن حقائق کے کُھلنے سے عیسائیت کو شکست آتی تھی وہ حقائق بفضلہٖ تعالیٰ میرے ہاتھ پر کُھل گئے۔ اب کسی دُوسرے مسیح کے لئے کوئی رُوحانی کام باقی نہیں۔ اور صرف تلواروں سے خونریزی کرنا اور جبر سے کلمہ پڑھانا کوئی ہنر کی بات نہیں۔ بلکہ یہ فعل تو ڈاکہ مارنے والوں کے فعلوں سے مشابہ ہے۔ یہ کیسی جہالت ہے جو بعض نادان مسلمانوں کے دِلوں میں متمکن ہے کہ وُہ اس بات پر فخر کرتے ہیں کہ اُن کا مسیح موعود اور مہدی معہود جبراً لوگوں کو مسلمان کریگا اور تلوار سے دین کو پھیلائیگا۔ ص۱۳۵

یہ لوگ نہیں سوچتے کہ جبر سے کوئی عقیدہ دِل میں داخل نہیں ہو سکتا۔ بلکہ ہر ایک شخص جو ایسے ظالموں کے قابو آجائے اپنے دِل میں اُنکو نہایت بد انسان سمجھتا ہے۔ گو جان چھوڑانے کے لئے اُسوقت ہاں میں ہاں ملا دے۔ یہ سخت حماقت ہوگی کہ اس جگہ ہمارے سید و مولیٰ جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کا حوالہ دیا جائے کہ آپ نے دین کے پھیلانے کے لئے جنگ کی۔ کیونکہ مَیں خدا تعالیٰ کی قسم سے کہہ سکتا ہوں کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمان بنانے کے لئے کبھی جبر نہیں کیا اور نہ تلوار کھینچی اور نہ دین میں داخل کرنے کے لئے کسی کے ایک بال کو بھی نقصان پہنچایا۔ بلکہ وُہ تمام نبوی لڑائیاں اور آنجناب کے صحابہ کرام کے جنگ جو اُسوقت کئے گئے۔ یا تو اِسواسطے اُنکی ضرورت پڑی کہ تا اپنی حفاظت کی جائے۔ اور یا اِسلئے ضرورت پڑی کہ تا ملک میں امن قائم کیا جائے۔ اور جو لوگ اسلام کو اس کے پھیلنے سے روکتے ہیں اور اُن لوگوں کو قتل کر دیتے ہیں جو مُسلمان ہوں ان کو کمزور کر دیا جائے جبتک کہ وُہ اس نالائق طریق سے توبہ کرکے اِسلام کی سلطنت کے مطیع ہو جائیں۔ پس ایسے جنگ کا اُس زمانہ میں کہاں پتہ ملتا ہے جو جبراً مُسلمان بنانے کے لئے کی جاتی ہے۔ وہاں رحمتِ الٰہی نے قابلِ سزا قوموں کے لئے جو بہت سے خون کر چکی تھیں اور خونیوں کو مدد دے چکی تھیں۔ اور اپنے جرائم کی وجہ سے عدالت کے رُو سے قتل کے لائق تھیں۔ رحیمانہ طور پر یہ رعایت رکھی تھی کہ ایسے مجرم اگر سچے دِل سے مُسلمان ہو جائیں تو اُنکا وُہ سنگین جُرم معاف کر دیا جائے اور ایسے مجرموں کو اختیار ملا تھا کہ اگر چاہیں تو اِس رحیمانہ قانون سے فائدہ اُٹھائیں۔ غرض جیسا کہ خدا تعالیٰ نے مسیح موعود کی یہ علامت قرآن شریف میں بیان فرمائی تھی کہ لیظھرہٗ علی الدّین کُلّہ وُہ علامت میرے ہاتھ سے پُوری ہوگئی۔

اور جس طرح عیسائیوں اور ہندوؤں پر حُجت پُوری کی گئی۔ ایسا ہی سکھوں

پر بھی حُجّت کو پُورا کر دیا گیا۔ مَیں نے اپنی کتاب ست بچن میں ثابت کر دیا ہے۔ کہ
باوا نانک صاحب دراصل مُسلمان تھے اور اُن لوگوں میں سے تھے جن کا دِل
غیر کی محبت اور اُنس سے پاک کیا جاتا ہے اور اُنکا چولہ جسکو وہ پہنتے تھے ابتک
ڈیرہ نانک میں موجود ہے جسپر قرآن شریف کی آیتیں لکھی ہُوئی ہیں اور موٹی قلم
سے عربی زبان میں یہ لکھا ہُوا ہے کہ بجُز اسلام کے اور تمام دین باطل ہیں جو
خدا تک نہیں پہنچا سکتے۔ اب اِس سے زیادہ باوا صاحب موصوف کے
اِسلام پر اور کیا گواہی ہوگی کہ وہ خود اپنے چولے کی تحریر میں اِس بات کا اقرار ظاہر
کرتے ہیں کہ زمین پر صرف اِسلام ہی وہ مذہب ہے جو سچا اور خدا تعالیٰ کی طرف سے
ہے۔ اور مَیں نے ست بچن میں یہ بھی ثابت کیا ہے کہ باوا نانک صاحب مسلمانوں
کی طرح نماز بھی پڑھا کرتے تھے اور ایک یا دو حج بھی کئے تھے اور حیات خان نامی
ایک افغان کی لڑکی سے نکاح بھی کیا تھا۔ اور ملتان میں ایک بزرگ کی قبر کی ہمسائیگی
میں برابر چالیس دن تک چلّہ میں بھی بیٹھے تھے اور کئی اَور اہل اللہ کی قبروں پر
بھی چلّہ کشی کی۔ اور یہ دلائل ان کے اسلام پر ایسے مضبوط ہیں جو اِن سے
بڑھ کر اور کسی دلیل کی ضرورت نہیں۔ اور گرنتھ کے وُہ اشعار جو اُنکی طرف منسوب
کئے گئے ہیں۔ قرآن شریف کی تعلیم سے سراسر موافق ہیں۔ بلکہ وہ اپنے بعض
اشعار میں عام لوگوں کو نماز کی ترغیب دیتے ہیں۔ اور اگر فرض کرلیں کہ گرنتھ میں
اسلام کی نسبت بعض بے ادبی کے الفاظ ہیں تو بلاشبہ باوا صاحب کا اُن ناپاک
شعروں سے دامن مبرّا ہے۔ بلکہ بلاشبہ یہ اُس زمانہ کے شعر ہونگے جبکہ سکھوں میں
اِسلام کی نسبت بہت کچھ کینہ اور تعصب پیدا ہوگیا تھا۔ کیونکہ گرنتھ کے شعر
تمام باوا صاحبؒ کا ہی کلام نہیں ہے بلکہ اِس میں بہت کچھ ذخیرہ دوسرے لوگوں
کے شعروں کا ہے جن سے ہمیں کچھ تعلق نہیں۔ علاوہ اسکے یہ گرنتھ جو خالصہ صاحبوں کے

ہاتھ میں ہے۔ باوا صاحب کی وفات سے بہت مُدّت بعد اکٹھا کیا گیا ہے اور روایتوں کا کوئی صحیح سلسلہ سکھوں کے ہاتھ میں نہیں ہے۔ معلوم نہیں کہ کہاں کہاں سے اور کس کس سے یہ شعر لئے گئے اور کیا کچھ کم کیا گیا یا بڑھایا گیا۔ مَیں نے گرنتھ کے وہ شعر غور سے دیکھے ہیں جو باوا نانک صاحب کی طرف منسوب کئے جاتے ہیں اور مَیں ایک مُدّت تک گرنتھ کو سُنتا رہا اور خود بھی پڑھتا رہا اور اِن میں غور کرتا رہا۔ مَیں اپنے پختہ تجربہ کی بنا پر ناظرین کو یقین دلاتا ہوں کہ جس قدر ان میں سے عمدہ شعر معارف اور حقائق سے پُر ہیں۔ وہ سراسر قرآن شریف کا ترجمہ ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ باوا صاحب جو ایک مُدّت تک اہلِ اسلام اور ۵۲
اولیاءِ اسلام کی خدمت میں رہے۔ اُن کے مُنہ سے یہ حقائق قرآنی سنتے رہے۔ اور آخر انہی حقائق کو اپنی بھاشا زبان میں ترجمہ کرکے نظم میں قوم کی بھلائی کے لئے مشہور کر دیا۔ غرض باوا صاحب کا اسلام ایک ایسے چمکدار ستارہ کی طرح ہے جو کسی طرح وہ چھپ ہی نہیں سکتا۔ باوا صاحب کی یہ کارروائی نہایت قابلِ قدر ہے جو انہوں نے اپنی جماعت کو ہندوؤں اور اُن کے ویدوں سے علیحدہ کر دیا۔ جیساکہ ابھی ۱۸۹۸ء یا ۱۸۹۹ء میں بعض گرنتھ کے فاضل سکھوں نے اخبارِ عام میں یہ شائع کر دیا ہے کہ ہمیں ہندوؤں سے کچھ تعلق نہیں۔ غرض یہ اتمام حجت ہے جو مَیں نے اپنی کتابوں میں خالصہ قوم پر کیا ہے۔ اَب اگر وہ چاہیں تو قبول کریں اور باوا صاحب کی اصل منشاء پر چل کر اپنی عاقبت دُرست کرلیں کہ دُنیا میں ہمیشہ رہنا نہیں۔

اور ایک مشترک کارروائی جس سے تمام مخالف مذہبوں پر حجت پوری ہوگئی ہے۔ میری طرف سے یہ ہے کہ مَیں نے عام اعلان دیا ہے کہ آسمانی نشان اور برکات اور پرمیشر کے شکتی کے کام صرف اِسلام میں ہی پائے جاتے ہیں اور دُنیا میں کوئی ایسا مذہب نہیں کہ ان نشانوں میں اِسلام کا مقابلہ کر سکے۔ اِس بات

سکے لئے خدا تعالیٰ نے تمام مخالفین کو ملزم اور لاجواب کرنے کے لئے مجھے پیش کیا ہے اور مَیں یقیناً جانتا ہوں کہ ہندوؤں اور عیسائیوں اور سکھوں میں ایک بھی نہیں کہ جو آسمانی نشانوں اور قبولیتوں اور برکتوں میں میرا مقابلہ کرسکے۔ یہ بات ظاہر ہے کہ زندہ مذہب وُہی مذہب ہے جو آسمانی نشان ساتھ رکھتا ہو۔ اور کامل امتیاز کا نُور اسکے سر پر چمکتا ہو۔ سو وُہ اسلام ہے۔ کیا عیسائیوں میں یا سکھوں میں یا ہندوؤں میں کوئی ایسا ہے کہ اس میں میرا مقابلہ کرسکے؟ سو میری سچائی کے لئے یہ کافی حُجّت ہے کہ **میرے مقابل پر کسی قدم کو قرار نہیں**۔ اب جس طرح چاہو اپنی تسلّی کرلو کہ میرے ظہور سے وُہ پیشگوئی پُوری ہوگئی جو براہین احمدیہ میں قرآنی منشاء کے موافق تھی اور وُہ یہ ہے۔ هُوَ الَّذِیْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ كُلِّهٖ۔

۴۲ براہین احمدیہ میں مجھے خدا تعالیٰ نے اپنے الہام سے خبر دی ہے کہ عیسائیوں کی طرف سے ایک فتنہ ہوگا اور وُہ اپنے مذہب کی تائید میں اسلام پر الزام قائم کرینگے یعنے کچھ مکر کرینگے اور حق کو چھپائیں گے اور خدا بھی مکر کرے گا یعنے عیسائیوں کے مکر کی اصل حقیقت کھول دے گا اور اُن کی پردہ دری کرے گا اور اُنکا مکر اُنہی کے مُنہ پر مارے گا۔ چنانچہ اس پیشگوئی سے تخمیناً پندرہ برس بعد ڈپٹی عبداللہ آتھم عیسائی اور اُسکے دوستوں نے جو عیسائی تھے یہی مکر کیا۔ اور اسلام کی ایک عظیم الشّان فتح کو مخفی رکھنے کے لئے جُھوٹ بولا اور یہ افترا کیا کہ آتھم پیشگوئی سے نہیں۔ بلکہ تین حملوں سے ڈرتا رہا۔ یہ تو ناظرین کو معلوم ہوگا۔ کہ موت کی پیشگوئی اُس کے حق میں کی گئی تھی اور اس پیشگوئی کی پندرہ مہینے میعاد تھی مگر اس کے ساتھ ایک الہامی شرط تھی اور وُہ یہ تھی کہ اگر آتھم پندرہ مہینے کی میعاد میں حق کی طرف

رجوع کریگا تو اِس بات سے بچ جائے گا کہ پندرہ مہینے کے اندر اندر مر جائے بلکہ اُس کی موت میں کسی قدر تاخیر ڈالدی جائے گی۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ آتھم بوجہ پابندی شرط کے پندرہ مہینے کی میعاد میں نہ مرا بلکہ کچھ تاخیر کے بعد مر گیا۔ یہ آتھم کی موت ایسی صورت کی تھی جسپر پیشگوئی کا دُوسرا پہلو صاف صاف دلالت کرتا تھا اور عقلِ سلیم گواہی دیتی تھی کہ الہام کے منشاء کے رُو سے ضرور ایسا ہی ہونا چاہیئے تھا۔ اور اگر عیسائیوں میں سے کوئی جماعت عقلمند اور منصف مزاج ہوتی تو وہ فی الفور سمجھ جاتی کہ آتھم کی یہ موت اُس صورت کی موت ہے جو الہامی شرط پر عمل کرنے کی حالت میں اور پھر گستاخ اور عہد شکن ہونے کی حالت میں قبل از وقت بتلائی گئی تھی۔ اور ہزارہا انسانوں میں شائع کی گئی تھی۔ کیونکہ الہام میں یہ بتلایا گیا تھا کہ آتھم کو الہامی شرط کی پابندی کا فائدہ ملے گا۔ لیکن اگر اس شرط پر قائم نہیں رہیگا تو پھر جلد موت آجائے گی۔ اور ایسا ہی وقوع میں آیا۔ لیکن افسوس کہ بدقسمت آتھم نے جب شرط کی پابندی کی وجہ سے پندرہ مہینے کے اندر مرنے سے نجات پائی تو اُس کے خیال نے اِس طرف پلٹا کھایا کہ شاید میں اتفاقی طور پر بچ گیا اور ڈرنے اور رونے کے اثر سے نہیں بچا۔ تب اُس نے نہ صرف سچی گواہی کو چھپایا۔ بلکہ اپنے خوف کی پردہ پوشی کے لئے تین جھوٹے بہتان بھی میرے پر لگائے۔ اور جبکہ آتھم نے اپنے خوف اور رونے کی اَور طرح پر تاویل کرلی اور مُنہ بند رکھکر میعاد کے اندر فوت ہونے سے بچ گیا تو عیسائیوں نے بھی شور مچایا کہ آتھم میعاد کے اندر کیوں فوت نہیں ہؤا؟ اور آتھم نے عیسائیوں کو خوش کرنے کے لئے اور اپنے اس خوف کی اصلیّت چھپانے کے لئے جو اُسکے افعال اور اقوال اور حرکات سے ظاہر ہو چکا تھا۔ سراسر مکر اور فریب سے یہ بہانہ بنایا کہ پندرہ مہینے تک جو میں ڈرتا رہا اور روتا رہا اور میرے پر سخت خوف اور ہراس غالب رہا تو اِس کا یہ سبب

ص۵۵

نہیں تھا کہ میں پیشگوئی کی سچائی سے ڈرتا تھا بلکہ میرے قتل کرنے کے لئے تین حملے کئے گئے۔ سانپ چھوڑا گیا۔ بعض سوار قتل کرنے کے لئے آئے اور اُنکے ہاتھ میں بندوقیں تھیں اور بعض نے نیزوں کے ساتھ میرے پر حملہ کرنا چاہا۔ سو میں پندرہ مہینے کے اندر جو پیشگوئی کی میعاد تھی اِسی وجہ سے ڈرتا اور روتا رہا اور میرے دل میں سے قرار اور آرام جاتا رہا۔ پس یہ آتھم کا ایک مکر تھا جو عیسائیوں کے فتنہ اور شور وغوغا کا موجب ہوا۔ اور اُس نے اپنے خوف کی پردہ پوشی کیلئے تین جھوٹے الزام میرے پر لگاکر عیسائیوں کو سراسر دھوکہ دیتا رہا اور اُس نے اِس دھوکہ دہی میں ایک قابلِ شرم فریب کو استعمال کیا اور راستی سے کام نہ لیا۔ اور ظاہر ہے کہ اگر وُہ درحقیقت میرے کسی ظالمانہ حملہ کے وقوع سے جو نہ ایک دفعہ بلکہ تین دفعہ پندرہ مہینے کے اندر ہوا ہر وقت روتا اور آہ وزاری میں مشغول رہا تو مناسب تھا۔ کہ وہ عقلمندی کی راہ سے آیندہ ان حملوں کے انسداد کے لئے کوئی قانونی تدبیر کرتا کیونکہ وہ تو مُدت تک اکسٹرا اسسٹنٹ بھی رہ چکا تھا اور گورنمنٹ انگریزی کے قانون سے خوب واقف تھا۔ وُہ کم سے کم میری نسبت عدالت میں استغاثہ کر سکتا تھا۔ کہ تا پندرہ مہینے کی میعاد گذرنے تک میری ضمانت لی جائے یا یہ کہ مچلکہ ہی لیا جائے بلکہ جبکہ تین دفعہ خطرناک حملوں کے ذریعہ سے اقدامِ قتل ہو چکا تھا تو اسپر واجب تھا کہ اقدامِ قتل کی نالش کرتا۔ تا سرکار خود مُدعی ہوکر اصل حقیقت کی تفتیش کرکے ایسے شخص کو اقدامِ قتل کی سزا دیتی جو اِس جُرم کا مرتکب ہُوا ہو۔ اور اگر کچھ نہیں کرسکتا تھا تو یہی کرتا کہ ایسے مجرمانہ حملوں کی اُس تھانہ میں اطلاع دیتا جس کی حُدود کے اندر یہ جُرم سرزد ہُوا تھا۔ تاکہ پولیس کے افسر خود تفتیش کرلیتے۔ اور اگر وُہ اِن تمام تدابیر سے عاجز آگیا تھا تو اِس قدر تو ضرور چاہیئے تھا کہ وُہ چند اخبارات میں ان پُر درد واقعات کو شائع کرا دیتا۔ لیکن چونکہ اِس زمانہ میں یعنے پندرہ مہینے کی میعاد میں

جس میں بقول اُس کے اُسپر تین حملے ہُوئے تھے وہ بالکل خاموش رہا۔ اور اُس نے اشارتاً بھی کسی کو نہیں بتلایا کہ میری نسبت یہ مجرمانہ کارروائی شروع کی گئی ہے۔ اور اِس میعاد گذرنے کے بعد جب اُسپر لوگوں نے اعتراض کئے کہ اِس قدر کیوں ڈرتا رہا اور کیوں روتا رہا؟ تو یہ بات پیش کر دی کہ اُسپر تین حملے ہُوئے تھے۔ اِس طریق اور رفتار سے نہایت صفائی سے ثابت ہے کہ اُس نے اپنی اِس خجالت کا داغ دھونے کے لئے جو بوجہ روتے رہنے اور ترسان اور ہراسان رہنے کے اُسکے شامل حال رہ چکے تھے جس کی عام شہرت ہو گئی تھی۔ یہ ایک مکر بنایا تھا جو لوگوں کے پاس بیان کیا کہ مَیں پیشگوئی کی وجہ سے نہیں بلکہ تین حملوں کی وجہ سے روتا اور ڈرتا رہا۔ اور باقی عیسائیوں نے اِس مکر کو ہاتھ میں لیکر امرتسر اور دُوسرے بعض شہروں میں بہت شور مچایا اور بدزبانی اور گالیوں کو انتہا تک پہنچادیا۔ لیکن افسوس کہ اگر تین منٹ تک بھی کوئی شریف اِس میں غور کرتا۔ یا اگر اب بھی غور کرے تو اُسپر واضح ہوگا کہ یہ تین حملوں کا عُذر آتھم کی طرف سے سراسر مکر تھا جسکو دُوسرے عیسائیوں نے اپنی طرف سے رنگ چڑھا کر جا بجا سچائی کے پیرایہ میں مشہور کیا۔ اگر یہ سوال ہو کہ کیونکر معلوم ہُوا کہ آتھم نے یہ جو بیان کیا کہ پندرہ مہینے کی میعاد میں جو پیشگوئی کی میعاد تھی میرے قتل کے لئے تین حملے کئے گئے" یہ بیان اُس کا مکر اور فریب ہے، واقعی نہیں ہے۔ تو اِس کا جواب ابھی ہم بیان کر چکے ہیں کہ آتھم کے یہ عُذرات بعد از وقت ہیں۔ اور اس کا ہرگز یہ حق نہیں تھا کہ وُہ حملوں کے زمانہ میں جو ڈیڑھ برس کے قریب زمانہ تھا۔ بالکل خاموش رہ کر پھر اِس میعاد گذرنے کے بعد یہ ذکر زبان پر لاتا کہ مَیں اِس لئے ڈرتا اور روتا رہا کہ میرے پر تین حملے ہُوئے تھے۔ بلکہ اِس ذکر کا وقت وُہ تھا جبکہ تازہ بتازہ حملے ہو رہے تھے اور ابھی پندرہ مہینے کی میعاد نہیں گذری تھی۔ سو چونکہ اُس نے اُس زمانہ

میں اپنی زبان بند رکھی تھی جس زمانہ میں انصافاً و قانوناً اُس کا حق تھا کہ بلاتوقف شور مچاتا۔ اور اُس زمانہ میں بجز رونے اور ڈرنے اور گوشۂ تنہائی میں بیٹھنے کے اور کوئی شکایت وُہ زبان پر نہ لایا۔ اور پھر جب پندرہ مہینے کی میعاد گذر گئی اور ہزارہا لوگوں میں یہ واقعہ شہرت پاگیا کہ آتھم پیشگوئی کے زمانہ میں جو پندرہ مہینے تھی۔ دن رات روتا رہا اور ڈرتا رہا اور کانپتا رہا اور مجنونوں کی طرح کسی جگہ اُس کو قرار نہ تھا۔ تو پھر اُسوقت آتھم نے لوگوں کے پاس بیان کرنا شروع کیا کہ پیشگوئی کی میعاد میں یعنے پندرہ مہینے کے عرصہ میں میرے قتل کرنے کے لئے تین حملے ہوئے تھے۔ اُن حملوں کی دہشت اور خوف سے مَیں روتا اور ڈرتا رہا۔ اب ہر ایک عقلمند سوچ سکتا ہے کہ یہ بیان جو بعد از وقت تھا۔ اِس کی کوئی اَور وجہ معقول بجز اِسکے ثابت نہیں ہوتی کہ وُہ خجالت جو حد سے زیادہ ڈرنے اور رونے کی وجہ سے آتھم کے شامل حال ہوگئی تھی اُسکے مٹانے کے لئے آتھم نے یہ ایک حیلہ سوچا تھا۔ اور اِس پر ایک اور دلیل یہ بھی ہے کہ خود آتھم کے رفیقوں عیسائیوں نے اُسکو کہا کہ اگر واقعی طور پر تین حملے ہوئے ہیں تو ہمیں اجازت دے ہم اب بھی حملہ کرنے والے پر نالش کرتے ہیں۔ لیکن آتھم نے نالش سے انکار کیا۔ پھر خود مَیں نے بھی بار بار اِس بات پر زور لگایا کہ اگر میری تعلیم اور فرمائش سے تین حملے ہوئے ہیں تو تمہیں قسم ہے کہ میرے پر نالش کرو۔ ورنہ یقیناً تم جھوٹے ہو۔ اور محض داغ خجالت کے دُور کرنے کے لئے باتیں بناتے ہو۔ مگر پھر بھی آتھم نے نالش نہ کی۔ آخر پھر مَیں نے یہ بھی کہا کہ اگر تم پیشگوئی کی عظمت سے نہیں ڈرے اور تین حملوں سے ڈرے ہو۔ تو قسم کھا جاؤ اور اِس قسم کھانے پر چار ہزار روپیہ نقد تمہیں دُونگا۔ مگر اُس نے قسم بھی نہ کھائی۔ تب مَیں نے اِس مضمون کے اشتہارات سولہ ہزار کے قریب شائع کئے۔ مگر آتھم ذرہ متوجہ نہ ہُوا۔ اب ہر ایک عقلمند خود سوچ لے کہ

ان تمام امور کو یکجائی نظر سے دیکھنے سے کیا ثابت ہوتا ہے۔ مَیں خدا تعالیٰ کی قسم کھا کر کہہ سکتا ہوں کہ یہی ثابت ہوتا ہے کہ آتھم ضرور پیشگوئی کی عظمت سے ڈرا۔ اور سخت ڈرا۔ پھر جب میعاد پیشگوئی کی گذر گئی اور اُس نے سمجھا کہ اب مَیں امن میں آگیا۔ تو اُس شخص کی طرح جو خوف کی گھڑی گذرنے کے بعد اپنے خوف کو طرح طرح کی تاویلوں سے چھپاتا ہے تین حملوں کا بہانہ بنالیا اور ایک صریح مکر اور فریب سے خدا تعالیٰ کی سچی پیشگوئی پر خاک ڈالنا چاہا۔ مگر آخر خدا کے الہام کے مطابق آپ ہی خاک میں مل گیا۔ سو یہ معنے اس الہام براہین احمدیہ کے ہیں کہ یمکرون و یمکر اللّٰہ و اللّٰہ خیر الماکرین الخ یعنے عیسائی مکر کریں گے اور خدا بھی مکر کرے گا اور خدا کا مکر غالب آئے گا۔ اور وہ اپنے مکر سے ایک فتنہ پیدا کریں گے۔ دیکھو براہین احمدیہ صفحہ ۲۴۱۔ اور اِس فتنہ کی جُز وہ فتنہ بھی ہے جو ڈاکٹر مارٹن کلارک سے ظہور میں آیا جو مجھ کو اقدامِ قتل کا مرتکب قرار دیا۔ غرض براہین احمدیہ میں فتنۂ آتھم اور کلارک کے متعلق یہ عظیم الشان پیشگوئی ہے جو صاف طور پر سمجھ آتی ہے۔ دیکھو براہین احمدیہ صفحہ ۲۴۱۔	
اِس بات کو عرصہ قریباً بیس برس کا گذر چکا ہے کہ اُس زمانہ میں جبکہ مجھ کو بجز قادیان کے چند آدمیوں کے اور کوئی نہیں جانتا تھا۔ یہ الہام ہُوا۔ انت وجیہٌ فی حضرتی اخترتک لنفسی انت منّی بمنزلۃ توحیدی و تفریدی فحان ان تعان و تعرف بین النّاس۔ دیکھو صفحہ ۴۸۹ براہین احمدیہ اور ترجمہ اِس کا یہ ہے کہ تُو میری درگاہ میں وجیہ ہے۔ مَیں نے تجھے اپنے لئے چُنا۔ تُو مجھ سے ایسا ہے جیسا کہ میری توحید اور تفرید۔ پس وقت آگیا کہ تُو پہچانا جائے اور لوگوں میں عزت کے ساتھ مشہور کیا جائے۔ اور یہی الہام کسی قدر تغیر الفاظ سے براہین احمدیہ کے ایک دُوسرے مقام میں ہے۔ دیکھو براہین احمدیہ صفحہ ۲۵۲۔	۲۳

پھر اسکے بعد خدا تعالیٰ نے چند سال میں ہی اپنے الہام کے مطابق وہ شہرت دی کہ کروڑ ہا انسانوں میں مجھے مشہور کر دیا۔ اور ہزار ہا ایسے انسان پیدا ہو گئے کہ وہ ایسی کامل ارادت رکھتے ہیں کہ بجز خدا تعالیٰ کے پاک نبیوں کے سچے معتقدوں کے اور کسی جگہ انکی نظیر نہیں پائی جاتی۔ اور چونکہ یہ پیشگوئی آج سے بیس برس پہلے کتاب براہین احمدیہ کے صفحہ ۲۵۲ و ۴۸۹ میں درج ہو کر ایسے زمانہ میں شائع ہو چکی ہے کہ کوئی ثابت نہیں کر سکتا کہ اُس زمانہ میں لوگوں کا میری طرف کچھ بھی رجوع تھا۔ اور نہ یہ ثابت کر سکتا ہے کہ اُسوقت یہ عاجز ایک شہرت یافتہ انسان تھا۔ اِس لئے یہ بدیہی امر ہے کہ یہ پیشگوئی ایسی شان اور شوکت کے ساتھ پوری ہوئی ہے کہ اس کی نظیر بجز نبیوں کی زندگی کے اور کسی جگہ پائی نہیں جاتی۔ کیونکہ ہر ایک طریقہ کے انسان دُور دراز ملکوں تک میری جماعت میں داخل ہوئے اور ایک دُنیا کو خدا تعالیٰ نے میری طرف رجوع دیدیا۔ پس بلاشبہ یہ پیشگوئی ان عظیم الشان پیشگوئیوں میں سے ہے جو طالب حق کے لئے موجب زیادتِ یقین و ایمان ہیں۔

۴۴ ایک دفعہ ایک شخص شیخ بہاء الدین نام مدار المہام ریاست جوناگڑھ نے پچاس [۵۰] روپیہ میرے نام بھیجے۔ اور قبل اِس کے کہ اُسکے روپیہ کی روانگی سے مجھے اطلاع ہو۔ خدا تعالیٰ نے اپنے الہام کے ذریعہ سے مجھے اطلاع دی کہ پچاس [۵۰] روپیہ آنے والے
ہیں۔ مَیں نے اس غیب محض سے بہت سے لوگوں کو قبل از وقت بتلا دیا کہ عنقریب ص۵۵
یہ روپیہ آنے والا ہے۔ اور قادیان کے شرمپت نام ایک آریہ کو بھی اسکی خبر کر دی یہ وُہی شرمپت ہے جس کا پہلے اِس سے کئی مرتبہ اِس رسالہ میں ذکر آچکا ہے۔ عجیب تر بات یہ ہے کہ آریہ مذکور نے میرے الہام کو سُن کر کہا کہ آج مَیں نے بھی خواب میں دیکھا ہے کہ آپ کو کسی جگہ سے ہزار روپیہ آیا ہے۔ تب مَیں نے اُسے جواب دیا کہ

بباعث اس کے کہ تمہیں ایمان سے حصہ نہیں تمہارے خواب میں اُنیس[۱۹] حصے جھوٹ مِل گیا ہے۔ ورنہ تم خوب یاد رکھو کہ پچاس روپیہ آئیں گے نہ ہزار روپیہ۔ چنانچہ ابھی وہ میرے مکان پر ہی موجود تھا کہ ڈاک کے ذریعہ سے پچاس روپیہ آگئے۔ جو شیخ مذکور نے بھیجے تھے۔ اور یہ نشان آج سے بیس برس پہلے براہین احمدیہ میں درج ہو کر ہزارہا انسانوں میں شہرت پا چکا ہے۔ دیکھو میری کتاب براہین احمدیہ صفحہ ۲۵۵۔ اور لالہ شرمپت کو اگر حلفاً پوچھا جائے تو یقین ہے کہ سچ کہدیگا۔ مگر حلف مطابق نمونہ نمبر ۲ کے ہوگی۔

۳۵ ایک وکیل صاحب سیالکوٹ میں ہیں جن کا نام لالہ بھیم سین ہے۔ ایک مرتبہ جب انہوں نے اس ضلع میں وکالت کا امتحان دیا تو مَیں نے ایک خواب کے ذریعہ سے اُن کو بتلایا کہ خدا تعالیٰ کی طرف سے ایسا مقدر ہے کہ اس ضلع کے کُل اشخاص جنہوں نے وکالت یا مختاری کا امتحان دیا ہے فیل ہو جائیں گے مگر سب میں سے صرف تم ایک ہو کہ وکالت میں پاس ہو جاؤ گے۔ اور یہ خبر مَیں نے تیس کے قریب اور لوگوں کو بھی بتلائی۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ اور سیالکوٹ کی تمام جماعت کی جماعت جنہوں نے وکالت یا مختاری کا امتحان دیا تھا فیل کئے گئے اور صرف لالہ بھیم سین پاس ہو گئے۔ اور اب تک وہ سیالکوٹ میں زندہ موجود ہیں۔ اور جو کچھ مَیں نے بیان کیا۔ وہ حلفاً اس کی تصدیق کر سکتے ہیں۔ مگر مَیں کئی دفعہ اسی رسالہ میں لکھ چکا ہوں کہ ہر ایک قسم کھانے والے کی قسم مطابق نمونہ نمبر ۲ کے ہوگی۔ اور یہ نشان آج سے بیس برس پہلے کتاب براہین احمدیہ میں درج ہے۔ دیکھو صفحہ ۲۵۶۔

۳۶ انہی وکیل صاحب یعنے لالہ بھیم سین صاحب کو جو سیالکوٹ میں وکیل ہیں ایک مرتبہ مَیں نے خواب کے ذریعہ سے راجہ تیجا سنگھ کی موت کی خبر پا کر اُن کو اطلاع دی کہ وہ راجہ تیجا سنگھ جن کو سیالکوٹ کے دیہات جاگیر کے عوض میں تحصیل بٹالہ

میں دیہات مع اس کے علاقہ کی حکومت کے ملے تھے فوت ہو گئے ہیں اور انہوں نے اس خواب کو سنکر بہت تعجب کیا۔ اور جب قریب دو بجے بعد دوپہر کے وقت ہوا تو مسٹر پرنسب صاحب کمشنر امرتسر ناگہانی طور پر سیالکوٹ میں آگئے۔ اور انہوں نے آتے ہی مسٹر مکنیب صاحب ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کو ہدایت کی کہ راجہ تیجا سنگھ کے باغات وغیرہ کی جو ضلع سیالکوٹ میں واقع ہیں بہت جلد ایک فہرست طیار ہونی چاہیئے کیونکہ وہ کل بٹالہ میں فوت ہو گئے۔ تب لالہ بھیم سین نے اس خبر موت پر اطلاع پاکر نہایت تعجب کیا کہ کیونکر قبل از وقت اُسکے مرنے کی خبر ہو گئی۔ اور یہ نشان آج سے بیس برس پہلے کتاب براہین احمدیہ میں درج ہے۔ دیکھو صفحہ ۲۵۶۔

۲۷ ایک دفعہ سخت ضرورت روپیہ کی پیش آئی جس کا ہمارے اس جگہ کے آریہ لالہ شرمپت و ملاوامل کو بخوبی علم تھا۔ اور اُنکو یہ بھی علم تھا کہ بظاہر کوئی ایسی تقریب نہیں جو جائے اُمید ہو سکے۔ بلا اختیار دُعا کے لئے جوش پیدا ہوا۔ تا مشکل بھی حل ہو جائے اور ان لوگوں کے لئے نشان بھی ہو۔ چنانچہ دُعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ نشان کے طور پر مالی مدد سے اطلاع بخشے۔ تب الہام ہوا:۔ دس دن کے بعد میں موج دکھاتا ہوں۔ الا ان نصر اللہ قریب فی شائل مقیاس۔ دن ول یو گو ٹو امرتسر۔ یعنے دس دن کے بعد روپیہ آئے گا۔ خدا کی مدد نزدیک ہے۔ اور جیسے جب جننے کیلئے اُونٹنی دُم اُٹھاتی ہے۔ تب اُس کا بچہ جننا نزدیک ہوتا ہے۔ ایسا ہی مدد الٰہی بھی قریب ہے۔ دس دن کے بعد جب روپیہ آئے گا تب تم امرتسر بھی جاؤ گے۔ سو عین اس پیشگوئی کے مطابق مذکورہ بالا آریوں کے رُوبرو وقوع میں آیا یعنے دس دن تک کچھ نہ آیا۔ گیارھویں روز محمد افضل خانصاحب نے راولپنڈی سے ایک سو دس روپے بھیجے۔ بیس روپے ایک اور جگہ سے آئے اور پھر برابر روپیہ آنے کا سلسلہ

ایسا جاری رہا جس کی اُمید نہ تھی۔ اور جس دن محمد افضل خانصاحب وغیرہ کا روپیہ آیا
امرتسر بھی جانا پڑا۔ کیونکہ عدالت خفیفہ امرتسر سے ایک شہادت کے ادا کرنے کیلئے
اُسی روز سمن آگیا۔ اور اِس نشان کے آریہ مذکورین گواہ ہیں جو حلفاً بیان کرسکتے ۵۵
ہیں۔ اور کئی اور مسلمان بھی گواہ ہیں جو ابتک زندہ موجود ہیں۔ اور یہ پیشگوئی
براہین احمدیہ میں چھپ کر شائع ہوچکی ہے۔ دیکھو براہین احمدیہ ۴۶۸ و ۴۶۹ و ۴۷۰۔

۲۸ ایک صاحب حافظ نور احمد نامی مولوی غلام علی قصوری کے شاگرد ایک دفعہ
سیر کرتے ہوئے یہاں بھی آگئے اور انہوں نے مدعیانہ طور پر الہام سے انکار کیا معقولی
طور پر بہت سمجھایا گیا۔ آخر کار توجہ الی اللہ کی گئی اور انکو قبل از ظہور پیشگوئی بتلایا گیا
کہ دُعا کی جائے گی۔ تا خداوند کریم کوئی ایسی پیشگوئی ظاہر فرمادے جو تم چشم خود دیکھ
جاؤ۔ دُعا کی گئی۔ علی الصباح بہ نظر کشفی ایک خط دکھلایا گیا جو ایک شخص نے ڈاک
میں بھیجا ہے۔ اس خط پر انگریزی زبان میں لکھا ہوا تھا۔ آئی ایم کوارلر۔ اور
عربی میں لکھا ہوا ہے۔ ھذا شاھد نزّاغ اور یہی الہام حکایتاً عن الکاتب القا
کیا گیا۔ پہلے میاں نور احمد کو اِس کشف اور الہام سے اطلاع دی گئی۔ پھر ایک انگریزی
خواں سے انگریزی فقرہ کے معنے دریافت کئے گئے تو معلوم ہوا کہ اس کے معنے ہیں
مَیں جھگڑنے والا ہوں۔ اِس سے یقیناً معلوم ہوگیا کہ کسی جھگڑے کے متعلق کوئی خط
آنے والا تھا۔ اور عربی فقرے کے یہ معنے کھلے کہ کاتب خط نے کسی مقدمہ کی شہادت
کے بارے میں وہ خط لکھا ہے۔ حافظ نور احمد بباعث بارش اُس دن امرتسر جانے سے
روکے گئے۔ اور درحقیقت یہ بھی ایک سماوی سبب تھا۔ تا بچشم خود پیشگوئی کے ظہور کو
دیکھ لیں۔ شام کو ایک خط رجسٹری شدہ پادری رجب علی مالک مطبع سفیر ہند کا آیا جس سے
معلوم ہوا کہ پادری صاحب نے اپنے کاتب پر نالش کی تھی اور مجھے گواہ ٹھہرایا ہے اور

	ساتھ ہی سمن سرکاری بھی آیا۔ اور فقرہ الہامی ھذا شاھد نزّاغ یعنے گواہ تباہی ڈالنے والا ہے۔ ان معنوں پر محمول معلوم ہُوا کہ پادری صاحب کو یقین کامل تھا کہ میری شہادت بباعث وثاقت و صداقت فریق ثانی پر تباہی ڈالے گی۔ اور اتفاقاً جس دن یہ پیشگوئی پُوری ہوئی۔ اُسی دن امرتسر جانا پڑا۔ اور یہ واقعہ آج سے بیس برس پہلے براہین احمدیہ میں درج ہے۔ دیکھو براہین احمدیہ صفحہ ۴۷۱ و ۴۷۲ و ۴۷۳۔ اور حافظ نور احمد جو فرقہ اہلحدیث میں سے ہے ابتک زندہ امرتسر میں موجود ہے۔ اُس سے ہر ایک شخص حلفاً دریافت کرسکتا ہے۔ مگر حلف حسب نمونہ نمبر ۲ کے ہوگی۔
۳۹	ایک دفعہ فجر کے وقت الہام ہُوا کہ آج حاجی ارباب محمد لشکر خاں کے قرابتی کا روپیہ آتا ہے۔ بدستور لالہ شرمپت و ملاوامل کھتریان ساکنان قادیان کو مطلع کیا گیا۔ اور قرار پایا کہ انہی میں سے کوئی ڈاک کے وقت ڈاکخانہ میں جاوے۔ چنانچہ اُن میں سے ایک آریہ ملاوامل نامی ڈاکخانہ میں گیا اور خبر لایا کہ ہوتی مردان سے دس روپیہ آئے ہیں۔ اور خط میں لکھا تھا کہ یہ روپیہ ارباب سرور خان نے بھیجا ہے۔ اگرچہ یہ پیشگوئی اِس طرح پر صاف طور پر پُوری ہوگئی۔ لیکن مذکورالصدر آریوں نے انکار کرکے یہ بحث شروع کی کہ قرابتی ہونا ثابت نہیں ہے۔ چنانچہ خط لکھنے پر کئی روز بعد ہوتی مردان سے ایک صاحب منشی الٰہی بخش اکونٹنٹ نے لکھا کہ ارباب سرور خان ارباب محمد لشکر خان کا بیٹا ہے۔ اِسپر بحث کرنے والے بہت شرمندہ اور لاجواب ہوئے فالحمد للہ علیٰ ذالک۔ اور یہ نشان آج سے بیس برس پہلے براہین احمدیہ میں درج کیا گیا ہے۔ دیکھو صفحہ ۴۷۴۔ مذکورین آریوں سے حلفاً دریافت کیا جائے۔
۴۰	ایک دفعہ اپریل ۱۸۸۳ء میں صبح کے وقت بیداری میں جہلم سے روپیہ روانہ ہونے کی اطلاع دی گئی۔ اِس بارے میں جہلم سے کوئی خط نہیں آیا تھا اور مذکورالصدر

آریوں کو جو خود ہی ڈاکخانہ سے جاکر خط لاتے تھے اس کا علم بھی تھا بلکہ خود ڈاکخانہ کا منشی بھی ایک ہندو تھا۔ اور اُن دنوں میں ایک ہندو الہامی پیشگوئی کے لکھنے کے لئے بطور روز نامہ نویس نوکر رکھا ہوا تھا۔ اور بعض اُمورِ غیبیہ جو ظاہر ہوتے تھے اُسکے ہاتھ سے ناگری اور فارسی میں قبل از وقوع لکھائے جاتے تھے اور اُسپر اُسکے دستخط بھی کرائے جاتے تھے۔ چنانچہ یہ پیشگوئی بھی بدستور لکھائی گئی۔ ابھی پانچ روز نہیں گذرے تھے کہ پینتالیس روپیہ کا منی آرڈر جہلم سے آگیا۔ حساب کیا گیا تو منی آرڈر کے روانہ ہونے کا ٹھیک وہی دن تھا جس دن خدا تعالیٰ کی طرف سے خبر ملی تھی۔ اور یہ نشان آج سے بیس برس پہلے براہین احمدیہ میں درج ہوکر ہزارہا انسانوں میں شائع ہو چکا ہے۔ دیکھو براہین احمدیہ صفحہ ۴۷۵۔ اِس نشان کے گواہ وُہی آریہ ہیں اور حلفاً بیان کر سکتے ہیں۔ مگر حلف نمونہ نمبر ۱ کے موافق ہوگی۔	
ایک دفعہ خواب میں دیکھا کہ حیدر آباد سے نواب اقبال الدولہ صاحب کی طرف سے خط آیا ہے اور اس میں کسی قدر روپیہ دینے کا وعدہ ہے۔ خواب بدستور لکھایا گیا اور مذکورالصدر آریوں کو اطلاع دی گئی۔ پھر تھوڑے دن بعد حیدر آباد سے خط آیا۔ اور سَو روپیہ نواب موصوف نے بھیجا۔ فالحمد للّٰہ علیٰ ذالک۔ اِس نشان کے گواہ وُہی آریہ ہیں اور حلفاً بیان کر سکتے ہیں۔ مگر حلف نمونہ نمبر ۲ کے موافق ہوگی۔ اور یہ نشان آج سے بیس برس پہلے براہین احمدیہ میں درج ہو چکا ہے۔ دیکھو براہین احمدیہ صفحہ ۴۷۷۔	۴۱
ایک دوست نے بڑی مشکل کے وقت خط لکھا کہ اُس کا ایک عزیز کسی سنگین مقدمہ میں ماخوذ ہے اور کوئی صورت رہائی کی نظر نہیں آتی۔ اور دُعا کے لئے درخواست کی۔ چنانچہ اُسی رات صافی وقت میسر آگیا۔ اور قبولیت کے آثار سے ایک آریہ کو اطلاع دیگئی۔	۴۲

۵۹

چند روز بعد جبر علی کہ مدعی جس نے یہ مقدمہ دائر کیا تھا۔ ناگہانی موت سے مرگیا اور شخص ماخوذ نے خلاصی پائی۔ فالحمد للہ علیٰ ذالک۔ اِس کے گواہ بھی کئی مسلمان اور وُہی مذکور الصدر آریہ ہیں جو حلفاً بیان کرسکتے ہیں۔ مگر حلف مطابق نمونہ نمبر ۲ کے ہوگی۔ اور یہ نشان آج سے بیس برس پہلے براہین احمدیہ میں درج ہے۔ دیکھو صفحہ ۴۷۵و۴۷۷ ۔

۴۳ عرصہ قریباً ستائیس برس کا گذرا ہے کہ مَیں نے خواب میں دیکھا کہ مَیں ایک وسیع جگہ میں ہوں اور وہاں ایک چبوترہ ہے کہ جو متوسط قد کے انسان کی کمر تک اُونچا ہے اور چبوترہ پر ایک لڑکا بیٹھا ہے جس کی عمر چار پانچ برس کی ہوگی اور وُہ لڑکا نہایت خوبصورت ہے اور چہرہ اُس کا چمکتا ہے۔ اور اُس کے چہرہ پر ایک ایسا نُور اور پاکیزگی کا رُعب ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وُہ انسان نہیں ہے۔ اور معاً دیکھتے ہی میرے دِل میں گذرا کہ وُہ فرشتہ ہے۔ تب مَیں اُسکے نزدیک گیا۔ اور اُس کے ہاتھ میں ایک پاکیزہ نان تھا۔ جو پاکیزگی اور صفائی میں کبھی مَیں نے دُنیا میں نہیں دیکھا۔ اور وُہ نان تازہ بتازہ تھا اور چمک رہا تھا۔ فرشتہ نے وہ نان مجھ کو دیا اور کہا کہ یہ تیرے لئے اور تیرے ساتھ کے درویشوں کیلئے ہے۔ اِس خواب کے گواہ شیخ حامد علی اور میاں جان محمد اور دونوں آریہ مذکور اور بہت سے اور مخلص دوست ہیں۔ اور یہ اُس زمانہ میں خواب آئی تھی جبکہ نہ مَیں کوئی شہرت اور دعویٰ رکھتا تھا اور نہ میرے ساتھ کوئی جماعت درویشوں کی تھی۔ مگر اب میرے ساتھ بہت سی وُہ جماعت ہے جنہوں نے خود دین کو دُنیا پر مقدم رکھ کر اپنے تئیں درویش بنا دیا ہے اور اپنے وطنوں سے ہجرت کرکے اور اپنے قدیم دوستوں اور اقارب سے علیحدہ ہوکر اور اپنی طرز زندگی کو سراسر مسکینی اور درویشی

کی طرف تبدیل دیگر قادیان میں میری ہمسائیگی میں آکر آباد ہو گئے ہیں اور کچھ وہ ہیں جو دلوں سے اپنے وطنوں اور اپنے املاک کی محبت دُور کر چکے ہیں اور عنقریب وہ بھی اِسی خاک قادیان کو موت تک اپنا وطن بنانا چاہتے ہیں۔ سو یہی درویش ہیں جن کو خدا تعالیٰ نے میرے الہامات میں قابل تعریف کہا ہے اور یہی ہیں جن کو درویشی نے مغلوب نہیں کیا بلکہ خود انہوں نے درویشی کو اپنے لئے پسند کیا۔ اور ایمان کی حلاوت کو پاکر تمام حلاوتوں کو دامن سے پھینک دیا۔ انہی کے حق میں براہین احمدیہ کے تیسرے حصّے میں یہ الہام ہے۔ اَصْحَابُ الصُّفَّه۔ وما ادرٰىك ما اَصْحَابُ الصُّفَّه۔ ترٰی اعینهم تفیض من الدّمع یصلّون علیك۔ ربّنا انّنا سمعنا منادیًا ینادی للایمان وداعیًا الی الله وسراجًا منیرا۔ ربّنا اٰمنّا فاکتبنا مع الشّاهدین٭۔ املوا۔ براہین احمدیہ ۲۴۲۔ ترجمہ۔ کامل مخلص وہ ہیں جو تیرے مکان کے صُفّوں میں رہنے والے ہیں۔ یعنے اپنے وطنوں کو چھوڑ کر یہاں آگئے ہیں۔ اور تُو کیا جانتا ہے کہ کیا ہیں صُفّوں کے رہنے والے۔ تُو دیکھے گا کہ اُن کی آنکھوں سے آنسو جاری ہونگے منہ
اور تیرے پر درود بھیجتے ہوں گے یہ کہتے ہوئے کہ اے ہمارے خدا ہم نے ایک منادی کی آواز سُنی کہ جو لوگوں کو ایمان کی طرف بُلاتا ہے۔ وہ خدا کی طرف بُلانے والا ہے اور وہ ایک روشن چراغ ہے جو اپنی ذات میں روشن اور دُوسروں کو روشنی پہنچاتا ہے۔ اے ہمارے خدا تو اُن لوگوں میں ہمیں لکھ لے جنہوں نے تیرے مامور اور تیرے بھیجے ہوئے کی سچائی پر گواہی دی۔ غرض خدا تعالیٰ نے انہی اصحاب الصفّہ کو تمام جماعت میں سے پسند کیا ہے۔ اور جو شخص سب کچھ چھوڑ کر اِس جگہ آکر

٭ اِس قدر فقرہ کہ ربّنا اٰمنّا فاکتبنا مع الشّاهدین اِس وقت جو مَیں یہی مقام لکھ رہا تھا الہام ہوا۔ اور آج دوسری ستمبر ۱۹۰۶ء روز شنبہ اور ایک بجے کا عمل وقت نماز ظہر ہے۔ منہ

آباد نہیں ہوتا۔ اور کم سے کم یہ کہ یہ تمنا دل میں نہیں رکھتا اُسکی حالت کی نسبت مجھ کو بڑا اندیشہ ہے کہ وُہ پاک کرنے والے تعلقات میں ناقص نہ رہے۔ اور یہ ایک پیشگوئی عظیم الشان ہے اور اُن لوگوں کی عظمت ظاہر کرتی ہے کہ جو خدا تعالیٰ کے علم میں تھے کہ وُہ اپنے گھروں اور وطنوں اور املاک کو چھوڑینگے۔ اور میری ہمسائیگی کے لئے قادیان میں آکر بود و باش کرینگے۔ اور یہ پیشگوئی شیخ حامد علی اور کئی اور دوستوں کو قبل از وقت بتلائی گئی تھی اور وُہ حلفاً بیان کرسکتے ہیں۔

۴۴ ایک مرتبہ مولوی محمد حسین ایڈیٹر اشاعۃ السنّہ کے دوستوں میں سے ایک شخص نجف علی نام قادیان میں میرے پاس آیا۔ اور اُسکے ہمراہ مُحبّی مرزا خدا بخش صاحب بھی ساتھ آئے۔ پھر ایسا اتفاق ہُوا کہ عصر کی نماز کے وقت ہم تینوں یعنے مَیں اور مرزا خدا بخش صاحب اور میاں نجف علی دوست مولوی محمد حسین قادیان کی شمالی طرف سیر کرنے کو گئے۔ اور آتے وقت جیسا کہ خدا تعالےٰ نے میرے پر ظاہر کیا۔ مَیں نے میاں نجف علی صاحب کو کہا کہ مَیں نے کشفی طور پر ایسا دیکھا ہے کہ تم نے کچھ باتیں مخالفت اور نفاق کی میری نسبت کی ہیں چنانچہ اُسنے رُوبروئے مرزا خدا بخش صاحب کے اِس بات کا اقرار کر لیا کہ ایسی باتیں ضرور اُسکی زبان پر جاری ہوئی تھیں۔ سو اِس امر کے گواہ مرزا خدا بخش صاحب ہیں جن کے رُوبرو اُس نے اقرار کیا۔ اور مرزا خدا بخش بفضلہٖ تعالیٰ ابتک زندہ موجود اور مالیر کوٹلہ میں ہیں اور وہ حلفاً بیان کرسکتے ہیں کہ یہ واقعہ حقیقت میں راست اور صحیح ہے۔

۴۵ عرصہ قریباً پچیس برس کا گذر گیا ہے کہ مجھے خواب میں دکھلایا گیا کہ ایک بڑی لمبی نالی ہے جو کئی کوس تک چلی جاتی ہے۔ اور اُس نالی پر ہزارہا بھیڑیں لٹائی

ہُوئی ہیں اِس طرح پر کہ بھیڑوں کا سَر نالی کے کنارہ پر ہے اِس غرض سے کہ تا ذبح کرنے کے وقت اُن کا خون نالی میں پڑے اور باقی حصّہ اُن کے وجود کا نالی سے باہر ہے اور نالی شرقاً غرباً واقع ہے اور بھیڑوں کے سر نالی پر جنوب کی طرف سے رکھی گئی ہیں اور ہر ایک بھیڑ پر ایک قصاب بیٹھا ہے اور اُن تمام قصابوں کے ہاتھ میں ایک ایک چُھری ہے جو ہر ایک بھیڑ کی گردن پر رکھی ہوئی ہے اور آسمان کی طرف اُنکی نظر ہے۔ گویا خدا تعالیٰ کی اجازت کے منتظر ہیں۔ اور مَیں اُس میدان میں شمالی طرف پھر رہا ہوں اور دیکھتا ہوں کہ وہ لوگ جو دراصل فرشتے ہیں بھیڑوں کے ذبح کرنے کے لئے مستعد بیٹھے ہیں محض آسمانی اجازت کی انتظار ہے۔ تب مَیں اُن کے نزدیک گیا اور مَیں نے قرآن شریف کی یہ آیت پڑھی۔ قل ما یعبؤا بکم ربّی لو لا دُعاؤکم[1]۔ یعنے انکو کہدے کہ میرا خدا تمہاری پروا کیا رکھتا ہے اگر تم اُسکی پرستش نہ کرو اور اُس کے حکموں کو نہ سُنو۔ اور میرا یہ کہنا ہی تھا کہ فرشتوں نے سمجھ لیا کہ ہمیں اجازت ہوگئی۔ گویا میرے مُنہ کے لفظ خدا کے لفظ تھے۔ تب فرشتوں نے جو قصابوں کی شکل میں بیٹھے ہوئے تھے فی الفور اپنے بھیڑوں پر چُھریاں پھیر دیں اور چُھریوں کے لگنے سے بھیڑوں نے ایک دردناک طور پر تڑپنا شروع کیا۔ تب اُن فرشتوں نے سختی سے اُن بھیڑوں کی گردن کی تمام رگیں کاٹ دیں اور کہا کہ تم چیز کیا ہو۔ گُوہ کھانے والی بھیڑیں ہی ہو۔ مَیں نے اِسکی یہ تعبیر کی کہ ایک سخت وبا ہوگی۔ اور اُسکے سبب بہت لوگ اپنی شامتِ اعمال سے مَریں گے۔ اور مَیں نے یہ خواب بہتوں کو سُنادی۔ جن میں سے اکثر لوگ ابتک زندہ ہیں اور حلفاً بیان کرسکتے ہیں۔ پھر ایسا ہی ظہور میں آیا۔ اور پنجاب اور ہندوستان اور خاصکر امرتسر اور لاہور میں اسقدر ہیضہ پھوٹا کہ لاکھوں جانیں اُسکے تلف ہُوئیں اور اسقدر موت کا بازار گرم ہُوا۔ کہ مُردوں کو گاڑیوں پر لاد کر لیجاتے تھے اور مُسلمانوں کا جنازہ پڑھنا مُشکل ہوگیا۔

[1] الفرقان: ۷۸

۴۶	ایک دفعہ جبکہ عرصہ قریباً بائیس برس کا گذرا ہے ایک انگریزی خوان میرے ملنے کیلئے آیا تو اُس کے رُوبرو ہی یہ الہام ہوا۔ دِس اِز مائی اَینیمی یعنے یہ میرا دشمن ہے۔ اور یہ بھی معلوم ہوگیا کہ یہ الہام اُسی کی نسبت ہے۔ پھر اُس سے اِس الہام کے معنے دریافت کئے گئے اور آخر وُہ ایسا ہی آدمی نکلا۔ اور اُس کے باطن میں طرح طرح کے خُبث پائے گئے۔ اور اِس الہام کے گواہ شیخ حامد علی جس کا پہلے ذکر ہو چکا ہے۔ اور کئی اَور دوست ہیں جو ابتک زندہ موجود ہیں جو حلفاً بیان کرسکتے ہیں۔
۴۷	بیس برس کا عرصہ ہُوا ہے کہ مجھے یہ الہام ہُوا۔ قُل جاء الحقّ و زہق الباطل انّ الباطل کان زھوقا۔ کلّ برکۃ من محمد صلی اللہ علیہ وسلّم۔ فتبارک من علّم و تعلّم۔ قُل ان افتریتُہٗ فعلیّ اجرامي۔ ھو الّذي ارسل رسُولہٗ بالھُدٰی و دین الحقّ لیظھرہٗ علی الدین کلّہٖ۔ لا مبدّل لکلمٰت اللہ۔ ظُلمُوا و انّ اللہ علٰی نصرھم لقدیر۔ بخرام کہ وقتِ تو نزدیک رسید و پائے محمدیاں برمنارِ بلند تر محکم افتاد۔ پاک محمد مصطفٰے نبیوں کا سردار۔ خدا تیرے سب کام دُرست کردیگا اور تیری ساری مُرادیں تجھے دیگا۔ ربّ الافواج اِس طرف توجہ کریگا۔ اِس نشان کا مُدعا یہ ہے کہ قرآن شریف خُدا کی کتاب اور میرے مُنہ کی باتیں ہیں۔ جناب اِلٰہی کے احسانات کا دَروازہ کُھلا ہے اور اُسکی پاک رحمتیں اِس طرف

متوجہ ہیں۔ وہ دن آتے ہیں کہ خدا تمہاری مدد کریگا۔ وہ خدا جو ذوالجلال اور زمین اور آسمان کا پیدا کرنے والا ہے۔ دیکھو صفحہ ۲۳۹۔ اور صفحہ ۵۲۲ براہین احمدیہ۔ ترجمہ۔ حق آیا اور باطل بھاگ گیا اور باطل نے ایک دن بھاگنا ہی تھا۔ ہر ایک برکت (جو تجھکو ملی ہے) وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے ملی ہے۔ دو انسان بڑی برکت والے ہیں جنکی برکتیں کبھی اور کسی زمانہ میں منقطع نہیں ہونگی۔ ایک وہ یعنے حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم جس کی طرف سے اور جس کے فیضان سے یہ تمام برکتیں تجھپر اُتاری گئی ہیں۔ اور دُوسرا وہ انسان جسپر یہ ساری برکتیں نازل ہوئیں (یعنے یہ عاجز) کہہ اگر میں نے افترا کیا ہے اور خدا کے الہام سے نہیں بلکہ یہ بات خود بنائی ہے تو اِس کا وبال میرے پر ہوگا۔ اور میں اِس جُرم کی سزا پاؤنگا۔ نہیں بلکہ حق یہ بات ہے کہ خدا نے اِس رسول کو یعنے تجھکو بھیجا ہے۔ اور اِس کے ساتھ زمانہ کی ضرورت کے موافق ہدایت یعنے راہ دِکھلانے کے علم اور تسلّی دینے کے علم اور ایمان قوی کرنے کے علم اور دشمن پر حُجّت پُوری کرنے کے علم بھیجے ہیں۔ اور اِس کے ساتھ دین کو ایسی چمکتی ہوئی شکل کے ساتھ بھیجا ہے جس کا حق ہونا اور خدا کی طرف سے ہونا بدیہی طور پر معلوم ہو رہا ہے۔ خدا نے اِس رسول کو یعنے کامل مجدد کو اِسلئے بھیجا ہے کہ تا خدا اِس زمانہ میں یہ ثابت کرکے دِکھلا دے کہ اسلام کے مقابل پر سب دین اور تمام تعلیمیں ہیچ ہیں۔ اور اسلام ایک ایسا مذہب ہے جو تمام دینوں پر ہر ایک برکت اور دقیقہ معرفت اور آسمانی نشانوں میں غالب ہے۔ یہ خُدا کا اِرادہ ہے کہ اِس رسُول کے ہاتھ پر ہر ایک طرح پر اِسلام کی چمک دِکھلاوے۔ کون ہے جو خدا کے اِرادوں کو بدل سکے۔ خدا نے مُسلمانوں کو اور اُنکے دین کو اِس زمانہ میں مظلوم پایا۔ اور وہ آیا ہے کہ تا اِن لوگوں اور اِن کے دین کی مدد کرے۔ یعنے رُوحانی طور پر اِس دین کی سچائی اور

چمک اور قوّت دکھلاوے۔ اور آسمانی نشانوں سے اِسکی عظمت اور حقیّت دِلوں پر ظاہر کرے۔ اور وُہ ہر چیز پر قادر ہے۔ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ اپنی قوّت اور امنگ کے ساتھ زمین پر چل یعنے لوگوں پر ظاہر ہوکہ تیرا وقت آگیا۔ اور تیرے وجود سے مسلمانوں کا قدم ایک محکم اور بلند مینار پر جا پڑا۔ محمدی غالب ہوگئے۔ وُہی محمد جو پاک اور برگزیدہ اور نبیوں کا سردار ہے۔ خدا تیرے سب کام دُرست کردیگا اور تیری ساری مُرادیں تجھے دیگا۔ وُہ جو فوجوں کا مالک ہے وُہ اِس طرف توجہ کریگا یعنے آسمان سے تیری بڑی مدد کی جائے گی۔ اور تمام فرشتے تیری مدد میں لگیں گے اور ایک بڑا نشان آسمان سے ظاہر ہوگا۔ اِس نشان سے اصل غرض یہ ہے کہ تا لوگوں کو معلوم ہوکہ قرآن کریم خدا کا کلام اور میرے مُونہہ کی باتیں ہیں۔ یعنے وہ کلام میرے مُونہہ سے نکلا ہے۔ خدا کے احسان کا دروازہ تیرے پر کھولا گیا ہے اور اسکی پاک رحمتیں تیری طرف متوجہ ہو رہی ہیں اور وُہ دن آتے ہیں (بلکہ قریب ہے)
ص۱۴۰ کہ خدا تیری مدد کریگا۔ وُہی خدا جو جلال والا اور زمین و آسمان کا پیدا کرنے والا ہے۔ دیکھو براہین احمدیہ صفحہ ۲۲۹۔ اور صفحہ ۵۲۲۔ اِن تمام الہامات میں یہ پیشگوئی تھی کہ خدا تعالیٰ میرے ہاتھ سے اور میرے ہی ذریعہ سے دین اِسلام کی سچائی اور تمام مخالف دینوں کا باطل ہونا ثابت کر دیگا۔ سو آج وہ پیشگوئی پُوری ہوئی۔ کیونکہ میرے مقابل پر کسی مخالف کو تاب و تواں نہیں کہ اپنے دین کی سچائی ثابت کر سکے۔ میرے ہاتھ سے آسمانی نشان ظاہر ہو رہے ہیں اور میری قلم سے قرآنی حقایق اور معارف چمک رہے ہیں۔ اُٹھو اور تمام دُنیا میں تلاش کرو کہ کیا کوئی عیسائیوں میں سے یا سِکھوں میں سے یا یہودیوں میں سے یا کسی اَور فرقہ میں سے کوئی ایسا ہے۔ کہ آسمانی نشانوں کے دِکھلانے اور معارف اور حقایق کے بیان کرنے میں میرا مقابلہ کر سکے۔ مَیں وُہی ہوں جسکی نسبت یہ حدیث صحاح میں موجود ہے کہ اسکے عہد میں

تمام ملتیں ہلاک ہو جائیں گی۔ مگر اسلام کہ وہ ایسا چمکے گا جو درمیانی زمانوں میں کبھی نہیں چمکا ہو گا۔ مگر ہلاک ہونے سے یہ مُراد نہیں کہ مخالف تلوار سے زیر کئے جائیں گے۔ ایسے خیالات غلطیاں ہیں۔ بلکہ اس سے مُراد یہ ہے کہ برکت کی رُوح ان تمام مذہبوں میں سے جاتی رہے گی اور وہ ایسے ہو جائیں گے جیسا کہ بدن بیجان۔ سو یہ وُہی زمانہ ہے۔ کیا کبھی کسی آنکھ نے دیکھا کہ جس مقابلہ کے لئے مَیں لوگوں کو بُلاتا ہوں کبھی کسی نے درمیانی زمانوں میں سے اِس طرح بُلایا۔ یہ انسان کے دن نہیں بلکہ خدا کے دن ہیں اور ایّام اللہ ہیں۔ یہ کاروبار زمین سے نہیں بلکہ اُس کے ہاتھ سے ہے جو ذوالجلال اور حیّ اور قیّوم ہے۔ مبارک وُہ دِل جو پشیمانی کے دن سے پہلے سمجھ لے۔ اور مبارک وُہ آنکھیں جو مواخذہ کی گھڑی سے پہلے دیکھ لیں۔

۴۸ بیس برس کا عرصہ گذر گیا کہ مجھے یہ الہام ہُوا تھا۔ ینصرك اللہ من عندہ ینصرك رجال نوحی الیھم من السّماء۔ یاتون من کلّ فجّ عمیق۔ الا انّ نصر اللہ قریب۔ یاتیك من کلّ فجّ عمیق۔ لا مُبدل لکلمات اللہ یتمّ نعمتہ علیك لیکون آیۃ للمؤمنین فبشّر وما انت بنعمت ربّك بمجنون۔ قل ان کنتم تحبّون اللہ فاتّبعونی یحببکم اللہ۔ انّا کفینٰك المستھزئین۔ انت علٰی بیّنۃٍ من ربّك۔ قل عندی شھادۃ من اللہ فھل انتم مؤمنون۔ قل عندی شھادۃ من اللہ فھل انتم مُسلمون۔ قل اعملوا علٰی مکانتکم انّی عامل فسوف تعلمون۔ ویخوّفونك من دونہ۔ انّك باعیننا سمّیتك المتوکّل یحمدك اللہ من عرشہ۔ نحمدك ونصلّی۔
صفحہ ۲۳۹ و ۲۴۰ و ۲۴۱۔ براہین احمدیہ۔ ترجمہ۔ خدا اپنے پاس سے تیری

مدد کرے گا۔ تیری مدد وہ لوگ کریں گے جن کے دِلوں میں ہم آسمان سے الہام
کریں گے۔ اور وہ دُور دُور کی راہوں سے تیرے پاس آئیں گے۔ خدا کے
وعدوں کو کوئی ٹال نہیں سکتا۔ وہ اپنی نعمتیں تیرے پر پُوری کریگا۔ تاکہ خدا کا
یہ کام مومنوں کے لئے نشان ہو۔ سو تُو مومنوں کو خوشخبری دے تو اُس کے
فضل اور کرم کے ساتھ مجنون نہیں ہے۔ تُو لوگوں کو کہدے کہ اگر خدا سے محبت
رکھتے ہو تو آؤ میری پَیروی کرو۔ تو خدا بھی تم سے محبت کرے۔ اور وہ جو تجھ سے
اور تیرے الہام سے ہنسی کرتے ہیں ہم اُن کے لئے کافی ہیں یعنے تجھے صبر چاہیئے۔
تُو کُھلی کُھلی دلیل کے ساتھ خدا کی طرف سے ہے۔ اُن کو کہدے کہ مَیں خدا کی گواہی
اپنے پاس رکھتا ہوں پس کیا تم اب بھی مانو گے یا نہیں۔ اُن کو کہدے کہ دیکھو میرے
پاس خدا کی شہادت ہے۔ کیا اب بھی تم گردنیں جھکاؤ گے یا نہیں۔ اور اگر تم بھی کچھ
چیز ہو تو اپنے مکان پر فیصلہ کے لئے کوشش کرو اور مَیں بھی کرونگا پھر تم دیکھو گے
کہ خدا کس کے ساتھ ہے۔ اور یہ لوگ خدا کے غیر سے تجھے ڈرائیں گے یعنے گورنمنٹ
میں جھوٹی مخبریاں کریں گے تا وہ کسی جُرم میں پکڑے۔ اور اپنی قوم کو ترغیب
دینگے تا تجھے قتل کردیں۔ مگر تُو ہماری آنکھوں کے سامنے ہے۔ اُنکی شرارت سے
تیرا کچھ بھی نقصان نہ ہوگا۔ مَیں نے تیرا نام متوکل رکھا۔ خدا اپنے عرش پر سے
تیری تعریف کرتا ہے۔ یہ ایک بڑی پیشگوئی ہے جو آج سے بیس برس سے پہلے
براہین احمدیہ میں درج ہو کر ہزارہا انسانوں میں اور ہر ایک قوم میں شائع ہو چکی ہے۔
اِس پیشگوئی میں ایک یہ فقرہ ہے کہ لوگ دُور دُور سے آئیں گے اور تیری خدمت
کریں گے۔ اَب دیکھو کہ یہ کیسا سرّ غیب کا کلام ہے۔ کیونکہ براہین احمدیہ کے
زمانہ میں بلکہ کئی برس اِس سے بھی پہلے جب یہ الہام ہُوا تھا۔ اُسوقت میری حالت
اور عظمت لوگوں کے دِلوں میں اِس قدر بھی نہ تھی کہ کوئی شخص دو کوس سے بھی میرے ص۷۳

پاس آتا۔ لیکن اس پیشگوئی کے بعد ہزار ہا کوسوں سے لوگ میرے پاس آئے۔ پشاور اور بمبئی اور حیدر آباد اور کلکتہ اور مدراس اور بخارا اور حدود کابل وغیرہ ممالک سے بصدق دل میرے پاس پہنچے۔ اور ہر ایک نے اپنی اپنی توفیق اور طاقت کے موافق تحائف اور مال پیش کئے۔ مجھے کچھ ضرور نہیں کہ اس کا زیادہ ثبوت دُوں۔ کیونکہ مَیں گمان کرتا ہوں کہ مخالفوں میں سے ایسا بے حیا کوئی بھی نہ ہوگا کہ ان بدیہی واقعات سے انکار کرے۔ ایک اُن میں سے جو دُور دُور سے آتے ہیں اخویم حبّی فی اللہ سیٹھ عبدالرحمٰن صاحب مدراسی ہیں جو ہر سال مدراس سے قصد کرکے قادیان میں پہنچتے ہیں اور بدل وجان ہمارے سلسلہ کی امداد کے لئے سرگرم ہیں۔ اور اگرچہ انکی خدمات اُن کے صدق اور اعتقاد کی طرح بہت بڑھی ہوئی ہیں اور ضرورت کے وقتوں پر ہزار ہا روپیہ کی مدد اُن سے پہنچتی ہے۔ لیکن ایک فرض لازم کی طرح ایک سَو روپیہ ماہواری اِس سلسلہ کی مدد کے لئے انہوں نے مقرر کر رکھا ہے جو بغیر ناغہ ہمیشہ ماہ بماہ پہنچتا ہے۔ ایسا ہی اپنی اپنی طاقت اور استطاعت کے موافق اور دُور دُور کے دوست بھی ہیں جو ہمیشہ قادیان میں آنے اور مالی خدمات بجالاتے ہیں۔ اب دیکھو یہ پیشگوئی کیسی صاف اور واضح ہے۔ ایسا ہی اِس کی جُزو دُوسری پیشگوئی کہ دُور دُور سے خدا کی مَدد تجھے آئے گی۔ اِس کی تصدیق ڈاکخانہ کے رجسٹروں سے ہوسکتی ہے کہ کس کس ضلع دُور دراز سے لوگ روپیہ بھیجتے ہیں۔ کیا آج سے بیس برس پہلے کسی کے گمان میں تھا کہ اِس قدر دُور دراز ملکوں سے روپیہ اور دُوسرے تحائف آئیں گے۔ اگر یہ انسان کا کام تھا تو کسی اور کو بھی چاہیئے تھا کہ ایسی رائے ظاہر کرتا۔ پھر ایک فقرہ ان پیشگوئیوں میں سے یہ ہے کہ خدا ہر ایک قسم کی نعمت تجھ پر پُوری کرے گا۔ اب بتلاؤ کہ اس طریق پر جو خدا تعالیٰ کا نبیوں سے معاملہ ہے کونسی نعمت باقی رہی ہے جو خدا نے مجھ پر پُوری نہیں کی۔ کیا خدا کا یہ عظیم الشان

نشان نہیں کہ ہمارے اِس سلسلہ کے بڑھ جانے کی وجہ سے جب ہر طرح سے
خرچ زیادہ ہوگئے اور صرف ایک لنگر کا خرچ ہی ایک ہزار روپیہ ماہوار
تک پہنچ گیا اور قریباً ہر ایک ماہ میں اشتہارات شائع کرنے کا خرچ اور کتابوں
کے چھپوانے کا خرچ اور ہر ایک مہینے کے صدہا خطوط کے جوابات کا خرچ اور
سلسلہ کی ضروریات کی وجہ سے نئے مکانات بنانے کا خرچ اور مدرسہ کے اُستادوں
کا خرچ ہمیشہ کے لئے لازم حال ہوگئے۔ تو ان سب کاموں کے چلانے کے لئے
پردۂ غیب سے خدا تعالیٰ نے مدد کی اور ہمیشہ کر رہا ہے۔ سو اسی نشان کے بارے
میں آج سے بیس برس پہلے پیشگوئی کی گئی۔ دیکھو ہمارے مخالف مولوی کس تنگی اور
تکلیف سے گذارہ کرتے ہیں اور کیسے بعض اُنکے اب اپنے منصوبوں کو چھوڑ کر
کلبہ رانی کی ذلّت اُٹھانے کو بھی طیار ہیں۔ مگر اِس جگہ آسمانی برکتوں کی بارش
ہو رہی ہے۔ لوگ صدق اور اعتقاد سے ہمارے آستانہ پر گرے جاتے ہیں۔ ہر ایک
ہفتہ میں کئی مولویوں اور اسلامی فاضلوں کے توبہ نامے پہنچ رہے ہیں۔ اور لاکھوں
انسانوں کے دل گواہی دے رہے ہیں کہ اسلام میں یہی ایک فرقہ ہے جو اسلامی
برکتوں کا مالک ہے اور جسکی سچائی کی چمکیں مخالفوں کی آنکھوں کو خیرہ کر رہی ہیں۔
یہی ایک فرقہ ہے جو خدا کے نشان دکھلانے کیلئے میدان میں کھڑا ہے اور یہی ایک فرقہ
ہے جو قرآنی حقائق اور معارف بیان کرتا ہے اور یہی ایک فرقہ ہے جس نے دشمنوں کے
عقائد کی جڑ نکال کر لوگوں کو دِکھلادی ہے۔ پھر انہی پیشگوئیوں کے مجموعہ میں ایک یہی
پیشگوئی ہے کہ قل عندی شھادۃ من اللہ فھل انتم مؤمنون الخ یعنے
میری سچائی پر خدا گواہی دے رہا ہے اور اپنے آسمانی نشانوں سے بتلا رہا ہے کہ
یہ شخص میری طرف سے ہے اور خدا تعالیٰ اسی الہام کے بعد کی عبارت میں اسلام کے
تمام مولویوں اور صوفیوں اور سجادہ نشینوں اور الہام اور کرامت کے مدعیوں اور ایسا ہی

اسلام کے مخالف سرگروہوں کو بھی عام دعوت کر کے مجھے خطاب کرتا ہے کہ انکو کہدے کہ اگر تم شک میں ہو۔ اور اُن برکات پر جو میرے پر نازل ہوئی ہیں تمہارا الیقین نہیں ہے اور تم اپنے تئیں بہتر اور یا اپنے دین کو سچا سمجھتے ہو تو آؤ اس فیصلہ کے لئے ایسا کرو کہ اپنے مکان پر خدا تعالیٰ سے چاہو کہ کوئی ایسے نشان اور برکات تمہاری عزّت ظاہر کرنے کے لئے دِکھلاوے۔ جن سے ثابت ہو کہ تمہیں جنابِ الٰہی میں مقامِ قُرب ہے اور مَیں بھی اپنے مکان میں خدا تعالیٰ سے چاہُونگا کہ میری عزّت اور فضیلت ظاہر کرنے کے لئے بالمقابل کوئی ایسے برکات اور نشان ظاہر کرے جن سے صریح ثابت ہو کہ مجھے جناب الٰہی میں مقامِ قُرب حاصل ہے۔ اور پھر بعد اسکے عنقریب تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ تمہاری یہ سب غلطیاں ہیں کہ تم میرے مقابل پر اپنے تئیں خدا کے فضل اور برکت اور تائید کا مورد سمجھتے ہو۔ پھر اِس کے ساتھ کی عبارت میں یہ پیشگوئی کرتا ہے کہ یہ لوگ راستبازی کے رنگ میں مقابلہ کرنے سے عاجز آکر اوباشانہ طریق کو اختیار کرینگے اور ڈرانا اور گالیاں دینا اور ہتک کرنا اور افترا کرنا اور بُہتان لگانا اُنکا شیوہ ہوگا۔ اور کوشش کرینگے کہ حُکّام کی طرف تم کھینچے جاؤ۔ اور اپنی قوم کو ورغلائیں گے تا اُن میں سے کوئی تجھے قتل کردے۔ لیکن خدا تیرا محافظ ہوگا۔ اور وُہ اپنے تمام مکروں میں ناکام رہیں گے۔ اب منصف مزاج ناظرین ذرا غور سے دیکھیں کہ یہ پیشگوئیاں اُس کتاب میں یعنے براہین احمدیہ میں درج ہیں۔ جس کے شائع کرنے پر بھی بیس برس گذر گئے۔ کیا یہ انسان کی طاقت ہے کہ اس قوّت اور قُدرت سے بھری ہُوئی پیش خبریاں اِس شجاعت کے ساتھ پیش از وقت چھاپ کر تمام قوموں میں شائع کرے۔

۴۹ قریباً اٹھارہ برس سے ایک یہ پیشگوئی ہے۔ الحمد للہ الّذی جعل لکم الصّھر والنّسب۔ ترجمہ۔ وُہ خدا سچّا خدا ہے جس نے تمہارا دامادی کا تعلق

ایک شریف قوم سے جو سیّد تھے کیا۔ اور خود تمہاری نسب کو شریف بنایا۔ جو فارسی خاندان اور سادات سے معجون مرکّب ہے۔ اِس پیشگوئی کو دُوسرے الہامات میں اور بھی تصریح سے بیان کیا گیا ہے۔ یہاں تک کہ اُس شہر کا نام بھی لیا گیا تھا جو دہلی ہے۔ اور یہ پیشگوئی بہت سے لوگوں کو سُنائی گئی تھی۔ جن میں سے ایک شیخ حامد علی اور میاں جان محمد اور بعض دُوسرے دوست ہیں۔ اور ایسا ہی ہندوؤں میں سے شرمپت اور ملاوامل کھتریان ساکنانِ قادیان کو قبل از وقت یہ پیشگوئی بتلائی گئی تھی۔ اور جیسا کہ لکھا تھا ایسا ہی ظہور میں آیا۔ کیونکہ بغیر سابق تعلقات قرابت اور رشتہ کے دہلی میں ایک شریف اور مشہور خاندان سیادت میں میری شادی ہو گئی۔ اور یہ خاندان خواجہ میر درد کی لڑکی کی اولاد میں سے ہے جو مشاہیر اکابر سادات دہلی میں سے ہے۔ جنکو سلطنت چغتائی کی طرف سے بہت سے دیہات بطور جاگیر عطا ہوئے تھے۔ اور ابتک اس

✶ حاشیہ۔ ہمارے خاندان کی قومیت ظاہر ہے اور وہ یہ ہے کہ وہ قوم کے برلاس مغل ہیں۔ اور ہمیشہ اِس خاندان کے اکابر امیر اور والیانِ ملک رہے ہیں۔ وہ سمرقند سے کسی تفرقہ کی وجہ سے بابر بادشاہ کے وقت میں پنجاب میں آئے اور اِس علاقہ کی ایک بڑی حکومت انکو ملی۔ اور کئی سَو دیہات انکی ملکیت کے تھے جو آخر کم ہوتے ہوتے ۸۴ رہ گئے اور سکھوں کے زمانہ میں وہ بھی ہاتھ سے جاتے رہے۔ اور پانچ گاؤں باقی رہ گئے۔ اور پھر ایک گاؤں اُن میں سے جسکا نام بہادر حسین ✣ تھا۔ جس کو حسین نامی ایک بزرگ نے آباد کیا تھا۔ انگریزی سلطنت کے عہد میں ہاتھ سے جاتا رہا۔ کیونکہ ہم نے خود اپنی غفلت سے ایک مدّت تک اس گاؤں سے کچھ وصول نہیں کیا تھا۔ اور جیسا کہ مشہور چلا آتا ہے۔ ہماری قوم کو سادات سے یہ تعلق رہا ہے کہ بعض دادیاں ہماری شریف اور مشہور خاندانِ سادات سے ہیں۔ لیکن مغل قوم کے ہونے کے بارے میں خدا تعالیٰ کے الہام نے مخالفت کی ہے۔ جیسا کہ براہین احمدیہ صفحہ ۲۴۲ میں یہ الہام ہے۔ خذوا التّوحید یا ابناء الفارس۔ یعنے توحید کو پکڑو توحید کو پکڑو اے فارس کے بیٹو۔ اِس الہام سے صریح طور پر سمجھا جاتا ہے کہ ہمارے بزرگ دراصل بنی فارس ہیں۔

✣ یہ گاؤں بٹالہ سے شمال طرف بفاصلہ تین کوس واقعہ ہے۔ منہ

۱۵ جاگیر میں سے تقسیم ہو کر اس خاندان کے تمام لوگ جو خواجہ میر درد کے ورثاء ہیں اپنے اپنے حصّے پاتے ہیں۔ اب ظاہر ہے کہ یہ خاندان دہلوی جس سے دامادی کا مجھے تعلق ہے۔ صرف اسی وجہ سے فضیلت نہیں رکھتا کہ وہ اہلبیت اور سادات ہیں۔ بلکہ اس وجہ سے بھی فضیلت رکھتا ہے کہ یہ لوگ دختر زادہ خواجہ میر درد ہیں اور دہلی میں یہ خاندان سلطنت چغتائیہ کے زمانہ میں اپنی صحت نسب اور شہرت خاندان سیادت اور نجابت اور شرافت میں ایسا مشہور رہا ہے کہ اسی عظمت اور شہرت اور بزرگی خاندان سیادت کی وجہ سے بعض نوابوں نے ان کو لڑکیاں دیں۔ جیسا کہ ریاست لوہارو کا خاندان۔ غرض یہ خاندان اپنی ذاتی خوبیوں اور نجابتوں کی وجہ سے اور نیز خواجہ میر درد کی دختر زادگان ہونے کے باعث سے ایسی عظمت کی نگہ سے دہلی میں دیکھا جاتا تھا کہ گویا دہلی سے مُراد

(بقیہ حاشیہ) اور قریب قیاس ہے کہ میرزا کا خطاب انکو کسی بادشاہ کی طرف سے بطور لقب کے دیا گیا ہو لیکن الہام نے اِس بات کا انکار نہیں کیا کہ سلسلہ مادری کی طرف سے ہمارا خاندان سادات سے ملتا ہے۔ بلکہ الہامات میں اسکی تصدیق ہے۔ اور ایسا ہی بعض کشوف میں بھی اسکی تصدیق پائی جاتی ہے۔ اِس جگہ یہ عجیب نکتہ ہے کہ جب خدا تعالیٰ نے یہ ارادہ فرمایا کہ سادات کی اولاد کو کثرت سے دُنیا میں بڑھاوے تو ایک شریف عورت فارسی الاصل کو یعنے شہر بانو کو انکی دادی بنایا اور اس سے اہلبیت اور فارسی خاندان کے خون کو باہم ملا دیا۔ اور ایسا ہی اسجگہ بھی جب خدا تعالیٰ کا ارادہ ہوا کہ اِس عاجز کو دُنیا کی اصلاح کے لئے پیدا کرے۔ اور بہت سی اولاد اور ذرّیت مجھ سے دُنیا میں پھیلاوے جیسا کہ اسکے اُس الہام میں ہے جو براہین احمدیہ کے صفحہ ۴۹۰ میں درج ہے۔ تو پھر دوبارہ اسنے فارسی خاندان اور سادات کے خون کو باہم ملایا۔ اور پھر میری اولاد کے لئے تیسری مرتبہ ان دونوں خونوں کو ملایا۔ صرف فرق یہ رہا کہ حسینی خاندان کے قائم کرنے کے وقت مرد یعنے امام حسینؓ اولادِ فاطمہؓ میں سے تھا۔ اور اس جگہ عورت یعنے میری بیوی اولادِ فاطمہؓ میں سے یعنے سیدہ ہے جس کا نام بجائے شہر بانو کے نصرت جہاں بیگم ہے۔ منہ

انہی عزیزوں کا وجود تھا۔ سو چونکہ خدا تعالیٰ کا وعدہ تھا کہ میری نسل میں سے ایک بڑی بنیاد حمایت اسلام کی ڈالے گا۔ اور اس میں سے وہ شخص پیدا کرے گا۔ جو آسمانی رُوح اپنے اندر رکھتا ہوگا۔ اس لئے اُس نے پسند کیا کہ اس خاندان کی لڑکی میرے نکاح میں لاوے اور اس سے وہ اولاد پیدا کرے جو اُن نوروں کو جن کی میرے ہاتھ سے تخم ریزی ہوئی ہے دُنیا میں زیادہ سے زیادہ پھیلاوے۔ اور یہ عجیب اتفاق ہے کہ جس طرح سادات کی دادی کا نام شہر بانو تھا۔ اسی طرح میری یہ بیوی جو آئندہ خاندان کی ماں ہوگی۔ اس کا نام نصرت جہاں بیگم ہے۔ یہ تفاؤل کے طور پر اس بات کی طرف اشارہ معلوم ہوتا ہے کہ خدا نے تمام جہان کی مدد کے لئے میرے آئندہ خاندان کی بنیاد ڈالی ہے۔ یہ خدا تعالیٰ کی عادت ہے کہ کبھی ناموں میں بھی اُس کی پیشگوئی مخفی ہوتی ہے۔ سو اسمیں وُہ پیشگوئی مخفی ہے جسکی تصریح براہین احمدیہ کے صفحہ ۴۹۰ و صفحہ ۵۵۷ میں موجود ہے اور وُہ یہ الہام ہے۔

سُبحان اللّٰہ تبارک وتعالیٰ زاد مجدک ینقطع آباءک ویبدء منک نُصرت بالرُّعب واحییت بالصدق ایّھا الصدّیق۔ نُصرت وقالوا لات حین مناص۔ مَیں اپنی چمکار دکھلاؤں گا۔ اپنی قدرت نمائی سے تجھ کو اُٹھاؤں گا۔ دُنیا میں ایک نذیر آیا پر دُنیا نے اُس کو قبول نہ کیا۔ لیکن خدا اُسے قبول کرے گا اور بڑے زور آور حملوں سے اُسکی سچائی ظاہر کر دے گا۔"

اور عربی الہام کا ترجمہ یہ ہے کہ تمام پاکیاں خدا کے لئے ہیں جو بڑی برکتوں والا اور عالی ذات ہے۔ اُس نے تیری خاندانی بزرگی کو تیرے وجود کے ساتھ زیادہ کیا۔ اب ایسا ہوگا کہ آئندہ تیرے باپ دادے کا ذکر منقطع کیا جائیگا اور ابتداء خاندان کا تجھ سے ہوگا۔ تجھے رُعب کے ساتھ نصرت دیگئی ہے اور صدق کے ساتھ تُو اَے صدیق زندہ کیا گیا۔ نصرت تیرے شامل حال ہوئی اور دشمنوں نے کہا کہ اب گریز کی جگہ نہیں۔

اور اُردو الہام کا خلاصہ یہ ہے کہ مَیں اپنی قدرت کے نشان دکھلاؤں گا۔ اور ایک چمک پَیدا ہوگی جیسا کہ بجلی سے آسمان کے کناروں میں ظاہر ہوتی ہے۔ اِس چمک سے مَیں لوگوں کو دکھلاؤں گا کہ تُو سچا ہے۔ اگر دُنیا نے قبول نہ کیا تو کیا حرج کہ مَیں اپنا قبول کرنا لوگوں پر ظاہر کر دُوں گا۔ اور جیسا کہ سخت حملوں کے ساتھ تکذیب ہُوئی ایسا ہی سخت حملوں کے ساتھ میں تیری سچائی ظاہر کر دُوں گا۔ غرض اِسجگہ عربی الہام میں جیسا کہ نُصرت کا لفظ واقع ہے۔ اسی طرح میری خاتون کا نام نُصرت جہاں بیگم رکھا گیا جس کے یہ معنے ہیں کہ جہان کو فائدہ پہنچانے کے لئے آسمان سے نُصرت شامل حال ہوگی۔ اور اُردو الہام جو ابھی لکھا گیا ہے ایک عظیم الشان پیشگوئی پر مبنی ہے۔ کیونکہ یہ الہام یہ خبر دیتا ہے کہ ایک وُہ وقت آتا ہے جو سخت تکذیب ہوگی اور سخت اہانت اور تحقیر ہوگی۔ تب خدا کی غیرت جوش میں آئے گی۔ اور جیسا کہ سختی کے ساتھ تکذیب ہوئی۔ ایسا ہی اللہ تعالےٰ سخت حملوں کے ساتھ اور آسمانی نشانوں کے ساتھ سچائی کا ثبوت دے گا۔ اور اس کتاب کو پڑھ کر ہر ایک مُنصف معلوم کرلیگا کہ یہ پیشگوئی کیسی صفائی سے پُوری ہُوئی۔ اور الہام مذکورہ بالا یعنے یہ الہام کہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ الصِّھْرَ وَالنَّسَبَ۔ جس کے یہ معنے ہیں کہ خدا نے تجھے ہر ایک پہلو اور ہر ایک طرف سے خاندانی نجابت کا شرف بخشا ہے۔ کیا تیرا آبائی خاندان اور کیا دامادی کے رشتہ کا خاندان دونوں برگزیدہ ہیں۔ یعنے جس جگہ تعلق دامادی کا ہُوا ہے وُہ بھی شریف خاندان سادات ہے اور تمہارا آبائی خاندان بھی جو بنی فارس اور بنی فاطمہ کے خون سے مرکب ہے۔ خدا کے نزدیک شرف اور مرتبت رکھتا ہے۔ اِسجگہ یاد رہے کہ اِس الہام کے اندر جو میرے خاندان کی عظمت بیان کرتا ہے ایک عظیم الشان نکتہ مخفی ہے اور وُہ یہ ہے کہ اولیاء اللہ اور رسول اور نبی جنپر خدا کا رحم اور فضل ہوتا ہے اور خدا انکو اپنی طرف کھینچتا ہے

وہ دو قسم کے ہوتے ہیں۔ (۱) ایک وہ جو دوسروں کی اصلاح کے لئے مامور نہیں ہوتے ص۴۶
بلکہ ان کا کاروبار اپنے نفس تک ہی محدود ہوتا ہے۔ اور ان کا کام صرف یہی ہوتا ہے
کہ وہ ہر دم اپنے نفس کو ہی زہد اور تقویٰ اور اخلاص کا صیقل دیتے رہتے ہیں اور حتی الوسع
خدا تعالیٰ کی ادق سے ادق رضامندی کی راہوں پر چلتے اور اس کے باریک وصایا
کے پابند رہتے ہیں۔ اور انکے لئے ضروری نہیں ہوتا کہ وہ کسی ایسے عالی خاندان
اور عالی قوم میں سے ہوں جو علو نسب اور شرافت اور نجابت اور امارت اور ریاست کا
خاندان ہو بلکہ حسب آیۂ کریمہ اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ ✽ صرف انکی تقویٰ
دیکھی جاتی ہے گو وہ دراصل چوہڑوں میں سے ہوں یا چماروں میں سے۔ یا مثلاً
کوئی ان میں سے ذات کا کنجر ہو جس نے اپنے پیشہ سے توبہ کر لی ہو۔ یا ان قوموں میں سے
ہو۔ جو اسلام میں دوسری قوموں کے خادم اور نیچی قومیں سمجھی جاتی ہیں۔ جیسے
حجام۔ موچی۔ تیلی۔ ڈوم۔ میراسی۔ سقّے۔ قصائی۔ جولاہے۔ کنجری۔ تنبولی۔ دھوبی۔
مچھوے۔ بھڑبھونجے۔ نانبائی وغیرہ۔ یا مثلاً ایسا شخص ہو کہ اسکی ولادت میں ہی
شک ہو کہ آیا حلال کا ہے یا حرام کا۔ یہ تمام لوگ توبہ نصوح سے اولیاء اللہ
میں داخل ہو سکتے ہیں۔ کیونکہ وہ درگاہ کریم ہے اور فیضان کی موجیں بڑے جوش
سے جاری ہیں۔ اور اس قدوس ابدی کے دریائے محبت میں غرق ہو کر طرح طرح
کے میلوں والے ان تمام میلوں سے پاک ہو سکتے ہیں جو عرف اور عادت کے طور پر
ان پر لگائے جاتے ہیں۔ اور پھر بعد اس کے کہ وہ اس خدائے قدوس سے مل گئے۔
اور اس کی محبت میں محو ہو گئے اور اسکی رضا میں کھوئے گئے۔ سخت بدذاتی ہوتی
ہے کہ ان کی کسی نیچ ذات کا ذکر بھی کیا جائے۔ کیونکہ اب وہ وہ نہیں رہے اور
انھوں نے اپنی شخصیت کو چھوڑ دیا اور خدا میں جا ملے اور اس لائق ہو گئے کہ

✽ ترجمہ۔ تم میں سے خدا تعالیٰ کے نزدیک وہی زیادہ بزرگ ہے جو سب سے زیادہ تقویٰ کی راہوں پر چلتا ہے۔ منہ

لہ الحجرات: ۱۴

تعظیم سے اُنکا نام لیا جائے۔ اور جو شخص بعد اس تبدیلی کے اُنکی تحقیر کرتا ہے۔ یا ایسا خیال دل میں لاتا ہے وہ اندھا ہے اور خدا تعالیٰ کے غضب کے نیچے ہے اور خدا کا عام قانون یہی ہے کہ اسلام کے بعد قوموں کی تفریق مٹادی جاتی ہے۔ اور نیچ اُونچ کا خیال دُور کیا جاتا ہے۔ ہاں قرآن شریف سے یہ بھی مستنبط ہوتا ہے کہ بیاہ اور نکاح میں تمام قومیں اپنے قبائل اور ہم رُتبہ قوموں یا ہم رُتبہ اشخاص اور کفو کا خیال کر لیا کریں تو بہتر ہے تا اولاد کے لئے کسی داغ اور تحقیر اور ہنسی کی جگہ نہ ہو۔ لیکن اس خیال کو حد سے زیادہ نہیں کھینچنا چاہئے کیونکہ قوموں کی تفریق پر خدا کی کلام نے زور نہیں دیا۔ صرف ایک آیت سے کفو اور حسب نسب کے لحاظ کا استنباط ہوتا ہے۔ اور قوموں کی حقیقت یہ ہے کہ ایک مُدت دراز کے بعد شریف سے رذیل اور رذیل سے شریف بنجاتی ہیں۔ اور ممکن ہے کہ مثلاً بھنگی یعنی چوہڑے یا چمار جو ہمارے ملک میں سب قوموں سے رذیل تر خیال کئے جاتے ہیں کسی زمانہ میں شریف ہوں۔ اور اپنے بندوں کے انقلابات کو خدا ہی جانتا ہے دُوسروں کو کیا خبر ہے۔ سو عام طور پر پنجہ مارنے کے لایق یہی آیت ہے کہ اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ[1] جس کے یہ معنے ہیں کہ تم سب میں سے خدا کے نزدیک بزرگ اور عالی نسب وہ ہے۔ جو سب سے زیادہ اس تقویٰ کے ساتھ جو صدق سے بھری ہوئی ہو خدا تعالیٰ کی طرف جُھک گیا ہو۔ اور خدا سے قطع تعلق کا خوف ہر دم اور ہر لحظہ اور ہر ایک کام اور ہر ایک قول اور ہر ایک حرکت اور ہر ایک سکون اور ہر ایک خُلق اور ہر ایک عادت اور ہر ایک جذبہ ظاہر کرنے کے وقت اُس کے دل پر غالب ہو۔ وُہی ہے جو سب قوموں میں سے شریف تر اور سب خاندانوں میں سے بزرگ تر اور تمام قبائل میں سے بہتر قبیلہ میں سے ہے۔ اور اس لائق ہے کہ سب اُسکی راہ پر فدا ہوں۔ غرض شریعتِ اسلامی کا یہ تو عام قانون ہے کہ تمام مدار تقویٰ پر رکھا گیا ہے۔ لیکن نبیوں

[1] الحجرات: ۱۴

اور رسولوں اور محدثوں کے بارے میں جو خدا تعالیٰ کی طرف سے مامور ہو کر آتے ہیں اور تمام قوموں کے لئے واجب الاطاعت ٹھہرتے ہیں۔ قدیم سے خدا تعالیٰ کا ایک خاص قانون ہے جو ہم ذیل میں لکھتے ہیں۔

ہم اس سے پہلے ابھی بیان کر چکے ہیں کہ ایسے اولیاء اللہ جو مامور نہیں ہوتے۔ یعنے نبی یا رسول یا محدث نہیں ہوتے اور اُن میں سے نہیں ہوتے جو دُنیا کو خدا کے حکم اور الہام سے خدا کی طرف بُلاتے ہیں۔ ایسے ولیوں کو کسی اعلیٰ خاندان یا اعلیٰ قوم کی ضرورت نہیں۔ کیونکہ اُن کا سب معاملہ اپنی ذات تک محدود ہوتا ہے۔ لیکن ان کے مقابل پر ایک دُوسری قوم کے ولی ہیں جو رسول یا نبی یا محدث کہلاتے ہیں اور وہ خدا تعالیٰ کی طرف سے ایک منصب حکومت اور قضا کا لیکر آتے ہیں اور لوگوں کو حکم ہوتا ہے کہ ان کو اپنا امام اور سردار اور پیشوا سمجھ لیں۔ اور جیسا کہ وہ خدا تعالیٰ کی اطاعت کرتے ہیں اس کے بعد خدا کے اُن نائبوں کی اطاعت کریں۔ اِس منصب کے بزرگوں کے متعلق قدیم سے خدا تعالیٰ کی یہی عادت ہے کہ انکو اعلیٰ درجہ کی قوم اور خاندان میں سے پیدا کرتا ہے۔ تا انکے قبول کرنے اور انکی اطاعت کا جُوا اُٹھانے میں کسی کو کراہت نہ ہو۔ اور چُونکہ خدا نہایت رحیم و کریم ہے اِس لئے نہیں چاہتا کہ لوگ ٹھوکر کھاویں۔ اور اُن کو ایسا ابتلا پیش آوے جو اُنکو اس سعادتِ عظمیٰ سے محروم رکھے کہ وہ اُس کے مامور کے قبول کرنے سے اِس طرح پر رُک جائیں کہ اس شخص کی نیچ قوم کے لحاظ سے ننگ اور عار اُنپر غالب ہو۔ اور وہ دِلی نفرت کے ساتھ اِس بات سے کراہت کریں کہ اُسکے تابعدار بنیں اور اُسکو اپنا بزرگ قرار دیں۔ اور انسانی جذبات اور تصوّرات پر نظر کر کے یہ بات خوب ظاہر ہے کہ یہ ٹھوکر طبعاً نوع انسان کو پیش آجاتی ہے۔ مثلاً ایک شخص جو قوم کا چوہڑہ یعنے بھنگی ہے۔ اور ایک

ص۶۷

گاؤں کے شریف مسلمانوں کی تیس چالیس سال سے یہ خدمت کرتا ہے کہ دو وقت اُنکے گھروں کی گندی نالیوں کو صاف کرنے آتا ہے اور اُنکے پاخانوں کی نجاست اُٹھاتا ہے اور ایک دو دفعہ چوری میں بھی پکڑا گیا ہے اور چند دفعہ زنا میں بھی گرفتار ہوکر اُس کی رُسوائی ہو چکی ہے۔ اور چند سال جیلخانہ میں قید بھی رہ چکا ہے اور چند دفعہ ایسے بُرے کاموں پر گاؤں کے نمبرداروں نے اُسکو جُوتے بھی مارے ہیں اور اُسکی ماں اور دادیاں اور نانیاں ہمیشہ سے ایسے ہی نجس کام میں مشغول رہی ہیں اور سب مُردار کھاتے اور گوہ اُٹھاتے ہیں۔ اَب خدا تعالیٰ کی قُدرت پر خیال کر کے ممکن تو ہے کہ وُہ اپنے کاموں سے تائب ہوکر مُسلمان ہو جائے۔ اور پھر یہ بھی ممکن ہے کہ خدا تعالیٰ کا ایسا فضل اُس پر ہو کہ وُہ رسول اور نبی بھی بنجائے اور اُسی گاؤں کے شریف لوگوں کی طرف دعوت کا پیغام لیکر آوے اور کہے کہ جو شخص تم میں سے میری اطاعت نہیں کریگا خُدا اُسے جہنّم میں ڈالے گا۔ لیکن باوجود اِس امکان کے جب سے کہ دُنیا پَیدا ہوئی ہے کبھی خدا نے ایسا نہیں کیا۔ کیونکہ ایسا کرنا اُسکی حکمت اور مصلحت کے خلاف ہے اور وہ جانتا ہے کہ لوگوں کے لئے یہ ایک فوق الطاقت ٹھوکر کی جگہ ہے کہ ایک ایسا شخص جو پُشت در پُشت رذیل چلا آتا ہے اور لوگوں کی نظر میں نہ صرف وہ ہیچ ہے بلکہ اُس کا باپ اور دادا اور پڑدادا اور جہاں تک معلوم ہے قوم کے نیچ ہیں اور ہمیشہ سے شریر اور بدکار ہوتے چلے آئے ہیں۔ اور مویشیوں کی طرح اَدنیٰ خدمتیں کرتے رہے ہیں۔ اَب اگر لوگوں سے اُسکی اطاعت کرائی جائے تو بلاشبہ لوگ اُسکی اطاعت سے کراہت کرینگے۔ کیونکہ ایسی جگہ میں کراہت کرنا انسان کیلئے ایک طبعی امر ہے۔ اِسلئے خدا تعالیٰ کا قدیم قانون اور سُنّت یہی ہے کہ وُہ صرف اُن لوگوں کو منصب دعوت یعنے نبوت وغیرہ پر مامور کرتا ہے جو اعلیٰ خاندان میں سے ہوں۔ اور ذاتی طور پر بھی چال چلن اچھے رکھتے

ہوں۔ کیونکہ جیساکہ خدا تعالیٰ قادر ہے۔ حکیم بھی ہے اور اُسکی حکمت اور مصلحت چاہتی ہے کہ اپنے نبیوں اور ماموروں کو ایسی اعلیٰ قوم اور خاندان اور ذاتی نیک چال چلن کے ساتھ بھیجے تاکہ کوئی دل انکی اطاعت سے کراہت نہ کرے۔ یہی وجہ ہے جو تمام نبی علیہم السلام اعلیٰ قوم اور خاندان میں سے آتے رہے ہیں۔ اِسی حکمت اور مصلحت کی طرف اشارہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف میں ہمارے سیّد و مولیٰ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے وُجود باجود کی نسبت ان دونوں خوبیوں کا تذکرہ فرمایا ہے جیساکہ وہ فرماتا ہے لقد جاءکم رسول من انفسکم[*][1] یعنے تمہارے پاس وُہ رسول آیا ہے جو خاندان اور قبیلہ اور قوم کے لحاظ سے تمام دُنیا سے بڑھ کر ہے۔ اور سب سے زیادہ پاک اور بزرگ خاندان رکھتا ہے اور ایک اور جگہ قرآن شریف میں فرماتا ہے۔ وتوکّل علی العزیز الرّحیم۔ الّذی یراك حین تقوم وتقلّبك فی السّاجدین[2]۔ یعنے خدا پر توکّل کر جو غالب اور رحم کرنے والا ہے۔ وُہی خدا جو تجھے دیکھتا ہے جب تُو دُعا اور دعوت کے لئے کھڑا ہوتا ہے۔ وُہی خدا جو تجھے اسوقت دیکھتا تھا کہ جب تُو تخم کے طور پر راستبازوں کی پشتوں میں چلا آتا تھا۔ یہانتک کہ اپنی بزرگ والدہ آمنہ معصومہ کے پیٹ میں پڑا۔ اور ان کے سوا اور بھی بہت سی آیات ہیں جن میں ہمارے بزرگ اور مقدس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے علو خاندان اور شرافتِ قوم اور بزرگ قبیلہ کا ذکر ہے۔ اور دُوسری خوبی جو شرط کے طور پر ماموریں کے لئے ضروری ہے وہ نیک چال چلن ۱۵۵

[*] انفس کے لفظ میں ایک قرأت زبر کے ساتھ ہے یعنے حرف فا کی فتح کے ساتھ اور اسی قرأت کو ہم اِس جگہ ذکر کرتے ہیں۔ اور دُوسری قرأت بھی یعنے حرف فا کے پیش کے ساتھ بھی اسکے ہم معنی ہے کیونکہ خدا قریش کو مخاطب کرتا ہے کہ تم جو ایک بڑے خاندان میں سے ہو۔ یہ رسول بھی تو تمہیں میں سے ہے یعنی عالی خاندان ہے۔ منہ

[1] التوبة: ۱۲۸ [2] الشعراء: ۲۱۸ تا ۲۲۰

ہے۔ کیونکہ بدچال چلن سے بھی دلوں میں نفرت پیدا ہوتی ہے۔ اور یہ خوبی بھی بدیہی طور پر ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم میں پائی جاتی ہے جیساکہ اللہ جلّ شانہٗ قرآن شریف میں فرماتا ہے۔ فقد لبثت فیکم عمرًا من قبلہ افلا تعقلون[1]۔ یعنی ان کفّار کو کہدے کہ اِس سے پہلے میں نے ایک عمر تم میں ہی بسر کی ہے۔ پس کیا تمہیں معلوم نہیں کہ میں کس درجہ کا امین اور راستباز ہوں۔ اب دیکھو کہ یہ دونوں صفتیں جو مرتبہ نبوّت اور ماموریّت کے لئے ضروری ہیں یعنے بزرگ خاندان میں سے ہونا اور اپنی ذات میں امین اور راستباز اور خدا ترس اور نیک چلن ہونا قرآن کریم نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت کمال درجہ پر ثابت کی ہیں اور آپ کی اعلیٰ چال چلن اور اعلیٰ خاندان پر خود گواہی دی ہے۔ اور اس جگہ میں اس شکر کے ادا کرنے سے رہ نہیں سکتا کہ جس طرح خدا تعالیٰ نے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تائید میں اپنی وحی کے ذریعہ سے کفّار کو ملزم کیا اور فرمایا کہ یہ میرا نبی اس اعلیٰ درجہ کا نیک چال چلن رکھتا ہے کہ تمہیں طاقت نہیں کہ اسکی گذشتہ چالیس برس کی زندگی میں کوئی عیب اور نقص نکال سکو۔ باوجود اسکے کہ وُہ چالیس برس تک دن رات تمہارے درمیان ہی رہا ہے۔ اور نہ تمہیں یہ طاقت ہے کہ اسکے اعلیٰ خاندان میں جو شرافت اور طہارت اور ریاست اور امارت کا خاندان ہے ایک ذرہ عیب گیری کر سکو۔ پھر تم سوچو کہ جو شخص ایسے اعلیٰ اور اطہر اور انفس خاندان میں سے ہے اور اسکی چالیس برس کی زندگی جو تمہارے رُوبرو گذری۔ گواہی دے رہی ہے جو افترا اور دروغ بافی اس کا کام نہیں ہے تو پھر ان خوبیوں کے ساتھ جبکہ آسمانی نشان وہ دکھلا رہا ہے اور خدا تعالیٰ کی تائیدیں اسکے شامل حال ہو رہی ہیں۔ اور تعلیم وُہ لایا ہے جس کے مقابل پر تمہارے عقائد سراسر گندے اور ناپاک اور شرک سے بھرے ہوئے ہیں تو پھر اس کے بعد تمہیں اِس نبی کے صادق ہونے میں کونسا شک

[1] یونس: ۱۷

باقی ہے۔ اسی طور سے خدا تعالیٰ نے میرے مخالفین اور مکذبین کو ملزم کیا ہے۔ چنانچہ براہین احمدیہ کے صفحہ ۵۱۶ میں میری نسبت یہ الہام ہے جس کے شائع کرنے پر بیس برس گذر گئے۔ اور وہ یہ ہے۔ فقد لبثت فیکم عمرًا من قبلہ افلا تعقلون یعنے ان مخالفین کو کہدے کہ میں چالیس برس تک تم میں ہی رہتا رہا ہوں اور اس مُدت دراز تک تم مجھے دیکھتے رہے ہو کہ میرا کام افترا اور دروغ نہیں ہے اور خدا نے ناپاکی کی زندگی سے مجھے محفوظ رکھا ہے۔ تو پھر جو شخص اس قدر مُدت دراز تک یعنے چالیس برس تک ہر ایک افترا اور شرارت اور مکر اور خباثت سے محفوظ رہا اور کبھی اس نے خلقت پر جھوٹ نہ بولا۔ تو پھر کیونکر ممکن ہے کہ برخلاف اپنی عادت قدیم کے اب وہ خدا تعالیٰ پر افترا کرنے لگا۔ اسجگہ یاد رہے کہ شیخ محمد حسین بٹالوی ایڈیٹر اشاعۃ السنہ جس نے ملک میں فتنہ تکفیر برپا کیا اور تکفیر اور دشنام دہی اور گندہ زبانی سے باز نہ آیا۔ جب تک کہ مجسٹریٹ ضلع نے اپنے سامنے کھڑا کر کے آئندہ مُنہ بند رکھنے کا عہد نامہ نہ لیا۔ یہ شخص میری ابتدائی عمر میں میرا ہم مکتب بھی رہا ہے اور وہ اور اس کا بھائی حیدر بخش دونوں میرے مکان پر آتے تھے۔ ایک دفعہ ایک کتاب بھی مستعار طور پر لے گئے تھے جس کو ابتک واپس نہیں کیا۔ غرض شیخ محمد حسین کو خوب معلوم ہے کہ میں اس چھوٹی عمر میں ہی کس طرز کا آدمی تھا۔ پھر جب میری عمر چالیس برس تک پہنچی تو خدا تعالیٰ نے اپنے الہام اور کلام سے مجھے مشرف کیا اور یہ عجیب اتفاق ہوا کہ میری عمر کے چالیس برس پورے ہونے پر صدی کا سر بھی آپہنچا۔ تب خدا تعالیٰ نے الہام کے ذریعہ سے میرے پر ظاہر کیا۔ کہ تو اس صدی کا مجدد اور صلیبی فتنوں کا چارہ گر ہے۔ اور یہ اس طرف اشارہ تھا کہ تو ہی مسیح موعود ہے۔ پھر اسی زمانہ میں خدا نے میرا نام عیسٰی بھی رکھا۔ چنانچہ

براہین احمدیہ کے صفحہ ۲۴۱ میں میرے مسیح موعود ہونے کی طرف صریح اشارہ ہے کیونکہ
الہام ولن ترضٰی عنک الیھود ولا النصارٰی میں جو اس صفحہ میں درج ہے
جس کے اخیر میں فاصبر کما صبر اولوالعزم ہے۔ ایک سخت مقابلہ کی خبر
دی گئی ہے جو پادریوں کے ساتھ ہوگا۔ اور پھر اسکے بعد کے الہام میں جسکی عبارت یہ ہے
واما نرینک بعض الّذی نعدھم یہ بشارت دی گئی ہے کہ پادریوں پر تمہیں
فتح ملے گی۔ اور اُنکے مکروں پر خدا کا مکر غالب آئیگا۔ یہ فتح عظیم حدیث نبوی کے
رُو سے مسیح موعود سے تعلق رکھتی ہے اِسلئے یہ الہام جو براہین احمدیہ میں ہے ۶۹
جسپر اب بیس برس گذر گئے۔ مجھے مسیح موعود ٹھہراتا ہے۔ اور براہین احمدیہ کے
صفحہ ۵۵۶ میں میرا نام عیسٰے رکھا گیا ہے۔ اور جو آیت حضرت عیسٰی کے حق میں
تھی وہ بذریعہ الہام میرے پر وارد کی گئی ہے اور وہ آیت یہ ہے۔ یٰعیسٰی انّی
متوفّیک ورافعک الیّ ومطھّرک من الّذین کفروا وجاعل الّذین
اتّبعوک فوق الّذین کفروا الٰی یوم القیامۃ۔ اور پھر اس الہام کے بعد
یہ الہام ہے جو اِس کتاب کے صفحہ ۵۵۷ میں درج ہے اور وہ یہ ہے۔ مَیں اپنی
چمکار دِکھلاؤں گا۔ اپنی قدرت نمائی سے تجھکو اُٹھاؤں گا۔ دُنیا میں ایک نذیر آیا
پر دُنیا نے اُسکو قبول نہ کیا لیکن خدا اُسے قبول کرے گا۔ اور بڑے زور آور
حملوں سے اُسکی سچائی ظاہر کر دے گا۔ یہ الہام آج سے بیس برس پہلے دُنیا میں
شائع ہو چکا ہے۔ اور یاد رہے کہ یہ تمام علامتیں مسیح موعود کی ہیں جو آثار میں لکھی
گئی ہیں اور یہ ایک عظیم الشان پیشگوئی ہے کہ اُسوقت مجھے مسیح موعود ٹھہرایا گیا کہ جبکہ
مجھے بھی خبر نہیں تھی کہ مَیں مسیح موعود ہوں۔ چونکہ خدا تعالیٰ جانتا تھا۔ کہ مسیح موعود
ہونے کے دعوے میں میری مخالفت ہوگی اور اس زمانہ کے مولوی اپنی کوتہ بینی
کی وجہ سے سخت حملوں اور وحشیانہ جوشوں کے ساتھ تکذیب کرینگے۔ اِسلئے

اُس نے یہ پیشگوئی جو براہین احمدیہ میں درج ہے پیش از وقت سُنائی اور مجھے خوشخبری دی کہ اِس تکذیب کے مقابل پر مَیں بھی زور آور حملے کرونگا اور تمام لوگوں کو دکھلاؤنگا کہ یہ شخص میری طرف سے ہے اور سچا ہے۔

اور جیسا کہ خداتعالیٰ نے ظالم مخالفین کو ملزم کرنے کے لئے مجھے یہ حجّت عطا کی کہ اپنے الہام کے ذریعہ سے مجھے یہ سمجھایا کہ اُن سے پُوچھ میری چالیس برس کی زندگی میں جو اِس سے پہلے تم میں ہی مَیں نے بسر کی۔ کونسا نقص یا عیب میرا تم نے پایا؟ اور کونسا افترا اور جُھوٹ میرا ثابت ہُوا۔ ایسا ہی خداتعالیٰ نے بذریعہ اپنے الہام کے مجھے یہ حجّت بھی سکھلائی کہ انکو کہدے کہ رسول اور نبی اور سب جو خدا کی طرف سے آتے اور دین حق کی دعوت کرتے ہیں۔ وہ قوم کے شریف اور اعلیٰ خاندان میں سے ہوتے ہیں۔ اور دُنیا کی رُو سے بھی اُنکا خاندان امارت اور ریاست کا خاندان ہوتا ہے۔ تا کوئی شخص کسی طور کی کراہت کرکے دولت قبول سے محروم نہ رہے۔ سو میرا خاندان ایسا ہی ہے جیسا کہ براہین احمدیہ کے الہام مندرجہ صفحہ ۴۹۰ میں اسی کی طرف اشارہ ہے اور وہ یہ ہے۔ سُبحان اللّٰہ تبارك وتعالیٰ زاد مجدك ینقطع آباءك ویبدء منك۔ یعنے سب پاکیاں خدا کے لئے ہیں جس نے تیرے خاندان کی بزرگی سے بڑھ کر تجھے بزرگی بخشی۔ اب سے تیرے مشہور باپ دادوں کا ذکر منقطع ہو جائے گا۔ اور خدا ابتدا خاندان کا تجھ سے کرے گا۔ جیسا کہ ابراہیم سے کیا؎۔ پھر علو خاندان کی نسبت دُوسرا الہام یہ ہے۔ الحمد للّٰہ الذی جعل لکم الصھر والنسب۔ ترجمہ اس

؎ الہامات میں کئی جگہ یہ اشارہ ہے کہ تجھے خدا ابراہیم کی طرح برکت دے گا اور تیری نسل بہت بڑھائیگا اور تو بعض کو ان میں سے دیکھے گا۔ بلکہ اکثر الہامات میں ان مشابہتوں کی وجہ سے میرا نام ابراہیم رکھا گیا ہے۔ دیکھو صفحہ ۵۶۱ و ۵۱۲ براہین احمدیہ۔ منہ

خدا کو تمام تعریفیں ہیں جس نے تیری دامادی کا رشتہ عالی نسب میں کیا۔ اور خود تجھے
عالی نسب اور شریف خاندان بنایا۔ یہ تو ہم ابھی بیان کر چکے ہیں کہ جن سادات کے
خاندان میں دہلی میں میری شادی ہوئی تھی۔ وہ تمام دہلی کے سادات میں سے
سندی سید ہونے میں اوّل درجہ پر ہیں۔ اور علاوہ اپنی آبائی بزرگی کے وہ خواجہ
میر درد کے نبیرہ ہیں اور اب تک دہلی میں خواجہ میر درد کے وارث متصوّر ہو کر
خواجہ ممدوح کی گدی انہی کو ملی ہوئی ہے کیونکہ خواجہ موصوف کا کوئی لڑکا
نہ تھا۔ یہی وارث ہیں جو انکی لڑکی کی اولاد ہیں۔ اور ان کی سیادت ہندوستان
میں ایک روشن ستارہ کی طرح چمکتی ہے۔ بلکہ سوچنے سے معلوم ہوگا کہ ان کا
خاندان خواجہ میر درد کے آبائی خاندان سے بڑھ کر ہے۔ کیونکہ خواجہ میر درد
نے ان کی عظمت کو قبول کر کے ان کے بزرگ کو لڑکی دی۔ اور اس زمانہ میں
یہ خیال اب سے بھی زیادہ تھا کہ لڑکی دینے کے وقت عالی خاندان کو ڈھونڈتے
تھے۔ اور خواجہ میر درد باخدا اور بزرگ ہونے کی وجہ سے سلطنت چغتائیہ سے
ایک بڑی جاگیر پاتے تھے اور دُنیوی حیثیت کے رُو سے ایک نواب کا منصب
رکھتے تھے۔ اور پھر انکی وفات کے بعد وہ جاگیر کے دیہات انہی میں تقسیم ہوئے۔
اور اس عظمت خاندانی کے علاوہ میرے الہامات میں جس قدر اس بات کی
تصریح کی گئی ہے کہ یہ خالص سیّد اور بنی فاطمہ ہیں۔ یہ ایک خاص فخر کا مقام
ان لوگوں کے لئے ہے۔ اور مَیں خیال نہیں کر سکتا کہ تمام پنجاب اور ہندوستان منہ
بلکہ تمام اسلامی دُنیا میں کوئی اور خاندان سادات کا ایسا ہو کہ نہ صرف
ان کی سیادت کو اسلامی سلطنت نے مان کر انکی تعظیم کی ہو۔ بلکہ خدا نے
اپنی خاص کلام اور گواہی سے اس کی تصدیق کر دی ہو۔ یہ تو انکے خاندان کا
حال ہے۔ اور مَیں اپنے خاندان کی نسبت کئی دفعہ لکھ چکا ہوں کہ وہ ایک

شاہی خاندان ہے اور بنی فارس اور بنی فاطمہؓ کے خون سے ایک معجون مرکب ہے۔ یا شہرت عام کے لحاظ سے یُوں کہو کہ وہ خاندان مغلیہ اور خاندان سادات سے ایک ترکیب یافتہ خاندان ہے۔ مگر میں اِسپر ایمان لاتا اور اِسی پر یقین رکھتا ہوں کہ ہمارے خاندان کی ترکیب بنی فارس اور بنی فاطمہؓ سے ہے۔ کیونکہ اِسی پر الہام الٰہی کے تواتر نے مجھے یقین دلایا ہے اور گواہی دی ہے۔	
ایک دفعہ جس کو قریباً اکیس برس کا عرصہ ہوُا ہے مجھ کو یہ الہام ہوُا اشکر نعمتی رئیت خدیجتی انک الیوم لذو حظٍ عظیم۔ ترجمہ۔ میری نعمت کا شکر کر۔ تُونے میری خدیجہ کو پایا آج تو ایک حظِ عظیم کا مالک ہے۔ براہین احمدیہ صفحہ ۵۵۸۔ اور اُس زمانہ کے قریب ہی یہ بھی الہام ہوُا تھا بکر و ثیّبٌ یعنے ایک کنواری اور ایک بیوہ تمہارے نکاح میں آئے گی۔ یہ مؤخر الذکر الہام مولوی محمد حسین بٹالوی ایڈیٹر اشاعۃ السنۃ کو بھی سُنا دیا گیا تھا۔ لیکن الہام مذکورہ بالا جس میں خدیجہ کے پانے کا وعدہ ہے۔ براہین احمدیہ کے صفحہ ۵۵۸ میں درج ہوکر نہ صرف محمد حسین بلکہ لاکھوں انسانوں میں اشاعت پا چکا تھا۔ ہاں شیخ محمد حسین مذکور ایڈیٹر اشاعۃ السنۃ کو سب سے زیادہ اس پر اطلاع ہے۔ کیونکہ اُس نے براہین احمدیہ کے چاروں حصّوں کا ریویو لکھا تھا اور اسکو خوب معلوم تھا کہ ان صفحات کی ایک باکرہ بیوی کا وعدہ دیا گیا ہے۔ جو خدیجہ کی اولاد میں سے یعنے سیّد ہوگی۔ جیساکہ الہام موصوفہ بالا میں آیا ہے۔ کہ تُو میرا شکر کر اِس لئے کہ تُونے خدیجہ کو پایا یعنے تُو خدیجہ کی اولاد کو پائے گا۔ اِسی کی تائید میں وہ الہام ہے جو براہین احمدیہ کے صفحہ ۴۹۲ حاشیہ دوم اور صفحہ ۴۹۶ میں درج ہے اور وہ یہ ہے۔ اردتُ ان استخلف فخلقت آدم۔	۵۰

یا اٰدم اسکن انت و زوجک الجنّۃ۔ یا مریم اسکن انت وزوجک الجنّۃ۔ یا احمد اسکن انت وزوجک الجنّۃ۔ دیکھو براہین احمدیہ صفحہ ۴۹۶، ۴۹۲۔ اِس کے یہ معنے ہیں کہ اے آدم جس نئے سرے اسلام کے نُوروں کی بنیاد پڑیگی۔ یعنے ایک عظیم الشان تجدید ہوگی اور برکات ظاہر ہوں گے اور فیج اعوج کے زمانہ کی غلطیاں اور غلط تفسیریں کاٹ کر پھینکدی جائیں گی اور ایک نئی جماعت اسلام کی حمایت کے لئے اس سے قائم ہوگی۔ تو مع اپنی زوجہ کے بہشت میں داخل ہو۔ اِسی لحاظ سے الہام میں میرا نام آدم رکھا گیا۔ کیونکہ خدا تعالیٰ جانتا تھا کہ نئے معارف اور نئے حقائق اور نئی زمین اور نیا آسمان اور نئے نشان ہونگے۔ اور نیز یہ کہ مجھ سے ایک نیا خاندان شروع ہوگا۔ سو اُس نے ایک نئے خاندان کے لئے مجھے اِس الہام میں ایک نئی بیوی کا وعدہ دیا۔ اور اِس الہام میں اشارہ کیا کہ وہ تیرے لئے مُبارک ہوگی اور تُو اُسکے لئے مُبارک ہوگا اور مریم کی طرح اُس سے تجھے پاک اولاد دیجائے گی٭۔ سو جیساکہ وعدہ دیا گیا تھا ایسا ہی ظہور میں آیا۔ اور خدا تعالیٰ نے چار لڑکوں کا بذریعہ الہام فروری ۱۸۸۶ء میں وعدہ دیا اور پھر ہر ایک پسر کے پَیدا ہونے سے پہلے اسکے پَیدا ہونے کے بارے میں وعدہ دیا۔ اور جیساکہ مَیں پہلے اِس سے لکھ چکا ہُوں۔ یہ خُدا تعالیٰ کا عظیم الشان نشان ہے کہ اُس نے اِن ہرچہار لڑکوں کے پَیدا ہونے کا اُسوقت وعدہ دیا۔ جبکہ اُن میں سے

٭ براہین احمدیہ کے صفحہ ۴۹۶ میں یہ الہام درج ہے یعنے یَا اٰدم اسکن انت وزوجک الجنّۃ اور ایسا ہی الہام اشکر نعمتی رئیت خدیجتی براہین احمدیہ کے صفحہ ۵۵۸ میں مندرج ہے چونکہ یہ دونوں پیشگوئیاں حالات موجودہ کے لحاظ سے بالکل دُور از قیاس تھیں۔ اور انکے ساتھ کوئی تفہیم نہ تھی۔ اِس لئے مَیں انکی تشریح اور تفصیل واقعی طور پر نہ کرسکا۔ ناچار براہین احمدیہ میں ایک حیرت زدہ عالم میں مختصر طور پر معنے بیان کردئے گئے۔ منہ

ایک بھی موجود نہ تھا۔ ✤

۵۱ میاں عبداللہ سنوری جو غوث گڑھ علاقہ پٹیالہ میں پٹواری ہے ایک مرتبہ اس کو ایک کام پیش آیا جس کے ہونے کے لئے اس نے ہر طرح کی تدبیریں بھی کیں اور بعض وجوہ کے پیدا ہونے سے اس کو اس کام کے ہو جانے کی امید بھی ہو گئی اور پھر میری طرف بھی التجا کی کہ تا اس کے حق میں دعا کی جائے۔ ملے

✤ بعض نادان دل کے اندھے یہ اعتراض پیش کرتے ہیں کہ یکم فروری ۱۸۸۶ء کی پیشگوئی میں جو ایک پسر موعود کا وعدہ تھا وہ وعدہ جیسا کہ ظاہر کیا گیا تھا پورا نہیں ہوا۔ کیونکہ پہلے لڑکی پیدا ہوئی اور اس کے بعد جو لڑکا پیدا ہوا جس کا نام بشیر احمد رکھا گیا تھا۔ وہ سولہ مہینے کا ہو کر فوت ہو گیا۔ حالانکہ ۷ اگست ۱۸۸۷ء کے اشتہار میں اسی کو بابرکت موعود ٹھہرایا گیا تھا۔ ملے اس کا جواب یہ ہے کہ یہ اعتراض اسی قسم کی خباثت ہے جو یہودیوں کے خمیر میں تھی۔ اور ضرور تھا کہ ایسا ہوتا۔ کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک لبوں سے یہ نکلا تھا کہ مسیح موعود کے زمانہ میں ایسے بھی لوگ مسلمانوں میں سے ہونگے کہ جو یہودیوں کی صفت اختیار کر لیں گے اور انکا کام افترا اور جعلسازی ہوگی بھلا آؤ اگر سچے ہو تو پہلے اسکا فیصلہ کر لو کہ ہم نے کب اور کس وقت اور کس اشتہار میں یہ شائع کیا تھا کہ اس بیوی کے پیٹ سے پہلے لڑکا ہی ہوگا اور وہ لڑکا وہی بابرکت موعود ہوگا جس کا یکم فروری ۱۸۸۶ء کے اشتہار میں وعدہ دیا گیا تھا۔ اشتہار مذکور میں تو یہ لفظ بھی نہیں ہیں کہ وہ بابرکت موعود ضرور پہلا ہی لڑکا ہوگا۔ بلکہ اس کی صفت میں اشتہار مذکور میں یہ لکھا ہے کہ وہ تین کو چار کرنے والا ہوگا۔ جس سے یہی سمجھا جاتا ہے کہ وہ چوتھا لڑکا ہوگا یا چوتھا بچہ ہوگا۔ مگر پہلے بشیر کے وقت کوئی تین موجود نہ تھے جن کو وہ چار کرتا۔ ہاں ہم نے اپنے اجتہاد سے ظنی طور پر یہ خیال ضرور کیا تھا کہ شاید یہی لڑکا مبارک موعود ہو۔ لیکن اگر اس نادان معترض کے اعتراض کی بنیاد صرف ہمارا ہی خیال ہے جو الہام کے سرچشمہ سے نہیں بلکہ صرف

سو جب مَیں نے اسکے بارے میں توجہ کی تو بلا توقف یہ الہام ہُوا۔ اے بسا آرزو کہ خاک شدہ۔ تب مَیں نے اس کو کہدیا کہ یہ کام ہرگز نہیں ہوگا۔ اور آخر کار ایسا ہی ظہور میں آیا۔ اور کچھ ایسے موانع آپڑے کہ وہ کام ہوتا ہوتا رہ گیا۔ اِس پیشگوئی کا گواہ خود میاں عبداللہ سنوری اور شیخ حامد علی ساکن تتھ غلام نبی ہے جس کا کئی مرتبہ اِس رسالہ میں ذکر آیا ہے۔ یہ دونوں صاحب حلفًا یہ گواہی دے سکتے ہیں مگر حلف حسب نمونہ نمبر ۲ کے ہوگی۔

ہمارے ہی غور و فکر کا نتیجہ ہے تو سخت جائے افسوس ہے۔ کیونکہ وہ اس خیال کی شامت سے اسلام کی اُونچی چوٹی سے ایسا نیچے کو گرے گا کہ صرف کفر اور ارتداد تک ہی نہیں تھمے گا۔ بلکہ نیچے کو لُڑھکتا لُڑھکتا دہریت کے نہایت عمیق گڑھے میں اپنے بدبخت وجود کو ڈالدے گا۔ وجہ یہ کہ اجتہادی غلطیاں کیا پیشگوئیوں کے سمجھنے اور اُن کا مصداق ٹھہرانے میں اور کیا دُوسری تدبیروں اور کاموں میں ہر ایک نبی اور رسول سے ہوئی تھیں۔ اور ایک بھی نبی ان سے باہر نہیں گو ان پر قائم نہیں رکھا گیا۔ اب جبکہ اجتہادی غلطی ہر ایک نبی اور رسول سے بھی ہوئی ہے تو ہم بطریق تنزّل کہتے ہیں کہ اگر ہم سے کوئی اجتہادی غلطی ہوئی بھی تو وُہ سُنّت انبیاء ہے اور اس بنا پر حملہ کرنا سراسر حماقت اور نادانی ہے۔ ہاں اگر ہمارا کوئی ایسا الہام پیش کرسکتے ہو جس کا یہ مضمون ہو کہ خدا تعالیٰ کہتا ہے کہ ضرور پہلے ہی حمل سے وہ بابرکت اور آسمانی موعود پَیدا ہو جائے گا۔ اور یا یہ کہ دُوسرے حمل میں پَیدا ہوگا اور بچپن میں نہیں مریگا۔ تو تمہیں خدا تعالیٰ کی قسم ہے کہ وہ الہام پیش کرو۔ تا سیہ رُوئے شود ہرکہ دروغش باشد۔ اور ۷ر اگست ۱۸۸۷ء کا اشتہار دیانتدار کے لئے کافی نہیں ہوگا۔ کیونکہ اُس میں بابرکت اور آسمانی موعود کی خدا تعالےٰ کی طرف سے کوئی پیشگوئی نہیں ہے اور مجرد موعود کی پیشگوئیاں اس جگہ بطور دلیل کے کام نہیں آسکتیں۔ کیونکہ ہر ایک لڑکا جو میرے گھر میں اِس بیوی سے پَیدا ہُوا

٥٢ جس زمانہ میں سیّد محمد حسن خانصاحب وزیر اعظم ریاست پٹیالہ تھے
انکی وفات سے چند سال پہلے مجھے لدھیانہ سے پٹیالہ جانے کا اتفاق ہوا۔ اور
اُسوقت میرے ساتھ شیخ حامد علی اور شیخ عبدالرحیم ساکن انبالہ چھاؤنی اور
فتح خاں نام ایک پٹھان تھا جو ضلع ہوشیارپور کا باشندہ تھا۔ یہ دونوں شخص
مؤخرالذکر مولویوں کے فتویٰ تکفیر کے زمانہ میں کثرت مخالفین کو دیکھکر مخالف
ہوگئے اور ابتک مخالف ہیں۔ اور ایسا اتفاق ہوا کہ جب مَیں نے پٹیالہ کی
طرف جانے کا قصد کیا تو خدا تعالیٰ نے رات کو میرے پر یہ ظاہر کیا کہ اس سفر
میں کچھ نقصان ہوگا اور کچھ ہم وغم پیش آئے گا۔ اور مَیں نے اس پیشگوئی سے
جو خدا تعالیٰ سے مجھ کو ملی ۔ مذکورہ بالا ہمراہیوں کو اطلاع دیدی اور ہم روانہ
ہوئے۔ جب پٹیالہ میں پہنچکر اور اپنے ضروری کام سے فراغت پاکر پھر
واپس آنے کا ارادہ کیا تو عصر کی نماز کا وقت تھا۔ مَیں نے نماز پڑھنے کے قصد
سے چوغہ اُتارا تا وضو کروں۔ اور اس چوغہ کو سیّد محمد حسن خاں وزیر ریاست

موعود ہے۔ ثبوت تو یہ دینا چاہیئے کہ وہ لڑکا جو تین کو چار کرنے والا ہو اور مظہر جلال الٰہی ہو۔
جو دُنیا کو راہ راست پر لانیوالا ہوگا۔ اسی کے آنے کی خبر بحیثیت الہام الٰہی کے اشتہار ۸ اگست ۱۸۸۷ء
میں دی گئی ہے۔ پس اگر یہ سچ ہے کہ اس اشتہار میں اس مبارک مولود کی خبر بحیثیت الہام
دی گئی ہے تو ایک مجلس میں مجھے بلاؤ۔ اور اس الہام کو پیش کرو۔ آپ ذرا سوچ لیں کہ کیا
خیانتوں سے یہودیوں نے کوئی بہتری دیکھی تا آپ کو بھی کسی بہتری کی اُمید ہو۔ اوّل باشرم
انسان بننا چاہیئے اور با انصاف مرد بننا چاہیئے اور پھر سیدھے دل سے میرے الہام کے
الفاظ میں غور کرنا چاہیئے۔ اگر مَیں نے کسی اشتہار میں کوئی کلمہ اجتہادی طور پر لکھا ہو۔ اور
اپنا خیال ظاہر کیا ہو تو وہ حجت نہیں ہوسکتا۔ اگر اس پر ضد کروگے تو تمہیں تمام نبیوں
سے انکار کرنا پڑے گا۔ اور بجز مُرتد اور دہریہ ہوجانے کے کہیں تمہارا ٹھکانا نہ ہوگا۔
کیونکہ اس بات سے کوئی نبی بھی باہر نہیں کہ کبھی اجتہادی طور پر اس سے غلطی نہ ہوئی ہو۔ اگر

پٹیالہ کے ایک خدمتگار کے حوالہ کیا کیونکہ وزیر صاحب مع اپنے بعض نوکروں کے میرے چھوڑنے کے لئے ریل پر آئے تھے اور اُنکے خدمتگار نے میرا چوغہ اپنے پاس رکھا اور مجھے وضو کرایا۔ جب ٹکٹ لینے کا وقت ہؤا تو مَیں نے اپنے چوغہ کی جیب میں ہاتھ ڈالا۔ تا ٹکٹ کے لئے روپیہ دُوں۔ کیونکہ مَیں نے تیس۳۰ روپیہ کے قریب رومال میں باندھ کر جیب میں رکھے ہُوئے تھے۔ تب جیب میں ہاتھ ڈالنے کے وقت معلوم ہؤا کہ وہ رومال مع روپیہ کے کہیں گر گیا۔ غالباً اُسی وقت گرا جبکہ چوغہ اُتارا تھا۔ اُسوقت مجھے وُہ الہام الٰہی یاد آیا کہ اس سفر میں کچھ نقصان ہوگا۔ مگر یہ دُوسرا فقرہ الہام کا کہ کچھ غم اور ہم پہنچے گا۔ اس کی نسبت اُسوقت مجھے دو خیال آئے۔ ایک یہ کہ اسقدر روپیہ ضائع ہونے سے بلاشبہ بمقتضائے بشریت غم ہؤا۔ اور دُوسرے مجھے یہ خیال بھی دل میں گذرا کہ جب وزیر صاحب موصوف یہاں مجھے لینے کے لئے آئے اور اُنہوں نے اپنی گاڑی میں مجھے بٹھایا تو کئی ہزار آدمی میرے دیکھنے کے لئے اسٹیشن پر موجود تھا۔ جو قریب ہو ہو کر مصافحہ کرتے اور بعض ہاتھ چُومتے تھے۔ تب وزیر صاحب نے جو شیعہ مذہب تھے رنجدہ الفاظ میں بیان کیا کہ یہ لوگ وحشی احمق کیا کرتے ہیں۔ گویا اُنکی نظر میں ان لوگوں کا انکسار سے ملنا اور اِس کثرت سے استقبال کے لئے آنا ایک بیہودہ امر تھا۔ تب مجھے

یہ بات تمہارے نزدیک تحقیر اور تکذیب اور مضحکہ کی جگہ ہے تو اپنے علماء سے ہی پُوچھ لو کہ تم پر کیا فتویٰ ہوسکتا ہے۔ مَیں آپ لوگوں کی ان بیہودہ نکتہ چینیوں سے ناراض نہیں ہوں کیونکہ آپ اس ژاژخائی سے خدا تعالیٰ کی ایک پیشگوئی کو پُورا کرتے ہیں اور وُہ یہ ہے :-
"دُنیا میں ایک نذیر آیا پر دُنیا نے اُسکو قبول نہ کیا۔ لیکن خُدا اُسے قبول کریگا اور بڑے زور آور حملوں سے اس کی سچائی ظاہر کردے گا۔" منہ

اُن کا یہ کلمہ باعث رنج ہوُا۔ اور مجھے افسوس ہوُا کہ ان کے دماغ اور دِل میں ان لوگوں کی جو خدا سے مامور ہو کر آتے ہیں کچھ عظمت نہیں اور صرف ظاہر داری کے طور پر ایک گروہ کثیر کے ساتھ چلے آتے ہیں۔ سو مَیں نے روپیہ کے نقصان کے وقت یہ بھی خیال کیا کہ یہ رنج جو وزیر صاحب کے ایک کلمہ سے مجھے پہنچا تھا۔ اسی حد تک اس پیشگوئی کا منشاء ختم ہوگیا جس کے یہ لفظ تھے کہ کچھ ہم و غم بھی پیش آئے گا۔ مگر یہ میرا خیال غلط تھا کیونکہ اس سفر میں غم و ہم کا ایک اور حصّہ باقی تھا جو واپس ہونے کے وقت دوراہہ کے اسٹیشن پر پُورا ہوُا۔ تفصیل اس کی یہ ہے کہ جب ہم دوراہہ کے اسٹیشن پر پہنچے تو لدھیانہ جہاں ہم نے جانا تھا اس جگہ سے دس کوس باقی رہ گیا۔ رات قریباً دس بجے گذر گئی تھی۔ تب میرے ہمراہی شیخ عبد الرحیم نے ایک انگریز سے پُوچھا کہ کیا لُدھیانہ آگیا۔ اُس نے ہنسی سے یا کسی اور غرض سے کہا کہ آگیا۔ اور ہم اس بات کے سُننے سے سب کے سب ریل پر سے اُتر آئے۔ اور جب ہم اُتر چکے اور ریل روانہ ہوگئی۔ تب ہمیں پتہ لگا کہ یہ دوراہہ ہے لُدھیانہ نہیں ہے۔ اور وہ ایسی جگہ تھی کہ بیٹھنے کے لئے بھی چارپائی نہیں ملتی تھی اور نہ کھانے کے لئے روٹی۔ تب ہمیں بہت رنج اور افسوس اور ہم و غم ہوُا کہ ہم غلطی سے بے ٹھکانہ اُتر آئے۔ اور ساتھ ہی یاد آیا کہ ضرور تھا کہ ایسا ہوتا۔ تب سب کے دِل سرور اور خوشی سے بھر گئے کہ خدا تعالیٰ کا الہام پُورا ہوُا۔ اس واقعہ اور نشان کے گواہ شیخ حامد علی اور شیخ عبد الرحیم اور فتح خان ہیں اگرچہ یہ دونوں ان دِنوں میں اپنی بدقسمتی سے سخت دشمن ہیں۔ مگر چونکہ یہ بیان بالکل سچا ہے۔ اِس لئے اگر ان دونوں کو حلف دیجائے تو ممکن نہیں کہ جھُوٹ بولیں۔ مگر شرط یہ ہے کہ حلف نمونہ نمبر ۲ کے موافق ہوگی۔ اَب دیکھو کہ نشان اسے کہتے ہیں جس میں

	ایسے سخت مخالف گواہ ٹھہرائے گئے۔اب کس منصف اور پاک دل اور باحیا انسان کا دل اور کانشنس فتویٰ دیگا کہ یہ نشان صحیح نہیں ہے اور اگر اب بھی شک ہو تو ایسے شخص کو حضرت احدیت جل اسمہٗ کی قسم ہے کہ ان کو بطرز مذکورہ بالا قسمیں دیکر دریافت کرے اور خدا تعالیٰ سے ڈرے اور سوچے کہ کیا اسقدر عظیم الشان نشانوں کا ایک ذخیرہ کذاب کی تائید میں خدا تعالیٰ دکھا سکتا ہے؟
۵۳	ایک دفعہ موضع کنجراں ضلع گورداسپورہ میں مجھے جانے کا اتفاق ہوا۔ اور میرے ساتھ شیخ حامد علی تھا۔جب صبح کو ہم نے جانے کا قصد کیا تو مجھے الہام ہوا کہ اس سفر میں تمہارا اور تمہارے رفیق کا کچھ نقصان ہوگا۔چنانچہ راہ میں شیخ حامد علی کی ایک نئی چادر گم ہوگئی اور میرا ایک رومال گم ہوگیا اور مَیں خیال کرتا ہوں کہ اُسوقت حامد علی کے پاس وُہی ایک چادر تھی جس سے اُس کو بہت رنج پہنچا۔اِس نشان کا گواہ شیخ حامد علی ہے جس کو شک ہو وہ اُس سے حلفاً دریافت کرے۔مگر حلف حسب نمونہ نمبر۲ ہوگی۔اور شیخ حامد علی موضع تھہ غلام نبی ضلع و تحصیل گورداسپورہ میں رہتا ہے۔
۵۴	ایک مرتبہ اتفاقاً مجھے ۵۰ روپیہ کی ضرورت پیش آئی اور جیسا کہ اہلِ فقر اور توکل پر کبھی کبھی ایسی ضرورت کی حالتیں آجاتی ہیں ایسا ہی یہ حالت مجھے پیش آگئی کہ اُسوقت کچھ موجود نہ تھا۔سو مَیں صبح کو سیر کو گیا اور اس ضرورت کے خیال نے مجھے یہ جوش دیا کہ میں اس جنگل میں دُعا کروں۔چنانچہ مَیں نے ایک پوشیدہ گوشہ میں جاکر اُس نہر کے کنارے پر دُعا کی جو بٹالہ کی طرف قادیان سے قریباً تین میل کے فاصلہ پر ہے۔جب مَیں دُعا کرچکا تب فی الفور

۳۶

	دُعا کے ساتھ ہی ایک الہام ہوا جس کا ترجمہ یہ ہے کہ دیکھ مَیں تیری دُعاؤں کو کیسے جلد قبول کرتا ہوں۔ تب مَیں خوش ہوا اور اس جنگل سے قادیان کی طرف واپس آیا اور سیدھا بازار کی طرف رُخ کیا۔ تا قادیان کے سب پوسٹ ماسٹر سے دریافت کروں کہ آج ہمارے نام کچھ روپیہ آیا ہے یا نہیں چنانچہ ڈاکخانہ سے بذریعہ ایک خط کے اطلاع ہوئی کہ پچاس روپیہ لُدھیانہ سے کسی نے روانہ کئے ہیں اور غالباً گمان گذرتا ہے کہ اُسی دن یا دُوسرے دن وہ روپیہ مجھے مل گیا۔ اِس نشان کا گواہ شیخ حامد علی ہے جو دریافت کے وقت حلفاً بیان کرسکتا ہے۔ مگر حلف حسب نمونہ نمبر ۱ کے ہوگی۔
۵۵	ایک دفعہ کشفی طور پر للعہ یا للعہ روپیہ مجھے دکھلائے گئے۔ پھر اُردو میں الہام ہوا کہ ماجھے خان کا بیٹا اور شمس الدین پٹواری ضلع لاہور بھیجنے والے ہیں۔ اور جب یہ الہام اور کشف ہوا تو مَیں نے حامد علی اور ایک اور شخص کو ڈا نام کو جو امرتسر کے علاقہ کا رہنے والا تھا۔ اِطلاع دی اور چند اور آدمیوں کو بھی اِس سے مطلع کیا جن کا اسوقت مجھے نام یاد نہیں رہا۔ تب جب ڈاک کا وقت ہوا تو ایک کارڈ آیا جس میں یہ روپیہ لکھا ہوا تھا اور یہ تفصیل درج تھی کہ للعہ روپے ماجھے خان کے بیٹے کی طرف سے ہیں اور باقی چار یا چھ روپے شمس الدین پٹواری کی طرف سے بطور امداد ہیں۔ اور ساتھ ہی اسکے روپیہ بھی آگیا۔ تب ان لوگوں کی نہایت قوّت ایمانی کا باعث ہوا جنہوں نے اوّل یہ الہام سُنا تھا۔ اور پھر اُسی دن اور اُسی تعداد اور اُسی تشریح سے روپیہ آتا دیکھا۔ اور یہ تمام گواہ حلفاً بیان کرسکتے ہیں کہ یہ واقعہ بالکل سچ ہے۔
۵۶	ایک دفعہ میری بیوی کے حقیقی بھائی سیّد محمد اسمٰعیل* کا پٹیالہ سے خط آیا کہ

* میر محمد اسمٰعیل کی عمر اُسوقت قریباً دس برس کی تھی۔ منہ

میری والدہ فوت ہوگئی ہے اور اسحٰق میرے چھوٹے بھائی کو جو ابھی بچہ ہے۔ کوئی سنبھالنے والا نہیں اور پھر خط کے اخیر میں یہ بھی لکھا ہوا تھا کہ اسحاق بھی فوت ہوگیا۔ اور میری بیوی کو بلایا کہ دیکھتے ہی چلی آدیں۔ اس خط کے پڑھنے سے بڑی تشویش ہوئی۔ کیونکہ جسوقت یہ خط آیا اُسوقت میری بیوی ایک سخت تپ سے بیمار تھی۔ ایسی حالت میں نہ مَیں خط کا مضمون انکو سُنا سکتا تھا کیونکہ اس سخت مصیبت کے خط کو سُنکر اس بیماری کی حالت میں انکی جان کا اندیشہ تھا۔ اور نہ پوشیدہ رکھ سکتا تھا۔ کیونکہ ایسی سخت مصیبت اور ماتم کو پوشیدہ رکھنا بھی فطرتًا انسان سے نہیں ہوسکتا۔ اس تشویش میں ایک ذرہ غنودگی ہوکر مجھ کو الہام ہُوا۔ إِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيمٌ۔ یعنے اے عورتو۔ تمہارے فریب بہت بڑے ہیں۔ جب یہ الہام مجھے ہُوا تو ساتھ ہی یہ تفہیم ہوئی۔ کہ یہ ایک خلاف واقعہ بہانہ بنایا گیا ہے۔ تب مَیں نے بلا توقف اِس الہام کو اخویم مولوی عبدالکریم صاحب کے پاس جو قادیاں میں موجود تھے بیان کیا اور ان کو کہدیا کہ مجھے خدا تعالیٰ نے اطلاع دیدی ہے کہ یہ تمام بات خلاف واقعہ ہے۔ اور پھر الہام سے پُوری تسلی پاکر والدہ محمود کو انکی سخت بیماری کی حالت میں اطلاع کرنا فضول اور نامناسب سمجھا۔ لیکن پوشیدہ طور پر تفتیش کے لئے شیخ حامد علی کو پٹیالہ میں بھیجدیا۔ وہاں سے بہت جلد اُس نے واپس آکر بیان کیا کہ اسحاق اور اُسکی والدہ دونوں زندہ موجود ہیں۔ اور اس خط لکھنے کا صرف یہ باعث ہُوا کہ چند روز اسحاق اور اسمٰعیل کی والدہ سخت بیمار رہیں اور انکی خواہش تھی کہ اِس حالتِ بیماری میں جلد تر اُنکی لڑکی اُنکے پاس آجائے۔ اِس لئے کچھ تو بیماری کی گھبراہٹ سے اور کچھ ملنے کے اشتیاق سے یہ خلاف واقعہ خط میں لکھا کر بھیجدیا۔ اب مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی اور شیخ حامد علی تھہ غلام نبی دونوں زندہ موجود ہیں۔ اور

کوئی کسی کے لئے اپنا ایمان ضائع نہیں کر سکتا۔ ان سے حلفاً پُوچھو کہ کیا جیسا کہ لِکھا گیا ایسا ہی پیشگوئی ظہور میں آئی تھی یا نہیں؟ اب برائے خدا یہ بھی ذرہ سوچو کہ کیا اِس کثرت اور صفائی سے غیب کا عِلم اور وُہ علم جو بموجب توریت اور قرآن کے سچے نبیوں اور ماموریں کی نشانی ہے وُہ کسی مُفتری اور کاذب کو مل سکتا ہے۔ مَیں سچ سچ کہتا ہوں کہ جس کثرت اور صفائی سے غیب کا علم حضرت جلّ شانہ نے اپنے ارادہ خاص سے مجھے عنایت فرمایا ہے اگر دنیا میں اِس کثرتِ تعداد اور انکشافِ تام کے لحاظ سے کوئی اَور بھی میرے ساتھ شریک ہے تو مَیں جھُوٹا ہوں لیکن اگر اِس کثرت اور انکشاف تام کے رُو سے کوئی اَور میرے ساتھ شریک ثابت نہیں ہو سکتا۔ تو پھر میرے دعوے سے اِنکار کرنا سخت ظلم ہے۔

۵۷ عرصہ قریباً بیس برس کا گذرا ہے کہ ایک دفعہ کشفی طور پر مجھے معلوم ہوا کہ ایک شخص مسلمانوں میں سے یہ فتنہ برپا کرے گا کہ میری تکفیر کا فتویٰ لِکھ کر مُلک میں پھیلائیگا۔ اور قریباً اِس مُلک کے تمام مولویوں کو اِس خطا سے آلودہ کرے گا اور یہ تمام بوجھ اسکی گردن پر ہوگا۔ چنانچہ وُہ الہام جو اِس بارے میں ہُوا۔ وہ براہین احمدیہ کے صفحہ ۵۱۰ اور ۵۱۱ میں اِس طرح پر مندرج ہے:۔

اِذ یمکر بك الّذي کفّر۔ اوقد لي یا ھامان لعلّي اطّلع علی اِلٰه مُوسٰی و انّي لاظنّهٗ من الکاذبین۔ تبّت یدا ابی لھبٍ وّتبّ۔ ما کان لهٗ ان یدخل فیھا الّا خائفا۔ وما اصابك فمن اللّٰه۔ الفتنة ھٰھنا فاصبر کما صبر اولوا العزم۔ الا انّھا فتنة من اللّٰه لیحبّ حبًّا جمًّا۔ حبًّا من اللّٰه العزیز الاکرم۔ عطاءً غیر مجذوذ۔

ترجمہ۔ اس شخص کے مکر کو یاد کر جو تیرے ایمان کا منکر ہُوا۔ اور تجھے

کافر ٹھہرایا اور تکفیر کا فتویٰ تجھ پر لکھا اور اس نے اس تکفیر کے منصوبہ کو دلوں میں جمانے کے لئے ایک ہامان کو اپنا پیشرو بنا کر اسکو کہا کہ اس تکفیر کے کاروبار کو تو اپنی مُہر سے پختہ کر دے تا اس شخص کی حقیقت کھُل جائے کیونکہ مَیں تو اسکو جھوٹا خیال کرتا ہوں۔ سو اس ہامان نے ایسا ہی کیا اور سب سے پہلے میرے کُفر پر مُہر لگائی۔ ابولہب کے دونوں ہاتھ ہلاک ہو گئے اور وُہ بھی ہلاک ہو گیا۔ اسکو مناسب نہ تھا کہ بجز خائف اور ترساں ہونے کے اس کام میں کچھ بھی دخل دیتا۔ اور جو رنج تجھ کو پہنچے وُہ خدا تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ اس فتویٰ تکفیر کے وقت ایک فتنہ برپا ہو گا۔ یعنے بہت سے لوگ درپے ایذا ہو جائیں گے۔ سو اسوقت صبر کر جیساکہ اولوالعزم نبیوں نے صبر کیا۔ اور یاد رکھ کہ یہ فتنہ خدا تعالےٰ کی طرف سے ہے تا وہ تجھ سے زیادہ سے زیادہ محبت کرے۔ یہ اسکی طرف سے ہے جو غالب اور بزرگ ہے۔ اور یہ ایسی عطا ہے کہ پھر واپس نہیں لیجا ئیگی۔ اب دیکھو کہ یہ پیشگوئی کیسے صفائی سے پُوری ہوئی۔ شیخ محمد حسین بٹالوی صاحب اشاعۃ السُنّۃ نے یہ فتنہ اُٹھایا اور مولوی نذیر حسین صاحب دہلوی نے فتویٰ کی عبارت کو اپنی طرف منسوب کرکے اور اپنی مُہر لگا کر اور ساتھیں مع ہماری تمام جماعت کے کافر اور دائرۂ اسلام سے خارج ٹھہرا کر محمد حسین بٹالوی کے منصوبہ کو تمام ملک میں بھڑکا دیا۔ اور قریباً اس فتنہ تکفیر سے دس سال پہلے یہ پیشگوئی براہین احمدیہ میں شائع ہو چکی تھی۔ اب ذرہ سوچکر کہ کیا یہ کسی انسان کا اختیار ہے کہ ایسا بڑا شور و غوغا جو تمام پنجاب اور ہندوستان میں برپا کیا گیا اسکے ظہور سے دس برس پہلے وہ خبر دیدی۔ ہر ایک طالب صادق کو چاہیئے کہ براہین احمدیہ کا صفحہ ۵۱۰ اور ۵۱۱ میں خوب نظر غور کرے اور پھر اسی پیشگوئی کے ساتھ اسی صفحہ میں پانچ چار سطر اُوپر یہ الہام ہے:۔

يظلّ ربّك عليك و يغيثك و يرحمك - و ان لم يعصمك النّاس فيعصمك الله من عنده - يعصمك الله من عنده و ان لم يعصمك النّاس - دیکھو صفحہ ۵۱۰ براہین احمدیہ - ترجمہ - خداتعالیٰ اپنی رحمت کا سایہ تجھ پر ڈالے گا - اور تیرا فریادرس ہوگا اور تجھ پر رحم کرے گا - اگر تمام دُنیا نہیں چاہے گی کہ تُو زندہ اور باعزّت باقی رہے تب بھی خُدا تجھے زندہ اور باعزّت باقی رکھے گا - خدا ضرور تیری زندگی اور عزّت میں برکت بخشے گا گو تمام جہان اسکے مخالف کوشش کرے - اب دیکھو کہ اِس الہام کے مطابق جس کے شائع ہونے پر بیس برس گذر چکے ہیں میرے ذلیل کرنے اور میرے ہلاک کرنے میں کیسی کیسی کوششیں کی گئیں - یہانتک کہ اِس گورنمنٹ محسنہ تک جھوٹی مخبریاں پہنچائی گئیں - خُون کے مقدمے میرے پر بنائے گئے - اور انہی مولویوں نے جنہوں نے شاید مَرنا نہیں - عدالتوں میں جاکر گواہیاں دیں کہ بیشک یہ خُونی ہے اِس کو پکڑ لو - اور اِس بات کے حاصل کرنے کے لئے کوئی منصوبہ نہ چھوڑا - کوئی جوڑ توڑ اُٹھا نہ رکھا - تا کسی طرح میں پکڑا جاؤں اور گرفتار کیا جاؤں اور زنجیر اور ہتھکڑی مجھ کو پڑے اور میری بےعزّتی کو ایک دُنیا دیکھے - مگر یہ لوگ اگر چاہیں تو گواہی دے سکتے ہیں کہ ان ارادوں میں انہوں نے کوئی بھی عزّت نہ دیکھی بلکہ ذِلّت پر ذِلّت اُٹھائی - اگر یہ حق پر ہوتے اور ان کا جوش خدا تعالیٰ کی طرف سے ہوتا تو خدا تعالیٰ ضرور انکی مدد کرتا - غرض یہ مؤخّر الذکر پیشگوئی بھی جو آج سے بیس برس پہلے براہین احمدیہ کے صفحہ ۵۱۰ میں مندرج ہوکر ایک دُنیا میں شائع ہوگئی ہے کمال صفائی سے پُوری ہُوئی -

۵۸ علاوہ اَور نشانوں کے یہ بھی ایک عظیم الشان نشان ہے جو حال میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ظاہر ہُوا - ناظرین کو یاد ہوگا کہ ایک بزرگ نے جو ہر ایک طرح سے دُنیا میں معزز اور رئیس اور اہلِ علم بھی ہیں - اِس عاجز کے حق میں ایک دِل آزار کلمہ

یعنے مثنوی رُومی کا یہ شعر پڑھا تھا جو پرچہ چودھویں صدی ماہ جون ۱۸۹۷ء میں شائع ہُوا تھا۔ اور وہ یہ ہے ؎

چُوں خدا خواہد کہ پردہ کس درد ٭ میلش اندر طعنۂ پاکاں برد

سو اُس رنج کی وجہ سے جو اِس عاجز کے دِل کو پہنچا۔ اُس بزرگ کے حق میں دُعا کی گئی تھی کہ یا تو خدا تعالیٰ اُس کو توبہ اور پشیمانی بخشے اور یا کوئی تنبیہ نازل کرے سو خدا نے اپنے فضل اور رحم سے اُس کو توفیق توبہ عنایت فرمائی اور اُس بزرگ کو الہام کے ذریعہ سے اطلاع دی کہ اِس عاجز کی دُعا اُسکے بارے میں قبول کی گئی۔ اور ایسا ہی معافی بھی ہوگی۔ سو اُس نے خدا سے یہ الہام پاکر اور آثارِ خوف دیکھکر نہایت انکسار اور تذلّل سے معذرت کا خط لکھا۔ وہ خط کسی قدر اختصار سے پرچہ چودھویں صدی ماہ نومبر ۱۸۹۷ء میں چھپ بھی گیا ہے۔ مگر چونکہ اس اختصار میں بہت سے ایسے ضروری امور رہ گئے ہیں جن سے یہ ثبوت ملتا ہے کہ کیونکر خدا تعالیٰ اپنے بندوں کی دُعاؤں کو قبول کرتا اور اُنکے دِلوں پر رُعب ڈالتا اور آثارِ خوف ظاہر کرتا ہے۔ اِس لئے مَیں مناسب دیکھتا ہوں کہ اس خط کو جو میرے پاس پہنچا تھا بعض ضروری اختصار کے ساتھ شائع کردوں۔ اور بزرگ موصوف کا یہ اصل خط اِس وجہ سے بھی شائع کرنے کے لائق ہے کہ مَیں اس اصل خط کو بہت سے لوگوں کو سُنا چکا ہوں اور ایک جماعت کثیر اس کے مضمون سے اطلاع پاچکی ہے اور بہت سے لوگوں کو بذریعہ خطوط اسکی اطلاع بھی دی گئی ہے۔ اب جبکہ چودھویں صدی کے پرچہ کو وہ لوگ پڑھیں گے تو ضرور اُن کے دل میں یہ خیالات پیدا ہونگے کہ جو کچھ زبانی ہمیں سُنایا گیا اس میں کئی ایسی باتیں ہیں جو شائع کردہ خط میں نہیں ہیں۔ اور ممکن ہے کہ ہمارے بعض کوتہ اندیش مخالفوں کو یہ بہانہ ہاتھ آجائے کہ گویا ہم نے اس خط میں جو سُنایا گیا اپنی طرف سے کچھ زیادت کی تھی۔ لہٰذا ضروری معلوم ہوتا

ہے کہ اُس اصل خط کو چھاپ دیا جائے۔ مگر یاد رہے کہ چودھویں صدی کے خط میں جسقدر اختصار کیا گیا ہے یہ کسی کا قصور نہیں ہے اختصار کے لئے مَیں نے ہی اجازت دی تھی۔ مگر اس اجازت کے استعمال میں کسی قدر غلطی ہو گئی ہے۔ لہذا اب اسکی اصلاح ضروری ہے۔ اِس تمام قصّے کے لکھنے سے غرض یہ ہے کہ ہماری جماعت اور تمام حق کے طالبوں کے لئے یہ بھی ایک خدا کا نشان ہے۔ ۱۷۶

اِس جگہ یہ بھی یاد رہے کہ بزرگ موصوف جن کا خط ذیل میں لکھا جاتا ہے کچھ عام لوگوں میں سے نہیں ہیں۔ بلکہ جہانتک میرا خیال ہے وہ ایک بڑے ذی علم اور علماء وقت میں سے ہیں۔ اور کئی لوگوں سے مَیں نے سُنا ہے کہ انکو الہام بھی ہوتا ہے۔ اور اس خط میں انہوں نے اپنے الہام کا ذکر بھی کیا ہے۔ علاوہ ان سب باتوں کے وہ بزرگ پنجاب کے معزز رئیسوں اور جاگیرداروں میں سے ہیں۔ اور ایک مُدت سے گورنمنٹ عالیہ انگریزی کی طرف سے عہدہ اکسٹرا اسسٹنٹی پر بھی ممتاز ہیں۔ چونکہ پرچہ چودھویں صدی میں بھی اس بزرگ کے منصب اور مرتبت کا ذکر ہو چکا ہے لہذا اس قدر یہاں بھی لکھا گیا۔ اور بزرگ موصوف نے جو میرے نام بغرض معذرت ۲۹ اکتوبر ۱۸۹۴ء کو خط لکھا تھا جس کا خلاصہ چودھویں صدی میں چھپا ہے۔ اس خط کو بغرض مصلحت مذکورہ بالا بحذف بعض فقرات ذیل میں لکھتا ہوں۔ اور وہ یہ ہے:۔

"اخبار چودھویں صدی والا مجرم ٭" "بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم۔ نحمدہٗ ونصلّی علٰی رسُولہ الکریم"

"سیدی ومولائی۔ السّلام علیکم ورحمۃ اللّٰہ وبرکاتہٗ۔ ایک خطاکار اپنی غلط کاری

٭ یہ عنوان بزرگ موصوف نے اپنے خط کے سر پر لکھا تھا چونکہ اس عنوان میں نہایت انکسار ہے جو انسان کو بوجہ اس کے کمال تذلّل کے مورد رحمت الٰہی بناتا ہے۔ اس لئے ہم نے اس کو جیسا کہ اصل خط میں تھا لکھدیا ہے۔ منہ

سے اعتراف کرتا ہوا (اس نیاز نامہ کے ذریعہ سے) قادیان کے مبارک مقام پر (گویا) حاضر ہو کر آپ کے رحم کا خواستگار ہوتا ہے۔ یکم جولائی ۱۸۹۷ء سے یکم جولائی ۱۸۹۸ء تک جو اس گنہگار کو مہلت دی گئی۔ اب آسمانی بادشاہت میں آپ کے مقابلہ میں اپنے آپ کو مجرم قرار دیتا ہے (اس موقعہ پر مجھے القا ہوا کہ جس طرح آپ کی دعا مقبول ہوئی اسی طرح میری التجا و عاجزی قبول ہو کر حضرت اقدس کے حضور سے معافی و رہائی دی گئی) مجھے اب زیادہ معذرت کرنے کی ضرورت نہیں۔ تاہم اس قدر ضرور عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میں ابتدا سے آپ کی اس دعوت پر بہت غور سے جویائے حال رہتا رہا اور میری تحقیق ایمانداری و صاف دلی پر مبنی تھی۔ حتٰی کہ (۹۰) فیصدی یقین کا مدارج پہنچ گیا۔ (۱) آپ کے شہر کے آریہ مخالفوں نے گواہی دی کہ آپ بچپن سے صادق و پاکباز تھے۔ (۲) آپ جوانی سے اپنے تمام اوقات خدائے واحد حیّ و قیوم کی عبادت میں لگاتار صرف فرماتے رہے۔ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ[۱]۔ (۳) آپ کا حسن بیان تمام عالمان ربانی سے صاف صاف علیحدہ نظر آتا ہے۔ آپ کی تمام تصنیفات میں ایک زندہ رُوح ہے (فِیْھَا ھُدًی وَّ نُوْرٌ[۲]) آپ کا مشن کسی فساد اور گورنمنٹ موجودہ کی (جو تمام حالات سے اطاعت و شکرگزاری کے قابل ہے) بغاوت کی راہنمائی نہیں کرتا۔ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ فِی الْاَرْضِ الْفَسَادَ حتٰی کہ میرے بہت سے مہربان دوستوں نے جو اُن سے آپ کے معاملات پر مَیں ہمیشہ بحث کرتا تھا مجھے قادیانی کے خطاب سے مخاطب کیا۔ پھر یہ کہ باایں ہمہ کیوں؟ میرے مُنہ سے وہ بیت مثنوی کا نکلا؟ اس کی وجہ یہ تھی کہ مَیں جب لاہور میں اُن کے پاس گیا۔ تو مجھ کو اپنے معتبر دوستوں کے ذریعہ سے (جن سے پہلے میری بحث رہتی تھی) خبر ملی کہ آپ سے ایسی باتیں ظہور میں آئی ہیں جس سے کسی مسلمان ایماندار کو آپ کے

[۱] التوبۃ: ۱۲۰ [۲] المائدۃ: ۴۵

مخالف خیال کرنے میں کوئی تامل نہیں رہا۔ (۱) آپ نے دعویٰ رسول ہونے کا کیا ہے اور ختم المرسلین ہونے کا بھی ساتھ ساتھ ادّعا کر دیا ہے (جو ایک سچے مسلمان کے دل پر سخت چوٹ لگانے والا فقرہ تھا کہ جو عزّت ختم رسالت کی بارگاہِ الٰہی سے محمد عربی صلی اللہ علیہ وآلہٖ (فداک رُوحی یا رسول اللہ) کو مل چکی ہے اُس کا دُوسرا کب حقدار ہو سکتا ہے۔ (۲) آپ نے فرمایا ہے کہ ترک تباہ ہوں گے۔ اور اُن کا سلطان بڑی بے عزّتی سے قتل کیا جائے گا۔ اور دُنیا کے مسلمان مجھ سے التجا کرینگے کہ مَیں انکو ایک سلطان مقرر کر دوں۔ یہ ایک خوفناک اور بربادی بخش پیشگوئی اسلامی دُنیا کے واسطے تھی۔ کیونکہ آج تمام مقدس مقامات جو خداوند کے عہد قدیم و جدید سے چلے آتے ہیں انکی خدمت ترکوں و اُن کے سلطان کے ہاتھ میں ہے۔ ان مقامات کا ترکوں کی مغلوبی کی حالت میں نکل جانا ایک لازمی اور یقینی امر ہے جس کے خیال کرنے سے ایک ہیبت ناک خطرناک نظارہ دکھائی دیتا ہے کہ اِس موقعہ پر دُنیا کے ہر ایک مسلمان پر فرض ہو جائیگا کہ ان معبدوں کو ناپاک ہاتھوں سے بچانے کے واسطے اپنی جان و مال کی قربانی چڑھائے۔ کیسا مصیبت اور امتحان کا وقت مسلمانوں پر آپڑے گا کہ یا تو وہ بال بچّہ گھربار پیارے وطن کو الوداع کہہ کے ان پاک معبدوں کی طرف چل پڑیں یا اُس ابدی اور جاوید زندگی ایمان سے دست بردار ہو جائیں ......

.... ربّنا ولا تحملنا ما لا طاقة لنا به واعف عنّا واغفر لنا[1]۔ یہی راز ہے جو مسلمان تُرکوں سے محبّت کرتے ہیں کہ انکی خیر میں اُن کے دین و دُنیا کی خیر ہے۔ ورنہ ترکوں کا کوئی خاص احسان مسلمانانِ ہند پر نہیں بلکہ ہم کو سخت گِلہ ہے کہ ہماری پچھلی صدی کی عالمگیر تباہی میں (جبکہ مرہٹوں اور سکھوں کے ہاتھ سے مسلمانانِ ہند برباد ہو رہے تھے) ہماری کوئی خبر اُنہوں نے نہیں لی۔ اِس

صفحہ ۴۴

[1] البقرة: ۲۸۷

شکریہ کی مستحق صرف سرکار انگریزی ہے جسکی گورنمنٹ نے مسلمانوں کو اسسے نجات دلائی۔ تو ہماری ہمدردی کی وُہی خاص وجہ ہے جو اُوپر ذکر کی گئی۔ اور اسکو خیال کرکے دِل میں یہ خیال پیدا ہوُا کہ ایسی سخت ترین مصیبت کے وقت تو مسلمانوں کے ایک سچّے راہ نما کا یہ کام ہو تاکہ وُہ عاجزی سے گڑگڑا کر خدا کے حضور میں اس تباہی سے بیڑے کو بچاتا۔ کیا حضرت نوح کے فرزند سے زیادہ تُرک گنہگار تھے۔ تو بجائے اس کے کہ اُن کے حق میں خُدا کے حضور شفاعت کیجاتی ہے نہ اُلٹا ہنسی سے ایسی بات بنائی جاتی۔ (۳) و نیز یہ کہ حضرت والا نے حضرت مسیح کے بارے میں اپنی تصانیف میں سخت حقارت آمیز الفاظ لکھے ہیں جو ایک مقبول بارگاہ الٰہی کے حق میں شایان شان نہ تھے جسکو خداوند اپنی رُوح و کلمہ فرمائے۔ جن کے حق میں یہ خطاب ہو۔ وجیھاً فی الدنیا و الاٰخرۃ و من المقربین۔ پھر اسکی توہین و اہانت کیونکر ہو سکتی۔ یہ باتیں میرے دِل میں بھری تھیں اور انکی تجسس کے واسطے مَیں پھر کوشش کر رہا تھا کہ یہ کہانتک صحیح ہیں کہ ناگاہ حضور کا اشتہار تُرکی سفیر کے بارے میں جو نکلا پیش ہوُا۔ تو بیساختہ میرے منہ سے (سو اکسی اور کلام کے) مثنوی کا بیت نکل گیا جسپر آپ کو رنج ہوُا (اور رنج ہونا چاہیئے تھا)۔

(۱) رسالت کے دعوے کے بارے میں مجھ کو خود ازالہ اوہام کے دیکھنے سے اور نیز آپ کی وہ رُوحانی اور مُردہ دِلوں کے زندہ کرنے والی تقریر سے جو جلسۂ مذاہب لاہور میں پیش ہوئی میری تسلّی ہوگئی جو محض افترا و بہتان ذات والا پر کسی نے باندھا۔

(۲) بابت ترکوں کے آپ کے اُسی اشتہار (میری عرضی دعویٰ کے) میری تسلّی ہوگئی۔ جسقدر آپنے نکتہ چینی فرمائی وُہ ضروری اور واجبی تھی۔

(۳) بابت حضرت مسیح علیہ السّلام کے بھی ایک بے وجہ الزام پایا گیا۔ گو یسُوع کے حق میں آپ نے کچھ لکھا ہے جو ایک الزامی طور پر ہے جیساکہ ایک

لہ آل عمران : ۴۶

مسلمان شاعر ایک شیعہ کے مقابل حضرت مولانا علیؓ کے بارے میں لکھتا ہے :۔

آں جوانے بروت مالیدہ ٭ بہر جنگ و وغا سگالیدہ

بر خلافت دلش بسے مائل ٭ لیک بوبکر شد درمیاں حائل

تو بھی حضرت اگر ایسا نہ کرتے میرے خیال میں تو بہت اچھا ہوتا۔ جَادِلْهُم بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ[1] .... ✠

مگر ان باتوں کے علاوہ جس سے میرا دل تڑپ اُٹھا اور اس سے یہ صدا آنے لگی کہ اُٹھ اور معافی طلب کرنے میں جلدی کر۔ ایسا نہ ہو کہ تُو خدا کے دوستوں سے لڑنے والا ہو۔ خداوند کریم تمام رحمت ہے۔ كَتَبَ عَلَىٰ نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ[2]۔ دنیا کے لوگوں پر جب عذاب نازل کرتا ہے تو اپنے بندوں کی ناراضی کی وجہ سے۔ مَا كُنَّا مُعَذِّبِينَ حَتَّىٰ نَبْعَثَ رَسُولًا[3]۔ آپ کا خدا کے ساتھ معاملہ ہے تو کون ہے جو الٰہی سلسلہ میں دخل دیوے۔ خداوند کی اُس آخری عظیم الشان کتاب کی ہدایت یاد آئی جو مؤمن آلِ فرعون کے قصے میں بیان فرمائی گئی کہ جو لوگ خدائی

✠ حضرت مسیح کے حق میں کوئی بے ادبی کا کلمہ میرے مُنہ سے نہیں نکلا۔ یہ سب مخالفوں کا افترا ہے۔ ہاں چونکہ درحقیقت کوئی ایسا یسوع مسیح نہیں گذرا جس نے خدائی کا دعویٰ کیا ہو۔ اور آنے والے نبی خاتم الانبیاء کو جھوٹا قرار دیا ہو۔ اور حضرت موسیٰ کو ڈاکو کہا ہو۔ اس لئے میں نے فرضِ محال کے طور پر اس کی نسبت ضرور بیان کیا ہے کہ ایسا مسیح جس کے یہ کلمات ہوں راستباز نہیں ٹھہر سکتا۔ لیکن ہمارا مسیح ابن مریم جو اپنے تئیں بندہ اور رسول کہلاتا ہے اور خاتم الانبیاء کا مصدق ہے اُس پر ہم ایمان لاتے ہیں اور آیت جَادِلْهُم بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ کا یہ منشاء نہیں ہے کہ ہم اس قدر نرمی کریں کہ مداہنہ کر کے خلافِ واقعہ بات کی تصدیق کر لیں۔ کیا ہم ایسے شخص کو جو خدائی کا دعویٰ کرے اور ہمارے رسول کو پیشگوئی کے طور پر کذاب قرار دے اور حضرت موسیٰ کا نام ڈاکو رکھے راستباز کہہ سکتے ہیں۔ کیا ایسا کرنا مجادلہ حسنہ ہے؟ ہرگز نہیں بلکہ منافقانہ سیرت اور بے ایمانی کا ایک شعبہ ہے۔ منہ

[1] النحل: ۱۲۶ [2] الانعام: ۱۳ [3] بنی اسرائیل: ۱۶

سلسلہ کا ادعا کریں۔ ان کی تکذیب کے واسطے دلیری اور پیشدستی نہ کرنی چاہیئے نہ یہ کہ ان کا انکار کرنا چاہیئے۔ ان یك كاذباً فعليه كذبه وان يك صادقاً يصبكم بعض الذی يعدكم۔[1]

مگر یہ صرف میرا دلی خیال ہی نہیں رہا بلکہ اس کا ظاہری اثر محسوس ہونے لگا۔ کچھ ایسی بنائیں خارج میں پڑنے لگیں جس میں ..... (اعوذ باللہ) (میں عذاب کا) مصداق ہو جانے لگا۔ (یعنے آثار خوف ظاہر ہوئے)۔ ۵۴

چھ سو برس ہونے کو آتے ہیں کہ خدا کے ایک برگزیدہ کے منہ سے یہ لفظ ہماری قوم کے حق میں نکلے ...... تو کیا قدرت کو ھباءً منثوراً کرنے کا خیال ہے (تُبْتُ الیك یارب) کہ پھر ایک مقبول الٰہی کے منہ سے وہی کلمہ سنکر مجھے کچھ خیال نہ ہو۔

پس یہ ظاہری خطرات مجھ کو اس خط کے تحریر کرتے وقت سب کے سب اُڑتے ہوئے دکھائی دیئے۔ (جن کی تفصیل کبھی میں پھر کرونگا) اس وقت تو میں ایک مجرم گنہگاروں کی طرح آپ کے حضور میں کھڑا ہوتا ہوں اور معافی مانگتا ہوں۔ (مجھ کو حاضر ہونے میں بھی کچھ عذر نہیں مگر بعض حالات میں ظاہری حاضری سے معاف کیا جانے کا مستحق ہوں) شاید جولائی ۱۸۹۸ء سے پہلے حاضر ہی ہو جاؤں۔ اُمید کہ بارگاہِ قدس سے بھی آپ کو راضی نامہ دینے کے لئے تحریک فرمائی جائے کہ نسی ولم نجد له عزماً قانون کا بھی یہی اصول ہے کہ جو جُرم عمداً و جان بُوجھ کر نہ کیا جائے وہ قابلِ راضی نامہ و معافی کے ہوتا ہے۔ فاعفوا واصفحوا ان اللہ یحب المحسنین۔"

میں ہوں حضور کا مجرم

دستخط (بزرگ) راولپنڈی - ۲۹ر اکتوبر ۱۸۹۷ء"

یہ خط بزرگ موصوف کا ہے جسکو ہم نے بعض الفاظ تذلل وانکسار کے

[1] المومن: ۲۹

حذف کرکے چھاپ دیا ہے۔ اِس خط میں بزرگ موصوف اس بات کا اقرار کرتے ہیں کہ انکو اس عاجز کی قبولیت دُعا کے بارے میں الہام ہُوا تھا۔ اور نیز اِس بات کا اقرار بھی کرتے ہیں کہ انہوں نے خارجًا بھی آثار خوف دیکھے جنکی وجہ سے زیادہ تر دہشت اُن کے دِل پر طاری ہوئی اور قبولیت دُعا کے نشان دکھائی دیئے۔ پس اس جگہ یہ بات ظاہر کرنے کے لائق ہے کہ ڈپٹی آتھم کی نسبت جو کچھ شرطی طور پر بیان کیا گیا تھا۔ وُہ بیان بالکل اس بیان سے مشابہ ہے جو اس بزرگ کی نسبت کیا گیا۔ یعنے جیساکہ اس عذابی پیشگوئی میں ایک شرط رکھی گئی تھی ویساہی اُس میں بھی ایک شرط تھی۔ اوران دونوں شخصوں میں فرق یہ ہے کہ یہ بزرگ ایمانی روشنی اپنے اندر رکھتا تھا۔ اور سچ سے محبت کرنے کی سعادت اس کے جوہر میں تھی۔ لہٰذا اس نے آثار خوف دیکھ کر اور خداتعالیٰ سے الہام پاکر اس کو پوشیدہ کرنا نہ چاہا۔ اور نہایت تذلّل اور انکسار سے جہانتک کہ انسان تذلل کرسکتا ہے۔ تمام حالات صفائی سے لکھکر اپنا معذرت نامہ بھیجدیا۔ مگر آتھم چونکہ نورِ ایمان اور جوہرِ سعادت سے بے بہرہ تھا۔ اِس لئے باوجود سخت خوفناک اور ہراسان ہونے کے بھی یہ سعادت اُسکو میسّر نہ آئی۔ اور خوف کا اقرار کرکے پھر افترا کے طور پر اس خوف کی وجہ اُن ہمارے فرضی حملوں کو ٹھہرایا جو صرف اُسی کے دِل کا منصوبہ تھا۔ حالانکہ اُس نے پندرہ مہینے تک یعنے میعاد کے اندر کبھی ظاہر نہ کیا کہ ہم نے یا ہماری جماعت میں سے کسی نے اسپر حملہ کیا تھا۔ اگر ہماری طرف سے اُسکے قتل کرنے کے لئے حملہ ہوتا۔ تو حق یہ تھا کہ میعاد کے اندر اُسی وقت جب حملہ ہُوا تھا شور ڈالتا اور حُکّام کو خبر دیتا۔ اگر ہماری طرف سے ایک بھی حملہ ہوتا تو کیا کوئی قبول کرسکتا ہے کہ اس حملہ کے وقت عیسائیوں میں شور نہ پڑ جاتا۔ پھر جس حالت میں آتھم نے میعاد گذرنے کے بعد یہ بیان کیا کہ میرے قتل کرنے کے لئے مختلف وقتوں اور مقاموں میں تین حملے کئے

گئے تھے۔ یعنے ایک امرتسر میں اور ایک لدھیانہ میں اور ایک فیروزپور میں۔ تو کیا کوئی منصف سمجھ سکتا ہے کہ باوجود ان تینوں حملوں کے جو خون کرنے کے لئے تھے۔ آتھم اور اس کا داماد جو اکسٹرا اسسٹنٹ تھا۔ اور اس کی تمام جماعت چُپ بیٹھی رہتی؟ اور حملہ کرنے والوں کا کوئی بھی تدارک نہ کرتی اور کم سے کم اتنا بھی نہ کرتی کہ اخباروں میں چھپوا کر ایک شور ڈال دیتی۔ اور اگر نہایت نرمی کرتی تو سرکار سے باضابطہ میری ضمانت سنگین طلب کرواتی۔ کیا کوئی دل قبول کرلیگا کہ میری طرف سے تین حملے ہوں اور آتھم اور اسکی جماعت سب کے سب چُپ رہیں۔ بات تک باہر نہ نکلے؟ کیا کوئی عقلمند اس بات کو قبول کرسکتا ہے۔ خاصکر جس حالت میں میرے ناجائز حملوں کا ثبوت میری پیشگوئیوں کی ساری قلعی کھولتا تھا اور عیسائیوں کو نمایاں فتح حاصل ہوتی تھی۔ پس آتھم نے یہ جھوٹے الزام اسی لئے لگائے کہ پیشگوئی کی میعاد کے اندر اُس کا خائف اور ہراساں ہونا ہر ایک پر کھُل گیا تھا۔ وہ مارے خوف کے مرا جاتا تھا۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ آثارِ خوف اُس پر اس طرح ظاہر ہوئے ہوں جیسا کہ یونسؑ کی قوم پر ظاہر ہوئے تھے۔ غرض اُس نے الہامی شرط سے فائدہ اُٹھایا۔ مگر دنیا سے محبت کرکے گواہی کو پوشیدہ رکھا اور قسم نہ کھائی اور نالش نہ کرنے سے ظاہر بھی کردیا کہ وہ ضرور خداتعالےٰ کے خوف اور اسلامی عظمت سے ڈرتا رہا۔ لہذا وہ اخفائے شہادت کے بعد دوسرے الہام کے موافق جلد تر فوت ہوگیا۔ بہرحال یہ مقدمہ کہ جو اس خوش قسمت اور نیک فطرت بزرگ کا مقدمہ ہے آتھم کے مقدمہ سے بالکل ہم شکل ہے اور اس پر روشنی ڈالتا ہے۔ خداتعالیٰ اس بزرگ کی خطا کو معاف کرے اور اس سے راضی ہو۔ میں اُس سے راضی ہوں اور اسکو معافی دیتا ہوں۔ چاہیئے کہ ہماری جماعت کا ہر ایک شخص اُس کے حق میں دُعائے خیر کرے اور اُسکو بھی چاہیئے کہ آئندہ خداتعالےٰ سے ڈرتا رہے۔ ۷۹

۵۹ منجملہ خدا تعالیٰ کے نشانوں کے ایک یہ نشان ہے کہ وہ مقدمہ جو منشی محمد بخش ڈپٹی انسپکٹر بٹالہ کی رپورٹ کی بنا پر دائر ہو کر عدالت مسٹر ڈوئی صاحب مجسٹریٹ ضلع گورداسپورہ میں میرے پر چلایا گیا تھا جو فروری ۱۸۹۹ء کو اس طرح پر فیصلہ ہوا کہ اُس الزام سے مجھے بَری کر دیا گیا۔ اس مقدمہ کے انجام سے خدا تعالیٰ نے پیش از وقت مجھے بذریعہ الہام خبر دیدی کہ وہ مجھے آخر کار دشمنوں کے بدارادے سے سلامت اور محفوظ رکھے گا۔ اور مخالفوں کی کوششیں ضائع جائیں گی۔ سو ایسا ہی وقوع میں آیا۔ جن لوگوں کو اس مقدمہ کی خبر تھی اُن پر پوشیدہ نہیں کہ مخالفوں نے میرے پر الزام قائم کرنے کے لئے کچھ کم کوشش نہیں کی تھی بلکہ مخالف گروہ نے ناخنوں تک زور لگایا تھا۔ اور افسر مذکور نے میرے مخالف عدالت میں بڑے زور سے شہادت دی تھی۔ لیکن جیسا کہ ابھی میں نے بیان کیا ہے قبل اس کے جو یہ مقدمہ دائر ہو مجھے خدا تعالیٰ نے اپنے الہام کے ذریعہ سے اطلاع دی تھی کہ تُم پر ایسا مقدمہ عنقریب ہونے والا ہے۔ اور اس اطلاع پانے کے بعد میں نے دُعا کی اور وہ دُعا منظور ہو کر آخر میری بریّت ہوئی۔ اور قبل انفصال مقدمہ کے یہ الہام بھی ہوا کہ تیری عزت اور جان سلامت رہے گی اور دشمنوں کے حملے جو اسی بدغرض کے لئے ہیں اُن سے تجھے بچایا جائے گا۔* اس الہام سے اور ان سب خبروں سے جو پیش از وقت معلوم ہوئیں میں نے ایک جماعت کثیر کو اپنے دوستوں میں سے خبر کر دی تھی۔ چنانچہ ان میں سے اخویم مولوی حکیم نور دین صاحب

* اس الہام سے میں نے اس جگہ کے سرگرم اور متعصب آریہ لالہ شرمپت اور لالہ ملاوامل کو بھی قبل از وقت خبر کر دی تھی۔ یعنے جب میں نے ایک سچی گواہی کے لئے اُن کو کہا اور اُنکی طرف سے انکار کی علامتیں دیکھیں تو تب میں نے کہا کہ تمہاری کچھ بھی پرواہ نہیں مجھے خدا نے بشارت دیدی ہے کہ اس مقدمہ سے میں تمہیں بچا لوں گا۔ منہ

بھیروی اور اخویم مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی اور اخویم شیخ رحمت اللہ صاحب تاجر گجراتی اور اخویم سیٹھ عبدالرحمٰن صاحب حاجی اللہ رکھا تاجر مدراسی۔ اور اخویم مولوی محمد علی صاحب ایم۔ اے وکیل۔ اور اخویم خواجہ کمال الدین صاحب بی۔ اے وکیل وغیرہ احباب ہیں جو دو سَو سے بھی کچھ زیادہ ہونگے۔ اور یہ تمام احباب خدا تعالیٰ کی قسم کھا کر کہہ سکتے ہیں کہ ان کو قبل از وقت اِس مقدمہ کے پیدا ہونے اور آخر بری ہونے کی خبر دی گئی۔ اور نہ صرف وہی اِس کے گواہ ہیں بلکہ عین عدالت کے کمرے میں مسٹر براون صاحب اور مولوی فضل دین صاحب وکیلان چیف کورٹ کو بھی اِس سے ایسے موقع پر اطلاع دی گئی جس سے اُن کو بھی ماننا پڑا کہ یہ غیب کی باتیں اور خدا کی پیشگوئیاں ہیں جو آج پُوری ہوئیں۔ یہ آخر الذکر وہ دو معزز شخص ہیں جو میرے سلسلہ میں داخل بھی نہیں ہیں۔ یعنے ایک مولوی فضلدین صاحب وکیل چیف کورٹ اور دُوسرے مسٹر براون صاحب جو چیف کورٹ کے ایک معزز وکیل اور یوروپین اور مذہب کے عیسائی ہیں۔ اور بَری ہونے کے لئے جو پیش از وقت دُعا کی گئی تھی وہ رسالہ حقیقت المہدی کے پہلے صفحہ میں ایک شعر میں اِس طرح پر بیان کی گئی ہے:۔

خود بروں آ از پئے ابراء من
اے تو کہف و ملجأ و ماوائے من

یعنے اَے خُدا جو تُو میری پناہ اور میرا جائے آرام ہے میرے بَری کرنے کیلئے آپ تجلّی فرما۔ اب دیکھو کہ یہ دُعا کیسی قبول ہوئی اور کس طرح میرے مخالفوں کی تمام وہ کوششیں جو مجھے سزایاب کرانے کیلئے کی گئی تھیں برباد گئیں۔

اور یاد رہے کہ یہ پیشگوئی صرف بَری کرنے تک ہی محدود نہیں تھی بلکہ اِس کے تو بہت اجزا تھے جو بڑی شدّ و مدّ سے پُوری ہوگئی۔ یہ مقدمہ پولیس کی

طرف سے کھڑا کیا گیا تھا۔ اور پولیس کی غرض یہ تھی کہ اس میں کوئی سزا یا کم سے کم کوئی سنگین ضمانت ہو جائے۔ منشی محمد بخش ڈپٹی انسپکٹر بٹالہ کی طرف سے اس کی ص۸۰ بنیاد پڑی۔ اور ہم قبول کرتے ہیں کہ منشی صاحب مذکور نے اپنی سمجھ اور اپنی نیک نیتی کی حد تک اس طرح پر اپنے فرض منصبی کو ادا کرنا چاہا لیکن چونکہ خدا تعالےٰ کے علم میں تھا کہ مجھ سے کوئی حرکت مجرمانہ نہیں ہوئی۔ اس لئے اُس نے پیش از وقت مجھے تسلّی دی اور مجھے خبر دی کہ اس مقدمہ میں اہل پولیس اپنے اغراض میں ناکام رہیں گے۔ اور محمد حسین ایڈیٹر اشاعۃ السّنۃ کا آئندہ کے لئے بدزبانی سے مُنہ بند کیا جائے گا۔* اور ابھی مسٹر ڈوئی صاحب عدالت کی کُرسی پر اجلاس فرما کر شیخ محمد حسین صاحب بٹالوی کو فہمائش کر رہے تھے کہ آئندہ وہ تکفیر اور بدزبانی سے باز رہے۔ اور سیّد بشیر حسین صاحب اور منشی محمد بخش صاحب ڈپٹی انسپکٹر بٹالہ عدالت میں حاضر تھے کہ اُسی وقت رسالہ حقیقت المہدی جس کے صفحہ ۱۲ پر یہ پیشگوئیاں ہیں عین عدالت کے کمرہ میں مولوی فضلدین صاحب پلیڈر چیف کورٹ اور مسٹر برون صاحب پلیڈر چیف کورٹ کے ہاتھ میں دیا گیا تھا۔ اور وہ کُرسیوں پر بیٹھے ہوئے عدالت کے سامنے ان پیشگوئیوں کو پڑھ رہے تھے۔ اور کہہ رہے تھے کہ اسوقت یہ پیشگوئی پوری ہوئی۔ اور کمرہ سے باہر نکل کر مسٹر

* یہ عجیب کاروبار قدرت ہے کہ محمد حسین کو مسٹر ڈوئی صاحب نے مقدمہ سے اس غرض سے الگ کر دیا تھا کہ جو اسکی نسبت الزام ہے اسکی بعد میں تحقیقات ہوگی۔ لیکن میرے مقدمہ کی اخیر پیشی پر خود بخود محمد حسین بغیر کسی تعلّق کے محض تماشا دیکھنے کیلئے حاضر عدالت ہوگیا۔ تب عدالت نے اُسکو حاضر پاکر بلاتوقّف اُس سے اِس مضمون کے نوٹس پر دستخط کرالئے کہ آئندہ وہ بدزبانی اور گالیوں اور تکفیر اور تکذیب سے باز رہے گا۔ سو اُسکو اُسوقت کسی نے بُلایا نہیں تھا محض خدا کا ارادہ اُسکو کھینچ لایا۔ تا اُسکا یہ پاک الہام پورا ہو کہ محمد حسین کا مُنہ بدزبانی سے بند کیا جائے گا۔ منہ

برون صاحب نے شیخ رحمت اللہ صاحب تاجر کو بھی کہا کہ پیشگوئی پوری ہوگئی۔ اور ان معزز وکلاء کے منہ سے یہ باتیں جو اُنکے عُہدہ اور شغل سے کچھ مناسبت بھی نہیں رکھتیں اِسلئے بیساختہ نکل گئیں کہ انھوں نے کئی پیشیوں میں بچشم خود مشاہدہ کیا تھا کہ میرے سزا دلانے کیلئے پولیس کی طرف سے (گو نیک نیتی سے) اور نیز شیخ مذکور کی طرف سے کیسی جان توڑ کوششیں ہو رہی تھیں۔ مگر خدا تعالیٰ نے نہ صرف یہ کیا کہ اُن کے تباہ کرنے والے اِرادوں سے مجھے بچا لیا بلکہ پیش از وقت مجھے خبر دیدی کہ وُہ اِن اِرادوں میں ناکام رہیں گے۔ سو اِس صریح صریح پیشگوئی کے دیکھنے سے جو اِس مقدمہ کے انجام کیلئے خدا تعالیٰ کی طرف سے ہوئی اُنکے دِلوں پر اثر ہوا۔ اور وہ پیشگوئی جو حقیقت المہدی کے صفحہ ۱۲ میں درج ہے اس کے الفاظ یہ ہیں۔ انّ اللہ مع الّذین اتّقوا والّذین ھم محسنون۔ انت مع الّذین اتّقوا۔ وانت معی یا ابراھیم۔ یأتیك نصرتی اِنّی انا الرّحمٰن۔ یا ارض ابلعی ماءك۔ غیض الماء وقُضِیَ الامر۔ سَلامٌ قولًا مّن ربّ رّحیم۔ وامتازوا الیوم ایّھا المُجرمون۔ انا تجالدنا فانقطع العدوّ واسبابه۔ ویلٌ لّھم انّٰی یؤفکون۔ یعضّ الظّالم علیٰ یدیه ویوثق وانّ اللہ مع الابرار۔ وانّهٗ علیٰ نصرھم لقدیر۔ شاھت الوجوہ۔ انّهٗ من اٰیة اللہ و انّهٗ فتح عظیم۔ انت اسمی الاعلیٰ۔ وانت منّی بمنزلة محبُوبیّن۔ اخترتك لنفسی۔ قل انّی امرت و انا اوّل المؤمنین۔ دیکھو صفحہ ۱۲ حقیقت المہدی۔ ترجمہ۔ خدا پرہیزگاروں کے ساتھ ہے اور نیکوکاروں کے ساتھ ہے۔ اور تُو میرے ساتھ ہے۔ اَے ابراہیم! میری مدد تجھے اِس مقدمہ میں پہنچے گی۔ مَیں رحمٰن ہوں۔ اَے

زمین تُو اپنے پانی کو نگل جا۔ یعنے خلاف واقعہ اور فتنہ انگیز شکایتوں کو واپس لے لے کہ وہ قبول نہیں کی جائیں گی اور حاکم اُن کا پابند نہیں ہوگا۔ سو پانی یعنے شکایتوں کا پانی جو اِس مقدمہ کی بنا تھی خشک ہوگیا اور بات کا فیصلہ ہُوا یعنے آیندہ اسی طرح تمہارے حق میں فیصلہ ہوگا اور دشمنوں کا منصوبہ نابود ہو جائے گا۔ وہ فیصلہ کیا ہے۔ یہ ہے کہ تُو پولیس اور محمد حسین کی شکایتوں کے اثر سے سلامت رہے گا۔ یعنے سلامتی کے ساتھ الزام سے باہر رہے گا۔ یہ خدا کا حکم ہے جو ربّ رحیم ہے۔ یعنے آسمان پر تیری سلامتی اور بریّت کا حکم ہوگیا ہے۔ اب زمین پر بھی ایسا ہی ہوگا۔ اور حکم دیا گیا کہ مُجرم اُس سے الگ ہوں یعنے مقدمہ میں مغلوب اور ناکام اور نادم رہیں۔ ہم آسمان سے اُتر کر لڑے یہانتک کہ دشمن اور اُس کے اسباب کاٹے گئے۔ یعنے جن باتوں کی بنیاد پر مقدمہ کھڑا کیا گیا تھا۔ وہ باتیں عدالت میں کاٹی جائیں گی۔ یعنے قابلِ اعتبار نہیں رہیں گی۔ اور دشمن بھی کاٹے جائیں گے یعنے مغلوب اور ناکام رہیں گے اور عدالت کے کمرہ سے فتح پاکر نہیں نکلیں گے۔ ظاہر ہے کہ پولیس کی طرف سے یہ رپورٹ میری نسبت تھی کہ اِس شخص نے عدالت کے نوٹس کی عہد شکنی کی ہے اور الہام کے ذریعہ سے محمد حسین کو عذاب کی دھمکی دی ہے۔ سو پولیس کی مُراد اور خوشی اِس بات میں نہ تھی کہ عدالت مجھ کو اس مقدمہ میں بغیر ضمانت اور سزا کے چھوڑ دے۔ اور پولیس نے زور لگانے میں بھی کمی نہیں کی تھی اور خود اُس کا فرض منصبی تھا کہ اپنی پیدا کردہ بات کو ثبوت تک
ص۱۸ پہنچاوے۔ مگر خدا نے جو دِلوں کو جانتا اور حقیقتوں کا واقف ہے پولس کو اُسکی اِس مُراد اور ارادہ سے صاف ناکام رکھا۔ اسی طرف اشارہ ہے جو اِس الہام نے کیا ہے۔ انا تجالدنا فانقطع العدوّ واسبابہ۔ اِس الہام

میں خدا تعالیٰ نے یہ جتلایا ہے کہ ہم بھی وکیلوں کی طرح پولیس اور محمد حسین سے لڑینگے اور آخر فتح ہماری ہوگی۔ اور ہم اُن کے تمام دلائل اور وجوہ اور اسناد اور شہادتکے کاغذات ٹکڑے ٹکڑے کر کے پھینک دیں گے۔ اور پھر بعد اس کے محمد حسین کے حق میں فرمایا کہ ظالم اپنے ہاتھ کاٹے گا۔ اور اپنی شرارتوں سے روکا جائیگا یعنے محمد حسین سے اِس قسم کے نوٹس پر دستخط کرائے جائیں گے کہ پھر وہ دشنام دہی اور تکفیر اور تکذیب سے باز رہے گا۔* پھر فرمایا کہ خدا نیکوں کے ساتھ ہوگا اور وہ انکی مدد پر قادر ہے۔ مُنہ کالے ہو جائیں گے یعنے جو کچھ مقدمہ اُٹھانے والوں کی مُراد تھی۔ وہ سخت خجالت کے ساتھ اِس سے محروم رہیں گے۔ اور جو کچھ بعض ان میں سے کہتے تھے کہ ہم یہ کریں گے اور یہ کریں گے۔ خدا انکو مغلوب کرے گا۔ اور وہ ایسے

* یہ سچ ہے کہ اِس نوٹس پر میری طرف سے بھی اس عہد کے ساتھ دستخط ہیں کہ مَیں پھر محمد حسین کی موت یا ذلت کے لئے کوئی پیشگوئی نہیں کروں گا۔ مگر یہ ایسے دستخط نہیں ہیں جن سے ہمارے کاروبار میں کچھ بھی حرج ہو۔ بلکہ مدت ہوئی کہ مَیں کتاب انجام آتھم کے صفحہ اخیر میں بتصریح اشتہار دے چکا ہوں کہ ہم آیندہ ان لوگوں کو مخاطب نہیں کریں گے جب تک خود ان کی طرف سے تحریک نہ ہو۔ بلکہ اِس بارے میں ایک الہام بھی شائع کر چکا ہوں جو میری کتاب آئینہ کمالات اسلام میں درج ہے اور مَیں ہمیشہ اِس الہام کے بعد محمد حسین سے اعراض کرتا تھا اور اُس کو قابلِ خطاب نہیں سمجھتا تھا۔ مگر اس کی چند گندی کارروائیوں اور ایسی بد کارروائی کے بعد جو اُس نے جعفر زٹلی کے ساتھ ملکر کی تھی مجھے ضروری طور پر اس کے بارے میں کچھ لکھنا پڑا تھا۔ مجھے یہ بھی افسوس ہے کہ ان لوگوں نے محض شرارت سے یہ بھی مشہور کیا ہے کہ اب الہام کے شائع کرنے کی ممانعت ہوگئی اور ہنسی سے کہا کہ اب الہام کے دروازے بند ہو گئے۔ مگر ذرہ حیا کو کام میں لاکر سوچیں کہ اگر الہام کے دروازے بند ہو گئے تھے تو میری بعد کی تالیفات میں کیوں الہام شائع ہوئے۔ اِسی کتاب کو دیکھیں کہ کیا اِس میں الہام کم ہیں؟ منہ

شرمندہ ہونگے کہ مارے ندامت کے مُنہ پر سیاہی آجائے گی۔ اُس روز یہ خدا کا نشان ظاہر ہوگا اور یہ فتح عظیم ہوگی۔ کیونکہ خدا مخالفوں کے تمام منصوبوں کو زیر کریگا۔ اور نہ صرف اِس لئے فتح کہ وُہ مخالفوں کو مغلوب کریگا بلکہ یہ اِس لئے بھی فتح عظیم ہوگی کہ خُدا نے اُس آنے والے دِن سے پہلے خبر دیدی ہے۔ اور پھر فرمایا کہ تُو میرے اسمِ اعلیٰ کا مظہر ہے یعنے ہمیشہ تجھ کو غلبہ ہوگا۔ اور یہ مسیح موعود کی خاص علامت ہے کہ وہ غالب رہے گا۔ اور پھر فرمایا کہ تُو میرے پیاروں میں سے ہے۔ مَیں نے تجھے اپنے لئے چُنا۔ تو لوگوں کو کہدے کہ مَیں سب سے پہلا مومن ہوں۔ اور یہ پیشگوئی جو اِس شان و شوکت کے ساتھ کی گئی تھی۔ ۲۴؍ فروری ۱۸۹۹ء کو بروز جمعہ پُوری ہوگئی۔ اِس پیشگوئی کے پُورا ہونے کے بعد محمد حسین ایڈیٹر اشاعۃُ السُّنۃ نے اپنی قدیم عادت کے موافق یہ اعتراض اُٹھایا تھا کہ حکم میں بَری کا لفظ نہیں بلکہ ڈِسچارج کا لفظ ہے۔ اور معلوم ہوتا ہے کہ اِس اعتراض کو اُس نے ایک بڑا اعتراض سمجھا ہے اِس لئے اُس نے پیسہ اخبار اور نیز اخبار عام میں اسکو شائع بھی کیا ہے اور اس کی غرض اِس سے یہ معلوم ہوتی ہے کہ تا عوام پر یہ ظاہر کرے کہ پیشگوئی پُوری نہیں ہوئی۔ اور اِس طرح پر دھوکہ دے کر ہدایت سے انکو محروم رکھے۔ لیکن اس کی بدقسمتی سے یہ دھوکہ دہی اُس کی عقلمندوں کے دِلوں پر اثر نہیں کرسکتی بلکہ اِس رسالہ کے شائع ہونے کے بعد یہ حرکت اُس کی سخت ندامت کا موجب ہوگی۔ یاد رہے کہ انگریزی زبان میں کسی کو جُرم سے بَری سمجھنے یا بَری کرنے کے لئے دو لفظ ہیں۔ ایک ڈِسچارج۔ دُوسرے ایکٖٹ۔ ڈِسچارج اُس جگہ بولا جاتا ہے کہ جہاں حاکم مجوز کی نظر میں جُرم کا ابتدا سے ہی کچھ ثبوت نہ ہو۔ اور عدم ثبوت کی وجہ سے مُلزم کو چھوڑا جائے۔ اور ایکٖٹ اُس جگہ بولا جاتا ہے جہاں اوّل جُرم

ثابت ہو جائے اور فرد قرار داد جُرم لگائی جائے اور پھر مُجرم اپنی صفائی کا ثبوت دیکر اُس الزام سے رہائی پاوے۔ ان دونوں لفظوں میں قانونی طور پر فرق یہ ہے کہ ڈِسچارج وہ بریّت کی قسم ہے کہ جہاں جُرم ثابت نہ ہو سکے۔ اور اکیکٹ وہ بریّت کی قسم ہے کہ جہاں جُرم ثابت ہو جانے کے بعد اور فرد قرار داد لکھنے کے بعد آخر میں صفائی ثابت ہو جائے۔ اور عربی میں بریّت کا لفظ ان دونوں مفہوموں پر مشتمل ہے۔ جو شخص تہمت سے دُور رہے یعنے الزام کا لگنا اُس پر ثابت نہ ہو۔ یا الزام لگنے کے بعد اُس کی صفائی ثابت ہو۔ دونوں حالتوں میں عربی زبان میں اس کا نام بَری ہوتا ہے۔ پس جب ڈِسچارج کے لفظ کا ترجمہ عربی میں کیا جائے گا تو بجز بَری کے اور کوئی لفظ نہیں جو اس کے ترجمہ میں لکھ سکیں۔ کیونکہ ڈِسچارج کے لفظ سے قانون کا منشاء صرف اس قدر نہیں ہے کہ یونہی چھوڑا جائے بلکہ یہ منشاء ہے کہ عدم ثبوت کی حالت میں چھوڑا جائے لہذا اس منشاء کے ادا کرنے کے لئے صرف بَری کا لفظ ہے اور یہ عربی لفظ ہے۔ اور فارسی میں ایسا کوئی لفظ نہیں جو اس منشاء کو ادا کر سکے۔ رہائی کا لفظ اِس منشاء کو ادا نہیں کرتا محض تسامح کے طور پر بول سکتے ہیں۔ وجہ یہ کہ رہائی کے لفظ کا صرف اِس قدر مفہوم ہے کہ کسی کو چھوڑا جائے خواہ چڑیوں کو پنجرہ میں سے چھوڑا جائے۔ مگر واضعانِ قانون کا ہرگز یہ منشاء نہیں ہے کہ وہ ڈِسچارج کے لفظ سے صرف چھوڑ نا مُراد لیں اور اس کے ساتھ اور کوئی شرط نہ ہو۔ بلکہ اُن کے نزدیک ڈِسچارج کے لفظ میں ضروری طور پر یہ شرط ہے کہ جس شخص کو ڈِسچارج کیا جائے اُس پر الزام ثابت نہ ہو۔ یا اُس الزام کا کافی ثبوت نہ ہو۔ اور جبکہ ڈِسچارج کے لفظ کے ساتھ مُقنّنین کے نزدیک ایک شرط بھی ہے جس کا ہمیشہ فیصلوں میں ذکر بھی ہوتا ہے۔ تو کسی صُورت میں اِس کا رہائی ترجمہ نہیں ہو سکتا کیونکہ رہائی

کا لفظ صرف چھوڑنے یا چھوڑے جانے کے معنوں پر اطلاق پاتا ہے اور کوئی زائد امر اس کے مفہوم میں نہیں۔ پس واضح ہو کہ ڈسچارج کا ترجمہ مُعْتَقِین کے منشاء کے موافق فارسی میں ہو ہی نہیں سکتا۔ بلکہ اس مفہوم کے ادا کرنے کے لئے صرف بَری کا لفظ ہے جو عربی ہے۔ عربی کے یہ دو مقولے ہیں کہ اَنَا بَرِیٌّ مِنْ ذَالِكَ اور اَنَا مُبَرَّءٌ مِنْ ذَالِكَ۔ پہلے قول کے یہ معنے ہیں کہ میرے پر کوئی تُہمت ثابت نہیں کی گئی۔ اور دُوسرے کے یہ معنے ہیں کہ میری صفائی ثابت کی گئی ہے۔ دیکھو لسان العرب اور تاج العروس اور دُوسری لُغتِ عرب کی مبسوط کتابیں جن میں بَری کے لفظ کے معنے مختلف تصریفات کے پیرایہ میں کی گئی ہیں اور قرآن شریف میں بھی یہ دونوں تصریفات دو معنوں پر آئی ہیں۔ اوّل فرمایا ہے۔ ومن یکسب خطیئۃ او اثما ثم یرم بہ بریئًا فقد احتمل بہتانًا و اثمًا مبینًا[1] الجزو نمبر ۵ سُورۃ النساء۔ یعنے جو شخص کوئی خطا یا گناہ کرے۔ اور پھر کسی ایسے شخص پر وہ گناہ لگا وے جس پر وہ گناہ ایک ثابت شدہ امر نہیں تو اُس نے ایک کُھلے کُھلے بُہتان اور گناہ کا بوجھ اپنی گردن پر لیا۔ پس اِس جگہ خدائے عزّ وجلّ نے بَری کے لفظ سے اُس شخص کو مُراد لیا ہے جس پر کوئی گناہ ثابت نہ ہُوا ہو۔ اور اگر کوئی ہمارے اِس بیان کی مخالفت کر کے یہ کہے کہ اِسجگہ بَری کے لفظ سے یہ معنے مُراد نہیں ہیں بلکہ یہ مُراد ہے کہ ایسے شخص پر گناہ لگا وے جس نے شہادتوں کے ذریعہ سے عدالت میں اپنا بے گناہ ہونا بپایۂ ثبوت پہنچا دیا ہو۔ اور گواہوں کے ذریعہ سے اپنا پاک دامن ہونا ثابت کر دیا ہو تو یہ معنے سراسر فاسد اور قرآن شریف کی منشاء سے صریح مخالف اور ضد ہیں۔ کیونکہ اگر یہی معنے اِس آیت کے ہیں تو پھر اِس صُورت میں یہ بڑی خرابی لازم آتی ہے کہ خدا تعالیٰ کے نزدیک ایسے شخص پر تہمت لگانا کوئی گناہ نہ ہو

[1] النساء: ۱۱۳

جسپر وُہ گناہ ثابت نہیں ہے۔ بلکہ اُسی کی نسبت گناہ ہو جس نے اپنی پاکدامنی پر
عدالت میں گواہ دیدیئے ہوں اور اپنا بے قصور ہونا بپایۂ ثبوت پہنچا دیا ہو۔
اور یہ معنے باتفاق تمام گروہِ اسلام باطل ہیں۔ اسی وجہ سے تمام علماءِ اسلام
کے نزدیک ایسے شخص بھی اِس آیت کے مؤاخذہ کے نیچے ہیں جو مستور الحال
عورتوں پر زنا کا الزام لگاویں اور گو اُن عورتوں کے اعمال مخفی ہوں مگر اِس
آیت میں اُن کا نام بَری رکھا۔ کیونکہ شرعی طور پر اُنپر جُرم کا ثبوت نہیں۔ پس
اِس نص قرآنی سے ثابت ہوا کہ جسپر شرعی طور پر جُرم کا ثبوت نہ ہو۔ وُہ بَری
ہے۔ اور یہ بھی ثابت ہوا کہ عرب کی زبان بھی اِس کا نام بَری رکھتی ہے۔
کیونکہ قرآن سے بڑھ کر محاورات عرب کے جاننے کے لئے اور کوئی ذریعہ نہیں
اور اسی آیت کے مفہوم کی مؤیّد قرآن شریف کی وُہ آیت ہے جو جزو اٹھارہ
سُورۃ النّور کی تیسری آیت ہے اور وُہ یہ ہے۔ والّذین یرمون المحصنٰت
ثمّ لم یأتوا باربعۃ شھدآء فاجلدوھم ثمٰنین جلدۃ ولا تقبلوا
لھم شھادۃً ابدًا واولٰئک ھم الفٰسقون[1] یعنے جو لوگ پاکدامن
عورتوں پر زنا کی تہمت لگائیں اور اُس تہمت کے ثابت کرنے کے لئے چار گواہ
نہ لاسکیں تو اُنکو اسّی دُرّے مارو۔ اور آیندہ کبھی اُنکی گواہی قبول نہ کرو۔ اور
یہ لوگ آپ ہی بدکار ہیں۔ اِس جگہ محصنات کے لفظ کے وہی معنے ہیں جو آیت
گذشتہ میں بَری کے لفظ کے معنے ہیں۔ اب اگر بموجب قول مولوی محمد حسین
ایڈیٹر اشاعۃ السّنّۃ کے بَری کے لفظ کا مصداق صرف وہ شخص ہو سکتا ہے
کہ جسپر اوّل فرد قرار داد جُرم لگائی جائے اور پھر گواہوں کی شہادت سے
اسکی صفائی ثابت ہو جائے اور استغاثہ کا ثبوت ڈیفنس کے ثبوت سے
ٹوٹ جائے۔ تو اِس صورت میں یعنے اگر بَری کے لفظ میں جو آیت ثمّ یرم
٨٣

[1] النّور: ۵

بہٖ بَرِیۡٓـئًا میں ہے۔ یہی منشاء قرآن کا ہے۔ تو کسی عورت پر مثلاً زنا کی تہمت لگانا کوئی جُرم نہ ہوگا۔ بجز اس صُورت کے کہ اُس نے معتمد گواہوں کے ذریعہ سے عدالت میں ثابت کر دیا ہو کہ وُہ زانیہ نہیں۔ اور اس سے یہ لازم آئے گا کہ ہزارہا مستور الحال عورتیں جن کی بدچلنی ثابت نہیں حتّٰی کہ نبیوں کی عورتیں اور صحابہ کی عورتیں اور اہلِ بیت میں سے عورتیں تہمت لگانے والوں سے بجز اس صورت کے مخلصی نہ پاسکیں اور نہ بَری کہلانے کی مستحق ٹھہر سکیں جب تک کہ عدالتوں میں حاضر ہو کر اپنی عفّت کا ثبوت نہ دیں۔ حالانکہ ایسی تمام عورتوں کی نسبت جن کی بدچلنی ثابت نہ ہو۔ خدا تعالیٰ نے بارِ ثبوت الزام لگانے والوں پر رکھا ہے۔ اور اُنکو بَری اور محصنات کے نام سے پکارا ہے۔ جیسا کہ اسی آیت ثُمَّ لَمۡ یَاۡتُوۡا بِاَرۡبَعَۃِ شُھَدَآءَ سے سمجھا جاتا ہے۔ اور اگر کسی مخالف کو نبیوں کی عورتوں اور اُنکے صحابہ کی عورتوں اور تمام شرفاء کی عورتوں کی ہماری مخالفت کے لئے کچھ پرواہ نہ ہو۔ تو پھر ذرہ شرم کر کے اپنی عورتوں کی نسبت ہی کچھ انصاف کرے کہ کیا اگر اُن پر کوئی شخص اُن کی عفّت کے مخالف کوئی ایسی تہمت لگا دے۔ جس کا کوئی ثبوت نہیں تو کیا وہ عورتیں آیت یَرۡمِ بِہٖ بَرِیۡٓـئًا کی مصداق ٹھہر کر بَری سمجھی جاسکتی ہیں۔ اور ایسا تہمت لگانے والا سزا کے لائق ٹھہرتا ہے یا وہ اس حالت میں بری سمجھی جائیں گی۔ جبکہ وہ اپنی صفائی اور پاک دامنی کے عدالت میں گواہ گذرانیں اور جب تک وہ بذریعہ شہادتوں کی اپنی عفّت کا عدالت میں ثبوت نہ دیں تب تک جو شخص چاہے انکی عفّت پر حملہ کرے اور انکو غیر بَری قرار دے۔ کیا آیت موصوفہ بالا میں یعنے آیت یَرۡمِ بِہٖ بَرِیۡٓـئًا[1] میں بَری کے لفظ کا یہی منشاء ہے کہ اس میں گناہ کا ثابت نہ ہونا کافی نہیں بلکہ

[1] النساء: ۱۱۳

بذریعہ قوی شہادتوں کے عفت اور صفائی ثابت ہونی چاہیئے۔ شرم! شرم! شرم! سو مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی ایڈیٹر اشاعۃ السنہ کو خدا تعالیٰ کی قسم دیتا ہوں کہ اِس کا ضرور جواب دیں۔ اور اُن کے دوستوں کو بھی اسی ذات پاک کی قسم دیتا ہوں کہ اُن سے ضرور جواب لیں۔ تا سیہ رُوئے شود ہر کہ درو غش باشد۔ اور دُوسری قسم بَری کی جس میں شخص مُلزم اپنی پاکدامنی کا ثبوت دیتا ہے اُس کا نام قرآن شریف میں مُبرّء رکھا ہے جیساکہ فرمایا ہے۔ اُولٰٓئِكَ مُبَرَّءُوْنَ مِمَّا يَقُوْلُوْنَ[1]۔ اب مومنوں کے لئے یہ ضروری ہے کہ اِس بحث میں خدا تعالیٰ کے فیصلہ کو منظور کرے۔ اور اگر نہیں کریگا تو وہ اِس آیت کے نیچے آئیگا جو قرآن شریف کی جزو پانچ سُورۃ النساء میں ہے اور وہ یہ ہے۔ فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا[2] یعنے اے پیغمبر تمہارے ہی پروردگار کی قسم ہے کہ جبتک یہ لوگ اپنے باہمی جھگڑے تم ہی سے فیصلہ نہ کرائیں اور صرف فیصلہ ہی نہیں بلکہ جو کچھ تم فیصلہ کردو اُس سے کسی طرح دِلگیر بھی نہ ہوں بلکہ کمال اطاعت اور دِلی رضامندی اور شرح صدر سے اسکو قبول کرلیں تب تک یہ لوگ ایمان سے بے بہرہ ہیں۔ اب فرمائیے شیخ جی! قرآن کریم کیا کہتا ہے۔ مسٹر ڈوئی صاحب کے فیصلہ کی رُو سے جو عدم ثبوت جُرم کی بنا پر کیا گیا ہے میرا نام قرآن کریم نے بَری رکھا ہے یا نہیں؟ اور کیا آپکو یہ قرآنی فیصلہ منظور ہے یا نہیں؟ افسوس کہ یہ تمام ندامتیں تعصب اور دروغ گوئی کی شامت سے آپ کو پیش آرہی ہیں۔ پہلے اس سے اپنے عجب کے صلہ میں بحث کرکے اور اِس بات پر ضد کرکے کہ عجب کا صلہ صرف مِنْ آتا ہے لام نہیں آتا کیسی سخت ندامت اُٹھائی تھی۔ اگر آپ اُسی وقت کان کو ہاتھ

[1] النّور: ۲۷ [2] النساء: ۶۶

لگاتے اور آئندہ ژاژ خائی اور بیہودہ گوئی سے مجتنب رہتے تو اس میں آپکی بڑی عزت تھی۔ مگر آپ نے خواہ نخواہ میری نسبت اخبارات میں چھپوادیا کہ یہ شخص بری نہیں ہوا۔ حالانکہ اِس سے پہلے کپتان ڈگلس صاحب نے ڈاکٹر کلارک کے مقدمہ میں ڈسچارج کے معنے بَری لکھوائے تھے ✱ چونکہ مسٹر ڈوئی صاحب نے ڈسچارج کے اُردو میں معنے نہیں لکھوائے تھے۔ تو آپ نے نیش زنی کے لئے اِسی کو غنیمت سمجھا اور اخباروں میں ایک شور مچادیا۔ اب اِس تحریر کے شائع ہونے کے بعد جس قدر آپ شرمندہ ہوں گے اس کا کون اندازہ کرسکتا ہے۔ شاید کسی وکیل نے ہنسی سے آپ کو کہدیا ہوگا کہ ڈسچارج کے معنے رہائی ہے بریّت نہیں ہے۔ لیکن اب آپ بچوں کی طرح اِس سبق کو یاد رکھیں کہ واضعانِ قانون کا ہرگز یہ منشاء نہیں ہے کہ ہر ایک جگہ ڈسچارج کے معنے مطلق رہائی ہے۔ بلکہ جب عدم ثبوت کے محل میں کسی مُلزم کو ڈسچارج کرتے ہیں تو ایسے فیصلے میں ڈسچارج کے لفظ سے اِس قسم کی رہائی مُراد ہوتی ہے جو بوجہ نہ پانے کسی ثبوت جُرم کے مُلزم کو ملتی ہے۔ آپ اِس قدر تو حاشیہ
ہوش وحواس رکھتے ہوں گے کہ اِس بات کو سمجھ سکیں کہ کسی مجسٹریٹ کو اختیار نہیں ہے کہ بغیر کسی وجہ رہائی کے مُجرم کو یُونہی چھوڑ دے۔ سو آپکو یاد رہے کہ واضعانِ قانون نے ایک تقسیم دکھلانے کے لئے بریّت کے دو مفہوم کے جُدا جُدا نام بیان کردیئے ہیں یعنے ایک ڈسچارج جس سے ایسے فیصلوں میں وہ قابلِ رہائی مُلزم مُراد ہے جو بوجہ عدم ثبوت جُرم رہا کیا جاتا ہے جس کو عربی میں بَری کہتے ہیں۔ دُوسرے ایکوٹ جو صفائی ثابت ہونے کے بعد چھوڑا جاتا ہے جس کو عربی میں مُبرّء بولتے ہیں۔ اور یہ قانون کی غلط فہمی ہے کہ ڈسچارج سے

✱ افسوس اِس مولوی پر جس سے ایک انگریز عربی کے محاورہ کا زیادہ واقف ثابت ہو۔ منہ

ہر ایک جگہ مطلق رہا شدہ مُراد لیا جائے۔ بلکہ ٹھیک ٹھیک قانون کا منشاء یہ ہے کہ تمام ایسے مقدموں میں جہاں مُلزم عدم ثبوت میں چھوڑے جاتے ہیں۔ ڈسچارج کے لفظ سے ایسا رہا شدہ مُراد ہوتا ہے جس پر جُرم ثابت نہیں ہو سکا اور وُہی جس کو عربی میں بَری کہتے ہیں جیسا کہ قرآن شریف کی گواہی سے معلوم ہو چکا ہے*۔ ہاں چونکہ ڈسچارج کے لفظ کے ترجمہ کرنے والے اِس باریک بحث کو اچھی طرح اَدا نہیں کر سکے۔ اِس لئے اُنہوں نے یہ غلطی کھائی ہے کہ ڈسچارج کا ترجمہ بیان کرنے میں ایک ایسے لفظ کو پیش کیا ہے یعنے رہائی کو جو ڈسچارج کے پُورے مفہوم کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ چونکہ انگریزی ہو یا فارسی یہ ایک ایسی لچر اور نامکمل زبانیں ہیں جو پُورے مفہوم کو ادا نہیں کرسکیں۔ اِس لئے ترجمہ کرنے والوں کو یہ ٹھوکر پیش آئی۔ اور ان کی ٹھوکر اور بہت سے سادہ لوحوں کی ٹھوکر کا موجب ہوئی۔ اگر وُہ عربی میں جو ایک بھاری علمی ذخیرہ اپنے اندر رکھتی ہے۔ اِس لفظ کا ترجمہ کرتے اور ڈسچارج کا نام بَری رکھتے اور اَیکیٹ کا نام مُبَرّء رکھتے تو اِس دھوکہ دینے والی لغزش سے محفوظ رہتے۔ اور ہم اب بھی واضعانِ قانون کو یاد دِلاتے ہیں کہ یہ تقسیم سخت قابلِ اعتراض ہے۔ اگرچہ ہر ایک شخص کا اختیار ہے کہ جو اصطلاح چاہے قائم کرے لیکن جبکہ عربی میں دو لفظ بَرِی اور مبَرّء صاف موجود ہیں جو بمقابل ڈسچارج اور اَیکیٹ نہایت

* زبانِ عرب اور قرآن شریف کے نصوص صریحہ کی رُو سے تمام انسان جو دُنیا میں ہیں کیا مُرد اور کیا عورت بَری کہلانے کے مستحق ہیں جب تک کہ اُن پر کوئی جُرم ثابت نہ ہو۔ پس قرآن کی رُو سے بَری کے معنے ایسے وسیع ہیں کہ جب تک کسی پر کسی جُرم کا ثبوت نہ ہو۔ وُہ بَری کہلائے گا۔ کیونکہ انسان کے لئے بَری ہونا طبعی حالت ہے اور گناہ ایک عارضہ ہے جو پیچھے سے لاحق ہوتا ہے۔ لہٰذا اِس کے لئے ثبوت درکار ہے۔ منہ

موزون ہیں تو پھر ان تکلفات میں پڑنے کی کیا ضرورت تھی۔ آخر اس کا نتیجہ یہ ہُوا کہ بعض سادہ لوح قانون اور واضعانِ قانون کی منشاء سے بہت دُور جا پڑے۔ ورنہ حکام کے صدہا فیصلوں کو کھول کر دیکھو کہ وُہ اپنی جج مینٹ میں کسی کو ڈسچارج کرنے سے پہلے یہی لکھتے ہیں کہ چونکہ ارتکاب جرم کا ثبوت نہیں پایہ کہ الزام ثابت نہیں یا یہ کہ شہادت کافی نہیں یا یہ کہ وجوہاتِ استغاثہ اطمینان کے لائق نہیں اس لئے ملزم ڈسچارج کیا جاتا ہے یعنے رہا کیا جاتا ہے۔ اب دیکھو کہ اس رہائی کی بنا عدم ثبوت قرار دیتے ہیں اس لئے ڈسچارج کے لفظ کا ترجمہ ایسے لفظ کے ساتھ ہونا چاہیئے جس سے یہ شرطی رہائی سمجھی جاتی ہے اور وُہ بَری کا لفظ ہے۔ لہٰذا یہ بات ایک امر محقق اور فیصلہ شدہ اور قطعی اور یقینی ہے کہ ڈسچارج کا ترجمہ بَری ہے اور ایکوٹ کا ترجمہ مُبرّہ۔ اور یہی منشاء قانون بنانے والوں کا تھا۔ جس کو ترجمہ کرنے والے تصریح سے بیان نہیں کر سکے۔ یہ فرق یاد رکھنے کے لائق ہے کہ بَری وُہ ہے جس پر جُرم ثابت نہیں اور اُس کے مجرم ٹھہرانے کے لئے کوئی وجہ پیدا نہیں ہوتی اور مُبرّہ وُہ ہے جو اُس کے مجرم ٹھہرانے کے لئے وجوہ پیدا تو ہوئیں مگر صفائی کے وجوہ نے اُن کو توڑ دیا۔ اور اُن پر غالب آگئیں۔ تو اب کیا انصاف ہے کہ ایسے شخص کے لئے جس کا ابتدا سے ہی دامن پاک نظر آتا ہے اور اُس کے مُلزم کرنے کے لئے کوئی وجہ پیدا ہی نہیں ہوئی صرف رہا شدہ نام تجویز کیا جائے اور اُسکی پاکدامنی کے نُور کی طرف جو باوجود مخالفانہ کوششوں کے بجھ نہ سکا۔ کچھ بھی التفات نہ ہو۔ اور کچھ بھی اِس کا اظہار نہ کیا جائے۔ بلکہ بلاشبہ انصاف کی رُوح یہ چاہتی ہے کہ ہر ایک کو اُس کا حق دیا جائے۔ سو جس شخص کی ایسی نیک چلنی ہے جو اُسپر حملہ کرنے کی ہی راہ بند ہے اُس کو عام معنوں کے

لحاظ سے صرف رہا شدہ کہنا سخت ظلم ہے۔ کیا اُس کو کسی نے احسان کے طور پر رہا کیا؟ وُہ تو اپنی ذاتی پاکدامنی کی وجہ سے بیجا حملوں سے محفوظ رہا یہانتک کہ حملہ کی آگ اُسکو چھُو بھی نہ سکی۔ اور وُہ تو ایک طرح سے دُوسری قسم کے بَری ہونے والے سے اپنی اعلیٰ درجہ کی نیک چلنی کی وجہ سے برتر اور اعلیٰ رہا۔ کیونکہ دُوسری قسم کے بَری پر جو انگریزی میں ایکٹِٹ کہلاتا ہے یہ زمانہ آگیا کہ وہ مجرم قرار دیا گیا اور اُسپر فردِ قرارداد لگایا گیا اور شاید وُہ ایک مُدت تک حوالات میں بھی رہا۔ اور شاید اُس کو ہتھکڑی بھی پڑی۔ مگر یہ شخص جو ڈِسچارج کیا گیا۔ اِس کی نیک چلنی کی چمک نے اُن تمام ذِلتوں سے اُسکو محفوظ رکھا۔ لہٰذا قانون کے وضع کرنے والوں پر یہ تہمت کرنا کہ اُنہوں نے اِس قسم کی بریت کو محض رہائی تصوّر کیا اور کچھ بھی عزّت نہ دی۔ ایک قابلِ شرم بدگمانی ہے۔ ہاں ہم یہ ضرور کہیں گے کہ وہ زبان کے نامکمّل ہونے کی وجہ سے یا کسی اور باعث سے اپنی زبان کے لفظ کو جو ڈِسچارج ہے واقعی اور صحیح ترجمہ کے پیرایہ میں جس میں حقدار کو اپنا حق پہنچتا تھا ادا نہیں کرسکے۔ اور یہ ایک غلطی ہے جو قلتِ تدبّر سے ظہور میں آئی اور احتمال قوی ہے کہ انگریزی میں صرف ان کو ایسا لفظ ملا جو فقط رہائی کے معنی دیتا تھا۔ سو یہ انگریزی زبان کا قصور ہے جو اُنکے آگے ایسا لفظ پیش نہ کرسکی جو اُنکے مقصود اور منشاء کو پُورے طور پر ادا کرسکتا۔ مگر ہمیں اُن کی منصفانہ طبیعت سے اُمید ہے کہ جب کبھی اُنھیں اِس غلطی پر اِطّلاع ہوگی تو اِسکی اصلاح ضرور کردیں گے۔

ہمارے اِس تمام ثبوت سے جو ہم نے اِس جگہ پیش کیا ہے۔ ہر ایک منصف اور ایماندار معلوم کرلیگا کہ جو شیخ محمد حسین بٹالوی نے محض جھوٹی شیخی کے اظہار کیلئے میری نسبت شائع کیا ہے کہ گویا میں اِس مقدمہ میں کہ جو منشی محمد بخش ڈپٹی انسپکٹر

بٹالہ نے اُٹھایا تھا بُری نہیں ہُوا۔ یہ کس قدر غلط اور خلاف واقعہ ہے۔ ماسوا اس کے اگر فرض محال کے طور پر قبول بھی کرلیں کہ ڈسچارج کے معنے بُری نہیں ہیں اور جو کچھ انگریزی ڈکشنریوں میں اس لفظ کے معنے بُری لکھے ہیں انھوں نے جھوٹ بولا ہے۔ پھر بھی محمد حسین کی یہ سخت بدقسمتی ہے کہ جس مطلب کے لئے اُس نے یہ تمام تانا بانا قانون کی اصل منشاء کو چھوڑ کر بلکہ خدا تعالیٰ کی پاک کلام قرآن شریف کو چھوڑ کر بنایا تھا۔ وہ مطلب تب بھی اُسکو حاصل نہیں ہوسکتا کیونکہ اس منصوبہ بازی سے اصل مطلب اُس کا یہ تھا کہ تا کسی طرح لوگوں کے دلوں میں یہ جما دے کہ یہ پیشگوئی پوری نہیں ہوئی۔ کیونکہ ڈسچارج کئے گئے ہیں نہ بَری۔ اس مطلب سے وُہ ہر طرح پر ناکام اور نامُراد ہی رہا۔ کیونکہ وہ پیشگوئی جو رسالہ حقیقت المہدی کے صفحہ ۱۲ میں لکھی گئی ہے اُس میں بریّت کا لفظ نہیں ہے۔ بلکہ سلام کا لفظ ہے جس کے یہ معنے ہیں کہ دشمنوں کے اُس حملہ سے اور اُن کی اُس بدغرض سے جو اس حملہ کی موجب ہُوئی محفوظ رکھا جائے گا۔ جیسا کہ صفحہ ۱۲ کی وہ عبارت یہ ہے۔ ” یأتیك نصرتی انّی انا الرّحمٰن۔ یا ارض ابلعی ماءك۔ غیض الماء و قُضی الامر۔ سَلامٌ قولًا من ربّ رّحیم۔“ یعنے اس مقدمہ میں میری مدد تجھے پہنچے گی۔ اور مَیں جو رحمان ہوں رحمت کرونگا۔ اے زمین اپنا پانی نگل جا۔ پانی خشک کیا گیا یعنے شکایتوں کا کچھ اثر باقی نہ رہا۔ اور مقدمہ کا فیصلہ ہوگیا اور وُہ فیصلہ یہ ہے کہ سَلامٌ قولًا من ربّ رّحیم۔ یعنے سلامتی ہوگی اور کوئی ضرر نہیں پہنچے گا۔ یہ خدا کا فرمودہ ہے جو پروردگار مہربان ہے۔ یعنے یہ پیشگوئی ہرگز خطا نہیں جائے گی۔ کیونکہ خدا کی طرف سے ہے۔ اَب دیکھو کہ اس جگہ سَلام کا لفظ پیشگوئی میں ہے جس کے یہ معنے ہیں کہ جو مقدمہ اُٹھانے سے نقصان رسائی کا ارادہ کیا گیا ہے اور اسپر

ناخنوں تک زور لگا یا گیا پھر اِس ارادہ میں مخالف ناکام رہیں گے۔ اور آخر تم سلامت بچ کر چلے آؤ گے۔ اِس جگہ بریّت کا لفظ ہی نہیں۔ چونکہ اللہ تعالیٰ جانتا تھا کہ یہ ظالم شیخ جو حد سے بڑھ گیا ہے اِس پیشگوئی کے چھپانے کے لئے بھی بریّت کے لفظ میں بیہودہ جھگڑا کرے گا۔ سو اُس نے اِس پیشگوئی میں بریّت کا لفظ نہ کہا بلکہ بجائے اِس کے سلام کا لفظ رکھدیا۔ اب غور سے دیکھو کہ اگر چہ اِس مخالفت میں قرآن شریف محمد حسین کو سراسر کاذب اور خائن ٹھہراتا ہے* اور اِس مقدمہ میں جس بنا پر کہ مَیں چھوڑا گیا ہوں میرا نام بَری رکھتا ہے۔ مگر باوجود ایسی کُھلی کُھلی فتح کے اگر فرض محال کے طور پر یہ مان بھی لیں کہ شیخ محمد حسین اِس مقدمہ میں مجھے بَری نہ قرار دینے میں سچا ہے۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ صریح جھوٹا ہے۔ لیکن پھر بھی وُہ اپنے اصل مقصود سے بے نصیب ہے۔ کیونکہ پیشگوئی میں جس کو ہر ایک شخص حقیقت المہدی کے صفحہ ۱۲ اور سطر ۱۱ میں پڑھ سکتا ہے۔ بَری کا لفظ موجود نہیں ہے بلکہ سلام کا لفظ ہے جو عزّت اور جان کے سلامت رہنے پر دلالت کرتا ہے۔

* مَیں محمد حسین کو کچھ الزام نہیں دیتا اور نہ مجھے کچھ ضرورت ہے کہ اُس کو کاذب اور خائن کہوں۔ مگر خدا تعالےٰ کا کلام قرآن شریف جس پر وہ ایمان لانے کا دعویٰ کرتا ہے اس کو کاذب اور خائن ٹھہراتا ہے۔ کاذب اِس لئے کہ خدا تعالےٰ اِس صورت کے مقدمہ میں جیسا کہ یہ مقدمہ ہے جس بنا پر کہ فیصلہ پایا شخص رہا شدہ کا نام بَری رکھتا ہے۔ اور محمد حسین اِس نام کی نفی کرتا ہے۔ سو محمد حسین اگر چاہے تو آپ اقرار کر سکتا ہے کہ ہر ایک شخص جو قرآن کے بیان کے مخالف کچھ بیان کرے وُہ کاذب ہے۔ اور خائن اِس لئے ہے کہ محمد حسین نے مولوی اور اہلِ علم کہلا کر ایک کُھلے کُھلے حق کو چھپایا ہے۔ اور اِس سے بڑھ کر اور کوئی خیانت نہیں کہ جس حق الامر کو خود قرآن ظاہر کر چکا ہے اُس کو چھپایا جائے۔ منہ

اور پھر اس پیشگوئی کے ساتھ دو پیشگوئیاں اور ہیں یعنے اسی صفحہ ۱۲ کی سطر ۱۲ اور ۱۳ میں جس کی عبارت یہ ہے۔ اناتجالدنا فانقطع العدوّ و اسبابہ۔ یعضّ الظالم علیٰ یدیہ ویُوثق۔ یعنے ہم مخالف سے تلوار کے ساتھ لڑے۔ یہانتک کہ مخالف ٹوٹ گیا یعنے اس کے ہاتھ کچھ باقی نہ رہا۔ اور اُس کے تمام اسباب بھی ٹوٹ گئے۔ اور ظالم یعنے محمد حسین اپنے ہاتھ کاٹے گا اور اپنی شرارتوں سے روکا جائے گا۔ اب دیکھو یہ کس قدر عظیم الشان پیشگوئی ہے جس میں خبر دیگئی کہ مقدمہ اُٹھانے والے اپنی کوششوں میں نامُراد رہیں گے۔ اور انکے تمام وجوہ مقدمہ جو بنائے گئے تھے ٹوٹ جائیں گے۔ اور نیز اس میں خبر دی گئی ہے کہ محمد حسین بدزبانی کرنے اور کرانے سے بند کیا جائے گا۔ اور آئندہ اُس کی گندی اور ناپاک تحریروں کا خاتمہ ہو جائے گا۔ یاد رہے کہ یہ شخص بدگوئی میں حد سے بڑھ گیا تھا۔ جس شخص کو اس کی گندی تحریروں پر علم ہوگا جو میری نسبت اور میرے اہلبیت آل رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت اس شیخ بے ادب تیز مزاج نے سراسر ظلم اور ناحق پسندی کی خصلت سے اشاعۃ السنّۃ میں شائع کی ہیں یا جعفر زٹلی کے اخبار میں شائع کرائی ہیں۞ جو اسوقت تک میرے پاس موجود ہیں اور نیز مثل مقدمہ میں شامل ہو چکی ہیں۔ اس کا دل بول اُٹھے گا کہ اس شخص کی نوبت کہانتک بدزبانی میں پہنچی تھی۔ اور پھر کیسی اس پیشگوئی کے مطابق اس قابلِ شرم بے حیائی اور دریدہ دہنی سے بند کیا گیا ہے۔ کس کے علم میں تھا کہ یہ گندہ دہنی اور بدزبانی کا سلسلہ اس طرح پر بند کیا جائے گا۔ مَیں یقین رکھتا

۵۶

۞ اگرچہ نوٹس کے بعد حال تک محمد حسین نے اپنا مُنہ بند کر لیا ہے۔ مگر بدزبانی کی کارروائی اُسکا دوست جعفر زٹلی نوٹس کے بعد برابر کر رہا ہے۔ دیکھو اخبار خادم الہند لاہور ۱۵ ستمبر ۱۸۹۹ء اور ایسا ہی اخبار جعفر زٹلی لاہور۔ منہ

ہوں کہ ہر ایک شریف جس کی فطرت میں نقص نہ ہو۔ اور جس کے نیک گوہر میں کچھ کھوٹ نہ ہو اور جس کے نجیب الطرفین ہونے میں کچھ خلل نہ ہو۔ وہ کبھی اس بات پر راضی نہیں ہوگا کہ معزز شرفاء کے بارے میں اور سادات کی شان میں اور اُن پاکدامن خاتونوں کی نسبت جو خاندان نبوّت میں سے اور اہلبیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں سے ہیں ایسی گندی گالیاں اور ناپاکی سے بھرے افترا منہ پر لاوے۔ اور دُنیا میں کسی قوم میں کوئی ایسا شریف نہیں ہے کہ اگر وہ تمام گندے کاغذ جن کا نام اشاعۃ السُّنّۃ اُس نے رکھا ہے مع اُن اخباروں کے پرچوں کے جو وقتاً فوقتاً اس شخص کے دوست ہم جنس جعفر زٹلی نے نکالے جن میں یہ گندی باتیں ہیں اُسکے سامنے رکھی جائیں تو وہ یہ رائے ظاہر کرسکے کہ کوئی بھلا مانس اور نیک فطرت اور نیک اصل اور متقی اور شریف ایسی تحریروں کو رَوا بھی رکھ سکتا ہے۔ قطع نظر اس سے کہ اُس کے ہاتھ سے یہ کلمات شائع ہوں۔ تمام تحریریں اِس شخص اور اِس کے دوست جعفر زٹلی کی موجود ہیں جسوقت کوئی مانگے مَیں پیش کرسکتا ہوں۔ یہی شخص ہے جو فرقہ موحدین کا ایڈووکیٹ کہلاتا ہے۔ پس جبکہ اِس فرقہ کے ایڈووکیٹ کے یہ حالات ہیں تو اُن لوگوں کے حالات جن پر اس کا اثر ہے خود قیاس کرلیں۔ مَیں اس شخص کی سخت بدزبانیوں اور گندہ دہنیوں سے سخت مظلوم اور ضرر رسیدہ ہوں۔ مَیں چاہتا ہوں کہ کسی تقریب سے پھر عدالت ان کاغذات پر غور کرے جو مثل میں شامل ہوچکے ہیں جو اِس شخص کے طریق اور رویّہ کا نمونہ ہیں۔

مَیں اِس سے زیادہ نہیں کہونگا۔ اور اب مخالفوں میں سے کس دل پر مجھے اُمید ہوسکتی ہے کہ وہ ان تمام گندے اور فحش اور بدزبانی کے الفاظ پر اطلاع پاکر کلمۃ الحق کہے۔ میرا تمام شکوہ خدا تعالیٰ کی جناب میں ہے اور مجھے اس پر

ایمان ہے کہ من یعمل مثقال ذرۃ خیرًا یرہ۔ ومن یعمل مثقال ذرۃ شرًا یرہ۔[1]

اب اس جگہ اس تحریر سے صرف یہ مقصود ہے کہ کس اعلیٰ درجہ کی یہ پیشگوئی ہے کہ قبل اسکے کہ کچھ بھی علم ہو کہ مجسٹریٹ کا اخیر حکم کیا ہوگا۔ خدا تعالےٰ نے اپنے پاک الہام کے ذریعہ سے اُس حکم سے ایسے وقت میں اطلاع دیدی کہ مَیں یقین رکھتا ہوں کہ اُسوقت خود مجسٹریٹ کو بھی معلوم نہ ہوگا کہ مَیں یہ حکم دُونگا اور پھر اس بات سے بھی اطلاع دیدی کہ جو استغاثہ کے کارکنوں نے میرے ماخوذ کرانے کے لئے اسباب اور وجوہ اکٹھے کئے تھے وہ بیکار جائیں گے اور خدا مجھے ان سے بچالیگا۔ اور پھر اس الہام کی چودھویں سطر میں یہ بھی پیش از وقت بیان کیا گیا ہے کہ ان لوگوں کے مُنہ کالے ہوں گے جن کی یہ مُراد تھی کہ یہ شخص پکڑا جائے اور اس کو عدالت سے سزا ہو۔ اور خدا اُنپر فتح بخشے گا۔ چنانچہ الہام کے یہ لفظ ہیں۔ شاھت الوجوہ انّہ من اٰیۃ اللّٰہ و انّہ فتح عظیم۔ یعنے مُنہ کالے ہونگے یہ خُدا کا نشان ہے اور فتح عظیم ہے۔

اب انصاف کرکے دیکھو کہ اِسسے زیادہ اور کیا پیشگوئی ہوگی کہ حاکم مجوّز مقدمہ کا منشاء جو قبل از وقت خود حاکم کو بھی معلوم نہیں ہوتا وُہ اس میں اخیر حکم سے پہلے بتلایا گیا ہے۔ ہاں اگر یہ کہو کہ ممکن ہے کہ یہ تمام الہامات حکم کے بعد لکھے گئے ہوں تو اِسکے ثبوت کے لئے یہ کافی ہے کہ میری یہ کتاب حقیقت المہدی حکم اخیر سے پہلے شائع ہو چکی تھی اور خود ایک نسخہ گورنمنٹ میں پہنچ چکا تھا چنانچہ سرکاری رجسٹروں سے اِس بات کا کامل ثبوت مل سکتا ہے۔ دُوسرے ایک یہ بھی ثبوت ہے کہ حکم اخیر سے پہلے عین عدالت کے کمرہ میں مَیں نے یہ کتاب اپنے وکیلوں مسٹر برون صاحب اور مولوی فضلدین صاحب پلیڈر ان ۲۰۱

[1] الزلزال: ۸-۹

	چیف کورٹ کو دی تھی اور انہوں نے پڑھ کر کہا تھا کہ یہ پیشگوئی صفائی سے پوری ہوگئی۔ چنانچہ مسٹر بروں صاحب اور مولوی فضلدین صاحب حلفاً گواہی دے سکتے ہیں کہ انکو پیش از وقت اِس پیشگوئی پر اطلاع ملی۔
۶۰	جب میرے پر ٹیکس لگایا گیا اور اسپر عُذرداری کی گئی تو ہم چھوٹی مسجد میں جو ہماری کھڑکی کے ساتھ ہے بیٹھ کر کل آمدن اور خرچ کا حساب کر رہے تھے اور مولوی محمد علی صاحب ایم اے اور ایسا ہی کئی اور جماعت کے لوگ وہاں موجود تھے۔ اور خواجہ جمال الدین صاحب بی اے اور مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی کاغذات حساب آمد و اخراجات کے متعلق کچھ دیکھ رہے تھے تو اُسوقت مجھ پر ایک کشفی حالت طاری ہو کر دکھایا گیا کہ ہندو تحصیلدار بٹالہ جسکے پاس یہ مقدمہ ٹیکس کا تھا بدل گیا۔ اور اسکے عوض مَیں نے ایک اَور شخص کرسی پر بیٹھے دیکھا جو مُسلمان تھا۔ اور اِس کشف کے ساتھ بعض امور ایسے ظاہر ہوئے جو نیک انجام اور فتح کی بشارت دیتے تھے۔ تب مَیں نے اُسی وقت یہ کشف حاضرین کو سُنا دیا۔ اور اُن کو پُورے طور پر تسلّی دی کہ اِس مقدمہ کا انجام بخیر ہوگا اور کسی ایسے آدمی مسلمان کے یہ کام سپرد ہوگا کہ وہ انصاف کو ملحوظ رکھ کر پُوری تفتیش کر دیگا۔ چنانچہ اس کے بعد ایسا ہوا کہ ہندو تحصیلدار یکایک بدل گیا۔ اور اُسکی جگہ میاں تاج الدین صاحب جو اَب تحصیلدار بٹالہ ہیں آئے۔ اور انہوں نے نیک نیتی اور آہستگی اور انصاف اور پُوری کوشش اور تفتیش سے اصل حقیقت کو دریافت کر لیا۔ اور جو کچھ تحقیقات کی رُو سے حق حق انکو معلوم ہُوا بذریعہ رپورٹ صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر ضلع گورداسپورہ مسٹر ڈیکسن صاحب کی خدمت میں اطلاع دیدی۔ اور نیک اتفاق یہ ہُوا کہ صاحب موصوف بھی

	زیرک اور انصاف پسند اور نیک نیّت تھے۔ اُنہوں نے لکھ دیا کہ مرزا غلام احمد کا ایک شہرت یافتہ فرقہ ہے جن کی نسبت ہم بدظنی نہیں کر سکتے۔ یعنے جو کچھ عُذر کیا گیا ہے۔ وہ واقعی اور درست ہے۔ اِس لئے ٹیکس معاف اور مثل مقدمہ داخل دفتر ہو۔ یہ ایک ایسی پیشگوئی تھی کہ قبل از انجام مقدمہ ایک جماعت کثیر کو سُنا دی گئی تھی کیونکہ ہمارے یہاں پیشگوئیوں کے لئے یہ ایک قاعدہ مقرر ہو چکا ہے کہ جو کچھ خدا تعالیٰ کی طرف سے پیشگوئی کے طور پر ظاہر ہوتا ہے فی الفور تمام جماعت کو اس سے اطلاع دیجاتی ہے اور جو لوگ حاضر نہیں ہوتے اُن کو بذریعہ خطوط مطلع کیا جاتا ہے۔ سو ایسا ہی اس پیشگوئی میں بھی کیا گیا۔ تمام وہ معزز مخلصین زندہ موجود ہیں جن کو یہ پیشگوئی سُنائی گئی تھی۔ اور وہ حلفاً اِس کی تصدیق کر سکتے ہیں۔
۶۱	شروع اکتوبر ۱۸۹۷ء میں مجھکو دِکھایا گیا کہ مَیں ایک گواہی کے لئے ایک انگریز حاکم کے پاس حاضر کیا گیا ہوں۔ اور اُس حاکم نے مجھ سے پوچھا کہ آپ کے والد کا کیا نام ہے۔ لیکن جیساکہ شہادت کے لئے دستور ہے مجھے قسم نہیں دی۔ اور پھر ۱۲۔ جمادی الاوّل ۱۳۱۵ھ میں مطابق ۸ر اکتوبر ۱۸۹۷ء مجھے خواب میں دِکھایا گیا کہ اس مقدمہ کا سپاہی آگیا ہے چنانچہ ایسا ہی ظہور میں آیا جیساکہ یہ خواب دیکھی تھی۔ اور سپاہی ایک سمن لیکر آیا اور معلوم ہؤا کہ ایڈیٹر اخبار ناظم الہند ساکن لاہور نے مجھے گواہ لکھوا دیا ہے۔ جس پر مولوی رحیم بخش پرائیویٹ سکریٹری نواب بہاولپور نے لائبل کا مقدمہ مُلتان میں کیا تھا۔ اور مَیں نے گواہی کے لئے مُلتان میں ہی جانا تھا۔ پس جب مَیں حسب ہدایت اس سمن کے مُلتان میں پہنچا اور عدالت میں گواہی کے لئے حاضر

ہُوا۔ تو جیساکہ خواب میں دیکھا تھا سب کچھ ویسا ہی ظہور میں آیا۔ اور حاکم کو
کچھ ایسا سہو ہوگیا کہ وُہ مجھے قسم دینا بھول گیا۔ اور جب میرا اظہار ہو چکا تو
اُسوقت اُسکو قسم دینا یاد آیا اور فرض قانون پُورا کرنے کے لئے پھر مجھ سے
قسم لی۔ اِس نشان کے کچھ ایک دو گواہ نہیں بلکہ ایک گروہ کثیر میری جماعت کے
لوگوں کا گواہ ہے۔ جن میں سے خواجہ کمال الدین صاحب بی اے پلیڈر۔ اور
مولوی محمد علی صاحب ایم اے پلیڈر۔ اور اخویم مولوی حکیم نورالدین صاحب اور
اخویم مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی ہیں۔ اب دیکھتے جاؤ اور غور کرتے
جاؤ کہ کیا یہ انسان کے کام ہیں اور کیا کسی سچے اہلِ فراست کے دل میں گذر سکتا
ہے کہ جو لوگ صدہا کوس سے ہدایت پانے کے لئے میرے پاس آتے ہیں اور
سچائی کی تلاش میں صدہا روپیہ میری رضامندی کے لئے خرچ کرتے ہیں۔ اور
میرے لئے اپنے عزیزوں اور خویشوں اور دوستوں کو چھوڑ بیٹھے ہیں۔ وہ
اس گندی اور پلید کارروائی کو مجھ سے دیکھ کر کہ مَیں جھوٹے گواہ انکو قرار
دُوں۔ اور جھوٹ بولنے کے لئے اُن کو مجبور کروں۔ پھر بھی یہ تمام گند دیکھ کر
صدق دِل سے میرے ساتھ رہ سکیں اور اپنے مالوں کو میری راہ میں فدا کرنے
کے لئے طیار رہوں۔ اور اپنی جانوں کو میرے لئے مصیبت میں ڈالیں اور اپنی
عزت کو خاک میں ملادیں۔ آخر آپ لوگ بھی تو انسان ہیں۔ کیا آپ لوگوں کا
کانشنس یہ فتویٰ دیتا ہے کہ آپ لوگ اپنے کسی گرُو یا پیر کی ایسی تعلیم کے
بعد جو سراسر بدکاری اور افترا اور دروغ بافی پر مبنی ہو پھر اُسکو مقدس ‎۸۸
اور راستباز قرار دیں۔ اور وُہ آپ سے جھوٹی گواہیاں دِلانا چاہے تو اُسکو
خواہ نخواہ وَلی اور کراماتی بنانے کے لئے جھوٹ بھی بول دیں۔ اور پھر
اُس کی ایسی خبیث کارروائیوں کے ساتھ اُس کو اچھا آدمی سمجھتے رہیں۔

پس جبکہ تم اپنے نفسوں کو ایسا نہیں پاتے تو پھر کیوں دُوسروں پر اِس قدر بدگمانی کرتے ہو کہ وہ ایسے احمق اور دیوانے ہوگئے ہیں کہ وُہ میرے لئے قرآن شریف اٹھا کر اور بصُورت کذب اپنے فرزندوں کی ہلاکت کی دُعا کر کے میرے لئے گواہی دیں۔ اور ایسے آدمی نہ ایک نہ دو بلکہ کئی ہزار ہوں کبھی دُنیا میں ہوا یا ہوسکتا ہے کہ صدہا معزّزین نے جو اہلِ علم اور اہلِ عقل اور اہلِ مرتبہ ہوں اپنے کسی ایسے گرو یا پیر کے لئے جو بات بات میں دروغگو اور مُفتری اور کذّاب ہو اِس طرح پر اپنے ایمان کو برباد کیا ہو۔ سو بھائیو۔ کچھ تو سوچو۔ کچھ تو خدا تعالےٰ کے لئے خوف کرو۔ خدا کی رحمت سے کیوں ناامید ہوتے ہو۔ یقیناً سمجھو کہ اگر یہ انسان کا کاروبار ہوتا تو ایسے مُفتری انسان کو ہرایک پہلو سے کبھی مدد نہ پہنچ سکتی۔ کیا تمہیں طاقت ہے کہ جن ثبوتوں اور شائع شدہ تحریروں اور حلفی شہادتوں کے ساتھ یہ نشان ثابت ہوگئے ہیں اِسکی نظیر اِسی تعداد اور کیفیت کے ساتھ پیش کرسکو۔ دیکھو میں تمہیں پہلے سے کہتا ہوں کہ تم ہرگز نہیں پیش کرسکو گے اگرچہ تم تدبیریں کرتے کرتے مر بھی جاؤ۔ کیونکہ تمہارے ساتھ خدا نہیں ہے اور تمہاری دُعائیں آسمان پر نہیں جاتیں۔ پس سوچو کہ وہ اعجاز اور کیا ہوتا ہے۔ یہی تو ہے کہ تم کروڑوں ہوکر ایک شخص کے مقابل پر عاجز ہو۔ قرآن کو کھول کر دیکھو کہ وُہ جو سچّا اور قادر خدا ہے وہ مومنوں کو وعدہ دیتا ہے کہ ہمیشہ اُن کا غلبہ ہوگا۔ مگر تمہارا فرضی خدا کیسا خدا ہے کہ ہرایک مَیدان میں تمہیں شرمندہ کرتا ہے۔ اُس نے تمہیں خاک میں ملا دیا اور تمہاری کچھ بھی مَدد نہ کی۔ دیکھو تم اِس بات کو کب چاہتے تھے کہ زمین پر ایسے بڑے نشان میرے ہاتھ سے ظاہر ہوں جن کا تم مقابلہ نہ کرسکو۔ اور تم اِس بات کو کب چاہتے تھے کہ آسمان پر میری تصدیق کے لئے رمضان میں خسوف کسوف ہو

یعنے روزوں کے مہینے میں چاند گرہن اور سُورج گرہن ہو۔ مگر تمہاری بدقسمتی سے یہ دونوں باتیں ظہور میں آگئیں ۔ اگر خدا تمہارے ساتھ ہوتا تو یہ متواتر ندامتیں تمہیں کیوں پہنچتیں ۔ میرے نشانوں کے لئے اِس سے زیادہ اور کیا ثبوت ہوگا کہ کم سے کم ہزار متدین نیک چلن میری جماعت میں سے قسم اٹھاکر اور قرآن شریف ہاتھ میں لیکر یہ گواہی دے سکتے ہیں کہ اُنہوں نے میرے نشان اپنی آنکھوں سے دیکھے ہیں۔ اور اگر میری جماعت سے قطع نظر کرکے اَور لوگوں کی گواہیاں بھی طلب کی جائیں جو میری جماعت میں سے نہیں ہیں بلکہ بعض ہندو اور بعض عیسائی اور بعض سکھ اور بعض مخالف العقیدہ مسلمان ہیں تو مَیں اِس بات کا ثبوت دے سکتا ہوں۔ بلکہ خدا تعالیٰ کی قسم کھاکر یہ بات کہتا ہوں کہ اگر وُہ تمام گواہ عرفات کے میدان میں کھڑے کئے جائیں جو میرے نشانوں کے مشاہدہ کے گواہ ہیں یعنے اُس میدان میں کھڑے کئے جائیں جہاں بیت اللہ کے حج کرنے کے دنوں میں دُنیا کے تمام حاجی کھڑے ہوتے ہیں تو وُہ تمام میدان اُن گواہوں سے بھر جائے اور بہت سے باقی رہیں جو اُس میں سما نہ سکیں۔ تو اب بتاؤ کہ کیا اِس سے بڑھ کر دُنیا میں کوئی ثبوت ہوسکتا ہے۔ اور بیان کرو کہ اب اِس بات میں کونسی کسر باقی رہ گئی کہ مَیں خدا کی طرف سے ہوں۔ براہین احمدیہ میں یہ الہام موجود ہے کہ خدا آسمان سے بھی نشان دِکھلائے گا اور زمین سے بھی۔ سو اَب خدا کے لئے کھڑے ہوجاؤ اور گواہی دو کہ اس الہام کے مطابق جو میرے ان تمام نشانوں سے ایک زمانہ دراز پہلے بلکہ بیس برس کے قریب پیشتر شائع ہوچکا ہے کیسے کیسے رُعبناک خدا نے نشان دِکھلائے۔ آسمان پر سُورج اور چاند کو رمضان کے مہینے میں تاریک کیا۔ تا حدیث کی پیشگوئی کے رُو سے انسانوں پر حجت پُوری کرے اور زمین پر

بعض دُعائیں لوگوں کی عافیت کے لئے یا بد زبان لوگوں کے عذاب کے لئے منظور فرمائیں تا مستجاب الدّعوات ہونا جو ولایت کی نشانی ہے بپایۂ ثبوت پہنچ جاوے۔

بعض نامنصف جن کو خدا تعالیٰ کا خوف نہیں خدا کے بندوں کو دھوکہ دینے کیلئے بے سرو پا افترا شائع کرتے ہیں جن سے اُن کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ میرے دعویٰ مسیح موعود کی کسرِ شان کریں۔ مثلاً وہ کہتے ہیں کہ کسی زمانہ میں فلاں شخص نے بھی مہدی یا مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کیا تھا اور اِس سے غرض یہ ہوتی ہے کہ تا میرے دعوے کو لوگوں کی نظر میں خفیف اور ہیچ ٹھہرا دیں۔ لیکن ان لوگوں میں اگر کچھ بھی حق پسندی اور انصاف کا مادہ ہوتا۔ تو یہ لوگ سوچتے کہ بے ثبوت دعویٰ کیا وقعت رکھ سکتا ہے۔ اگر فرض کے طور پر مان بھی لیا جائے کہ مجھ سے پہلے کسی زمانہ میں کسی نے مسیح موعود یا مہدی ہونے کا دعویٰ کیا تھا۔ یا اب کرتا ہے تو ایسے بے ثبوت دعوے تو خدا تعالیٰ کے اُن نبیوں کے زمانہ میں بھی ہوتے رہے ہیں جن کی نبوّت کو یہ لوگ مانتے ہیں۔ لیکن اُن دعووں کی سچائی کی نہ آسمان نے گواہی دی اور نہ زمین نے۔ اور وہ لوگ بہت جلد ذلیل اور تباہ ہوگئے اور انکی جماعتیں متفرق ہوگئیں اور وُہ پاک نبیوں کی طرح نشان نہ دِکھلا سکے۔ پس اگر سچائی کی عزّت اور عظمت میں ایسی بیہودہ نکتہ چینیوں سے کچھ خلل آسکتا ہے تو
پھر نعوذ باللہ کسی نبی کی نبوّت اور کسی رسول کی رسالت قائم نہیں رہ سکتی۔ ص۸۹
کیونکہ ایسا تو کوئی بھی نبی نہیں جس کے مقابل پر جھوٹوں نے دعوے نہ کئے ہوں۔ پس ایسے اعتراض محض جہالت اور تعصّب سے پیدا ہوتے ہیں۔ ہاں جو شخص دِل کے اخلاص سے سچائی کا طالب ہے اُس کا یہ حق ہے کہ اپنے دِل کی تسلی

کے لئے آسمانی نشان طلب کرے۔ سو اِس کتاب کے دیکھنے سے ہر ایک طالبِ حق کو معلوم ہوگا کہ اِس بندۂ حضرت عزّت سے اُسی کے فضل اور تائید سے اِسقدر نشان ظاہر ہوئے ہیں کہ اِس تیرہ سَو برس کے عرصہ میں افرادِ اُمّت میں سے کسی اور میں انکی نظیر تلاش کرنا ایک طلب محال ہے۔ مثلاً انہی نشانوں کو جو اِس کتاب تریاق القلوب میں بطور نمونہ بیان کئے گئے ہیں ذہن میں رکھکر پھر ہر ایک چشتی قادری نقشبندی سُہروردی وغیرہ میں انکی تلاش کرو۔ اور تمام وہ لوگ جو اِس اُمّت میں قطب اور غوث اور ابدال کے نام سے مشہور ہُوئے ہیں۔ انکی تمام زندگی میں ان کی نظیر ڈھونڈھو۔ پھر اگر نظیر مل سکے تو جو چاہو کہو۔ ورنہ خدائے غیور اور قدیر سے ڈرکر بیباکی اور گستاخی سے باز آجاؤ۔ عجب نہیں کہ بعض جاہل اِسجگہ یہ کہیں کہ وہ کرامتیں جو ہمارے مشائخ اور پیروں کی مشہور ہیں اِس شخص نے کہاں دکھلائی ہیں۔ جیسا کہ حضرت سیّد عبدالقادر رضی اللہ عنہ نے بارہ برس کی کشتی غرق شدہ دریا میں سے نکالی۔ یعنے تمام لوگوں کو جو دریا میں مر چکے تھے نئے سرے زندہ کیا۔ اور ایک مرتبہ فرشتہ ملک الموت حضرت موصوف کے کسی مُرید کی جان نکالکر لے گیا تھا تو آپنے اُس مُرید کی ماں کی گریہ وزاری پر رحم کرکے فی الفور آسمان کی طرف پرواز کیا۔ اور ابھی فرشتہ پہلے آسمان تک نہیں پہنچا تھا کہ آپ نے اُسکو پکڑلیا اور اُس سے اپنے مُرید کی رُوح واپس دینے کے لئے درخواست کی۔ تب فرشتہ نے کچھ لیت ولعل کیا تو آپ جلال اور غضب میں آگئے۔ اور ایک لاٹھی جو آپکے ہاتھ میں تھی ملک الموت کی پنڈلی پر ماری اور ہڈّی کو توڑ دیا۔ اور اُس کی زنبیل جس میں انسانوں کی جانیں بھری تھیں جو اُس دن کی کارروائی تھی چھین لی۔ اور تمام رُوحوں کو چھوڑ دیا۔ تب ساری رُوحیں اُس دن

اپنے اپنے بدنوں میں واپس آکر زندہ ہوگئیں اور اُس مُرید کی رُوح بھی بدن میں واپس آکر وہ مُرید بھی زندہ ہوگیا۔ تب فرشتہ روتا ہُوا خدا تعالےٰ کے پاس گیا اور قصہ بیان کیا اور اپنی پنڈلی ٹوٹی ہوئی دکھلائی تو خدا تعالےٰ نے فرمایا کہ تُو نے اچھا نہیں کیا کہ عبدالقادر میرے پیارے کو رنجیدہ کیا اور یہ کام تو اُس کا ایک ادنےٰ کام ہے۔ اگر وہ چاہتا تو تمام اُن رُوحوں کو جو ابتداءِ دُنیا سے مرتی چلی آئی تھیں ایک دَم میں زندہ کر دیتا۔ اور ایک روایت یہ ہے کہ جب فرشتہ نے جناب الٰہی میں رو رو کر یہ فریاد کی تو خُدا تعالیٰ نے جواب دیا کہ چُپ رہ۔ عبدالقادر اپنے کاموں میں قادرِ مطلق ہے مَیں کچھ نہیں کر سکتا۔ ایسا ہی حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ایک کرامت ہے کہ جب جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا معراج ہُوا تو آپ نُور کے صدہا پردے عبُور کر کے خدا تعالیٰ تک پہنچے صرف ایک پردہ باقی رہا تو آپ نے عرض کی۔ کہ یا الٰہی مَیں تو اِسقدر مشقت اُٹھا کر محض دیدار کے لئے آیا تھا مگر اِس جگہ ایک پردہ درمیان میں حائل ہے۔ میرے پر رحم فرما اور یہ پردہ درمیان سے اُٹھا دے تا مجھے دیدار نصیب ہو۔ تب اللہ تعالیٰ نے رحم فرما کر پردہ درمیان سے اُٹھا دیا۔ تو کیا دیکھتے ہیں کہ جس کو خُدا سمجھے بیٹھے تھے وہ حضرت علی ہی ہیں۔ پھر یہ سُنا کر کہا جاتا ہے کہ مُرتضیٰ علی کی یہ شان ہے شیخین کو اُن سے نسبت ہی کیا اور ایسی ہی اور کرامات بھی بہت ہیں جو اِس زمانہ کے جُہلاء پیش کیا کرتے ہیں۔ لیکن اِن تمام باتوں کا جواب یہ ہے کہ یہ کرامات نہیں ہیں اور نہ اثبات اشیاء کے قاعدے کی رُو سے ان کا کچھ ثبوت ہے بلکہ جاہل مُریدوں اور معتقدوں نے افترا کے طور پر یہ تمام باتیں بنائی ہیں جن میں سے بعض تو صریح کُفر ہیں۔ اور اگر بغیر کسی ثبوت کے ہر ایک رطب یابس کو یُونہی مان لینا ہے تو پھر ہندوؤں نے کیا گناہ کیا ہے کہ اُن کے دیوتاؤں کے عجائبات نہیں ملنے

جاتے۔ یہ کسقدر بڑی کرامت ہے کہ مہادیو کی لٹوں میں سے گنگا نکلی اور کرشن جی
نے کیا کیا کرشمے دکھلائے۔ لہذا یہ بات یاد رکھنے کے لائق ہے کہ ہمیشہ سے دنیا میں
یہ طبعی خاصہ ہے کہ اکثر افراد بنی آدم کے جھوٹ اور افترا اور مبالغہ کی طرف مائل
ہو جایا کرتے ہیں۔ انہی فتنوں کی وجہ سے تو شواہد عدل اور رویت کی شہادتوں
کی حاجت پڑی۔ پس ظاہر ہے کہ اگر کسی سُنّی یا شیعہ کے ہاتھ میں آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کے زمانہ کے بعد ایسے روشن ثبوتوں اور رویت کی شہادتوں کے ساتھ
جیسا کہ ہم نے اپنے نشان پیش کئے۔ کسی اپنے بزرگ کی کرامتیں ہوتیں۔ تو
اتنی مدت تک وہ ہرگز خاموش نہ بیٹھ سکتے۔ ایک زمانہ ہوا کہ ہم نے بارہا ان
لوگوں کو قسمیں دیں کہ اگر آپ لوگوں کے پاس ان نشانوں کی نظیر موجود ہے تو ضرور
پیش کیجئے۔ مگر کوئی بھی پیش نہ کر سکا۔ اور ظاہر ہے کہ بغیر ثبوت کے جو کچھ
بیان کیا جائے وہ قبول کے لائق نہیں۔ بلکہ ایسے قصے جو ناولوں کی طرح طبیعت
خوش کرنے کے لئے بنائے گئے ہیں کرامت کے نام سے موسوم نہیں ہو سکتے۔ ص ۹۰
افسوس کہ یہ ایک ایسا زمانہ ہے کہ یہ لوگ دعویٰ اور دلیل میں فرق نہیں کر سکتے۔
اور اگر کسی دعوے پر دلیل پوچھی جائے تو ایک اور دعویٰ پیش کر دیتے ہیں۔ اور
نہیں جانتے کہ دعویٰ کس کو کہتے ہیں اور دلیل کس کو۔ بھلا اگر اس سے پہلے
بھی کسی نے امام مہدی ہونے کا دعویٰ کیا ہے تو آؤ ہمیں بتاؤ ہم سننے کو طیار
ہیں کہ آسمان نے اُنکی سچائی پر کونسی گواہی دی۔ کیا کبھی اُنکے زمانہ میں بھی رمضان
میں سورج گرہن اور چاند گرہن ہوا۔ اور ثبوت دو کہ انھوں نے کون کون
نشان دکھلائے۔ اور وہ گواہ پیش کرو جنھوں نے اُس زمانہ میں اُن نشانوں کو
دیکھا اور اس بات کی تصدیق کی کہ درحقیقت اُن سے آسمانی نشان ظہور میں آئے
جن کو انہوں نے بچشم خود مشاہدہ کیا۔ لیکن بغیر ثبوت کے صرف دعووں کو پیش کرنا

محض قابلِ افسوس خیال ہے۔ ہم کب اِس سے انکار کرتے ہیں کہ شریر لوگ ہمیشہ صادقوں کے مقابل پر جھوٹے دعوے کرتے رہے ہیں۔ تحقیق طلب تو یہ امر ہے کہ ایسے مُدّعیوں نے آسمانی نشان بھی دکھلائے یا نہیں۔ مَیں نے ایسے نشان دِکھلائے ہیں کہ جنہوں نے اِس زمانہ کے علماء اور فقراء کا مُنہ بند کر دیا ہے۔ اور کوئی مخالف ان کا مقابلہ نہیں کر سکا۔ بلکہ ایک ندامت کے ساتھ چُپ رہ گئے۔ اب ذرہ بتلاؤ کہ کیا اِس سے پہلے یہ ندامت کسی کے مقابل پر کسی زمانہ میں علماء اسلام کو پیش آئی۔ بلکہ وُہی لوگ مخذول اور ذلیل ہوتے رہے جنہوں نے ایسے جھوٹے دعوے کئے۔ تو اب طبعًا یہ سوال پَیدا ہوتا ہے کہ اِس زمانہ میں علماء اسلام کو یہ خجالتیں کیوں پیش آئیں۔ یہانتک کہ نہ وہ بالمقابل قرآن شریف کے معارف بیان کر سکے اور نہ عربی زبان میں کچھ فصیح بلیغ لکھ سکے اور نہ آسمانی نشانوں کے مقابل پر کوئی نشان دکھلا سکے۔ کیا خدا مومنوں کی نصرت کرتا ہے یا کافروں کی۔ بھلا بتلاؤ تو سہی کہ قرآن شریف میں کس گروہ کی نصرت اور مدد کا وعدہ ہے اور الہامی بشریٰ کن کو انعام دیا جاتا ہے۔ کوئی اُٹھے اور ہمیں اِس بات کا ثبوت دے کہ میری طرح کبھی کوئی مُفتری اور کذاب مجھ سے پہلے کسی زمانہ میں مَیدان میں کھڑا ہوا اور اُس نے علماء وقت کے مقابل پر وُہ نشان اور وُہ تائیداتِ سماوی پیش کیں جن سے مخاطبین دنگ اور لاجواب رہ گئے۔ اور کوئی بھی ان میں سے مقابلہ میں نہ آسکا۔ بھلا اگر سچے ہو تو ایسے کسی مہدی کا نام تو بتلاؤ جس نے میری طرح تمام علماء اور فقراء اور گدی نشینوں کو مغلوب اور عاجز کیا ہو۔ اور اسکے مقابل پر ان سے کچھ بھی نہ بن پڑا ہو۔ مَیں تو اِس بات پر ایمان رکھتا ہوں کہ علماء اسلام اور فقراء اسلام اگر اپنی بحث میں راستی پر ہوں اور متقی اور پرہیزگار ہوں تو کبھی کسی سے دینی بحث اور تائید الٰہی کے امور میں

مغلوب نہیں ہوسکتے بلکہ ہمیشہ نصرت اُنہی کے لئے آسمان سے نازل ہوتی ہے۔ خدا تعالیٰ کا یہ حتمی وعدہ ہے کہ مومن جو دراصل مومن اور راستی پر ہیں ہمیشہ منصور اور مظفر رہیں گے اور کسی کافر دجّال سے نیچا نہیں دیکھیں گے تو پھر کیا سبب ہے کہ اب مومنوں نے نعوذ باللہ ایک کافر دجّال سے نیچا دیکھا۔ یعنے وہ شخص جو اُنکی آنکھوں میں کافر اور دجّال اور کذّاب ہے اس کے مقابل پر ٹھہر نہ سکے۔ دعائیں اُسی کی قبول ہوئیں۔ علم غیب اُسی کو عطا ہوا۔ آسمانی نشان اسی سے ظاہر ہوئے۔ فہم قرآن اُسی کو دیا گیا۔ خدا کی تائیدیں اُسی کے شاملِ حال ہوئیں اور مومن اُسکے مقابل پر کچھ بھی نہ دکھلا سکے۔ پس یہ کیا بات ہے۔ یہ گنگا اُلٹی کیوں بہنے لگی۔ کیا خدا کے وعدوں میں تخلّف پیدا ہو گیا کہ مومن ہمیشہ منصور اور مظفر رہیں گے یا وہ وعدے صرف پہلے زمانوں تک محدود تھے اور اب اُن کا عمل درآمد جاتا رہا۔ اور اگر کوئی مولوی یا فقیر یا گدی نشین یہ اعتراض پیش کرے کہ کس نے ہمیں بُلایا جو ہم نہیں آئے۔ اور کس نے پُوچھا جو ہم نے جواب نہ دیا۔ تو اس کا جواب یہی ہے کہ ہماری کتابیں اور ہمارے اشتہارات دیکھیں کہ ہم نے صدہا اشتہار اِس بارے میں شائع کئے اور یہ مجموعہ نشانوں کا بھی ہم نے اِس غرض سے اِسجگہ لکھا ہے کہ ہر ایک شخص ان نشانوں کو پڑھ کر اپنے دِل میں سوچے کہ اب تک کس نے ان نشانوں کے مقابل اپنے نشان دکھلائے اور خدا نے کس کی اسقدر تائید کی؟ کیا ہماری یا اُن کی؟ اور جبکہ ان نشانوں کی نظیر پر قادر نہ ہوسکے تو کیا یہ شرطِ انصاف نہ تھی کہ ایسے شخص کو قبول کرتے جس کے مقابلہ سے عاجز آگئے۔

آسمان و مہ و خورشید شہادت دادند ٭ تا تو تکذیب ز نادانی و غفلت نکنی
چوں ترا نصرتِ حق نیست چو اخیار نصیب ٭ شرطِ انصاف نباشد کہ ز حق دم نزنی

۶۲ ۲۹؍ جولائی ۱۸۹۷ء کو مَیں نے خواب میں دیکھا کہ ایک صاعقہ مغرب کی طرف سے میرے مکان کی طرف چلی آتی ہے اور نہ اُس کے ساتھ کوئی آواز ہے اور نہ اُس نے کچھ نقصان کیا ہے بلکہ وہ ایک ستارہ روشن کی طرح آہستہ حرکت سے میرے مکان کی طرف متوجہ ہوئی ہے اور مَیں اُس کو دُور سے دیکھ رہا ہوں۔ اور جبکہ وہ قریب پہنچی تو میرے دل میں تو یہی ہے کہ یہ صاعقہ ہے۔ مگر میری آنکھوں نے صرف ایک چھوٹا سا ستارہ دیکھا جسکو میرا دل صاعقہ سمجھتا ہے پھر بعد اس کے میرا دل اس کشف سے الہام کی طرف منتقل کیا گیا۔ اور مجھے الہام ہوا کہ ماھٰذا الّا تھدید الحکّام۔ یعنے یہ جو دیکھا اس کا بجز اس کے کچھ اثر نہیں کہ حُکّام کی طرف سے کچھ ڈرانے کی کارروائی ہوگی اس سے زیادہ کچھ نہیں ہوگا۔ پھر بعد اس کے الہام ہوا۔ قد ابتلی المؤمنون۔ ترجمہ۔ مومنوں پر ایک ابتلا آیا یعنے بوجہ اس مقدمہ کے تمہاری جماعت ایک امتحان میں پڑیگی۔ پھر بعد اس کے یہ الہام ہوا کہ لیعلمنّ اللہ المجاھدین منکم و لیعلمنّ الکاذبین۔ یہ میری جماعت کی طرف خطاب ہے کہ خدا نے ایسا کیا تا خدا تمہیں جتلاوے کہ تم میں سے وہ کون ہے کہ اُسکے مامور کی راہ میں صدق دل سے کوشش کرتا ہے اور وہ کون ہے جو اپنے دعویٰ بیعت میں جھوٹا ہے۔ سو ایسا ہی ہوا۔ ایک گروہ تو اس مقدمہ اور دُوسرے مقدمہ میں جو مسٹر ڈوئی صاحب کی عدالت میں فیصلہ ہوا۔ صدق دل سے اور کامل ہمدردی سے تڑپتا پھرا۔ اور اُنہوں نے اپنی مالی اور جانی کوششوں میں فرق نہیں رکھا۔ اور دُکھ اُٹھا کر اپنی سچائی دکھلائی۔ اور دُوسرا گروہ وہ بھی تھا کہ ایک ذرّہ ہمدردی میں شریک نہ ہو سکے۔ سو ان کے لئے وہ کھڑکی بند ہے جو ان صادقوں کے لئے کھولی گئی۔ پھر یہ الہام ہوا کہ:۔ ص۹۱

صادق آں باشد کہ ایامِ بلا ؎ مے گذارد با محبت با وفا

یعنے خدا کی نظر میں صادق وُہ شخص ہوتا ہے کہ جو بلا کے دِنوں کو محبت اور وفا کے ساتھ گذارتا ہے۔ پھر اس کے بعد میرے دِل میں ایک اَور موزون کلمہ ڈالا گیا لیکن نہ اِس طرح پر کہ جو الہام جلی کی صُورت ہوتی ہے بلکہ الہام خفی کے طور پر دِل اِسی مضمون سے بھر گیا۔ اور وہ یہ تھا:۔

گر قضا را عاشقے گردد اسیر ؛ بوسد آں زنجیر را کز آشنا

یعنے اگر اتفاقاً کوئی عاشق قید میں پڑ جائے تو اُس زنجیر کو چُومتا ہے جس کا سبب آشنا ہُوا۔ پھر اِس کے بعد یہ الہام ہُوا۔ انّ الّذی فرض علیك القرآن لرادك الٰی معاد۔ انّی مع الافواج اٰتیك بغتة۔ یأتیك نُصرتی۔ انّی انا الرّحمٰن ذوالمجد والعلٰی۔ ترجمہ۔ یعنے وُہ قادر خدا جس نے تیرے پر قرآن فرض کیا۔ پھر تجھے واپس لائے گا۔ یعنے انجام بخیر و عافیت ہوگا۔ مَیں اپنی فوجوں کے سمیت (جو ملائکہ ہیں) ایک ناگہانی طور پر تیرے پاس آؤں گا۔ مَیں رحمت کرنے والا ہوں۔ مَیں ہی ہوں جو بزرگی اور بلندی سے مخصوص ہے یعنے میرا ہی بول بالا رہے گا۔ پھر بعد اس کے یہ الہام ہُوا کہ مخالفوں میں پھُوٹ اور ایک شخص متنافس کی ذلت اور اہانت اور ملامت خلق (اور پھر اخیر حکم ابراء) یعنے بے قصُور ٹھہرانا۔ پھر بعد اِس کے الہام ہُوا۔ وفیه شیئ۔ یعنے بریّت تو ہوگی مگر اس میں کچھ چیز ہوگی۔ (یہ اُس نوٹس کی طرف اشارہ تھا جو بری کرنے کے بعد لکھا گیا تھا کہ طرز مباحثہ نرم چاہیئے) پھر ساتھ اِس کے یہ بھی الہام ہُوا کہ بلجت آیاتی۔ کہ میرے نشان روشن ہونگے اور ان کے ثبوت زیادہ سے زیادہ ظاہر ہو جائیں گے۔ (چنانچہ ایسا ہی ہُوا کہ اُس مقدمہ میں جو ستمبر ۱۸۹۷ء میں عدالت مسٹر جے۔ آر۔ ڈریمنڈ صاحب بہادر میں فیصلہ ہُوا۔ عبد الحمید ملزم نے دوبارہ اقرار کیا کہ میرا پہلا بیان جھُوٹا تھا) اور پھر الہام ہُوا۔ لواء فتح۔ یعنے فتح کا جھنڈا۔ پھر بعد اِس کے

الہام ہُوا۔ انما امرنا اذا اردنا شیئًا ان نقول له کن فیکون۔ یعنے ہمارے اُمور کے لئے ہمارا یہی قانون ہے کہ جب ہم کسی چیز کا ہوجانا چاہتے ہیں تو ہم کہتے ہیں کہ ہوجا۔ پس وُہ ہوجاتی ہے۔ اب واضح ہو کہ اِس پیشگوئی سے قبل از وقت پانسو کے قریب انسانوں کو خبر دی گئی تھی۔ چنانچہ اخویم مولوی حکیم نورالدین صاحب اور اخویم مولوی عبدالکریم صاحب اور اخویم مولوی محمد علی صاحب ایم اے۔ اور اخویم خواجہ کمال الدین صاحب اور اخویم مرزا خدا بخش صاحب اور اخویم مولوی حکیم فضل دین صاحب وغیرہ اسقدر گواہ ہیں کہ اگر ان کے صرف نام لکھے جاویں تب بھی اِس کے لئے بہت سے ورق درکار ہیں۔ اور ان تمام صاحبوں کو پیش از وقت بتلایا گیا تھا کہ ایسا ابتلا آنے والا ہے اور عنقریب ایسا مقدمہ دائر ہوگا۔ مگر آخر بریّت اور خدا تعالےٰ کا فضل ہوگا اور کوئی ذلت پیش نہیں آئے گی۔ سو یہ مقدمہ اِس طرح پیدا ہُوا کہ ایک شخص عبدالحمید نام کو بعض عیسائیوں نے جو ڈاکٹر ہنری مارٹن کلارک سے تعلق رکھنے والے تھے سکھلایا۔ کہ وُہ عدالت میں یہ اظہار دے کہ اُس کو مرزا غلام احمدؐ نے یعنے اِس راقم نے قادیان سے اِس غرض سے بھیجا ہے کہ تا ڈاکٹر کلارک کو قتل کردے۔ اور نہ صرف سکھلایا بلکہ دھمکی بھی دی کہ اگر وُہ ایسا اظہار نہیں دیگا تو وُہ قید کیا جائے گا۔ اور ایک یہ بھی دھمکی دی کہ اُس کا فوٹو لیکر اُس کو کہا گیا کہ اگر وُہ بھاگ بھی جائے گا۔ تو اِس فوٹو کے ذریعہ سے پھر پکڑا جائے گا۔ چنانچہ اُس نے مجسٹریٹ ضلع امرتسر کے صـ۹۲ سامنے یہ اظہار دیدیا اور وہاں سے میری گرفتاری کے لئے وارنٹ جاری ہُوا۔ اور مَیں اِس جگہ ناظرین کی پُوری دلچسپی کے لئے صاحب ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ امرتسر کے حکم کی نقل ذیل میں لکھتا ہوں اور وہ یہ ہے۔ "عبدالحمید اور ڈاکٹر کلارک کے بیانات ظاہر کرتے ہیں کہ مرزا غلام احمدؐ قادیانی نے عبدالحمید کو ڈاکٹر

کلارک ساکن امرتسر کے قتل کرنے کی ترغیب دی۔ اِس بات کے یقین کرنے کے لئے وجہ ہے کہ مرزا غلام احمد مذکور نقضِ امن کا مرتکب ہوگا۔ یا کوئی قابلِ گرفت فعل کرے گا۔ جو باعثِ نقضِ امن اس ضلع میں ہوگا۔ اِس بات کی خواہش کی گئی ہے اس سے حفظِ امن کے لئے ضمانت طلب کی جائے۔ واقعات اِس قسم کے ہیں کہ جس سے اسکی گرفتاری کے لئے وارنٹ کا شائع کرنا زیر دفعہ ۱۱۴ ضابطہ فوجداری ضروری معلوم ہوتا ہے۔ لہٰذا مَیں اسکی گرفتاری کے لئے وارنٹ جاری کرتا ہوں اور اسکو ہدایت کرتا ہوں کہ وہ آکر بیان کرے کہ کیوں زیرِ دفعہ ۱۰۷ ضابطہ فوجداری حفظِ امن کے لئے ایک سال کے واسطے بیس ہزار روپیہ کا مچلکہ اور بیس ہزار روپیہ کی دو الگ الگ ضمانتیں اس سے نہ لیجائیں۔

دستخط اے۔ای۔مارٹینو۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ امرتسر یکم اگست ۱۸۹۷ء

اِس حکم کی تاریخ سے جو یکم اگست ۱۸۹۷ء ہے ظاہر ہے کہ وارنٹ یکم اگست ۹۷ء کو جاری ہوا تھا۔ اور اِس وارنٹ سے مطلب یہ تھا کہ تا مجھے گرفتار کر کے حاضر کیا جائے۔ اور سزا سے پہلے گرفتاری کی ذلّت پہنچائی جائے۔ مگر یہ تصرفِ غیبی کسقدر ایک طالبِ حق کے ایمان کو بڑھاتا ہے کہ باوجودیکہ امرتسر سے ایسا وارنٹ جاری ہوا۔ مگر خدا تعالیٰ نے جیسا کہ مندرجہ بالا الہامات میں اُسکا وعدہ تھا۔ اِس وارنٹ سے بھی عجیب طور پر محفوظ رکھا۔ اِس میں کچھ شک نہیں کہ اگر حکم کے مطابق یہ وارنٹ عدالت سے جاری ہو جاتا تو قبل اِس کے کہ ۷؍ اگست ۱۸۹۷ء کا حکم انتقالِ مثل کے لئے نفاذ پاتا وارنٹ کی تعمیل ہو جاتی کیونکہ امرتسر اور قادیان میں صرف ۲۵ کوس کا فاصلہ ہے۔ اور وہ حکم جو ۷؍ اگست ۱۸۹۷ء کو مجسٹریٹ ضلع امرتسر نے اِس مقدمہ کے بارے میں دیا تھا وہ یہ ہے۔

"مَیں نے وارنٹ کا جاری کرنا روک دیا ہے کیونکہ یہ مقدمہ میرے اختیار میں نہیں

ہے۔ دیکھو انڈین لاء رپورٹ نمبر ۱۱ کلکتہ ۵۱۳ و ۱۲ کلکتہ ۱۳۳۔ اور ۶ الہ آباد ۲۶۔ المرقوم ۷؍ اگست ۱۸۹۷ء۔ اِس حکم کی تفصیل یہ ہے کہ جب صاحب ضلع مجسٹریٹ ضلع امرتسر یکم اگست ۱۸۹۹ء کو میری گرفتاری کے لئے وارنٹ جاری کر چکے۔ تو اُنکو ۷؍ اگست ۱۸۹۹ء کو یعنے حکم سے ۶ دن بعد ہدایات مذکورہ بالا پر غور کرنے سے پتہ لگا کہ اِس حکم میں غلطی ہوئی۔ اور اُنہوں نے سمجھا کہ میرے اختیار میں نہیں تھا کہ میں ایک ایسے مُلزم کی گرفتاری کے لئے جو غیر ضلع میں سکونت رکھتا ہے وارنٹ جاری کرتا۔ تب اُنہوں نے اپنے حکم وارنٹ کو جو عدالت سے نکل چکا تھا۔ اِس طرح پر روکنا چاہا کہ ۷؍ اگست ۱۸۹۹ء کو صاحب مجسٹریٹ ضلع گورداسپورہ کے نام تار دی کہ ہم سے وارنٹ کے اجراء میں غلطی ہوئی ہے۔ وارنٹ کو روک دیا جائے۔ لیکن اگر وہ وارنٹ درحقیقت یکم اگست ۱۸۹۹ء کو جاری ہو جاتا۔ تو اتنی مُدت بعد یعنے ۷؍ اگست ۱۸۹۹ء کو اس کو روکنا ایک فضول امر تھا۔ کیونکہ ان دونوں ضلعوں میں تھوڑا ہی فاصلہ تھا۔ مُدت سے اُس وارنٹ کی تعمیل ہو چکتی اور گرفتاری کی ذِلت اور مُصیبت ہمیں پیش آجاتی لیکن خدا تعالیٰ کی قُدرت ایسی ہوئی جس کا ابتک ہمیں بھید معلوم نہیں کہ وُہ وارنٹ باوجود چھ دن گذر جانے کے عدالت مجسٹریٹ ضلع گورداسپورہ میں پہنچ نہ سکا۔ یہانتک کہ تار پہنچنے پر صاحب ضلع تعجب میں پڑے کہ یہ کیسا وارنٹ ہے جس کے روکنے کے لئے تار آئی۔ غرض کچھ بھی پتہ نہیں لگتا کہ وُہ وارنٹ جاری ہو کر پھر کہاں گیا۔ کچھ تعجب نہیں کہ کسی اہلمد کی غفلت سے بستہ میں پڑا رہا ہو۔ اور پھر آخر یہ قانون بھی نکل آیا کہ غیر ضلع میں کسی مُلزم کے نام وارنٹ جاری نہیں ہو سکتا۔ اب جب ایک نظر سے انسان اُن اِلہاموں کو دیکھے جن کو ابھی ہم لکھ آئے ہیں جن میں رحمت اور نُصرت کا وعدہ

ہے اور دُوسری طرف اِس بات کو سوچے کہ کیونکر عدالت امرتسر کا پہلا وارنٹ ہی خالی گیا۔ تو بیشک اُسکو اِس بات پر یقین آجائے گا کہ یہ خدا تعالیٰ کا تصرف تھا۔ تا وہ اپنے الہامی وعدہ کے موافق اپنے بندہ کو ہر ایک ذلّت سے محفوظ رکھے۔ کیونکہ گرفتار ہو کر عدالت میں پیش کئے جانا اور ہتھکڑی کیساتھ حکّام کے سامنے حاضر ہونا یہ بھی ایک ذِلّت ہے جس سے دشمنوں کو خوشی پہنچتی ہے۔ پھر اسکے بعد ایسا ہوا کہ جیسا کہ ابھی ہم ذکر کر آئے ہیں اس مقدمہ کے تمام کاغذات صاحب ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ضلع گورداسپور کے پاس بھیجے گئے۔ اور جب یہ کاغذات صاحب ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ضلع گورداسپور کے پاس پہنچ گئے تو دُوسرا نشان خدا تعالیٰ کی طرف سے یہ ظہور میں آیا کہ صاحب ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ضلع گورداسپورہ یعنے کپتان ایم ڈبلیو ڈگلس صاحب کے دِل میں خدا تعالیٰ نے یہ ڈال دیا کہ اِس مقدمہ میں وارنٹ جاری کرنا مناسب نہیں بلکہ سمن کافی ہوگا۔ لہٰذا اُنہوں نے ۹؍ اگست ۱۸۹۷ء کو میرے نام ایک ۹۳
سمن جاری کیا جس کی نقل ذیل میں لکھتا ہوں اور وہ یہ ہے:۔

"۱۳ سمن بنام مستغاث علیہ حسب دفعہ ۱۵۲ مجموعہ ضابطہ فوجداری
بعدالت کپتان ڈگلس صاحب مجسٹریٹ ضلع۔
بنام مرزا غلام احمد ولد مرزا غلام مرتضیٰ ذات مغل ساکن قادیان متعلّقہ
پرگنہ بٹالہ ضلع گورداسپورہ۔

جو کہ حاضر ہونا تمہارا بغرض جوابدہی الزام دفعہ ۱۰۷ ضابطہ فوجداری ضرور ہے۔ لہٰذا تم کو اِس تحریر کے ذریعہ سے حکم ہوتا ہے کہ بتاریخ ۱۰ ماہ اگست ۱۸۹۷ء اصالتًا یا بذریعہ مختار ذی اختیار یا جیسا ہو موقع پر بمقام بٹالہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے پاس حاضر ہو۔ اور اس باب میں تاکید جانو۔ دستخط مجسٹریٹ ضلع گورداسپورہ
۹؍ اگست ۱۸۹۷ء"

اب سوچکر دیکھو کہ جو حکم مجسٹریٹ ضلع امرتسر نے جاری کیا تھا۔ وہ کیسا آتش بار وارنٹ تھا اور یہ سمن کیسے نرم الفاظ میں ہے۔ لیکن ایسا اتفاق پیش آیا کہ میرے مخالفوں کو اس بات کی مطلق خبر نہ ہوئی کہ وارنٹ کا حکم تبدیل ہو کر سمن جاری ہوا ہے بلکہ وہ لوگ تو اوّل اِس دھوکہ میں رہے کہ مقدمہ امرتسر کی عدالت میں ہی ہے۔ اور بڑے شوق سے دو وقت ریل پر جا کر دیکھتے تھے کہ کس وقت یہ شخص گرفتار ہو کر امرتسر آتا ہے۔ اور پھر اُنکو یہ پتہ تو مل گیا کہ مثل مقدمہ ضلع گورداسپورہ میں منتقل ہو گئی ہے مگر یہ پتہ نہ ملا کہ اب ضلع گورداسپورہ سے وارنٹ نہیں بھیجا گیا۔ بلکہ سمن روانہ کیا گیا ہے۔ لہذا اِس تماشا کے دیکھنے کیلئے آئے کہ یہ شخص وارنٹ سے گرفتار ہو کر آئے گا اور اُس کی ذلت ہماری بہت سی خوشی کی باعث ہوگی اور ہم اپنے نفس کو کہیں گے کہ اے نفس اب خوش ہو کہ تُو نے اپنے دشمن کو ذلیل ہوتے دیکھ لیا۔ مگر یہ مُراد اُن کی پُوری نہ ہوئی۔ بلکہ برعکس اِس کے خود اُنکو ذلت کی تکالیف اُٹھانی پڑیں۔ اگست کی ۱۰ تاریخ کو اِس نظارہ کے لئے مولوی محمد حسین صاحب موحدین کے ایڈووکیٹ اِس تماشا کے دیکھنے کے لئے کچہری میں آئے تھے تا اِس بندۂ درگاہ کو ہتھکڑی پڑی ہُوئی اور کنسٹیبلوں کے ہاتھ میں گرفتار دیکھیں اور دشمن کی ذلت کو دیکھکر خوشیاں منادیں۔ لیکن یہ بات اُن کو نصیب نہ ہو سکی۔ بلکہ ایک رنجدہ نظارہ دیکھنا پڑا۔ اور وہ یہ کہ جب مَیں صاحب مجسٹریٹ ضلع کی کچہری میں حاضر ہوا تو وہ نرمی اور اعزاز سے پیش آئے اور اپنے قریب اُنہوں نے میرے لئے کرسی بچھوا دی اور نرم الفاظ سے مجھ کو یہ کہا کہ گو ڈاکٹر کلارک آپ پر اقدام قتل کا الزام لگاتا ہے مگر مَیں نہیں لگاتا۔ خداتعالیٰ کی قدرت ہے کہ یہ ڈپٹی کمشنر ایک زیرک اور دانشمند اور منصف مزاج مجسٹریٹ تھا۔ اُسکے دل میں خُدا نے

بٹھا دیا کہ مقدمہ بے اصل اور جھوٹا ہے اور ناحق تکلیف دی گئی ہے۔ اس لئے ہر ایک مرتبہ جو مَیں حاضر ہوا وہ عزّت سے پیش آیا اور مجھے کرسی دی۔ اور جب مَیں اُسکی عدالت سے بَری کیا گیا تو اُس دِن مجھ کو عین کچہری میں مُبارکباد دی۔ موحّدین کے ایڈووکیٹ صاحب جو بٹالہ کے مولوی ہیں اور عیسائیوں کی طرف سے گواہ تھے جن کا نام لینے کی اب ضرورت نہیں۔ انہوں نے جب عدالت میں اسقدر میری عزّت دیکھی کہ یہ تو ایک مُلزم تھا اور اسکو اعزاز سے کرسی دی گئی تو مولوی صاحب موصوف اِس طمع خام میں پڑے کہ مجھے صاحب ضلع سے کرسی مانگنی چاہیئے جبکہ اِس مُلزم کو ملی ہے تو مجھے تو بہرحال ملے گی۔ پس جب وہ گواہی کے لئے بُلائے گئے۔ تو انہوں نے آتے ہی پہلے یہی سوال کیا کہ مجھے کرسی ملنی چاہیئے۔ مگر افسوس کہ صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر نے اُن کو جھڑک دیا۔ اور کہا کہ تمہیں کرسی نہیں مل سکتی۔ یہ تو رئیس ہیں اور ان کا باپ کرسی نشین تھا۔ اِس لئے ہم نے کرسی دی۔ سو جو لوگ میری ذِلّت دیکھنے کے لئے آئے تھے اُن کا یہ انجام ہوا۔ اور یہ بھی خدا تعالیٰ کا ایک نشان تھا کہ جو کچھ میرے لئے اِن لوگوں نے چاہا وہ اِن کو پیش آگیا ورنہ مجھے عدالتوں سے کچھ تعلق نہ تھا۔ میری عادت نہیں تھی کہ کسی کو ملوں اور نہ میرا کسی سے کچھ تعارف تھا۔ پھر اِس کے بعد خدا تعالیٰ کا یہ فضل ہوا کہ مَیں عزّت کے ساتھ بَری کیا گیا اور حاکم مجوزہ نے ایک تبسّم کے ساتھ مجھے کہا کہ آپ کو مُبارک ہو آپ بَری کئے گئے۔ سو یہ خدا تعالیٰ کا ایک بھاری نشان ہے کہ باوجودیکہ قوموں نے میرے ذلیل کرنے کے لئے اِتّفاق کر لیا تھا۔ مسلمانوں کی طرف سے مولوی محمد حسین صاحب ایڈووکیٹ موحّدین تھے۔ اور ہندوؤں کی طرف سے لالہ رام بھجدت صاحب وکیل تھے۔ اور عیسائیوں کی طرف سے ڈاکٹر ہنری مارٹن کلارک صاحب تھے۔ اور جنگ احزاب کی طرح باِلاتّفاق اِن قوموں نے

میرے پر چڑھائی کی تھی لیکن خدا تعالیٰ نے مجسٹریٹ ضلع کو ایسی روشن ضمیری بخشی
کہ وہ مقدمہ کی اصل حقیقت تک پہنچ گیا۔ پھر بعد اسکے ایسا اتفاق ہوا۔ کہ خود
عبدالحمید نے عدالت میں اقرار کر دیا کہ عیسائیوں نے مجھے سکھلا کر یہ اظہار دلایا تھا۔
اور یہ بیان سراسر جھوٹ ہے کہ مجھے قتل کے لئے ترغیب دی گئی تھی۔ اور صاحب
مجسٹریٹ ضلع نے اسی آخری بیان کو صحیح سمجھا۔ اور بڑے زور شور کا ایک چٹھا ۹۴ط
لکھ کر مجھے بَری کر دیا۔ اور خدا تعالیٰ کی یہ عجیب شان ہے کہ خدا تعالیٰ نے میری بَریت
کو مکمل کرنے کے لئے اُسی عبدالحمید سے پھر دوبارہ میرے حق میں گواہی دلائی۔ تا
وُہ الہام پُورا ہو جو براہین احمدیہ میں آج سے بیس برس پہلے لکھا گیا ہے اور وُہ یہ
ہے۔ فبرّأہ اللہ مما قالوا وکان عند اللہ وجیھا۔ یعنے خدا نے اس شخص کو
اُس الزام سے جو اسپر لگایا جائیگا بَری کر دیا ہے یعنے بَری کر دیا جائے گا۔ اور
وُہ اظہار جو عبدالحمید نے حال میں ۱۲ ستمبر ۱۸۹۹ء کو عدالت صاحب مجسٹریٹ ضلع
یعنے رُوبروئے مسٹر جے۔ آر۔ ڈرمنڈ صاحب کے دیا ہے وُہ یہ ہے:۔

بیانِ مُلزم

"مَیں نے بیانات جن کا چارج میں ذکر ہے ضرور لکھوائے تھے۔
حضور رحم فرماویں۔ میرا پہلا بیان جھُوٹا ہے۔ (یعنے وہ بیان جس میں
لکھایا تھا کہ مَیں مرزا غلام احمد کی طرف سے قتل کرنے کے لئے بھیجا
گیا تھا۔) اُنہوں نے یعنے عیسائیوں نے مجھے تصویر دِکھلائی اور کہا کہ
جیلخانہ میں جاؤ گے۔ میرے کوئی گواہ نہیں ہیں صرف بھگت پریداس
اور ایک کرسچن وہاں موجود تھے جبکہ مجھ کو سِکھلایا گیا۔ اِس کا کوئی
ثبوت نہیں ہے۔ مقام پٹھان کوٹ۔ تصدیق عدالت۔

یہ بیان مُلزم ہمارے مواجہہ اور سماعت میں تحریر ہُوا۔ اور مُلزم کو

پڑھ کر سُنایا گیا۔ اُس نے دُرست تسلیم کیا۔"

اب دیکھو کہ اِس بندۂ درگاہ کی کیسی صفائی سے بریّت ثابت ہُوئی۔ ظاہر ہے کہ اِس مقدمہ میں عبدالحمید کے لئے سخت مُضر تھا کہ اپنے پہلے بیان کو جھوٹا قرار دیتا۔ کیونکہ اس سے یہ جُرم عظیم ثابت ہوتا ہے کہ اُس نے دُوسرے پر ناحق ترغیبِ قتل کا الزام لگایا۔ اور ایسا جُھوٹ اس سزا کو چاہتا ہے۔ جو مُرتکب اقدام قتل کی سزا ہوتی ہے۔ اگر وُہ اپنے دُوسرے بیان کو جُھوٹا قرار دیتا جس میں میری بریّت ظاہر کی تھی تو اس میں قانوناً سزا کم تھی۔ لہذا اُس کے لئے مُفید راہ یہی تھی کہ وُہ دُوسرے بیان کو جُھوٹا کہتا۔ مگر خدا نے اُس کے مُنہ سے سچ نکلوا دیا۔ جس طرح زلیخا کے مُنہ سے حضرت یُوسف کے مقابل پر اور ایک مُفتری عورت کے مُنہ سے حضرت مُوسٰی کے مقابل پر سچ نکل گیا تھا* سو یہی اعلیٰ درجہ کی بریّت ہے جس کو یُوسف اور مُوسٰی کے قصّے سے مماثلت ہے اور اِسی کی طرف اِس الہامی پیشگوئی کا اشارہ تھا کہ بَرَّأَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا۔ کیونکہ یہ قرآن شریف کی وُہ آیت ہے جس میں حضرت موسٰی کی بریّت کا حال جتلانا منظور ہے۔ غرض میرے قصّے کو خدا تعالیٰ نے حضرت یوسف اور حضرت موسٰی کے قصّے سے مشابہت دی۔ اور خود تُہمت لگانے والے کے مُنہ سے نکلوا دیا

* یاد رہے کہ زلیخا اور وُہ عورت جو حضرت موسٰی پر زنا کی تُہمت لگانے والی تھی۔ ان دونوں عورتوں کے دو متناقض بیان تھے۔ مثلاً زلیخا کا پہلا بیان یہ تھا کہ یُوسف نے اُس پر مُجرمانہ حملہ کیا جو زنا کے ارادہ سے تھا۔ اور دُوسرا بیان بالکل عبدالحمید کی طرح اُس نے بادشاہ کے رُوبرو یہ دیا کہ پہلا بیان میرا جُھوٹا ہے۔ اور در اصل یوسف اِس تُہمت سے پاک ہے اور ناجائز حملہ میری طرف سے تھا۔ سو خدا نے دُوسرے بیان پر میری طرح یوسف کی بریّت ظاہر کی۔ منہ

کہ یہ تہمت جھوٹ ہے۔ پس یہ کسقدر عظیم الشان نشان ہے اور کسقدر عجائب تصرفاتِ الٰہی اِس میں جمع ہیں۔ فَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذَالِکَ۔

۶۳ منجملہ نشانات کے ایک نشان یہ ہے کہ تخمیناً پچیس برس کے قریب عرصہ گذر گیا ہے کہ مَیں گورداسپورہ میں تھا کہ مجھے یہ خواب آئی کہ میں ایک جگہ چارپائی پر بیٹھا ہوں اور اُسی چارپائی پر بائیں طرف میرے مولوی عبداللہ صاحب مرحوم غزنوی بیٹھے ہیں جن کی اَولاد اب امرتسر میں رہتی ہے۔ اِتنے میں میرے دِل میں محض خدا تعالیٰ کی طرف سے ایک تحریک پیدا ہوئی کہ مولوی صاحب موصوف کو چارپائی سے نیچے اُتار دُوں۔ چنانچہ مَیں نے اپنی جگہ کو چھوڑ کر مولوی صاحب کی جگہ کی طرف رجُوع کیا۔ یعنے جس حصّہ چارپائی پر وُہ بائیں طرف بیٹھے ہُوئے تھے اُس حصّے میں مَیں نے بیٹھنا چاہا۔ تب اُنہوں نے وُہ جگہ چھوڑ دی۔ اور وہاں سے کِھسک کر پائینتی کی طرف چند اُنگل کے فاصلے پر ہو بیٹھے۔ تب پھر میرے دِل میں ڈالا گیا کہ اِس جگہ سے بھی مَیں اُنکو اُٹھا دُوں۔ پھر مَیں اُنکی طرف جُھکا تو وُہ اس جگہ کو بھی چھوڑ کر پھر چند اُنگلی کی مقدار پر پیچھے ہٹ گئے۔ پھر میرے دِل میں ڈالا گیا کہ اِس جگہ سے بھی اُنکو اَور زیادہ پائینتی کی طرف کیا جائے۔ تب پھر وُہ چند اُنگل پائینتی کی طرف کِھسک کر ہو بیٹھے۔ القصہ مَیں ایسا ہی اُن کی طرف کِھسکتا گیا اَور وُہ پائینتی کی طرف کِھسکتے گئے۔ یہانتک کہ اُن کو آخر چارپائی پر سے اُترنا پڑا۔ اور وُہ زمین پر جو محض خاک تھی اور اسپر چٹائی وغیرہ کچھ بھی نہ تھی اُترکر بیٹھ گئے۔ اِتنے میں تین فرشتے آسمان سے آئے۔ ایک کا نام ان میں سے خیراتی تھا۔ وُہ بھی اُن کے ساتھ زمین پر بیٹھ گئے اور مَیں چارپائی پر بیٹھا رہا۔ تب مَیں نے اُن فرشتوں اور مَولوی عبداللہ صاحب کو کہا کہ آؤ مَیں ایک دُعا صفحہ ۹۵

کرتا ہوں تم آمین کرو۔ تب میں نے یہ دُعا کی کہ ربّ اذھب عنّی الرّجس و طھّرنی تطھیرا۔ اِس کے بعد وُہ تینوں فرشتے آسمان کی طرف اُٹھ گئے۔ اور مولوی عبداللہ صاحب بھی آسمان کی طرف اُٹھ گئے اور میری آنکھ کھل گئی۔ اور آنکھ کھلتے ہی مَیں نے دیکھا کہ ایک طاقت بالا مجھ کو ارضی زندگی سے بلند تر کھینچ کر لے گئی۔ اور وہ ایک ہی رات تھی جس میں خدا نے بتمام و کمال میری اصلاح کر دی۔ اور مجھ میں وُہ تبدیلی واقع ہوئی کہ جو انسان کے ہاتھ سے یا انسان کے ارادے سے نہیں ہو سکتی۔ اور جیسا کہ مَیں نے مولوی عبداللہ صاحب کے خاک پر بیٹھنے اور آسمان پر جانے کی تعبیر کی تھی اُسی طرح وقوع میں آگیا۔ کیونکہ وُہ بعد اِسکے جلد تر فوت ہو گئے اور اُن کا جسم خاک میں اور اُنکی رُوح آسمان پر گئی۔

اور اُنہی دِنوں میں شاید اُس رات سے اوّل یا اُس رات کے بعد مَیں نے کشفی حالت میں دیکھا کہ ایک شخص جو مجھے فرشتہ معلوم ہوتا ہے۔ مگر خواب میں محسوس ہوا کہ اُس کا نام شیر علی ہے۔ اُس نے مجھے ایک جگہ لِٹا کر میری آنکھیں نکالی ہیں اور صاف کی ہیں۔ اور مَیل اور کدورت ان میں سے پھینک دی اور ہر ایک بیماری اور کوتہ بینی کا مادہ نکال دیا ہے۔ اور ایک مُصفّا نُور جو آنکھوں میں پہلے سے موجود تھا مگر بعض مواد کے نیچے دَبا ہُوا تھا۔ اسکو ایک چمکتے ہوئے ستارہ کی طرح بنا دِیا ہے۔ اور یہ عمل کر کے پھر وہ شخص غائب ہو گیا۔ اور مَیں اُس کشفی حالت سے بیداری کی طرف منتقل ہو گیا۔ مَیں نے اِس خواب کی بہت سے لوگوں کو اِطلاع دِی تھی۔ چُنانچہ اُن میں سے صاحبزادہ سراج الحق سرساوی۔ اور میر ناصر نواب صاحب دہلوی ہیں۔

۶۴ منجملہ نشانوں کے ایک یہ ہے کہ جب مولوی عبداللہ صاحب غزنوی میرے اس خواب کے مطابق فوت ہو گئے جو مَیں نے اُنکی وفات کے بارے میں

دیکھی تھی تو مَیں نے اُنہی ایام میں کہ جب تھوڑے ہی دن اُنکی وفات پر گذر رہے تھے۔ اُنکو خواب میں دیکھا۔ تو مَیں نے اُن کے پاس اپنی یہ خواب بیان کی کہ مَیں نے دیکھا ہے کہ میرے ہاتھ میں ایک نہایت چمکیلی اور روشن تلوار ہے۔ جس کا قبضہ میرے ہاتھ میں اور نوک کی طرف آسمان میں ہے اور نہایت چمکدار ہے اور اس میں سے ایک چمک نکلتی ہے جیسا کہ آفتاب کی چمک۔ اور مَیں کبھی اُسکو دائیں طرف چلاتا ہوں اور کبھی بائیں طرف۔ اور ہر ایک دفعہ جو مَیں وار کرتا ہوں تو مجھے معلوم ہوتا ہے کہ دُنیا کے کناروں تک وہ تلوار اپنی لمبائی کی وجہ سے کام کرتی ہے۔ اور مَیں ہر وقت محسوس کرتا ہوں کہ آفتاب کی بلندی تک اُس کی نوک پہنچتی ہے۔ اور وہ ایک بجلی کی طرح ہے جو ایک دم میں ہزاروں کوس چلی جاتی ہے۔ اور گو وہ دائیں بائیں میرے ہاتھ سے پڑتی ہے۔ مگر مَیں دیکھتا ہوں کہ ہاتھ تو میرا ہے مگر قوت آسمان سے ہے۔ اور ہر ایک دفعہ جو مَیں دائیں طرف یا بائیں طرف اس کو چلاتا ہوں۔ تو ہزارہا انسان زمین کے کناروں تک اس سے ٹکڑے ٹکڑے ہوجاتے ہیں۔ یہ خواب تھی جو مَیں نے عبداللہ صاحب مرحوم کے پاس بیان کی۔ اور مضمون یہی تھا۔ اور شاید اُسوقت اور الفاظ میں بیان کی گئی ہو۔ یا یہی الفاظ ہوں۔ عبداللہ صاحب مرحوم نے میری خواب کو سُنکر بیان کیا کہ اِس کی تعبیر یہ ہے کہ تلوار سے مُراد اتمام حجت اور تکمیل تبلیغ اور دلائل قاطعہ کی تلوار ہے۔ اور یہ جو دیکھا کہ وہ تلوار دائیں طرف زمین کے کناروں تک مار کرتی ہے۔ سو اس سے مُراد دلائل رُوحانیہ ہیں جو از قسم خوارق اور آسمانی نشانوں کے ہونگے۔ اور یہ جو دیکھا گیا کہ ایسا ہی وُہ بائیں طرف بھی زمین کے کناروں تک مار کرتی ہے۔ تو اس سے مُراد دلائل عقلیہ وغیرہ ہیں جن سے ہر ایک فرقہ پر اتمام حجت ہوگا۔ پھر

بعد اس کے اُنہوں نے فرمایا کہ جب مَیں دُنیا میں تھا۔ تو مَیں اُمّید وار تھا کہ ایسا اِنسان دُنیا میں بھیجا جائے گا۔ بعد اس کے آنکھ کُھل گئی۔ وھٰذہٖ رؤیاء صادقة من ربّی ولعنة الله علی الّذین یفترون علی الله ویقولون اُلھمنا وأُنبئنا واراناالله وما اُلھموا وما أُنبئوا وما اراھم الله من شیئٍ الّا لعنة الله علی الکاذبین۔ اور اِس خواب میں یہ پیشگوئی تھی۔ کہ بہت سے آسمانی نشان مجھ سے ظاہر ہوں گے۔ چنانچہ ایسا ہی ظہور میں آیا۔ اور جیسا کہ اِسی کتاب میں مَیں نے بیان کیا ہے۔ اِس کشف کے بعد اسقدر آسمانی نِشان مجھ سے ظہور میں آئے کہ جب تک خدا کِسی کے ساتھ نہ ہو۔ اور اُس کا اوّل درجہ کا فضل نہ ہو۔ ایسے نشان ظاہر نہیں ہو سکتے۔ اور اِس رؤیاء کے گواہ صاحبزادہ سراج الحق اور دُوسرے احباب ہیں جو ایک جماعت کثیر ہے۔

۶۵ اور منجملہ خدا تعالیٰ کے عظیم الشان نشانوں کے وُہ نشان ہے جو ڈپٹی عبد اللہ آتھم کی نسبت ظہور میں آیا۔ اِس نشان کی اصل بنیاد وُہ الہام ہے جو براہین احمدیہ کے صفحہ ۲۴۱۔ اور سطر ۱۱ و ۱۲ و ۱۳ میں مندرج ہے اور وُہ یہ ہے۔ ولن ترضٰی عنك الیھود ولا النّصاریٰ وخرقوا لهٗ بنین وبنات بغیر علم۔ قل ھُو الله احد الله الصّمد لم یلد ولم یولد ولم یکن لهٗ کفوًا احد۔ ویمکرون ویمکر الله والله خیر الماکرین۔ الفتنة ھٰھنا فاصبر کما صبر اولوالعزم۔ وقل ربّ ادخلنی مُدخل صدق۔ واِمّا نرینّك بعض الّذی نعدھم او نتوفّینّك۔ دیکھو صفحہ ۲۴۱ براہین احمدیہ۔ ۹۶

ترجمہ۔ جو لوگ یہودی صفت مسلمان ہیں اور جو پادری عیسائی ہیں وُہ تجھ سے ہرگز راضی نہیں ہونگے جبتک تُو ویسا ہی نہ ہو جائے جیسا کہ وُہ ہیں۔ اور پادریوں نے

بغیر اِس کے کہ اُن کو کوئی علم دیا جاتا یُوں ہی اپنے بے اصل خیالات کی پیروی سے خدا تعالٰے کے لئے بیٹے اور بیٹیاں بنا رکھی ہیں۔ اُن کو کہدے کہ وُہ سچا خدا ایک خُدا ہے۔ جو کسی کا باپ نہیں اور نہ کسی کا بیٹا۔ اور نہ اُس کا کوئی ہم جنس ہے۔ اُور وُہ وقت آتا ہے کہ یہ لوگ یعنے عیسائی پادری تیری تکذیب کے لئے کُچھ مکر کریں گے۔ یعنی کچھ ایسی کارروائی کرینگے جس سے اُنکا یہ مقصود ہوگا۔ کہ کِسی طرح تجھ کو ذِلت پہنچے اور تُو حُکام اور خلق اللہ کی نظر میں موردِ اعتراض ٹھہرے۔ اور یا تیری آبرو اور زِندگی خطرہ میں پڑے۔ تب اُن کے مکروں کے مقابل پر خُدا بھی ایک مکر کریگا یعنے یہ کہ اُنکے بداندیشی کے منصوبوں کو باطل کردے گا۔ یعنے اُن منصوبوں میں جو تیری عزت اور جان کو خطرہ میں ڈالنے کے لئے کئے جائیں گے۔ اُن میں یہ لوگ ناکام رہیں گے۔ اُور خُدا اُن کی تمام مخالفانہ تدبیروں کو تباہ اور بے اثر کردے گا۔ یہ وُہ دِن ہوں گے جبکہ یہ لوگ تیرے لئے ایک فتنہ برپا کرینگے۔ یعنے بعض جُھوٹے واقعات بناکر تجھے بدنام کرنا چاہیں گے۔ اور نیز تیرے پر جُھوٹے الزام لگاکر عدالتوں میں تجھے کھینچیں گے تا تجھے قید کیا جائے یا سزائے مُوت ملے۔ اور وُہ یہودی طبع مُسلمان اُنکے مُمِد و معاون ہو جائیں گے۔ پس جب تُو ایسا وقت دیکھے کہ تیری ایذا اور ذلیل کرنے کے لئے ان لوگوں نے اِتفاق کر لیا ہے۔ اور نہ صرف تیری تکذیب بلکہ تیری جان اور عزت پر بھی حملہ کرنا چاہتے ہیں۔ اُور جُھوٹے الزام لگاکر حکام تک تجھے کھینچتے ہیں۔ اور بعض مدعی اور بعض اُن کے گواہ ہیں۔ اور بعض مُفتری اور بعض اُن کے مُصدق ہیں۔ تو تجھے لازم ہے کہ اُسوقت تُو صبر کرے جیساکہ خدا تعالٰے کے اُولوالعزم نبیوں نے صبر کیا۔ اور تجھے لازم ہے کہ اُسوقت تُو یہ دُعا کرے۔ کہ یا الٰہی تُو میرا صدق ظاہر کر

یعنی اس فتنہ کے وقت یہ لوگ یہ چاہیں گے کہ تیرے صدق کو لوگوں اور حکام کی نظر میں مشتبہ کر دیں۔ سو تو خدا سے دعا کر کہ ان دنوں میں ان لوگوں کے مکر وں سے عام لوگ نجات پاویں اور مخلوق اور حکام کی نظر میں تیرا صدق ظاہر ہو جائے اور پھر فرمایا۔ کہ ہماری طرف سے بھی یہ وعدہ ہے کہ غالباً ہم آیندہ زمانہ میں تجھے دکھاوینگے کہ جو ان لوگوں کے لئے وعدہ کیا گیا تھا (یعنے دلائل رُوحانیہ اور عقلیہ سے صلیب کو توڑنا) اس وعدہ میں سے بہت کچھ ہم نے تیری زندگی میں ہی ایفا کر دیا ہے یعنے جو کچھ تیرے ظہور کا اصل مدعا ٹھہرایا گیا ہے یعنی کسر صلیب دلائل رُوحانیہ و عقلیہ سے۔ اِس مدعا میں سے بہت کچھ تیری زندگی میں ہی ظاہر ہو جائیگا۔

یہ براہین احمدیہ کی پیشگوئی ہے جو سفیر ہند پریس کے چھاپہ میں صفحہ ۲۴۱ میں موجود ہے اور ہر ایک ادنیٰ فہم کا آدمی بھی اس پیشگوئی پر نظر غور کر کے سمجھ سکتا ہے کہ اِس پیشگوئی میں اُن تمام واقعات کی طرف اشارہ ہے کہ جو ڈپٹی آتھم سے لیکر ڈاکٹر کلارک کے اقدام قتل کے مقدمہ تک ظہور میں آئے۔ کیونکہ اوّل آتھم نے اپنی ندامت اور خجالت چھپانے کے لئے جو اُسکی خوفزدہ حالت سے اُسکے عائد حال ہو گئی تھی۔ تین جھوٹے الزام میرے پر لگائے جنکو وہ ثابت نہ کر سکا۔ اور پھر اِس کے بعد دوسرے عیسائیوں نے محض ظلم کی راہ سے امرتسر وغیرہ مقامات میں شور مچایا اور سراسر ناانصافی سے میری تکذیب کی اور گالیاں دیں۔ اور پھر اِسپر بس نہ کر کے آخر ایک اقدام قتل کا مقدمہ میرے پر کیا گیا جسکو ڈاکٹر ہنری مارٹن کلارک کے دوستوں نے بنایا۔ یہ مقدمہ بھی دراصل آتھم کے مقدمہ کی ایک شاخ تھی اور اسی غبار اور کینہ کا ایک نتیجہ تھا۔ پس اِس پیشگوئی میں جو براہین احمدیہ کے صفحہ ۲۴۱ میں ہے۔ ان تمام واقعات کی پیش از وقت خبر دی گئی ہے۔ اور اس فقرہ میں کہ نبیوں کی طرح صبر کر۔ جتلایا گیا کہ صرف تیری

تکذیب اور ہنسی نہیں ہوگی اور نہ صرف گالیاں دی جائیں گی بلکہ تیرے مارے جانے
کے لئے بھی کوشش کی جائے گی جیساکہ نبیوں کے لئے کی گئی اور بعض اُن میں سے ص۹۷
عدالت کی طرف کھینچے گئے۔ اور پھر آخری الہام میں یہ اشارہ تھا کہ تُو زندہ رہیگا۔
اور اُن کے مکر تجھے ہلاک نہیں کرسکیں گے جبتک تُو ہمارے بعض وعدوں کو
اپنی آنکھ سے دیکھ لے۔ ہاں وُہ کئی قسم کے مکر اور منصوبے کریں گے ۔ اور
جس طرح حضرت مسیح علیہ السلام اور ہمارے سید و مولیٰ نبی صلی اللہ علیہ وسلم
کے مقابل پر تکذیب اور قتل اور بدنامی کے لئے انواع و اقسام کے منصوبے
بنائے گئے۔ اُنہی کے مشابہ یہ منصوبے بھی ہونگے۔ یہ تمام اُس پیشگوئی کی
ٹھیک ٹھیک تشریح ہے جو آج سے بیس برس پہلے براہین احمدیہ کے صفحہ ۲۴۱
میں موجود ہے۔ پس اگر آجتک کوئی فتنہ اور کوئی مکر اور منصوبہ انجیل کے
واعظوں کی طرف سے ظہور میں نہ آتا۔ تو یہ پیشگوئی عوام کی نظر میں قابلِ اعتراض
ٹھہر جاتی۔ مگر چونکہ یہ خدا تعالیٰ کی طرف سے تھی۔ اور ضرور تھا کہ اپنے وقت پر اسکا
ظہور ہو۔ اسلئے خدا تعالیٰ نے اس کے پورا کرنے کے لئے یہ تقریب پیش کی۔ کہ
مئی اور جون ۱۸۹۳ء میں مجھ میں اور ڈپٹی عبداللہ آتھم میں مباحثہ ہوا✠ اور
مباحثہ سے پہلے کئی دفعہ ڈپٹی عبداللہ آتھم مجھ سے آسمانی نشان مانگ چکا تھا۔
لہٰذا جسوقت مباحثہ ختم ہوا۔ تو خدا تعالیٰ نے چاہا کہ وُہ اُس نشان سے محروم نہ
رہے۔ لہٰذا اُسکی نسبت یہ پیشگوئی کی گئی کہ وُہ روزِ ختم مباحثہ سے ۱۵ مہینے تک
ہاویہ میں ڈالا جائے گا۔ بشرطیکہ حق کی طرف رجوع نہ کرے۔ اور پھر بعد اسکے
ڈپٹی عبداللہ آتھم کے دل پر اسقدر پیشگوئی کا خوف غالب آگیا کہ وُہ اُس خوف
سے سراسیمہ ہوگیا۔ اور اُس کا قرار اور آرام جاتا رہا اور پیشگوئی کی دہشت سے

✠ یہ مباحثہ ۲۲ مئی ۱۸۹۳ء سے شروع ہوا اور ۵ جون ۱۸۹۳ء کو ختم ہوگیا۔ منہ

ایک ایسی تبدیلی اُس میں واقع ہوئی کہ اُس نے یکلخت قدیم عادات اپنی چھوڑ دیں یاد رہے کہ اُس کا یہ قدیم طریق تھا کہ ہمیشہ وہ بعض مسلمانوں سے مباحثہ کیا کرتا۔ اور اسلام کے رد میں کتابیں لکھا کرتا تھا۔ اور اسلام اور نبیٔ اسلام کی توہین کرتا تھا۔ مگر اس پیشگوئی کے بعد اُس کا ایسا مُنہ بند ہو گیا کہ پیشگوئی کی میعاد میں ایک حرف بھی بے ادبی کا اُس کے مُنہ سے نکل نہ سکا۔ اور نہ اسلام کے مقابل پر کچھ لکھ سکا۔ اور نہ کسی سے زبانی گفتگو کی۔ بلکہ اُس کے مُنہ پر مُہر لگ گئی اور خاموش اور غمگین رہنے لگا۔ اور ہر ایک منصف مزاج عیسائی جس نے اُس کو اُس زمانہ میں دیکھا ہوگا جبکہ وہ پیشگوئی کی میعاد میں زندگی بسر کر رہا تھا۔ اگر چاہے تو گواہی دے سکتا ہے کہ پیشگوئی کی سچائی کا خوف آتھم کو اندر ہی اندر کھا گیا تھا۔ یہانتک کہ جب اُس کو یقین ہو گیا کہ میں نہیں بچوں گا۔ تب اُس نے مناسب سمجھا کہ اپنی عزیز بیٹیوں سے جو اُس کو بہت ہی پیاری تھیں آخری ملاقات کر لے۔ تب اِس خیال سے امرتسر کی سکونت اُس نے چھوڑ دی اور کچھ حصہ زندگی کا اپنی ایک لڑکی کے پاس لدھیانہ میں بسر کیا اور کچھ حصہ فیروزپور میں اپنی دوسری لڑکی کے پاس رہتا رہا۔ اور ان دونوں جگہ میں اُس کی دو لڑکیاں تھیں جو اپنے خاوندوں کے گھروں میں آباد تھیں۔ آخر وہ اِسی مسافرانہ حالت میں اُن ایام کے قریب ہی فیروزپور میں فوت ہو گیا۔ اور چونکہ وہ عیسائیت کی استقامت پر قائم نہ رہ سکا اور اُس نے پیشگوئی کی عظمت سے دہشت زدہ ہو کر اپنا وہ پُرانا عملی طریقہ چھوڑ دیا جو اسلام کی مخالفت اور منکرانہ حملوں کا طریقہ تھا جس کی وجہ سے وہ ہمیشہ تحریری اور تقریری طور پر نیش زنی کیا کرتا تھا اور غربت اور مسکینی اور خاموشی اختیار کی۔ اِسلئے خدا تعالیٰ نے جو نہایت حلیم ہے اور کسی کے ایک ذرہ عمل کو بھی ضائع کرنا نہیں چاہتا اُس کے اِس قدر رجوع کا اُس کو یہ فائدہ دیا کہ وہ اُس کے وعدہ کے موافق پیشگوئی کی

میعاد میں موت سے امن میں رہا۔ کیونکہ ضرور تھا کہ خدا اپنے وعدہ کا لحاظ رکھتا۔ اور بعد اس کے وہ اس لئے جلد تر فیروزپور میں ہی مر گیا کہ خدا تعالیٰ کے الہام میں یہ بھی تھا کہ وہ پیشگوئی کی شرط سے اگر شرط کا پابند ہوا تو فائدہ اٹھائے گا۔ لیکن اگر وہ اپنے اس رجوع کو جس کے سبب سے وہ پیشگوئی کی میعاد کے اندر نہیں مرے گا پوشیدہ رکھے گا۔ اور گواہی علانیہ طور پر نہیں دے گا۔ کہ اس نے پیشگوئی سے ڈر کر کسی قدر اپنی اصلاح کر لی ہے جس کا اس نے اپنی تحریر کے ذریعہ سے پہلے ہی اقرار کیا تھا۔ تو وہ بعد اس کے جلد تر پکڑا جائے گا اور فوت ہو جائے گا۔ چنانچہ ایسا ہی ظہور میں آیا۔ اور وہ ہمارے آخری اشتہار سے چھ ماہ کے اندر مر گیا۔ اگر وہ اس غربت اور خاموشی اور خوف پر قائم رہتا جو اس نے پیشگوئی کی میعاد میں اختیار کی تھی تو اس کو لمبی زندگی دی جاتی۔ اور وہ بیس برس تک اور زندہ رہ سکتا تھا۔ لیکن چونکہ اس کا منہ خدا کی طرف سے پھر گیا اور وہ اس خوف پر قائم نہ رہ جو پیشگوئی کے زمانہ میں اس کے دل میں تھا۔ اور پیشگوئی کے دنوں کے گذرنے کے بعد اس نے ایسا خیال کر لیا کہ گویا یہ تمام خوف اس کا محض بیجا اور ایک کج دلی تھی اس لئے جلد تر موت کا پیالہ اسکو پلایا گیا۔ اور پیشگوئی کے زمانہ کے بعد نہ صرف اس لئے وہ پکڑا گیا کہ اس نے اپنے پہلے خیال کو اپنے دل میں صحیح نہ سمجھا بلکہ اس لئے بھی کہ وہ اپنے خوف کو چھپانے کے لئے چند افتراؤں کا بھی مرتکب ہوا۔
اور عیسائی قوم کو خوش کرنے کے لئے اس نے یہ مشہور کیا کہ میں جو اسقدر پیشگوئی ۹۸
کے ایام میں کانپتا اور ڈرتا رہا۔ یہ لرزہ اور خوف اور گریہ و زاری میرا اس وجہ سے تھا کہ میرے پر تین حملے کئے گئے تھے۔ سانپ چھوڑا گیا تھا اور لدھیانہ میں بعض سوار قتل کے لئے آئے تھے۔ اور ایسا ہی فیروزپور میں بھی قتل کے لئے حملہ ہوا تھا۔ لیکن ہر ایک دانشمند سمجھ سکتا ہے کہ یہ تین حملوں کا عذر اسکی بریّت کو ثابت نہیں کرتا۔

بلکہ اِس سے تو اُس کا اَور بھی قصوروار ہونا ثابت ہوتا ہے۔ اُس کے لیے تو بہتر تھا کہ ایسے بیہودہ عُذرات پیش ہی نہ کرتا اور خاموش رہتا۔ کیونکہ اِن عذرات نے اُس کو کچھ فائدہ نہیں دیا۔ بلکہ اِن سے تو وُہ صاف الزام کے نیچے آگیا۔ کیونکہ جس حالت میں اُس کی جان لینے کے لئے اُس پر تین حملے مَیں نے کئے تھے۔ تو ایسے حملوں کے بعد جن کی نوبت تین تک پہنچ چکی تھی کیوں وُہ پیشگوئی کی میعاد کے اندر خاموش بیٹھا رہا۔ وُہ تو مُدت تک اکسٹرا اسسٹنٹ بھی رہ چکا تھا۔ اُس کو خُوب معلوم تھا کہ وُہ قانُونی تدارک سے نہایت آسانی سے امن میں آسکتا ہے۔ کیا اُسکو ضابطۂ فوجداری کی دفعہ ۱۰۷ یاد نہیں رہی تھی۔ یا تعزیرات ہند کے اقدام قتل کی دفعہ اُس کے ذہن سے محو ہو گئی تھی۔ وُہ اِس حالت میں کہ ہماری طرف سے اُس کے قتل کے لئے تین حملے ہُوئے تھے۔ بڑی آسانی سے عدالت میں استغاثہ کر سکتا تھا کہ نقضِ امن کا اندیشہ دُور کرنے کے لئے ایک بھاری تعداد کی ضمانت مجھ سے لی جائے۔ بلکہ وُہ ان تین حملوں کی تحقیقات کرا کر مجھے سزایاب کرا سکتا تھا۔ اور کم سے کم یہ کہ وُہ پولیس میں رپورٹ دے سکتا تھا کہ ایسی ناجائز کارروائی میرے لئے متواتر کی گئی ہے۔

اَب طبعًا یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیوں اُس نے ایسا نہ کیا۔ نہ پیشگوئی کے زمانہ میں اور نہ اُس زمانہ کے بعد یہ کارروائی کی۔ بلکہ بعض عیسائیوں نے اُسکو بہت ہی اُٹھایا کہ ہم تیری جگہ مُقدمہ کی پیروی کریں گے۔ تُو صِرف دستخط کر دے۔ تو اُس نے صاف انکار کر دیا۔ اِس کا کیا باعث ہے؟ اِس کا یہی باعث ہے کہ وُہ اپنے دِل میں خُوب جانتا تھا کہ یہ تینوں حملوں کا عُذر سراسر جھُوٹا اور بے اصل ہے اور محض اُس خوف کے چھُپانے کے لئے بنایا گیا ہے جو

ہر ایک وقت پیشگوئی کے دنوں میں اُس کے چہرہ سے ظاہر تھا۔ ورنہ صاف ظاہر ہے کہ جبکہ میرے مباحثہ کا نام عیسائیوں نے جنگ مقدس رکھا تھا۔ تو اس جنگ میں اس سے زیادہ اور کیا فتح ہو سکتی تھی کہ وہ تینوں حملوں کے موقعہ پر ثابت کر دکھاتا کہ پیشگوئی کے سچا کرنے کے لئے کیسی شرارت اور کمینہ پن ظہور میں آیا۔ اور یہ کیسی ناپاک کارروائی ہوئی کہ اوّل جھوٹی پیشگوئی کی گئی اور پھر اس پیشگوئی کے پُورا کرنے کے لئے یہ قابلِ شرم کام کیا کہ تین حملے کئے۔ کون دانا اس بات کو باور کریگا کہ ایک مذہبی حریف کی طرف سے تین حملے ہوں اور حضرات عیسائی صاحبان جن کا دن رات نکتہ چینیاں کام ہے وہ خاموش رہیں اور ایسے دُشمن کے ساتھ کریمانہ اخلاق کے ساتھ پیش آویں۔ ظاہر ہے کہ اِس شریرانہ اور مُفسدانہ کارروائی کی قلعی کھولنا اُن کے لئے تو ایک فتحِ عظیم تھا۔ لعنت ہے ایسے کانشنس پر کہ جو ایسی موٹی بات کو بھی سمجھ نہ سکے۔ کیا وُہ قوم جو اِفترا کے طور پر ہمارے نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم پر ہزارہا بُہتان لگاتی اور بالمقابل ایک بات سُننے کی برداشت نہیں کرتی بلکہ فی الفور حُکّام کی طرف رُجوع کرتے ہیں اُنہوں نے میرے پر یہ احسان کیا کہ سواروں اور پیادوں کو جان لینے کے لئے حملے کرتے دیکھا پھر بھی صادقوں اور صابروں کی طرح چُپ رہے۔ حالانکہ ایسے موقع پر تو ایک نبی بھی چُپ نہیں رہ سکتا۔ حضرت مسیح نے بھی الزام دینے کے وقت زبان کو بند نہیں رکھا۔ کیونکہ جس خاموشی کا مذہب پر بد اثر پڑے۔ اور جھُوٹا صادق سمجھا جائے یا ایک صادق جھُوٹا سمجھا جائے وہ خاموشی حرام ہے۔ پھر آتھم صاحب نے ان حملوں کو دیکھ کر برابر پندرہ مہینے تک کیوں ایسی خاموشی اختیار کی بھلا کوئی عیسائی ہے جو اِس کا سبب بتلاوے۔ یا ایسے حضرات مُسلمان جو جلدی سے کہدیتے ہیں کہ یہ پیشگوئی پُوری نہیں ہوئی جواب دیں۔ پھر صرف اِسی پر اکتفا نہیں

مَیں نے خود بات کو پھر بلا کر آتھم کو قسم کھانے کے لئے بُلایا۔ کہ اگر وہ پیشگوئی سے نہیں ڈرا بلکہ تین حملوں سے ڈرا تو قسم کھاوے۔ مگر اُس نے قسم بھی نہیں کھائی۔ حالانکہ تمام عیسائیوں کے بزرگ ہمیشہ قسم کھاتے رہے۔ یہ سب جھوٹے بہانے ہیں کہ قسم کھانا منع ہے۔ پھر مَیں نے چار ہزار روپیہ دینا کیا کہ قسم کھا کر چار ہزار روپیہ لے لیں۔ لیکن تب بھی قسم نہ کھائی۔ اب ظاہر ہے کہ جس حالت میں الہامی پیشگوئی میں صریح شرط موجود تھی جس سے کسی دشمن اور دوست کو انکار نہیں۔ اور پھر آتھم صاحب نے ایسے عملی اور قولی نمونے دِکھائے جو صریح ثابت کرتے تھے کہ وہ پوشیدہ طور پر ضرور الہامی شرط کے پابند ہو گئے تھے۔ تو پھر بعد اِس کے یہ کہنا کہ پیشگوئی پُوری نہیں ہوئی۔ کیا یہ ایمانداری ہے یا بے ایمانی۔ تعصب کا ۹۹
یہ حال ہے کہ یونس کی پیشگوئی پر اعتراض نہیں کرتے جو پُوری نہ ہوئی۔ حالانکہ وُہ بغیر شرط کے تھی۔ مگر اِس پیشگوئی میں تو صریح شرط تھی اور یہ شرط کے پہلو سے پُوری ہو گئی۔ اور پھر اخفائے شہادت کے بعد دُوسرے پہلو سے بھی پُوری ہو گئی۔ تو کیا اِس کی سچائی کو نہ ماننا ایمانداری اور انصاف ہے۔ آتھم نے میرے پر تین حملوں کی تہمتیں لگائیں۔ ان تہمتوں میں بارِ ثبوت اُس کی گردن پر تھا جس سے وُہ سبکدوش نہیں ہُوا۔ یہانتک کہ اِس دُنیا سے گذر گیا۔

اِس جگہ ایک ضروری امر کا بیان کرنا حق کے طالبوں کے لئے مفید ہو گا۔ کہ ڈپٹی عبداللہ آتھم پر خدا تعالیٰ کی حجت پُوری کرنے کے لیے جو کچھ ہم سے ظہور میں آیا۔ اور پیشگوئی کے پُورا ہونے کے بعد جو کچھ عیسائیوں نے امرتسر اور الٰہ آباد وغیرہ مقامات میں خلاف واقعہ مشہور کیا۔ اور جو کچھ میری نسبت زبان درازیاں کی گئیں اور خدا تعالیٰ کے الہام کی تکذیب کی گئی۔ یہ سب واقعات آج سے تیرہ سو برس پہلے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پیشگوئی کے طور پر بیان

فرمائی ہیں۔ اِس پیشگوئی کا ماحصل یہی ہے کہ مہدی معہود کے ساتھ عیسائیوں کا کچھ مناظرہ اور مباحثہ ہوگا۔ پہلے تو ایک معمولی بات ہوگی۔ لیکن پھر وہ ایک بڑا امر ہو جائے گا جس کا جا بجا تذکرہ ہوگا۔ اور شیطان آواز دے گا۔ کہ اُس تنازع میں جو مابین مسلمین اور نصاریٰ ہوگا۔ حق آلِ عیسیٰ کے ساتھ ہے اور آسمان سے آواز آئے گی یعنے الہامی طور پر جتلایا جائے گا کہ حق آلِ محمد کے ساتھ ہے یعنے آخر خدا کا الہام پاک دِلوں کو جو رُوحانی طور پر آلِ محمد کہلاتے ہیں۔ یہ یقین دلادیگا کہ عیسائیوں کا شور و غوغا عبث تھا اور حق اہلِ اسلام کے ساتھ ہے✤ چنانچہ

✤ اس حدیث میں لفظ آلِ عیسیٰ اور آلِ محمد محض استعارہ کے طور پر بیان کیا گیا ہے۔ اور ظاہر ہے کہ دُنیوی رشتوں کے لحاظ سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی کوئی آل نہیں تھی۔ پس اسجگہ بلاشبہ آلِ عیسےٰ سے مُراد وُہ لوگ ہیں جو یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ عیسےٰ خُدا ہے اور ہم اُس خدا کے فرزندوں کی طرح ہیں اور مرکز اُسکی گود میں سوتے ہیں۔ سو اِسی قرینہ سے آلِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی کوئی دُنیوی رشتہ مُراد نہیں ہے بلکہ آل سے مُراد وہ لوگ ہیں جو فرزندوں کی طرح آنحضرت صلی اللہ کے رُوحانی مال کے وارث ٹھہرتے ہیں۔ بلکہ ہر جگہ آل کے لفظ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ کی یہی مُراد ہے نہ دُنیوی رشتے کے جو ایک سفلی اور فانی امر ہے جو موت کے ساتھ ہی لا انساب بینہم کی تلوار سے ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتا ہے۔ نبی کا نفس کبھی اِس بات پر راضی نہیں ہوسکتا کہ آل کے لفظ سے محض اُس کی یہ غرض ہو کہ عام دُنیاداروں کی طرح ایک سفلی اور فانی رشتہ کا لوگوں کو پیرو بنانا چاہے۔ ظاہر ہے کہ نبی کی نظر آسمان پر ہوتی ہے اور اُس کا ساحت عزت اور مبلغ ہمت اِس سے پاک ہے کہ وہ بار بار ایسے رشتوں کو پیش کرے جن کے ساتھ ایمان اور صداقت اور تقویٰ لازم ملزوم نہیں ہے اور یہ کیونکر ہوسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ تو یہ فرماوے کہ یہ دُنیوی رشتے اِسی دُنیا تک ختم ہو جاتے ہیں اور قیامت میں انساب نہیں رہیں گے۔ لیکن اس کا نبی ایک ادنیٰ سے رشتہ پر ہی زور دیتا ہے جو لڑکی کی اولاد ہے۔ حق تو یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کے پاک اور عظیم الشان انبیاء جو جو کلمات مُنہ پر لاتے ہیں وُہ اِس قدر معارف اور حقائق اپنے اندر رکھتے ہیں کہ گویا زمین سے شروع ہو کر آسمان تک جا پہنچتے ہیں۔ یا یُوں کہو کہ آسمان سے زمین تک آفتاب کی شعاع کی طرح نازل ہوتے ہیں اور وُہ تمام کلمات اُس

ایسا ہی وقوع میں آیا۔ اور جب آتھم کی زندگی کے وقت اور نیز اُس کے فوت ہونے کے بعد ہمارے وہ رسائل اور اشتہار شائع ہوئے جن میں نہایت صاف اور مدلل طور پر ثابت کیا گیا تھا کہ آتھم کے متعلق جو پیشگوئی تھی وہ کمال صفائی سے پوری ہوگئی تو تمام اہل انصاف اور دیانت نے اپنی غلطی کا اقرار کیا۔ کیونکہ وہ پیشگوئی ایسی صفائی اور قوت اور عظمت سے بھری ہوئی تھی کہ نہ صرف ایک پہلو سے بلکہ دو پہلو سے ثابت ہوگئی تھی۔ یعنے ایک یہ پہلو کہ آتھم نے الہامی شرط کی پابندی اختیار کرکے اور

درخت کی طرح ہوتے ہیں جس کی جڑ نہایت مضبوط اور زمین کے پاتال تک پہنچی ہوئی ہو۔ اور شاخیں آسمان میں داخل ہوں۔ لیکن وہی کلمات جب عوام کے محاورہ میں آتے ہیں تو عوام کالانعام اپنی محدود فہم اور کوتاہ عقل کی وجہ سے نہایت ذلیل معنوں میں انکو لے آتے ہیں جو رُوحانیوں کے نزدیک قابلِ شرم ہوتے ہیں۔ کیونکہ اُن کی دُنیوی عقلوں کو آسمان سے کچھ بھی علاقہ نہیں ہوتا۔ اور وہ نہیں جانتے کہ رُوحانی روشنی کیلئے ہے۔ اِس لئے وہ جلد تر اپنی موٹی سمجھ کے موافق نبی کے اعلیٰ مقاصد اور بلند تر اِشارات کو صرف دُنیوی اور فانی رشتوں پر ہی ختم کر دیتے ہیں اور وہ نہیں سمجھتے کہ اِس فانی اور ناپائدار رشتہ کے وراء الوراء اَور قسم کے رشتے بھی ہوتے ہیں۔ اور ایسا ہی اور قسم کی آل ہوتی ہے جو مَرنے کے بعد منقطع نہیں ہوسکتی اور لَا اَنساب بینھم کے نیچے نہیں آتی۔ نہ صرف اِس قسم کی آل جو فدک جیسے ایک نام کے باغ اور چند درختوں کے لئے لڑتے پھریں۔ اور مشتعل ہوکر کبھی ابوبکرؓ کو بُرا کہیں اور کبھی عمرؓ کو۔ بلکہ خدا کے پیاروں اور مقبولوں کیلئے رُوحانی آل کا لقب نہایت موزوں ہے۔ اور وہ روحانی آل اپنے رُوحانی نانا سے وُہ روحانی وراثت پاتے ہیں جس کو کسی غاصب کا ہاتھ غصب نہیں کرسکتا۔ اور وہ اُن باغوں کے وارث ٹھہرتے ہیں جنپر کوئی دُوسرا قبضہ ناجائز کرہی نہیں سکتا۔ پس یہ سفلی خیال بعض اسلامی فرقوں میں اُس وقت آگئے ہیں جبکہ اُن کی رُوح مُردہ ہوگئی اور اُنکو رُوحانی طور پر آل ہونے کا کچھ بھی حصہ نہ ملا۔ اِس لئے رُوحانی مال سے لاوارث ہونے کی وجہ سے اُنکی عقلیں موٹی ہوگئیں اور اُنکے دِل مکدّر اور کوتہ بین ہوگئے۔ اِس میں کس ایماندار کو کلام ہے کہ حضرت امام حسین اور امام حسن رضی اللہ عنہما خدا کے برگزیدہ اور صاحبِ کمال اور صاحبِ عفّت اور عصمت اور ائمۃ الہدیٰ تھے اور

اپنی عادات سابقہ سے رجوع اختیار کر کے خدا تعالیٰ کے پاک وعدہ کے موافق کسی قدر مُہلت ملنے کا فائدہ اُٹھا لیا۔ ہاں چونکہ اس کا رُجوع کامل طور پر نہ تھا۔ اِس لئے مُہلت بھی کامل طور پر نہ ملی۔ اور دُوسرے اِس پہلو سے یہ پیشگوئی ثابت ہوئی کہ جب آتھم نے خدا تعالیٰ کی مُہلت دینے کا قدر نہ کیا اور سچ کی گواہی نہ دی بلکہ اِس نشان کو تین حملوں کے بہانہ سے چُھپانا چاہا۔ تو خُدا تعالیٰ نے جلد تر اُسکو پکڑ لیا۔ ہاں خُدا تعالےٰ نے لیکھرام کی پیشگوئی کی طرح جلالی اور

وُہ بلاشُبہ دونوں معنوں کے رُو سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے آل تھے۔ لیکن کلام اِس بات میں ہے کہ کیوں آل کی اعلیٰ قسم کو چھوڑا گیا ہے اور ادنیٰ پر فخر کیا جاتا ہے۔ تعجب کہ وہ اعلیٰ قسم امام حسنؓ اور حسینؓ کے آل ہونے کی یا اَور کسی کے آل ہونے کی جس کی رُو سے وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے رُوحانی مال کے وارث ٹھہرتے ہیں اور بہشت کے سردار کہلاتے ہیں یہ لوگ اس کا تو کچھ ذکر ہی نہیں کرتے اور ایک فانی رشتہ کو بار بار پیش کیا جاتا ہے جس کے ساتھ رُوحانی وراثت لازم ملزوم نہیں۔ اور اگر یہ فانی رشتہ جو جسمانی تعلق سے پیدا ہوتا ہے ضروری طور پر خدا تعالیٰ کے نزدیک حقدار ہوتا تو سب سے پہلے قابیل کو یہ حق ملتا جو حضرت آدم علیہ السلام کا پہلوٹا بیٹا اور پیغمبر زادہ تھا اور پھر اس کے بعد حضرت نوح آدم ثانی کے اُس بیٹے کو حق ملتا جس نے خدا تعالیٰ کی طرف سے اِنّہٗ عملٌ غیرُ صالحٍ کا لقب پایا۔ سو اہلِ معرفت اور حقیقت کا یہ مذہب ہے کہ اگر حضرت امام حسین اور امام حسن رضی اللہ عنہما آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سفلی رشتہ کے لحاظ سے آل بھی نہ ہوتے تب بھی بوجہ اِس کے کہ وُہ رُوحانی رشتہ کے لحاظ سے آسمان پر آل ٹھہر گئے تھے۔ وُہ بلاشبہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے رُوحانی مال کے وارث ہوتے۔ جبکہ فانی جسم کا ایک رشتہ ہوتا ہے تو کیا رُوح کا کوئی بھی رشتہ نہیں۔ بلکہ حدیث صحیح سے اور خود قرآن شریف سے بھی ثابت ہے کہ رُوحوں میں بھی رشتے ہوتے ہیں اور ازل سے دوستی اور دُشمنی بھی ہوتی ہے۔ اَب ایک عقلمند انسان سوچ سکتا ہے کہ کیا لازوال اور ابدی طور پر آلِ رسُول ہونا جائے فخر ہے یا جسمانی طور پر آلِ رسُول ہونا جو بغیر تقویٰ اور طہارت اور ایمان کے کچھ بھی چیز نہیں۔ اِس سے کوئی یہ نہ سمجھے کہ ہم اہل بیت رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کسرِ شان کرتے ہیں بلکہ اِس تحریر سے

قہری رنگ میں اُس سے معاملہ نہ کیا۔ کیونکہ اُس نے نرمی سے اپنا برتاؤ رکھا اور لیکھرام کی طرح تیزی اور نہایت درجہ کی بدزبانی نہ دِکھلائی۔ اِسلئے خداتعالیٰ نے جو حلیموں کے ساتھ حلیم اور سخت زبانوں کے ساتھ سختی سے پیش آتا ہے۔ اُسکے ساتھ نرمی کی۔ گویا خُداتعالیٰ کی جمالی رنگ کی پیشگوئی کا نمونہ ایوب نبی کی پیشگوئی کی طرح ڈپٹی آتھم میں ظہور فرما ہؤا۔ اور اُسکی جلالی رنگ کی پیشگوئی کا نمونہ جو قہر اور سختی اور پُر دہشت طریق سے تھا۔ لیکھرام میں پُورا ہؤا۔ اور ہر ایک طالبِ حق کو ان دونوں شخصوں کے طریقِ عمل سے ایک سبق حاصل ہو سکتا ہے کہ کیسے خدا نے نرمی کرنے والے اور زبان کو بند رکھنے والے سے جو ڈپٹی آتھم تھا نرمی کی۔ اور کسی دہشتناک موت کے ساتھ اُسکو ہلاک نہ کیا بلکہ الہامی شرط کو یاد کر کے جب دیکھا کہ آتھم ڈرا اور اُس نے اپنے عملی طریق میں تبدیلی کی۔ تب خُدا نے بھی اُس سے نرمی کی۔ اور اُسکے رُجوع کی وجہ سے دو برس سے بھی کچھ زیادہ اور مُہلت اُسکو دیدی۔ لیکن شخص ثانی یعنے لیکھرام کو بباعث اُس کی ۱۶۱

ہمارا مُدّعا یہ ہے کہ امام حسن اور امام حسین رضی اللہ عنہما کی شان کے لائق صرف جسمانی طور پر آلِ رسول ہونا نہیں کیونکہ وہ بغیر رُوحانی تعلق کے ہیچ ہے۔ اور حقیقی تعلق اُن ہی عزیزوں کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے کہ جو رُوحانی طور پر اسکی آل میں داخل ہیں رسولوں کے معارف اور انوار رُوحانی رسُولوں کے لئے بجائے اولاد ہیں جو اُنکے پاک وجود سے پیدا ہوتے ہیں۔ اور جو لوگ اُن معارف اور انوار سے نئی زندگی حاصل کرتے ہیں اور ایک پیدائش جدید اُن انوار کے ذریعہ سے پاتے ہیں۔ وہی ہیں جو رُوحانی طور پر آلِ محمد کہلاتے ہیں اور پیشگوئی مذکورہ بالا میں شیطان کا یہ آواز دینا کہ حق آلِ عیسےٰ کے ساتھ ہے۔ یہ شیطان کا کلمہ اس وجہ سے بھی دروغ ہے کہ وہ رُوحانی طور پر مشرکوں کو حضرت عیسےٰ کی آل ٹھہراتا ہے۔ کیونکہ حضرت عیسےٰ کو خُدا کہنے والے آسمان پر اُن کے ساتھ کچھ حصّہ نہیں پا سکتے اور نہ اُنکے وارث ٹھہر سکتے ہیں۔ پھر وہ رُوحانی طور پر اُنکے آل کیونکر ہو سکتے ہیں۔ منہ

بدزبانی اور سخت گوئی اور دریدہ دہنی اور نہایت درجہ کی گستاخی اور فحش گوئی کے کچھ بھی مُہلت نہ دی بلکہ اُسکو ایسے وقت میں پکڑ لیا جبکہ ابھی اسکی پیشگوئی کی میعاد میں سے قریباً دو برس باقی رہتے تھے۔ پس جسقدر آتھم نے اپنے ڈرنے اور لرزاں اور ہراساں ہونے کی وجہ سے پیشگوئی کی میعاد کے دن زیادہ کرا لئے۔ اُسی قدر لیکھرام نے اپنی بدزبانی اور سخت گوئی کی وجہ سے پیشگوئی کی میعاد کے دن کم کرالئے یعنے عبداللہ آتھم نے پیشگوئی کو سُنکر خوف ظاہر کیا اور وہ پیشگوئی کے تمام ایام میں ڈرتا رہا اور روتا رہا۔ اور ایک لفظ بھی بے ادبی کا اُس کے مُنہ سے نہ نکلا۔ بلکہ صُحبتِ بد سے بھی مُنہ پھیر کر گوشہ نشین اور خلوت گزین ہوگیا اور اپنی پہلی عادات بحث مباحثہ اور سخت گوئی سے رُجوع کر لیا۔ بلکہ دہشت زدہ ہوکر بالکل چُپ ہوگیا۔ اِس لئے خُدا نے جو رحیم و کریم خُدا ہے اپنی الہامی شرط اور وعدہ کے موافق اُسکی زندگی کے دن کسی قدر بڑھا دیئے۔ لیکن لیکھرام پیشگوئی کو سُنکر اَور بھی خیرہ طبع ہُوا اور پہلے سے بھی زیادہ بدزبانی کرنا اور گالیاں نکالنا اور خُدا کے پاک نبیوں کو بُرا کہنا شروع کر دیا۔ اِسلئے خدا نے اُسکی زندگی کے دِنوں میں سے قریباً دو برس گھٹا دیئے جیسا کہ آتھم کے دِن قریباً اسی قدر بڑھا دیئے۔ سو یہ ایک نکتہ معرفت ہے جس سے خدا تعالیٰ کی دو مختلف عادتیں اُن دو شخصوں کے ساتھ ظہور میں آئیں جنہوں نے دو مختلف طور پر اپنے جوہر ظاہر کئے۔ بلا شبہ عارفوں کے لئے یہ عجیب دلکش نظارہ ہے کہ کیونکر خوف اور نرمی کی وجہ سے ایک کی زندگی کے دن بڑھائے گئے اور دُوسرے کے دن شوخی اور بدزبانی کی وجہ سے اسی قدر گھٹائے گئے۔ اور بلاشبہ لیکھرام کا قصہ ڈپٹی آتھم کے قصے کا مصرع ثانی ہے۔ اور آتھم کے قصے سے ذوق اُٹھانے کے لئے ضرور ہے کہ ساتھ اسکے لیکھرام کے متعلق کی پیشگوئی کا قصہ بھی پڑھا جائے اور

جو شخص اِن دونوں قصوں کو باہم ملا کر نہیں دیکھے گا ممکن ہے کہ وُہ اچھی طرح اس دقیقۂ معرفت کو نہ سمجھ سکے اور وُہ دو رنگ جو جمالی اور جلالی صُورت میں ظہُور پذیر ہُوئے ہیں اُن کا لُطف کسی کو کب آسکتا ہے جبتک کہ ان دونوں قصوں پر بالمقابل اُسکی نظر نہ پڑے۔ اِسی لئے ہم نے مناسب سمجھا کہ اس پیشگوئی کے بعد لیکھرام والی پیشگوئی کو درج کریں۔ تا معلوم ہو کہ جسقدر یہ آتھم کے متعلق کی پیشگوئی نرم طور پر رفق اور آہستگی کے ساتھ ظہور میں آئی۔ ایسا ہی وُہ پیشگوئی جو لیکھرام کے متعلق تھی ایک دہشت ناک نظّارہ کے ساتھ ظہور پذیر ہوئی۔ یہانتک کہ آتھم کا جنازہ بھی فیروزپور میں چپکے سے اُٹھایا گیا اور چند آدمی عالم خاموشی میں اُسکی تجہیز و تکفین سے فارغ ہو کر آگئے اور کوئی معرکہ کا اجتماع نہ ہوا۔ لیکن لیکھرام کی مَوت پر شورِ قیامت برپا ہُوا۔ اور لاہور کے کوچوں اور گلیوں میں ہندوؤں کی گریہ و زاری کی وُہ رستخیز قائم ہُوئی کہ لاہوریوں کی آنکھ نے شاید راجہ شیر سنگھ کے مرنے کے بعد اسکی نظیر نہ دیکھی ہوگی۔ اور جنازہ ایسے ہجوم خلائق کے ساتھ نکلا کہ گویا وُہ دِن اہلِ ہنود کے لئے روزِ محشر تھا۔

اور ہم اُن لوگوں کی نسبت کیا کہیں اور کیا لکھیں جنہوں نے محض ظلم کی راہ سے یہ کہدیا کہ آتھم کے متعلق پیشگوئی پُوری نہیں ہوئی۔ پیارے ناظرین! تُم ہمارے اس تمام بیان کو جو آتھم کی نسبت کیا گیا ہے اوّل غور سے پڑھو۔ اور پھر آپ ہی انصافاً گواہی دو کہ کیا یہ پیشگوئی پُوری نہیں ہُوئی۔ کیا یہ سچ نہیں ہے کہ اِس پیشگوئی کے الہام میں رجُوع کی شرط تھی۔ اور پھر کیا یہ سچ نہیں کہ آتھم نے اپنے اقوال سے۔ اپنے افعال سے۔ اپنی حرکات سے۔ اپنے سکنات سے اپنے مبہوت اور خوف زدہ چہرہ اور سخت غم کی حالت سے۔ اور اپنے بے اصل اور بے ثبوت اِفتراؤں سے۔ اور اپنی قسم سے کنارہ کشی کرنے سے۔ اور اپنی

نالش سے دست برداری سے۔ اور اپنے اقرار سے کہ ایامِ پیشگوئی میں مَیں ڈرتا رہا ہوں۔
اور اپنی عاداتِ سابقہ کو بیکلخت چھوڑنے سے ثابت کردیا ہے کہ اُس نے الہامی پیشگوئی
کے سُننے کے بعد ضرور اپنی مخالفانہ عادات اور مذہبی مخالفت سے۔ اور ایسا ہی ہر ایک
قسم کی بے باکی اور گستاخی اور بدزبانی سے ضرور رُجوع کیا تھا۔ اور نہ صرف رُجوع
بلکہ دِل اُس کا خوف سے بھر گیا اور اُس کا آرام جاتا رہا۔ یہ ہماری طرف سے صرف ح۱۰۲
دعویٰ نہیں بلکہ یہ وہ باتیں ہیں جن میں سے بعض کا اُس نے خود اقرار کیا اور بعض کو
پبلک نے بچشمِ خود دیکھ لیا۔ اور بعض اُس کے عملی حالات سے معلوم ہو گئیں
مگر یہ عجیب حیرت کا مقام ہے کہ باوجود اتنی وضاحت اور اِسقدر قرائن اور اِسقدر
صاف شہادتوں کے پھر بھی ہمارے مخالف مولویوں اور اُنکے پَیروؤں نے اِس
پیشگوئی کا انکار کر ہی دیا۔ چاہیئے تھا کہ وُہ اِس نشان پر جو علمی معارف بھی ساتھ
رکھتا تھا جس سے ایک پیشگوئی رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم کی پُوری ہوتی تھی اور
جس کے بغیر لیکھرام والا نشان صرف ایک آنکھ کی طرح رہ جاتا تھا۔ اور اُن دو
نشانوں کی ترتیب بگڑتی تھی جو جمالی اور جلالی رنگ میں صفاتِ الٰہیہ کا پُورا چہرہ
دِکھلاتے تھے۔ حد سے زیادہ بلکہ زیادہ سے زیادہ خوشی مناتے اور آسمانی نشان
کا قدر کرتے۔ اور سوچا کھوں کی طرح الہامی شرط کو دیکھتے اور آتھم کے قول اور فعل
میں اِس کا ثبوت پاکر خوشی سے اُچھلتے۔ یہ ایک تھوڑی بات نہیں تھی کہ اِس پیشگوئی
اور لیکھرام والی پیشگوئی کو ایک دُوسرے کے مقابل پر رکھ کر ایک طالب حق کو
تجلیاتِ الٰہیّہ کی معرفت حاصل ہوتی تھی۔ کہ گویا اِس آئینہ سے خدا نظر آجاتا تھا اور
جمالی اور جلالی قدرت کے اسرار کھلتے تھے اور یہ بھی معلوم ہوتا تھا کہ اِس پیشگوئی
کی تاثیر نے آتھم کی سرشت اور عادت پر کس قدر فوق العادت اثر ڈالا۔ یہانتک
کہ اس کے سُننے کے بعد آتھم آتھم نہ رہا۔ اور گو اُسکو ایک قلیل مُہلت ملی مگر پھر بھی

پیشگوئی کے اثر نے اُسکو نہ چھوڑا۔ لیکن افسوس کہ ہمارے علماء کے دل نے نہ مانا کہ خدا کے نشان کو قبول کریں۔ اب بھی مناسب ہے کہ وُہ اِس کتاب کو غور سے پڑھیں اور ایک محققانہ دل اور دماغ لیکر ذرہ سوچیں کہ اب ان ثبوتوں کے بعد پیشگوئی کی سچائی میں کونسی کسر باقی ہے۔ کیا ہمارے ذمہ کوئی بارِ ثبوت ہے جس سے ہم سُبکدوش نہیں ہوئے۔ کیا یہ سچ نہیں کہ ہم نے اپنے دعوے کو بہت سے ثبوتوں سے مُدلّل کرکے دِکھلا دیا ہے مگر آتھم نے حق پوشی کیلئے جو دعویٰ کیا تھا کہ میں تین حملوں سے ڈرا۔ نہ پیشگوئی سے۔ اِس دعوے سے وُہ سُبکدوش نہیں ہُوا۔ یہانتک کہ فوت ہوگیا۔ عزیزو! اب جوانمردی اور تقویٰ کی راہ سے حق کو قبول کرو۔ اور مجھے اِس بات سے بہت مسرت ہے کہ بعض مولوی صاحبان اب تو بہ نامے بھیج رہے ہیں اور جنگ کے اشتہار صُلح کے عرائض سے بدل رہے ہیں۔ اکثر ناہموار طبیعتیں صاف اور سیدھی سڑکوں کی طرح بنتی جاتی ہیں اور دِلوں کے ویران اور سُنسان جنگل وادیٔ کشمیر کی طرح گل و گلزار سے بھرتے جاتے ہیں۔ ناقابلیت اور سُستی کی مرض کم ہوتی جاتی ہے اور جو کچھ پہلے دِلوں میں اُنپر مشکل تھا۔ اب وُہ آسان ہوتا جاتا ہے۔ اب میں دیکھتا ہوں کہ ہر ایک سیدھی طبیعت کے لئے یہ راہ صاف اور کشادہ ہے کہ مجھے اور میرے نشانوں کو بآسانی قبول کرلیں جبکہ وُہ اپنے گذشتہ اولیاء کے ایسے خوارق قبول کرتے ہیں کہ جن کے بارے میں اُنکے ہاتھ میں کوئی کافی ثبوت نہیں۔ تو کوئی وجہ نہیں کہ ایسے نشانوں کے قبول کرنے کے لئے ایک لشکرِ جرار کی طرح اُنکے سامنے کھڑے ہیں اور ایک دُوسرے پر اپنے ثبوت اور صفائی کی روشنی ڈال رہے ہیں۔ کسی قسم کی روک اُنکو پیش آوے۔ بلکہ ان کے لئے نہایت خوشی کا یہ موقع ہے کہ یہ دِن اُنھوں نے دیکھا۔ اُس زمانہ کو ابھی کچھ بہت عرصہ نہیں ہُوا کہ جب ایک پادری بازار میں کھڑا ہوکر اعتراض کرتا تھا کہ نعوذ باللہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے

کوئی معجزہ نہیں ہُوا۔ تب کس قدر سچے مومنوں کے دِلوں پر صدمہ پہنچتا تھا۔ اور گو نقول اور اخبار سے جواب دیا جاتا تھا۔ مگر متعصب دشمن کب مانتا تھا۔ اور اب وُہ زمانہ ہے کہ کوئی پادری ہمارے سامنے کھڑا نہیں ہو سکتا۔ اور خدا تعالیٰ کے نشان اِس طرح نازل ہو رہے ہیں جیسا کہ برسات کی بارش۔ پس شکر کا مقام تھا نہ یہ کہ سب سے پہلے آپ ہی انکار کرنا شروع کردیں۔ یہ کسقدر فخر کی بات تھی کہ اَب بھی اسلام میں صاحب خوارق اور نشان موجود ہیں اور دُوسری قوموں میں موجود نہیں۔ ذرہ سوچیں کہ یہ تمام کارروائی اِسلام کے لئے تھی یا کسی اور مطلب کے لئے۔ اب اِسلام میرے ظہور کے بعد اُس بلندی کے مینار پر ہے کہ جس کے مقابل پر تمام مِلّتیں نشیب میں پڑی ہیں۔ کیونکہ زندہ مذہب وُہی ہوتا ہے جو اپنے ساتھ تازہ بتازہ نشان رکھتا ہے۔ وہ مذہب نہیں بلکہ پُرانے قِصّوں کا مجموعہ ہے جس کے ساتھ زندہ نشان نہیں ہیں۔ پس یہ کسقدر خوشی کی بات ہے کہ اب اسلامی وجاہت میرے ظہور سے ایک اعلیٰ درجہ کی ترقی پر ہے۔ اُس کا نُور دشمن کو نزدیک آنے نہیں دیتا۔ کیا اِس میں شک ہے کہ جو اِس سے پہلے اِسلامی نِشانوں کا ذِکر کیا جاتا تھا وُہ دشمنوں کی نظر میں صِرف دعوے کے رنگ میں تھا۔ اب وہ آفتاب کی طرح چمک رہا ہے۔ اور ہر ایک واعظ اپنے ارادوں میں میری طرف سے امداد پا رہا ہے اور میرے نیک ارادوں کو خدا کی مدد ہردم سہارا دے رہی ہے۔ اب ہم دشمن کو صرف ایک بات میں گرا سکتے ہیں کہ اُس کا مذہب مُردہ اور نشانوں سے خالی ہے اور اب ہر ایک مُسلمان زِندہ اور موجود نشان دِکھلا سکتا ہے اور پہلے ایسا نہیں تھا۔ خوشی کرو اور اُچھلو کہ یہ اِسلام کے اقبال کے دِن ہیں۔ ص۱۰۵

۶۶ اور منجملہ ہیبت ناک اور عظیم الشان نِشانوں کے پنڈت لیکھرام کی مَوت کا نِشان ہے جس کے وقوع کے نہ ایک نہ دو بلکہ برٹش انڈیا کے تمام ہندو اور مسلمان

اور عیسائی گواہ ہیں۔ بلکہ ہماری گورنمنٹ محسنہ بھی اِس نشان کی گواہ ہے۔ اللہ اللہ یہ کیسا دہشت ناک اور ہیبت ناک نشان ظاہر ہُوا جس نے آنکھوں والوں کو خُدا کا چہرہ دِکھا دیا۔ اور شاہِ ایران اور خسرو پرویز اور اُس کے قتل کئے جانے کا واقعہ جو ہمارے سیّد و مولیٰ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئی کی بناء پر ظہور میں آیا تھا۔ اِس زندہ نشان سے دوبارہ آنکھوں کے سامنے آگیا۔ واضح ہو کہ ہمارے سیّد و مولیٰ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دو بڑے نشان تھے جو ایک اُن میں سے آتھم کے قصّہ سے مشابہ اور دُوسرا لیکھرام کے ماجرا سے مماثلت رکھتا تھا۔ اِس مجمل بیان کی تفصیل یہ ہے کہ جیسا کہ صحیح بخاری کے صفحہ ۵ میں مذکور ہے۔ آنجناب صلی اللہ علیہ وسلّم نے ایک خط دعوتِ اسلام کا قیصرِ رُوم کی طرف لکھا تھا اور اُس کی عبارت جو صفحہ مذکورہ بخاری میں مندرج ہے یہ تھی۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ من محمّدٍ عبد اللّٰہ و رسولہ الیٰ ھرقل عظیم الرّوم۔ سلام علیٰ من اتبع الھدیٰ امّا بعد فانّی ادعوک بدعایۃ الاسلام اَسْلِمْ تَسْلَمْ یؤتک اللّٰہ اجرک مرّتین۔ فان تولّیت فانّ علیک اثم الیریسیین۔ و یااھل الکتاب تعالوا الیٰ کلمۃ سواء بیننا و بینکم ان لّا نعبد الّا اللّٰہ و لا نشرک بہٖ شیئًا ولا یتّخذ بعضنا بعضًا اربابًا من دون اللّٰہ فان تولّوا فقولوا اشھدوا بانّا مسلمون۔ یعنے یہ خط محمد صلی اللہ علیہ وسلّم کی طرف سے جو خدا کا بندہ اور اُس کا رسول ہے رُوم کے سردار ہرقل کی طرف ہے۔ سلام اُس پر جو ہدایت کی راہوں کی پیروی کرے اور اس کے بعد تجھے معلوم ہو کہ میں دعوتِ اسلام کی طرف تجھے بُلاتا ہوں یعنے وُہ مذہب جس کا نام اِسلام ہے جس کے یہ معنے ہیں کہ انسان خدا کے آگے اپنی گردن رکھدے اور اُس کی عظمت اور جلال کے پھیلانے کیلئے اور اُس کے بندوں کی ہمدردی کے لئے کھڑا ہو جائے۔ اِس کی طرف میں تجھے

بلاتا ہوں۔ اسلام میں داخل ہوجا کہ اگر تُونے یہ دین قبول کر لیا تو پھر سلامت رہیگا۔ اور بے وقت کی مَوت اور تباہی تیرے پر نہیں آئے گی۔ اَور اگر ایسا نہ کیا تو پھر مَوت اور بادیہ درپیش ہے۔ اور اگر تُونے اسلام قبول کر لیا۔ تو خدا تجھے دو اجر دے گا۔ یعنے ایک یہ کہ تُونے مسیح علیہ السلام کو قبول کیا۔ اور دُوسرا یہ اجر ملے گا کہ تُو نبی آخر الزمان پر ایمان لایا۔ لیکن اگر تُونے مُنہ پھیرا اور اسلام کو قبول نہ کیا تو یاد رکھ کہ تیرے ارکان اور مصاحبین اور تیری رعیّت کا گناہ بھی تیری ہی گردن پر ہوگا۔ اے اہلِ کتاب! ایک ایسے کلمہ کی طرف آؤ جو تم میں اور ہم میں برابر ہے یعنے دونوں تعلیمیں انجیل اور قرآن کی اس پر گواہی دیتی ہیں اور دونوں فرقوں کے نزدیک وہ مُسلّم ہے کسی کو اس میں اختلاف نہیں اور وہ یہ ہے کہ ہم محض اُسی خدا کی پرستش کریں جو واحد لاشریک ہے اور کسی چیز کو اُس کے ساتھ شریک نہ کریں۔ نہ کسی انسان کو۔ نہ کسی فرشتہ کو۔ نہ چاند کو۔ نہ سُورج کو۔ نہ ہَوا کو۔ نہ آگ کو۔ نہ کسی اَور چیز کو۔ اور ہم میں سے بعض خدا کو چھوڑ کر اپنے جیسے دُوسروں کو خدا اور پروردگار نہ بنالیں۔ اور خُدا نے ہمیں کہا ہے کہ اگر اس حکم کو سُنکر یہ لوگ باز نہ آویں اور اپنے مصنوعی خداؤں سے دست بردار نہ ہوں تو پھر انکو کہدو کہ تم گواہ رہو کہ ہم خدا کے اس حکم پر قائم ہیں کہ پرستش اور اطاعت کے لئے اُسی کے آستانہ پر گردن رکھنی چاہیئے اور وُہ اسلام جس کو تم نے قبول نہ کیا ہم اُس کو قبول کرتے ہیں۔ یہ خط تھا جو ہمارے سیّد و مولیٰ نبی صلّی اللہ علیہ وسلم نے قیصرِ روم کی طرف لکھا تھا اور اُس کو قطعی طور پر ہلاکت اور تباہی کا وعدہ نہیں دیا بلکہ اُس کی سلامتی اور ناسلامتی کے لئے شرطی وعدہ تھا۔ اور صحیح بخاری کے اسی صفحہ سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی قدر قیصرِ رُوم نے حق کی طرف رُجوع کر لیا تھا۔ اِسلئے خدا تعالےٰ

کی طرف سے ایک مدّت تک اُس کو مُہلت دی گئی۔ لیکن چونکہ وہ اُس رجوع پر ۱۰۲
قائم نہ رہ سکا اور اُس نے شہادت کو چھپایا۔ اِس لئے کچھ مُہلت کے بعد جو
اُس کے رجوع کی وجہ سے تھی پکڑا گیا۔ اور اُس کا رجوع اُس کے اِس کلمہ سے
معلوم ہوتا ہے جو صحیح بخاری کے صفحہ ۴ میں اِس طرح پر مذکور ہے۔ فان کان
ما تقول حقًّا فسیملك موضع قدمی ھاتین۔ وقد کنتُ اعلم انه
خارج ولم اکن اظنّ انّهٗ منکم۔ فلو انّی اعلم انّی اُخلص الیه
لتجشّمتُ لقاءه۔ ولو کنتُ عنده لغسلتُ عن قدمیه۔ اس عبارت
کا ترجمہ کرنے سے پہلے یہ بات ہم یاد دلا دیتے ہیں کہ یہ واقعہ اُس وقت کا ہے جبکہ
قیصر رُوم نے ابوسفیان کو جو تجارت کی تقریب سے معہ اپنی ایک جماعت کے شام کے
ملک میں وارد تھا اپنے پاس بُلایا۔ اور اُسوقت قیصر اپنے ملک کا سَیر کرتا ہُوا
بیت المقدس میں یعنے یروشلم میں آیا ہُوا تھا۔ اور قیصر نے ہمارے نبی صلی اللہ
علیہ وسلم کی نسبت ابوسفیان سے جو اُسوقت کفر کی حالت میں تھا بہت سی باتیں
پُوچھیں۔ اور ابوسفیان نے اِس وجہ سے جو اُس دربار میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کا ایک سفیر بھی موجود تھا جو تبلیغ اسلام کا خط لیکر قیصر روم کی طرف آیا تھا۔ بجز
راست گوئی کے چارہ نہ دیکھا۔ کیونکہ قیصر نے اُن اُمور کے استفسار کے وقت
کہہ دیا تھا کہ اگر یہ شخص واقعات کے بیان کرنے میں کچھ جھوٹ بولے۔ تو
اسکی تکذیب کرنی چاہیئے۔ سو ابوسفیان نے پردہ دری کے خوف سے سچ سچ ہی
کہدیا۔ اور جسقدر قیصر نے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت کچھ حالات
دریافت کئے تھے وہ سچائی کی پابندی سے بیان کردیئے گو اُس کا دل نہیں چاہتا
تھا کہ صحیح طور پر بیان کرے مگر سر پر جو مکذّبین موجود تھے وہ خوف دامنگیر
ہوگیا اور جھوٹ بولنے میں اپنی رُسوائی کا اندیشہ ہوا۔ جب وہ سب کچھ قیصر

رُوم کے رُوبرو بیان کرچکا۔ تو اُسوقت قیصر نے وُہ کلام کہا جو مندرجہ بالا عربی عبارت میں مذکور ہے جس کا ترجمہ یہ ہے کہ اگر یہ باتیں سچ ہیں جو تُو کہتا ہے تو وُہ نبی جو تم میں پَیدا ہُوا ہے عنقریب وہ اِس جگہ کا مالک ہوجائے گا جس جگہ یہ میرے دونوں قدم ہیں۔ اور قیصر نجوم کے علم میں بہت دسترس رکھتا تھا۔ اِس علم کے ذریعے سے بھی اُس کو معلوم ہُوا کہ یہ وُہی مظفر اور منصور نبی ہے جس کا توریت اور انجیل میں وعدہ دیا گیا ہے۔ اور پھر اُس نے کہا کہ مجھے تو معلوم تھا کہ وُہ نبی عنقریب نکلنے والا ہے۔ مگر مجھے یہ خبر نہیں تھی کہ وہ تم میں سے نکلے گا۔ اور اگر مَیں جانتا کہ مَیں اُس تک پہنچ سکتا ہوں تو مَیں کوشش کرتا کہ اُسکو دیکھوں۔ اور اگر مَیں اُسکے پاس ہوتا تو اپنے لئے یہ خدمت اختیار کرتا کہ اُس کے پَیر دھویا کروں۔ فقط یہ وُہ جواب ہے جو قیصر نے خط کے پڑھنے کے بعد دیا یعنے اُس خط کے پڑھنے کے بعد جس میں قیصر کو اُسکی تباہی اور ہلاکت کی شرطی دھمکی دیگئی تھی۔ اور گو قیصر نے اسلم تسلم کی شرط کو جو خط میں تھی پُورے طور پر ادا نہ کیا۔ اور عیسائی جماعت سے علیحدہ نہ ہُوا۔ لیکن تاہم اُسکی تقریر مذکورہ بالا سے پایا جاتا ہے کہ اُس نے کسی قدر اِسلام کی طرف رُجوع کیا تھا اور یہی وجہ تھی کہ اُسکو مُہلت دیگئی۔ اور اُس کی سلطنت پر بکلی تباہی نہیں آئی اور نہ وُہ جلد تر ہلاک ہُوا۔ اب جب ہم ڈپٹی آتھم کے حال کو قیصر رُوم کے حال کے ساتھ مقابل رکھکر دیکھتے ہیں۔ تو وہ دونوں حال ایک دُوسرے سے ایسے مشابہ پائے جاتے ہیں کہ گویا آتھم قیصر ہے یا قیصر آتھم ہے۔ کیونکہ ان دونوں نے شرطی پیشگوئی پر کسی حد تک عمل کرلیا۔ اِس لئے خدا کے رحم نے رفق اور آہستگی کے ساتھ ان سے معاملہ کیا۔ اور اُن دونوں کی عمر کو کسی قدر مُہلت دیدی۔ مگر چُونکہ وُہ دونوں خدا کے نزدیک اخفائے شہادت کے مُجرم ٹھہر گئے تھے۔ اور آتھم کی طرح قیصر نے بھی گواہی کو

پوشیدہ کیا تھا۔ کیونکہ اُس نے بالآخر اپنے ارکانِ دولت کو اپنی نسبت بدظن پاکر اِن لفظوں سے تسلّی دی تھی کہ وُہ میری پہلی باتیں جن میں مَیں نے اِسلام کی رغبت ظاہر کی تھی اور تمہیں ترغیب دی تھی وُہ باتیں میرے دِل سے نہیں تھیں بلکہ مَیں تمہارا اِمتحان کرتا تھا کہ تُم کِس قدر عیسائی مذہب میں مستحکم ہو۔ لیکن لیکھرام کا حال کسریٰ سے یعنے خُسرو پرویز سے مشابہ ہے۔ کیونکہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کے خط پہنچنے پر اُس نے بہت غُصّہ ظاہر کیا۔ اَور حُکم دِیا کہ اُس شخص کو گرفتار کر کے میرے پاس لانا چاہیئے۔ ✤ تب اُس نے صوبہ یمن کے گورنر کے نام ایک تاکیدی پروانہ لکھا کہ وُہ شخص جو مدینہ میں پیغمبری کا دعویٰ کرتا ہے جس کا نام محمد ہے (صلّی اللہ علیہ وسلّم)۔ اُس کو بلا توقف گرفتار کر کے میرے پاس بھیجدو۔ اُس گورنر نے اِس خدمت کے لئے اپنے فوجی افسروں میں سے دو مضبوط آدمی مُتعیّن کئے کہ تا وُہ کسریٰ کے اِس حُکم کو بجا لاویں۔ جب وُہ مدینہ میں پہنچے اور اُنہوں نے آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کی خدمت میں ظاہر کیا کہ ہمیں یہ حُکم ہے کہ آپ کو گرفتار ص۱۰۵

✤ اِس جگہ اِس بات کا جتلا دینا فائدہ سے خالی نہ ہوگا کہ خُسرو پرویز کے وقت میں اکثر حصّہ عرب کا پایۂ تخت ایران کے ماتحت تھا۔ اور گو عرب کا مُلک ایک ویرانہ سمجھکر جس سے کچھ خراج حاصل نہیں ہو سکتا تھا چھوڑا گیا تھا۔ مگر تاہم بگفتن وُہ مُلک اسی سلطنت کے ممالک محروسہ میں سے شمار کیا جاتا تھا۔ لیکن سلطنت کی سیاست مُدنی کا عرب پر کوئی دباؤ نہ تھا اور نہ وہ اُس سلطنت کے سیاسی قانون کی حفاظت کے نیچے زندگی بسر کرتے تھے بلکہ بالکل آزاد تھے اور ایک جمہوری سلطنت کے رنگ میں ایک جماعت دُوسروں پر امن اور عدل اپنی قوم میں قائم رکھنے کے لئے حکومت کرتی تھی جن میں سے بعض کی رائے کو سب سے زیادہ نفاذ احکام میں عزّت دیجاتی تھی اور اُن کی ایک رائے کسی قدر جماعت کی رائے کے ہم پلّہ سمجھی جاتی تھی۔ سو بدقسمتی سے کسریٰ کو اِس اشتعال کا یہ بھی باعث ہُوا کہ اُس نے آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کو اپنی رعایا میں سے ایک شخص سمجھا۔ لیکن اِس معجزہ کے بعد جس کا ذکر متن میں کیا گیا ہے قطعی طور پر حکومت فارس کے تعلّقات مُلک عرب سے علیحدہ ہو گئے اُسوقت تک کہ وُہ تمام مُلک اسلام کے قبضہ میں آگیا۔ منہ

کرکے اپنے خُداوند کسریٰ کے پاس حاضر کریں۔ تو آپ نے اُن کی اس بات کی کچھ پَروا نہ کرکے فرمایا کہ مَیں اس کا کل جواب دُونگا۔ دُوسری صبح جب وُہ حاضر ہُوئے تو آپ نے فرمایا کہ آج رات میرے خداوند نے تمہارے خداوند کو (جس کو وُہ بار بار خُداوند خُداوند کرکے پُکارتے تھے) اُسی کے بیٹے شیرؔویہ کو اُس پر مسلّط کرکے قتل کر دیا ہے۔ چنانچہ ایسا ہی ہُوا۔ اور جب یہ لوگ یمن کے اُس شہر میں پہنچے جہاں سلطنت فارس کا گورنر رہتا تھا تو ابھی تک اُس گورنر کو کسریٰ کے قتل کئے جانے کی کچھ بھی خبر نہیں پہنچی تھی۔ اسلئے اُس نے بہت تعجب کیا۔ مگر یہ کہا کہ اس عدول حکمی کے تدارک کے لئے ہمیں جلد تر کچھ نہیں کرنا چاہیئے جبتک چند روز تک پایۂ سلطنت کی ڈاک کی انتظار نہ کرلیں۔ سو جب چند روز کے بعد ڈاک پہنچی۔ تو اُن کاغذات میں سے ایک پَروانہ یمن کے گورنر کے نام نکلا۔ جسکو شیرؔویہ کسریٰ کے ولیعہد نے لکھا تھا۔ مضمون یہ تھا کہ خسرو میرا باپ ظالم تھا اور اُس کے ظلم کی وجہ سے اُمورِ سلطنت میں فساد پڑتا جاتا تھا اسلئے مَیں نے اُس کو قتل کر دیا ہے۔ اب تم مجھے اپنا شہنشاہ سمجھو اور میری اطاعت میں رہو۔ اور ایک نبی جو عرب میں پَیدا ہُوا ہے جسکی گرفتاری کے لئے میرے باپ نے تمہیں لکھا تھا اُس حکم کو بالفعل مُلتوی رکھو۔ اور جَیسا کہ ابھی ہم بیان کر چکے ہیں کہ قیصر اور آتھم کا قصّہ بالکل باہم مُشابہ ہے۔ ایسا ہی ہم اسجگہ بھی اس بات کے لکھنے کے بغیر نہیں رہ سکتے کہ اسی طرح لیکھرام کا قصّہ کسریٰ یعنے خسرو پرویز کے قصّے سے نہایت شدید مشابہت رکھتا ہے۔ کیونکہ جس طرح کسی ہندو نے جو اپنے تئیں نومُسلم قرار دیتا تھا لیکھرام کے پیٹ پر حربہ چلایا۔ اسی طرح شیرؔویہ نے خسرو کے پیٹ پر حربہ چلایا۔ اور ان دونوں واقعات لیکھرام اور کسریٰ سے اُسوقت خبر دی گئی تھی جبکہ کسی کو یہ خیال بھی نہ تھا کہ ایسا واقعہ

عنقریب ہم سُنیں گے اور جیساکہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں جو کچھ آتھم اور قیصر روم کو عذابِ الٰہی پیش آیا وہ جمالی رنگ میں تھا۔ اور آتھم اور قیصر روم کی نسبت جو پیشگوئی کی گئی تھی وہ شرطی تھی۔ اور اُس شرط کے موافق جبکہ وہ دونوں اُس شرط کے کسی قدر پابند ہو گئے اُن کو ایک تھوڑے عرصہ تک مہلت دیگئی تھی۔ لیکن جو غیب گوئی لیکھرام اور کسریٰ یعنے خسرو پرویز کی نسبت کیگئی تھی وہ بلا شرط تھی۔ اور یہ دونوں وقوعے کسریٰ اور لیکھرام کے جلالی رنگ میں ظہور میں آئے تھے۔ اور جیساکہ تمام مسلمانوں کا یہ عقیدہ ہے کہ کسریٰ کا مارا جانا ایک بڑا معجزہ تھا کہ وہ سخت دشمن رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کا تھا۔ ایسا ہی اگر مسلمان چاہیں تو گواہی دے سکتے ہیں کہ لیکھرام کا مارا جانا بھی ایک بڑا معجزہ تھا کیونکہ وہ بھی ہمارے نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم کا سخت دشمن اور بدزبان تھا۔ ہاں کسریٰ اور لیکھرام میں یہ فرق تھا کہ کسریٰ ایک بادشاہ تھا جو اپنی عداوت کے جوش میں تلوار سے کام لے سکتا تھا۔ اور لیکھرام ایک برہمن عوام ہندوؤں میں سے تھا۔ جس کے پاس بجز بدزبانی اور فحش گوئی اور نہایت قابلِ شرم گالیوں کے
۱۰۶ ا
اور کچھ نہ تھا۔ اور کسریٰ ہمارے سیّد و مولیٰ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی جان پر حملہ کرنا چاہتا تھا۔ اور لیکھرام نے آنجناب کی مقدس شان اور راستبازی اور نبوت کے پاک چشمہ پر حملہ کرنا چاہا۔ اِس لئے خدا نے جو اپنے پیاروں کے لئے غیرتمند ہے۔ کسریٰ کے واقعہ سے تیرہ سَو ۱۳۰۰ برس بعد پھر اپنے پاک نبی کی عزت اور راستبازی کی حمایت کے لئے لیکھرام کی موت سے وہ معجزہ دوبارہ دِکھلایا جو فارس کے پایہ تخت میں خاص ایوانِ شاہی میں شیرویہ کے ہاتھ سے دِکھلایا گیا تھا۔ اِس سے ہر ایک انسان کو سبق ملتا ہے کہ خدا کے پیاروں اور برگزیدوں کی عزت یا جان پر حملہ کرنا اچھا نہیں ہے۔

گندم از گندم بروید جو ز جو از مکافاتِ عمل غافل مشو

اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ إِذَا هلك كسرىٰ فلا كسرىٰ بعدهٗ ۔ یعنے جب کسریٰ ہلاک ہو جائے گا تو دُوسرا کسریٰ پَیدا نہیں ہوگا۔ جو ظلم اور جَور و جفا میں اُس کا قائم مقام ہو۔ اِس حدیث سے اِستنباط ہو سکتا ہے کہ کسی بدزبان اور فحش گو اور دشمنِ رسُول صلی اللہ علیہ وسلم کے مَرنے کے بعد جو کسی قوم میں ہو۔ پھر ایسی ہی خصلت کا کوئی اَور اِنسان اُس قوم کے لئے پَیدا ہونا خیالِ محال ہے۔ کیونکہ خُدا ہمیشہ اپنے راستبازوں کی نسبت گالیاں اور گندہ زبانی سُننا نہیں چاہتا۔

اَب ہم یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ یہ لیکھرام والی پیشگوئی کس قدر انکشاف اور زور شور سے واقعہ قتل سے پانچ سال پہلے بتلائی گئی تھی۔ سو واضح ہو کہ جب لیکھرام نے نہایت اصرار کے ساتھ اپنی مَوت کے لئے مجھ سے پیشگوئی چاہی۔ تو مجھے دُعا کے بعد یہ الہام ہوا۔ عجل جسد لهٗ خوار۔ له نصب و عذاب۔ یعنے یہ ایک بیجان گوسالہ ہے جس میں مارے جانے کے وقت گوسالہ کی طرح ایک آواز نکلے گی۔ اور اس میں جان نہیں اور اسکے لئے نصب اور عذاب ہے۔ لسان العرب میں جو لغتِ عرب میں ایک پُرانی اور مُعتبر کتاب ہے لفظِ نصب کے معنے علاوہ اَور کئی معنوں کے ایک یہ بھی لکھے ہیں۔ کہ جب کہا جائے نصب فلان لفلان تو اسکے یہ معنے ہونگے کہ کسی شخص نے اس شخص پر جان لینے کے لئے حملہ کیا اور دشمنی کی راہ سے اسکے فنا کرنے کے لئے پُوری پُوری کوشش کی۔ چُنانچہ لسان العرب کے اس مقام میں اپنے لفظ یہ ہیں۔ نصب فلان لفلان نصبًا إِذَا قصد له وعاداه وتجرّد له۔ جس کے یہی معنے ہیں جو اُوپر کئے گئے۔ دیکھو لسان العرب لفظ نصب صفحہ ۲۵۸ سطر نمبر ۲۔ اور خوار کا لفظ لُغتِ عرب میں گوسالہ کی آواز کے لئے آتا ہے لیکن

جب انسان پر اِس لفظ کو استعمال کرتے ہیں تو اُس موقع پر کرتے ہیں جبکہ کوئی مقتول قتل ہونے کے وقت گوسالہ کی طرح آواز نکالتا ہے جیسا کہ اُسی لسان العرب میں خوار کے لفظ کے بیان میں صفحہ ۲۴۵ میں اِن معنوں کی تصدیق کے لئے ایک حدیث لکھی ہے اور وہ یہ ہے:۔ وفی حدیث مقتل اُبَیّ بن خلف فخرّ یخور کما یخور الثور۔ یعنے جب اُبَیّ بن خَلَف قتل کیا گیا تو یُوں آواز نکالتا تھا جیسے کہ بیل آواز نکالتا ہے۔ اور کبھی خوار کا لفظ عرب کی زبان میں اُس ہتھیار کی آواز پر بولا جاتا ہے جو چلایا جاتا ہے۔ چنانچہ لسان العرب کے اُسی صفحہ ۲۴۵ میں ایک نامی شاعر عرب کا اِس محاورہ کے حوالہ میں ایک شعر لکھا ہے اور وہ یہ ہے:۔ یخرن اذا اُنفزن فی ساقط الندیٰ

وان کان یومًا ذا اهاضیب مخضلا

یعنے اُن تیروں میں سے جو چلائے جاتے ہیں اور پھر نکالے جاتے ہیں گوسالہ کی آواز کی طرح ایک آواز آتی ہے۔ اگرچہ ایسا دن ہو جس میں متواتر بارش ہوئی ہو۔ اور ہر ایک چیز کو تر کر دیتا ہو۔ اور شعر میں جو لفظ ساقط الندیٰ آیا ہے اسکے یہ معنے ہیں کہ جو درختوں پر بارش ہو کر پھر درختوں پر جو کچھ پانی جمع ہو کر پھر وہ زمین پر پڑتا ہے اُس پانی کا نام ساقط ہے۔ اور ندیٰ جنگلی درختوں کو کہتے ہیں۔ جنکو ہندی میں بَن کہتے ہیں۔ اور شاعر کا اِس جگہ مطلب یہ ہے کہ وہ اپنے تیروں کی صفائی اور استقامت اور اُنکی تیزی کی تعریف کرتا ہو کہ اُن میں سے چلانے اور پھیرنے کے وقت ایک آواز آتی ہے جیسا کہ گوسالہ کی آواز ہوتی ہے۔ اور اگرچہ سخت جھڑی لگی ہُوئی ہو۔ اور متواتر بارشیں ہو رہی ہوں۔ اُن تیروں کو بباعث عُمدگی صنعت اور اچھے ہونے قسم لکڑی کے کوئی حرج نہیں پہنچتا۔ غرض اِس نہایت معتبر کتاب سے جو لسان العرب ہے۔ ثابت ہوتا مشا

ہے کہ خور اور خوار کے لفظ کو انسان پر اُس حالت میں بھی بولتے ہیں کہ جب وہ قتل ہونے کے وقت فریاد کرتا ہے۔ اور قتل کرنے کے وقت جو ہتھیار کی آواز ہوتی ہے اُس کا نام بھی خوار ہے۔

اور جیسا کہ ابھی ہم لکھ چکے ہیں کہ یہ پیشگوئی یعنے عجل جسد له خوار. له نصب وعذاب۔ اپنے ان دو لفظوں کے رُو سے جو خوار اور نصب ہے لیکھرام کے قتل ہونے پر دلالت کرتی ہے۔ اسی کے موافق خدا تعالیٰ کی تفہیم سے ہم نے وہ اشعار اور نیز چند سطریں نثر کی لکھی ہیں جو کتاب آئینہ کمالات اسلام کے پانچویں ضمیمہ میں درج ہیں جنپر نظر غور کرکے ایک دانشمند سمجھ سکتا ہے کہ اُن بیانات سے صاف واضح ہوتا ہے کہ لیکھرام اپنی طبعی موت سے نہیں بلکہ بذریعہ قتل پیشگوئی کے مفہوم کے مطابق اِس جہان فانی سے کوچ کرے گا۔ چنانچہ اِس ضمیمہ کے صفحہ ۲ کی عبارت جو اس صورتِ موت پر دلالت کرتی ہے یہ ہے:۔

"اب مَیں اِس پیشگوئی کو شائع کرکے تمام مسلمانوں اور آریوں اور عیسائیوں اور دیگر فرقوں پر ظاہر کرتا ہوں کہ اگر اِس شخص پر چھ برس کے عرصہ میں آج کی تاریخ سے کوئی ایسا عذاب نازل نہ ہوا جو معمولی تکلیفوں (بیماریوں) سے نرالا اور خارق عادت (یعنے طبعی موتوں سے جو عادت میں داخل ہیں الگ ہو) اور اپنے اندر الٰہی ہیبت رکھتا ہو (یعنے انسان سمجھ سکتا ہو کہ یہ ایک ناگہانی آفت ہے جو دِلوں پر ایک ڈرانے والا اثر کرتی ہے) تو سمجھو کہ مَیں خدا تعالیٰ کی طرف سے نہیں اور نہ اُس کی رُوح سے میرا یہ نطق ہے۔ اور اگر مَیں اِس پیشگوئی میں کاذب نکلا (یعنے اگر ہیبت ناک طور پر لیکھرام کی موت نہ ہوئی)

تو ہر ایک سزا بُھگتنے کے لئے مَیں طیار ہوں اور اِس بات پر راضی ہوں کہ مجھے گلے میں رسّہ ڈال کر کسی سُولی پر کھینچا جائے۔ اور باوجود میرے اِس اقرار کے یہ بات بھی ظاہر ہے کہ کسی انسان کا اپنی پیشگوئی میں جھوٹا نکلنا خود تمام رُسوائیوں سے بڑھ کر رُسوائی ہے۔ زیادہ اِس سے کیا لکھوں۔ اب آریوں کو چاہیئے کہ سب مل کر دُعا کریں کہ یہ عذاب اُن کے اِس وکیل سے ٹل جائے" فقط

اور صفحہ ایک کے اشعار اسی ضمیمہ میں جو لیکھرام کی صُورتِ موت پر بلند آواز سے دلالت کرتے ہیں یہ ہیں :-

عجب نُوریست در جانِ محمدؐ عجب لعلے ست در کانِ محمدؐ
ز ظلمتہا دلے آنگہ شود صاف کہ گردد از محبانِ محمدؐ
عجب دارم دلِ آں ناکساں را کہ رُو تابند از خوانِ محمدؐ
ندانم ہیچ نفسے در دو عالم کہ دارد شوکت و شانِ محمدؐ
خدا زاں سینہ بیزار است صد بار کہ ہست از کینہ داران محمدؐ
خدا خود سوزد آں کرم دنی را کہ باشد از عدوانِ محمدؐ
اگر خواہی نجات از مستیٔ نفس بیا در ذیلِ مستانِ محمدؐ
اگر خواہی کہ حق گوید ثنایت بشو از دل ثنا خوانِ محمدؐ
اگر خواہی دلیلے عاشقش باش محمدؐ ہست بُرہانِ محمدؐ
سرے دارم فدائے خاکِ احمدؐ دلم ہر وقت قُربانِ محمدؐ
بگیسوئے رسول اللہ کہ ہستم نثارِ رُوئے تابانِ محمدؐ
درین رہ گر کشندم وربسوزند نتابم رُو زِ ایوانِ محمدؐ
بکارِ دین نترسم از جہانے کہ دارم رنگ ایمانِ محمدؐ

بسے سہل ست از دُنیا بُریدن | بیادِ حُسن و احسانِ محمدؐ
فدا شُد در رہش ہر ذرّہ من | کہ دیدم حُسن پنہانِ محمدؐ
دِگر اُستاد را نامے ندانم | کہ خواندم در دبستانِ محمدؐ
بدیگر دلبرے کارے ندارم | کہ ہستم کُشتۂ آنِ محمدؐ
مَرا آں گوشۂ چشمے بباید | نخواہم جُز گُلستانِ محمدؐ
دلِ زارم بہ پہلویم مجوئید | کہ بستیمش بہ دامانِ محمدؐ
من آں خوش مُرغ از مُرغانِ قدسم | کہ دارد جا بہ بُستانِ محمدؐ
تو جانِ ما مُنوّر کردی از عشق | فدایت جانم اَے جانِ محمدؐ ۱۰۸
دریغا گر دہم صد جاں دریں راہ | نباشد نیز شایانِ محمدؐ
چہ ہیبت ہا بدادند ایں جواں را | کہ ناید کس بمیدانِ محمدؐ
الا اے دشمنِ نادان و بے راہ | بترس از تیغِ بُرّانِ محمدؐ
رہِ مولا کہ گُم کردند مَردم | بجو در آل و اعوانِ محمدؐ
الا اے مُنکر از شانِ محمدؐ | ہم از نُورِ نمایانِ محمدؐ

کرامت گرچہ بے نام و نشان ست
بیا بنگر زِ غلمانِ محمدؐ

لیکھرام پشاوری کی نسبت ایک پیشگوئی

اَب اِن تمام اشعار سے اور مذکورہ بالا نثر سے صاف طور پر ظاہر ہے کہ لیکھرام کی مَوت کے لئے **تیغِ بُرّاں** کی طرف اشارہ کیا گیا ہے اور مَوت کی

قسم کو ہیبت ناک قسم بیان کیا گیا ہے جو معمولی موتوں سے نرالی ہے۔ اور خود لفظ نصب اور خوار کا بھی دلالت کرتا تھا کہ یہ موت بذریعہ قتل کے واقع ہوگی۔ مگر تاہم چونکہ اللہ تعالیٰ کو منظور تھا کہ اِس پیشگوئی کو زیادہ سے زیادہ واضح کرے۔ اِس لئے اُس حکیم مطلق نے صرف اِس پیشگوئی پر ہی جس میں لفظ خوار اور نصب کا موجود ہے کفایت نہیں کی۔ بلکہ اِس کی تشریح اور تفصیل کے لئے اور کئی الہامی پیشگوئیاں اِس کے ساتھ شامل کر دیں جنکو ہم ابھی بیان کریں گے۔ مگر اِس جگہ کمال افسوس سے لکھا جاتا ہے کہ بعض نادانوں کا تعصّب سے یہ حال ہوگیا ہے کہ اُنہوں نے اِس پیشگوئی کے معنوں کی طرف ذرہ توجہ نہیں کی اور نہ اُس شرح اور تفصیل کو دیکھا جو اسکے نیچے موجود ہے جس میں صاف لکھا ہے کہ یہ ایک خارق عادت اور ہیبت ناک نشان ہوگا نہ معمولی موت۔ بلکہ انھوں نے کمال ناانصافی سے یہ اعتراض کر دیا ہے کہ اِس پیشگوئی میں تو صرف عذاب کا لفظ ہے اور عذاب سے موت مُراد نہیں ہے لیکن اِن معترضین نے نادانی سے لفظ نصب کو جو قتل کی موت پر دلالت کرتا تھا اور خوار کے لفظ کو جو اُس حالت پر دلالت کرتا تھا جبکہ مقتول کے مُنہ سے قتل کئے جانے کے وقت بیل کی طرح ایک آواز نکلتی ہے نظر انداز کر دیا ہے۔ اور اگر فرض محال کے طور پر لفظ نصب اور خوار پیشگوئی میں نہ ہوتا اور صرف عذاب کا لفظ ہی ہوتا۔ تب بھی وہ موت پر ہی دلالت کرتا تھا۔ کیونکہ جسقدر کامل عذابوں کے نمونے توریت اور قرآن شریف میں بیان فرمائے گئے ہیں وہ سب موت کے ساتھ تھے۔ نوح کی قوم کو عذاب ہوا وہ کیا تھا۔ پانی کے ذریعہ سے موت تھی۔ لُوط کی قوم کو عذاب ہوا۔ وہ کیا تھا۔ پتھر برسانے سے موت تھی۔ اصحاب الفیل کی قوم کو عذاب ہوا۔ وہ کیا تھا۔

کنکریوں کے ذریعہ سے موت تھی۔ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مخالفین کو عذاب
ہؤا۔ وہ کیا تھا۔ تلوار کے ذریعہ سے موت تھی۔ ایسا ہی بہت سی اُمتوں پر اُنکی
کثرت گناہوں کے سبب سے عذاب ہوتے رہے وہ کیا تھے؟ سب موت تھی۔
کیا کوئی ثابت کر سکتا ہے کہ جو دُنیا میں انبیاء کے مخالفوں پر آسمان سے عذاب
نازل ہوتے رہے وہ موت کی حد تک نہیں پہنچے تھے۔ صرف ایسے تھے جیسے
اُستاد بچوں کو جھڑکی دیتا ہے یا کوئی خفیف سی درد ہو جاتی ہے۔ اللہ اللہ
تعصّب کسقدر کمال کو پہنچ گیا ہے کہ میری دُشمنی کے لئے اب نوح کی قوم کے
عذاب اور لُوط کی قوم کے عذاب اور نمرود کی قوم کے عذاب اور عاد و ثمود کے
عذاب اور صالح نبی کی قوم کے عذاب اور حضرت موسیٰ کے دُشمنوں پر جو عذاب
ص۱۰۹ نازل ہوئے اس کے یہی معنے کئے جاتے ہیں کہ وہ لوگ مرے نہیں تھے تا کسی
طرح لیکھرام کی پیشگوئی کی تکذیب کی جائے۔ یہ لوگ تکذیب کے لئے ہر طرف
ہاتھ پیر مار کر یہ عذر بھی پیش کرتے ہیں کہ جہنم میں جو عذاب ہوگا اُس میں کہاں
موت ہے۔ اِس کا جواب یہ ہے کہ تمام جہنمی اوّل موت کا ہی عذاب اُٹھا کر
پھر جہنم تک پہنچتے ہیں۔ موت کے بغیر جہنم میں کون گیا۔ اور جہنم میں بھی موت
ہوتی اگر خدا تعالیٰ کا یہ وعدہ نہ ہوتا کہ پھر موت نہیں ہوگی۔ مگر باوجود اس کے
خدا تعالیٰ نے جہنمیوں کو زندہ بھی نہیں کہا۔ جیسا کہ وہ فرماتا ہے[1]۔ انه من
یّأتِ ربّہٗ مجرمًا فانّ لہٗ جہنم لا یموت فیہا ولا یحییٰ۔ یعنے جو شخص
مجرم ہونے کی حالت میں مرے گا اُس کے لئے جہنم ہے کہ وہ اُس میں نہ مرے گا
اور نہ زندہ رہے گا۔ اب دیکھو کہ جہنمی کے واسطے زندگی بھی نہیں گو ابدی عذاب
کے پورا کرنے کے لئے موت بھی نہیں۔ ماسوا اِس کے لیکھرام پر تو اسے دُنیا
میں یہ عذاب کا وعدہ تھا نہ کہ آخرت میں۔ پس یہ عذاب نوح کی قوم کے عذاب یا

[1] طٰہٰ : ۷۵

لُوط کی قوم کے عذاب یا دُوسری اُن قوموں کے عذاب سے مشابہ ہونا چاہیئے۔ جو دُنیا میں ہُوئے جس عذاب سے وہ لوگ مر گئے نہ کہ جہنم کے عذاب سے جو اِس دُنیا کے بعد ہوگا۔ کسقدر تعصب ہے اور کیسے ہاتھ پَیر مار رہے ہیں کہ کسی طرح خدا کے نشانوں کو خاک میں ملا دیں۔ سو چونکہ اللہ تعالیٰ جانتا تھا کہ ان لوگوں کے نفسِ اَمّارہ طرح طرح کی بیجا حُجّتیں پیش کریں گے۔ تا خُدا تعالیٰ کے ایک چمکتے ہُوئے نشان کو کسی طرح ٹال دیں ایسا نہ ہو کہ وُہ اُن کے دِل میں اُترے اور اُن کے سینہ کو خدا کی معرفت سے روشن کرے۔ اِس لئے خُدائے علیم و حکیم نے کئی دفعہ کئی الہاموں میں اِس پیشگوئی کو بیان فرمایا اور کُھلے کُھلے طور پر اِس کی تفہیم کرا کر وُہ عبارتیں میری کتاب میں درج کرائیں جو ابھی لکھ چکا ہوں۔

اب مَیں مناسب دیکھتا ہوں کہ اِس جگہ اُن دُوسرے الہامات اور کشوف کا بھی ذِکر کر دوں جو اِسی پیشگوئی کی تفصیل اور تشریح میں بیان فرمائے گئے۔ مگر اِس قدر بیان کر دینا فائدہ سے خالی نہیں کہ ان لوگوں کا ایک یہ بھی اعتراض ہے کہ جب ایک مرتبہ خدا تعالیٰ نے بیان فرما دیا تھا کہ لیکھرام پر نصب اور عذاب چھ برس تک نازل ہونے والا ہے تو دُوسری پیشگوئیوں کی کیا ضرورت تھی۔ اِس کا جواب یہ ہے کہ دُوسری پیشگوئیاں اِس پیشگوئی کے لئے بطور تفصیل اور شرح کے ہیں تا نادان معترض پر بکمال و تمام حُجّت پُوری کی جائے۔ اور اگر یہ جائز نہیں ہے کہ خدا تعالیٰ اپنے بعض الہامات کو دُوسرے الہامات سے تشریح فرما دے تو یہ اعتراض خود خدا تعالیٰ کی کتاب پر ہوگا کہ مثلاً جبکہ اُس نے سُورۂ اخلاص میں ایک مرتبہ فرما دیا تھا کہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَللّٰهُ الصَّمَدُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۔[1] تو پھر کیا ضرور تھا کہ بار بار اِن مضامین کا قرآن شریف میں ذِکر کرتا اور ناحق اپنے کلام کو طُول دیتا۔ اب دیکھنا چاہیئے کہ یہ نادان فرقہ میری پیشگوئی پر اعتراض کر کے کس طرح

[1] الاخلاص: ۲ تا ۵

خدا کی کلام قرآن شریف کو بھی موردِ اعتراض ٹھہراتا ہے۔ اب ہم باقی الہامات کو جو اس پیشگوئی کے لئے بطور تشریح ہیں ذیل میں لکھتے ہیں اور ناظرین سے توقع رکھتے ہیں جو وُہ غور سے سوچیں اور عمدًا خدا تعالیٰ کے نشانوں کی تکذیب کر کے بازپُرس کا نشانہ نہ بنیں۔ واضح ہو کہ پیشگوئی مذکورہ بالا کی تفصیل اور تشریح کے لئے ایک اَور الہام ہے جو لیکھرام کی موت سے قریبًا پانچ سال پہلے شائع کیا گیا چنانچہ وُہ میرے رسالہ کرامات الصادقین کے اخیر میں یعنے ٹائیٹل پیج کے اخیر صفحہ پر آٹھویں سطر میں درج ہے۔ اَور وُہ عبارت جس میں الہام مذکور ہے یہ ہے۔

ومنہا ما وعدنی ربّی واستجاب دعائی فی رجل مفسد عدوّ اللّٰہ ورسُولہ المسمّی لیکھرام الفشاوری واخبرنی انّہ من الھالکین۔ انّہ کان یسبّ نبیّ اللّٰہ ویتکلّم فی شانہ بکلمات خبیثۃ۔ فدعوت علیہ فبشّرنی ربّی بموتہ فی ستّ سنۃ۔ انّ فی ذالك لاٰیۃ للطّالبین۔

یعنے میرے نشانوں میں سے جو خدا نے میری تائید میں ظاہر فرمائے۔ وُہ پیشگوئی ہے جو میری دُعا قبول ہو کر ایک فساد انگیز شخص کی نسبت جو اللہ اور رسُول کا دشمن تھا جس کا نام لیکھرام تھا اور پشاور کے ضلع کا رہنے والا تھا۔ مجھے بتلائی گئی۔ اور خدا نے اُس کے بارے میں مجھے خبر دیکر مجھ سے وعدہ کیا کہ وہ اُس کو ہلاک کرے گا۔ یہ شخص نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم کو گالیاں دیا کرتا تھا اور اُس کی شان میں توہین کے الفاظ بولا کرتا تھا۔ پس مَیں نے اسپر بددُعا کی اور خدا نے میری دُعا قبول کر کے مجھے خوشخبری دی اور کہا کہ مَیں چھ برس کی میعاد میں لیکھرام کو ہلاک کرونگا۔ اِس پیشگوئی میں اُن لوگوں کے لئے جو خدا کے طالب ہیں ایک بڑا نشان ہے۔ فقط

تمام ہندو اَور مُسلمان اور عیسائی برٹش انڈیا کے رہنے والے اِس بات کے گواہ ہیں اور خود گورنمنٹ بھی گواہ ہے جس کی خدمت میں یہ عربی پیشگوئی والی کتاب

صفحہ ۱۱۰

بھیجی گئی تھی کہ یہ موت کی پیشگوئی جو لیکھرام کی نسبت قریباً پانچ سال اُس کے قتل ہونے سے پہلے کی گئی تھی اور لاکھوں انسانوں میں مشہور ہو چکی تھی۔ اس میں بار بار اشتہارات کے ذریعہ سے صاف صاف کہدیا تھا کہ یہ موت کسی معمولی بیماری سے نہیں ہوگی بلکہ ضرور ایک ہیبت ناک نشان کے ساتھ یعنے زخم کے ساتھ اُس کا وقوعہ ہوگا اور دلوں کو ہلادے گا۔* اب دیکھو کہ یہ پیشگوئی کیسے صاف الفاظ میں بتلا رہی ہے کہ خدا نے قطعی طور پر ارادہ کیا ہے کہ لیکھرام کو چھ برس کی مدت تک ہولناک طرز میں ہلاک کرے۔ اس جگہ یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے۔ کہ جب پہلی پیشگوئی جس میں نصب اور عذاب کا لفظ ہے کی گئی۔ تو نادان مخالفوں نے یہ اعتراض کرنا شروع کیا کہ عذاب کی پیشگوئی کیا حقیقت رکھتی ہے۔ عذاب تپ اور درد سر سے بھی ہو سکتا ہے۔ اور ہر چند زبانی تقریروں میں انھیں کہا گیا کہ اس جگہ عذاب سے مراد موت ہی ہے۔ جیسا کہ نصب کا لفظ دلالت کر رہا ہے۔ مگر انہوں نے نہایت تعصب سے اعتراض کرنا نہ چھوڑا۔ قرآن شریف کے مواقع پیش کئے گئے جہاں نوح کی قوم کی نسبت اور لوط کی قوم کی نسبت اور فرعون کی قوم کی نسبت عذاب کا ذکر تھا جس سے صریح موت مراد تھی۔ تب بھی انہوں نے نہ مانا۔ آخر خدا تعالیٰ کی جناب میں توجہ کی گئی کہ وہ ایک کھلے کھلے الہام سے لیکھرام کی موت سے مطلع فرماوے۔ تب خدا تعالیٰ نے وہ الہام عطا فرمایا جو اوپر لکھا گیا ہے جس میں عربی عبارت میں بکمالِ تشریح و تفصیل لیکھرام کی موت کی نسبت

* یہ عبارت جو رسالہ برکات الدعا کے اخیر صفحہ میں ہے کہ اس پیشگوئی کا نشان دلوں کو ہلا دے گا۔ اس کے یہ معنے ہیں کہ اُس وقت بہت شور اُٹھے گا۔ اور پیشگوئی خوفناک صورت میں ناگہانی طور پر خلافِ اُمید ظاہر ہوگی جس سے دل کانپ جائیں گے۔ یعنے لیکھرام کی موت دہشت ناک اور ڈراونی صورت پر واقعہ ہوگی جس سے یکدفعہ غوغا برپا ہو جائیگا اور دلوں پر چوٹ پہنچے گی۔ منہ

پیشگوئی کی گئی ہے کہ وُہ چھ برس کے اندر ہلاک کیا جائے گا۔ لیکن اس الہام کے بعد بھی متعصب طبیعتوں کا شور کم نہ ہوا۔ اور اُنہوں نے کہا۔ کہ ہمیشہ لوگ بیماریوں سے مرتے ہی ہیں۔ اور صحت بھی پاتے ہیں۔ یہ کچھ پیشگوئی نہیں۔ اور ظلم کی راہ سے یہ خیال نہ کیا کہ بے شک موت کا سلسلہ جاری تو ہے۔ مگر یہ کسی انسان کے اختیار میں نہیں کہ کسی کی موت کے لئے کوئی تاریخ مقرر کر سکے۔ مگر پھر بھی متعصب اخباروں نے شور مچایا کہ یہ پیشگوئی گول مول ہے۔ اور ہر چند سمجھایا گیا کہ اب تو الہام کے ذریعہ سے صریح لفظوں میں موت کی خبر دی گئی۔ مگر وُہ ظلم کی راہ سے لوگوں کو دھوکے دیتے رہے اور کہتے رہے کہ موت کا سلسلہ بھی تو انسانوں کے لئے جاری ہے۔ اِس میں ہیبت ناک نشان کونسا ہے۔ چنانچہ انیس ہند میرٹھ نے جو ہندوؤں کی طرف سے میرٹھ میں ایک اخبار نکلتا ہے۔ اپنے پرچہ ۲۵ر مارچ ۱۸۹۳ء میں بھی یہی اعتراض کیا۔ اور یہ لکھا کہ ایسی پیشگوئی مفید نہیں ہوگی۔ اور اسمیں شبہات باقی رہ جائیں گے۔ مگر چونکہ مجھ کو اللہ تعالیٰ نے اپنے متواتر الہامات سے بخوبی سمجھا دیا تھا۔ کہ اِس پیشگوئی سے موت ہی مراد ہے۔ اور موت بھی قتل کی موت۔ اور ہیبت ناک موت۔ اِس لئے مَیں نے ایڈیٹر انیس ہند میرٹھ کو بھی وُہ دندان شکن جواب دیا جس کو مَیں نے اپنے رسالہ برکات الدّعا کے ٹائٹل پیج کے صفحوں میں اُنہی دِنوں میں پیشگوئی کے وقوع سے قریبًا پانچ سال پہلے شائع کر دیا ہے۔ مَیں مناسب دیکھتا ہوں کہ وُہ جواب جو قتل لیکھرام سے ایک زمانہ دراز پہلے میرے رسالہ برکات الدّعا کے ٹائیٹل پیج پر چھپ کر

شائع ہو چکا ہے۔ اِس جگہ اُس رسالہ میں سے نقل کر دوں۔ سو وُہ یہ ہے :-

"نمونہ دُعائے مستجاب"

انیس ہند میرٹھ اَور ہماری پیشگوئی پر اعتراض

"اِس اخبار کا پرچہ مطبوعہ ۲۵؍ مارچ ۱۸۹۳ء جس میں میری اس پیشگوئی کی نسبت جو لیکھرام پشاوری کے بارے میں مَیں نے شائع کی تھی کچھ نکتہ چینی ہے مجھکو ملا- مجھے معلوم ہوا ہے کہ بعض اور اخباروں پر بھی یہ کلمۃ الحق شاق گذرا ہے اور حقیقت میں میرے لئے خوشی کا مقام ہے کہ یُوں خود مخالفوں کے ہاتھوں اسکی شہرت اور اشاعت ہو رہی ہے۔ سو مَیں اسوقت اِس نکتہ چینی کے جواب میں صرف اسقدر لکھنا کافی سمجھتا ہوں کہ جس طور اور طریق سے خدا تعالٰے نے چاہا اسی طور سے کیا- میرا اسمیں دخل نہیں- ہاں یہ سوال کہ ایسی پیشگوئی مفید نہیں ہو گی اَور اس میں شبہات باقی رہ جائیں گے - اِس اعتراض کی نسبت مَیں خوب سمجھتا ہوں کہ یہ پیش از وقت ہے- مَیں اِس بات کا خود اقراری ہوں اور اب پھر اقرار کرتا ہوں کہ اگر جیسا کہ معترضوں نے خیال فرمایا ہے پیشگوئی کا ماحصل آخر کار یہی نکلا کہ کوئی معمولی تپ آیا- یا معمولی طور پر کوئی درد ہُوا- یا ہیضہ ہُوا- اَور پھر اصلی حالت صحت کی قائم ہو گئی- تو وُہ پیشگوئی متصوّر نہیں ہو گی اور بلاشُبہ مکر اور فریب ہو گا- کیونکہ ایسی بیماریوں سے تو کوئی بھی خالی نہیں- ہم سب کبھی نہ کبھی بیمار ہو جاتے ہیں- پس اِس صُورت میں بلا شُبہ مَیں اُس سزا کے لائق ٹھہروں گا جس کا ذِکر مَیں نے کیا ہے- لیکن اگر پیشگوئی کا ظہُور اُس طور سے ہُوا کہ جس میں قہرِ الٰہی کے ۱۱۱

نشان صاف صاف اور کُھلے کُھلے طور پر دکھائی دیں۔ تو پھر سمجھو کہ خدا تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ اصل حقیقت یہ ہے کہ پیشگوئی کی ذاتی عظمت اور ہیبت دِنوں اور وقتوں کے مقرر کرنے کی محتاج نہیں۔ اِس بارے میں تو زمانہ نزولِ عذاب کی ایک حد مقرر کر دینا کافی ہے۔ پھر اگر پیشگوئی فی الواقع ایک عظیم الشان ہیبت کے ساتھ ظہور پذیر ہو تو وہ خود دِلوں کو اپنی طرف کھینچ لیتی ہے۔ اور یہ سارے خیالات اور نکتہ چینیاں جو پیش از وقت دِلوں میں پیدا ہوتی ہیں ایسی معدوم ہو جاتی ہیں کہ منصف مزاج اہل الرائے ایک انفعال کے ساتھ اپنی رائیوں سے رجوع کرتے ہیں۔ ماسوا اِس کے یہ عاجز بھی تو قانون قدرت کے تحت میں ہے۔ اگر میری طرف سے بُنیاد اِس پیشگوئی کی صرف اسی قدر ہے کہ مَیں نے صِرف یاوہ گوئی کے طور پر چند احتمالی بیماریوں کو ذہن میں رکھ کر اور اٹکل سے کام لیکر یہ پیشگوئی شائع کی ہے تو جس شخص کی نسبت یہ پیشگوئی ہے وہ بھی تو ایسا کر سکتا ہے کہ اِن ہی اٹکلوں کی بُنیاد پر میری نسبت کوئی پیشگوئی کر دے بلکہ مَیں راضی ہوں کہ بجائے چھ برس کے جو مَیں نے اُس کے حق میں میعاد مقرر کی ہے۔ وہ میرے لئے دس برس لکھ دے۔ لیکھرام کی عُمر اِس وقت شاید زیادہ سے زیادہ تیس برس کی ہوگی۔ اور وہ ایک جوان۔ قوی ہیکل۔ عُمدہ صحت کا آدمی ہے۔ اور اِس عاجز کی عُمر اِس وقت پچاس برس سے کچھ زیادہ ہے۔ اور ضعیف اور دائم المرض اور طرح طرح کے عوارض میں مُبتلا ہے۔ پھر باوجود اِس کے مُقابلہ میں خود معلوم ہو جائے گا۔ کہ کونسی بات اِنسان کی طرف سے ہے اور کونسی بات خُدا تعالیٰ

کی طرف سے ✽ اور معترض کا یہ کہنا کہ "ایسی پیشگوئیوں کا اب زمانہ نہیں ہے" ایک معمولی فقرہ ہے جو اکثر لوگ مُنہ سے بول دیا کرتے ہیں۔ میری دانست میں تو مضبوط اور کامل صداقتوں کے قبول کرنے کے لئے یہ ایک ایسا زمانہ ہے۔ کہ شاید اِسکی نظیر پہلے زمانوں میں کوئی بھی نہ مل سکے۔ ہاں اِس زمانہ سے کوئی فریب مخفی نہیں رہ سکتا۔ مگر یہ تو راستبازوں کے لئے اَور بھی خوشی کا مقام ہے کیونکہ جو شخص فریب اور سچ میں فرق کرنا جانتا ہے وُہی سچائی کی دل سے عزّت کرتا ہے اور بخوشی اور دَوڑ کر سچائی کو قبول کر لیتا ہے۔ اور سچائی میں کچھ ایسی کشش ہوتی ہے کہ وُہ آپ قبول کرا لیتی ہے۔ ظاہر ہے کہ زمانہ صدہا ایسی نئی باتوں کو قبول کرتا جاتا ہے جو لوگوں کے باپ دادوں نے قبول نہیں کی تھیں۔ اگر زمانہ صداقتوں کا پیاسا نہیں تو پھر کیوں ایک عظیم الشان انقلاب اِس میں شروع ہے۔ زمانہ بیشک حقیقی صداقتوں کا دوست ہے نہ دُشمن۔ اور یہ کہنا کہ زمانہ عقلمند ہے اور سیدھے سادے لوگوں کا وقت گذر گیا ہے۔ یہ دُوسرے لفظوں میں زمانہ کی مذمّت ہے۔ گویا یہ زمانہ ایک ایسا بد زمانہ ہے کہ وُہ سچائی کو واقعی طور پر سچائی پا کر پھر اُس کو قبول نہیں کرتا۔ لیکن مَیں ہرگز قبول نہیں کرونگا کہ فی الواقع ایسا ہی ہے۔ کیونکہ میں دیکھتا ہوں کہ زیادہ تر میری طرف رجوع کرنے والے اور مجھ سے فائدہ اُٹھانے والے وُہی لوگ ہیں جو نو تعلیم یافتہ ہیں جو بعض اُن میں سے بی۔ اے

✽ یہ حق اور باطل کا مقابلہ لیکھرام کی اُس پیشگوئی سے جو اُس نے میری نسبت کی تھی بڑی صفائی سے ظاہر ہو گیا ہے کیونکہ لیکھرام نے میری نسبت ۱۸۹۲ء عیسوی میں یہ اشتہار دیا تھا کہ یہ شخص تین برس کے عرصہ میں ہیضہ سے مر جائے گا۔ سو مدّت ہوئی کہ اُس کی پیشگوئی کی میعاد گذر گئی اور مَیں بفضلہٖ تعالیٰ زندہ سلامت موجود ہوں مگر میری پیشگوئی نے جس کی چھ سال کی میعاد تھی ایسے وقت میں اُسکو اجل کا پیالہ پلا دیا کہ ابھی اڑھائی سال پیشگوئی میں سے باقی تھے۔ منہ

صـ۱۱۲ اور ایم۔ اے تک پہنچے ہوئے ہیں۔ اور مَیں یہ بھی دیکھتا ہوں کہ یہ نوتعلیم یافتہ لوگوں کا گروہ صداقتوں کو بڑے شوق سے قبول کرتا جاتا ہے۔ اور صرف اسی قدر نہیں بلکہ ایک نومسلم اور تعلیم یافتہ یوریشین انگریزوں کا گروہ جنکی سکونت مدراس کے احاطہ میں ہے ہماری جماعت میں شامل اور تمام صداقتوں پر یقین رکھتے ہیں۔ اب مَیں خیال کرتا ہوں کہ مَیں نے وُہ تمام باتیں لکھدی ہیں جو ایک خدا ترس آدمی کے سمجھنے کے لئے کافی ہیں۔ آریوں کا اختیار ہے کہ میرے اِس مضمون پر بھی اپنی طرف سے جس طرح چاہیں حاشیئے چڑھائیں مجھے اِس بات پر کچھ بھی نظر نہیں۔ کیونکہ مَیں جانتا ہوں کہ اسوقت اِس پیشگوئی کی تعریف کرنا یا مذمّت کرنا دونوں برابر ہیں۔ اگر یہ خداتعالیٰ کی طرف سے ہے اور مَیں خُوب جانتا ہوں کہ اُسی کی طرف سے ہے۔ تو ضرور ہیبت ناک نشان کے ساتھ اِس کا وقوعہ ہوگا اور دلوں کو ہلا دے گا۔ اور اگر اُس کی طرف سے نہیں تو پھر میری ذلت ظاہر ہوگی۔ اور اگر مَیں اُسوقت رکیک تاویلیں کرونگا تو یہ اور بھی ذلّت کا موجب ہوگا۔ وُہ ہستی قدیم اور پاک و قدّوس جو تمام اختیارات اپنے ہاتھ میں رکھتا ہے وُہ کاذب کو کبھی عزّت نہیں دیتا۔ یہ بالکل غلط بات ہے کہ لیکھرام سے مجھ کو کوئی ذاتی عداوت ہے۔ مجھ کو ذاتی طور پر کسی سے بھی عداوت نہیں بلکہ اس شخص نے سچائی سے دشمنی کی اور ایک ایسے کامل اور مقدّس کو جو تمام سچائیوں کا چشمہ تھا۔ توہین سے یاد کیا۔ اس لئے خداتعالیٰ نے چاہا کہ اپنے ایک پیارے کی دُنیا میں عزّت ظاہر کرے۔ والسّلام علیٰ من اتبع الھدٰی"

پھر عین اسی وقت میں جبکہ مَیں انیس ہند میرٹھ کے اعتراض کا جواب لکھ رہا تھا۔ رات کے وقت دوبارہ لیکھرام کے قتل کئے جانے کی مجھے خبر دی گئی۔ چنانچہ اسی برکاتُ الدُّعا کے اخیری صفحہ ٹائیٹل پیج کے

حاشیہ پر وُہ خبر درج ہے اور وہ یہ ہے:۔

"لیکھرام پشاوری کی نسبت ایک اور خبر

آج جو ۲؍اپریل ۱۸۹۳ء مطابق ۱۴؍ ماہ رمضان ۱۳۱۰ھ ہے صبح کے وقت تھوڑی سی غنودگی کی حالت میں مَیں نے دیکھا کہ مَیں ایک وسیع مکان میں بیٹھا ہُوا ہوں اور چند دوست بھی میرے پاس موجود ہیں۔ اتنے میں ایک شخص قوی ہیکل مہیب شکل گویا اُس کے چہرہ پر سے خُون ٹپکتا ہے۔ میرے سامنے آکر کھڑا ہو گیا۔ مَیں نے نظر اُٹھا کر دیکھا تو مجھے معلوم ہُوا کہ وُہ ایک نئی خلقت اور شمائل کا شخص ہے گویا انسان نہیں۔ ملائک شداد و غلاظ میں سے ہے اور اُس کی ہیبت دِلوں پر طاری تھی۔ اور مَیں اُس کو دیکھتا ہی تھا کہ اُس نے مجھ سے پُوچھا کہ لیکھرام کہاں ہے اور ایک اور شخص کا نام لیا کہ وُہ کہاں ہے؟✤ تب مَیں نے اُس وقت سمجھا کہ یہ شخص لیکھرام اور اُس دُوسرے شخص کی سزا دہی کے لئے مامور کیا گیا ہے۔ مگر مجھے معلوم نہیں رہا کہ وہ دُوسرا شخص کون ہے۔ ہاں یہ یقینی طور پر یاد رہا ہے کہ وُہ دوسرا شخص اُنہی چند آدمیوں میں سے تھا جنکی نسبت مَیں اشتہار دے چکا ہوں۔ اور یہ یکشنبہ کا دن اور ۴ بجے صبح کا وقت تھا۔※ فالحمد للّٰہ علٰی ذالک۔"

✤ یہ ابتک معلوم نہیں کہ یہ شخص کون ہے۔ منہ ※ یہ اِس بات کی طرف اشارہ تھا کہ اتوار کے دن لوگ صبح کو اُٹھتے ہی کہیں گے۔ کہ اب لیکھرام دُنیا میں کہاں ہے۔ کیونکہ شنبہ کو لیکھرام مقتول ہو کر اور آتشِ سوزاں سے خاکستر ہو کر بے نام نشان رہ جائیگا اور یکشنبہ کو اُسکی زندگی کا تمام قصہ خوابِ خیال ہو جائیگا۔

؎ حریفے کہ در شنبہ میداشت جاں ۔۔۔ بیک شنبہ از وے نماند نشاں
کجا ہست امروز آں لیکھرام ۔۔۔ بیک شنبہ گویند ہر خاص و عام

پھر جب یقینی اور قطعی طور پر یہ امر فیصلہ پاگیا کہ میری دُعا کے قبول ہونے پر آسمان پر یہ قرار پاچکا ہے کہ لیکھرام ایک دردناک عذاب کے ساتھ قتل کیا جائیگا۔ تو مَیں نے اسی کتاب برکات الدّعا کے صفحہ ۲۸ میں سیّد احمد خاں صاحب کے۔ سی۔ ایس۔ آئی کو مخاطب کرکے چند شعروں میں اُن پر ظاہر کیا کہ اگر دُعا کے قبول ہونے میں آپ کو شک ہے تو آپ منتظر رہیں کہ جو لیکھرام کی نسبت مَیں نے دُعا کی ہے کس طور پر اسکی قبولیت ظاہر ہوتی ہے۔ اور مَیں نے اس کتاب برکاتُ الدُّعا کے صفحہ ۲ و ۳ و ۴ کی طرف اُن کو توجہ دلائی۔ اور شعر کے نیچے ان صفحات کے نشان لکھدیئے۔ چنانچہ وُہ اشعار یہ ہیں:۔

رُوئے دلبر از طلبگاراں نمی دارد حجاب	می درخشد در خور و می تابد اندر ماہتاب
لیکن آں رُوئے حسیں از غافلاں ماند نہاں	عاشقے باید کہ بردارند از بہرش نقاب
دامنِ پاکش زنخوتہا نمی آید بدست	ہیچ راہے نیست غیر از عجز و درد و اضطراب
بس خطرناک است راہِ کوچۂ یارِ قدیم	جاں سلامت بایدت از خود رویہا سرِبتاب
تاکلامش فہم و عقلِ ناسزایاں کم رسد	ہر کہ از خود گم شود او یابد آں راہِ صواب
مشکلِ قرآں نہ از ابناءِ دُنیا حل شود	ذوقِ آں میداند آں مستے کہ نوشد آں شراب
اے کہ آگاہی ندادندت ز انوارِ درون	درحقِ ما ہر چہ گوئی نیستی جائے عتاب
از سرِ وعظ و نصیحت ایں سخنہا گفتہ ایم	تامگر زیں مرہمے بہ گردد آں زخمِ خراب
از دُعا کُن چارہ آزارِ انکارِ دُعا	چُوں علاج مے زمے وقتِ خمار و التہاب

۱۱۳ھ

حاشیہ در حاشیہ

بدیں عمر میداشت طبعے درشت ۔۔۔ نہ انساں کہ دستِ خدایش بکشت

غرض فرشتہ جو یکشنبہ کی صبح میں خونی آنکھوں کے ساتھ نظر آیا۔ یہ اس بات کی طرف اشارہ تھا کہ وُہ لیکھرام کو قتل کرکے یکشنبہ کو اپنی خونی آنکھیں دُنیا کو دکھائے گا یعنے یکشنبہ کی صبح ہوتے ہی عام طور پر شور پڑ جائے گا کہ لیکھرام مقتول ہونے کی حالت میں اس دُنیا سے گذر گیا۔ منہ ✱

اَے کہ گوئی گر دُعاہا را اثر بودے کجاست | سُوئے من بشتاب بنمایم ترا چوں آفتاب
ہاں مکن انکار زیں اسرار قُدر تہائے حق | قصّہ کوتہ کُن ببیں از ما دُعائے مستجاب*

دیکھو صفحہ ۲ و ۳ و ۴ سرورق رسالہ برکاتُ الدُّعا ۔"

اب یہ بھی جاننا چاہیئے کہ اِس پیشگوئی کی وضاحت صرف اِس حد تک ہی نہیں کہ اِس میں لیکھرام کی مَوت کی خبر دی گئی اور نیز یہ بھی کہا گیا کہ معمولی بیماریوں کے ذریعہ سے مَوت نہیں ہوگی بلکہ ہیبت ناک نشان کے ساتھ مَوت ہوگی اور تیغ بُران کے ذریعہ سے مَوت ہوگی۔ بلکہ اِس کے ساتھ کی ایک دُوسری پیشگوئی میں مَوت کا دِن اور تاریخ بھی بتلائی گئی ہے۔ جیسا کہ میری کتاب کرامات الصادقین کے صفحہ ۵۴ میں اِسی بارے میں ایک عربی شعر ہے جو قریباً چار سال واقعہ قتل لیکھرام سے پہلے رسالہ مذکور میں چھپ کر تمام قوموں میں شائع ہو چکا ہے۔ یہ وُہی شعر ہے جسپر ہندو اخباروں** نے

* اِس شعر میں سید احمد خاں صاحب کو مخاطب کر کے کہا گیا ہے کہ آپ جو اِس بات سے مُنکر ہیں جو دُعائیں قبول ہوتی ہیں یہ آپ کا خیال سراسر غلط ہے اسپر دلیل یہ ہے کہ مَیں نے دُعا کی ہے کہ لیکھرام قتل کی موت سے چھ برس کے اندر مارا جائے اور خُدا نے مجھے اطلاع دیدی ہے کہ وُہ دُعا قبول ہوگئی ہے اور نیز یہ کہ سید احمد خاں اخیر نتیجہ تک زندہ رہ کر بچشم خود دیکھ لیگا کہ دُعا کے مطابق لیکھرام چھ برس کے اندر قتل کیا گیا۔ چنانچہ سیّد احمد خاں صاحب فوت نہ ہوئے جبتک کہ چھ مارچ ۱۸۹۷ء آگیا جس میں شنبہ کے دن لیکھرام مارا گیا۔ منہ

** پرچہ اخبار سماچار میں جو ایک ہندو پرچہ ہے لکھا ہے کہ ہمارا ماتھا تو اسی وقت ٹھنکا تھا جب مصنّف موعود مسیحی نے اپنی کتاب میں عام اعلان کیا تھا کہ لیکھرام عید کو مارا جائیگا۔ دیکھو پرچہ اخبار سماچار صفحہ ۔ لیکن یاد رہے کہ اِس ایڈیٹر نے اِس بیان میں غلطی کھائی ہے کہ ہم نے لیکھرام کے قتل کئے جانے کے لئے عید کا دِن پیشگوئی کے رُو سے بتلایا تھا۔ بلکہ جیسا کہ اِس شعر سے ظاہر ہوتا ہے کہ جو ہم نے متن میں لکھ دیا ہے۔ عید کے بعد کا دن شعر میں بتلایا گیا تھا۔ چونکہ اِس شعر کی پیشگوئی کو صدہا لوگوں پہ زبانی طور پر ظاہر کیا گیا تھا۔ اِسلئے ہندوؤں میں بھی اِس کی شہرت

لیکھرام کے قتل کے وقت زور دیا تھا اور گورنمنٹ میں اِس کو پیش کیا تھا اور یہ شور مچایا تھا کہ اگر اِس پیشگوئی کرنیوالے کی واقعہ قتل لیکھرام میں سازش نہیں ہے تو کیوں اور کن وسائل سے اطلاع پاکر لیکھرام کے مارے جانے سے چار برس پہلے اِس شخص نے مشہور کیا کہ وُہ عید کے دن مارا جائے گا۔ اور وہ شعر یہ ہے۔ جو کراماتُ الصّادقین کے صفحہ ۵۴ میں درج ہے۔

وَبشّرنی ربّی وقال مُبشّرا ٭ ستعرف یَوم العیدِ والعیدُ اقرب

یعنے میرے خُدانے ایک پیشگوئی کے پُورا ہونے کی مجھے خوشخبری دی اور خوشخبری دیکر

ہو چکی تھی۔ لہٰذا اِس ہندو ایڈیٹر نے کسی قدر غلطی کے ساتھ اس شعر کی پیشگوئی کو یاد رکھا۔ اور پھر جب لیکھرام قتل کیا گیا۔ تو گورنمنٹ عادلہ کے اُکسانے کے لئے پیش کردیا۔ اِس شعر میں جو لفظ ستعرف یوم العید ہے۔ بعض نادانوں نے اِسپر یہ اعتراض کیا ہے کہ اِس میں پیشگوئی کا تو کچھ ذکر نہیں صرف عید کے دِن کا ذِکر ہے۔ لیکن سخت افسوس ہے کہ اگر ان کو کچھ بھی عربی کا عِلم ہوتا تو ایسا نہ کہتے۔ کیونکہ پہلے مصرع میں صاف لکھا ہے کہ وبشّرنی ربّی۔ اور یہ لفظ ہمیشہ پیشگوئی کے لئے آتا ہے۔ ماسوا اِس کے اگر عید کے لفظ سے معمولی عید کا دِن ہی مُراد ہو تو یہ معنے ہونگے کہ تجھے عید کے دِن کے آنے کی پیش از وقت تیرا رب خوشخبری دیتا ہے۔ اور جب عید آئے گی تو تُو اُس کو پہچان لے گا۔ اور عید عید کے ساتھ ملی ہُوئی ہوگی۔ اب دیکھو کہ اِن معنوں میں کس قدر بیہودہ باتیں اور مفاسد جمع ہیں۔ اوّل عید کی نسبت جو ایک معمولی دِن ہے پیشگوئی کرنا۔ اور پھر اِس معمولی عید میں کونسی باریک حقیقت ہے جس کے پہچاننے کی ضرورت ہوگی۔ وُہ تو پہلے ہی پہچانا ہُوا دِن ہے۔ اور پھر اِس کے کیا معنے کہ عید عید کے ساتھ ملی ہوئی ہوگی۔ ملنے کا لفظ تو متغائر چیزوں کو چاہتا ہے جن کا مقابلہ دِکھلانا ضروری ہے۔ اب جبکہ عید ایک ہی چیز ہے تو دُوسری چیز کونسی ہُوئی جس کے ساتھ مقابلہ ہُوا۔ منہ

صفحہ ۱۴۲ کہا کہ تُو عید کے دِن کو پہچانے گا جبکہ نشان ظاہر ہوگا۔ اور عید کا دِن نشان کے دِن سے بہت قریب اور ساتھ ملا ہوُا ہوگا۔ اِس پیشگوئی کے سمجھنے میں ہندو اخباروں سے یہ غلطی ہوئی ہے کہ اُنہوں نے یہ سمجھ لیا کہ گویا یہ خبر دی گئی ہے کہ لیکھرام عید کے دن قتل ہوگا۔ حالانکہ شعر مذکور میں صاف یہ فقرہ ہے کہ عید اُس دِن سے اقرب ہوگی۔ یعنے بہت نزدیک ہوگی۔ اور اُس دِن میں اور عید کے دِن میں کوئی فاصلہ نہیں ہوگا اور ایسا ہی ظہور میں آیا۔ کیونکہ عید یکم شوال کو جمعہ کے روز ہوئی اور لیکھرام دُوسری شوال کو ہفتہ کے دِن ۶۔ مارچ ۱۸۹۷ء میں مارا گیا۔ اسی کے مطابق جو الہامی شعر میں مندرج تھا کہ لیکھرام کے مارے جانے کا دِن عید کے دِن کے ساتھ ملا ہوُا ہوگا۔ اَور درمیان کوئی فاصلہ نہیں ہوگا۔ اَور الہامی شعر سے ظاہر ہے کہ اِس شعر میں صاف لفظوں میں بیان کر دیا گیا تھا کہ دُوسری شوال کو ہفتہ کے دِن لیکھرام قتل کیا جائے گا۔ اور درحقیقت یہ تمام بیان اجمالی طور پر اِس پیشگوئی میں موجود تھا کہ عجل جسد لہٗ خوار کیونکہ گوسالہ سامری ہاتھوں سے کاٹا گیا تھا۔ پس چُونکہ مُشبّہ اور مُشبّہ بہٖ میں واقعات کا تماثل ضروری ہے۔ اِس لئے ماننا پڑا کہ لیکھرام جس کو عجل سامری سے مشابہت دی گئی ہے ہاتھوں سے کاٹا جائے۔ اَور چُونکہ عجل سامری کے کاٹے جانے کا دِن شنبہ کا دِن تھا اور یہودیوں کی ایک عید بھی تھی۔ لہٰذا پیشگوئی کی مشابہت کے پُورا کرنے کے لحاظ سے ضروری ہُوا کہ اِس واقعہ کے قریب ایک عید ہو اَور شنبہ کا دِن بھی ہو۔ سو یہ پیشگوئی اس ضرورت مماثلت کی وجہ سے ان تمام واقعات کی طرف اشارہ کر رہی تھی جو گوسالہ سامری کو پیش آئی تھی۔ یہاں تک کہ جیسا کہ گوسالہ سامری ٹکڑے ٹکڑے کر کے جلایا گیا تھا۔ ایسا ہی لیکھرام کے ساتھ معاملہ ہُوا۔ کیونکہ اوّل قاتل نے اُسکی انتڑیوں کو ٹکڑے ٹکڑے کیا۔ پھر ڈاکٹر نے اُس کے زخم کو

چھری کے ساتھ زیادہ کھولا۔ پھر اُس کی لاش پر ڈاکٹری امتحان کی چھری چلی۔ غرض گوسالہ سامری کی طرح تین مرتبہ انسانوں کے ہاتھوں نے اُس کو ٹکڑے ٹکڑے کیا۔ اور پھر وہ عجل سامری کی طرح جلایا گیا اور پھر عجل سامری کی طرح دریا میں ڈالا گیا۔ خلاصہ کلام یہ ہے کہ جو کچھ اُس سامری گوسالہ کے ساتھ ہوا۔ وہ سب کچھ لیکھرام کے ساتھ ہوا۔ یہانتک کہ خدا نے چاہا کہ عید کا دن اور شنبہ کا روز بھی گوسالہ سامری کی طرح لیکھرام کے حصے میں آوے۔ پس ایک دانا اور زیرک کے لئے یہی پیشگوئی عجل جسد لہ خوار کی اس بات کے سمجھنے کے لئے کافی تھی کہ لیکھرام کس دن اور کس تقریب پر فوت ہوگا اور اس کی موت کس طور سے ہوگی۔ لیکن خدا تعالیٰ نے موٹی عقل والوں پر رحم کرکے دوسرے الہامات میں اور بھی اس پیشگوئی کی تفصیل اور تشریح کر دی۔ اور صریح لفظوں میں بتا دیا کہ موت بذریعہ قتل ہوگی۔ اور عید سے ایک دن پہلے[1] یہ واقعہ ہوگا۔ اس جگہ یاد رہے کہ اس پیشگوئی میں بعض اور لطیف اشارات بھی ہیں جو اِس جگہ ذکر کرنے کے لائق ہیں۔ منجملہ ان کے ایک یہ ہے کہ سامری نے اپنی دستکاری کے گوسالہ کو قوم کے سامنے مقدس کرکے ظاہر کیا تھا۔ اور اُس کا یہ ہُنر بتلایا تھا کہ یہ باوجود بیجان ہونے کے بیل کی طرح آواز کرتا ہے اور اسکی آواز کے سبب یہ مشہور کیا تھا کہ گویا جبرائیل کے قدموں کی خاک اسکے پیٹ میں ہے اور اُس کی برکت سے وہ بیل کی طرح آواز نکالتا ہے۔ مگر دراصل یہ تمام اُس کا جھوٹ تھا۔ اصل حقیقت یہ معلوم ہوتی ہے کہ جیسے آجکل بعض کھلونے ایسے بنائے جاتے ہیں کہ ہوا کے اندر اور باہر آنے سے اُن میں سے ایک آواز نکلتی ہے۔ یا جیسے بعض زمیندار اپنے کھیتوں پر چمڑہ کا ایک ڈھول سا بنا لیتے ہیں اور اُس میں سے بھیڑیئے کے مشابہ ایک آواز نکلتی ہے۔ ایسا ہی یہ بھی ایک کھلونا تھا۔ اور قوم کو دھوکہ دینے کے لئے اور نیز اس گوسالہ کو ایک

[1] کاتب کی غلطی معلوم ہوتی ہے۔ "پہلے" کی بجائے لفظ "بعد" ہونا چاہیئے۔ (شمس)

مقدس ثابت کرنے کے لئے یہ ایک جھوٹا اور بے اصل بیان سامری نے پیش کر دیا۔
کہ رسول کے قدموں کی خاک کی برکت سے یہ آواز آتی ہے۔ تا وہ لوگ اِس
گوسالہ کو بہت ہی مقدس سمجھ لیں۔ اور تا سامری ایک کراماتی انسان مانا جائے۔
اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی رونق اور عزت کم ہو جائے۔ قرآن شریف نے ہرگز ۱۱۵
اِس بات کی تصدیق نہیں کی کہ درحقیقت وہ آواز رسول کی خاکِ قدم کی وجہ سے
تھی۔ صرف سامری کا قول نقل کر دیا ہے۔ اور جیسا کہ قرآن شریف کی عادت
ہے جو بعض اوقات کفار کے اقوال نقل کرتا ہے اور بوجہ بداہت بُطلان اُن
اقوال کے ردّ کرنے کی حاجت نہیں دیکھتا بلکہ فقط قائل کا کاذب یا فاسق ہونا
بیان کر کے دانشمندوں کو اصل حقیقت سمجھنے کے لئے مُتنبہ کرتا ہے۔ ایسا ہی
اِس جگہ بھی اُس نے کیا۔ سو اب سامری کے اِس جھوٹے منصوبہ کی مشابہت
لیکھرام سے یہ ہے کہ آریوں نے بھی محض دھوکہ دہی کی غرض سے لیکھرام کو ایک
مُقدس اور فاضل انسان قرار دیدیا۔ اور اُسکی چند گندی کتابیں جو محض عیسائیوں
کی کاسہ لیسی سے اُس نے لکھی تھیں۔ اور بقول شخصے نقل را چہ عقل۔ پادریوں
کی اُردو کتابوں کی نقل تھی۔ انہی باتوں کو سرمایہ فضیلت سمجھ لیا۔ اور جس طرح
سامری نے یہ بہانہ بنایا تھا کہ رسول کے قدم کی برکت سے اُس گوسالہ نے
بیل کی سی آواز کی ہے۔ اسی طرح اُسکی گندی تحریریں ایشر کی کرپا کی وجہ سے سمجھی
گئیں۔ اور خیال کیا گیا کہ یہ شکتی ایشر نے اُسکو دی کہ مسلمانوں کا اُس نے مقابلہ کیا۔
حالانکہ وہ شخص اپنی ذات سے ایک نادان اور بے علم آدمی اور موٹی سمجھ کا ایک
ہندو تھا۔ اور جو کچھ اُس نے لکھا۔ نہایت بیہودہ اور سراسر باطل تھا جو اُسکی
فطرتی حمق اور موٹی عقل کی وجہ سے اُس سے ظہور میں آیا۔ اور جس طرح سامری کا
کھلونا جس میں دونوں طرف سُوراخ تھے ہوا کے اندر باہر آنے جانے سے

بیل کی طرح آواز کرتا تھا۔ اسی طرح لیکھرام بھی نفسانی ہَوا کی وجہ سے آوازیں نکالتا تھا۔ اَور وُہ ہَوا نفسانی جذبات کی کشش سے اُس کے اندر داخل ہوتی اور پھر نہایت تاریک جذبات کے ساتھ نکلتی تھی۔

اور پھر منجملہ اُن اشارات کے جو اِس پیشگوئی میں ہیں۔ ایک یہ بھی ہے کہ جب اس ربّانی الہام نے لیکھرام کو گوسالہ سامری قرار دیا اور آریوں کو سامری سے مُشابہت دی جنھوں نے اس گوسالہ کو آوازوں پہ آمادہ کیا۔ تا ان آوازوں پر تمام قوم جمع ہوجائے اور موسٰی کی آواز سے مُنہ پھیرلیں۔ تو اِن دونوں قصّوں کو باہم مشابہت دے کر مُجھ کو خُدا تعالےٰ نے مُوسٰی قرار دے دیا۔ اور منجملہ اُن اشارات کے جو اِس پیشگوئی میں ہیں۔ ایک یہ بھی اشارہ ہے کہ اس واقعہ قتل کے بعد جیساکہ سامری گروہ کی رونق جاتی رہی تھی اور اُن کے خیالات ترقّی سے روکے گئے تھے۔ اور اُن کے مقابل پر مُوسٰی اور اُس کے گروہ کی بہت ترقّی ہوگئی تھی اور آسمانی کتاب بھی اُسی وقت مُوسٰی کو ملی تھی۔ اِس جگہ بھی ایسا ہی وقوع میں آیا۔ اور خدا تعالےٰ نے میرے گروہ کو بہت ترقّی دی۔ یہانتک کہ اب یہ گروہ دس ہزار کے قریب پہنچ گیا۔ اور ہماری تائید میں بہت سی سچائیاں ظہور میں آئیں۔ یہانتک کہ حضرت مسیح علیہ السّلام کی قبر کا پتہ لگ گیا۔ اور جیساکہ حضرت مُوسٰی نے اس واقعہ کے بعد بڑی عزّت پائی تھی۔ اسی کے مطابق اِس بندہ کی عزّت کو بھی اُس قادر کریم نے زیادہ کیا۔ اور جس طرح گوسالہ بنانے کے بعد خُدا تعالیٰ نے بنی اسرائیل پر طاعون بھیجی تھی جس کا ذکر توریت خروج باب ۳۲ آیت ۳۵ میں ہے اسی طرح لیکھرام کے مَرنے کے بعد بھی اِس مُلک میں طاعون پھیلی۔

غرض یہ پیشگوئی ایک عظیم الشان پیشگوئی ہے* اور جسقدر کوئی طالب حق اس میں غور کریگا اُسی قدر حق الیقین کے مرتبہ سے نزدیک ہوتا جائیگا۔ جو شخص نیک نیتی سے ہدایت کا طالب ہو۔ اُس کو سوچنا چاہیئے کہ ہمیشہ پیشگوئیوں کے تین پہلو قابلِ غور ہوتے ہیں۔ اوّل یہ کہ ہر ایک پیشگوئی میں دیکھا جاتا ہے کہ جب وہ لوگوں کے سامنے بیان کی گئی یا شائع کی گئی۔ تو کیا اُس کی اشاعت ایک ایسے درجہ تک پہنچ گئی تھی جو اطمینان بخش ہو۔ اور کیا اُسکی ایسی شہرت ہوگئی تھی۔ جس کو عام شہرت کہہ سکتے ہیں۔ اور یا اُس کا نام تواتر رکھ سکتے ہیں۔ دُوسرا پہلو یہ قابلِ غور ہوتا ہے کہ جب کوئی پیشگوئی شائع کی گئی اور تمام موافقوں اور مخالفوں میں پھیلائی گئی۔ تو کیا اُس کے مضمون میں کوئی خارق عادت بیان تھا جو انسانی اٹکلوں کے دائرہ سے بالاتر خیال کیا جاتا۔ یا ایسا بیان تھا کہ ایک عقلمند علمِ ہیئت یا طبعی سے مدد لیکر یا کسی اور طریقہ سے بیان کر سکتا ہے۔ تیسرا پہلو جو پیشگوئیوں میں قابلِ غور ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ کیا ایک پیشگوئی جس قوت اور عام شہرت سے پھیلائی گئی تھی اسی طرح عام شہرت کی شہادت سے پُوری بھی ہوگئی یا نہیں۔ سو اب سوچکر دیکھ لو کہ یہ تینوں پہلو اس پیشگوئی میں ایسے اکمل اور اتم طور پر صفحہ ۱۱۱

* اس پیشگوئی کی عظمت حدیث نبوی کے رُو سے بھی ثابت ہوتی ہے۔ کیونکہ ایک حدیث نبوی کا منشاء یہ ہے کہ مسیح موعود کے زمانہ میں ایک شخص قتل کیا جائیگا اور آسمانی آواز جو رمضان میں آئے گی گواہی دیگی کہ وہ شخص غضب الٰہی سے مارا گیا۔ اور شیطان آواز دیگا کہ وہ مظلوم مارا گیا۔ حالانکہ اُس کا مارا جانا مسیح کے لئے بطور نشان کے ہوگا۔ سو ایسا ہی ظہور میں آیا۔ کیونکہ جیساکہ برکات الدعا کے آخری صفحہ ٹائیٹل پیج سے ظاہر ہے۔ آسمانی آواز نے ۴ ار ماہ رمضان ۱۳۱۰ھ کو لوگوں کو مطلع کیا کہ ایک فرشتہ لیکھرام کے قتل کے لئے مامور کیا گیا ہے۔ اور شیطان نے سچائی کے دشمنوں کے دلوں میں ہوکر یہ آواز دی کہ لیکھرام مظلوم مارا گیا۔ سو یہ پیشگوئی مجھ میں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں مشترک ہے اس لئے عظیم الشان ہے۔ منہ

موجود ہیں کہ جس سے بڑھ کر اِس دُنیا میں ممکن ہی نہیں۔ اور جس اعلیٰ ثبوت پر اِس پیشگوئی کے یہ تینوں پہلو پائے جاتے ہیں۔ مَیں ہرگز باور نہیں کر سکتا کہ اِس کی نظیر اسلامی تاریخ کے تیرہ سَو برس میں یا عیسوی تاریخ کے اٹھارہ سو برس میں مل سکے۔ ظاہر ہے کہ اِس کا پہلا پہلو یعنے نفس پیشگوئی کو عام طور پر شائع کرنا ایسا اِس مُلک کے تمام فرقوں میں ایک شہرت یافتہ امر ہے کہ ہندوؤں اور عیسائیوں اور مُسلمانوں میں سے کوئی بھی اِنکار نہیں کر سکتا۔ کیونکہ اِسکی اشاعت نہ صرف مَیں نے کی تھی بلکہ لیکھرام نے بھی اپنی کتابوں میں آپ کی تھی۔ اور دُوسرے ہندو اور مسلمان اخباروں نے بھی کی تھی۔ اور فریقین نے قبل از وقت اِس پیشگوئی کے بارے میں اِس قدر تحریریں نکالی تھیں کہ یہ واقعی امر ہے کہ پنجاب کے کُل اور تمام وہ لوگ جو ہندوؤں اور مُسلمانوں میں سے کسی قدر پڑھے لکھے تھے۔ اِس پیشگوئی کے مضمون سے اِطلاع رکھتے تھے اور انجام کے منتظر تھے۔ اور دُوسرا پہلو یعنے کیا یہ پیشگوئی ایک معمولی بات تھی۔ جیسا کہ مثلاً کوئی خبر دے کہ برسات میں کوئی بارش ہو جائیگی یا درحقیقت اِس میں کوئی خارق عادت امر تھا۔ پس واضح ہو کہ اِس پیشگوئی کا یہ پہلو بھی نہایت روشن ہے۔ کیونکہ یہ پیشگوئی نہ ایک خارق عادت امر پر بلکہ کئی خارق عادت امور پر مشتمل تھی۔ کیونکہ پیشگوئی میں یہ بیان کیا گیا تھا۔ کہ لیکھرام جوانی کی حالت میں ہی مَرے گا۔ اور بذریعہ قتل کے مَریگا۔ کسی بیماری تپ یا ہیضہ وغیرہ سے نہیں مَرے گا۔ اور قتل کا واقعہ بھی ایسا دہشتناک ہوگا جو دِلوں کو ہلا دے گا۔ اور نیز یہ کہ اس کی مَوت پر شور برپا ہوگا۔ اور غوغا اُٹھے گا۔ اور نیز یہ کہ یہ واقعہ چھ برس کے اندر ظہور میں آجائے گا۔ اور نیز یہ کہ روزِ قتل شنبہ کا دن ہوگا۔ اور نیز یہ کہ عید کے دِن سے وہ دن ملا ہُوا ہوگا۔ یعنے دُوسری شوال ہوگی۔

اب ظاہر ہے کہ یہ تمام اُمور انسانی علم اور اٹکل سے بالاتر ہیں اور کسی کے

قدرت اور اختیار میں نہیں کہ محض اپنے منصوبہ سے ایسی خارق عادت اور فوق الطاقت باتیں بیان کرسکے۔ جو آخر اُسی طرح پُوری بھی ہو جائیں۔ تیسرا پہلو اس پیشگوئی کا یہ ہے کہ یہ کس طرح پر پُوری ہُوئی۔ آیا تمام لوگوں نے اور ہر ایک نے اِس مُلک کے فرقوں میں سے معلوم کرلیا۔ کہ جیساکہ بیان کیا گیا تھا۔ لیکھرام اس دہشت ناک موت سے مرا جس سے تمام ہندوؤں کے دِل ہِل گئے۔ یا لوگوں کو اِس بات میں شک رہا کہ شاید ابتک زندہ ہے۔ یا یہ کہ کسی دہشت ناک یا شور برپا کرنے والی موت سے نہیں مرا بلکہ معمولی طور پر کسی تپ یا کھانسی یا بواسیر سے مَرگیا ہے جس پر نہ کوئی شور اُٹھا اور نہ دِلوں پر چوٹ لگی۔ اور ظاہر ہے کہ قتل کی موت سے بڑھ کر اور کوئی بھی صُورت موت کی ایسی نہیں جو دُنیا میں دہشت اور شور و غوغا کو پھیلا دے اور دِلوں کو ہلادے اور کینوں کو برپا کرے۔ اور خود پیشگوئی میں صریح لفظوں میں قتل کی طرف اشارہ بھی تھا۔ اب اِس تحقیق سے ظاہر ہے کہ اِس پیشگوئی کے تینوں پہلو ایسے اعلیٰ درجہ پر اور بدیہی الثبوت ہیں جن سے بڑھ کر تصور نہیں کرسکتے۔ دیکھو کہ کس زور شور سے برکات الدّعا کے ٹائیٹل پیج میں قبل از وقت شائع کیا گیا تھا۔ کہ اگر اِس پیشگوئی کا خلاصہ یہی نکلا کہ کوئی معمولی تپ آیا یا درد ہوا۔ تو سمجھو کہ یہ پیشگوئی خدا تعالیٰ کی طرف سے نہیں ہے۔ وہ اشتہار جس میں مَیں نے الہام عجل جسد لہ خوار لکھا ہے جو کتاب آئینہ کمالات اِسلام کے ساتھ شامل ہیں اس الہام کے نیچے جو تشریح ہے اس کی تمام عبارت غور سے پڑھو اور پھر اسکے بعد وہ تمام عبارت غور سے پڑھو جو برکات الدّعا کے ٹائیٹل پیج میں درج ہے۔ اور پھر وہ اشعار غور سے پڑھو جو الہام عجل جسد لہ خوار کے ساتھ اشتہار میں درج ہیں جنکے اخیر میں ایک ہاتھ بنا ہوا ہے جو لیکھرام کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ اور پھر وہ کشف غور سے پڑھو جو برکات الدّعا کے اخیر صفحہ کے حاشیہ پر ہے۔ اور پھر وہ عربی شعر

پڑھو جو کرامات الصادقین کے صفحہ ۵۴ میں ہے یعنے ستعرف یوم العید والعید اقرب۔ اور پھر وہ عربی پیشگوئی پڑھو جو کرامات الصادقین کے اخیر ٹائیٹل پیج کے صفحہ میں صریح موت کے لفظ سے ہے جس میں چھ برس کی میعاد ہے۔ اب انصاف سے سوچو کہ کیا اس قدر امور غیبیہ بیان کرنا کسی مفتری انسان کا کام ہے؟ خدا سے ڈرو۔ اور دانستہ سچائی کا خون مت کرو۔

۶۷ ایھا الناس قد ظھرت آیات اللّٰہ لتائیدی وتصدیقی ۱۱۵
وشھدت لی شھداء اللّٰہ من تحت ارجلکم ومن فوق
رءوسکم ومن یمینکم ومن شمالکم ومن انفسکم
ومن آفاقکم فھل فیکم رجل امین ومن المستبصرین۔
اتقوا اللّٰہ ولا تکتموا شھادات عیونکم ولا توثروا الظنون
علی الیقین ولا تقدموا قصصًا غیر ثابتۃ علٰی ما رئیتم
باعینکم ان کنتم متقین۔ واعلموا ان اللّٰہ یعلم بما
فی صدورکم ونیاتکم ولا یخفٰی علیہ شیءٌ من
حسناتکم وسیاٰتکم وان اللّٰہ علیم بما فی صدور
العالمین۔ انکم رئیتم اٰیت اللّٰہ ثم نبذتم دلائل
الحق وراء ظھورکم واعرضتم عنھا متعمدین۔ وقد
کنتم منتظرین مجددًا من قبل فاذا جاء داعی
اللّٰہ تولیتم وجوھکم مستکبرین۔ اتنتظرون مجددًا
ھو غیری وقد مرّ علٰی رأس المائۃ من سنین۔ وقد
مُلئت الارض جورًا وظلمًا وسبق مساجد اللّٰہ

مایُعبد فی دیور الضالین۔ ففکروا فی انفسکم اتجعلون رزقکم انکم تکذّبون الصّادقین۔ انکم کفرتم بمسیح اللّٰہ و اٰیٰتہٖ وما کان لکم ان تتکلّموا فیہ و فیہا الّا خائفین۔

رُومی سلطنت کے ایک معزّز عُہدہ دار حسین کامی کی نسبت جو پیشگوئی اشتہار ۲۴ مئی ۱۸۹۷ء اور اشتہار ۲۵ جون ۱۸۹۷ء میں درج ہے وہ کامل صفائی سے پُوری ہوگئی۔

مَیں نے اپنے اشتہار ۲۴ مئی ۱۸۹۷ء میں یہ پیشگوئی شائع کی تھی کہ رُومی سلطنت میں جس قدر لوگ ارکانِ دولت سمجھے جاتے ہیں اور سلطنت کی طرف سے کچھ اختیار رکھتے ہیں۔ اُن میں ایسے لوگ بکثرت ہیں جن کا چال چلن سلطنت کو مضر

ہے۔کیونکہ اُن کی عملی حالت اچھی نہیں ہے۔ اس پیشگوئی کے لکھنے اور شائع کرنے کا باعث جیسا کہ مَیں نے اسی اشتہار ۲۴ مئی ۱۸۹۷ء میں بہ تفصیل لکھا ہے یہ ہُوا تھا کہ ایک شخص مسمّی حسین بک کامی وائس قونصل مقیم کراچی قادیان میں میرے پاس آیا۔ جو اپنے تئیں سلطنت رُوم کی طرف سے سفیر ظاہر کرتا تھا اور اپنی نسبت اور اپنے باپ کی نسبت یہ خیال رکھتا تھا کہ گویا یہ دونوں اوّل درجہ کے سلطنت کے خیرخواہ اور دیانت اور امانت میں دونوں مقدس وجود اور سراپا نیکی اور راستبازی اور تدیّن کا خمیر اپنے اندر رکھتے ہیں۔ بلکہ جیسا کہ پرچہ اخبار ۱۵ مئی ۱۸۹۷ء ناظم الہند لاہور میں لکھا ہے۔ اِس شخص کی ایسی ایسی لاف و گزاف سے لوگوں نے اِس کو نائب حضرت سلطان رُوم سمجھا۔ اور یہ مشہور کیا گیا کہ یہ بزرگوار محض اس غرض سے لاہور
ص۱۱۸ وغیرہ نواح اِس مُلک میں تشریف لائے ہیں کہ تا اِس مُلک کے غافلوں کو اپنی پاک زندگی کا نمونہ دکھلاویں۔ اور تا لوگ اُن کے مقدس اعمال کو دیکھ کر اُن کے نمونہ پر اپنے تئیں بناویں۔ اور اِس تعریف میں یہانتک اصرار کیا گیا تھا کہ اُسی ایڈیٹر ناظم الہند نے اپنے پرچہ مذکور یعنے ۱۵ مئی ۱۸۹۷ء کے پرچہ میں جھوٹ اور بے شرمی کی کچھ بھی پرواہ نہ کرکے یہ بھی شائع کر دیا تھا کہ یہ نائب خلیفۃ اللہ سلطان رُوم جو پاک باطنی اور دیانت اور امانت کی وجہ سے سراسر نور ہیں۔ یہ اِس لئے قادیان میں بُلائے گئے ہیں کہ تا مرزائے قادیان اپنے افترا سے اس نائب الخلافت یعنے مظہر انوار الٰہی کے ہاتھ پر توبہ کرے اور آیندہ اپنے تئیں مسیح موعود ٹھہرانے سے باز آجائے۔ اور ایسا ہی اَور بھی بعض اخباروں نے میری بدگوئی کو مدّ نظر رکھ کر اِسقدر اِس شخص کی تعریفیں کی گئیں کہ قریب تھا کہ اُس کو آسمان چہارم کا فرشتہ بنا دیتے۔ لیکن جب وہ میرے پاس آیا تو اُس کی شکل دیکھنے سے ہی میری فراست نے یہ گواہی دی۔ کہ یہ شخص امین اور دیانت دار اَور پاک باطن نہیں ہے۔ اور ساتھ ہی میرے

خدا نے مجھ کو القا کیا کہ رُومی سلطنت انہی لوگوں کی شامتِ اعمال سے خطرہ میں ہے۔ کیونکہ یہ لوگ کہ جو علیٰ حسب مراتب قُربِ سُلطان سے کچھ حصہ رکھتے ہیں اور اس سلطنت کی اکثر نازک خدمات پر مامُور ہیں۔ یہ اپنی خدمات کو دیانت سے ادا نہیں کرتے۔ اور سلطنت کے سچّے خیرخواہ نہیں ہیں۔ بلکہ اپنی طرح طرح کی خیانتوں سے اِس اسلامی سلطنت کو جو حرمین شریفین کے محافظ اور مُسلمانوں کے لئے مغتنمات میں سے ہے کمزور کرنا چاہتے ہیں۔ سو مَیں اِس الہام کے بعد محض القاءِ الٰہی کی وجہ سے حسین بک کامی سے سخت بیزار ہوگیا۔ لیکن نہ رُومی سلطنت کے بغض کی وجہ سے بلکہ محض اسکی خیرخواہی کی وجہ سے۔ پھر ایسا ہُوا کہ تُرک مذکور نے درخواست کی کہ مَیں خلوت میں کچھ باتیں کرنا چاہتا ہوں۔ چُونکہ وُہ مہمان تھا اِسلئے میرے دِل نے اخلاقی حقوق کی وجہ سے جو تمام بنی نوع کو حاصل ہیں یہ نہ چاہا کہ اسکی اِس درخواست کو ردّ کروں۔ سو مَیں نے اجازت دِی کہ وُہ میرے خلوت خانہ میں آجائے اور جو کچھ بات کرنا چاہتا ہے کرے۔ پس جب سفیر مذکور میرے خلوت خانہ میں آیا۔ تو اُس نے جیسا کہ مَیں نے اشتہار ۲۴ مئی ۱۸۹۷ء کے پہلے اور دُوسرے صفحہ میں لکھا ہے مُجھ سے یہ درخواست کی کہ مَیں اُن کے لئے دُعا کروں۔ تب مَیں نے اُنکو وُہی جواب دیا جو اشتہار مذکور کے صفحہ دوّم میں درج ہے۔ جو آج سے قریبًا دو برس پہلے تمام برٹش انڈیا میں شائع ہو چکا ہے۔ چنانچہ اشتہار ۲۴ مئی ۱۸۹۷ء کے صفحہ ۲ کی یہ عبارت ہے جو میری طرف سے سفیر مذکور کو جواب ملا تھا اور وہ یہ ہے جو مَیں موٹی قلم سے لکھتا ہوں ؛ ”سُلطان رُوم کی سلطنت کی اچھی حالت نہیں ہے اور مَیں کشفی طریق سے اُس کے ارکان کی حالت اچھی نہیں دیکھتا۔ اور میرے نزدیک ان حالتوں کے ساتھ انجام

اچھا نہیں" دیکھو صفحہ ۲ سطر ۵ و ۶۔ اشتہار ۲۴ مئی ۱۸۹۷ء مطبع ضیاء الاسلام قادیان۔ پھر مَیں نے اِسی اشتہار کے صفحہ ۲ سطر ۹ کے مطابق اُس تُرک کو نصیحت دی۔ اور اشارہ سے اُس کو یہ سمجھایا کہ اس کشف کا اوّل نشانہ تم ہو۔ اور تمہارے حالات الہام کے رُو سے اچھے معلوم نہیں ہوتے۔ توبہ کرو تا نیک پھل پاؤ۔ چنانچہ یہی لفظ کہ "توبہ کرو۔ تا نیک پھل پاؤ" اِس اشتہار کے صفحہ ۲ سطر ۹ میں ابتک موجود ہے جو سفیر مذکور کو مخاطب کرکے کہا گیا تھا۔ پس یہ تقریر میری جو اُس اشتہار میں سے اِس جگہ لکھی گئی ہے دو پیشگوئیوں پر مشتمل تھی (۱) ایک یہ کہ مَیں نے اس کو صاف لفظوں میں سمجھا دیا کہ تم لوگوں کا چال چلن اچھا نہیں ہے۔ اور دیانت اور امانت کی نیک صفات سے تم محروم ہو۔ (۲) دُوسرے یہ کہ اگر تیری یہی حالت رہی تو تجھے اچھا پھل نہیں ملے گا۔ اور تیرا انجام بَد ہوگا۔ پھر مَیں نے صفحہ ۳ میں بطور پیشگوئی سفیر مذکور کی نسبت لکھا ہے۔ "اس کے لئے (یعنے سفیر مذکور کے لئے) بہتر تھا کہ میرے پاس نہ آتا۔ میرے پاس سے ایسی بدگوئی سے واپس جانا اسکی سخت بدقسمتی ہے" دیکھو صفحہ ۳ سطر نمبر ۱۔ اِشتہار ۲۴ مئی ۱۸۹۷ء۔ پھر اسی صفحہ کی سطر ۹ میں یہ صفحہ ۱۱۹
پیشگوئی ہے۔ "اللہ جلّ شانہٗ جانتا ہے جسپر جھوٹ باندھنا لعنت کا داغ خریدنا ہے کہ اُس عالم الغیب نے مجھے پہلے سے اِطّلاع دیدی تھی کہ اِس شخص کی سرشت میں نِفاق کی رنگ آمیزی ہے" پھر مَیں نے اشتہار ۲۵ جُون ۱۸۹۷ء کے صفحہ ۲ میں مذکورہ پیشگوئیوں کا اعادہ کرکے دسویں سطر سے سولھویں سطر تک یہ عبارت لکھی ہے۔

"ہم نے گذشتہ اشتہارات میں ترکی گورنمنٹ پر بلحاظ اس کے بعض عظیم الدخل اور

خراب اندرون ارکان اور عمائد اور وزراء کے نہ بلحاظ سلطنت کی ذاتیات کے ضرور اُس خدا داد نُور اور فراست اور الہام کی تحریک سے جو ہمیں عطا ہُوا ہے چند ایسی باتیں لکھی ہیں جو خود اُن کے مفہوم کے خوفناک اثر سے ہمارے دِل پر ایک عجیب رِقّت اور درد طاری ہوتی ہے۔ سو ہماری وُہ تحریر جیساکہ گندے خیال والے سمجھتے ہیں۔کسی نفسانی جوش پر مبنی نہ تھی بلکہ اُس رُوشنی کے چشمہ سے نکلی تھی جو رحمتِ الٰہی نے ہمیں بخشا ہے" پھر اسی اشتہار کے صفحہ ۴ میں سطر ۱۹ سے ۲۱ تک یہ عبارت ہے۔ "کیا ممکن نہ تھا کہ جو کچھ مَیں نے رُومی سلطنت کے اندرونی نظام کی نسبت بیان کیا وُہ دراصل صحیح ہو۔ اور ٹرکی گورنمنٹ کے شیرازہ میں ایسے دھاگے بھی ہوں جو وقت پر ٹوٹنے والے اور غداری سرشت ظاہر کرنے والے ہوں"

یاد رہے کہ ابھی مَیں اشتہار ۲۴ر مئی ۱۸۹۷ء کے حوالہ سے بیان کرچکا ہوں۔کہ یہ غداری اور نفاق کی سرشت بذریعہ الہام الٰہی حسین بک کامی میں معلوم کرائی گئی ہے۔ غرض میرے ان اشتہارات میں جس قدر پیشگوئیاں ہیں جو مَیں نے اِس جگہ درج کردی ہیں۔ ان سب سے اوّل مقصود بالذات حسین کامی مذکور تھا۔ ہاں یہ بھی پیشگوئی سے مفہوم ہوتا تھا کہ اِس مادہ کے اور بھی بہت سے لوگ ہیں جو سلطنت رُوم کے ارکان اور کارکن سمجھے جاتے ہیں۔ مگر بہرحال الہام کا اوّل نشانہ یہی شخص حسین کامی تھا۔ جسکی نسبت ظاہر کیا گیا کہ وُہ ہرگز امین اور دیانت دار نہیں اور اُس کا انجام اچھا نہیں۔ جیساکہ ابھی مَیں نے اپنے اشتہار ۲۴ر مئی ۱۸۹۷ء کے حوالہ سے لکھا ہے کہ حسین کامی کی نسبت مجھے الہام ہُوا کہ یہ آدمی سلطنت کے ساتھ دیانت سے تعلق نہیں رکھتا بلکہ اسکی سرشت میں نفاق کی رنگ آمیزی ہے۔ اور اُسی کو مَیں نے

مخاطب کر کے کہا کہ توبہ کرو تا نیک پھل پاؤ۔

یہ تو میرے الہامات تھے جو مَیں نے صاف دِلی سے لاکھوں اِنسانوں میں بذریعہ اشتہار ۲۴ مئی ۱۸۹۷ء اور اشتہار ۲۵ جون ۱۸۹۷ء شائع کر دیئے۔ مگر افسوس کہ ان اشتہارات کے شائع کرنے پر ہزارہا مسلمان میرے پر ٹوٹ پڑے بعض کو تو قِلتِ تدبّر کی وجہ سے یہ دھوکہ لگا کہ گویا مَیں نے سُلطان رُوم کی ذات پر کوئی حملہ کیا ہے۔ حالانکہ وہ میرے اشتہارات ابتک موجود ہیں سُلطان کی ذات سے اُن پیشگوئیوں کو کچھ تعلق نہیں۔ صرف بعض ارکانِ سلطنت اَور کارکُن لوگوں کی نسبت الہام شائع کیا گیا ہے کہ وُہ امین اور دیانتدار نہیں ہیں اور کُھلے کُھلے طور پر اشارہ کیا گیا ہے کہ اوّل نشانہ ان الہامات کا وُہی حسین کامی ہے اور وُہی دیانت اور امانت کے پیرایہ سے محروم اور بے نصیب ہے۔ اوران اشتہاروں کے شائع ہونے کے بعد بعض اخبار والوں نے حسین کامی کی حمایت میں میرے پر حملے کئے کہ ایسے امین اور دیانت دار کی نسبت یہ الہام ظاہر کیا ہے کہ وُہ سلطنت کا سچا امین اور دیانت دار عہدہ دار نہیں ہے اور اسکی سرشت میں نفاق کی رنگ آمیزی ہے۔ اور اُسکو ڈرایا گیا ہے کہ توبہ کر۔ ورنہ تیرا انجام اچھا نہیں۔ حالانکہ وہ مہمان تھا اِنسانیت کا یہ تقاضا تھا کہ اُسکی عزّت کی جاتی" اِن تمام الزامات کا میری طرف سے یہی جواب تھا کہ مَیں نے اپنے نفس کے جوش سے حسین کامی کو کچھ نہیں کہا بلکہ جو کچھ مَیں نے اسپر الزام لگایا تھا وُہ الہام الٰہی کے ذریعہ سے تھا نہ ہماری طرف سے۔ مگر افسوس کہ اکثر اخبار والوں نے اسپر اتفاق کر لیا کہ درحقیقت حسین کامی بڑا امین اور دیانتدار بلکہ نہایت بزرگوار اور نائب خلیفۃ المسلمین سُلطان رُوم تھا۔ اُسپر ظُلم ہُوا کہ اُسکی نسبت ایسا کہا گیا۔ اور اکثر نے تو اپنی بات کو زیادہ رنگ چڑھانے کیلئے میرے تمام کلمات کو سُلطان معظم کی طرف منسوب کر دیا۔ تا مسلمانوں میں

صفحہ ۱۲۰

جوشش پیدا کریں۔ چنانچہ میرے ان الہامات سے اکثر مسلمان جوش میں آگئے اور بعض نے میری نسبت لکھا کہ یہ شخص واجب القتل ہے۔

اب ہم ذیل میں بتلاتے ہیں کہ ہماری یہ پیشگوئی سچّی نکلی یا جھوٹی۔ واضح ہو کہ عرصہ تخمیناً دو ماہ یا تین ماہ کا گذرا ہے کہ ایک معزز ترک کی معرفت ہمیں یہ خبر ملی تھی کہ حسین کامی مذکور اپنی ایک مجرمانہ خیانت کی وجہ سے اپنے عہدہ سے موقوف کیا گیا ہے اور اُس کی املاک ضبط کی گئی۔ مگر مَیں نے اس خبر کو ایک شخص کی روایت خیال کرکے شائع نہیں کیا تھا کہ شاید غلط ہو۔ آج اخبار نیّر آصفی مدراس مورخہ ۱۲؍ اکتوبر ۱۸۹۹ء کے ذریعہ سے ہمیں مفصل طور پر معلوم ہوگیا کہ ہماری وُہ پیشگوئی حسین کامی کی نسبت نہایت کامل صفائی سے پُوری ہوگئی۔ اور وہ نصیحت جو ہم نے اپنے خلوت خانہ میں اُسکو کی تھی کہ توبہ کرو تا نیک پھل پاؤ۔ جس کو ہم نے اپنے اشتہار ۲۴؍ مئی ۱۸۹۷ء میں شائع کردیا تھا۔ اُسپر پابند نہ ہونے سے آخر وہ اپنی پاداش کردار کو پہنچ گیا۔ اور اب وُہ ضرور اُس نصیحت کو یاد کرتا ہوگا۔ مگر افسوس یہ ہے کہ وُہ اِس مُلک کے بعض ایڈیٹران اخبار اور مولویان کو بھی جو اُس کو نائب خلیفۃ المسلمین اور رُکنِ امین سمجھ بیٹھے تھے اپنے ساتھ ہی ندامت کا حصّہ دے گیا اور اِسی طرح پر اُنھوں نے ایک صادق کی پیشگوئی کی تکذیب کا مزہ چکھ لیا۔ اب اُنکو چاہیئے کہ آئندہ اپنی زبانوں کو سنبھالیں۔ کیا یہ سچ نہیں کہ میری تکذیب کی وجہ سے بار بار اُن کو خجالت پہنچ رہی ہے؟ اگر وُہ سچ پر ہیں تو کیا باعث کہ ہر ایک بات میں آخر کار کیوں اُن کو شرمندہ ہونا پڑتا ہے۔ اب ہم اخبار مذکور میں سے وُہ چٹھی مع تمہیدی عبارت کے ذیل میں نقل کردیتے ہیں اور وُہ یہ ہے۔

”چند مظلومان کریٹ اور ہندوستان“

”ہمیں آج کی وَلایتی ڈاک میں اپنے ایک لائق اور معزز نامہ نگار کے پاس سے

ایک قسطنطنیہ والی چٹھی ملی ہے جس کو ہم اپنے ناظرین کی اطلاع کیلئے درج ذیل کئے دیتے ہیں اور ایسا کرتے ہوئے ہمیں کمال افسوس ہوتا ہے۔ افسوس اس وجہ سے کہ ہمیں اپنی ساری اُمیدوں کے برخلاف اس مجرمانہ خیانت کو جو سب سے بڑی اور سب سے زیادہ مہذب و منتظم اسلامی سلطنت کے وائس قونصل کی جانب سے بڑی بے دردی کے ساتھ عمل میں آئی اپنے ان کانوں سے سُننا اور پبلک پر ظاہر کرنا پڑا ہے۔ جو کیفیت جناب مولوی حافظ عبدالرحمٰن صاحب الہندی نزیل قسطنطنیہ نے ہمیں معلوم کرائی ہے۔ اس سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ حسین بک کامی نے بڑی بے شرمی کے ساتھ مظلومانِ کریٹ کے روپیہ کو بغیر ڈکار لینے کے ہضم کر لیا۔ اور کارکن کمیٹی چندہ نے بڑی فراست اور عرقریزی کے ساتھ اُن سے روپیہ اُگلوایا۔ مگر یہ دریافت نہیں ہوا۔ کہ وائس قونصل مذکور پر عدالت عثمانیہ میں کوئی نالش کی گئی یا نہیں۔ ہماری رائے میں ایسے خائن کو عدالتانہ کارروائی کے ذریعہ عبرت انگیز سزا دینی چاہیے۔ بہرحال ہم امید کرتے ہیں کہ یہی ایک کیس غبن کا ہوگا جو اس چندہ کے متعلق وقوع میں آیا ہو۔ اور جو رقوم چندہ جناب مُلّا عبدالقیوم صاحب اوّل تعلقہ دار لنگسگور اور جناب عبدالعزیز بادشاہ صاحب ٹرکش قونصل مدراس کی معرفت حیدرآباد اور مدراس سے روانہ ہوئیں وُہ بلا خیانت قسطنطنیہ کو کمیٹی چندہ کے پاس برابر پہنچ گئی ہوں گی۔"

"قسطنطنیہ کی چٹھی"

"ہندوستان کے مُسلمانوں نے جو گزشتہ دو سالوں میں مہاجرین کریٹ اور مجروحین عساکر حربِ یُونان کے واسطے چندہ فراہم کرکے قونصل ہائے

دولتِ علیہ ترکیہ مقیم ہند کو دیا تھا۔ معلوم ہوتا ہے کہ ہر زرِ چندہ تمام و کمال قسطنطنیہ میں نہیں پہنچا۔ اور اِس امر کے باور کرنے کی یہ وجہ ہوتی ہے۔ کہ حسین بک کامی وائس قونصل مقیم کراچی کو جو ایک ہزار چھ سو روپیہ کے قریب مولوی انشاء اللہ صاحب ایڈیٹر اخبار وکیل امرتسر اور مولوی ۱۲۱
محبوب عالم صاحب ایڈیٹر پیسہ اخبار لاہور نے مختلف مقامات سے وصول کرکے بھیجا تھا وہ سب غبن کر گیا ایک کوڑی تک قسطنطنیہ میں نہیں پہنچائی۔ مگر خدا کا شکر ہے کہ سلیم پاشا ملحمہ کارکن کمیٹی چندہ کو جب خبر پہنچی تو اُس نے بڑی جانفشانی کے ساتھ اس روپیہ کے اُگلوانے کی کوشش کی۔ اور اُس کی اراضی مملوکہ کو نیلام کرا کر وصولی رقم کا انتظام کیا اور بابِ عالی میں غبن کی خبر بھجوا کر نوکری سے موقوف کرایا۔
اِس لئے ہندوستان کے جملہ اصحاب جرائد کی خدمت میں التماس ہے کہ وہ اِس اعلان کو قومی خدمت سمجھ کر چار مرتبہ متواتر اپنے اخبارات میں مشتہر فرمائیں اور جس وقت اُنکو معلوم ہو کہ فلاں شخص کی معرفت اسقدر روپیہ چندہ کا بھیجا گیا تو اسکو اپنے جریدہ میں مشتہر کرائیں اور نام مع عنوان کے ایسا مفصّل لکھیں کہ بشرطِ ضرورت اس سے خط و کتابت ہو سکے۔ اور ایک پرچہ اس جریدہ کا خاکسار کے پاس بمقام قاہرہ اِس پتہ سے روانہ فرما دیں :۔

حافظ عبد الرحمٰن الہندی الامرتسری۔ سکہ جدیدۃ۔ وکالہ صالح آفندی قاہرہ (ملک مصر)

۶۸ اور منجملہ ان نشانوں کے جو خدا تعالیٰ کے فضل سے میرے ہاتھ پر ظہور میں آئے ہیں یہ ہے کہ جب کتاب اُمّہات المؤمنین عیسائیوں کی طرف سے

شائع ہوئی تو انجمن حمایت اسلام لاہور کے ممبروں نے گورنمنٹ میں اس مضمون کا میموریل بھیجا کہ اس کتاب کی اشاعت بند کی جائے اور نیز یہ کہ اس مصنف سے جس نے ایسی گندی کتاب تالیف کی باز پُرس ہو۔ مگر مَیں ان کے میموریل کے مخالف تھا۔ اور مَیں نے اپنی ایک تحریر میں صاف طور پر یہ شائع کیا کہ یہ پہلو اختیار کرنا اچھا نہیں ہے اور مجھے اُن دنوں میں انجمن حمایت اسلام کے مخالف یہ الہام ہوا تھا۔
ستذکرون ما اقول لکم و افوّض امری الی اللّٰہ۔ یعنے عنقریب تمہیں یہ میری بات یاد آئے گی کہ اس طریق کے اختیار کرنے میں ناکامی ہے۔ اور جس امر کو مَیں نے اختیار کیا ہے یعنے مخالفین کے اعتراضات کو ردّ کرنا اور اُنکا جواب دینا۔ اس امر کو مَیں خدا تعالیٰ کو سونپتا ہوں یعنے خدا میرے کام کا محافظ ہوگا۔ مگر وہ ارادہ جو تم نے کیا ہے کہ اُمّہات المؤمنین کے مؤلف کو سزا دلاؤ۔ اس میں تمہیں کامیابی ہرگز نہیں ہوگی۔ اور تمہیں بعد میں یاد آئیگا کہ جو پیش از وقت بتلایا گیا وہ واقعی اور درست تھا۔ یہ وہ الہام ہے جو قبل از وقت اپنی جماعت میں سے ایک گروہ کثیر کو سنا دیا گیا تھا۔ چنانچہ مفتی محمد صادق صاحب بھیروی اور مولوی محمد علی صاحب ایم۔ اے وغیرہ احباب اس بات کے گواہ ہیں اور جیسا کہ مَیں نے الہام ربّانی پاکر بہت سے لوگوں پر ظاہر کر دیا تھا۔ ایسا ہی ظہور میں آیا۔ یعنے انجمن حمایت اسلام کے ممبروں نے جس غرض سے اپنا میموریل در بارہ کتاب امہات المؤمنین بحضور جناب لفٹیننٹ گورنر بہادر روانہ کیا تھا۔ وہ درخواست اُنکی نامنظور ہوئی اور مؤلف رسالہ اُمّہات المؤمنین کسی مؤاخذہ کے نیچے نہ آیا۔

۶۹ اور منجملہ اُن پیشگوئیوں کے جو خدا تعالیٰ نے میرے پر ظاہر فرمائیں یہ ہے کہ میرے ایک مخلص دوست مرزا محمد یوسف بیگ سامانوی جو سامانہ علاقہ ریاست پٹیالہ

کے رہنے والے ہیں (اور ایک مدّت دراز سے مجھ سے تعلق محبت اور اخلاص اور ارادت کا رکھتے ہیں اور اُن لوگوں میں سے ہیں جنکی نسبت مجھے یقین ہے کہ خدا تعالےٰ نے ایک سچی محبت اُن کے دِلوں میں بٹھاوی ہے جس کے ساتھ وہ تمام عمر رہیں گے اور جس کے ساتھ وہ اِس دُنیا سے گذر ینگے)۔ اُن کا یعنے مرزا صاحب موصوف کا لڑکا مرزا ابراہیم بیگ مرحوم جو نہایت غریب اور سلیم الطبع اور وجیہ اور خوبصورت تھا۔ بیمار ہؤا۔ تب اُنہوں نے سامانہ سے میری طرف خط لکھا کہ میرا لڑکا بیمار ہے اُسکے لئے دُعا کی جائے۔ پس جبکہ ابراہیم مرحوم کے لئے مَیں نے دُعا کی۔ تو مجھے فی الفور ایک کشفی حالت پیدا ہوکر دِکھائی دیا کہ ابراہیم میرے پاس بیٹھا ہے اور کہتا ہے کہ مجھے بہشت سے سلام پہنچادو۔ جس کے معنے اُسی وقت میرے دل میں یہ ڈالے گئے کہ اب ابراہیم کیلئے دُنیوی سلامتی کی راہ بند ہے یعنے زندگی کا خاتمہ ہے۔ اِسلئے اُسکی رُوح اب بہشتی سلامتی چاہتی ہے یعنے یہ کہ ہمیشہ کے لئے بہشت میں داخل ہوکر دائمی خوشحالی پاوے۔ سو ہرچند دِل نہیں چاہتا تھا کہ مرزا ابراہیم بیگ مرحوم کے والد صاحب یعنے مرزا محمد یُوسف بیگ صاحب کو اِس آنے والے حادثہ سے اِطّلاع دی جائے۔ مگر مَیں نے بہت کچھ سوچنے کے بعد مناسب سمجھا کہ مختصر لفظوں میں اِس امر غیب سے اُن کو اِطّلاع دیدوں۔ سو مَیں نے اِس کشف سے اُنکو اِطّلاع دیدی۔ اور پھر تھوڑے دِنوں کے بعد مرزا ابراہیم مرحوم انتقال کر کے اپنے والد مصیبت زدہ کے اُس ثوابِ عظیم کا موجب ہُوا جو ایک پیارے بیٹے کی جُدائی سے جو ایک ہی ہو۔ اور جوان اور غریب مزاج اور فرمانبردار اور خوبصورت ہو۔ خدائے رحیم و کریم کی طرف سے مصیبت زدہ باپ کو پہنچتا ہے۔ غرض یہ کشف جو ابراہیم مرحوم کے بارے میں مجھ کو ہُوا۔ بہت سے لوگوں کو پیش از وقت سُنایا گیا تھا اور خود مرزا محمد یُوسف بیگ صاحب کو ۱۲۷

بذریعہ خط اِس کشف سے اِطلاع دیدی گئی تھی جو ابتک بفضلہٖ تعالیٰ زندہ موجود ہیں۔ اور خدا تعالیٰ کی قسم کھاکر اِس تمام بیان کی تصدیق کرسکتے ہیں۔

اب سوچنا چاہیئے کہ غیب کا وسیع علم غیر کو ہرگز دیا نہیں جاتا۔ اور گو ممکن ہے کہ غیر کو بھی جس کے تعلقات خدا تعالیٰ سے محکم نہیں ہیں کبھی سچی خواب آجائے یا سچا کشف ہو جائے۔ لیکن ولایت اور قبولیت کی علامات میں لازمی طور پر یہ شرط ہے کہ اُمورِ غیبیہ اور پوشیدہ باتیں اِس قدر ظاہر ہوں کہ وہ اپنی کثرت میں دنیا کے تمام لوگوں سے بڑھے ہوئے ہوں اور اِس کثرت سے ہوں۔ کہ کوئی بھی اُن کا مقابلہ نہ کرسکے۔ یہ بات یاد رکھنے کے لائق ہے کہ جبکہ خدا تعالےٰ اپنے فضلِ عظیم اور کرمِ عمیم سے کسی شخص کو اپنی خلعتِ ولایت اور رُتبۂ کرامت سے مُشرف اور سرفراز فرماتا ہے تو چار چیزوں میں اُسکو جمیع اس کے ابناءِ جنس اور تمام ہمعصر لوگوں سے امتیازِ کلّی بخشتا ہے۔ اور ہر ایک شخص جو وہ اِمتیاز اُسکے شاملِ حال ہوتی ہے۔ اُسکی نسبت قطعی اور یقینی طور پر ایمان رکھنا لازم ہو جاتا ہے کہ وہ خدا تعالیٰ کے اُن کامل بندوں اور اعلیٰ درجہ کے اولیاء میں سے ہے جن کو اُس نے اپنے ہاتھ سے چُنا ہے اور اپنی نظرِ خاص سے اُن کی تربیت فرمائی ہے اور وہ چار چیزیں جو کامل اولیاء اور مردانِ خدا کی نشانی ہے۔ چار کمال ہیں جو بطور نشان اور خارق عادت کے اُن میں پیدا ہوتے ہیں۔ اور ہر ایک کمال میں وہ دُوسروں سے بیّن اور صریح طور پر ممتاز ہوتے ہیں بلکہ وہ چاروں کمال معجزہ کی حد تک پہنچے ہوئے ہوتے ہیں اور ایسا آدمی کبریت احمر کا حکم رکھتا ہے اور اِس مرتبہ پر وُہی شخص پہنچتا ہے جس کو عنایت ازلی نے قدیم سے دُنیا کو فائدہ پہنچانے کے لئے منتخب کیا ہو۔ اور وہ چار کمال جو بطور چار نشان یا چار معجزہ کے ہیں جو وَلی اعظم اور قطب الاقطاب اور سیّد الاولیاء کی نشانی ہے

یہ ہیں۔(۱) اوّل یہ کہ اُمورِ غیبیہ بعد استجابت یا اَور طریق پر اِس کثرت سے اُس پر
کھلتے رہیں اَور بہت سی پیشگوئیاں ایسی صفائی سے ظہور پذیر ہوجائیں کہ اُس کثرتِ
مقدار اور صفائی کیفیت کے لحاظ سے کوئی شخص اُنکا مقابلہ نہ کرسکے۔ اور اُنکی کمّی اور کیفی
کمالات میں احتمال شرکت غیر بکلّی معدوم بلکہ محالات میں سے ہو۔ یعنے جسقدر اُس پر
اسرارِ غیب ظاہر ہوں۔ اور جسقدر اُسکی دُعائیں قبول ہوکر اُن قبولیتوں سے
اُس کو اطلاع دی جائے۔ اور جسقدر اُس کی تائید میں آسمان اور زمین اور انفس
اور آفاق میں خوارق ظہور پذیر ہوں بکلّی غیر ممکن ہو جو اُنکی نظیر کوئی دِکھلا سکے یا
اُن کمالات میں مقابلہ پر کھڑا ہوسکے۔ اور اسقدر علم غیوب الٰہیہ اور کشف انوارِ
نامتناہیہ اور تائیداتِ سماویہ بطور خارق عادت اور اعجاز اور کرامت اُسکو عطا
کی جائے کہ گویا ایک دریا ہے جو چل رہا ہے۔ اور ایک عظیم الشّان روشنی ہے
جو آسمان سے اُترکر زمین پر پھیل رہی ہے۔ اور یہ اُمور اِس حد تک پہنچ جائیں
جو بہ بداہت نظر خارق عادت اَور فائق العصر دِکھائی دیں۔ اور یہ کمال کمالِ
نبوّت سے موسوم ہے۔ (۲) اور دُوسرا کمال جو بطور نشان کے امام الاولیاء اور
سیّد الاصفیاء کے لئے ضروری ہے وُہ فہم قرآن اور معارف کی اعلیٰ حقیقت تک وصول
ص ۱۲۳ ہے۔ یہ بات ضروری طور پر یاد رکھنے کے لائق ہے کہ قرآن شریف کی ایک ادنیٰ
تعلیم ہے اور ایک اَوسط اور ایک اعلیٰ۔ اور جو اعلیٰ تعلیم ہے۔ وُہ اِس قدر انوارِ
معارف اور حقائق کی رَوشن شعاعوں اور حقیقی حُسن اور خُوبی سے پُر ہے جو ادنیٰ یا
اَوسط استعداد کا اُس تک ہرگز گذر نہیں ہوسکتا۔ بلکہ وُہ اعلیٰ درجہ کے اہل صفوت
اور اربابِ طہارت فطرت ان سچائیوں کو پاتے ہیں جن کی سرشت سراسر نُور ہوکر
نُور کو اپنی طرف کھینچتی ہے۔ سو اوّل مرتبہ صدق کا جو اُنکو حاصل ہوتا ہے
دُنیا سے نفرت اور ہر ایک لغو اَمر سے طبعی کراہت ہے۔ اَور اِس عادت کے

راسخ ہونے کے بعد ایک دُوسرے درجہ پر صدق پَیدا ہوتا ہے۔ جس کو اُنس اور شوق اور رُجوع الی اللہ سے تعبیر کرسکتے ہیں۔ اور اِس عادت کے راسخ ہونے کے بعد ایک تیسرے درجہ کا صدق پَیدا ہوتا ہے جس کو تبتّلِ اعظم اور اِنقطاعِ اتم اور محبّت ذاتیہ اور فنافی اللہ کے درجہ سے تعبیر کرسکتے ہیں۔ اور اِس عادت کے راسخ ہونے کے بعد رُوحِ حق اِنسان میں حلول کرتی ہے اور تمام پاک سچائیاں اور اعلیٰ درجہ کے معارف و حالات بطریق طبیعت و جبلّت بکمال وجد و شرح صدر اُس شخص کے نفسِ پاک پر وارد ہونے شروع ہوجاتے ہیں۔ اور عمیق در عمیق معارف قرآنیہ و نکاتِ شرعیّہ اُس شخص کے دِل میں جوش مارتے اور زبان پر جاری ہوتے ہیں۔ اور وُہ اسرارِ شریعت اور لطائفِ طریقت اُس پر کُھلتے ہیں جو اہلِ رسم اور عادت کی عقلیں اُن تک پہنچ نہیں سکتیں۔ کیونکہ یہ شخص مقامِ نفحاتِ الٰہیہ پر کھڑا ہوتا ہے۔ اور رُوح القدس اُس کے اندر بولتی ہے اور تمام کذب اور دروغ کا حِصّہ اُس کے اندر سے کاٹا جاتا ہے۔ کیونکہ یہ رُوح سے پاتا اور رُوح سے بولتا اور رُوح سے لوگوں پر اثر ڈالتا ہے۔ اور اِس حالت میں اُس کا نام صِدّیق ہوتا ہے۔ کیونکہ اُس کے اندر سے بکلّی کِذب کی تاریکی نکلتی اور اُس کی جگہ سچّائی کی رُوشنی اور پاکیزگی اپنا دخل کرتی ہے۔ اور اِس مرتبہ پر اعلیٰ درجہ کی سچّائیوں کا ظہور اور اعلیٰ معارف کا اُس کی زبان پر جاری ہونا اُس کے لئے بطور نشان کے ہوتا ہے۔ اُسکی پاک تعلیم جو سچّائی کے نُور سے خمیر شدہ ہوتی ہے۔ دُنیا کو حیرت میں ڈالتی ہے۔ اُسکے پاک معارف جو سرچشمہ فنافی اللہ اور حقیقت شناسی سے نکلتے ہیں تمام لوگوں کو تعجب میں ڈالتے ہیں۔ اور اِس قسم کا کمال صِدّیقیت کے کمال سے مُوسُوم ہے۔

یاد رہے کہ صدیق وہ ہوتا ہے جس کو سچائیوں کا کامل طور پر علم بھی ہو۔ اور پھر کامل اور طبعی طور پر اُن پر قائم بھی ہو۔ مثلاً اُس کو اُن معارف کی حقیقت معلوم ہو کہ وحدانیت باری تعالیٰ کیا شے ہے۔ اور اُس کی اطاعت کیا شے اور محبت باری عزّ اسمہٗ کیا شے۔ اور شرک سے کس مرتبہ اخلاص پر مخلصی حاصل ہو سکتی ہے۔ اور عبودیت کی کیا حقیقت ہے اور اخلاص کی حقیقت کیا اور توبہ کی حقیقت کیا۔ اور صبر اور توکّل اور رضا اور محویّت اور فنا اور صدق اور وفا اور تواضع اور سخا اور ابتہال اور دُعا اور عفو اور حیا اور دیانت اور امانت اور اتقاء وغیرہ اخلاقِ فاضلہ کی کیا کیا حقیقتیں ہیں۔ پھر ماسوا اِس کے اِن تمام صفاتِ فاضلہ پر قائم بھی ہو✠ اور تیسرا کمال جو اکابر اولیاء کو دیا جاتا ہے مرتبۂ شہادت ہے ۱۲۱
اور مرتبۂ شہادت سے وہ مرتبہ مُراد ہے جبکہ انسان اپنی قوّتِ ایمان سے اِس قدر اپنے خُدا اور روزِ جزا پر یقین کرلیتا ہے کہ گویا خدا تعالیٰ کو اپنی آنکھ سے دیکھنے لگتا ہے۔ تب اس یقین کی برکت سے اعمال صالحہ کی مرارت اور تلخی

✠ جن عظیم الشان لوگوں کو بڑے بڑے عظیم ذمہ داریوں کے کام ملتے ہیں اور بعض اوقات خدا تعالیٰ سے علم پاکر خضر کی طرح ایسے کام بھی اُن کو کرنے پڑتے ہیں جن سے ایک کوتہ بین شخص کی نظر میں وُہ بعض اخلاقی حالتوں میں یا معاشرت کے طریقوں میں قابلِ ملامت ٹھہرتے ہیں۔ اُن کے دُشمنوں کی باتوں کی طرف دیکھ کر ہرگز بدظن نہیں ہونا چاہیئے۔ کیونکہ اندھے دشمنوں نے کسی نبی اور رسُول کو اپنی نکتہ چینی سے مستثنیٰ نہیں رکھا۔ مثلاً وُہ مُوسٰی مردِ خُدا جسکی نسبت توریت میں آیا ہے کہ وہ زمین کے تمام باشندوں سے زیادہ تر حلیم اور امین ہے۔ مخالفوں نے ۱۲۲
اُن پر یہ اعتراض کئے ہیں کہ گویا وُہ نعوذ باللہ نہایت درجہ کا سخت دِل اور خُونی انسان تھا۔ جس کے حکم سے کئی لاکھ شیرخوار بچے قتل کئے گئے۔ اور ایسا ہی کہتے ہیں کہ وُہ نہ دیانت اور امانت سے حصّہ رکھتا تھا اور نہ عہد کا پابند تھا۔ کیونکہ اُسکے ایماء سے بنی اسرائیل نے کئی لاکھ روپیہ کے سونے اور چاندی کے برتن اور قیمتی زیور بنی[1] اسرائیل سے بطور مُستعار لئے اور

[1] اصل میں ایسا ہی ہے۔ دراصل لفظ مصریوں ہونا چاہیئے۔ (مصحح)

دُور ہو جاتی ہے۔ اور خدا تعالیٰ کی ہر ایک قضاء و قدر بباعث موافقت کے شہد کی طرح دِل میں نازل ہوتی اور تمام صحنِ سینہ کو حلاوت سے بھر دیتی ہے۔ اور ہر ایک ایلام انعام کے رنگ میں دِکھائی دیتا ہے۔ سو شہید اُس شخص کو کہا جاتا ہے جو قوّتِ ایمانی کی وجہ سے خُدا تعالیٰ کا مشاہدہ کرتا ہو۔ اور اُس کے تلخ قضاء و قدر سے شہد شیریں کی طرح لذّت اُٹھاتا ہے اور اِسی معنے کے رُو سے شہید کہلاتا ہے۔ اور یہ مرتبہ کامل مومن کے لئے بطور نشان کے ہے۔ اور اِسکے بعد

یہ عہد کیا کہ ہم ابھی چند روز کے بعد واپس آکر یہ تمام مال واپس دیدیں گے۔ مگر عہد کو توڑا اور مال بیگانہ ہضم کیا اور جھوٹ بولا۔ اور کہتے ہیں کہ یہ مُوسیٰ کا گناہ تھا۔ کیونکہ اُسکے مشورہ اور علم سے ایسا کیا گیا اور اُس نے اِس حرکت پر بنی اسرائیل کو کچھ سرزنش نہیں کی بلکہ اسی مال سے وُہ بھی کھاتا رہا۔ ایسا ہی حضرت مسیح پر بھی اُن کے دُشمنوں نے اعتراض کیا ہے کہ وُہ تقوے کے پابند نہ تھے۔ چنانچہ ایک بدکار عورت نے ایک نفیس عطر جو بدکاری کے مال سے خریدا گیا تھا اُن کے سر پر ملا۔ اور اپنے بالوں کو اُنکے پیروں پر ملا۔ اور ایک جوان اور فاحشہ عورت کا اُن کے بدن کو چھُونا اور حرام کا تیل اُنکے سر پر ملنا اور اُنکے اعضاء سے اپنے اعضاء کو لگانا۔ یہ ایک ایسا امر ہے جو ایک پرہیزگار اور مُتقی اِس کا مُرتکب نہیں ہو سکتا۔ اور نیز مسیح کا اجازت دینا کہ تا اُسکے شاگرد ایک غیر کے کھیت کے خوشے بلا اجازت مالک کھاویں۔ اِس بات پر دلالت کرتا ہے کہ نعوذ باللہ مسیح کو امانت اور دیانت کی پرواہ نہ تھی۔ یہ وُہ اعتراض ہیں۔ جو یہودیوں نے حضرت مسیح پر کئے ہیں۔ اور یہودیوں کی چند کتابیں جو میرے پاس موجود ہیں۔ اِسی قسم کی ایسی سختی ان میں حضرت مسیح علیہ السلام پر کی گئی ہے جن میں یہ ثابت کرنا چاہا ہے۔ کہ نعوذ باللہ کوئی بھی نیک صفت حضرت مسیح میں موجود نہ تھی۔ ایسا ہی عیسائیوں نے ہمارے نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم کی عفّت اور تقویٰ اور امانت پر اعتراض کئے ہیں اور نعوذ باللہ آنجناب کو ایک نفس پرست اور خونریز اور دُوسروں کے مال لُوٹنے والا انسان خیال کیا ہے۔ اور ایسا ہی روافض نے حضرت ابو بکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کی عفّت اور امانت اور دیانت اور عدالت پر انواع اقسام کے عیب لگائے ہیں اور اُن کے نام منافق۔ غاصب۔ ظالم رکھتے ہیں۔

۱۲۵ ایک چوتھا مرتبہ بھی ہے جو کامل اصفیاء اور اولیاء کو اکمل اور اتم طور پر ملتا ہے۔
اور وہ صالحین کا مرتبہ ہے۔ اور صالح اُس وقت کسی کو کہا جاتا ہے جبکہ ہر ایک
فساد سے اُس کا اندرون خالی اور پاک ہو جائے۔ اور اُن تمام گندے اور
تلخ مواد کے دُور ہونے کی وجہ سے عبادت اور ذکرِ الٰہی کا مزہ اعلیٰ درجہ کی
لذّت کی حالت پر آجائے۔ کیونکہ جس طرح زبان کا مزہ جسمانی تلخیوں کی وجہ سے
بگڑ جاتا ہے ایسا ہی رُوحانی مزہ رُوحانی مفاسد کی وجہ سے متغیّر ہو جاتا ہے۔
اور ایسے انسان کو کوئی لذّت عبادت اور ذکرِ الٰہی کی نہیں آتی اور نہ کوئی انس اور
ذوق اور شوق باقی رہتا ہے۔ لیکن کامل انسان نہ صرف مواد فاسدہ سے پاک

اور ایسا ہی خوارج حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فاسق قرار دیتے ہیں اور بہت سے امور خلاف تقویٰ
اُن کی طرف منسوب کرتے ہیں۔ بلکہ حلیۂ ایمان سے بھی اُنکو عاری سمجھتے ہیں۔ تو اِس جگہ
طبعاً یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ جبکہ صدیق کے لئے تقویٰ اور امانت اور دیانت شرط ہے تو
یہ تمام بزرگ اور اعلیٰ طبقہ کے انسان جو رسول اور نبی اور وَلی ہیں کیوں خداتعالےٰ نے
اُن کے حالات کو عوام کی نظر میں مشتبہ کر دیا۔ اور وہ اُن کے افعال اور اقوال کو سمجھنے سے
۱۲۵ اِس قدر قاصر رہے کہ اُنکو دائرۂ تقویٰ اور امانت اور دیانت سے خارج سمجھا۔ اور
ایسا خیال کر لیا کہ گویا وہ لوگ ظلم کرنے والے اور مال حرام کھانے والے اور خون ناحق
کرنے والے اور دروغگوئی اور عہد شکن اور نفس پرست اور جرائم پیشہ تھے۔ حالانکہ دُنیا
میں بہت سے ایسے لوگ بھی پائے جاتے ہیں کہ نہ رسول ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں۔
اور نہ نبی ہونے کا۔ اور نہ اپنے تئیں وَلی اور امام اور خلیفۃ المسلمین کہلاتے ہیں۔
لیکن بایں ہمہ کوئی اعتراض اُن کے چال چلن اور زندگی پر نہیں ہوتا۔ تو اس سوال کا
جواب یہ ہے کہ خداتعالیٰ نے ایسا کیا کہ تا اپنے خاص مقبولوں اور محبوبوں کو بدبخت
شتاب کاروں سے جن کی عادت بدگمانی ہے مخفی رکھے جیسا کہ خود وجود اس کا اِس
قسم کی بدظنی کرنے والوں سے مخفی ہے۔ بہتیرے دُنیا میں ایسے پائے جاتے ہیں کہ
خداتعالیٰ کو گالیاں دیتے ہیں اور اُسکو ظالم اور ناقدرشناس سمجھتے ہیں یا اُس کے وجود

ہو جاتا ہے بلکہ یہ صلاحیت بہت ترقّی کر کے بطور ایک نشان اور خارق عادت امر کے اس میں ظاہر ہوتی ہے۔ غرض یہ چار مراتب کمال ہیں جن کو طلب کرنا ہر ایک ایماندار کا فرض ہے۔ اور جو شخص ان سے بکلّی محروم ہے وہ ایمان سے محروم ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ جلّ شانہٗ نے سُورۂ فاتحہ میں مُسلمانوں کے لئے یہی دُعا مقرر کی ہے کہ وُہ اِن ہر چہار کمالات کو طلب کرتے رہیں۔ اور وُہ دُعا یہ ہے۔ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ[1]۔ اور قرآن شریف کے دُوسرے مقام میں اِس آیت کی تشریح کی گئی ہے اور ظاہر فرمایا گیا ہے کہ مُنعَم علیہم سے مُراد نبی اور صدّیق اور شہید اور صالحین ہیں۔ اور انسان کامل اِن ہر چہار کمالات کا مجموعہ اپنے اندر رکھتا ہے۔

۷۰ منجملہ خُدا تعالیٰ کے ان نشانوں کے جو میری تائید میں ظہور میں آئے۔ وُہ پیشگوئی ہے جو مَیں نے اشتہار ۲۱ر نومبر ۱۸۹۸ء میں کی تھی تفصیل اِس اجمال کی یہ ہے کہ مولوی محمد حسین بٹالوی ایڈیٹر اشاعۃ السُنّۃ نے میرے ذلیل

صــ ۱۲۶ سے ہی مُنکر ہیں۔ وُہ قِصّہ جو قرآن شریف میں حضرت آدم صفی اللہ کی نسبت مذکور ہے جو فرشتوں نے اُن پر اعتراض کیا اور جناب الٰہی میں عرض کیا کہ کیوں تُو ایسے مُفسد اور خُونریز کو پَیدا کرتا ہے؟ یہ قصّہ اپنے اندر یہ پیشگوئی مخفی رکھتا ہے کہ اہلِ کمال کی ہمیشہ نکتہ چینی ہُوا کرے گی۔ خدا تعالیٰ نے اِسی غرض سے خضر کا قصّہ بھی قرآن شریف میں لکھا ہے۔ تا لوگوں کو معلوم ہو کہ ایک شخص ناحق خون کر کے اور یتیموں کے مال کو عمداً نقصان پہنچا کر پھر خدا تعالیٰ کے نزدیک بزرگ اور برگزیدہ ہے۔ ہاں اس سوال کا جواب دینا باقی رہا کہ اس طرح پر امان اُٹھ جاتا ہے اور شریر انسانوں کے لئے ایک بہانہ ہاتھ آجاتا ہے۔ اور وُہ کوئی بدعملی کر کے خضر کی طرح کہہ سکتے ہیں کہ ہم نے خدا کے حکم سے یہ کام کیا ہے۔ اور یہ ایک مقام اشکال ہے کہ ایک طرف تو خُدا یہ کہے کہ مَیں ظُلم اور فحشاء کا حکم نہیں دیتا اور

[1] الفاتحۃ: ۶-۷

کرنے کی غرض سے تمام لوگوں میں مشہور کیا کہ یہ شخص مہدی معہود اور مسیح موعود سے
منکر ہے۔ اس لئے بیدین اور کافر اور دجّال ہے بلکہ اسی غرض سے ایک استفتا
لکھا اور علماء ہندوستان اور پنجاب کی اس پر مُہریں ثبت کرائیں تا عوام مسلمان
مجھکو کافر سمجھ لیں اور پھر اسی پر بس نہ کیا بلکہ گورنمنٹ تک خلاف واقعہ یہ
شکایتیں پہنچائیں کہ یہ شخص گورنمنٹ انگریزی کا بدخواہ اور بغاوت کے خیالات
رکھتا ہے۔ اور عوام کے بیزار کرنے کے لئے یہ بھی جا بجا مشہور کیا کہ یہ شخص جاہل
ص۱۲۱ اور علمِ عربی سے بے بہرہ ہے۔ اور اِن تینوں قسم کے جھوٹ کے استعمال سے اسکی
غرض یہ تھی کہ تا عوام مسلمان مجھپر بدظن ہوکر مجھے کافر خیال کریں اور ساتھ ہی
یہ بھی یقین کرلیں کہ یہ شخص درحقیقت علمِ عربی سے بے بہرہ ہے۔ اور نیز گورنمنٹ
بدظن ہوکر مجھے باغی قرار دے یا اپنا بدخواہ تصوّر کرے۔ جب محمد حسین کی
بداندیشی اِس حد تک پہنچی کہ اپنی زبان سے بھی میری ذلّت کی اور لوگوں کو بھی
خلافِ واقعہ تکفیر سے جوش دلایا اور گورنمنٹ کو بھی جھوٹی مخبریوں سے دھوکہ

پھر مُوسٰی کی معرفت بے گناہ لوگوں کے مال بنی اسرائیل کے قبضہ میں دیوے۔ اور نہایت قابلِ ص۱۲۷
شرم طریق یعنے دروغ گوئی سے وہ مال لیا جائے اور پھر عہد شکنی سے ہضم کیا جائے۔ ایسا ہی
مسیح کو اجازت دی کہ وہ حرام کا عطر ملوانے سے نفرت نہ کرے اور نامحرم عورت جوان حسین
کے اعضاء سے اعضاء ملانے کے وقت کچھ بھی تقوٰی اور پرہیزگاری کا پاس نہ کرے۔ اور پھر
ایک طرف تو خدا خونِ ناحق کو کبائر میں داخل کرے اور پھر خضر کو اجازت دے کہ تا معصوم
بچے کو بے گناہ قتل کردے۔ اِس اشکال کا جواب یہی ہے کہ ایسے اعتراضات صرف
بدظنّی سے پیدا ہوتے ہیں۔ اگر کوئی حق کا طالب اور مُتّقی طبع ہے تو اُس کیلئے مناسب طریق
یہ ہے کہ ان کاموں پر اپنی رائے ظاہر نہ کرے جو متشابہات میں سے اور بطور شاذ نادر ہیں کیونکہ شاذ نادر
میں کئی وجوہ پیدا ہوسکتے ہیں۔ اور یہ فاسقوں کا طریق ہے کہ نکتہ چینی کے وقت میں اُس
پہلو کو چھوڑ دیتے ہیں جس کے صدہا نظائر موجود ہیں۔ اور بدظنّی کے جوش سے ایک ایسے

دینا چاہا۔ اور یہ ارادہ کیا کہ وجوہ متذکرہ بالا کو عوام اور گورنمنٹ کے دل میں جاکر میری ذلّت کرائے۔ تب مَیں نے اُس کی نسبت اور اُسکے دو دوستوں کی نسبت جو محمد بخش جعفر زٹلی اور ابُوالحسن تبتی ہیں وُہ بددُعا کی جو اشتہار ۲۱؍نومبر ۱۸۹۸ء میں درج ہے۔ اور جیسا کہ اشتہار مذکور میں مَیں نے لکھا ہے یہ الہام مجھ کو ہُوا۔ انّ الّذین یصدّون عن سبیل اللّٰہ سینالھم غضب من ربّھم۔ ضرب اللّٰہ اشدّ من ضرب النّاس۔ انّما امرنا اذا اردنا شیئًا ان نقول لہٗ کن فیکون۔ اتعجب لامری۔ انّي مع العشّاق۔ انّي انا الرّحمٰنُ ذو المجد والعلٰی۔ ویعضّ الظّالم علی یدیہ۔ ویطرح بین یديّ۔ جزاء سیّئۃ بمثلھا وترھقھم ذلّۃ۔ ما لھم من اللّٰہ عاصم۔ فاصبر حتّٰی یأتی اللّٰہ بامرہٖ۔ انّ اللّٰہ مع الّذین اتّقوا والّذین ھم محسنون۔ ترجمہ اِس الہام کا یہ ہے کہ

پہلو کو لے لیتے ہیں جو نہایت قلیل الوجود اور متشابہات کے حکم میں ہوتا ہے اور نہیں جانتے کہ یہ متشابہات کا پہلو جو شاذ نادر کے طور پر پاک لوگوں کے وجود میں پایا جاتا ہے یہ شریر انسانوں کے امتحان کے لئے رکھا گیا ہے۔ اگر خدا تعالیٰ چاہتا تو اپنے پاک بندوں کا طریق اور عمل ہر ایک پہلو سے ایسا صاف اور روشن دکھلاتا۔ کہ شریر انسان کو اعتراض کی گنجائش نہ ہوتی۔ مگر خدا تعالیٰ نے ایسا نہ کیا تا وُہ خبیث طبع انسانوں کا خُبث ظاہر کرے۔ نبیوں اور رسُولوں اور اولیاء کے کارناموں میں ہزار ہا نمونے ان کی تقویٰ اور طہارت اور امانت اور دیانت اور صدق اور پاسِ عہد کے ہوتے ہیں۔ اور خود خدا تعالیٰ کی تائیدات اُن کی پاک باطنی کی گواہ ہوتی ہیں۔ لیکن شریر انسان ان نمونوں کو نہیں دیکھتا اور بدی کی تلاش میں رہتا ہے۔ آخر وُہ حصّہ متشابہات کا جو قرآن شریف کی طرح اس کے نسخہ وجود میں بھی ہوتا ہے۔ مگر نہایت کم شریر انسان اسی کو اپنے اعتراض کا نشانہ بناتا ہے۔ اور اس طرح ہلاکت کی راہ اختیار کرکے جہنّم میں جاتا ہے۔ منہ

جو لوگ خدا تعالیٰ کی راہ سے روکتے ہیں عنقریب خدا تعالیٰ کا غضب اُنپر وارد ہوگا۔ خدا کی مار انسانوں کی مار سے سخت تر ہے۔ ہمارا حکم تو اتنے میں ہی نافذ ہو جاتا ہے کہ جب ہم ایک چیز کا ارادہ کرتے ہیں تو ہم اُس چیز کو کہتے ہیں کہ ہو جا۔ تو وہ چیز ہو جاتی ہے۔ کیا تو میرے حکم سے تعجب کرتا ہے۔ میں عاشقوں کے ساتھ ہوں۔ میں ہی وہ رحمان ہوں جو بزرگی اور بلندی رکھتا ہے۔ اور ظالم اپنا ہاتھ کاٹے گا اور میرے آگے ڈال دیا جائے گا۔ بدی کی جزا اُسی قدر بدی ہے۔ اور اُنکو ذلت پہنچے گی۔ یعنے اُسی قسم کی ذلت اور اُسی مقدار کی ذلت جس کے پہنچانے کا اُنہوں نے ارادہ کیا اُنکو پہنچ جائے گی۔ خلاصہ منشاء الہام یہ ہے کہ وہ ذلت مثلی ہوگی۔ کیونکہ بدی کی جزا اُسی قدر بدی ہے۔ اور پھر فرمایا کہ خدا تعالیٰ کے ارادہ سے کوئی اُنکو بچانے والا نہیں۔ پس صبر کر جبتک کہ اللہ تعالیٰ اپنے امر کو ظاہر کرے۔ خدا تعالیٰ اُن کے ساتھ ہے جو تقویٰ اختیار کرتے ہیں۔ اور اُن کے ساتھ ہے جو نیکی کرنے والے ہیں۔

یہ پیشگوئی ہے جو خدا تعالےٰ نے محمد حسین اور اُس کے دو رفیقوں کی نسبت کی تھی۔ اور اس میں ظاہر کیا تھا کہ اُسی ذلت کے موافق اُنکو ذلت پہنچ جائے گی جو اُنھوں نے پہنچائی۔ سو یہ پیشگوئی اِسطرح پر پُوری ہُوئی کہ محمد حسین نے اس پیشگوئی کے بعد پوشیدہ طور پر ایک انگریزی فہرست اپنی اُن کارروائیوں کی شائع کی۔ جن میں گورنمنٹ کے مقاصد کی تائید ہے۔ اور اس فہرست میں یہ جتلانا چاہا کہ منجملہ میری خدمات کے ایک یہ بھی خدمت ہے کہ میں نے اپنے رسالہ اشاعۃ السنۃ میں لکھا ہے کہ مہدی کی حدیثیں صحیح نہیں ہیں اور اس فہرست کو اُس نے بڑی احتیاط سے پوشیدہ طور پر شائع کیا۔ کیونکہ وہ جانتا تھا کہ قوم کے رُوبرو اِس فہرست کے برخلاف اُس نے اپنا عقیدہ ظاہر کیا ہے۔ اور اِس دو رنگی کے ظاہر ۱۲۵

ہونے سے وُہ ڈرتا تھا کہ اپنی قوم مُسلمانوں کے رُوبرو۔ تو اُس نے یہ ظاہر کیا کہ وُہ
ایسے مہدی کو بدل و جان مانتا ہے کہ جو دُنیا میں آکر لڑائیاں کریگا اور ہر ایک قوم
کے مقابل پر یہانتک کہ عیسائیوں کے مقابل پر بھی تلوار اُٹھائے گا۔ اور پھر
اِس فہرست انگریزی کے ذریعہ سے گورنمنٹ پر یہ ظاہر کرنا چاہا کہ وُہ خُونی مہدی
کے متعلق تمام حدیثوں کو مجروح اور ناقابلِ اعتبار جانتا ہے۔ لیکن خُداتعالیٰ کی قدرت سے
وُہ پوشیدہ کارروائی اُس کی پکڑی گئی۔ اور نہ صرف قوم کو اِس سے اطلاع ہوئی۔ بلکہ
گورنمنٹ تک بھی یہ بات پہنچ گئی کہ اُس نے اپنی تحریروں میں دونوں فریق گورنمنٹ
اور رعایا کو دھوکا دیا ہے۔ اور ہر ایک ادنیٰ عقل کا اِنسان بھی سمجھ سکتا ہے۔ کہ یہ
پردہ دری محمد حسین کی ذلّت کا باعث تھی۔ اور وُہی اِنکارِ مہدی جس کی وجہ سے
اِس مُلک کے نادان مولوی مجھے کافر اور دجّال کہتے تھے۔ محمد حسین کے انگریزی
رسالہ سے اِسکی نسبت بھی ثابت ہو گیا یعنے یہ کہ وُہ بھی اپنے دِل میں ایسی حدیثوں کو
موضوع اور بیہودہ اور لغو جانتا ہے۔ غرض یہ ایک ایسی ذلت تھی کہ یک دفعہ ۱۲۸
محمد حسین کو اپنی ہی تحریر کی وجہ سے پیش آگئی۔ اور ابھی ایسی ذلت کا کہاں
خاتمہ ہے۔ بلکہ آئندہ بھی جیسے جیسے گورنمنٹ اور مُسلمانوں پر کُھلتا جائیگا کہ
کیسے اس شخص نے دو رنگی کا طریق اختیار کر رکھا ہے ویسے ویسے اِس
ذلت کا مزہ زیادہ سے زیادہ محسوس کرتا جائے گا۔ اور اِس ذلت کے ساتھ
ایک دُوسری ذِلّت اُسکو یہ پیش آئی کہ میرے اشتہار ۲۱ ؍ نومبر ۱۸۹۸ء
کے صفحہ ۲ کے اخیر سطر میں جو یہ الہامی عبارت تھی کہ اَتَعجب لِاَمری اِسپر
مولوی محمد حسین صاحب نے یہ اعتراض کیا کہ یہ عبارت غلط ہے اِس لئے یہ خُدا کا
الہام نہیں ہو سکتا۔ اور اِس میں غلطی یہ ہے کہ فقرہ اَتَعجب لامری میں جو لفظ
لامری لکھا ہے یہ من امری چاہیئے تھا۔ کیونکہ عجب کا صلہ من آتا ہے

نہ کلام۔ اِس اعتراض کا جواب مَیں نے اپنے اُس اشتہار میں دیا ہے جس کے عنوان پر موٹی قلم سے یہ عبارت ہے:۔

"حاشیہ متعلقہ صفحہ اوّل اشتہار مورخہ ۳۰۔ نومبر ۱۸۹۸ء"

اِس جواب کا ماحصل یہ ہے کہ معترض کی یہ نادانی اور ناواقفیت اور جہالت ہے کہ وہ ایسا خیال کرتا ہے کہ گویا عجب کا صلہ لام نہیں آتا۔ اِس اعتراض سے اگر کچھ ثابت ہوتا ہے تو بس یہی کہ معترض فن عربی سے بالکل بے بہرہ اور بے نصیب ہے، اور صرف نام کا مولوی ہے۔ کیونکہ ایک بچہ بھی جس کو کچھ تھوڑی سی مہارت عربی میں ہو سمجھ سکتا ہے کہ عربی میں عجب کا صلہ لام بھی بکثرت آتا ہے اور یہ ایک شایع متعارف امر ہے اور تمام اہلِ ادب اور اہلِ بلاغت کی کلام میں یہ صلہ پایا جاتا ہے۔ چنانچہ اس مشہور و معروف شعر میں لام ہی صلہ بیان کیا گیا ہے اور وہ یہ ہے:۔

عجبتُ لمولودٍ لیس لہٗ ابٌ • ومن ذی ولدٍ لیس لہٗ ابوان

یعنے اُس بچہ سے مجھے تعجب ہے جس کا باپ نہیں یعنے حضرت عیسٰی علیہ السلام سے۔ اور اِس سے زیادہ تعجب اُس بچّوں والے سے ہے جس کے ماں باپ دونوں نہیں۔ اِس شعر میں دونوں صلوں کا بیان ہے۔ لام کے ساتھ بھی اور من کے ساتھ بھی۔ اور ایسا ہی دیوان حماسہ میں جو بلاغت فصاحت میں ایک مسلّم اور مقبول دیوان ہے اور سرکاری کالجوں میں داخل ہے۔ پانچ شعر میں عجب کا صلہ لام ہی لکھا ہے۔ چنانچہ منجملہ ان کے ایک شعر یہ ہے جو دیوان مذکور کے صفحہ ۹ میں درج ہے:۔

عجبتُ لمسراھا وانّٰی تخلّصت • الیّ وباب السّجن دونی مُغلّق

یعنے وہ معشوقہ جو عالم تصور میں میرے پاس چلی آئی مجھے تعجب ہوا کہ وہ ایسے زندان میں جس کے دروازے بند تھے میرے پاس جو مَیں قید میں تھا کیونکر چلی آئی۔ دیکھو اِس

شعر میں بھی اس بلیغ فصیح شاعر نے عجب کا صلہ لام ہی بیان کیا ہے جیساکہ لفظ لمسراھا سے ظاہر ہے۔ اور ایسا ہی وہ تمام اشعار اس دیوان کے جو صفحہ ۳۹۰ و ۴۱۱ و ۵۰۷ و ۵۱۱ میں درج ہیں۔ ان سب میں عجب کا صلہ لام ہی لکھا ہے۔ جیساکہ یہ شعر ہے:۔

عجبت لسعی الدهر بینی و بینها ❊ فلما انقضی ما بیننا سکن الدهر

یعنے مجھے اس بات سے تعجب آیاکہ زمانہ نے ہم میں جدائی ڈالنے کے لئے کیاکیا کوششیں کیں۔ مگر جب وہ ہمارا وقت عشق بازی کا گذر گیا تو زمانہ بھی چپ ہوگیا۔ اب دیکھو کہ اس شعر میں بھی عجب کا صلہ لام ہی آیا ہے۔ اور ایسا ہی حماسہ کا یہ شعر ہے:۔

۱۲۹ عجبت لبرءی منك یا عز بعد ما ❊ عمرت زمانا منك غیر صحیح

یعنے اے معشوقہ یہ عجیب بات ہے کہ تیرے سبب سے ہی میں اچھا ہوا یعنے تیرے وصال سے اور تیرے سبب سے ہی ایک مدت دراز تک میں بیمار رہا۔ یعنے تیری جدائی کی وجہ سے علیل رہا۔ شاعر کا منشاء اس شعر سے یہ ہے کہ وہ اپنی معشوقہ کو مخاطب کرکے کہتا ہے کہ میری بیماری کا بھی تُو ہی سبب تھی اور پھر میرے اچھا ہوجانے کا بھی تُو ہی سبب ہوئی۔ اب دیکھو کہ اس شعر میں بھی عجب کا صلہ لام ہی آیا ہے۔ پھر ایک اور شعر حماسہ میں ہے اور وہ یہ ہے:۔

عجبا لاحمد والعجائب جمة ❊ انی یلوم علی الزمان تبذلی

یعنے مجھ کو احمد کی اس حرکت سے تعجب ہے اور عجائب پر عجائب جمع ہو رہے ہیں کیونکہ وہ مجھے اس بات پر ملامت کرتا ہے کہ میں نے زمانہ کی گردش سے بازی کو کیوں ہار دیا۔ وہ کب تک مجھے ایسی بیہودہ ملامت کرے گا۔ کیا وہ نہیں سمجھتا کہ ہمیشہ زمانہ موافق نہیں رہتا اور تقدیر بد کے آگے تدبیر پیش نہیں جاتی۔ پس میرا اس میں کیا قصور ہے کہ زمانہ کی گردش سے میں ناکام رہا۔ اب دیکھو کہ اس شعر میں

بھی عجب کا صلہ لام آیا ہے اور اسی حماسہ میں ایک اور شعر ہے جو اسی قسم کا ہے اور وُہ یہ ہے:۔ عجبت لعبد ان هجونی سفاهة

ان اصطبحوا من شاءهم وتقيلوا

یعنے مجھے تعجب آیا کہ کنیزک زادوں نے سراسر حماقت سے میری ہجو کی۔ اور اِس ہجو کا سبب اُن کی صبح کی شراب اور دوپہر کی شراب تھی۔ اب دیکھو اِس شعر میں بھی عجب کا صلہ لام آیا ہے۔ اور اگر یہ کہو کہ یہ تو اُن شاعروں کے شعر ہیں جو جاہلیت کے زمانہ میں گذرے ہیں۔ وُہ تو کافر ہیں ہم اُن کی کلام کو کب مانتے ہیں۔ تو اِس کا جواب یہ ہے کہ وہ لوگ بباعث اپنے کفر کے جاہل تھے نہ بباعث اپنی زبان کے۔ بلکہ زبان کی رُو سے تو وُہ امام مانے گئے ہیں۔ یہانتک کہ قرآن شریف کے محاورات کی تائید میں اُن کے شعر تفاسیر میں بطور حجت پیش کئے جاتے ہیں۔ اور اِس سے انکار کرنا ایسی جہالت ہے کہ کوئی اہلِ علم اِس کو قبول نہیں کریگا۔ ماسوا اِس کے یہ محاورہ صرف گذشتہ زمانہ کے اشعار میں نہیں ہے۔ بلکہ ہمارے سیّد و مولیٰ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث سے بھی اِسی محاورہ کی تائید ہوتی ہے۔ مثلاً ذرہ مشکوٰۃ کو کھولو۔ اور کتاب الایمان کے صفحہ ۲ میں اُس حدیث کو پڑھو جو اِسلام کے بارے میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے جس کو متفق علیہ بیان کیا گیا ہے اور وُہ یہ ہے:۔ عجبنا له یسئله ویصدقه۔ یعنے ہم نے اس شخص کی حالت سے تعجب کیا کہ پُوچھتا بھی ہے اور پھر مانتا بھی جاتا ہے۔ اب دیکھو کہ اِسس حدیث شریف میں بھی عجبنا کا صلہ لام ہی لکھا ہے اور عجبنا منه نہیں لکھا بلکہ عجبنا له کہا ہے۔

اب کوئی مولوی صاحب انصافاً فرماویں کہ ایک شخص جو اپنے تئیں مَولوی کہلاتا ہے بلکہ دُوسرے مولویوں کا سرگروہ اور ایڈوکیٹ اپنے تئیں قرار دیتا ہے۔

کیا اُس کے لئے یہ ذلّت تھوڑی ہے کہ ابتک اُسکو یہ خبر ہی نہیں کہ تعجب کا صلہ لام بھی آیا کرتا ہے۔ کیا اِس قدر جہالت کہ مشکوٰۃ کی کتاب الایمان کی حدیث کی بھی خبر نہیں۔ کیا یہ عزّت کا موجب ہے۔ اور اِس سے مولویت کے دامن کو کوئی ذلّت کا دھبّہ نہیں لگتا؟ پھر جبکہ یہ امر پبلک پر عام طور پر کھل گیا اور ہزارہا اہلِ علم کو معلوم ہوگیا کہ محمد حسین نہ صرف علم صَرف و نحو سے ناواقف ہے۔ بلکہ جو کچھ ۱۲۰
احادیث کے الفاظ ہیں اُن سے بھی بے خبر ہے۔ تو کیا یہ شہرت اُس کی عزّت کا موجب ہوئی یا اُس کی ذلّت کا؟۔

پھر تیسرا پہلو ۲۱ر نومبر ۱۸۹۸ء کی پیشگوئی کے پُورا ہونے کا یہ ہے۔ کہ مسٹر جے۔ ایم۔ ڈوئی صاحب بہادر سابق ڈپٹی کمشنر و ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ضلع گورداسپور نے اپنے حکم ۲۴ر فروری ۱۸۹۹ء میں مولوی محمد حسین سے اِس اقرار پر دستخط کرلئے۔ کہ وُہ آیندہ مجھے دجّال اور کافر اور کاذب نہیں کہے گا۔ اور قادیان کو چھوٹے کاف سے نہیں لکھے گا۔ اور اُس نے عدالت کے سامنے کھڑے ہوکر اقرار کیا کہ آئندہ وُہ مجھے کِسی مجلس میں کافر نہیں کہے گا۔ اور نہ میرا نام دجّال رکھے گا۔ اور نہ لوگوں میں مجھے جھوٹا اور کاذب کر کے مشہور کرے گا۔ اب دیکھو کہ اِس اقرار کے بعد وُہ استفتاء اُس کا کہاں گیا جس کو اُس نے بنارس تک قدم فرسائی کر کے طیار کیا تھا۔ اگر وُہ اس فتویٰ دینے میں راستی پر ہوتا۔ تو اُس کو حاکم کے رُوبروئے یہ جواب دینا چاہیئے تھا کہ میرے نزدیک بے شک یہ کافر ہے۔ اِسلئے مَیں اِسکو کافر کہتا ہوں۔ اور دجّال بھی ہے اِس لئے مَیں اِس کا نام دجّال رکھتا ہوں۔ اور یہ شخص واقعی جھوٹا ہے۔ اِس لئے مَیں اِس کو جھوٹا کہتا ہوں۔ بالخصوص جس حالت میں خدا تعالیٰ کے فضل اور کرم سے مَیں ابتک اور اخیر زندگی تک اُنہی عقائد پر قائم ہوں جن کو محمد حسین نے کلماتِ کفر قرار دیا ہے۔ تو پھر یہ کس قسم کی دیانت ہے کہ اُس نے

حاکم کے خوف سے اپنے تمام فتووں کو برباد کرلیا اور حکام کے سامنے اقرار کر دیا کہ میں آیندہ اِن کو کافر نہیں کہوں گا۔ اور نہ اِن کا نام دجّال اور کاذب رکھوں گا۔ پس سوچنے کے لائق ہے کہ اِس سے زیادہ اور کیا ذِلّت ہوگی کہ اُس شخص نے اپنی عمارت کو اپنے ہاتھوں سے گرایا۔ اگر اُس عمارت کی تقویٰ پر بنیاد ہوتی۔ تو ممکن نہ تھا کہ محمد حسین اپنی قدیم عادت سے باز آجاتا۔ ہاں یہ سچ ہے کہ اس نوٹس پر میں نے بھی دستخط کئے ہیں۔ مگر اس دستخط سے خدا اور منصفوں کے نزدیک میرے پر کچھ الزام نہیں آتا۔ اور نہ ایسے دستخط میری ذِلّت کا موجب ٹھہرتے ہیں۔ کیونکہ ابتدا سے میرا یہی مذہب ہے کہ میرے دعوے کے انکار کی وجہ سے کوئی شخص کافر یا دجّال نہیں ہو سکتا❀۔ ہاں ضالّ اور جادۂ صواب سے منحرف ضرور ہوگا۔ اور میں اس کا نام بے ایمان نہیں رکھتا۔ ہاں میں ایسے سب لوگوں کو ضالّ اور جادۂ صدق و صواب سے دُور سمجھتا ہوں جو اُن سچائیوں سے انکار کرتے ہیں جو خدا تعالیٰ نے میرے پر کھولی ہیں۔ میں

❀ یہ نکتہ یاد رکھنے کے لائق ہے کہ اپنے دعوے کے انکار کرنے والے کو کافر کہنا یہ صرف اُن نبیوں کی شان ہے جو خدا تعالیٰ کی طرف سے شریعت اور احکام جدیدہ لاتے ہیں۔ لیکن صاحب الشریعت کے ماسوا جس قدر مُلہم اور محدّث ہیں گو وہ کیسی ہی جناب الٰہی میں اعلیٰ شان رکھتے ہوں اور خلعتِ مکالمہ الٰہیہ سے سرفراز ہوں۔ ان کے انکار سے کوئی کافر نہیں بنجاتا۔ ہاں بدقسمت مُنکر جو ان مقربانِ الٰہی کا انکار کرتا ہے وہ اپنے انکار کی شامت سے دن بدن سخت دل ہوتا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ نورِ ایمان اُس کے اندر سے مفقود ہو جاتا ہے اور یہی احادیث نبویہ ۱۳۱
سے مستنبط ہوتا ہے کہ انکارِ اولیاء اور اُن سے دشمنی رکھنا اوّل انسان کو غفلت اور دُنیا پرستی میں ڈالتا ہے اور پھر اعمالِ حسنہ اور افعالِ صدق اور اخلاص کی اُن سے توفیق چھین لیتا ہے۔ اور پھر آخر سلبِ ایمان کا موجب ہو کر دینداری کی اصل حقیقت اور مغز سے اُنکو بے نصیب اور بے بہرہ کر دیتا ہے۔ اور یہی معنے ہیں اس حدیث کے کہ من عادا

بلاشبہ ایسے ہر ایک آدمی کو ضلالت کی آلودگی سے مبتلا سمجھتا ہوں جو حق اور راستی سے منحرف ہے۔ لیکن میں کسی کلمہ گو کا نام کافر نہیں رکھتا جبتک وہ میری تکفیر اور تکذیب کرکے اپنے تئیں خود کافر نہ بنا لیوے۔ سو اس معاملہ میں ہمیشہ سے سبقت میرے مخالفوں کی طرف سے ہے کہ انہوں نے مجھ کو کافر کہا۔ میرے لئے فتویٰ طیار کیا۔ میں نے سبقت کرکے ان کے لئے کوئی فتویٰ طیار نہیں کیا۔ اور اس بات کا وہ خود اقرار کرسکتے ہیں کہ اگر میں اللہ تعالیٰ کے نزدیک
مسلمان ہوں تو مجھ کو کافر بنانے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فتویٰ انپر ۱۲۱
یہی ہے کہ وہ خود کافر ہیں۔ سو میں ان کو کافر نہیں کہتا۔ بلکہ وہ مجھ کو کافر کہہ کر خود فتویٰ نبوی کے نیچے آتے ہیں۔ سو اگر مسٹر ڈوئی صاحب کے روبرو میں نے اس بات کا اقرار کیا ہے کہ میں انکو کافر نہیں کہوں گا۔ تو واقعی میرا یہی مذہب ہے

ولیًّا فقد اٰذنتہٗ للحرب۔ یعنے جو میرے ولی کا دشمن بنتا ہے تو میں اس کو کہتا ہوں کہ بس اب میری لڑائی کے لئے طیار ہو جا۔ اگرچہ اوائل عداوت میں خداوند کریم و رحیم کے آگے ایسے لوگوں کی طرف سے کسی قدر عدم معرفت کا عذر ہو سکتا ہے۔ لیکن جب اس ولی اللہ کی تائید میں چاروں طرف سے نشان ظاہر ہونے شروع ہو جاتے ہیں اور نورِ قلب اس کو شناخت کر لیتا ہے اور اسکی قبولیت کی شہادت آسمان اور زمین دونوں کی طرف سے بآوازِ بلند کانوں کو سنائی دیتی ہے تو نعوذ باللہ اس حالت میں جو شخص عداوت اور عناد سے باز نہیں آتا اور طریق تقویٰ کو بکلّی الوداع کہہ کر دل کو سخت کر لیتا ہے اور عناد اور دشمنی سے ہر وقت درپے ایذاء رہتا ہے۔ تو اس حالت میں وہ حدیث مذکورہ بالا کے ماتحت آجاتا ہے۔ خدا تعالیٰ بڑا کریم و رحیم ہے وہ انسان کو جلد نہیں پکڑتا۔ لیکن جب انسان ناانصافی اور ظلم کرتا کرتا حد سے گذر جاتا اور بہرحال اس عمارت کو گرانا چاہتا ہے اور اس باغ کو جلانا چاہتا ہے جس کو خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے طیار کیا ہے۔ تو اس صورت میں قدیم سے اور جب سے کہ سلسلہ نبوت کی بنیاد پڑی ہے عادۃ اللہ یہی ہے کہ وہ ایسے مفسد کا دشمن

کہ مَیں کسی مسلمان کو کافر نہیں جانتا۔ ہاں یہ عقیدہ رکھتا ہوں کہ جو شخص مسلمان ہو کر
ایک سچے وَلی اللہ کے دشمن بنجاتے ہیں۔ اُن سے نیک عملوں کی توفیق چھین
لی جاتی ہے۔ اور دِن بدن اُن کے دِل کا نُور کم ہوتا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ
ایک دِن چراغِ سحری کی طرح گُل ہو جاتا ہے۔ سو یہ میرا عقیدہ اپنی طرف سے ۱۳۲
نہیں ہے۔ بلکہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ہے۔ غرض جس شخص نے
ناحق جوش میں آکر مجھ کو کافر قرار دیا اور میرے لئے فتویٰ طیار کیا کہ یہ شخص کافر دجّال
کذّاب ہے۔ اُس نے خدا تعالیٰ کے حکم سے تو کچھ خوف نہ کیا کہ وہ اہلِ قبلہ اور کلمہ گو
کو کیوں کافر بناتا ہے اور ہزارہا بندگانِ خدا کو جو کتاب اللہ کے تابع اور شعارِ اسلام
ظاہر کرتے ہیں کیوں دائرۂ اسلام سے خارج کرتا ہے۔ لیکن مجسٹریٹ ضلع کی ایک دھمکی
سے ہمیشہ کے لئے یہ قبول کر لیا کہ میں آیندہ اُنکو کافر اور دجّال اور کذّاب نہیں کہوں گا۔

ہو جاتا ہے اور سب سے پہلے دولتِ ایمان اُس سے چھین لیتا ہے۔ تب طعم کی طرح صرف الفاظ
اور زبانی قیل وقال اُس کے پاس رہ جاتی ہے۔ اور جو نیک بندوں کی خدا تعالیٰ کی طرف نسبت
اُنس اور شوق اور ذوق اور محبت اور تبتّل اور تقویٰ کی ہوتی ہے وہ اُس سے کھوئی جاتی ہے اور
وہ خود محسوس کرتا ہے کہ ایّامِ موجودہ سے دس سال پہلے جو کچھ اُسکو رقّت اور انشراح اور
بسط اور خدا کی طرف جھکنے اور دُنیا اور اہلِ دُنیا سے بیزاری کی حالت دِل میں موجود تھی۔ اور
جس طرح سچے زہد کی چمک کبھی کبھی اُسکو آگاہ کرتی تھی کہ وہ خدا کے عبادِ صالحین میں سے
ہو سکتا ہے۔ اب وہ چمک بکلّی اُس کے اندر سے جاتی رہی ہے اور دُنیا طلبی کی ایک آگ اُسکے
اندر بھڑک اُٹھتی ہے اور انکار اہل اللہ کی شامت سے اُس کو یہ بھی خیال نہیں آتا کہ جس
زمانہ میں اُس کے خیال نیک اور پاک اور زاہدانہ تھے۔ اب اُس زمانہ کی نسبت اُس کی عمر
بہت زیادہ ہو گئی ہے۔ غرض اُسکو کچھ سمجھ نہیں آتا کہ مجھ کو کیا ہو گیا۔ اور دُنیا طلبی میں گرا
جاتا اور دُنیا کا جاہ ڈھونڈتا ہے۔ حالانکہ موت کے قریب ہوتا ہے۔ غرض اسی طرح ایمان کا
نُور اُس کے دِل سے چھین لیتے ہیں۔ اور اولیاء اللہ کی عداوت سے دُوسرا سبب سلبِ ایمان کا

اور آپ ہی فتویٰ طیار کیا اور آپ ہی حکّام کے خوف سے منسُوخ کر دیا اور ساتھ ہی جعفر زٹلی وغیرہ کی قلمیں ٹوٹ گئیں۔ اور بااین ہمہ رسوائی۔ پھر محمد حسین نے اپنے دوستوں کے پاس یہ ظاہر کیا کہ فیصلہ میری منشاؔ کے موافق ہوا ہے۔ لیکن سوچ کر دیکھو کہ کیا محمد حسین کا یہی منشاء تھا۔ کہ آیندہ مجھے کافر نہ کہے اور تکذیب نہ کرے۔ اور ان باتوں سے توبہ کر کے اپنا مُنہ بند کر لے۔ اور کیا جعفر زٹلی یہ چاہتا تھا کہ اپنی گندی تحریروں سے باز آجائے؟ پس اگر یہ وُہی بات نہیں جو اشتہار ۲۱۔ نومبر ۱۸۹۸ء کی پیشگوئی پُوری ہوگئی اور خُدا نے میرے ذلیل کرنے والے کو ذلیل کیا ہے تو اَور کیا ہے؟ جس شخص نے اپنے رسالوں میں یہ عہد شائع کیا تھا کہ میں اس شخص کو مرتے دم تک کافر اور دجّال کہتا رہونگا جبتک وُہ میرا مذہب قبول نہ کرے۔ تو اِس میں اُسکی کیا عزت رہی جو اس

یہ بھی ہوجاتا ہے کہ وہ اس ولی اللہ کی ہر حالت میں مخالفت کرتا رہتا ہے جو سرچشمۂ نبوت سے پانی پیتا ہے جس کو سچائی پر قائم کیا جاتا ہے۔ سو چونکہ اُس کی عادت ہو جاتی ہو کہ خواہ نخواہ ہر ایک ایسی سچائی کو ردّ کرتا ہے جو اس وَلی کے مُنہ سے نکلتی ہے۔ اور جس قدر اسکی ۱۲۲
تائید میں نشان ظاہر ہوتے ہیں یہ خیال کر لیتا ہے کہ ایسا ہونا جھُوٹوں سے ممکن ہے۔ اس لئے رفتہ رفتہ سلسلۂ نبوّت بھی اُسپر مُشتبہ ہو جاتا ہے۔ لہٰذا انجام کار اس مخالفت کے پردہ میں اس کی ایمانی عمارت کی اینٹیں گرنی شروع ہو جاتی ہیں یہانتک کہ کسی دن کسی ایسے عظیم الشان مسئلہ کی مخالفت یا نشان کا انکار کر بیٹھتا ہے جس سے ایمان جاتا رہتا ہے۔ ہاں اگر کسی کا کوئی سابق نیک عمل ہو جو حضرت احدیت میں محفوظ ہو تو ممکن ہے کہ آخر کار عنایت ازلی اُسکو تھام لے اور وُہ رات کو یا دِن کو یکدفعہ اپنی حالت کا مطالعہ کرے یا بعض ایسے اُمور اُسکی آنکھ روشن کرنے کیلئے پیدا ہو جائیں جن سے یکدفعہ وُہ خوابِ غفلت سے جاگ اُٹھے۔ وذٰلک فضل اللّٰہ یؤتیہ من یّشاء واللّٰہ ذو الفضل العظیم۔ منہ

عہد کو اُس نے توڑ دیا۔ اور وہ جعفر زٹلی جو گندی گالیوں سے کسی طرح باز نہیں آتا تھا۔ اگر ذلّت کی موت اُس پر وارد نہیں ہوئی تو اب کیوں نہیں گالیاں نکالتا۔ اور اب ابوالحسن تبّتی کہاں ہے۔ اُس کی زبان کیوں بند ہو گئی۔ کیا اُس کے گندے ارادوں پر کوئی انقلاب نہیں آیا؟ پس یہی تو وہ ذلّت ہے جو پیشگوئی کا منشاء تھا کہ ان سب کے مُنہ میں لگام دی گئی۔ اور درحقیقت اس الہام کی تشریح جو ۲۱ر نومبر ۱۸۹۸ء کو ہُوا۔ اُس الہام نے دوبارہ کر دی ہے جو بتاریخ ۲۱ر فروری ۱۸۹۹ء رسالہ حقیقت المہدی میں شائع کیا گیا۔ بلکہ عجیب تر بات یہ ہے۔ کہ ۲۱ر نومبر ۱۸۹۸ء کے اشتہار میں جو الہام شائع ہُوا تھا۔ اُس میں ایک یہ فقرہ تھا کہ یعضّ الظّالم علٰی یدیہ۔ اور پھر یہی فقرہ ۲۱ر فروری ۱۸۹۹ء کے الہام میں بھی جو ۲۱ر نومبر ۱۸۹۸ء کے الہام کے لئے بطور شرح کے آیا ہے۔ جیساکہ رسالہ حقیقت المہدی کے صفحہ ۱۲ سے ظاہر ہے۔ پس ان دونوں الہاموں کے مقابلہ سے ظاہر ہو گا کہ یہ دُوسرا الہام جو ۲۱ر نومبر ۱۸۹۸ء کے الہام سے قریباً ۳ ماہ بعد ہُوا ہے۔ اس پہلے الہام کی تشریح کرتا ہے۔ اور اس بات کو کھول کر بیان کرتا ہے کہ وہ ذلّت جس کا وعدہ اشتہار ۲۱ر نومبر ۱۸۹۸ء میں تھا۔ وُہ کس رنگ میں پُوری ہوگی۔ اِسی غرض سے یہ موخر الذکر الہام جو ۲۱ر فروری ۱۸۹۹ء کو ہُوا پہلے الہام کے ایک فقرہ کا اعادہ کر کے ایک اور فقرہ بطور تشریح اسکے ساتھ بیان کرتا ہے۔ یعنے پہلا الہام جو اشتہار ۲۱۔ نومبر ۱۸۹۸ء میں درج ہے۔ جو محمد حسین اور جعفر زٹلی اور ابوالحسن تبّتی کی ذلّت کی پیشگوئی کرتا ہے۔ اس میں یہ فقرہ تھا کہ یعضّ الظّالم علٰی یدیہ۔ یعنے ظالم اپنے ہاتھ کاٹے گا اور دُوسرے الہام میں جو ۲۱ر فروری ۱۸۹۹ء میں بذریعہ رسالہ حقیقت المہدی شائع ہوا۔ اس میں یہی فقرہ ایک زیادہ فقرہ کے ساتھ اِس طرح پر ۳۲۳

لکھا گیا ہے۔ یعض الظالم علیٰ یدیہ ویُوثق۔ اور اس فقرہ کے معنے اسی رسالہ حقیقت المہدی کے صفحہ ۱۲ کی اخیر سطر اور صفحہ ۱۳ کی پہلی سطر میں یہ بیان کئے گئے ہیں۔ **ظالم اپنے ہاتھ کاٹے گا اور اپنی شرارتوں سے روکا جائے گا**۔ اب دیکھو کہ اس تشریح میں صاف بتلایا گیا ہے کہ ذلت کس قسم کی ہوگی۔ یعنے یہ ذلت ہوگی کہ محمد حسین اور جعفر زٹلی اور ابوالحسن تبتی اپنی گندی اور بے حیائی کی تحریروں سے روکے جائیں گے۔ اور جو سلسلہ اُنہوں نے گالیاں دینے اور بے حیائی کے بیجا حملوں اور ہماری پرائیویٹ زندگی اور خاندانی تعلقات کی نسبت نہایت درجہ کمینہ پن کی شرارت اور بدزبانی اور افترا اور جھوٹ سے شائع کیا تھا۔ وُہ جبرًا بند کیا جائے گا۔ اب سوچو کہ کیا وُہ سلسلہ بند کیا گیا یا نہیں اور کیا وہ شیطانی کارروائیاں جو ناپاک زندگی کا خاصہ ہوتی ہیں جن کی بیجا غلوّ سے پاکدامن بیویوں آلِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر گندہ زبانی کے حملے کرنے کی نوبت پہنچ گئی تھی۔ کیا یہ پلید اور بے حیائی کے طریق جو محمد حسین اور اُس کے دوست جعفر زٹلی نے اختیار کئے تھے حاکم مجاز کے حکم سے روکے گئے یا نہیں۔ اور کیا یہ گندہ زبانی کی عادت جس کو کسی طرح یہ لوگ چھوڑنا نہیں چاہتے تھے چھڑائی گئی یا نہیں۔ پس ایک عقلمند انسان کے لئے یہ ذلت کچھ تھوڑی نہیں کہ اس کی خلافِ تہذیب اور بے حیائی اور سفلہ پن کی عادات کے کاغذات عدالت میں پیش کئے جائیں اور پڑھے جائیں۔ اور عام اجلاس میں سب پر یہ بات کُھلے اور ہزارہا لوگوں میں شہرت پاوے کہ مولوی کہلا کر ان لوگوں کی یہ تہذیب اور شائستگی ہے۔ اب خود سوچ لو۔ کہ کیا اس حد تک کسی شخص کی گندی کارروائیاں گندے عادات۔ گندے اخلاق حکام اور پبلک پر ظاہر ہونا کیا یہ عزت ہے یا بیعزتی؟ اور کیا ایسے نفرتی اور ناپاک شیوہ پر عدالت کی طرف سے مواخذہ ہونا یہ کچھ سرفرازی کا

موجب ہے یا شانِ مولویت کو اِس سے ذِلّت کا دھبّہ لگتا ہے۔ اگر ہمارے معترضوں میں حقایق شناسی کا نشنس کچھ باقی رہتا۔ تو ایسا صریح باطل اعتراض ہرگز پیش نہ کرتے کہ ۲۱؍ نومبر ۱۸۹۸ء کے اشتہار کی ذِلّت کی پیشگوئی پوری نہیں ہوئی کیونکہ یہ پیشگوئی تو ایسے زور شور سے پوری ہو گئی کہ عدالت کے کمرہ میں ہی لوگ بول اُٹھے کہ آج خدا کا فرمودہ پورا ہو گیا۔ صدہا لوگوں کو یہ بات معلوم ہوگی کہ جب محمد حسین کو یہ فہمائش کی گئی کہ آیندہ ایسی گندی تحریریں شائع نہ کرے اور کافر اور دجّال اور کاذب بھی نہ کہے۔ تو مسٹر براؤن صاحب ہمارا وکیل بھی بے اختیار بول اُٹھا کہ پیشگوئی پوری ہو گئی۔ یاد رہے کہ موجودہ کاغذات کے رُو سے جو عدالت کے سامنے تھے۔ عدالت نے یہ معلوم کر لیا تھا کہ محمد حسین نے مع جعفر زٹلی کے یہ زیادتی کی ہے کہ مجھے نہایت گندی گالیاں دی ہیں اور میرے پرائیویٹ تعلقات میں سفلہ پن سے گندہ دہانی ظاہر کی ہے یہانتک کہ تصویریں چھاپی ہیں۔ لیکن عدالت نے احتیاطاً آیندہ کی روک کے لئے اس نوٹس میں فریقین کو شامل کر لیا
۱۲۳ تا اِس طریق سے بکلّی سدّ باب کرے۔ مسٹر جے۔ ایم۔ ڈوئی صاحب زندہ موجود ہیں جن کے سامنے یہ کاغذات پیش ہوئے تھے۔ اور ابتک وہ مِثل موجود ہے جس میں وہ تمام کاغذات نتھی کئے گئے۔ کیا کوئی ثابت کر سکتا ہے کہ عدالت میں محمد حسین کی طرف سے بھی کوئی ایسے کاغذات پیش ہوئے جن میں مَیں نے بھی سفلہ پن کی راہ سے گندی تحریریں شائع کی ہوں۔ عدالت نے اپنے نوٹس میں قبول کر لیا ہے کہ ان گندی تحریروں کے مقابل پر جو سراسر حیاء اور تہذیب کے مخالف تھیں۔ میری طرف سے صرف یہ کارروائی ہوئی کہ مَیں نے جنابِ الٰہی میں اپیل کیا۔ اب ظاہر ہے کہ ایک شریف کے لئے یہ حالت موت سے بدتر ہے کہ اُس کا یہ رویّہ عدالت پر کھل جائے کہ وہ ایسی گندہ زبانی

کی عادت رکھتا ہے۔ بلکہ ایک شریف تو اِس خجالت سے جیتا ہی مر جاتا ہے۔ کہ حاکم مجاز عدالت کی کرسی پر اُسکو یہ کہے کہ یہ کیا گندہ طریق ہے جو تُو نے اختیار کیا۔ اور ان کارروائیوں کا نتیجہ ذلت ہونا یہ تو ایک ادنیٰ امر ہے۔ خود پولیس کے افسر جنہوں نے مقدمہ اُٹھایا تھا۔ اُن سے پُوچھنا چاہیئے کہ اُس کارروائی کے دوران میں جبکہ وہ محمد حسین اور جعفر زٹلی کی گندہ زبانی کے کاغذات پیش کر رہے تھے۔ کیا میری گندہ زبانی کا بھی کوئی کاغذ اُنکو ملا۔ جس کو اُنھوں نے عدالت میں پیش کیا۔ اور چاہو تو محمد حسین کو حلفاً پُوچھکر دیکھ لو کہ کیا جو واقعات عدالت میں تم پر گذرے اور جب کہ عدالت نے تم سے سوالات کئے کہ کیا یہ گندی تحریریں تمہاری تحریریں ہیں۔ اور کیا جعفر زٹلی سے تمہارا کچھ تعلق ہے یا نہیں۔ تو ان سوالات کے وقت تمہارے دِل کا کیا حال تھا۔ کیا اُسوقت تمہارا دِل حاکم کے ان سوالات کو اپنی عزت سمجھتا تھا یا ذلت سمجھ کر غرق ہوتا جاتا تھا۔ اگر اتنے واقعات کے جمع ہونے سے جو ہم لکھ چکے ہیں پھر بھی ذِلت نہیں ہوئی اور عزت میں کچھ بھی فرق نہیں آیا۔ تو ہمیں اقرار کرنا پڑے گا۔ کہ آپ لوگوں کی عزت بڑی پکی ہے۔ پھر ماسوا اِس کے ۲۱ر نومبر ۱۸۹۸ء کے اشتہار کی میعاد کے اندر کئی اور ایسے امور بھی ظاہر ہوئے ہیں جن سے بلا شبہ مولوی محمد حسین صاحب کی عالمانہ عزت میں اِس قدر فرق آیا ہے کہ گویا وہ خاک میں مل گئی ہے۔ از انجملہ ایک یہ ہے کہ مولوی صاحب موصوف نے پرچہ پیسہ اخبار اور اخبار عام میں کمال حق پوشی کی راہ سے یہ شائع کر دیا تھا کہ وہ مقدمہ جو پولیس کی رپورٹ پر مجھپر اور اُنپر دائر کیا گیا تھا۔ جو ۲۴ر فروری ۱۸۹۹ء میں فیصلہ ہوا۔ اس میں گویا یہ عاجز بری نہیں ہوا بلکہ ڈسچارج ہوا۔ اور بڑے زور شور سے یہ دعویٰ کیا تھا کہ فیصلہ میں مسٹر ڈوئی صاحب کی طرف سے ڈسچارج کا لفظ ہے اور ڈسچارج بری کو نہیں کہتے

بلکہ جس پر جُرم ثابت نہ ہوسکے اُس کا نام ڈِسچارج ہے۔ اور اِس اعتراض سے محمد حسین کی غرض یہ تھی کہ تا لوگوں پر یہ ظاہر کرے کہ پیشگوئی پُوری نہیں ہوئی۔ لیکن جیسا کہ ہم اِسی کتاب کے صفحہ ۸۱ میں تحریر کر چکے ہیں۔ یہ اُس کی طرف سے محض افترا تھا۔ اور دراصل ڈِسچارج کا ترجمہ بُری ہے اور کچھ نہیں۔ اور اُس نے عقلمندوں کے نزدیک بُری کے اِنکار سے اپنی بڑی پردہ دری کرائی۔ کہ اِس بات سے اِنکار کیا۔ کہ ڈِسچارج کا ترجمہ بری نہیں ہے۔ چنانچہ اسی صفحہ مذکورہ یعنے صفحہ ۸۱ میں بہ تفصیل مَیں نے لکھدیا ہے کہ انگریزی زبان میں کسی کو جُرم سے بَری سمجھنے یا بَری کرنے کے لئے دو لفظ اِستعمال ہوتے ہیں۔ (۱) ایک ڈِسچارج۔ (۲) دُوسرے اَیکیٹ۔ ڈِسچارج اُس جگہ بولا جاتا ہے کہ جہاں حاکم مجوز کی نظر میں جُرم کا ابتدا سے ہی کچھ ثبوت نہ ہو۔ اور تحقیقات کے تمام سلسلہ میں کوئی ایسی بات پَیدا نہ ہو جو اُس کو مجرم ٹھہرا سکے اور فرد قرار داد جُرم قائم کرنیکے لائق کرسکے۔ غرض اسکے دامن عصمت پر ۱۲۵
کوئی غبار نہ پڑسکے۔ اور بوجہ اس کے کہ جُرم کے ارتکاب کا کچھ بھی ثبوت نہیں۔ مُلزم کو چھوڑا جائے۔ اور اَیکیٹ اُس جگہ بولا جاتا ہے جہاں اوّل جُرم ثابت ہوجائے اور فرد قرار داد جُرم لگائی جائے اَور پھر مُجرم اپنی صفائی کا ثبوت دیکر اس الزام سے رہائی پائے۔ غرض ان دونوں لفظوں میں قانونی طور پر فرق یہی ہے کہ ڈِسچارج وُہ بریّت کی قسم ہے کہ جہاں سرے سے جُرم ثابت ہی نہ ہوسکے۔ اور اَیکیٹ وُہ بریّت کی قسم ہے کہ جہاں جُرم تو ثابت ہوجائے اور فرد قرارداد بھی لگ جائے مگر آخر میں مُلزم کی صفائی ثابت ہوجائے۔ اور عربی میں بریّت کا لفظ ایک تھوڑے سے تصرّف کے ساتھ ان دونوں مفہوموں پر مشتمل ہے۔ یعنے جب ایک مُلزم ایسی حالت میں چھوڑا جائے کہ اُس کے دامنِ عصمت پر کوئی دھبہ جُرم کا لگ نہیں سکا۔ اور وُہ ابتدا سے کبھی اس نظر سے دیکھا ہی نہیں گیا کہ وُہ مُجرم ہے

یہانتک کہ جیساکہ وُہ داغ سے پاک عدالت کے کمرہ میں آیا ویسا ہی داغ سے پاک عدالت کے کمرے سے نکل گیا۔ ایسی قسم کے مُلزم کو عربی زبان میں بَری کہتے ہیں۔ اور جب ایک مُلزم پر مجرم ہونے کا قوی شُبہ گذر گیا اور مجرموں کی طرح اُس سے کارروائی کی گئی اور اس تمام ذِلّت کے بعد اُس نے اپنی صفائی کی شہادتوں کے ساتھ اس شُبہ کو اپنے سر پر سے دُور کر دیا۔ تو ایسے مُلزم کا نام عربی زبان میں مبرّء ہے۔ پس اِس تحقیق سے ثابت ہُوا کہ ڈسچارج کا عربی میں ٹھیک ٹھیک ترجمہ بَری ہے اور ایکیٹڈ کا ترجمہ مبرّء ہے۔ عرب کے یہ دو مقولے ہیں کہ انا بریٌ من ذالك وانا مبرّءٌ من ذالك۔ پہلے قول کے یہ معنے ہیں کہ میرے پر کوئی تہمت ثابت نہیں کی گئی۔ اور دُوسرے قول کے یہ معنے ہیں کہ میری صفائی ثابت کی گئی ہے۔ اور قرآن شریف میں یہ دونوں محاورے موجود ہیں۔ چنانچہ بَری کا لفظ قرآن شریف میں بعینہٖ ڈِسچارج کے معنوں پر بولا گیا ہے۔ جیساکہ وہ فرماتا ہے۔ ومن یکسب خطیئۃ او اثمًا ثمّ یرم بہٖ بریئًا فقد احتمل بہتانًا و اثمًا مبینًا۔[1] الجزو نمبر ۵ سُورہ نساء۔ یعنے جو شخص کوئی خطا یا کوئی گُناہ کرے۔ اور پھر کسی ایسے شخص پر وُہ گُناہ لگادے جس پر وُہ گُناہ ثابت نہیں۔ تو اُس نے ایک کُھلے کُھلے بُہتان اور گُناہ کا بوجھ اپنی گردن پر لیا۔ اور مبرّء کی مثال قرآن شریف میں یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ اُولٰٓئِكَ مبرّءون ممّا یقولون۔[2] یہ اُس مقام کی آیت ہے کہ جہاں بے لوث اور بے گُناہ ہونا ایک کا ایک وقت تک مُشتبہ رہا۔ پھر خُدا نے اُس کی طرف سے ڈیفنس پیش کرکے اُس کی بریّت کی۔ اب آیت یرم بہٖ بریئًا سے بہ بداہت ظاہر ہے کہ خُدا تعالےٰ نے ایسے شخص کا نام بری رکھا ہے جس پر کوئی گُناہ ثابت نہیں کیا گیا۔ اور یہی وُہ مفہوم ہے جس کو انگریزی میں ڈسچارج کہتے ہیں۔ لیکن اگر کوئی

[1] النساء: ۱۱۳ [2] النور: ۲۷

مکابرہ کی راہ سے یہ کہے کہ اس جگہ بَری کے لفظ سے وہ شخص مُراد ہے جو مُجرم ثابت ہونے کے بعد اپنی صفائی کے گواہوں کے ذریعہ سے اپنی بریّت ظاہر کرے۔ تو ایسا خیال بدیہی طور پر باطل ہے۔ کیونکہ اگر خدا تعالیٰ نے کا بُری کے لفظ سے یہی منشاء ہے تو اس سے یہ خرابی پیدا ہوگی کہ اِس آیت سے یہ فتویٰ ملے گا۔ کہ خدا تعالیٰ کے نزدیک ایسے شخص پر جس کا گناہ ثابت نہیں۔ کسی گناہ کی تہمت لگانا کوئی جُرم نہیں ہوگا۔ گو وہ مستور الحال شریفوں کی طرح زندگی بسر کرتا ہی ہو۔ اور صرف یہ کسر ہو کہ ابھی اُس نے بے قصور ہونا عدالت میں حاضر ہو کر ثابت نہیں کیا۔ ص۱۳۶
حالانکہ ایسا سمجھنا صریح باطل ہے اور اس سے تمام تعلیم قرآن شریف کی زیر و زبر ہو جاتی ہے۔ کیونکہ اِس صُورت میں جائز ہوگا کہ جو لوگ مثلاً ایسی مستور الحال عورتوں پر زنا کی تہمت لگاتے ہیں۔ جنھوں نے عدالت میں حاضر ہو کر اس بات کا ثبوت نہیں دیا کہ وہ ہر قسم کی بدکاری سے مُدّت العمر محفوظ رہے ہیں۔ وہ کچھ گناہ نہیں کرتے۔ اور اُنکو روا ہے کہ مستور الحال عورتوں پر ایسی تہمتیں لگایا کریں حالانکہ ایسا خیال کرنا اِس مندرجہ ذیل آیت کے رُو سے صریح حرام اور معصیت ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ وَالّذین یرمون المُحصنٰت ثمّ لم یأتوا باربعة شھداء فاجلدوھم ثمانین جلدة[1]۔ یعنے جو لوگ ایسی عورتوں پر زنا کی تہمت لگاتے ہیں جن کا زنا کار ہونا ثابت نہیں ہے۔ بلکہ مستور الحال ہیں۔ اگر وہ لوگ چار گواہ سے اپنے اس الزام کو ثابت نہ کریں تو انکو اَسّی دُرّے مارنے چاہئیں۔ اب دیکھو کہ ان عورتوں کا نام خدا نے بَری رکھا ہے جن کا زانیہ ہونا ثابت نہیں۔ پس بَری کے لفظ کی یہ تشریح بعینہٖ ڈسچارج کے مفہوم سے مطابق ہے۔ کیونکہ اگر بری کا لفظ جو قرآن نے یرم بہ بریًا میں استعمال کیا ہے۔ صرف ایسی صُورت پر بولا جاتا ہے کہ جبکہ کسی کو مُجرم ٹھہرا کر اُسپر فردِ قرار دادِ جُرم لگائی جائے

[1] النور: ۵

اور پھر وہ گواہوں کی شہادت سے اپنی صفائی ثابت کرے۔ اور استغاثہ کا ثبوت ڈیفنس کے ثبوت سے ٹوٹ جائے تو اس صورت میں ہر ایک شریر کو آزادی ہوگی کہ ایسی تمام عورتوں پر زنا کا الزام لگادے۔ جنھوں نے معتمد گواہوں کے ذریعہ سے عدالت میں ثابت نہیں کر دیا کہ وہ زانیہ نہیں ہیں۔ خواہ وہ رسولوں اور نبیوں کی عورتیں ہوں۔ اور خواہ صحابہ کی۔ اور خواہ اولیاء اللہ کی اور خواہ اہل بیت کی عورتیں ہوں۔ اور ظاہر ہے کہ آیت یرم بہ بریًا میں بری کے لفظ کے ایسے معنے کرنے صاف الحاد ہے جو ہرگز خدا تعالیٰ کا منشاء نہیں ہے بلکہ بدیہی طور پر معلوم ہوتا ہے کہ اس آیت میں بری کے لفظ سے خدا تعالیٰ کا یہی منشاء ہے کہ جو مستور الحال لوگ ہیں خواہ مرد ہیں خواہ عورتیں ہیں جن کا کوئی گناہ ثابت نہیں وہ سب بری کے نام کے مستحق ہیں۔ اور بغیر ثبوت اُن پر کوئی تہمت لگانا فسق ہے جس سے خدا تعالیٰ اس آیت میں منع فرماتا ہے۔ اور اگر کسی کو نبیوں اور رسولوں کی کچھ پرواہ نہ ہو۔ اور اپنی ضد سے باز نہ آوے۔ تو پھر ذرا شرم کرکے اپنی عورتوں کی نسبت ہی کچھ انصاف کرے کہ کیا اگر اُن پر کوئی شخص اُن کی عفت کے مخالف کوئی ایسی ناپاک تہمت لگاوے جس کا کوئی ثبوت نہ ہو تو کیا وہ عورتیں آیت یرم بہ بریًا کی مصداق ٹھہر کر بری سمجھی جاسکتی ہیں اور ایسا تہمت لگانیوالا سزا کے لائق ٹھہرتا ہے۔ یا وہ محض اس حالت میں بری سمجھی جائیں گی جبکہ وہ اپنی صفائی اور پاکدامنی کے بارے میں عدالت میں گواہ گذرانیں اور جب تک وہ بذریعہ شہادتوں کے اپنی عفت کا عدالت میں ثبوت نہ دیں تب تک جو شخص چاہے اُنکی عفت پر حملہ کیا کرے۔ اور اُن کو غیر بری قرار دے۔ اور ظاہر ہے کہ خدا تعالیٰ نے آیت موصوفہ میں بار ثبوت تہمت لگانیوالے پر رکھا ہے۔ اور جب تک تہمت لگانیوالا کسی گناہ کو ثابت نہ کرے تب تک تمام مردوں اور عورتوں کو بری کہلانے کے مستحق ٹھہرایا ہے۔ پس قرآن اور زبان عرب کے رُو سے بری کے معنے ایسے وسیع ہیں کہ جب تک کسی پر کسی ۱۲۷

جُرم کا ثبوت نہ ہو وُہ بری کہلائے گا۔ کیونکہ انسان کے لئے بری ہونا طبعی حالت ہے۔ اور گناہ ایک عارضہ ہے جو پیچھے سے لاحق ہوتا ہے۔

ایک اور امر عظیم الشان ہے جو اشتہار ۲۰ نومبر ۱۸۹۶ء کی میعاد میں ظہور میں آیا۔ جس سے اشتہار مذکورہ کی پیشگوئی کا پُورا ہونا اور بھی وضاحت سے ثابت ہوتا ہے۔ کیونکہ وہ پیشگوئی جو چوتھا لڑکا ہونے کے بارے میں ضمیمہ انجام آتھم کے صفحہ ۵۸ میں کی گئی تھی جس کے ساتھ یہ شرط تھی کہ عبد الحق غزنوی جو امرتسر میں مولوی عبد الجبار غزنوی کی جماعت میں رہتا ہے نہیں مرے گا جبتک یہ چوتھا لڑکا پیدا نہ ہولے۔ وہ پیشگوئی اشتہار ۲۰ نومبر ۱۸۹۶ء کی میعاد کے اندر پُوری ہوگئی اور وہ لڑکا بفضلہ تعالیٰ پیدا ہوگیا جس کا نام بفضلہ تعالیٰ مُبارک احمد رکھا گیا۔ اور جیسا کہ پیشگوئی میں شرط تھی کہ عبد الحق غزنوی اُسوقت تک زندہ ہوگا کہ چوتھا لڑکا پیدا ہوجائے گا ایسا ہی ظہور میں آیا۔ اور اب اِس وقت تک کہ ۵ دسمبر ۱۸۹۹ء ہے۔ ہر ایک شخص امرتسر میں جاکر تحقیق کرلے کہ عبد الحق اب تک زندہ ہے۔ پس اِس میں کیا شک ہے کہ یہ صاف صاف اور کھلی کھلی پیشگوئی محمد حسین اور اُس کے گروہ کی عزت کا موجب نہیں ہوسکتی۔ کیونکہ خدا نے ایسے انسان کی دُعا کو قبول کرکے جو محمد حسین اور اُس کے گروہ کی نظر میں کافر اور دجال ہے۔ اس کی پیشگوئی کے مطابق عبد الحق غزنوی کی زندگی میں اسکو پسر چہارم عنایت فرمایا۔ اور یہ ایک تائیدِ الٰہی ہے جو بجز صادق انسان کے اور کسی کے لئے ہرگز نہیں ہوسکتی۔ پس جبکہ اس پیشگوئی کا میعاد کے اندر پُورا ہو جانا۔ اور عبد الحق کی زندگی میں ہی اس کا ظہور میں آنا میری عزت کا موجب ہُوا۔ تو بلاشبہ محمد حسین اور اس کے گروہ جعفر زٹلی وغیرہ کی ذلت کا موجب ہُوا ہوگا۔ یہ اور بات ہے کہ یہ لوگ ہر ایک بات میں اور ہر ایک موقعہ پر یہ کہتے رہیں۔ کہ

ہماری کچھ بھی ذلت نہیں ہوئی۔لیکن جو شخص مُنصف ہو کر ان تمام واقعات کو پڑھے گا۔اُسکو تو بہرحال ماننا پڑے گا۔کہ بلاشُبہ ذِلّت ہو چکی۔

اِس جگہ ہمیں افسوس سے یہ بھی لکھنا پڑا ہے کہ پرچہ اخبار عام ۲۴ نومبر ۱۸۹۹ء میں ایک شخص ثناء اللہ نام امرتسری نے یہ مضمون چھپوایا ہے کہ ابتک مولوی محمد حسین کی کچھ بھی ذِلّت نہیں ہوئی۔ہم حیران ہیں کہ اِس صریح خلاف واقعہ امر کا کیا جواب لکھیں ہم نہیں جانتے کہ ثناء اللہ صاحب کے خیال میں ذلّت کس کو کہتے ہیں۔ہاں ہم یہ قبول کرتے ہیں کہ ذِلّت کئی قسم کی ہوتی ہے اور انسانوں کی ہر ایک طبقہ کے مناسب حال ایک قسم کی ذلت ہے۔ مثلاً زمینداروں میں سے ایک وُہ ہیں جو فقط سرکاری دستک جاری ہونے سے اپنی ذِلّت خیال کرتے ہیں۔اور انکے مقابل پر اس قسم کے زمیندار بھی دیکھے جاتے ہیں کہ قسط مالگذاری بروقت ادا نہ ہونے کی وجہ سے تحصیل کے چپراسی انکو پکڑ کر لیجاتے ہیں اور بوجہ نہ ادائیگی معاملہ کے سخت گوشمالی کرتے ہیں۔بلکہ بعض اوقات دو چار جُوتے اُنکو مار بھی دیتے ہیں اور وُہ زمیندار ہنسی خوشی سے مار کھا لیتے ہیں اور ذرا خیال نہیں کرتے کہ کچھ بھی اُنکی بے عزتی ہُوئی ہے۔اور اُن سے بھی زیادہ بعض شریر چُوہڑوں اور چماروں اور ساہنسیوں میں سے ایسے ہوتے ہیں کہ جو جیلخانہ میں جاتے ہیں اور چوتڑوں پر بید بھی کھاتے ہیں۔اور باایں ہمہ کبھی نہیں سمجھتے کہ ہماری عزت میں کچھ بھی فرق آیا ہے۔ بلکہ جیل میں ہنستے رہتے اور گاتے رہتے ہیں گویا ایک نشے میں ہیں۔اب چونکہ عزتیں کئی قسم کی اور ذِلّتیں بھی کئی قسم کی ہیں اِس لئے یہ بات میاں ثناء اللہ سے پُوچھنے کے لائق ہے کہ وُہ کس امر کو شیخ محمد حسین کی ذِلّت قرار دیتے ہیں۔اور اگر اتنی قابلِ شرم باتوں میں سے جو بیچارے محمد حسین کو پیش آئیں ابتک اُس کی کچھ بھی ذِلّت نہیں ہُوئی تو ہمیں سمجھا دیں کہ وُہ کونسی صُورت تھی جس سے اُسکی ذِلّت ہو سکتی اور بیان فرماویں کہ

جو مولوی محمد حسین جیسی شان اور عزّت کا آدمی ہو۔ اُسکی ذلّت کس قسم کی بیعزتی میں متصوّر ہے۔ ابتک تو ہم یہی سمجھے بیٹھے تھے کہ شریف اور معزز انسانوں کی عزّت نہایت نازک ہوتی ہے اور تھوڑی سی کسرِ شان سے عزّت میں فرق آجاتا ہے۔ مگر اب میاں ثناءاللہ صاحب کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ ان تمام قابلِ شرم امور سے مولوی صاحب موصوف کی عزّت میں کچھ بھی فرق نہیں آیا۔ پس اِس صورت میں ہم اِس انکار کا کچھ بھی جواب نہیں دے سکتے جبتک کہ میاں ثناءاللہ کھول کر ہمیں نہ بتلا دیں کہ کس قسم کی ذلّت ہونی چاہیئے تھی جس سے موحّدین کے اِس ایڈوکیٹ کی عزّت میں فرق آجاتا۔ اگر وہ معقول طور پر ہمیں سمجھا دینگے کہ شریفوں اور معزّزوں اور ایسے نامی علماء کی ذلّت اِس قسم کی ہونی ضروری ہے۔ تو اِس صورت میں اگر ہماری پیشگوئی کے رُو سے وہ خاص ذلّت نہیں پہنچی جو پہنچنی چاہیئے تھی۔ تو ہم اقرار کر دیں گے کہ ابھی پیشگوئی پورے طور پر ظہور میں نہیں آئی۔ لیکن ابتک تو ہم مولوی محمد حسین کی عالمانہ حیثیت پر نظر کر کے یہی سمجھتے ہیں کہ پیشگوئی اُنکی حیثیت کے مطابق اور نیز الہامی* شرط کے مطابق پورے طور پر ظہور میں آچکی۔ مدّت ہوئی کہ ہمیں ان تمام مولویوں سے ترکِ ملاقات ہے۔ ہمیں کچھ بھی معلوم نہیں کہ یہ لوگ اپنی بے عزّتی کس حد کی ذلّت میں خیال کرتے ہیں اور کس حد کی ذلّت کو ہضم کر جاتے ہیں۔ میاں ثناءاللہ کو اعتراض کرنے کا بیشک حق ہے۔ مگر ہم جواب دینے سے معذور ہیں جبتک وہ کھول کر بیان

* الہامی شرط یہ تھی کہ محمد حسین اور اُس کے دو رفیقوں کی ذلّت صرف اسی قسم کی ہوگی جس قسم کی ذلّت اُنھوں نے پہنچائی تھی جیسا کہ الہام مندرجہ اشتہار ۲۱ نومبر ۱۸۹۸ء کے اِس فقرہ سے ظاہر ہے کہ جزاء سیّئة بمثلها و ترهقهم ذلّة۔ پس الہامی شرط کو نظر انداز کر کے اعتراض اُٹھانا نادان متعصبوں کا کام ہے نہ عقلمندوں اور منصفوں کا۔ منہ

نہ کریں کہ بے عزتی تب ہوتی تھی کہ جب ایسا ظہور میں آتا۔ ہم قبول کرتے ہیں کہ انسانوں کی مختلف طبقوں کے لحاظ سے بے عزتی بھی مختلف طور پر ہے اور ہر ایک کے لئے وُجوہ ذِلّت کے جُدا جُدا ہیں۔ لیکن ہمیں کیا خبر ہے کہ آپ لوگوں نے مولوی محمد حسین کو کس طبقہ کا انسان قرار دیا ہے اور اُس کی ذِلّت کِن اُمور میں تصوّر فرمائی ہے۔ ہماری دانست میں تو میاں ثناء اللہ کو مولوی محمد حسین صاحب سے کوئی پوشیدہ کینہ ہے کہ وہ ابتک اُن کی اِس درجہ کی ذِلّت پر راضی نہیں ہوئے جو شریفوں اور مُعززوں اور اہلِ علم کے لئے کافی ہے۔

یہ تو ظاہر ہے کہ دُنیا میں ذِلّت تین قسم کی ہوتی ہے۔ ایک تو جسمانی ذِلّت جس کی اکثر جرائم پیشہ تختہ مشق ہوتے رہتے ہیں۔ دُوسرے اخلاقی ذِلّت۔ یہ تب ہوتی ہے جبکہ کسی کی اخلاقی حالت نہایت گندی ثابت ہو۔ اور اِسپر اُسکو سرزنش ہو۔ تیسرے علمی پردہ دری کی ذِلّت۔ جس سے عالمانہ حیثیت خاک میں ملتی ہے۔ اب ظاہر ہے کہ اخلاقی ذِلّت ظہور میں آچکی ہے۔ اگر کسی کو شک ہے تو اُس مثل کو ملاحظہ کرے جو مسٹر جے۔ ایم۔ ڈوئی صاحب کی عدالت میں طیار ہوئی ہے۔
١٢٩ ایسا ہی عالمانہ حیثیت کی ذِلّت ظہور میں آچکی۔ اور عجبت کے صِلہ پر جو اعتراض محمد حسین صاحب نے کیا ہے۔ اور پھر جو ڈِسچارج کا ترجمہ کرتے ہوئے آپنے فرمایا ہے کہ ڈِسچارج کا ترجمہ بَری نہیں ہے۔ اِن دونوں اعتراضوں سے صاف طور پر کُھل گیا کہ علاوہ کمالاتِ نحو دانی اور حدیث دانی کے آپ کو قانونِ انگریزی میں بھی بہت کچھ دخل ہے۔ اور یاد رہے کہ دشمن کی ذِلّت ایک قسم کی یہ بھی ہوتی ہے کہ اُس کے مخالف کو جس کے ذلیل کرنے کیلئے ہر دم تدبیریں کرتا اور طرح طرح کے مکر استعمال میں لاتا ہے خدا تعالیٰ کی طرف سے عزّت مل جائے۔ سو اِس قسم کی ذِلّت بھی ظاہر ہے۔ کیونکہ ڈوئی صاحب کے

مُقدمہ کے بعد جو کچھ خدا تعالیٰ کے فضل اور کرم نے میری طرف ایک دُنیا کو رُجوع دیا اور دے رہا ہے۔ یہ ایک ایسا امر ہے جو اُس شخص کی اِس میں صریح ذِلّت ہے جو اس کے بر خلاف میرے لئے چاہتا تھا۔ ہاں میاں ثناء اللہ کے تین اعتراض اور باقی ہیں۔ اور وہ یہ کہ وُہ پرچہ اخبار عام میں یہ کہتا ہے کہ محمد حسین کو چار مربع زمین مِل گئی ہے۔ اور کسی ریاست سے اس کا کچھ وظیفہ مقرر ہو گیا ہے۔ اور مسٹر جے ایم ڈوئی صاحب نے اُس کی منشاء کے مواقق مقدمہ کیا ہے۔" تیسرے اعتراض کے جواب کی کچھ ضرورت نہیں۔ کیونکہ ابھی ہم لکھ چکے ہیں کہ یہ دعویٰ تو سراسر ترکِ حیا ہے کہ ایسا خیال کیا جائے کہ محمد حسین کے منشاء کے مواقق مقدمہ ہُوا ہے۔ خود محمد حسین کو قسم دیکر پُوچھنا چاہیئے کہ کیا اُس کا منشاء تھا کہ آیندہ وُہ کافر اور دجّال اور کاذب کہنے سے باز آجائے اور کیا اُس کا یہ منشاء تھا کہ آیندہ گالیوں اور فحش کہنے اور کہلانے سے باز آجائے؟ پھر کون مُنصف اور صاحبِ حیا کہہ سکتا ہے کہ یہ مقدمہ محمد حسین کے منشاء کے مواقق ہُوا۔ ہاں اگر یہ اعتراض ہو کہ ہمیں بھی آیندہ مَوت اور ذِلّت کی پیشگوئی کرنے سے روکا گیا ہے۔ اِس کا جواب یہ ہے کہ یہ ہماری کارروائی خود اُسوقت سے پہلے ختم ہو چکی تھی کہ جب ڈوئی صاحب نے نوٹس میں ایسا لکھا گیا۔ بلکہ ہم اپنے رسالہ انجام آتھم میں بتصریح لکھ چکے ہیں کہ ہم ان لوگوں کو آیندہ مخاطب کرنا بھی نہیں چاہتے جبتک یہ ہمیں مخاطب نہ کریں۔ اور ہم بدل بیزار اور متنفر ہیں کہ ان لوگوں کا نام بھی لیں چہ جائیکہ ان کے حق میں پیشگوئی کر کے اسی قدر خطاب سے انکو کچھ عزت دیں۔ ہمارا مُدّعا تین فرقوں کی نسبت تین پیشگوئیاں تھیں۔ سو ہم اپنے اِس مُدّعا کو پُورا کر چکے۔ اب کچھ بھی ہمیں ضرورت نہیں کہ ان لوگوں کی مَوت اور ذِلّت کی نسبت پیشگوئی کریں۔ اور یہ الزام کہ آیندہ عموماً الہامات کی اشاعت کرنے

اور ہر قسم کی پیشگوئیوں سے روکا گیا ہے۔ یہ ان لوگوں کی باتیں ہیں جو وعید لعنۃ اللہ علی الکاذبین میں داخل ہیں۔ ہم اِس مقدمہ کے بعد بہت سی پیشگوئیاں کر چکے ہیں۔ پس یہ کیسا گندہ جھوٹ ہے کہ یہ لوگ شائع کرتے ہیں۔ رہا یہ سوال کہ محمد حسین کو کچھ زمین مل گئی ہے یعنے بجائے ذلت کے عزت ہوگئی ہے۔ یہ نہایت بیہودہ خیال ہے۔ بلکہ یہ اُسوقت اعتراض کرنا چاہیئے تھا کہ جب اس زمین سے محمد حسین کچھ منفعت اُٹھا لیتا ابھی تو وہ ایک ابتلاء کے نیچے ہے کچھ معلوم نہیں کہ اس زمین سے انجام کار کچھ زیر باری ہوگی یا کچھ منفعت ہوگی۔ ماسوا اِس کے کنز العمال کی کتاب المزارعۃ میں یعنے صفحہ ۷۳ میں جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ حدیث موجود ہے۔ لا تدخل سکۃ الحرث علیٰ قوم الا اذلھم اللہ (طب عن ابی یمامہ) یعنے کھیتی کا لوہا اور آلہ کسی قوم میں نہیں آتا۔ جو اُس قوم کو ذلیل نہیں کرتا۔ پھر اسی صفحہ میں ایک دُوسری حدیث ہے۔ انّہٗ صلی اللہ علیہ وسلم رأیٰ شیئًا من اٰلۃ الحرث فقال لا یدخل ہذا بیت قوم الا دخلہ الذّل۔ (خ۔ عن ابی امامہ) یعنے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آلہ زراعت کا دیکھا اور فرمایا کہ یہ آلہ کسی قوم کے گھر میں داخل نہیں ہوتا مگر اُس قوم کو ذلیل کر دیتا ہے۔ اب دیکھو اِن احادیث سے صریح طور پر ثابت ہے کہ جہاں کاشتکاری کا آلہ ہوگا وہیں ذلت ہوگی۔ اب ہم میاں ثناء اللہ کی بات مانیں یا رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی۔ جو شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بات پر ایمان رکھتا ہے اُس کو ماننا پڑیگا کہ کسی کے گلے میں کاشتکاری کا سامان پڑنا یہ بھی ایک قسم کی ذلت ہے۔ سو یہ تو میاں ثناء اللہ نے ہماری مدد کی کہ جس قسم کی ذلت کی ہمیں خبر بھی نہیں تھی ہمیں خبر دیدی۔ ہمیں تو صرف پانچ قسم کی ذلت کی خبر تھی۔ اِس

ص۱۴۰

چھٹی قسم کی ذلّت پر میاں ثناء اللہ کی معرفت اطلاع ہوئی۔ اور رہی یہ بات کہ محمد حسین کا کسی ریاست میں وظیفہ مقرر ہوگیا ہے۔ یہ ایسا امر ہے کہ اس کو کوئی دانشمند عزّت قرار نہیں دے گا۔ ان ریاستوں میں تو ہر ایک قسم کے لوگوں کے وظیفے مقرر ہیں جن میں سے بعض کے ناموں کا ذکر بھی قابلِ شرم ہے۔ پھر اگر محمد حسین کا وظیفہ بھی کسی نے مقرر کر دیا تو کس عزّت کا موجب ہوا۔ بلکہ اس جگہ تو وہ فقرہ یاد آتا ہے کہ **بئس الفقیر علیٰ باب الامیر**۔ غرض یہ پیشگوئی جو محمد حسین اور اُس کے دو رفیقوں کی نسبت تھی اعلیٰ درجہ پر پُوری ہوگئی۔ ہم قبول کرتے ہیں جو ان لوگوں کی اس قسم کی ذلّت نہیں ہوئی جو ادنیٰ طبقہ کے لوگوں کی ذلّت ہوتی ہے۔ مگر پیشگوئی میں پہلے سے اسکی تصریح تھی کہ مثلی ذلّت ہوگی۔ جیسا کہ پیشگوئی کا یہ فقرہ ہے کہ **جزاء سیئۃ بمثلھا و ترھقھم ذلّۃ** یعنے جس قسم کی ذلّت ان لوگوں نے پہنچائی اسی قسم کی ذلّت انکو پہنچے گی۔ اب ہم اس سوال کو زٹلی اور تبتی سے تو نہیں پوچھتے کیونکہ انکی ذلّت اور عزّت دونوں طفیلی ہیں مگر جو شخص چاہے محمد حسین کو قرآن شریف ہاتھ میں دیکر حلفاً پُوچھ لے کہ یہ مثلی ذلّت جو الہام سے مفہوم ہوتی ہے یہ تمہیں اور تمہارے رفیقوں کو پہنچ گئی یا نہیں؟ بیحیائی سے بات کو حد سے بڑھانا کسی شریف انسان کا کام نہیں ہے بلکہ گندوں اور سفلوں کا کام ہے۔ لیکن ایک منصف مزاج سوچ سکتا ہے کہ الہام الٰہی میں یہ تو نہیں بتلایا گیا تھا کہ وہ ذلّت کسی زد و کوب کے ذریعہ سے ہوگی یا کسی اور جسمانی ضرر سے یا خون کرنے سے وہ ذلّت پہنچائی جائے گی بلکہ الہام الٰہی کے صاف اور صریح یہ لفظ تھے کہ ذلّت صرف اس قسم کی ہوگی جس قسم کی ذلّت ان لوگوں نے پہنچائی۔ الہام موجود ہے۔ ہزاروں آدمیوں میں چھپ کر شایع ہو چکا ہے۔ پھر یہودیوں کی طرح اس میں تحریف کرنا اس بیحیا انسان کا کام ہے جس کو

	نہ خدا تعالیٰ کا خوف ہے اور نہ انسانوں سے شرم ہے۔
۷۱	منجملہ ان پیشگوئیوں کے جو پوری ہو چکی ہیں اور خدا تعالیٰ کی طرف سے میری سچائی پر ایک نشان تھے۔ یہ ہے کہ جب میری لڑکی مبارکہ پیٹ میں تھی۔ اور قریباً پچیس روز اس کی پیدائش میں باقی رہتے تھے تو اس لڑکی کی والدہ نہایت تکلیف میں مبتلا تھی۔ اور حساب کی غلطی سے یہ غم بھی ان کو لاحق ہوا کہ شاید یہ حمل نہ ہو کوئی اور بیماری ہو۔ کیونکہ انھوں نے ٹھیک ٹھیک یاد نہ رہنے کی وجہ سے خیال کیا کہ یہ گیارھواں مہینہ جاتا ہے اور عام دستور کے لحاظ سے یہ مدت حمل کی نہیں ہو سکتی۔ اس لئے دوہری تکلیف دامنگیر ہو گئی۔ اور جب ایسے ایسے خیالات سے ان کا غم حد سے بڑھ گیا۔ تو میں نے ان کے لئے دعا کی۔ تب مجھے یہ الہام ہوا۔ آید آں روزے کہ مستخلص شود۔ یعنے وہ دن چلا آتا ہے کہ چھٹکارا ہو جائیگا۔ اور اس الہام کے معنوں کی مجھے یہ تفہیم ہوئی۔ کہ لڑکی پیدا ہو گی اور اسی وجہ سے کوئی لفظ بشارت کا اس الہام میں استعمال نہیں کیا گیا بلکہ چھٹکارا کا لفظ استعمال کیا گیا۔ چنانچہ میں نے اس الہام سے اپنی جماعت میں سے بہتوں کو اطلاع دیدی۔ آخر ۲۷ رمضان ۱۳۱۴ھ کو لڑکی پیدا ہو گئی جس کا نام مبارکہ رکھا گیا۔ کیونکہ انہی دنوں میں مجھے معلوم کرایا گیا تھا کہ ایک نشان ظاہر ہو گا چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ اور جس روز لڑکی کا عقیقہ تھا۔ اسی روز ہمیں اطلاع پہنچی کہ وہ لیکھرام جس کے مارے جانے کی نسبت پیشگوئی کی گئی تھی وہ ۶ مارچ ۱۸۹۷ء کو اس غدار دنیا سے عالم مجازات کی طرف کھینچا گیا۔ تمام گواہ اس پیشگوئی کے زندہ ہیں جو حلفاً بیان کر سکتے ہیں۔ ص۱۴۱
۷۲	اور منجملہ میرے نشانوں کے جو میری تائید میں خدا تعالیٰ نے ظاہر فرمائے

ایک عظیم الشان نشان جو سلسلہ نبوت سے مشابہ ہے یہ ہے کہ براہین احمدیہ میں ایک یہ پیشگوئی تھی۔ یعصمك الله وان لم یعصمك النّاس۔ وان لم یعصمك النّاس یعصمك الله۔ اِس پیشگوئی میں اُس زمانہ بلا اور فتنہ کی طرف اشارہ تھا جبکہ ہر ایک انسان مجھ سے مُنہ پھیر لے گا۔ اور تباہ کرنے یا قتل کرنیکے منصوبے سوچیں گے سو میرے دعویٰ مسیح موعود اور مہدی معہود کے بعد ایسا ہی ظہور میں آیا۔ تمام لوگ یکدفعہ بر سرِ آزار ہو گئے اور اُنہوں نے اوّل یہ زور لگایا کہ کسی طرح نصوص قرآنیہ اور حدیثیہ سے مجھے مُلزم کر سکیں۔ پھر جبکہ وہ اِس میں کامیاب نہ ہو سکے بلکہ برخلاف اس کے نصوصِ صریحہ اور قویہ سے یہ ثابت ہو گیا کہ فی الواقعہ حضرت مسیح علیہ السّلام فوت ٭

٭ یاد رہے کہ نصوص قرآنیہ اور حدیثیہ نے یہ فیصلہ کر دیا ہے کہ درحقیقت حضرت مسیح علیہ السّلام فوت ہو چکے ہیں کیونکہ اس مُدعا پر قرآن شریف کی دو آیتیں شاہد ناطق ہیں۔ (۱) اوّل یہ آیت اذ قال الله یٰعیسٰی انّی متوفّیك ورافعك الیّ ومطهّرك من الّذین کفروا وجاعل الّذین اتّبعوك فوق الّذین کفروا الٰی یوم القیٰمة[۱]۔ یعنے اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اپنے رب کا وہ فضل اور کرم یاد کر کہ جو اُس نے عیسٰی علیہ السلام پر کیا۔ اور عیسٰی علیہ السّلام کو یہ بشارت دی کہ اے عیسٰی! مَیں تجھے مَوت سے وفات دُوں گا۔ یعنے تُو مَصلوب نہیں ہوگا۔ اور تجھے وفات کے بعد اپنی طرف اُٹھاؤں گا۔ یعنے تیرے برگزیدہ اور صادق ہونے کے بارے میں آثار قویہ اور جلیہ ظاہر کر دوں گا۔ اور اسقدر دُنیا میں تیرا ذکرِ خیر باقی رہ جائیگا کہ ۱۴۲
یہ ثابت ہو جائیگا کہ تُو خدا کا مُقرب ہے اور اس کے حضرت قدس میں بُلایا گیا ہے اور جو الزام تیرے پر لگائے جاتے ہیں اُن سب سے تیرا پاکدامن ہونا ثابت کر دُوں گا۔ اور تیرے تابعین کو جو تیری صحیح تعلیم کی پَیروی کرینگے حُجت اور بُرہان کے رُو سے قیامت تک دُوسروں پر غلبہ دُوں گا۔ کوئی انکا مقابلہ نہیں کر سکے گا۔ اور نیز تیرے مخالفوں اور گالیاں دینے والوں پر ذلّت ڈالوں گا۔ وہ ہمیشہ ذلّت سے عُمر بسر کریں گے۔ درحقیقت خدا تعالیٰ نے اس آیت کریمہ کے پردے میں ہمارے سیّد و مولیٰ نبی صلی اللہ علیہ وسلّم کو تسلّی دے کر ایک بشارت دی ہے جس کا خلاصہ مطلب یہ ہے کہ یہ لوگ جو تیرے مارنے کے درپئے ہیں اور چاہتے ہیں کہ یہ نُور دُنیا

[۱] آل عمران: ۵۶

ہوگئے ہیں۔ تو پھر مولویوں نے قتل کے فتوے لکھے اور اپنے رسالوں اور کتابوں میں عام لوگوں کو اُکسایا کہ اگر اِس شخص کو قتل کر دیں تو بڑا ہی ثواب ہوگا۔ اور پھر جبکہ اِس بات میں بھی کامیابی نہ ہوئی۔ تو شیخ محمد حسین موحّدین کے ایڈوکیٹ نے اِس بات پر

میں نہ پھیلے۔ یہ تمام نامُراد رہیں گے۔ اور عیسیٰ مسیح کی طرح پر تنگی کے وقت میں خُدا تیری نصرت کریگا اور دشمنوں کے شر سے تجھے بچائیگا اور تیرے پر بہت الزام لگائے جائیں گے لیکن خدا تعالیٰ تمام الزاموں سے تجھے پاک کرے گا۔ اور قیامت تک تیرے گروہ کو غلبہ بخشے گا۔ اور یہ فقرہ جو آیت موصوفہ بالا میں ہے کہ مطھّرك من الّذین کفروا۔ اِس میں یہ اشارہ ہے کہ جس طرح جب مسیح علیہ السلام پر یہودیوں اور عیسائیوں نے بہت سے الزام لگائے تو حضرت مسیح کو وعدہ دیا گیا کہ خدا تعالیٰ تیرے بعد ایک نبی پیدا کرے گا جو اُن تمام الزامات سے تیرے دامن کا پاک ہونا ثابت کر دیگا۔ ایسا ہی تیری نسبت خدا تعالیٰ نے ارادہ فرمایا ہے کہ آخری زمانہ میں جبکہ دشمنوں کی نکتہ چینی اور عیب گیری کمال کو پہنچ جائے گی تیری تصدیق کے لئے تیری ہی اُمت میں سے ایک شخص جو مسیح موعود ہے پیدا کیا جائے گا۔✽ وہ تیرے دامن کو

※ ہر ایک رسول یا نبی یا محدّث مامور من اللہ جو دُنیا میں آتا ہے خدا تعالیٰ کی یہی عادت ہے کہ شریر اور خبیث آدمی اسپر انواع و اقسام کے الزام لگایا کرتے ہیں اور امتحان کے لئے انکو الزام لگانے کا موقع بھی دیا جاتا ہے۔ اسی بنا پر حضرت مسیح کو خدا تعالیٰ نے ایک ایسا طریق تعلیم عطا کیا تھا جس سے بدبخت یہودی یہ خیال کرتے تھے کہ وہ توریت کو چھوڑتا ہے۔ اور الحاد کی راہ سے اس کے اور معنے کرتا ہے۔ اور نیز کہتے تھے کہ اس شخص میں تقویٰ اور پرہیزگاری نہیں۔ کھاؤ پیؤ ہے اور شرابیوں اور بدچلنوں کے ساتھ کھاتا پیتا اور اُن سے

✽ یہ زمانہ جس میں ہم ہیں یہ وُہی زمانہ ہے جس میں دشمنوں کی طرف سے ہر ایک قسم کی بدزبانی کمال کو پہنچ گئی ہے۔ اور بدگوئی اور عیب گیری اور افترا پردازی اِس حد تک پہنچ چکی ہے کہ اب اِس سے بڑھ کر ممکن نہیں اور ساتھ اسکے مسلمانوں کی اندرونی حالت بھی نہایت خطرناک ہوگئی ہے۔ صدہا بدعات اور انواع اقسام کے شرک اور الحاد اور انکار ظہور میں آرہے ہیں۔ اِس لئے قطعی اور یقینی طور پر اب یہ وُہی زمانہ ہے جس میں پیشگوئی مُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا کے مطابق عظیم الشان مصلح پیدا ہو۔ سو الحمد للہ کہ وُہ مَیں ہُوں۔ منہ

۱۴۲ کمربستہ کرلی کہ ہماری گورنمنٹ محسنہ انگریزی کو ہر وقت یہ خلاف واقعہ خبر دی کہ یہ شخص سرکار انگریزی کی نسبت اچھے خیالات نہیں رکھتا۔ چنانچہ ایک مدت تک وہ ایسا ہی کرتا رہا۔ اور اُس نے خلاف واقعہ کئی امور میری نسبت اپنی اشاعۃ السنۃ

ہر ایک الزام سے پاک ثابت کرے گا۔ اور تیرے معجزات تازہ کرے گا۔ اور اِس پیشگوئی میں یہ بھی اشارہ ہے کہ ہمارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قتل نہیں ہونگے۔ اور آپ کا رفع الی السماء اپنی نبوت کے رُو سے آفتاب کی طرح چمکے گا۔ کیونکہ ہزارہا اولیاء اِس اُمت میں پیدا ہوں گے اور اِس پیشگوئی میں صاف لفظوں میں بتلایا گیا ہے کہ حضرت مسیح اُس زمانہ سے پہلے وفات
۱۴۳ پاجائیں گے جبکہ وہ رسُول مقبول ظاہر ہوگا۔ جو مخالفوں کے اعتراضات سے اُن کے دامن کو پاک کرے گا۔ کیونکہ اِس آیت کریمہ میں لف نشر مرتب ہے۔ پہلے وفات کا وعدہ ہے پھر رفع کا پھر تطہیر کا اور پھر یہ کہ خدا تعالیٰ اُن کے متبعین کو ہر ایک پہلو سے غلبہ بخش کر مخالفوں کو قیامت تک ذلیل کرتا رہیگا۔ اگر اِس ترتیب کا لحاظ نہ رکھا جائے تو اِس میں بڑی خرابی یہ ہے کہ وُہ ترتیب جو واقعاتِ خارجیہ نے ثابت کر دی ہے ہاتھ سے جاتی رہے گی۔ اور کسی کا اختیار نہیں ہے کہ قرآنی ترتیب کو بغیر کسی قوی دستاویز کے اُٹھا دے۔ کیونکہ ایسا کرنا گویا یہودیوں کے قدم پر قدم رکھنا ہے۔ یہ تو سچ ہے کہ یہ ضروری نہیں کہ حرف واؤ کے ساتھ ہمیشہ ترتیب کا لحاظ واجب ہو۔ لیکن اِس میں کیا شک ہے کہ خدا تعالیٰ اِس آیت میں

۱۴۳ اختلاط کرتا ہے اور اجنبی عورتوں سے باتیں کرتا ہے۔ چنانچہ نادان یہودیوں کے یہ اعتراض آجتک ہیں کہ یسُوع نے جس کو عیسائی اپنا خدا قرار دیتے ہیں ناپاک عورتوں سے اپنے تئیں دُور نہیں رکھا بلکہ جب ایک زناکار عورت عطر لیکر اُسکے پاس آئی۔ تو اُسکو دانستہ یہ موقع دیا کہ وہ حرام کی کمائی کا عطر اُس کے سر کو ملے۔ اور اُس کے پَیروں پر اپنے زینت کردہ بال رکھے اور ایسا کرنا اُس کو روا نہ تھا۔ ایسا ہی اُن کا یہ بھی اعتراض ہے کہ مسیح الہامی شرط کے موافق نہیں آیا۔ کیونکہ ملاکی نبی نے پیشگوئی کی تھی کہ مسیح نہیں آئیگا جبتک کہ ایلیا نبی دوبارہ دُنیا میں نہ آجائے۔ پس جس حالت میں ایلیا تو ابتک دُنیا میں نہیں آیا تو مسیح کیونکر آگیا؟

یہ وُہ اعتراض ہیں جو یہودیوں کی کتابوں میں لکھے ہیں جن میں سے بعض میرے پاس موجود ہیں۔ پس خدا تعالیٰ اِس آیت میں وعدہ فرماتا ہے کہ ان تمام الزامات سے مَیں تجھے بَری

میں لکھے اور شایع کرے تا گورنمنٹ مشتعل ہوجائے۔ مگر وہ خدا جس کے ہاتھ میں
ہر ایک دل ہے۔ اُس نے اِس گورنمنٹ کو میری نسبت غلطی کھانے سے بچایا۔ صـ ۱۴۴
اور درحقیقت یہ سخت غلطی تھی کہ مجھے باغی خیال کیا جاتا۔ کیونکہ مجھے کیا ہوگیا تھا کہ

حاشیہ در حاشیہ

فقرہ مُتوفّیك کو پہلے لایا ہے اور پھر فقرہ رافعك کو بعد اس کے۔ اور پھر اس کے بعد
فقرہ مُطھّرك بیان کیا گیا ہے۔ اور بہر حال ان الفاظ میں ایک ترتیب ہے جس کو خدائے علیم و
حکیم نے اپنی ابلغ و افصح کلام میں اختیار کیا ہے۔ اور ہمارا اختیار نہیں ہے کہ ہم بلاوجہ صـ ۱۴۴
اِس ترتیب کو اُٹھا دیں۔ اور اگر قرآن شریف کے اور مقامات یعنے بعض اور آیات میں مفسرین
نے ترتیب موجودہ قرآن شریف کے برخلاف بیان کیا ہے تو یہ نہیں سمجھنا چاہیئے کہ انھوں نے
خود ایسا کیا ہے یا وہ ایسا کرنے کے مجاز تھے بلکہ بعض نصوص حدیثیہ نے اسی طرح ان کی
شرح کی تھی یا قرآن شریف کے دُوسرے مواضع کے قرائن واضحہ نے اِس بات کے
ماننے کے لئے اُنھیں مجبور کر دیا تھا کہ ظاہری ترتیب نظر انداز کی جائے۔ لیکن پھر بھی خدا تعالیٰ
کا ابلغ اور افصح کلام ترتیب سے خالی نہیں ہوتا۔ اگر اتفاقاً کسی عبارت میں ظاہری ترتیب نہ ہو
تو بلحاظ معنے ضرور کوئی ترتیب مخفی ہوتی ہے۔ مگر بہر حال ظاہری ترتیب مقدم ہوتی ہے۔
اور بغیر وجود کسی نہایت قوی قرینہ کے اِس ظاہری ترتیب کو چھوڑ دینا سراسر الحاد اور
خیانت اور تحریف ہوتی ہے۔ یہی تو وہ خصلت تھی جس کے اختیار کرنے سے یہودی خدا کی نظر

بقیہ حاشیہ در حاشیہ نمبر ۸

کروں گا۔ ایسا ہی عیسائیوں نے بھی حضرت مسیح پر جھوٹے الزام لگائے تھے کہ گویا نعوذ باللہ
اُنھوں نے خدائی کا دعویٰ کیا تھا اور خدا تعالیٰ نے حضرت مسیح کو اطلاع دی تھی کہ ایسے ایسے
ناپاک الزام تیرے پر لگائے جائیں گے۔ اور ساتھ ہی وعدہ دیا تھا کہ مَیں تیرے بعد
ایک نبی آخر الزمان بھیجوں گا۔ اور اُس کے ذریعہ سے یہ تمام اعتراضات تیری ذات پر
سے رفع کروں گا۔ اور وہ تیری سچائی کی گواہی دے گا۔ اور لوگوں پر ظاہر کرے گا۔ کہ
تُو سچا رسُول تھا۔ سو ایسا ہی وقوع میں آیا۔ یعنے جب ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم
دُنیا میں آئے اور خدا تعالیٰ کی طرف سے مبعوث ہوئے تو آپ نے حضرت مسیح کا
دامن ہر ایک الزام سے پاک کر کے دِکھلایا۔ منہ

ئیں ایسی گورنمنٹ کی نسبت بغاوت کے خیالات ظاہر کرتا جس کے احسانات ہمارے سر پر ہیں۔ ہم اِس سلطنت کے عہد سے پہلے خوفناک حالت میں تھے اس نے پناہ دی۔ ہم سکھوں کے زمانہ میں ہر وقت ایک

میں لعنتی ٹھہرے۔ لیکن اگر کوئی ہم سے پُوچھے کہ اِس بات پر دلیل کیا ہے کہ قرآن شریف میں اوّل سے آخر تک ظاہری ترتیب کا لحاظ رکھا گیا ہے بجز دو چار مقام کے جو بطور شاذ و نادر ہیں۔ تو یہ ایک سوال ہے کہ خود قرآن شریف پر ایک نظر ڈال کر حل ہو سکتا ہے۔ یعنے اسپر یہ دلیل کافی ہے کہ اگر تمام قرآن اوّل سے آخر تک پڑھ جاؤ تو بجز چند مقامات کے جو بطور شاذ و نادر کے ہیں۔ باقی تمام قرآنی مقامات کو ظاہری ترتیب کی ایک زرّین زنجیر میں منسلک پاؤ گے۔ اور جس طرح اُس حکیم کے افعال میں ترتیب مشہود ہو رہی ہے یہی ترتیب اس کے اقوال میں دیکھو گے۔ اور یہ اِس بات پر کہ قرآن ظاہری ترتیب کو ملحوظ رکھتا ہے۔ ایسی پختہ اور بدیہی اور نہایت قوی دلیل ہے کہ اِس دلیل کو سمجھ کر اور دیکھ کر بھی پھر مخالفت سے زبان کو بند نہ رکھنا صریح بے ایمانی اور بد دیانتی ہے۔ اگر ہم اِس دلیل کو مبسوط طور پر اِسجگہ لکھیں تو گویا تمام قرآن شریف کو اِس جگہ درج کرنا ہوگا اور اِس مختصر رسالہ میں یہ گنجائش نہیں یہ تو ہم قبول کرتے ہیں کہ شاذ و نادر کے طور پر قرآن شریف میں ایک دو مقام ایسے بھی ہیں۔ کہ جن میں مثلاً عیسیٰ پہلے آیا اور موسیٰ بعد میں آیا۔ یا کوئی اَور نبی متاخر جو پیچھے آنے والا تھا اس کا نام پہلے بیان کیا گیا۔ اور جو پہلا تھا۔ وہ پیچھے بیان کیا گیا۔ لیکن یہ خیال نہیں کرنا چاہیئے کہ یہ چند مقامات بھی خالی از ترتیب ہیں۔ بلکہ ان میں بھی ایک معنوی ترتیب ہے جو بیان کرنے کے سلسلہ میں بعض مصالح کی وجہ سے پیش آگئی ہے۔ لیکن اِس میں کچھ بھی شک نہیں کہ قرآن کریم ظاہری ترتیب کا اشد التزام[*] رکھتا ہے اور ایک بڑا حصّہ قرآنی فصاحت اسی سے متعلق ہے۔

[*] قرآن شریف کی ظاہری ترتیب پر جو شخص دلی یقین رکھتا ہے اُس پر صدہا معارف کے دروازے کھولے جاتے ہیں اور صدہا باریک در باریک نکات تک پہونچنے کے لئے یہ ترتیب اُسکو رہنما ہو جاتی ہے اور قرآن دانی کی ایک کُنجی اُسکے ہاتھ میں آجاتی ہے۔ گویا ترتیب ظاہری کے نشانوں سے قرآن خود اسے بتلاتا جاتا ہے کہ دیکھو میرے اندر یہ خزانے ہیں۔ لیکن جو شخص قرآن کی ظاہری ترتیب سے منکر ہے وہ بلاشبہ قرآن کے باطنی معارف سے بھی بے نصیب ہے۔ منہ

تبرکے نیچے تھے۔ اس نے ہماری گردنیں اس سے باہر نکالیں۔ ہماری دینی آزادی ص۱۲۵
بالکل روکی گئی تھی یہانتک کہ ہم مجاز نہ تھے کہ بلند آواز سے بانگ نماز کہہ سکیں۔
اس محسن گورنمنٹ نے دوبارہ ہماری آزادی قائم کردی اور ہم پر بہت سے

اس کی وجہ یہ ہے کہ ترتیب کا ملحوظ رکھنا بھی وجوہِ بلاغت میں سے ہے۔ بلکہ اعلیٰ درجہ کی بلاغت یہی ہے جو حکیمانہ رنگ اپنے اندر رکھتی ہے۔ جس شخص کے کلام میں ترتیب نہیں ہوتی یا کم ہوتی ہے ایسے شخص کو ہم ہرگز بلیغ و فصیح نہیں کہہ سکتے۔ بلکہ اگر کوئی شخص حد سے زیادہ ترتیب کا لحاظ اُٹھا دے تو وہ ضرور دیوانہ اور پاگل ہوتا ہے۔ کیونکہ جس کی تقریر منتظم نہیں اُسکے حواس بھی منتظم نہیں ✽ پھر یہ کیونکر ممکن ہے کہ خدا تعالیٰ کا وہ پاک کلام جو بلاغت فصاحت کا دعویٰ کرکے تمام ص۱۲۵
اقسام سچائی کے لئے بلاتا ہے۔ ایسا اعجازی کلام اس ضروری حصہ فصاحت سے گرا ہوا ہو۔ کہ اس میں ترتیب نہ پائی جائے۔ یہ بات تو ہر ایک شخص مانتا ہے کہ اگرچہ ترکِ ترکیب جائز ہے لیکن اس میں کچھ کلام نہیں کہ اگر مثلاً دو کلام ہوں اور ایک ان میں سے علاوہ دوسرے مراتبِ فصاحت بلاغت کے ترتیب ظاہری کا بھی لحاظ رکھتا ہو۔ اور دوسرا کلام اس درجہ فصاحت سے گرا ہوا ہو۔ اور اس میں قدرت نہ ہو کہ سلسلہ ترتیب کو نباہ سکے۔ تو بلاشبہ ایک فصیح اور ادیب اور نقاد کلام کا اس کلام کو بہت زیادہ درجہ فصاحت دیگا۔ جو علاوہ دوسرے کمالاتِ فصاحت اور بلاغت کے یہ کمال بھی اپنے اندر رکھتا ہے یعنے اس میں ترتیب بھی موجود ہے۔ اور اس سے زیادہ کوئی گواہ نہیں کہ قرآن کریم نے اوّل سے آخر تک صنعتِ ترتیب کو اختیار کیا ہے اور باوجود اسکے نظم بدیع اور عبارت سلیس کو ہاتھ سے نہیں دیا۔ اور یہ اس کا ایک بڑا معجزہ ہے جو ہم مخالفین کے سامنے پیش کرتے ہیں۔ اور اسی صنعت اور ترتیب کی برکت سے ہزارہا نکات قرآن شریف کے معلوم ہوتے جاتے ہیں۔ اور اگر یہ کہو کہ ترتیب کو تو ہم مانتے ہیں مگر توفّی کے معنے موت نہیں مانتے۔ تو

✽ دیکھو خدا تعالیٰ کے نظام شمسی میں کیسی ترتیب پائی جاتی ہے اور خود انسان کی جسمانی ہیکل کیسی ابلغ اور احسن ترتیب پر مشتمل ہے پھر کس قدر بے ادبی ہوگی اگر اُس احسن الخالقین کے کلمات پُر حکمت کو پراگندہ اور غیر منتظم اور بے ترتیب خیال کیا جائے۔ منہ

ص۱۴۶ امن و آسایش کے متعلق احسان کئے۔ اور سب سے زیادہ یہ کہ ہم پُوری آزادی سے
فرائض دینی ادا کرنے لگے۔ پھر ایسا کون پاگل اور دیوانہ ہے کہ اس قدر احسانات
دیکھکر پھر نمک حرامی کرے۔ ہم سچ سچ کہتے ہیں کہ ہمارے خدا نے ہمارے لئے
اِس گورنمنٹ کو ایک پناہ بنا دیا ہے۔ اور وُہ سیلاب ظلم اور تعدّی جو جلد تر
ہمیں ہلاک کرنا چاہتا تھا۔ وُہ اِس فولادی بند سے رُک گیا ہے۔ تو پھر یہ مقام

اس کے ہماری طرف سے دو جواب ہیں۔ (۱) اوّل یہ کہ خود صحیح بخاری میں حضرت ابن عباس سے یہ معنے مروی ہیں کہ متوفّیک ممیتک یعنے حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ متوفّیک کے یہ معنے ہیں کہ مَیں تجھے وفات دُوں گا۔ علاوہ اس کے جو شخص تمام احادیث اور قرآن شریف کا تتبّع کریگا۔ اور تمام لُغت کی کتابوں اور ادب کی کتابوں کو غور سے دیکھے گا۔ اسپر یہ بات مخفی نہیں رہے گی کہ یہ قدیم محاورہ لسان العرب ہے کہ جب خدا تعالیٰ فاعل ہوتا ہے اور انسان مفعول بہ ہوتا ہے تو ایسے موقعہ پر لفظ توفّی کے معنے بجز وفات کے اور کچھ نہیں ہوتے۔ اور اگر کوئی شخص اِس سے انکار کرے تو اُسپر واجب ہے کہ ہمیں حدیث یا قرآن یا فن ادب کی کسی کتاب سے یہ دِکھلا دے کہ ایسی صُورت میں کوئی اَور معنے بھی توفّی کے آجاتے ہیں۔ اور اگر ایسا ثبوت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے الفاظ قدسیہ سے پیش کر سکے۔ تو ہم بلا توقّف اُسکو پانسو روپیہ معہ انعام دینے کو طیار ہیں۔ دیکھو حق کے اظہار کے لئے ہم کس قدر مال خرچ کرنا چاہتے ہیں۔ پھر کیا وجہ ہے کہ ہمارے سوالات کا کوئی جواب نہیں دیتا؟ اگر سچائی پر ہوتے تو اِس سوال کا ضرور جواب دیتے اور نقد روپیہ پاتے۔ غرض جب فیصلہ ہو گیا کہ توفّی کے معنے موت ہیں۔ یہی معنے حضرت ابن عباس کی حدیث سے معلوم ہوئے۔ اور ابن عباس کا قول جو صحیح بخاری میں مندرج ہے۔ وُہ قول ہے جس کو عینی شارح بخاری نے اپنی شرح میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تک مرفوع کیا ہے۔ اور یہی معنے محاورات قرآن اور محاورات احادیث میں سے اور نیز کلام بلغاء عرب کے تتبّع سے ثابت ہوئے اور
ص۱۴۶ اس کے سوا کچھ ثابت نہ ہوا۔ تو پھر ماننا پڑا کہ یہ وعدہ جو اِس آیت شریفہ میں مندرج ہے یہ حضرت مسیح کی مَوت طبعی کا وعدہ ہے اور اس میں حضرت مسیح کو یہ بشارت دی گئی ہے کہ وُہ یہودی کہ جو اِس فکر میں تھے کہ آنجناب کو بذریعہ صلیب قتل کر دیں وُہ قتل نہیں کر سکیں گے

جائے شکر تھا یا جائے شکایت۔ لیکن محمد حسین پر کچھ بھی افسوس نہیں۔ کیونکہ جس درجہ پر اُس نے اپنی عداوت اور کینہ کو پہنچایا ہے۔ اور جس مقدار تک اُس کے اندر میری نسبت بُغض اور بداندیشی کا مادہ جمع ہے اس کا تقاضا بھی یہی تھا کہ وہ ایسے ایسے خلاف واقعہ امور کی طرف مضطر ہوتا۔ غرض ان لوگوں نے جسقدر دشمنی کے جوش میں وہ سب تدبیریں سوچیں جو انسان اپنے مخالف کے تباہ کرنے کے لئے سوچ سکتا ہے۔ اور جسقدر شدّت عداوت کے وقت میں دُنیادار لوگ اندر ہی اندر منصوبے بنایا کرتے ہیں وہ سب بنائے اور زور لگانے میں کچھ بھی فرق نہ کیا۔ اور میرے ذلیل اور ہلاک کرنے کیلئے ناخنوں تک زور لگایا اور مکہ کے بے دینوں کی طرح کوئی تدبیر اُٹھا نہیں رکھی لیکن خدا تعالیٰ نے اس وقت سے بیس برس پہلے پیشگوئی مذکورہ بالا میں صاف لفظوں میں فرما دیا تھا کہ میں تجھے دشمنوں کے شر سے بچاؤں گا۔ لہٰذا اُس نے اپنے اس سچے وعدہ کے موافق مجھکو بچایا۔ سوچنے کے لایق ہے کہ کیونکر انواع و اقسام کی تدبیروں سے میرے پر حملے کئے گئے حتّٰی کہ قتل کے جھوٹے مقدّمات بنائے گئے۔ اور ان مقدمات کے وقت نہ صرف محمد حسین نے پوشیدہ طور پر میرے مخالف تدبیریں سوچیں بلکہ کھلے کھلے طور پر پادریوں کا گواہ بنکر عدالت میں حاضر ہوا۔ اور پھر مسٹر جے۔ ایم ڈوئی صاحب کی عدالت

بقیہ حاشیہ

اور اس خوف سے اللہ تعالیٰ نے مسیح کو تسلّی بخشی اور ایک لمبی عُمر جو انسان کے لئے قانونِ قدرت میں داخل ہے اس کا وعدہ دیا۔ اور یہ فرمایا کہ تُو اپنی طبعی مَوت سے فوت ہوگا۔ اب اِس فیصلہ کے بعد دُوسرا تنقیح طلب امر یہ ہے کہ آیا یہ وعدہ پُورا ہو چکا یا ابھی حضرت مسیح زندہ ہیں۔ سو یہ تنقیح بھی نہایت صفائی سے فیصلہ پا چکی ہے۔ اور فیصلہ یہ ہے کہ اِس آیت شریفہ کی ترتیب صاف طور پر دلالت کر رہی ہے کہ حضرت عیسٰی علیہ السلام فوت ہوگئے ہیں۔ کیونکہ اگر وہ ابتک فوت نہیں ہوئے تو پھر اس سے لازم آتا ہے۔ کہ

میں بھی میرے لئے بد اندیشی کرنے میں کچھ بھی کسر اُٹھا نہیں رکھی اور ایک بڑا طومار
عیب گیری اور نکتہ چینیوں کا بنا کر اور انگریزی میں ترجمہ کرا کر پیش کیا۔ جس سے
یہ مطلب تھا کہ ان افتراؤں کو پڑھ کر عدالت کے دل پر بہت کچھ اثر ہوگا مگر

رفع بھی نہیں ہوا۔ اور نہ ابتک اُن کی تطہیر ہوئی اور نہ ابتک اُن کے دشمنوں کی ذلّت ہوئی۔ ۱۳۳
اور ظاہر ہے کہ ایسا خیال بدیہی البطلان ہے۔ اور اگر یہودیوں کی طرح بے وجہ تحریف کرکے
کلمات الٰہیہ کو اُنکے مواضع سے نہ اُٹھالیا جائے تو یہ آیت بترتیب* موجودہ باوازِ بلند پکار
رہی ہے کہ رفع وغیرہ وعدوں کے پہلے حضرت مسیح کا وفات پاجانا ضروری ہے۔ کیونکہ

---

* اگر آیت یا عیسٰی انّي متوفّیك[1] میں فقرہ متوفّیك کو اسجگہ سے جہاں خدا تعالیٰ نے اسکو رکھا ہے
اُٹھالیا جائے تو پھر اس فقرہ کے رکھنے کے لئے کوئی اور جگہ نہیں ملتی۔ کیونکہ اسکو فقرہ رافعك الیّ
کے بعد نہیں رکھ سکتے۔ وجہ یہ کہ بموجب عقیدہ معتقدین رفع جسمانی کے رفع کے بعد بلا فاصلہ موت
نہیں ہے بلکہ ضرور ہے کہ آسمان مسیح کو تھامے رہے جبتک کہ خاتم الانبیاء کے ظہور کے ساتھ وعدہ
تطہیر پورا نہ ہو جائے۔ ایسا ہی فقرہ مطھّرك کے بعد بھی نہیں رکھ سکتے۔ کیونکہ بموجب خیال
اہل اس عقیدہ کے تطہیر کے بعد بھی بلا فاصلہ موت نہیں ہے بلکہ دائمی غلبہ کے بعد موت ہوگی
اب رہا غلبہ یعنے وعدہ فقرہ وجاعل الّذین اتّبعوك فوق الّذین کفروا الٰی یوم القیٰمة
سو اس فقرہ کا دامن قیامت تک پھیلا ہوا ہے اسلئے اسجگہ بھی فقرہ متوفّیك کو رکھ نہیں
سکتے جبتک قیامت کا دن نہ آجائے۔ اور قیامت کا دن تو حشر کا دن ہوگا نہ کہ موت کا دن۔ لہذا
معلوم ہوا کہ حضرت مسیح علیہ السلام کے حصہ میں موت نہیں اور وہ بغیر مرنے کے ہی قیامت کے میدان
میں پہنچ جائیں گے۔ اور یہ خیال وعدہ توفّی کے برخلاف ہے۔ لہذا فقرہ متوفّیك کو اپنی جگہ سے
اُٹھانا موجب اجتماع نقیضین ہے اور وہ محال۔ اسلئے فقرہ کی تاخیر بھی محال ہے۔ اور اگر محال نہیں تو
کوئی ہمیں بتلائے کہ اس فقرہ کو اُٹھا کر کہاں رکھا جائے۔ اور اگر کہے کہ رافعك کے بعد رکھا جائے۔ تو
ہم ابھی لکھ چکے ہیں کہ اسجگہ تو ہم کسی طرح نہیں رکھ سکتے کیونکہ یہ کسی کا عقیدہ نہیں ہے کہ رفع کے بعد بلا فاصلہ
اور بغیر ظہور دوسرے واقعات مندرجہ آیت ہذا موت پیش آجائیگی اور یہی خرابی دوسری جگہوں میں ہے
جیسا کہ ہم لکھ چکے ہیں۔ اور اگر بلا وجہ قرآنی ترتیب کو اُلٹا نا اُلٹنا اور اسی تصرف کے مناسب حال معنے
کر لینا جائز ہے تو اس سے لازم آتا ہے کہ ایسے تغیر تبدّل کے ساتھ نماز بھی درست ہو یعنے نماز میں اسطرح
پڑھنا جائز ہو۔ یا عیسٰی انّی رافعك الیّ ثمّ متوفّیك حالانکہ ایسا تصرف مفسد نماز اور داخل تحریف قرآن ہے

[1] آل عمران : ۵۶

ڈوئی صاحب کی فراست نے معلوم کرلیا کہ یہ تحریریں باطل اور حاسدانہ خیالات ہیں۔ اسلئے اُنھوں نے اُن تحریروں کو شامل پرچہ نہ کیا اور ردّی کی طرح پھینک دیا۔ اور جو ہماری طرف سے تحریریں گذری تھیں جن سے ثابت ہوتا تھا کہ محمد حسین نے مخالفانہ جوش میں کیسی بدزبانی اور فحش گوئی اور قابلِ شرم تدبیروں سے کام لیا ہے وہ سب شامل پرچہ کردیں۔ غرض یہ خداتعالیٰ کا فضل تھا کہ ان لوگوں نے میرے ہلاک کرنے کے لئے

جس طرح پر اس آیت میں خداتعالیٰ نے فقرات کو رکھا ہے اور بعض کو مقدم اور بعض کو مؤخر بیان کیا ہے اور اسی طرح پڑھنے کا حکم دیا ہے۔ وہ ترتیب اسی بات کو چاہتی ہے۔ کہ رفع اور تطہیر اور غلبہ سے پہلے حضرت مسیح کی وفات ہوجائے۔ اور اسکی تائید میں ایک اور آیت قرآن شریف کی ہے۔ جو وہ بھی حضرت مسیح کی وفات کو ثابت کرتی ہے اور وہ یہ ہے۔ فلمّا توفّیتنی کنت انت الرّقیب علیہم[1]۔ اس آیت میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام صاف اقرار کرتے ہیں کہ عیسائی میرے مرنے کے بعد بگڑے ہیں میری زندگی میں ہرگز نہیں بگڑے۔ پس اگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام ابتک بجسمِ عنصری زندہ ہیں تو ماننا پڑیگا۔ کہ عیسائی بھی ابتک اپنے سچے دین پر قائم ہیں اور یہ صریح باطل ہے۔ ایسا ہی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا اس آیت سے استدلال کرنا کہ ما محمّد الّا رسول قد خلت من قبلہ الرّسل[2]۔ صاف دلالت کرتا ہے کہ اُن کے نزدیک حضرت عیسیٰ علیہ السلام فوت ہوچکے تھے کیونکہ اگر اس آیت کا یہ مطلب ہے کہ پہلے نبیوں میں سے بعض نبی توجناب خاتم الانبیاءؐ کے عہد سے پیشتر فوت ہوگئے ہیں مگر بعض اُن میں سے زمانہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم تک فوت نہیں ہوئے۔ تو اس صورت میں یہ آیت قابلِ استدلال نہیں رہتی۔ کیونکہ ایک ناتمام دلیل جو ایک قاعدہ کُلیہ کی طرح نہیں اور تمام افراد گزشتہ پر دائرہ کی طرح محیط نہیں وہ دلیل کے نام سے موسوم نہیں ہوسکتی۔ پھر اُس سے حضرت ابوبکر کا استدلال لغو ٹھہرتا ہے۔ اور یاد رہے کہ یہ دلیل جو حضرت ابوبکر نے تمام گذشتہ نبیوں کی وفات پر پیش کی کسی صحابی سے اسکا انکار مروی نہیں حالانکہ اُسوقت سب صحابی موجود تھے اور سب سُنکر خاموش ہوگئے۔ اِس سے ثابت ہے کہ اِسپر صحابہ کا اجماع ہوگیا تھا اور صحابہ کا اجماع حُجت ہے جو کبھی ضلالت پر نہیں ہوتا۔ سو حضرت ابوبکر کے احسانات میں سے جو اِس اُمّت پر ہیں۔

[1] المائدۃ: ۱۱۸ [2] آل عمران: ۱۴۵

ص۱۴۷ تدبیریں تو ہر ایک قسم کی کیں مگر کچھ بھی پیش نہ گئی اور خدا تعالیٰ نے اپنے اُس وعدہ کو پُورا کیا جو براہین احمدیہ کے صفحہ پانسو دس ۵۱۰ میں درج تھا یعنے یہ کہ خدا تعالیٰ تجھے دشمنوں کی ہر ایک بداندیشی سے بچائے گا۔ اگرچہ لوگ تجھے ہلاک کرنا چاہیں سو یہ ایک عظیم الشان پیشگوئی ہے کہ جو منہاج نبوت پر واقع ہوئی کیونکہ مجھ سے

ایک یہ بھی احسان ہے کہ انھوں نے اِس غلطی سے بچنے کے لئے جو آیندہ زمانہ کے لئے پیش آنے والی تھی اپنی خلافتِ حقّہ کے زمانہ میں سچائی اور حق کا دروازہ کھول دیا۔ اور ضلالت کے سیلاب پر ایک ایسا مضبوط بند لگا دیا۔ کہ اگر اس زمانہ کے مولویوں کے ساتھ تمام جنّیات بھی شامل ہو جائیں تب بھی وہ اس بند کو توڑ نہیں سکتے۔ سو ہم دُعا کرتے ہیں کہ خدا تعالیٰ حضرت ابوبکر کی جان پر ہزاروں رحمتیں نازل کرے جنھوں نے خدا تعالیٰ سے پاک الہام پاکر اِس بات کا فیصلہ کر دیا کہ مسیح فوت ہو گیا ہے۔

یہ تین دلائل کافی ہیں۔ پھر ایک اور دلیل ان دلائلِ ثلثہ کو مدد دیتی ہے اور وہ یہ ہے کہ اگر یہ امر سُنّت اللہ میں داخل ہوتا کہ کوئی شخص اتنی مُدّت تک آسمان پر بیٹھا رہے اور پھر زمین پر نازل ہو تو اِسکی کوئی اور نظیر بھی ہوتی۔ کیونکہ خدا تعالےٰ کے سارے کام نظیر رکھتے ہیں۔ تا انسانوں کے لئے تکلیف مالا یُطاق نہ ہو۔ مثلاً آدم کو خدا نے مٹی سے پیدا کیا۔ اور اب بھی ہم دیکھتے ہیں کہ ہزاروں کیڑے مکوڑے مٹی سے پیدا ہو رہے ہیں۔ مگر قرآن شریف نے اس رفع اور نزول کی کوئی نظیر بیان ۱۴۸
نہیں فرمائی۔ ہاں پہلی کتابوں میں اسی کا ہم شکل ایک مقدمہ ہے یعنے ایلیا کا دوبارہ دُنیا میں آنا۔ لیکن اِس آمد ثانی کے معنے خود حضرت مسیح نے بیان فرما دیئے ہیں۔ کہ اِس سے مُراد یہ ہے کہ کوئی اور شخص حضرت ایلیا کی خُو اور طبیعت پر دُنیا میں آئے گا۔ یہ جہالت ہے کہ ایسا سمجھا جائے کہ یہ قصّہ جھُوٹا ہے۔ کیونکہ اِس قصّے پر دو قومیں جو باہم سخت دشمنی رکھتی ہیں اعتقاد رکھتی ہیں۔ اور اب تک ملاکی نبی کی کتاب میں یہ پایا جاتا ہے۔ پھر باطل کیونکر ہو سکتا ہے؟ جس بات کو کروڑہا انسان اور پھر دو مخالف گروہ مانتے چلے آئے ہیں اور اُن کی کتابوں میں موجود ہے وہ امر کیونکر باطل ٹھہر سکتا ہے؟ اس طرح تو تمام تواریخ سے امان اُٹھ جاتا ہے۔ ہاں اگر یہ اعتراض ہو کہ مسیح تو کہتا ہے کہ

پہلے جسقدر رسول اور نبی گذرے ہیں سب کو یہ بلا پیش آئی تھی کہ شریر لوگ کتوں کی طرح اُن کے گرد ہوگئے تھے۔ اور صرف ہنسی اور ٹھٹھے پر ہی کفایت نہیں کی تھی بلکہ چاہا تھا کہ اُن کو پھاڑ ڈالیں اور ٹکڑے ٹکڑے کردیں مگر خدا تعالیٰ کے ہاتھ نے اُنکو بچالیا۔ ایسا ہی میرے ساتھ ہوا کہ اِن مولویوں نے ص۱۲۸

یحییٰ نبی ہی ایلیا ہے۔ اور یحییٰ ایلیا ہونے سے منکر ہے۔ تو اِس کا جواب یہ ہے۔ کہ ان دونوں قولوں میں کچھ بھی تناقض نہیں۔ کیونکہ مسیح تو یحییٰ کو باعتبار اُس کے خُو اور طبیعت کے ایلیا ٹھہراتا ہے نہ حقیقی طور پر۔ اور حضرت یحییٰ اِس بات سے انکار کرتے ہیں کہ وہ حقیقی طور پر ایلیا ہوں۔ اور اہلِ تناسخ کے عقیدے کے موافق ایلیا کی رُوح ان میں آگئی ہو۔ پس حضرت مسیح ایک استعارہ استعمال کرکے یحییٰ کو ایلیا قرار دیتے ہیں۔ اور حضرت یحییٰ حقیقت پر نظر کرکے ایلیا ہونے سے انکار کرتے ہیں۔ فلمّا اختلف الجہات لم یبق التّناقض فتدبّر۔ اور اگر اِس طرح پر تناقض ہوسکتا ہے۔ تو پھر خدا تعالےٰ کے کلام میں بھی نعوذ باللہ تناقض ماننا چاہیئے۔ کیونکہ ایک طرف تو تمام قرآن اِس مضمون سے بھرا ہے۔ کہ جو شخص ایمان لاوے اور تقویٰ اختیار کرے خواہ وہ مرد ہو یا عورت اور خواہ بینا ہو یا اندھا وہ سب نجات پائیں گے۔ اور دُوسری طرف یہ بھی آیت ہے۔ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ۔[1] یعنے اندھے اور گونگے اور بہرے خُدا سے دُور رہیں گے۔ اور یہ بھی آیت ہے من کان فی ھٰذہٖ اعمٰی فھو فی الاٰخرۃ اعمٰی۔[2] یعنے جو اِس جہان میں اندھا ہوگا۔ وُہ اُس جہان میں بھی اندھا ہوگا۔ ایسا ہی ایک جگہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ لا تدرکہ الابصار وھو یدرک الابصار۔[3] اِس جگہ بظاہر انکارِ دیدار ہے۔ اور اِسکے مخالف یہ آیت ہے۔ الٰی ربّھا ناظرۃ[4] اِس سے دیدار ثابت ہوتا ہے۔ سو مسیح اور یحییٰ کے کلمات میں اِسی قسم کا تناقض ہے۔ جو دراصل تناقض نہیں۔ ایک نے مجاز کو ذہن میں رکھا۔ اور دُوسرے نے حقیقت کو۔ اِس لئے کچھ تناقض نہ ہُوا۔

[1] البقرۃ: ۱۹ [2] بنی اسرائیل: ۷۳ [3] الانعام: ۱۰۴ [4] القیامۃ: ۲۴

۱۲۹ باہم ایسا اتفاق کرلیا کہ میری مخالفت کے جوش میں اُنکو باہمی اختلافات بھی بھول گئے اور اُنھوں نے دُوسری قوموں کے پنڈتوں اور پادریوں کو بھی حتی الوسع اپنے ساتھ ملالیا۔ اور زمین میری دُشمنی کے جوش میں یُوں بھر گئی جیساکہ کوئی برتن زہر سے بھرا جائے۔ لیکن خُدا تعالیٰ نے ان لوگوں کے حملوں سے میری عزت کو محفوظ رکھا جیساکہ وُہ ہمیشہ اپنے پاک نبیوں کو محفوظ رکھتا رہا ہے۔ سو یہ ایک عظیم الشان پیشگوئی ہے کہ جو آج سے بیس برس پہلے براہین احمدیہ میں شائع کی گئی تھی اور اب بڑے زور شور سے پُوری ہُوئی۔ جس کی آنکھیں ہیں دیکھے کہ کیا یہ خُدا کے کام ہیں یا اِنسان کے؟

۷۳ اَور منجملہ ان نشانوں کے جو خُدا تعالیٰ نے میری تائید میں ظاہر فرمائے پیشگوئی اشتہار ۱۲۔ مارچ ۱۸۹۷ء ہے۔ جو سید احمد خان کے۔ سی۔ ایس۔ آئی کی نسبت مَیں نے کی تھی۔ اس پیشگوئی سے اوّل ایک اَور پیشگوئی اشتہار ۲۰۔ فروری ۱۸۸۶ء میں کی گئی تھی۔ جو اُسی وقت مُشتہر ہوکر ہزاروں انسانوں میں شائع ہوگئی تھی جس کا خلاصہ مطلب یہ تھا کہ سید احمد خاں صاحب کو کئی قسم کی بلائیں اور مصیبتیں پیش آئیں گی۔ چُنانچہ ایسا ہی ظہور میں آیا اور وُہ ایک عظیم الشان مالی نقصان اُٹھا کر بڑی تلخی کے ساتھ اس دُنیا سے گذر گئے۔ اور مَیں نے صدہا

بقیہ حاشیہ ۔ یاد رہے کہ اِس جگہ حضرت مسیح کی یہ گواہی کہ یہودی جو ایلیا نبی کے دوبارہ آنے کے ابتک منتظر ہیں۔ یہ اُن کی غلطی ہے کہ اِس پیشگوئی کو حقیقت پر حمل کرتے ہیں۔ بلکہ خُو اور طبیعت کے لحاظ سے یُوحنا ہی ایلیا ہے جو آچکا۔ یہ گواہی ایک مومن کے لئے نہایت اطمینان بخش ہے اور حق الیقین تک پہنچاتی ہے۔ اِس کے بعد پھر بھی جھگڑا نہ چھوڑنا اور اپنے پاس کوئی نظیر نہ ہونا دیندار وں کا کام نہیں ہے۔ منہ

اِنسانوں کے رُوبرو جو اُن میں سے بہت سے ابتک زندہ موجود ہیں۔ اِس کشف کو ظاہر کردیا تھا کہ مجھے خُدا تعالیٰ کی طرف سے یہ علم دِیا گیا ہے کہ سیّد صاحب موصوف بعض سخت تکالیف اُٹھاکر بعد اس کے جلد تر اِس عالمِ ناپائدار سے گذر جائیں گے۔ چنانچہ ایسا ہی ظہور میں آیا اور بعض اولاد کی موت کا بھی حادثہ انہوں نے دیکھا اور سب سے زیادہ یہ کہ ایک شریر ہندو کی خیانت کی وجہ سے اس قدر مالی نقصان انکو اُٹھانا پڑا کہ وُہ سخت غم کا صدمہ اُن کی اندرونی قوتوں کو یکدفعہ سلب کرگیا۔ یہ تو ظاہر ہے کہ دُنیا دار اور دنیا طلبی کی فطرت کے لوگ اکثر دُنیوی آرامول اور مالوں کے سہارے سے خوش رہتے ہیں۔ اور بوجہ اِس کے کہ ان کو خدا تعالیٰ سے کوئی سچا تعلق نہیں ہوتا اور نہ کسی رُوحانی خوشی سے انکو حصّہ ہوتا ہے لہذا جب کبھی دُنیوی صدمہ اُنپر گذر جاتا ہے تو وہ انکی جان بھی ساتھ ہی لیجاتا ہے۔ اور وہ لوگ باوجود بہت سی انانیّت اور خودپسندی اور دُنیوی جاہ وعزت کے دِل کے سخت کمزور اور بودے ہوتے ہیں۔ اور وہ کمزوری کامیابی اور حکومت اور دولت کے وقت میں تکبّر اور بیجا شیخی کے رنگ میں ظاہر ہوتی ہے۔ کیونکہ درحقیقت تکبّر اور بیجا شیخی بھی دل کی کمزوری کی وجہ سے ظہور میں آتی ہے جس کی وجہ سے پاکیزہ اخلاق اور قوّتِ حلم اور ایمانی تواضع دِل میں پیدا نہیں ہوتی۔ اور جن دِلوں کو رُوحانی طاقت عطا کی گئی ہے وُہ نہ تکبّر کرتے ہیں اور نہ بیجا شیخی دِکھلاتے ہیں کیونکہ وُہ خدا سے ایک ابدی نُور پاکر دُنیا اور دُنیا کے جاہ وجلال کو نہایت حقیر خیال کرلیتے ہیں اِس لئے دُنیا کے مراتب اُنکو متکبّر نہیں بناسکتے۔ ایسا ہی دُنیا داروں کی کمزوری بوقت نامرادی اور ناکامی اور نیز سخت صدمہ اور ہجوم وغموم کے وقت میں نہایت

بُزدلی اور بے دِلی کے آثار اُن میں ظاہر کرتی ہے۔ یہانتک کہ بعض اُن میں سے
۱۵۰ صدماتِ عظیمہ کے برداشت نہ کرنے کی وجہ سے پاگل اور دیوانہ ہوجاتے ہیں۔
اور بعض کو دیکھا گیا ہے کہ کئی اور قسم کے دماغی اور دِلی امراض میں مبتلا ہوجاتے
ہیں۔ اور غشی یا مرگی یا اسی کے مشابہ اور امراضِ خبیثہ اُن کے دامنگیر
ہوجاتے ہیں اور بعض اس امتحان میں بہت ہی کمزور نکلتے ہیں اور کسی شدید
غم کے حملہ کے وقت یا تو اپنے ہاتھ سے خودکشی کر لیتے ہیں اور یا خود وُہ
فوق الطاقت غم دِل پر اثر کرکے اُن کو یک دفعہ اِس ناپائیدار دُنیا سے
دُوسرے عالم کی طرف کھینچ لے جاتا ہے اور اِس چند روزہ زندگی کا تمام
تانا بانا جس کو اُنہوں نے ایک بڑی مُراد سمجھ رکھا تھا۔ ایک دم میں توڑ کر تمام
کاروبار اُنکا خواب وخیال کی طرح کر دیتا ہے۔ غرض دُنیادار اِنسان کے
دِل کی کمزوری حکومت اور دولت اور آسایش اور صحت کے وقت میں
تکبّر اور نخوت اور گردن کشی کے رنگ میں ظاہر ہوتی ہے۔ تب وُہ بدقسمتی
سے اپنے جیسا کسی کو نہیں سمجھتا اور ایک نبی بھی اگر اُس کے وقت میں ہو۔
اور اُس کے سامنے اس کا ذکر کیا جائے تو تحقیر اور توہین سے اسکو یاد
کرتا ہے۔ اور ڈرتا ہے کہ اسکی بزرگی ماننے سے میری بزرگی میں فرق
نہ آجائے۔ اور نہیں چاہتا کہ کوئی عظمت اسکی عظمت کے مقابل ٹھہر سکے۔ اور
پھر وہی کمزوری کسی سخت صدمہ اور حادثہ کے وقت میں غشی یا مرگی یا
خودکشی یا دیوانگی یا گداز ہو ہو کر مرجانے کے رنگ میں ظاہر ہوجاتی ہے۔
پس یہ عبرت کا مقام ہے کہ دُنیاداری کا انجام کیسا بد اور ہولناک ہے۔ اور
چونکہ سیّد صاحب دُنیا کی جاہ اور حشمت کے طلبگار تھے اور اُن لوگوں میں سے
نہیں تھے جن کے دِلوں کو خدا تعالیٰ دُنیا سے بکلّی منقطع کر کے رُوحانی شجاعت

اور ثابت قدمی اور رُوحانی زندگی اور استقامت اور اخلاق نبوّت عطا کرتا ہے۔ اسلئے وہ معمولی دُنیا داروں کی طرح اس مالی صدمہ کی برداشت نہ کرسکے اور اسی غم سے دن بدن کوفتہ ہوکر انکی رُوح تحلیل ہوتی گئی۔ یہانتک کہ یہ مُردار دُنیا جسکو وہ بڑا مدعا سمجھتے تھے۔ ایک دم میں ان سے جُدا ہوگیا۔ گویا وہ کبھی دُنیا میں نہیں آئے تھے۔ مگر افسوس یہ ہے کہ جیساکہ غموم اور صدمہ مالی کے وقت میں دِلی کمزوری ان سے ظہور میں آئی۔ اور اس مصیبت سے عشق بھی ہوگئی اور آخر اسی میں انتقال فرماگئے۔ ایساہی دُوسرے پہلو کی وجہ سے یعنے جب انکو دُنیا کی عزّت اور مرتبت اور عروج اور ناموری حاصل ہوئی۔ تو ان ایّام میں بھی اُن سے اس دوسرے رنگ میں سخت کمزوری ظہور میں آئی۔ انکے وقت میں خدانے یہ آسمانی سلسلہ پیدا کیا۔ مگر انھوں نے اپنی دُنیوی عزّت کی وجہ سے اس سلسلہ کو ایک ذرہ عظمت کی نظر سے نہیں دیکھا۔ بلکہ اپنے ایک خط میں کسی اپنے دوآشنا کو لکھا کہ یہ شخص جو ایسا دعویٰ کرتا ہے۔ بالکل ہیچ ہے اور اسکی تمام کتابیں لغو اور بے سود اور باطل ہیں۔ اور اس کی تمام باتیں ناراستی سے بھری ہوئی ہیں۔ حالانکہ سرسیّد صاحب اِس بات سے بکلی محروم رہے کہ کبھی میرے کسی چھوٹے سے رسالہ کو بھی اوّل سے آخر تک دیکھیں۔ وہ غصے کے وقت میں دُنیوی رعونت سے ایسے مدہوش تھے کہ ہر ایک کو اپنے پیروں کے نیچے کچلتے تھے اور یہ دِکھلاتے تھے کہ گویا انکو دُنیوی حیثیت کے رُو سے ایسا عروج ہے کہ انکا کوئی بھی ثانی نہیں۔ ہنسی اور ٹھٹھا کرنا اکثر انکا شیوہ تھا۔ جب میں ایکدفعہ علیگڑھ میں گیا۔ تو مجھ سے بھی اِسی رعونت کی وجہ سے جس کا تخم پودہ انکے دِل میں مستحکم ہوچکا تھا ہنسی ٹھٹھا کیا۔ اور یہ کہا کہ آؤ۔ میں مُرید بنتا ہوں اور آپ مُرشد بنیں اور حیدرآباد میں چلیں اور کچھ جھوٹی کرامات

دکھائیں اور مَیں تعریف کرتا پھروں گا۔ تب ریاست اپنی سادہ لوحی کی وجہ سے ایک لاکھ روپیہ دے دیگی۔ اس میں دو حصے میرے اور ایک حصہ آپ کا ہُوا۔"
۱۵۱ گویا اس تقریر میں وہ ٹھگ جو سادھو کہلاتے ہیں مجھے قرار دیا۔ ایسا ہی اور کئی باتیں تھیں جن کا اب اُنکی وفات کے بعد لکھنا بے فائدہ ہے۔ اس قدر تحریر سے غرض یہ ہے کہ اس پہلو کی کمزوری بھی ان میں موجود تھی جو دولت اور عزّت اور ناموری تک پہنچکر تکبر اور نخوت اور رعونت اور خود پسندی کے رنگ میں ظہور میں آتی ہے۔ اور یہ اُن کا قصور نہیں ہے بلکہ ہر ایک دُنیادار کا یہی حال ہے کہ وُہ دو قسم کی کمزوری اپنے اندر رکھتا ہے۔ مثلاً ایک شخص جو مولوی کے خطاب سے مشہور ہے۔ وُہ اپنے تئیں مولوی کہلا کر نہیں چاہتا کہ دُوسرے کا عزّت سے نام بھی لے۔ بلکہ اسکی بڑی مہربانی ہوگی۔ اگر وُہ دُوسرے کو منشی بھی کہدے۔ بہت سے دولتمند رئیس یا مسلمان حکام ہیں۔ وہ اِس بات کو اپنے لئے سخت عار سمجھتے ہیں کہ کسی کو السلام علیکم کا جواب دیں اور اگر کوئی السلام علیکم کہے تو بہت بُرا مانتے ہیں۔ اور اگر ممکن ہو تو سزا دیدیں۔ یہ تمام کمزوری کے طریق ہیں۔ اور اس کو چراغ نبوّت سے روشنی لینے والے اخلاقی کمزوری سے نامزد کرتے ہیں۔ غرض سیّد احمد خاں صاحب کی موت بھی آخر کمزوری کی وجہ سے ہوئی۔ خدا اُن پر رحم کرے۔

اب ہم اس اشتہار مورخہ ۱۲- مارچ ۱۸۹۷ء کو جس میں سیّد احمد خاں صاحب کی موت کی نسبت پیشگوئی ہے۔ بعینہٖ اس جگہ درج کر دیتے ہیں۔ اور یہ اشتہار لاکھوں انسانوں میں مشتہر ہو چکا ہے۔ اور ہم بہت سے لوگوں کو قبل از وقت زبانی کہہ چکے ہیں کہ ہمیں خدا تعالیٰ نے معلوم کرا دیا ہے۔ کہ اب عنقریب سیّد صاحب فوت ہو جائیں گے۔ اور اشتہار ۲۰ فروری ۱۸۸۶ء

میں بھی اس کی طرف اشارہ تھا۔ لیکن بعد اس کے بوضاحت تمام الہام الٰہی نے یہ بات کھولدی اور مجھ کو اچھی طرح بتلایا گیا کہ سیّد صاحب ایک شدید غم اٹھانے کے بعد جلد فوت ہو جائیں گے۔ پھر جبکہ سیّد صاحب کو ایک ہندو کی شرارت سے مالی غم پیش آگیا۔ تو مجھے یقین دلایا گیا کہ اب سیّد صاحب کی وفات کا وقت آگیا۔ تب میں نے یہ اشتہار ۱۲۔ مارچ ۱۸۹۷ء شائع کر کے ایک پرچہ اُن کو بھی بھیج دیا۔ اور وہ اشتہار یہ ہے :۔

نقل مطابق اصل

"بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ"

"سیّد احمد خاں صاحب کے۔ سی۔ ایس۔ آئی۔"

" سیّد صاحب اپنے رسالہ الدّعا والاستجابت میں اس بات سے انکاری ہیں کہ دُعا میں جو کچھ مانگا جائے وہ دیا جائے۔ اگر سیّد صاحب کی تحریر کا یہ مطلب ہوتا کہ ہر ایک دُعا کا قبول ہونا واجب نہیں بلکہ جس دُعا کو خدا تعالیٰ قبول فرمانا اپنے مصالح کے رُو سے پسند فرماتا ہے وہ دُعا قبول ہو جاتی ہے ورنہ نہیں تو یہ قول بالکل سچ ہوتا۔ مگر سرے سے قبولیت دُعا سے انکار کرنا تو خلاف تجارب صحیحہ و عقل و نقل ہے۔ ہاں دُعاؤں کی قبولیت کے لئے اُس رُوحانی حالت کی ضرورت ہے جس میں انسان نفسانی جذبات اور میل غیر اللہ کا چولہ اتار کر اور بالکل رُوح ہو کر خدا تعالیٰ سے جا ملتا ہے۔ ابسا شخص مظہر العجائب ہوتا
۱۵۲ ہے۔ اور اس کی محبت کی موجیں خدا کی محبت کی موجوں سے یوں ایک ہو جاتی ہیں۔ جیسا کہ دو شفاف پانی دو متقارب چشموں سے جوش مار کر آپس میں ملکر بہنا شروع

کر دیتے ہیں۔ ایسا آدمی گویا خدا کی شکل دیکھنے کے لئے ایک آئینہ ہوتا ہے۔ اور غیب الغیب خدا کا اس کے عجائب کاموں سے پتہ ملتا ہے۔ اس کی دُعائیں اس کثرت سے منظور ہوتی ہیں کہ گویا دُنیا کو پوشیدہ خدا دِکھا دیتا ہے۔ سو سیّد صاحب کی یہ غلطی ہے کہ دُعا قبول نہیں ہوتی۔ کاش اگر وُہ چالیس دن تک بھی میرے پاس رہ جاتے تو نئے اور پاک معلومات پا لیتے۔ مگر اب شاید ہماری اور ان کی عالم آخرت میں ہی ملاقات ہوگی ✠۔ افسوس کہ ایک نظر دیکھنا بھی اتفاق نہیں ہوا۔ سیّد صاحب اِس اشتہار کو غور سے پڑھیں کہ اب ملاقات کے عوض جو کچھ ہے یہی اشتہار ہے۔

اب اصل مطلب یہ ہے کہ کرامات الصادقین کے ٹائیٹل پیج کے اخیر صفحہ پر اور برکات الدعا کے ٹائیٹل پیج کے صفحہ اوّل کے سر پر مَیں نے یہ عبارت لکھی ہے کہ "نمونہ دُعائے مستجاب" اور پھر اس میں پنڈت لیکھرام کی موت کی نسبت ایک پیشگوئی کی ہے اور کرامات الصادقین وغیرہ میں لکھ دیا ہے کہ اس پیشگوئی کا الہام دُعا کے بعد ہُوا ہے کیونکہ امر واقعی یہی تھا کہ اس شخص کی نسبت جو توہین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں حد سے زیادہ بڑھ گیا تھا دُعا کی گئی تھی۔ اور خدا تعالیٰ نے صریح کشف اور الہام سے فرما دیا تھا کہ چھ برس کے عرصہ تک ایسے طور سے اسکی زندگی کا خاتمہ کیا جائے گا۔ جیسا کہ وقوع میں آیا۔ اب اس پیشگوئی میں حقیقت کے طالبوں کے لئے دو نئے ثبوت ملتے ہیں۔ اوّل یہ کہ خدا اپنے کسی بندہ کو ایسے عمیق غیب کی خبر دے سکتا ہے جو دُنیا کی تمام نظر میں غیر ممکن ہو۔ دُوسرے یہ کہ دُعائیں قبول ہوتی ہیں۔ اگر آپ آئینہ کمالات اسلام کا وُہ اِشتہار جس کے اُوپر چند شعر ہیں۔ اور کرامات الصادقین کا وُہ الہام جو

✠ اِس فقرہ میں سیّد صاحب کی وفات کی طرف اشارہ تھا جیسا کہ ظاہر ہے۔ منہ

صفحہ آخری ٹائیٹل پیج پر ہے۔ اور برکات الدُّعا کے دو ورق ٹائیٹل پیج کے اور نیز حاشیہ آخری صفحہ کا ایک مرتبہ پڑھ جائیں تو میں یقین رکھتا ہوں کہ آپ جیسا ایک منصف مزاج فی الفور اپنی پہلی رائے کو چھوڑ کر اس سچائی کو تعظیم کے ساتھ قبول کر لے۔ اگرچہ یہ پیشگوئی بہت ہی صاف ہے مگر میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ یہ دن بدن زیادہ صفائی کے ساتھ لوگوں کو سمجھ آتی جائیگی یہانتک کہ کچھ دنوں کے بعد تاریک دلوں پر بھی اسکی ایک عظیم الشان روشنی پڑے گی۔ اکثر حصہ اس ملک کا ایسے تاریک دلوں کے ساتھ پُر ہے کہ جن کو خبر نہیں کہ خُدا بھی ہے۔ اور اس سے ایسے تعلقات بھی ہو جایا کرتے ہیں۔ پس جیسے جیسے مچھلی پتھر کو چاٹ کر واپس ہوگی ویسے ویسے اس پیشگوئی پر یقین بڑھتا جائیگا۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ مجھ سے یہ بھی صاف لفظوں میں فرمایا گیا ہے کہ پھر ایک دفعہ ہندو مذہب کا اسلام کی طرف زور کے ساتھ رجوع ہوگا۔ ابھی وہ بچے ہیں اُنہیں معلوم نہیں کہ ایک ہستی قادر مطلق موجود ہے۔ مگر وُہ وقت آتا ہے کہ اُنکی آنکھیں کھلیں گی۔ اور زندہ خُدا کو اُسکے عجائب کاموں کے ساتھ بجز اسلام کے اور کسی جگہ نہیں پائیں گے۔

آپ کو یہ بھی یاد دلاتا ہوں کہ ایک پیشگوئی میں نے اشتہار ۲۰ فروری ۱۸۸۶ء میں آپ کی نسبت بھی کی تھی کہ آپ کو اپنی عمر کے ایک حصے میں ایک سخت غم و ہم پیش آئے گا۔ اور اس پیشگوئی کے شایع ہونے سے آپ کے بعض احباب ناراض ہوئے تھے اور انہوں نے اخباروں میں ردّ چھپوایا تھا۔ مگر آپ کو معلوم ہے کہ وُہ پیشگوئی بھی بڑی ہیبت کے ساتھ پُوری ہُوئی۔ اور ایک دفعہ ناگہانی طور سے ایک شریر انسان کی خیانت سے ڈیڑھ لاکھ روپیہ کے نقصان کا آپ کو صدمہ پہنچا۔ اس صدمہ کا اندازہ آپکے دِل کو معلوم ۱۵۲

ہوگا کہ اس قدر مسلمانوں کا مال ضائع ہوگیا۔ میرے ایک دوست میرزا خدابخش صاحب مسٹر سید محمود صاحب سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا کہ اگر میں اس نقصان کے وقت علیگڈھ میں موجود نہ ہوتا تو میرے والد صاحب ضرور اس غم سے مرجاتے۔ یہ بھی مرزا صاحب نے سُنا کہ آپ نے اِس غم سے تین دن روٹی نہیں کھائی۔ اور اسقدر قومی مال کے غم سے دِل بھر گیا کہ ایک مرتبہ غشی بھی ہوگئی۔ سوائے سیّد صاحب یہی حادثہ تھا جس کا اس اشتہار میں صریح ذِکر ہے۔ چاہو تو قبول کرو۔ والسلام۔ ۱۲ مارچ ۱۸۹۷ء"

۱۴۷ منجملہ اُن نشانوں کے جو پیشگوئی کے طور پر ظہور میں آئے۔ وُہ پیشگوئی ہے جو مَیں نے اخویم قاضی ضیاء الدین صاحب قاضی کوٹی ضلع گوجرانوالہ کے متعلق کی تھی۔ اور مَیں مناسب سمجھتا ہوں کہ اِس جگہ خود اُنکے خط کی عبارت نقل کر دوں جو اِس پیشگوئی کے بارے میں انھوں نے میری طرف بھیجا ہے اور وُہ یہ ہے :۔

"مجھے یقینی یاد ہے کہ حضور علیہ السّلام نے بماہ مارچ ۱۸۸۵ء جبکہ اِس عاجز نے آپ کے دست حق پرست پر بیعت کی تو ایک لمبی دُعا کے بعد اُسی وقت آپ نے فرمایا تھا کہ قاضی صاحب آپ کو ایک سخت ابتلا پیش آنے والا ہے۔ چنانچہ اِس پیشگوئی کے بعد اِس عاجز نے کئی اپنے عزیز دوستوں کو اس سے اطلاع بھی دیدی کہ حضور نے میری نسبت اور میرے حق میں ایک ابتلائی حالت کی خبر دی تھی۔ اب اِس کے بعد جس طرح پر وُہ پیشگوئی پُوری ہوئی وُہ وقوعہ بعینہٖ عرض کرتا ہوں کہ مَیں حضرت اقدس سے روانہ ہوکر ابھی راستہ میں ہی تھا کہ مجھے خبر ملی کہ میری اہلیہ بعارضہ درد گُردہ و

قولنج و قے مفرط سخت بیمار ہے۔ جب مَیں گھر پہنچا اور دیکھا تو واقع میں ایک نازک حالت طاری تھی۔ اور عجیب تر یہ کہ شروع بیماری وُہی رات تھی۔ جس کی شام کو حضور نے اِس ابتلاء سے اطلاع دی تھی۔ شدّتِ درد کا یہ حال تھا کہ جان ہر دم ڈوبتی جاتی تھی۔ اور بے تابی ایسی تھی کہ باوجود کثیر الحیاء ہونے کے مارے درد کے بے اختیار اُنکی چیخیں نکلتی تھیں اور گلی کوچے تک آواز پہنچتی تھی۔ اور ایسی نازک اور دردناک حالت تھی کہ اجنبی لوگوں کو بھی وہ حالت دیکھ کر رحم آتا تھا۔ شدّتِ مرض تخمیناً تین ماہ تک رہی۔ اسقدر مُدّت میں کھانے کا نام تک نہ تھا۔ صرف پانی پیتیں اور قے کر دیتیں۔ دن رات میں پچاس ساٹھ دفعہ متواتر قے ہوتی۔ پھر درد قدرے کم ہوُا۔ مگر نادان طبیبوں کے بار بار فصد لینے سے ہزال مفرط کی مرض مستقل طور پر دامنگیر ہوگئی۔ ہر وقت جان بلب رہتیں۔ دس گیارہ دفعہ تو مرنے تک پہنچکر بچّوں اور عزیز اقربا کو پُورے طور پر الوداعی غم والم سے دلایا۔ غرض گیارہ مہینے تک طرح طرح کے دُکھوں کی تختہ مشق رہ کر آخر کشادہ پیشانی بہوش تمام کلمہ شریف پڑھ کر ۲۸ برس کی عمر میں سفرِ جاودانی اختیار کیا۔ اِنّا للہ و اِنّا الیہ راجعون۔ اور اس حادثہ جانکاہ کے درمیان ایک شیر خوار بچہ رحمت اللہ نام بھی دُودھ نہ ملنے کے سبب سے بھُوکا پیاسا راہیٔ مُلکِ بقا ہوُا۔ ابھی یہ زخم تازہ ہی تھا کہ عاجز کے دو بڑے بیٹے عبدالرحیم و فیض رحیم تپ محرقہ سے
صاحبِ فراش ہوئے۔ فیض رحیم کو تو ابھی گیارہ دن پُورے نہ ہونے پائے ۱۸۴
کہ اُس کا پیالہ عمر کا پُورا گیا۔ اور سات سالہ عمر میں داعیٔ اجل کو لبیک کہکر جلدی سے اپنی پیاری ماں کو جا ملا۔ اور عبدالرحیم تپ محرقہ اور سرسام سے برابر دو ڈھائی مہینے بیہوش میّت کی طرح پڑا رہا۔ سب طبیب لاعلاج

سمجھ چکے۔ کوئی نہ کہتا تھا کہ یہ بچیگا۔ لیکن چونکہ زندگی کے دن باقی تھے۔ بوڑھے باپ کی مضطربانہ دُعائیں خدا نے سُن لیں۔ اور محض اُسکے فضل سے صحیح سلامت بچ نکلا۔ اگرچہ پٹھوں میں کمزوری اور زبان میں لُکنت ابھی باقی ہے۔ یہ حوادثِ جانکاہ تو ایک طرف اُدھر مخالفوں نے اور بھی شور مچا دیا تھا۔ آبرو ریزی اور طرح طرح کے مالی نقصانوں کی کوششوں میں کوئی دقیقہ اُٹھا نہ رکھا۔ غریب خانہ میں نقب زنی کا معاملہ بھی ہؤا۔ ان تمام مصیبتوں میں یکجائی طور پر غور کرنے سے بخوبی معلوم ہو سکتا ہے کہ عاجز راقم کسقدر بلیہ دل دوز سینہ سوز میں مبتلا رہا۔ اور یہ سب اُنہی آفات و مصائب کا ظہور ہؤا۔ جس کی حضور نے پہلے سے ہی مجمل طور پر خبر کر دی تھی۔ اسی اثناء میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے ازراہِ نوازش تعزیت کے طور پر ایک تسلی دہندہ چِٹھی بھیجی۔ وہ بھی ایک پیشگوئی پر مشتمل تھی جو پوری ہوئی۔ اور ہو رہی ہے۔ لکھا تھا کہ "واقع میں آپ کو سخت ابتلا پیش آیا۔ یہ سُنت اللہ ہے تاکہ وُہ اپنے مستقیم الحال بندوں کی استقامت لوگوں پر ظاہر کرے۔ اور تاکہ صبر کرنے سے بڑے بڑے اجر بخشے۔ خدا تعالیٰ ان تمام مصیبتوں سے مخلصی عنایت کر دیگا۔ دشمن ذلیل و خوار ہونگے جیسا کہ صحابہ کے زمانہ میں ہؤا کہ خدا تعالیٰ نے اُنکی ڈوبتی کشتی کو تھام لیا۔ ایسا ہی اِس جگہ ہوگا۔ اُن کی بد دُعائیں آخر اُنہی پر پڑیں گی۔" سو بارے الحمد للہ کہ حضور کی دُعا سے ایسا ہی ہؤا۔ عاجز ہر حال استقامت و صبر میں بڑھتا گیا۔ باوجود بشریت اگر کبھی مداہنہ کے طور پر مخالفوں کی طرف سے صلح صفائی کا پیغام آیا۔ تو بدیں خیال کہ پھر یہ انبیاء کی مصیبتوں سے حصّہ کہاں۔ دِل میں ایسی صلح کرنے سے ایک قبض سی وارد ہو جاتی۔ اور مَیں نے بچشم خود مخالفوں کی یہ

حالت دیکھی اور دیکھ رہا ہوں کہ انکی وہ حشمت و ہیبت بھی رخصت ہو چکی۔
کتاب و سنّت سے تمسک کی کوئی پرواہ نہیں۔ اور دُنیا بھی شب و روز
ہاتھوں سے جارہی ہے جس کے گھمنڈ سے غرباء کو تکلیفیں دی تھیں۔
غرض دُنیا دین دونوں کھو رہے ہیں۔ خوار و شرمندہ ہیں۔ حضور کی وہ
پیشگوئی جو انکے ایڈوکیٹ کے حق میں فرمائی تھی کہ انّي مهين من اراد
اهانتك مناسبت کے لحاظ سے حسب قسمت سب برابر اس سے حصّہ
لے رہے ہیں جیساکہ تمام ہمعصر گواہ ہیں۔

راقم مسکین ضیاء الدین عفی عنہ قاضی کوٹی ضلع گوجرانوالہ

۷۵ منجملہ نہایت زبردست نشانوں کے جو خداتعالیٰ نے غیب گوئی اور
معارف عالیہ کے رنگ میں میری تائید میں ظاہر فرمائے۔ براہین احمدیہ کی
وہ پیشگوئی ہے جو اسکے صفحہ ۴۹۲ میں درج ہے یعنے یا آدم اسکن انت
و زوجك الجنّة۔ اردت ان استخلف فخلقت آدم۔
اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ یہ الہام جو میری نسبت ہوا۔ یعنے
یا آدم اسکن انت و زوجك الجنّة۔ اردت ان استخلف فخلقت
آدم۔ جس کے یہ معنے ہیں کہ اے آدم تُو اپنے جوڑے کے ساتھ جنّت
میں رہ۔ مَیں نے چاہا کہ مَیں اپنا مظہر دکھلاؤں۔ اس لئے مَیں نے اِس
آدم کو پیدا کیا۔ یہ اِس بات کی طرف اشارہ ہے کہ آدم صفی اللہ کے وجود کا
سلسلہ دوریہ اِس عاجز کے وجود پر آکر ختم ہوگیا۔ یہ بات اہلِ حقیقت اور
معرفت کے نزدیک مسلّم ہے کہ مراتب وجود دوریّہ ہیں یعنے نوع انسان ص۱۵۵
میں سے بعض بعض کی خُو اور طبیعت پر آتے رہتے ہیں جیساکہ پہلی کتابوں سے

ثابت ہے کہ ایلیا یحییٰ نبی کی خُو اور طبیعت پر آگیا۔ اور جیساکہ ہمارے نبی علیہ السلام حضرت ابراہیم کی خُو اور طبیعت پر آئے۔* اسی سرّ کے لحاظ سے یہ ملّتِ محمدی ابراہیمی ملّت کہلائی۔ سو ضرور تھا کہ مرتبۂ آدمیّت کی حرکت

۱۵۶

* یہ محقق امر ہے کہ ہمارے سیّد و مولیٰ نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم حضرت ابراہیم علیہ السلام کی خُو اور طبیعت پر آئے تھے۔ مثلاً جیساکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے توحید سے محبت کرکے اپنے تئیں آگ میں ڈال لیا اور پھر قلنا یا نار کونی بردًا و سلامًا[۱] کی آواز سے صاف بچ گئے۔ ایسا ہی ہمارے نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم نے اپنے تئیں توحید کے پیار سے اس فتنہ کی آگ میں ڈال لیا جو آنجناب کی بعثت کے بعد تمام قوموں میں گویا تمام دُنیا میں بھڑک اٹھی تھی۔ اور پھر آواز واللہ یعصمک من الناس[۲] سے جو خدا کی آواز تھی اس آگ سے صاف بچائے گئے۔ ایسا ہی ہمارے نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم نے اُن بتوں کو اپنے ہاتھ سے توڑا جو خانہ کعبہ میں رکھے گئے تھے۔ جس طرح حضرت ابراہیم نے بھی بتوں کو توڑا۔ اور جس طرح حضرت ابراہیم خانہ کعبہ کے بانی تھے۔ ایسا ہی ہمارے نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم خانہ کعبہ کی طرف تمام دُنیا کو جھکانے والے تھے۔ اور حضرت ابراہیم علیہ السلام نے خدا کی طرف جھکنے کی بنیاد ڈالی تھی لیکن ہمارے نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم نے اس بنیاد کو پُورا کیا۔ آپ نے خدا کے فضل اور کرم پر ایسا توکل کیا کہ ہر ایک طالبِ حق کو چاہیئے کہ خدا پر بھروسہ کرنا آنجناب سے سیکھے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام اس قوم میں پیدا ہوئے تھے جن میں توحید کا نام و نشان نہ تھا۔ اور کوئی کتاب نہ تھی۔ اسی طرح ہمارے نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم اُس قوم میں پیدا ہوئے جو جاہلیت میں غرق تھی۔ اور کوئی ربّانی کتاب ان کو نہیں پہنچی تھی۔ اور ایک یہ مشابہت ہے کہ خدا نے ابراہیم کے دل کو خُوب دھویا اور صاف کیا تھا یہاں تک وہ خویش اور اقارب سے بھی خدا کے لئے بیزار ہوگیا اور دُنیا میں بجُز خدا کے اس کا کوئی بھی نہ رہا۔ ایسا ہی بلکہ اس سے بڑھ کر ہمارے نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم پر واقعات گذرے۔ اور باوجودیکہ مکّہ میں کوئی ایسا گھر نہ تھا جس سے آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کا کوئی

[۱] الانبیاء : ۷۰ [۲] المائدۃ : ۶۸

دوری زمانہ کے انتہاء پر ختم ہوتی۔ سو یہ زمانہ جو آخر الزمان ہے۔ اِس زمانہ میں خدا تعالیٰ نے ایک شخص کو حضرت آدم علیہ السّلام کے قدم پر پیدا کیا جو یہی راقم ہے اور اس کا نام بھی آدم رکھا۔ جیسا کہ مندرجہ بالا الہامات سے ظاہر ہے۔ اور پہلے آدم کی طرح خدا نے اِس آدم کو بھی زمین کے حقیقی انسانوں سے خالی ہونے کے وقت میں اپنے دونوں ہاتھوں جلالی اور جمالی سے پیدا

شعبہ قرابت نہ تھا۔ مگر خالص خدا کی طرف بلانے سے سب کے سب دشمن ہو گئے اور بجز خدا کے ایک بھی ساتھ نہ رہا۔ پھر خدا نے جس طرح ابراہیم کو اکیلا پاکر اِس قدر اولاد دی جو آسمان کے ستاروں کی طرح بے شمار ہو گئی۔ اسی طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اکیلا پاکر بے شمار عنایت کی۔ اور وہ صحابہ آپ کی رفاقت میں دیئے جو نجوم السماء کی طرح نہ صرف کثیر تھے بلکہ اُن کے دِل توحید کی روشنی سے چمک اُٹھے تھے۔ غرض جیسا کہ صُوفیوں کے نزدیک مانا گیا ہے کہ مراتب وجود دوریّہ ہیں۔ اسی طرح ابراہیم علیہ السّلام نے اپنی خُو اور طبیعت اور دِلی مشابہت کے لحاظ سے قریباً اڑھائی ہزار برس اپنی وفات کے بعد پھر عبد اللہ پسر عبد المطلب کے گھر میں جنم لیا۔ اور محمدؐ کے نام سے پکارا گیا صلے اللہ علیہ وسلم۔ اور مراتب وجود کا دوریّہ ہونا قدیم سے اور جب سے کہ دُنیا پیدا ہوئی سُنّت اللہ میں داخل ہے۔ نوع انسان میں خواہ نیک ہوں یا بد ہوں یہی عادت اللہ ہے کہ ان کا وجود خُو اور طبیعت اور تشابہ قلوب کے لحاظ سے بار بار آتا ہے جیسا کہ آیت تشابہت قلوبھم[1]
156 اس کی مصدق ہے اور تمام صُوفیوں کا یہ خیال ہے کہ اگرچہ مراتب وجود دوری ہیں۔ مگر مہدی معہود بروزات کے لحاظ سے پھر دُنیا میں نہیں آئیگا کیونکہ وہ خاتم الاولاد ہے اور اس کے خاتمہ کے بعد نسل انسانی کوئی کامل فرزند پیدا نہیں کریگی باستثناء اُن فرزندوں کے جو اس کی حیات میں ہوں کیونکہ بعد میں بہائم سیرت لوگوں کا غلبہ ہوتا جائے گا۔ یہانتک کہ خدا تعالیٰ کی محبت بالکل دِلوں سے جاتی رہیگی اور نفس پرست اور شکم پرست بنجائیں گے۔ یہ بعض اکابر اولیاء کے مکاشفات ہیں۔ اور اگر احادیث

[1] البقرۃ: ۱۱۹

کرکے اس میں اپنی رُوح پھُونکی۔کیونکہ دُنیا میں کوئی رُوحانی انسان موجود نہ تھا جس سے یہ آدم رُوحانی تولّد پاتا۔اس لئے خدا نے خود رُوحانی باپ بن کر اس آدم کو پیدا کیا اور ظاہری پیدائش کے رُو سے اسی طرح نر اور مادہ پیدا کیا جس طرح کہ پہلا آدم پیدا کیا تھا یعنے اس نے مجھے بھی جو آخری آدم ہوں جوڑا پیدا کیا جیسا کہ الہام یَا آدم اسکن انت و زوجك الجنّة میں اس کی طرف ایک لطیف اشارہ ہے۔اور بعض گذشتہ اکابر نے خُدا تعالیٰ سے الہام پاکر یہ پیشگوئی بھی کی تھی کہ وُہ انتہائی آدم جو مہدی کامل اور خاتَم ولایت عامہ ہے۔اپنی جسمانی خلقت کے رُو سے جوڑا پیدا ہوگا۔یعنے آدم صفی اللہ کی طرح مذکر اور مؤنث کی صورت پر پیدا ہوگا۔ اور خاتم الاولاد ہوگا۔کیونکہ آدم نوع انسان میں سے پہلا مولود تھا۔سو ضرور ہُوا کہ وہ شخص

تجویہ کو بنظر غور دیکھا جائے تو بہت کچھ ان سے ان مکاشفات کو مدد ملتی ہے۔لیکن یہ قول اسی حالت میں صحیح ٹھہرتا ہے جبکہ مہدی معہود اور مسیح موعود کو ایک ہی شخص مان لیا جائے۔ اور یاد رہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی اُمّت کی دو حدیں مقرر کردی ہیں اور فرما دیا ہے کہ وہ اُمّت ضلالت سے محفوظ ہے جس کے اوّل میں میرا وجود اور آخر میں مسیح موعود ہے۔ یعنے ایک طرف وجود باجود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دیوار رویین ہے اور دُوسری طرف وجود بابرکت مسیح موعود کی دیوار دشمن کش ہے۔ اس حدیث سے صاف طور پر معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے لوگوں کو اپنی اُمّت میں داخل نہیں سمجھا جو مسیح موعود کے زمانہ کے بعد ہونگے۔ اور مسیح موعود کا زمانہ اس حد تک ہے جس حد تک اسکے دیکھنے والے یا دیکھنے والوں کے دیکھنے والے اور یا پھر دیکھنے والوں کے دیکھنے والے دُنیا میں پائے جائینگے اور اُسکی تعلیم پر قائم ہونگے۔غرض قرون ثلٰثہ کا ہونا برعایت منہاج نبوّت ضروری ہے اور پھر نیکی اور پاکیزگی کا خاتمہ ہے اور بعد میں اس گھڑی اور اس ساعت الفناء کی انتظار ہے جس کا علم بجز خدا تعالیٰ کے فرشتوں کو بھی نہیں مگر

جسپر بکمال و تمام دورہ حقیقت آدمیہ ختم ہو۔ وہ خاتم الاولاد ہو یعنے اس کی موت کے بعد کوئی کامل انسان کسی عورت کے پیٹ سے نہ نکلے۔ اب یاد رہے کہ اس بندہ حضرت احدیت کی پیدائش جسمانی اس پیشگوئی کے مطابق بھی ہوئی۔ یعنے میں توام پیدا ہوا تھا اور میرے ساتھ ایک لڑکی تھی جس کا نام جنت تھا۔ اور یہ الہام کہ یا آدم اسکن انت و زوجك الجنة جو آج سے بیس برس پہلے براہین احمدیہ کے صفحہ ۴۹۶ میں درج ہے۔ اس میں جو جنّت کا لفظ ہے اس میں یہ ایک لطیف اشارہ ہے کہ وہ لڑکی جو میرے ساتھ پیدا ہوئی اس کا نام جنّت تھا۔ اور یہ لڑکی صرف سات ماہ تک زندہ رہ کر ۱۵۷ فوت ہو گئی تھی۔ غرض چونکہ خدا تعالیٰ نے اپنے کلام اور الہام میں مجھے آدم صفی اللہ سے مشابہت دی تو یہ اس بات کی طرف اشارہ تھا۔ کہ اس قانونِ قدرت کے مطابق جو مراتب وجود دوریہ میں حکیم مطلق کی طرف سے چلا آتا ہے۔ مجھے آدم کی خُو اور طبیعت اور واقعات کے مناسب حال پیدا کیا گیا ہے۔ چنانچہ وہ واقعات جو حضرت آدم پر گذرے۔ منجملہ اُن کے یہ ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش زوج کے طور پر تھی۔ یعنے ایک مرد اور ایک عورت ساتھ تھی۔ اور اسی طرح پر میری پیدائش ہوئی۔ یعنے جیساکہ میں ابھی لکھ چکا ہوں میرے ساتھ ایک لڑکی پیدا ہوئی تھی جس کا نام جنّت تھا۔ اور پہلے وہ لڑکی پیٹ میں سے نکلی تھی اور بعد اس کے میں نکلا تھا۔ اور میرے بعد میرے والدین کے گھر میں اور کوئی لڑکی یا لڑکا نہیں ہوا۔ اور میں اُن کیلئے خاتم الاولاد تھا۔ اور یہ میری پیدائش کی وہ طرز ہے جس کو بعض اہلِ کشف نے مہدی خاتم الولایت کی علامتوں میں سے لکھا ہے اور بیان کیا ہے کہ وہ آخری مہدی جس کی وفات کے بعد اور کوئی مہدی پیدا نہیں ہوگا۔ خدا سے براہ راست

ہدایت پائے گا۔ جس طرح آدم نے خُدا سے ہدایت پائی۔ اور وہ اُن علوم اور اسرار کا حامل ہوگا جن کا آدم خدا سے حامل ہُوا۔ اور ظاہری مناسبت آدم سے اس کی یہ ہوگی۔ کہ وہ بھی زوج کی صورت پیدا ہوگا۔ یعنے مذکّر اور مؤنّث دونوں پیدا ہوں گے۔ جس طرح آدم کی پیدائش تھی کہ اُن کے ساتھ ایک مؤنّث بھی پیدا ہوئی تھی یعنے حضرت حوّا علیہا السلام۔ اور خدا نے جیسا کہ ابتدا میں جوڑا پیدا کیا۔ مجھے بھی اس لئے جوڑا پیدا کیا کہ تا اوّلیت کو آخریّت کے ساتھ مناسبت تام پیدا ہو جائے۔ یعنے چونکہ ہر ایک وجود سلسلہ بروزات میں دَور کرتا رہتا ہے اور آخری بروز اُس کا بہ نسبت درمیانی بروزات کے اتم اور اکمل ہوتا ہے۔ اِس لئے حکمت الٰہیہ نے تقاضا کیا کہ وہ شخص کہ جو آدم صفی اللّٰہ کا آخری بروز ہے وہ اسکے واقعات سے اشد مناسبت پیدا کرے۔ سو آدم کا ذاتی واقعہ یہ ہے کہ خدا نے آدم کے ساتھ حوّا کو بھی پیدا کیا۔ سو یہی واقعہ بروز اتم کے مقام میں آخری آدم کو پیش آیا کہ اسکے ساتھ بھی ایک لڑکی پیدا کی گئی۔ اور اُسی آخری آدم کا نام عیسٰی بھی رکھا گیا۔ تا اِس بات کی طرف اشارہ ہو کہ حضرت عیسٰی کو بھی آدم صفی اللّٰہ کے ساتھ ایک مشابہت تھی۔ لیکن آخری آدم جو بروزی طور پر عیسٰی بھی ہے آدم صفی اللّٰہ سے اشد مشابہت رکھتا ہے۔ کیونکہ آدم صفی اللّٰہ کے لئے جس قدر بروزات کا دور ممکن تھا وہ تمام مراتب بروزی وجود کے طے کرکے آخری آدم پیدا ہوا ہے اور اس میں اتم اور اکمل بروزی حالت دکھائی گئی ہے۔ جیسا کہ براہین احمدیہ کے صفحہ ۵۰۵ میں میری نسبت ایک یہ خدا کا کلام اور الہام ہے کہ خلق آدم فاکرمہ یعنے خُدا نے آخری آدم کو پیدا کرکے پہلے آدموں پر ایک وجہ کی اسکو فضیلت بخشی۔ اس الہام اور کلام الٰہی کے یہی معنے ہیں کہ گو آدم

صفی اللہ کے لئے کئی بروزات تھے جن میں سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی تھے لیکن یہ آخری بروز اکمل اور اتم ہے۔

اس جگہ کسی کو یہ وہم نہ گذرے کہ اس تقریر میں اپنے نفس کو حضرت مسیح پر فضیلت دی ہے کیونکہ یہ ایک جزئی فضیلت ہے جو غیر نبی کو نبی پر ہوسکتی ہے اور تمام اہلِ علم اور معرفت اس فضیلت کے قائل ہیں۔ اور اس سے کوئی محذور لازم نہیں آتا۔ اور نہ میں اکیلا اس کا قائل ہوں جس قدر اکابر اور عارف مجھ سے پہلے گذرے ہیں وہ تمام آخری آدم کو ولایت عامہ کا خاتم سمجھتے ہیں۔ اور حقیقت آدمیہ کی بروزات کا تمام دائرہ اسپر ختم کرتے ہیں اور اپنے کشوف صحیحہ کے رُو سے اسی کا نام آخری آدم رکھتے ہیں اور اسی کا نام مہدی معہود اور اسی کا نام مسیح موعود رکھتے ہیں۔ ہاں جن لوگوں نے بروز کے مسئلہ کو اپنی جہالت سے نظرانداز کر دیا ہے۔ اور خدا کی اس سُنت کو جو اُسکی تمام مخلوق میں جاری و ساری ہے۔ بھول گئے ہیں۔ وہ لوگ ایک سطحی خیال کو ہاتھ میں لیکر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو جن کی رُوح حدیث معراج کی شہادت سے گذشتہ رُوحوں میں داخل ثابت ہوتی ہے۔ پھر دوبارہ آسمان سے اُتارتے اور دُنیا میں لاتے ہیں۔ اور نہیں سمجھتے کہ اس خیال سے مسئلہ بروز کا انکار لازم آتا ہے اور وہ انکار ایسا خطرناک ہے کہ اس سے اسلام ہی ہاتھ سے جاتا ہے۔ تمام ربّانی کتابیں مسئلہ بروز کی قائل ہیں۔ خود حضرت مسیح نے بھی یہی تعلیم سکھلائی اور احادیث نبویہ میں بھی اس کا بہت ذکر ہے۔ اسلئے اس کا انکار سخت جہالت ہے۔ اور اس سے خطرہ سلب ایمان ہے۔ اور اسی غلطی سے درمیانی زمانہ کے لوگوں نے جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان فیج الاعوج کا نہایت بُرا لقب پایا۔ اور اس اجماع کو بھول گئے جو حضرت ابوبکر کی

زبان سے ماحمّد الّا رسُول پر ہوُا تھا۔ غرض یہ پیشگوئی ایک دُور دراز زمانہ سے چلی آتی ہے کہ آخری کامل انسان آدم کے قدم پر ہوگا۔ تا دائرہ حقیقت آدمیہ پُورا ہو جائے۔ اور اس پیشگوئی کو شیخ محی الدین ابن العربی نے فصوص الحکم میں فص شیث میں لکھا ہے اور دراصل یہ پیشگوئی فص آدم میں رکھنے کے لائق تھی۔ مگر انھوں نے شیث کو الولد سرّ لابیہ کا مصداق سمجھ کر اسی کے فص میں اسکو لکھدیا ہے۔ ہم مناسب دیکھتے ہیں کہ اس جگہ شیخ کی اصل عبارت نقل کر دیں اور وہ یہ ہے۔ "وعلیٰ قدم شیث یکون آخر مولود یولد من ھذا النوع الانسانی وھو حامل اسرارہ۔ ولیس بعدہ ولد فی ھذا النوع فھو خاتم الاولاد۔ وتولد معہٗ اختٌ لہٗ فتخرج قبلہ ویخرج بعدھا یکون رأسہٗ عند رجلیھا۔ ویکون مولدہ بالصین ولغتہ لغت بلدہ۔ ویسری العُقم فی الرجال والنساء فیکثر النکاح من غیر ولادۃ۔ ویدعوھم الی اللّٰہ فلا یجاب" یعنے کامل انسانوں میں سے آخری کامل ایک لڑکا ہوگا جو اصل مولد اس کا چین ہوگا۔ یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ وُہ قوم مغل اور ترک میں سے ہوگا۔ اور ضروری ہے کہ عجم میں سے ہوگا نہ عرب میں سے۔ اور اس کو وُہ علوم اور اسرار دیئے جائیں گے جو شیث کو دیئے گئے تھے۔ اور اس کے بعد کوئی اور ولد نہ ہوگا اور وُہ خاتم الاولاد ہوگا۔ یعنے اس کی وفات کے بعد کوئی کامل بچہ پیدا نہیں ہوگا۔ اور اس فقرہ کے یہ بھی معنے ہیں کہ وُہ اپنے باپ کا آخری فرزند ہوگا۔ اور اُس کے ساتھ ایک لڑکی پیدا ہوگی جو اُس سے پہلے نکلے گی۔ اور وُہ اُس کے بعد نکلے گا۔ اُس کا سر اُس دُختر کے پَیروں سے مِلا ہُوا ہوگا۔ یعنے دُختر معمولی طریق سے پَیدا ہوگی کہ پہلے سر نکلے گا اور پھر پَیر۔ اور اُسکے

پیروں کے بعد بلا توقف اُس پسر کا سر نکلے گا (جیساکہ میری ولادت اور میری توام ہمشیرہ کی اسی طرح ظہور میں آئی۔) اور پھر بقیہ ترجمہ شیخ کی عبارت کا یہ ہے کہ اُس زمانہ میں مَردوں اور عورتوں میں بانجھ کا عارضہ سرایت کریگا۔ نکاح بہت ہوگا۔ یعنی لوگ مباشرت سے نہیں رُکیں گے مگر کوئی صالح بندہ نہیں ہوگا اور ص۱۵۹
وہ زمانہ کے لوگوں کو خدا کی طرف بُلائے گا۔ مگر وہ قبول نہیں کرینگے۔ اور اس عبارت کے شارح نے جو کچھ اس کی شرح میں لکھا ہے وہ یہ ہے۔

پہلا مولود جو آدم کو بخشا گیا وہ شیث ہے۔ اور ایک لڑکی بھی تھی جو شیث کے ساتھ بعد اُسکے پیدا ہوئی۔ پس خدا نے چاہا کہ وہ نسبت جو اوّل اور آخر میں ہوتی ہے۔ وہ نوع انسان میں متحقق کرے۔ اس لئے اُس نے ابتدا سے مقدّر کر رکھا تھا کہ طرز ولادت پسر آخری پسر اوّل سے مشابہت رکھے پس پسر آخر جو خاتم الخلفاء تھا۔ اور بموجب اس پیشگوئی کے جو شیخ نے اپنی کتاب عنقاء مغرب میں لکھی ہے وہ خاتم الخلفاء اور خاتم الاولیاء عجم میں سے پَیدا ہونے والا تھا نہ عرب سے۔ اور وہ حضرت شیث کے علوم کا حامل تھا۔ اور پیشگوئی میں یہ بھی الفاظ ہیں کہ اُس کے بعد یعنے اُسکے مرنے کے بعد نوع انسان میں علّت عقم سرایت کریگی یعنے پَیدا ہونیوالے حیوانوں اور وحشیوں سے مشابہت رکھیں گے۔ اور انسانیت حقیقی صفحہ عالم سے مفقود ہو جائیں گے۔ وہ حلال کو حلال نہیں سمجھیں گے اور نہ حرام کو حرام۔ پس اُن پر قیامت قائم ہوگی۔

اب واضح ہو کہ شیخ موصوف کی یہ پیشگوئی اگرچہ کسی صریح حدیث سے ابتک ثابت نہیں ہوئی۔ لیکن اشارۃ النص ہمیں اِس بات کی طرف توجہ دیتی ہے کہ یہ پیشگوئی قرآن میں موجود ہے۔ کیونکہ اوّل تو قرآن نے بہت سے

امثال بیان کر کے ہمارے ذہن نشین کر دیا ہے کہ وضع عالم دَوری ہے۔ اور نیکوں اور بدوں کی جماعتیں ہمیشہ بروزی طور پر دُنیا میں آتی رہتی ہیں۔ وُہ یہودی جو حضرت مسیح علیہ السلام کے وقت میں موجود تھے۔ خدا نے دُعا غَیرِ الْمَغضُوبِ عَلَیهِمْ[1] سکھلا کر اشارہ فرمادیا کہ وہ بروزی طور پر اس اُمّت میں بھی آنے والے ہیں۔ تا بروزی طور پر وُہ بھی اس مسیح موعود کو ایذا دیں۔ جو اس اُمّت میں بروزی طور پر آنے والا ہے۔ بلکہ یہ فرمایا کہ تم نمازوں میں سُورۂ فاتحہ کو ضروری طور پر پڑھو۔ یہ سکھلاتا ہے کہ مسیح موعود کا ضروری طور پر آنا مقدّر ہے۔ ایسا ہی قرآن شریف میں اِس اُمّت کے اشرار کو یہود سے نسبت دی گئی۔ اور صرف اِسی قدر نہیں بلکہ ایسے شخص کو جو مریمی صفت سے محض خدا کے نفخ سے عیسوی صفت حاصل کرنے والا تھا۔ اُس کا نام سورہ تحریم میں ابن مریم رکھدیا ہے۔ کیونکہ فرمایا ہے کہ جبکہ مثالی مریم نے بھی تقویٰ اختیار کیا۔ تو ہم نے اپنی طرف سے رُوح پھونک دی۔ اِس میں اشارہ تھا کہ مسیح ابن مریم میں کلمۃ اللہ ہونے کی کوئی خصوصیت نہیں۔ بلکہ آخری مسیح بھی کلمۃ اللہ ہے اور رُوح اللہ بھی۔ بلکہ ان دونوں صفات میں وُہ پہلے سے زیادہ کامل ہے جیساکہ سُورہ تحریم اور سُورہ فاتحہ اور سُورۃ النّور اور آیت کُنتُم خَیرَ اُمَّۃٍ اُخرِجَت[2] سے سمجھا جاتا ہے۔

پھر ماسوا اِس کے اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف میں یہ بھی فرمایا۔ ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ[3] اِس آیت سے صاف ظاہر ہے کہ ایک انسان خُدا کی اوّلیت کا مظہر تھا۔ اور ایک انسان خدا کی آخریّت کا مظہر ہوگا۔ اور لازم تھا کہ دونوں انسان ایک صفت میں برعایت خصوصیات متحد ہوں۔ پس جبکہ آدم نر اور مادّہ پیدا کیا گیا۔ اور ایسا ہی شیث کو بھی تو چاہیئے تھا کہ آخری انسان بھی نر اور مادّہ کی شکل پر پیدا ہو۔ اِس لئے قرآن کے حکم کے رُو سے وُہ وعدہ کا خلیفہ

---

[1] الفاتحہ: ۷ [2] آل عمران: ۱۱۱ [3] الحدید: ۴

اور خاتم الخلفاء جس کو دُوسرے لفظوں میں مسیح موعود کہنا چاہیئے۔ اِسی طور سے
پَیدا ہونا ضروری تھا کہ وُہ توءم کی طرح تولد پاوے۔ اس طرح سے کہ پہلے اس سے صنا
لڑکی نکلے اور بعد اس کے لڑکا خارج ہو۔ تا وُہ خاتم الولد ہو۔
سو واضح ہو کہ شیخ موصوف کی یہ پیشگوئی غالبًا اُس کا کشف ہوگا۔
مگر قرآن شریف پر نظر ڈال کر اس کی تصدیق پائی جاتی ہے۔ اور چونکہ شیخ کی
یہ کتاب آخر الکتب ہے جس میں شیخ نے یہ تسلیم نہیں کیا کہ وہ خاتم الخلفاء عیسٰی
ہے جو آسمان سے نازل ہوگا۔ بلکہ اُس کو متولّد ہونے والا مانا ہے۔ مگر توءم
کے طور پر اور شیخ کی تفسیر قرآن سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ وُہ اس بات کا
قائل نہیں ہے کہ آسمان سے عیسٰی علیہ السلام نازل ہوگا۔ اِس لئے ثابت ہوتا ہے
کہ شیخ نے اگر کسی پہلی کتاب میں عقیدہ نزول عیسٰی بیان کیا ہے تو شیخ نے
آخرکار اُس سے رُجوع کر لیا ہے۔ اور صُوفیوں کی تالیفات میں ایسا بہت ہوتا ہے
چنانچہ براہین احمدیہ میں قبل علم قطعی جو خُدا سے مُنکشف ہوا اپنے خیال سے یہی
لکھا گیا تھا کہ خود عیسٰی دوبارہ آئے گا۔ مگر خُدا نے اپنی متواتر وحی سے اِس عقیدہ
کو فاسد قرار دیا۔ اور مجھے کہا کہ **تو ہی مسیح موعود ہے۔**
اور یاد رہے کہ اگر شیخ اس پیشگوئی میں بجائے شیث کے مسیح موعود
کو آدم سے مشابہت دیتا تو بہتر تھا۔ کیونکہ قرآن اور توریت سے ثابت ہی کہ
آدم بطور توءم پَیدا ہوا تھا۔ اور براہین احمدیہ میں آج سے بائیس[۲۲] برس پہلے
میری نسبت خدا تعالیٰ کی یہ وحی شائع ہو چکی ہے کہ اردت ان استخلف
فخلقت اٰدم اِس میں بھی اشارہ تھا کہ اوّل میں بھی توأم تھا اور آخر میں بھی
توأم۔ اور میرا توأم پَیدا ہونا اور اوّل لڑکی اور بعد میں اُسی حمل سے میرا پَیدا
ہونا تمام گاؤں کے بزرگ سال لوگوں کو معلوم ہے۔ اور جنانے والی دائی کی

تحریری شہادت میرے پاس موجود ہے۔ اب ہم کتاب کو اسی جگہ ختم کرتے ہیں۔
اور خدا سے برکت اور ہدایت کی دُعا مانگتے ہیں۔ آمین ثم آمین

اور واضح ہو کہ اِس کتاب کا وہ حصہ جس میں پیشگوئیاں ہیں۔ پُورے طور پر شائع نہیں ہؤا۔ کیونکہ کتاب نزول المسیح نے اِس سے مستغنی کر دیا جس میں ڈیڑھ سو پیشگوئی درج ہے۔ خدا نے جو چاہا وُہی ہؤا۔ وَلِلّٰہِ الْاَمْر

تمّت

مؤلف

میرزا غلام احمد مسیح موعود

از قادیان ۲۵ اکتوبر ۱۹۰۲ء

ص ۱

ضمیمہ نمبر۳ منسلکہ کتاب تریاق القلوب

حضور گورنمنٹ عالیہ میں ایک عاجزانہ درخواست

جبکہ ہماری یہ محسن گورنمنٹ ہر ایک طبقہ اور درجہ کے انسانوں کی بلکہ غریب سے غریب اور عاجز سے عاجز خُدا کے بندوں کی ہمدردی کر رہی ہے۔ یہانتک کہ اِس ملک کے پرندوں اور چرندوں اور بے زبان مویشیوں کے بچاؤ کے لئے بھی اس کے عدل گستر قوانین موجود ہیں اور ہر ایک قوم اور فرقہ کو مساوی آنکھ سے دیکھکر اُن کی حق رسی میں مشغول ہے۔ تو اِس انصاف اور داد گستری اور عدل پسندی کی خصلت پر نظر کرکے یہ عاجز بھی اپنی ایک تکلیف کے رفع کے لئے حضور گورنمنٹ عالیہ میں یہ عاجزانہ عریضہ پیش کرتا ہے۔ اور پہلے اِس سے کہ اصل مقصود کو ظاہر کیا جاتے اِس محسن اور قدر شناس گورنمنٹ کی خدمت میں اس قدر بیان کرنا بے محل نہ ہوگا کہ یہ عاجز گورنمنٹ کے اُس قدیم خیر خواہ خاندان میں سے ہے جس کی خیر خواہی کا گورنمنٹ

کے عالی مرتبہ حکام نے اعتراف کیا ہے اور اپنی چٹھیوں سے گواہی دی ہے کہ وہ خاندان ابتدائی انگریزی عملداری سے آجتک خیر خواہی گورنمنٹ عالیہ میں برابر سرگرم رہا ہے۔ میرے والد مرحوم میرزا غلام مرتضیٰ اس محسن گورنمنٹ کے ایسے مشہور خیر خواہ اور دلی جان نثار تھے کہ وہ تمام حکام جو اُنکے وقت میں اس ضلع میں آئے سب کے سب اس بات کے گواہ ہیں کہ انھوں نے میرے والد موصوف کو ضرورت کے وقتوں میں گورنمنٹ کی خدمت کرنے میں کیسا پایا۔ اور اس بات کے بیان کرنے کی ضرورت نہیں کہ انھوں نے ۱۸۵۷ء کے مفسدہ کے وقت اپنی تھوڑی سی حیثیت کے ساتھ پچاس گھوڑے مع پچاس جوانوں کے اس محسن گورنمنٹ کی امداد کے لئے دیئے۔ اور ہر وقت امداد اور خدمت کے لئے کمر بستہ رہے یہانتک کہ اس دُنیا سے گذر گئے۔ والد مرحوم گورنمنٹ عالیہ کی نظر میں ایک معزز اور ہر دل عزیز رئیس تھے جن کو دربار گورنری میں کُرسی ملتی تھی اور وہ خاندان مغلیہ میں سے ایک تباہ شدہ ریاست کے بقیہ تھے جنھوں نے بہت سی مصیبتوں کے بعد گورنمنٹ انگریزی کے عہد میں آرام پایا تھا۔ یہی وجہ تھی کہ وہ دل سے اس گورنمنٹ سے پیار کرتے تھے اور اس گورنمنٹ کی خیر خواہی ایک میخ فولادی کی طرح اُن کے دل میں دھنس گئی تھی۔ اُن کی وفات کے بعد مجھے خدا تعالیٰ نے حضرت مسیح علیہ السلام کی طرح بالکل دُنیا سے الگ کر کے اپنی طرف کھینچ لیا اور مَیں نے اُس کے فضل سے آسمانی مرتبت اور عزت کو اپنے لئے پسند کر لیا لیکن مَیں اس بات کا فیصلہ نہیں کر سکتا کہ اس گورنمنٹ محسنہ انگریزی کی خیر خواہی اور ہمدردی میں مجھے زیادتی ہے یا میرے والد مرحوم کو۔ بیس برس کی مدت سے مَیں اپنے دلی جوش سے ایسی کتابیں زبان فارسی اور عربی اور اُردو اور انگریزی میں شائع کر رہا ہوں جن میں بار بار یہ لکھا گیا ہے کہ مسلمانوں کا فرض ہے جس کے ترک سے وہ خدا تعالیٰ کے گنہگار

ص ب

ہونگے کہ اِس گورنمنٹ کے سچّے خیرخواہ اور دلی جان نثار ہو جائیں اور جہاد اور خُونی مہدی کے انتظار وغیرہ بیہودہ خیالات سے جو قرآن شریف سے ہرگز ثابت نہیں ہو سکتے دست بردار ہو جائیں۔ اور اگر وُہ اِس غلطی کو چھوڑنا نہیں چاہتے تو کم سے کم یہ اُنکا فرض ہے کہ اِس گورنمنٹ محسنہ کے ناشکر گذار نہ بنیں اور نمک حرامی سے خدا کے گنہگار نہ ٹھہریں۔ کیونکہ یہ گورنمنٹ ہمارے مال اور خُون اور عزت کی محافظ ہے اور اس کے مُبارک قدم سے ہم جلتے ہُوئے تنور میں سے نکالے گئے ہیں۔ یہ کتابیں ہیں جو مَیں نے اِس مُلک اور عرب اور شام اور فارس اور مصر وغیرہ ممالک میں شائع کی ہیں۔ چنانچہ شام کے مُلک کے بعض عیسائی فاضلوں نے بھی میری کتابوں کے شائع ہونے کی گواہی دی ہے۔ اور میری بعض کتابوں کا ذکر کیا ہے✠۔ اب مَیں اپنی گورنمنٹ محسنہ کی خدمت میں جُرأت سے کہہ سکتا ہوں کہ یہ وُہ بست سالہ میری خدمت ہے جس کی نظیر برٹش انڈیا میں ایک بھی اسلامی خاندان پیش نہیں کرسکتا۔ یہ بھی ظاہر ہے کہ اِس قدر لمبے زمانہ تک کہ جو بیس برس کا زمانہ ہے ایک مسلسل طور پر تعلیم مذکورہ بالا پر زور دیتے جانا کسی منافق اور خودغرض کا کام نہیں ہے بلکہ ایسے شخص کا کام ہے جس کے دِل میں اِس گورنمنٹ کی سچّی خیرخواہی ہے۔ ہاں مَیں اِس بات کا اقرار کرتا ہوں کہ مَیں نیک نیتی سے دُوسرے مذاہب کے لوگوں سے مباحثات بھی کیا کرتا ہوں۔ اور ایسا ہی پادریوں کے مقابل پر بھی مباحثات کی کتابیں شائع کرتا

✠ خرِیسطفور جبارہ نام ایک دمشق کا رہنے والا فاضل عیسائی اپنی کتاب خلاصۃ الادیان کے صفحہ چوالیس۴۴ میں میری کتاب حمامۃ البشریٰ کا ذکر کرتا ہے۔ اور حمامۃ البشریٰ میں سے کچھ سطریں بطور نقل کے لکھتا ہے اور میری نسبت لکھتا ہے کہ یہ کتاب ایک ہندی فاضل کی ہے جو تمام ملک ہند میں مشہور ہے دیکھو خلاصۃ الادیان و زبدۃ الادیان صفحہ ۴۴ چودھویں۱۴ سطر سے اکیسویں سطر تک۔ منہ

رہا ہوں۔ اور مَیں اس بات کا بھی اقراری ہوں کہ جبکہ بعض پادریوں اور عیسائی مشنریوں کی تحریر نہایت سخت ہو گئی اور حدِ اعتدال سے بڑھ گئی۔ اور بالخصوص پرچہ نُور افشاں میں جو ایک عیسائی اخبار لُدھیانہ سے نکلتا ہے نہایت گندی تحریریں شائع ہوئیں۔ اور ان مؤلفین نے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت نعوذ باللہ ایسے الفاظ استعمال کئے کہ یہ شخص ڈاکو تھا۔ چور تھا۔ زنا کار تھا۔ اور صدہا پرچوں میں یہ شائع کیا کہ یہ شخص اپنی لڑکی پر بدنیتی سے عاشق تھا۔ اور بااین ہمہ جھوٹا تھا اور لُوٹ مار اور خُون کرنا اُس کا کام تھا۔ تو مجھے ایسی کتابوں اور اخباروں کے پڑھنے سے یہ اندیشہ دل میں پیدا ہوا۔ کہ مبادا مسلمانوں کے دلوں پر جو ایک جوش رکھنے والی قوم ہے۔ ان کلمات کا کوئی سخت اشتعال دینے والا اثر پیدا ہو۔ تب مَیں نے اُن جوشوں کو ٹھنڈا کرنے کے لئے اپنی صحیح اور پاک نیت سے یہی مناسب سمجھا کہ اس عام جوش کے دبانے کے لئے حکمت عملی یہی ہے کہ ان تحریرات کا کسی قدر سختی سے جواب دیا جائے۔ تا سریع الغضب انسانوں کے جوش فرو ہو جائیں اور مُلک میں کوئی بے امنی پیدا نہ ہو*۔ تب مَیں نے بمقابل ایسی کتابوں کے جن میں کمال سختی سے بدزبانی کی گئی تھی چند ایسی کتابیں لکھیں جن میں کسی قدر بالمقابل سختی تھی۔ کیونکہ میرے کانشنس نے قطعی طور پر مجھے فتویٰ دیا کہ اسلام میں جو بہت سے وحشیانہ جوش والے آدمی موجود ہیں۔ ان کے غیظ و غضب کی آگ بجھانے کے لئے یہ طریق کافی ہوگا۔ کیونکہ عوض معاوضہ کے بعد کوئی گلہ باقی نہیں رہتا۔ سو یہ میری پیش بینی کی تدبیر صحیح نکلی۔ اور ان کتابوں کا یہ اثر ہوا۔ کہ

* ان مباحثات کی کتابوں سے ایک یہ بھی مطلب تھا کہ برٹش انڈیا اور دوسرے ملکوں پر بھی اِس بات کو واضح کیا جاوے کہ ہماری گورنمنٹ نے ہر ایک قوم کو مباحثات کیلئے آزادی دے رکھی ہے۔ کوئی خصوصیت پادریوں کی نہیں ہے۔ منہ

ہزارہا مسلمان جو پادری عماد الدین وغیرہ لوگوں کی تیز اور گندی تحریروں سے اشتعال میں آچکے تھے یکدفعہ اُن کے اشتعال فرو ہوگئے۔ کیونکہ انسان کی یہ عادت ہے کہ جب سخت الفاظ کے مقابل پر اُس کا عوض دیکھ لیتا ہے تو اُس کا وہ جوش نہیں رہتا۔ بااین ہمہ میری تحریر پادریوں کے مقابل پر بہت نرم تھی گویا کچھ بھی نسبت نہ تھی۔ ہماری محسن گورنمنٹ خوب سمجھتی ہے کہ مسلمان سے یہ ہرگز نہیں ہو سکتا کہ اگر کوئی پادری ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو گالی دے۔ تو ایک مسلمان اُس کے عوض میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو گالی دے کیونکہ مسلمانوں کے دلوں میں دُودھ کے ساتھ ہی یہ اثر پہنچایا گیا ہے کہ وہ جیسا کہ اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت رکھتے ہیں ایسا ہی وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے محبت رکھتے ہیں۔ سو کسی مسلمان کا یہ حوصلہ ہی نہیں کہ تیز زبانی کو اس حد تک پہنچائے جس حد تک ایک متعصب عیسائی پہنچا سکتا ہے۔ اور مسلمانوں میں یہ ایک عمدہ سیرت ہے جو فخر کرنے کے لائق ہے کہ وہ تمام نبیوں کو جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے ہو چکے ہیں ایک عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور حضرت مسیح علیہ السلام سے بعض وجوہ سے ایک خاص محبت رکھتے ہیں۔ جس کی تفصیل کے لئے اس جگہ موقع نہیں۔ سو مجھ سے پادریوں کے مقابل پر جو کچھ وقوع میں آیا یہی ہے کہ حکمت عملی سے بعض وحشی مسلمانوں کو خوش کیا گیا۔ اور میں دعوے سے کہتا ہوں کہ میں تمام مسلمانوں میں سے اوّل درجہ کا خیرخواہ گورنمنٹ انگریزی کا ہوں۔ کیونکہ مجھے تین باتوں نے خیرخواہی میں اوّل درجہ کا بنا دیا ہے۔ (۱) اوّل والد مرحوم کے اثر نے۔ (۲) دوم اِس گورنمنٹ عالیہ کے احسانوں نے۔ (۳) تیسرے خدا تعالیٰ کے الہام نے۔

اب میں اِس گورنمنٹ محسنہ کے زیر سایہ ہر طرح سے خوش ہوں صرف ایک رنج اور درد و غم ہر وقت مجھے لاحق حال ہے جس کا استغاثہ پیش کرنے

کے لئے اپنی محسن گورنمنٹ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں۔ اور وہ یہ ہے کہ اس مُلک کے مولوی مسلمان اور انکی جماعتوں کے لوگ حد سے زیادہ مجھے ستاتے اور دُکھ دیتے ہیں۔ میرے قتل کے لئے ان لوگوں نے فتوے دیئے ہیں۔ مجھے کافر اور بے ایمان ٹھہرایا ہے۔ اور بعض ان میں سے حیا اور شرم کو ترک کرکے اس قسم کے اشتہار میرے مقابل پر شائع کرتے ہیں کہ یہ شخص اس وجہ سے بھی کافر ہے کہ اس نے انگریزی سلطنت کو سلطنت روم پر ترجیح دی ہے۔ اور ہمیشہ انگریزی سلطنت کی تعریف کرتا ہے۔ اور ایک باعث یہ بھی ہے کہ یہ لوگ مجھے اس وجہ سے بھی کافر ٹھہراتے ہیں کہ مَیں نے خدا تعالیٰ کے سچے الہام سے مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کیا ہے۔ اور اس خونی مہدی کے آنے سے انکار کیا ہے جس کے یہ لوگ منتظر ہیں۔ بے شک مَیں اقرار کرتا ہوں کہ مَیں نے ان لوگوں کا بڑا نقصان کیا ہے۔ کہ مَیں نے ایسے خونی مہدی کا آنا سراسر جھوٹ ثابت کر دیا ہے جس کی نسبت ان لوگوں کا خیال تھا کہ وہ آکر بے شمار روپیہ اُنکو دیگا۔ مگر مَیں معذور ہوں۔ قرآن اور حدیث سے یہ بات بپایۂ ثبوت نہیں پہنچتی کہ دُنیا میں کوئی ایسا مہدی آئیگا جو زمین کو خون میں غرق کر دے گا۔ پس مَیں نے ان لوگوں کا بجز اس کے کوئی گناہ نہیں کیا کہ اس خیالی لُوٹ مار کے روپیہ سے مَیں نے ان کو محروم کر دیا ہے۔ مَیں خدا سے پاک الہام پاکر یہ چاہتا ہوں کہ ان لوگوں کے اخلاق اچھے ہو جائیں اور وحشیانہ عادتیں دُور ہو جائیں۔ اور نفسانی جذبات سے اُنکے سینے دھوئے جائیں۔ اور ان میں آہستگی اور سنجیدگی اور حلم اور میانہ روی اور انصاف پسندی پیدا ہو جائے۔ اور یہ اپنی اِس گورنمنٹ کی ایسی اطاعت کریں کہ دُوسروں کے لئے نمونہ بن جائیں۔ اور یہ ایسے ہو جائیں کہ کوئی بھی فساد کی رگ ان میں باقی نہ رہے۔ چنانچہ کسی قدر یہ مقصود مجھے حاصل بھی ہو گیا ہے اور مَیں دیکھتا ہوں کہ دس ہزار

صہ

یا اس سے بھی زیادہ ایسے لوگ پیدا ہو گئے ہیں جو میری ان پاک تعلیموں کے دل سے پابند ہیں✣۔ اور یہ نیا فرقہ مگر گورنمنٹ کے لئے نہایت مبارک فرقہ برٹش انڈیا میں زور سے ترقی کر رہا ہے۔ اگر مسلمان ان تعلیموں کے پابند ہو جائیں تو مَیں قسم کھا کر کہہ سکتا ہوں کہ وہ فرشتے بنجائیں۔ اور اگر وہ اس گورنمنٹ کی سب قوموں سے بڑھ کر خیر خواہ ہو جائیں۔ تو تمام قوموں سے زیادہ خوش قسمت ہو جائیں۔ اگر وہ مجھے قبول کر لیں اور مخالفت نہ کریں تو یہ سب کچھ انہیں حاصل ہو گا۔ اور ایک نیکی اور پاکیزگی کی رُوح اُن میں پیدا ہو جائے گی۔ اور جس طرح ایک انسان متوجہ ہو کر گندے شہوات کے جذبات سے الگ ہو جاتا ہے۔ اسی طرح میری تعلیم سے ان میں تبدیلی پیدا ہو گی۔ مگر مَیں نہیں کہتا کہ گورنمنٹ عالیہ جبرًا انکو میری جماعت میں داخل کرے۔ اور نہ میں اِس وقت یہ استغاثہ کرتا ہوں کہ کیوں وہ ہر وقت میرے قتل کے درپے ہیں اور کیوں میرے قتل کے لئے جھوٹے فتوے شائع کر رہے ہیں۔ اور مَیں جانتا ہوں کہ یہ بد ارادے اُن کے عبث ہیں۔ کیونکہ کوئی چیز زمین پر نہیں ہو سکتی جبتک آسمان پر نہ ہو لے۔ اور مَیں اُن کی بدی کے عوض میں اُن کے حق میں دُعا کرتا ہوں کہ خدا تعالیٰ اُن کی آنکھیں کھولے اور وہ خدا اور مخلوق کے حقوق کے شناسا ہو جائیں۔ مگر چونکہ ان لوگوں کی عداوت حد سے بڑھ گئی ہے۔ اِس لئے مَیں نے ان کی اصلاح کے لئے اور ان کی بھلائی کے لئے بلکہ

✣ مَیں نے اپنی کسی کتاب میں لکھا تھا کہ میری جماعت تین سَو آدمی ہے۔ لیکن اب وہ شمار بہت بڑھ گیا ہے۔ کیونکہ زور سے ترقی ہو رہی ہے۔ اب مَیں یقین رکھتا ہوں کہ میری جماعت کے لوگ دس ہزار سے بھی کچھ زیادہ ہوں گے۔ اور میری فراست یہ پیشگوئی کرتی ہے کہ تین سال تک ایک لاکھ تک میری اِس جماعت کا عدد پہنچ جاوے گا۔ منہ

تمام مخلوق کی خیر خواہی کے لئے ایک تجویز سوچی ہے جو ہماری گورنمنٹ کی امن پسند پالیسی کے مناسب حال ہے جس کی تعمیل اس گورنمنٹ عالیہ کے ہاتھ میں ہے۔ اور وُہ یہ ہے کہ یہ محسن گورنمنٹ جس کے احسانات سب سے زیادہ مسلمانوں پر ہیں ایک یہ احسان کرے کہ اِس ہر روزہ تکفیر اور تکذیب اور قتل کے فتووں اور منصوبوں کے روکنے کے لئے خود درمیان میں ہو کر یہ ہدایت فرما وے کہ اِس تنازع کا فیصلہ اِس طرح پر ہو کہ مدعی یعنے یہ عاجز جس کو مسیح موعود ہونے کا دعویٰ ہے اور جس کو یہ دعویٰ ہے کہ جس طرح نبیوں سے خدا تعالیٰ ہم کلام ہوتا تھا۔ اُسی طرح مجھ سے ہم کلام ہوتا ہے اور غیب کے بھید مجھ پر ظاہر کئے جاتے ہیں اور آسمانی نشان دکھلائے جاتے ہیں۔ یہ مدعی یعنے یہ عاجز گورنمنٹ کے حکم سے ایک سال کے اندر ایک ایسا آسمانی نشان دکھلاوے ایسا نشان جس کا مقابلہ کوئی قوم اور کوئی فرقہ جو زمین پر رہتے ہیں نہ کر سکے۔ اور مسلمانوں کی قوموں یا دُوسری قوموں میں سے کوئی ایسا مُلہم اور خواب بین اور معجزہ نما پَیدا نہ ہو سکے جو اُس نشان کی ایک سال

صـ کیا کے اندر نظیر پیش کرے۔ اور ایسا ہی ان تمام مسلمانوں بلکہ ہر ایک قوم کے پیشواؤں کو جو ملہم اور خدا کے مقرب ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں ہدایت اور فہمائش ہو کہ اگر وُہ اپنے تئیں سچ پر اور خُدا کے مقبول سمجھتے ہیں اور ان میں کوئی ایسا پاک دِل ہے جس کو خدا نے ہم کلام ہونے کا شرف بخشا ہے اور الٰہی طاقت کے نمونے اس کو دیئے گئے ہیں۔ تو وہ بھی ایک سال تک کوئی نشان دِکھلادیں۔ پھر بعد اس کے اگر ایک سال تک اِس عاجز نے ایسا کوئی نشان نہ دِکھلایا جو انسانی طاقتوں سے بالاتر اور انسانی ہاتھ کی ملونی سے بھی بلند تر ہو۔ یا یہ کہ نشان تو دِکھلایا مگر اس قسم کے نشان اَور مسلمانوں یا اور قوموں سے بھی ظہور میں آگئے تو یہ سمجھا جائے کہ مَیں خُدا کی طرف سے نہیں ہوں اور اِس صُورت میں مجھکو کوئی سخت سزا دیجائے گو

موت کی ہی سزا ہو۔ کیونکہ اس صورت میں فساد کی تمام بنیاد میری طرف سے ہوگی۔ اور مفسد کو سزا دینا قرینِ انصاف ہے اور خدا پر جھوٹ بولنے سے کوئی گناہ بدتر نہیں۔ لیکن اگر خدا تعالیٰ نے ایک سال کی میعاد کے اندر میری مدد کی اور زمین کے رہنے والوں میں سے کوئی میرا مقابلہ نہ کرسکا۔ تو پھر میں یہ چاہتا ہوں کہ یہ گورنمنٹ محسنہ میرے مخالفوں کو نرمی سے ہدایت کرے کہ اِس نظارہ قدرت کے بعد شرم اور حیا سے کام لیں۔ اور تمام مردی اور بہادری سچائی کے قبول کرنے میں ہے۔

اِس قدر عرض کر دینا پھر دوبارہ ضروری ہے کہ نشان اِس قسم کا ہوگا کہ جو انسانی طاقتوں سے بالاتر ہو۔ اور اِس میں نکتہ چینی کی ایک ذرہ گنجائش نہ ہو کہ ممکن ہے کہ اس شخص نے ناجائز اسباب سے کام لیا ہو۔ بلکہ جس طرح آفتاب اور ماہتاب کے طلوع اور غروب میں یہ ظن نہیں ہوسکتا کہ کسی انسان نے پیش از وقت اپنی حکمت عملی سے انکو چڑھایا ہے۔ یا غروب کر دیا ہے۔ اِسی طرح اِس نشان میں بھی ایسا ظن کرنا محال ہو۔ اِس قسم کا فیصلہ صدہا نیک نتیجے پیدا کرے گا۔ اور ممکن ہے کہ اس سے تمام قومیں ایک ہو جائیں اور بیجا نزاعیں اور جھگڑے اور قوموں کا تفرقہ اور حد سے زیادہ عناد جو قانون سڈیشن کے منشاء کے بھی برخلاف ہے یہ تمام پھوٹ صفحہ برٹش انڈیا سے نابود ہو جائے۔ اور اِس میں شک نہیں کہ یہ پاک کارروائی گورنمنٹ کی ہمیشہ کے لئے اِس ملک میں یادگار رہے گی اور یہ کام گورنمنٹ کے لئے بہت مقدم اور ضروری ہے اور انشاء اللہ اس سے نیک نتیجے پیدا ہوں گے۔ چونکہ آجکل یورپ کی بعض گورنمنٹیں اِس بات کی طرف بھی مائل ہیں کہ مختلف مذاہب کی خوبیاں معلوم کی جائیں کہ ان سب میں سے خوبیوں میں بڑھا ہوا کونسا مذہب ہے اور اِس غرض سے یورپ کے بعض ملکوں میں جلسے کئے جاتے ہیں جیسا کہ اِن دنوں میں اٹلی میں ایسا ہی جلسہ درپیش ہے اور پھر پیرس میں بھی ہوگا۔ سو جبکہ یورپ کے سلاطین کا

میلان طبعاً اس طرف ہوگیا ہے اور سلاطین کی اس قسم کی تفتیش بھی لوازم سلطنت میں سے شمار کی گئی ہے اس لئے مناسب نہیں ہے کہ ہماری یہ اعلیٰ درجہ کی گورنمنٹ دُوسروں سے پیچھے رہے۔ اور تمہید اس کارروائی کی اس طرح پر ہو سکتی ہے کہ ہماری عالی ہمت گورنمنٹ ایک مذہبی جلسہ کا اعلان کرکے اس زیر تجویز جلسہ کی ایسی تاریخ مقرر کرے جو دو سال سے زیادہ نہ ہو۔ اور تمام قوموں کے سرگروہ علماء اور فقراء اور ملہموں کو اس غرض سے بُلایا جائے کہ وہ جلسہ کی تاریخ پر حاضر ہوکر اپنے مذہب کی سچائی کے دوؔ ثبوت دیں۔ (۱) اوّل ایسی تعلیم پیش کریں جو دُوسری تعلیموں سے اعلیٰ ہو جو انسانی درخت کی تمام شاخوں کی آبپاشی کر سکتی ہو۔ (۲) دُوسرے یہ ثبوت سن
دیں کہ اُن کے مذہب میں رُوحانیت اور طاقت بالا ویسی ہی موجود ہے جیسا کہ ابتداء میں دعویٰ کیا گیا تھا۔ اور وہ اعلان جو جلسہ سے پہلے شائع کیا جائے اُسمیں بتصریح یہ ہدایت ہو کہ قوموں کے سرگروہ ان دو ثبوتوں کے لئے تیار ہوکر جلسہ کے میدان میں قدم رکھیں اور تعلیم کی خوبیاں بیان کرنے کے بعد ایسی اعلیٰ پیشگوئیاں پیش کریں جو محض خدا کے علم سے مخصوص ہوں۔ اور نیز ایک سال کے اندر پُوری بھی ہو جائیں۔ غرض ایسے نشان ہوں جن سے مذہب کی رُوحانیت ثابت ہو۔ اور پھر ایک سال تک انتظار کرکے غالب مغلوب کے حالات شائع کر دیئے جائیں۔ میرے خیال میں ہے کہ اگر ہماری دانا گورنمنٹ اس طریق پر کاربند ہو اور آزمائے کہ کس مذہب اور کس شخص میں رُوحانیت اور خدا کی طاقت پائی جاتی ہے۔ تو یہ گورنمنٹ دُنیا کی تمام قوموں پر احسان کرے گی۔ اور اس طرح سے ایک سچے مذہب کو اُس کے تمام رُوحانی زندگی کے ساتھ دُنیا پر پیش کرکے تمام دُنیا کو راہ راست پر لے آئے گی۔ کیونکہ وُہ تمام شور و غوغا جو کسی ایسے مذہب کے لئے کیا جاتا ہے جس کے ساتھ فوق العادت زندہ نشان نہیں اور محض روایات پر مدار ہے وہ سب ہیچ ہے

کیونکہ کوئی مذہب بغیر نشان کے انسان کو خدا سے نزدیک نہیں کر سکتا اور نہ گناہ سے نفرت دلا سکتا ہے۔ مذہب مذہب پکارنے میں ہر ایک کی بلند آواز ہے۔ لیکن کبھی ممکن نہیں کہ فی الحقیقت پاک زندگی اور پاک دلی اور خدا ترسی میسر آسکے جبتک کہ انسان مذہب کے آئینہ میں کوئی فوق العادۃ نظارہ مشاہدہ نہ کرے۔ نئی زندگی ہرگز حاصل نہیں ہو سکتی جب تک ایک نیا یقین پیدا نہ ہو۔ اور کبھی نیا یقین پیدا نہیں ہو سکتا جب تک موسیٰ اور مسیح اور ابراہیم اور یعقوب اور محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرح نئے معجزات نہ دکھائے جائیں۔ نئی زندگی انہی کو ملتی ہے جن کا خدا نیا ہو۔ یقین نیا ہو۔ نشان نئے ہوں۔ اور دوسرے تمام لوگ قصوں کہانیوں کے جال میں گرفتار ہیں۔ دل غافل ہیں اور زبانوں پر خدا کا نام ہے۔ میں سچ سچ کہتا ہوں کہ زمین کے شور و غوغا تمام قصے اور کہانیاں ہیں اور ہر ایک شخص جو اسوقت کئی سو برس کے بعد اپنے کسی پیغمبر یا اوتار کے ہزار ہا معجزات سناتا ہے۔ وہ خود اپنے دل میں جانتا ہے کہ وہ ایک قصہ بیان کر رہا ہے جس کو نہ اس نے اور نہ اس کے باپ نے دیکھا ہے۔ اور نہ اس کے دادے کو اس کی خبر ہے۔ وہ خود نہیں سمجھ سکتا۔ کہ کہانتک اس کا یہ بیان صحیح اور درست ہے۔ کیونکہ یہ دنیا کے لوگوں کی عادت ہے کہ ایک تنکے کا پہاڑ بنادیا کرتے ہیں۔ اس لئے یہ تمام قصے جو معجزات کے رنگ میں پیش کئے جاتے ہیں ان کا پیش کرنے والا خواہ کوئی مسلمان ہو یا عیسائی ہو جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو خدا جانتا ہے۔ یا کوئی ہندو ہو جو اپنے اوتاروں کے کرشمے کتابیں اور پستک کھول کر سناتا ہے یہ سب کچھ ہیچ اور لاشے ہیں۔ اور ایک کوڑی انکی قیمت نہیں ہو سکتی جب تک کہ کوئی زندہ نمونہ اُن کے ساتھ نہ ہو۔ اور سچا مذہب وُہی ہے جس کے ساتھ زندہ نمونہ ہے۔ کیا کوئی دل اور کوئی کانشنس اس بات کو قبول کر سکتا ہے کہ ایک مذہب تو سچا ہے مگر اس کی سچائی کی چمکیں اور سچائی کے

نشان آگے نہیں بلکہ پیچھے رہ گئے ہیں۔ اور اُن ہدایتوں کے بھیجنے والے کے مُنہ پر ہمیشہ کے لئے مُہر لگ گئی ہے۔ مَیں جانتا ہوں کہ ہر ایک انسان جو سچّی بھوک اور پیاس خدا تعالیٰ کی طلب میں رکھتا ہے وُہ ایسا خیال ہرگز نہیں کریگا۔ اِس لئے ضروری ہے کہ سچّے مذہب کی یہی نشانی ہو کہ زندہ خدا کے زندہ نمونے اور اُس کے نشانوں کے چمکتے ہُوئے نُور اُس مذہب میں تازہ بتازہ موجود ہوں۔ اگر ہماری حش
گورنمنٹ عالیہ ایسا جلسہ کرے تو یہ نہایت مبارک ارادہ ہے۔ اور اِس سے ثابت ہوگا کہ یہ گورنمنٹ سچائی کی حامی ہے۔ اور اگر ایسا جلسہ ہو تو ہر ایک شخص اپنے اختیار سے اور ہنسی خوشی سے اس جلسہ میں داخل ہو سکتا ہے۔ قوموں کے پیشوا جنھوں نے مقدس کہلا کر کروڑہا روپیہ قوموں کا کھالیا ہے۔ ان کے تقدس کو آزمانے کے لئے اِس سے بڑھ کر اور کوئی عمدہ طریق نہیں کہ جو اُنکا یا اُن کے مذہب کا خُدا کے ساتھ رشتہ ہے اس رشتہ کا زندہ ثبوت مانگا جائے۔ یہ عاجز اپنے دِلی جوش سے جو ایک پاک جوش ہے یہی چاہتا ہے کہ ہماری محسن گورنمنٹ کے ہاتھ سے یہ فیصلہ ہو۔ خدایا اس عالی مرتبہ گورنمنٹ کو یہ الہام کر۔ تا وُہ اِس قسم کے جلسوں میں سب سے پیچھے آکر سب سے پہلے ہو جائے۔ اور مَیں چونکہ مسیح موعود ہوں۔ اِس لئے حضرت مسیح کی عادت کا رنگ مجھ میں پایا جانا ضروری ہے۔ حضرت مسیح علیہ السلام وُہ انسان تھے جو مخلوق کی بھلائی کے لئے صلیب پر چڑھے۔ گو خُدا کے رحم نے اُن کو بچالیا۔ اور مرہم عیسیٰ ✤ نے اُن کے زخموں کو اچھا کر کے آخر

✤ مرہم عیسیٰ ایک نہایت مبارک مرہم ہے جس سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زخم اچھے ہوئے تھے جبکہ آپنے خدا تعالیٰ کے فضل سے سُولی سے نجات پائی تو صلیب کی کیلوں کے جو زخم تھے جن کو آپ نے حواریوں کو بھی دکھلایا تھا وُہ اسی مرہم سے اچھے ہُوئے تھے۔ یہ مرہم طب کی ہزار کتاب میں درج ہے اور قانون بوعلی سینا میں بھی مندرج ہے اور رومیوں اور یونانیوں اور عیسائیوں اور یہودیوں اور مسلمانوں غرض تمام فرقوں کے طبیبوں نے اِس مرہم کو اپنی کتابوں میں لکھا ہے۔ منہ

کشمیر جنت نظیر میں اُن کو پہنچا دیا۔ سو انہوں نے سچائی کے لئے صلیب سے پیار کیا۔ اَور اس طرح اُس پر چڑھ گئے جیسا کہ ایک بہادر سوار خوش عنان گھوڑے پر چڑھتا ہے۔ سو ایسا ہی مَیں بھی مخلوق کی بھلائی کے لئے صلیب سے پیار کرتا ہوں۔ اور مَیں یقین رکھتا ہوں کہ جس طرح خدا تعالیٰ کے فضل اور کرم نے حضرت مسیح کو صلیب سے بچا لیا۔ اَور انکی تمام رات کی دُعا جو باغ میں کی گئی تھی قبول کر کے اُنکو صلیب اور صلیب کے نتیجوں سے نجات دی۔ ایسا ہی مجھے بھی بچائے گا۔ اور حضرت مسیح صلیب سے نجات پاکر نصیبین کی طرف آئے اور پھر افغانستان کے مُلک میں ہوتے ہُوئے کوہ نعمان میں پہنچے۔ اور جیسا کہ اُس جگہ شہزادہ نبی کا چبوترہ ابتک گواہی دے رہا ہے۔ وُہ ایک مُدت تک کوہ نعمان میں رہے۔ اور پھر اس کے بعد پنجاب کی طرف آئے۔ آخر کشمیر میں گئے اور کوہ سلیمان پر ایک مُدت تک عبادت کرتے رہے۔ اور سکھوں کے زمانہ تک اُن کی یادگار کا کوہ سلیمان پر کتبہ موجود تھا آخر سرینگر میں ایک سو پچیس برس کی عمر میں وفات پائی اور خان یار کے محلہ کے قریب آپ کا مُقدس مزار ہے۔ غرض جیسا کہ اس نبی نے سچائی کے لئے صلیب کو قبول کیا ایسا ہی مَیں بھی قبول کرتا ہُوں۔ اگر اس جلسہ کے بعد جس کی گورنمنٹ محسنہ کو ترغیب دیتا ہوں ایک سال کے اندر میرے نشان تمام دُنیا پر غالب نہ ہوں تو مَیں خدا کی طرف سے نہیں ہوں۔ مَیں راضی ہوں کہ اس جُرم کی سزا میں سُولی دیا جاؤں اور میری ہڈیاں توڑی جائیں۔ لیکن وُہ خدا جو آسمان پر ہے جو دِل کے خیالات کو جانتا ہے جس کے الہام سے مَیں نے اس عریضہ کو لکھا ہے۔ وُہ میرے ساتھ ہوگا۔ اور میرے ساتھ ہے۔ وُہ مجھے اِس گورنمنٹ عالیہ اور قوموں کے سامنے شرمندہ نہیں کریگا۔ اُسی کی رُوح ہے جو میرے اندر بولتی ہے۔ مَیں نہ اپنی طرف سے بلکہ اُس کی طرف سے یہ پیغام پہنچا رہا ہوں تا سب کچھ جو اتمام حُجت کیلئے چاہیئے

پُورا ہو۔ یہ سچ ہے کہ مَیں اپنی طرف سے نہیں بلکہ اُس کی طرف سے کہتا ہوں اور وُہی ہے جو میرا مددگار ہوگا۔

بالآخر مَیں اِس بات کا بھی شکر کرتا ہوں کہ ایسے عریضہ کو پیش کرنے کے لئے مَیں بجز اِس سلطنت محسنہ کے اور کسی سلطنت کو وسیع الاخلاق نہیں پاتا۔ ﴿۵۱﴾ اور گو اِس مُلک کے مولوی ایک اَور کُفر کا فتویٰ بھی مجھ پر لگاویں۔ مگر مَیں کہنے سے باز نہیں رہ سکتا کہ ایسے عرائض کے پیش کرنے کے لئے عالی حوصلہ عالی اخلاق صرف سلطنت انگریزی ہے مَیں اِس سلطنت کے مقابل پر سلطنت روم کو بھی نہیں پاتا۔ جو اِسلامی سلطنت کہلاتی ہے۔ اب مَیں اِس دُعا پر ختم کرتا ہوں۔ کہ خدا تعالیٰ ہماری محسنہ ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کو عُمر دراز کرکے ہر ایک اقبال سے بہرہ ور کرے۔ اور وُہ تمام دُعائیں جو مَیں نے اپنے رسالہ ستارۂ قیصرہ اور تحفۂ قیصریہ میں ملکہ موصوفہ کو دی ہیں قبول فرماوے۔ اور مَیں اُمید رکھتا ہوں۔ کہ گورنمنٹ محسنہ اِس کے جواب سے مجھے مشرف فرماوے گی۔ والدعا۔

عریضۂ خاکسار

مرزا غلام احمدؐ از قادیان

المرقوم ۲۷۔ ستمبر ۱۸۹۹ء

ضمیمہ تریاق القلوب نمبر ۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۔ نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

ایک الہامی پیشگوئی کا اشتہار

چونکہ مجھے ان دنوں میں چند متواتر الہام ہوئے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ خدا تعالیٰ عنقریب آسمان سے کوئی ایسا نشان ظاہر کرے گا جس سے میرا صدق ظاہر ہو۔ اس لئے میں اس اشتہار کے ذریعہ سے حق کے طالبوں کو امید دلاتا ہوں کہ وہ وقت قریب ہے کہ جب آسمان سے کوئی تازہ شہادت میری تائید کے لئے نازل ہوگی۔ یہ ظاہر ہے کہ جس قدر خدا تعالیٰ کے مامور دنیا میں آئے ہیں گو انکی تعلیم نہایت اعلیٰ تھی اور اُن کے اخلاق نہایت اعلیٰ تھے اور اُنکی زیرکی اور فراست بھی اعلیٰ درجہ پر تھی۔ لیکن اُنکا خدا تعالےٰ سے ہم کلام ہونا لوگوں نے قبول نہ کیا جبتک کہ ان کی تائید میں آسمان سے کوئی نشان نازل نہیں ہوا۔ اسی طرح خدا تعالیٰ اس جگہ بھی بارش کی طرح اپنے نشان ظاہر کر رہا ہے۔ تا دیکھنے والے دیکھیں۔ اور سوچنے والے سوچیں۔ اور اب مجھے بتایا گیا ہے کہ ایک برکت اور رحمت اور اعزاز کا نشان ظاہر ہوگا جس سے اکثر لوگ تسلی پائیں گے جیسا کہ ۱۴ ستمبر ۱۸۹۹ء کو یہ الہام ہوا۔

ایک عزت کا خطاب۔ ایک عزت کا خطاب لَكَ خِطَابُ الْعِزَّة۔ ایک بڑا نشان اسکے ساتھ ہوگا۔

یہ تمام خدائے پاک قدیر کا کلام ہے جس کو میں نے موٹی قلم سے لکھ دیا ہے۔

اگرچہ انسانوں کے لئے بادشاہوں اور سلاطین وقت سے بھی خطاب ملتے ہیں۔ مگر وہ صرف ایک لفظی خطاب ہوتے ہیں جو بادشاہوں کی مہربانی اور کرم اور شفقت کی وجہ سے یا اور اسباب سے کسی کو حاصل ہوتے ہیں۔ اور بادشاہ اس کے ذمہ وار نہیں ہوتے۔ کہ جو خطاب اُنہوں نے دیا ہے اس کے مفہوم کے موافق وہ شخص اپنے تئیں ہمیشہ رکھے۔ جس کو ایسا خطاب دیا گیا ہے۔ مثلاً کسی بادشاہ نے کسی کو شیر بہادر کا خطاب دیا تو وہ بادشاہ اس بات کا متکفل نہیں ہوسکتا کہ ایسا شخص ہمیشہ اپنی بہادری دکھلاتا رہیگا۔ بلکہ ممکن ہے کہ ایسا شخص ضعف قلب کی وجہ سے ایک چوہے کی تیز رفتاری سے بھی کانپ اٹھتا ہو۔ چہ جائیکہ وہ کسی میدان میں شیر کی طرح بہادری دکھلاوے۔ لیکن وہ شخص جس کو خدا تعالیٰ سے شیر بہادر کا خطاب ملے اُس کے لئے ضروری ہے کہ وہ درحقیقت بہادر ہی ہو۔ کیونکہ خدا انسان نہیں ہے کہ جھوٹ بولے یا دھوکہ کھاوے۔ یا کسی پولیٹیکل مصلحت سے ایسا خطاب دیدے۔ جس کی نسبت وہ اپنے دل میں جانتا ہے کہ دراصل وہ شخص اس خطاب کے لائق نہیں ہے۔ اِس لئے یہ بات محقق امر ہے کہ فخر کے لائق وہی خطاب ہے جو خدا تعالیٰ کی طرف سے ملتا ہے۔ اور وہ خطاب دو قسم کا ہے۔ اوّل وہ جو وحی اور الہام کے ذریعہ سے خدا تعالیٰ کی طرف سے عطا ہوتا ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے پاک نبیوں میں سے کسی کو صفی اللہ کا لقب دیا۔ اور کسی کو کلیم اللہ کا اور کسی کو رُوح اللہ کا اور کسی کو مصطفےٰ اور حبیب اللہ کا۔ اِن تمام نبیوں پر خدا تعالیٰ کا سلام اور رحمتیں ہوں۔ اور دُوسری قسم خطاب کی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ بعض نشانوں اور تائیدات کے ذریعہ سے بعض اپنے مقبولین کی اس قدر محبت لوگوں کے دِلوں میں ایک دفعہ ڈالدیتا ہے کہ یا تو اُنکو جھوٹا اور کافر اور مفتری کہا جاتا ہے اور طرح طرح کی نکتہ چینیاں کی جاتی ہیں اور ہر ایک بدعادت اور عیب اُن کی طرف منسوب کیا جاتا ہے۔ اور یا ایسا ظہور میں آتا ہے کہ ان کی تائید میں کوئی ایسا پاک نشان ظاہر ہو جاتا ہے جسکی

نسبت کوئی انسان کوئی بدظنی نہ کرسکے اور ایک موٹی عقل کا آدمی بھی سمجھ سکے کہ یہ نشان انسانی ہاتھوں اور انسانی منصوبوں سے پاک ہے اور خاص خدا تعالیٰ کی رحمت اور فضل کے ہاتھ سے نکلا ہے۔ تب ایسا نشان ظاہر ہونے سے ہر ایک سلیم طبیعت ص۲
بغیر کسی شک و شبہ کے اُس انسان کو قبول کرلیتی ہے۔ اور لوگوں کے دِلوں میں خدا تعالیٰ کی طرف سے ہی یہ بات پڑ جاتی ہے کہ یہ شخص درحقیقت سچا ہے۔ تب لوگ اس الہام کے ذریعہ سے جو خدا تعالیٰ لوگوں کے دِلوں میں ڈالتا ہے۔ اس شخص کو صادق کا خطاب ٭ دیتے ہیں۔ کیونکہ لوگ اس کو صادق صادق کہنا شروع کر دیتے ہیں۔ اور لوگوں کا یہ خطاب ایسا ہوتا ہے کہ گویا خدا تعالیٰ نے آسمان سے خطاب دیا۔ کیونکہ خدا تعالیٰ آپ ان کے دِلوں میں یہ مضمون نازل کرتا ہے کہ لوگ اس کو صادق کہیں۔

اب جہانتک میں نے غور و فکر کی ہے میں اپنے اجتہاد سے نہ کسی الہامی تشریح سے اُس الہام کے جس کو میں نے ابھی ذکر کیا ہے یہی معنے کرتا ہوں۔ کیونکہ ان معنوں کے لئے اس الہام کا آخری فقرہ ایک بڑا قرینہ ہے۔ کیونکہ آخری فقرہ یہ ہے کہ ایک بڑا نشان اس کے ساتھ ہوگا۔ لہٰذا میں اپنے اجتہاد ٭٭ سے اس کے یہ معنے سمجھتا ہوں کہ خدا تعالیٰ

٭ اس خطاب کی مثال یہ ہے کہ جیسا کہ مصر کے بادشاہ فرعون نے حضرت یوسف علیہ السلام کو صدیق کا خطاب دیا۔ کیونکہ بادشاہ نے جب دیکھا کہ اس شخص نے صدق اور پاک باطنی اور پرہیزگاری کے محفوظ رکھنے کے لئے بارہ برس کا جیلخانہ اپنے لئے منظور کیا مگر بدکاری کی درخواست کو نہ مانا۔ بلکہ ایک لحظہ کیلئے بھی دِل پلید نہ ہوا۔ تب بادشاہ نے اس راستباز کو صدیق کا خطاب دیا جیسا کہ قرآن شریف سورۂ یوسف میں ہے یوسف اَیُّهَا الصِّدِّیْقُ[1] معلوم ہوتا ہے کہ انسانی خطابوں میں سے پہلا خطاب یہی تھا جو حضرت یوسف کو ملا۔ منہ

٭٭ جس کے ساتھ خدا تعالیٰ کا معاملہ وحی اور الہام کے ساتھ ہو۔ وہ خوب جانتا ہے کہ ملہمین کو کبھی اجتہادی طور پر بھی اپنے الہام کے معنے کرنے پڑتے ہیں۔ اس طرح کے الہام بہت ہیں جو مجھے کئی دفعہ ہوئے ہیں۔ اور بعض وقت ایسا الہام ہوتا ہے کہ حیرت ہوتی ہے کہ اس کے کیا معنے ہیں۔ اور ایک مدّت کے بعد

[1] یوسف : ۴۷

اس جھگڑے کے فیصلہ کرنے کے لئے جو کسی حد تک پرانا ہوگیا ہے اور حد سے زیادہ تکذیب اور تکفیر ہو چکی ہے۔ کوئی ایسا برکت اور رحمت اور فضل اور صلحکاری کا نشان ظاہر کریگا۔ کہ وہ انسانی ہاتھوں سے برتر اور پاک تر ہوگا۔ تب ایسی کھلی کھلی سچائی کو دیکھ کر لوگوں کے خیالات میں ایک تبدیلی واقع ہوگی اور نیک طینت آدمیوں کے کینے یکدفعہ رفع ہو جائیں گے۔ مگر جیسا کہ مَیں نے ابھی بیان کیا ہے یہ میرا ہی خیال ہے ابھی کوئی الہامی تشریح نہیں ہے۔ میرے ساتھ خدا تعالیٰ کی عادت یہ ہے کہ کبھی کسی پیشگوئی میں مجھے اپنی طرف سے کوئی تشریح عنایت کرتا ہے اور کبھی مجھے میرے فہم پر ہی چھوڑ دیتا ہے مگر یہ تشریح جو ابھی مَیں نے کی ہے اس کی ایک خواب بھی مؤید ہے جو ابھی ۱۲۔ اکتوبر ۱۸۹۹ء کو میں نے دیکھی ہے اور وہ یہ ہے کہ مَیں نے خواب میں محبّی اخویم مفتی محمد صادق کو دیکھا ہے۔ اور قبل اس کے جو مَیں اس خواب کی تفصیل بیان کروں اس قدر لکھنا فائدہ سے خالی نہیں ہوگا کہ مفتی محمد صادق میری

اس کے معنے کھلتے ہیں۔ مثلاً ۱۰ ستمبر ۱۸۹۹ء کو خدا تعالیٰ نے مجھے مخاطب کرکے اپنا کلام مجھ پر نازل کیا۔ انا اخرجنا لك زروعًا یا ابراھیم۔ یعنے اے ابراہیم ہم تیرے لئے ربیع کی کھیتیاں اُگائیں گے۔ زروع زرع کی جمع ہے اور زرع عربی زبان میں ربیع کی کھیتی یعنے گندم و جَو وغیرہ کو کہتے ہیں۔ مگر آثار ایسے نہیں ہیں کہ یہ الہام اپنے ظاہر معنوں کے رُو سے پُورا ہو۔ کیونکہ ربیع کی تخم ریزی کے ایّام گویا گذر گئے۔ لہذا مجھے صرف اجتہاد سے یہ معنے معلوم ہوتے ہیں کہ تجھے کیا غم ہے تیری کھیتیاں تو بہت نکلیں گی۔ یعنے ہم تیری تمام حاجات کے متکفّل ہیں۔ ایسا ہی ایک اور دُوسرا الہام متشابہات میں سے ہے جو ۴۔ اکتوبر ۱۸۹۹ء کو مجھے ہُوا۔ اور وُہ یہ ہے کہ قیصرِ ہند کی طرف سے شکریہ۔ اور یہ ایسا لفظ ہے۔ کہ حیرت میں ڈالتا ہے۔ کیونکہ مَیں ایک گوشہ نشین آدمی ہوں اور ہر ایک قابل پسند خدمت سے عاری۔ اور قبل از موت اپنے تئیں مُردہ سمجھتا ہوں۔ میرا شکریہ کیسا۔ سو ایسے الہام متشابہات میں سے ہوتے ہیں جب تک خود خدا انکی حقیقت ظاہر نہ کرے۔ منہ

جماعت میں سے اور میرے مخلص دوستوں میں سے ہیں جن کا گھر بھیرہ ضلع شاہپور میں ہے۔ مگر ان دنوں میں ان کی ملازمت لاہور میں ہے۔ یہ اپنے نام کی طرح ایک محب صادق ہیں۔ مجھے افسوس ہے کہ میں اپنے اشتہار ۶۔ اکتوبر ۱۸۹۹ء میں سہواً اُن کا تذکرہ کرنا بھول گیا۔ وہ ہمیشہ میرے دینی خدمات میں نہایت جوش سے مصروف ہیں۔ خدا اُن کو جزاءِ خیر دے۔ اب خواب کی تفصیل یہ ہے کہ میں نے مفتی صاحب موصوف کو خواب میں دیکھا کہ نہایت روشن اور چمکتا ہوا اُن کا چہرہ ہے اور ایک لباس فاخرہ جو سفید ہے پہنے ہوئے ہیں اور ہم دونوں ایک بگھی میں سوار ہیں اور وہ لیٹے ہوئے ہیں اور انکی کمر پر میں نے ہاتھ رکھا ہوا ہے یہ خواب ہے۔ اور اسکی تعبیر جو خدا تعالیٰ نے میرے دل میں ڈالی ہے یہ ہے کہ صدق جس سے میں محبت رکھتا ہوں ایک چمک کے ساتھ ظاہر ہوگا۔ اور جیسا کہ میں نے صادق کو دیکھا ہے کہ اس کا چہرہ چمکتا ہے۔ اسی طرح وہ وقت قریب ہے کہ میں صادق سمجھا جاؤنگا اور صدق کی چمک لوگوں پر پڑیگی۔ اور ایسا ہی ۲۰؍ اکتوبر ۱۸۹۹ء کو خواب میں مجھے یہ دکھایا گیا کہ ایک لڑکا ہے جس کا نام عزیز ہے اور اس کے باپ کے نام کے سر پر سُلطان کا لفظ ہے۔ وہ لڑکا پکڑ کر میرے پاس لایا گیا۔ اور میرے سامنے بٹھایا گیا۔ میں نے دیکھا کہ وہ ایک پتلا سا لڑکا گورے رنگ کا ہے۔ میں نے اس خواب کی یہ تعبیر کی ہے کہ عزیز عزت پانے والے کو کہتے ہیں۔ اور سلطان جو خواب میں اس لڑکے کا باپ سمجھا گیا ہے۔ یہ لفظ یعنے سلطان عربی زبان میں اس دلیل کو کہتے ہیں کہ جو ایسی بیّن الظہور ہو جو بباعث اپنے نہایت درجہ کے روشن ہونے کے دلوں پر اپنا تسلّط کرلے۔ گویا سلطان کا لفظ تسلّط سے لیا گیا ہے اور سلطان عربی زبان میں ہر ایک قسم کی دلیل کو نہیں کہتے بلکہ ایسی دلیل کو کہتے ہیں کہ جو اپنی قبولیت اور روشنی کی وجہ سے دلوں پر قبضہ کرلے۔ اور طبائع سلیمہ پر اُس کا تسلّط تام ہو جائے۔ پس اس لحاظ سے کہ خواب میں عزیز جو سلطان کا لڑکا معلوم ہوا۔ اسکی یہ تعبیر ہوئی۔ کہ ایسا نشان جو لوگوں کے

دِلوں پر تسلط کرنے والا ہوگا ظہور میں آئے گا۔ اور اس نشان کے ظہور کا نتیجہ جس کو دُوسرے لفظوں میں اس نشان کا بچہ کہہ سکتے ہیں دِلوں میں میرا عزیز ہونا ہوگا جس کو خواب میں عزیز کے تمثل سے ظاہر کیا گیا۔ پس خدا نے مجھے یہ دِکھلایا ہے کہ قریب ہے جو سلطان ظاہر ہو۔ یعنے دِلوں پر تسلط کرنے والا نشان جس سے سلطان کے لفظ کا اشتقاق ہے۔ اور اس کا لازمی نتیجہ جو اس کے فرزند کی طرح ہے عزیز ہے۔ اور یہ ظاہر ہے کہ جس انسان سے وہ نشان ظاہر ہو جس کو سلطان کہتے ہیں جو دِلوں پر ایسا تسلط اور قبضہ رکھتا ہے۔ جیساکہ ظاہری سُلطان جس کو بادشاہ کہتے ہیں رعایا پر تسلط رکھتا ہے۔ تو ضرور ہے کہ ایسے نشان کے ظہور سے اس کا اثر بھی ظاہر ہو۔ یعنے دِلوں پر تسلط اُس نشان کا ہو کر صاحب نشان لوگوں کی نظر میں عزیز بنجائے۔ اور جبکہ عزیز بننے کا موجب اور علت سلطان ہی ہوا۔ یعنے ایسی دلیل روشن جو دِلوں پر تسلط کرتی ہے۔ تو اس میں کیا شک ہے کہ عزیز ہونا سُلطان کے لئے بطور فرزند کے ہوا۔ کیونکہ عزیز ہونے کا باعث سُلطان ہی ہے جس نے دِلوں پر تسلط کیا اور تسلط سے پھر یہ عزیزی کی کیفیت پَیدا ہوئی۔ سو خدا تعالےٰ نے مجھ کو دکھلایا کہ ایسا ہی ہوگا۔ اور ایک نشان دِلوں کو پکڑنے والا اور دِلوں پر قبضہ کرنے والا اور دِلوں پر تسلط رکھنے والا ظاہر ہوگا۔ جسکو سلطان کہتے ہیں۔ اور اس سلطان سے پَیدا ہونے والا عزیز ہوگا یعنے عزیز ہونا سلطان کا لازمی نتیجہ ہوگا۔ کیونکہ نتیجہ بھی عربی زبان میں بچہ کو کہتے ہیں۔ فقط

الراقم مرزا غلام احمد از قادیان ۲۲ر اکتوبر ۱۸۹۹ء

تعداد ... امطبوعہ ضیاء الاسلام پریس قادیان

صفحہ ۱

ضمیمہ تریاق القلوب نمبر ۵

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ٭ نحمدہٗ ونصلّی علیٰ رسولہ الکریم

کبھی نصرت نہیں ملتی درِ مولیٰ سے گندوں کو
کبھی ضائع نہیں کرتا وہ اپنے نیک بندوں کو
وہی اُسکے مقرب ہیں جو اپنا آپ کھوتے ہیں
نہیں رہ اُسکی عالی بارگہ تک خود پسندوں کو
یہی تدبیر ہے پیارو کہ مانگو اُس سے قربت کو
اُسی کے ہاتھ کو ڈھونڈو جلاؤ سب کمندوں کو

اس عاجز غلام احمد قادیانی کی آسمانی گواہی طلب کرنے کیلئے ایک دعا اور حضرت عزت سے اپنی نسبت آسمانی فیصلہ کی درخواست

اے میرے حضرت اعلیٰ ذوالجلال قادر قدوس حیّ و قیوم جو ہمیشہ راستبازوں کی مدد کرتا ہے تیرا نام ابدالآباد مبارک ہے۔ تیرے قدرت کے کام کبھی رُک نہیں سکتے تیرا قوی ہاتھ ہمیشہ عجیب کام دکھلاتا ہے۔ تُو نے ہی اِس چودھویں صدی کے سر پر مجھے مبعوث کیا اور فرمایا کہ "اُٹھ کہ مَیں نے تجھے اِس زمانہ میں اسلام کی حجت پُوری کرنے کے لئے اور اسلامی سچائیوں کو دُنیا میں پھیلانے کے لئے اور ایمان کو زندہ اور قوی کرنے کے لئے چُنا" اور تُو نے ہی مجھے کہا کہ "تُو میری نظر میں منظور ہے مَیں اپنے عرش پر تیری تعریف کرتا ہوں" اور تُو نے ہی مجھے فرمایا کہ "تُو وہ مسیح موعود ہے جس کے وقت کو ضائع نہیں کیا جائیگا" اور تُو نے ہی مجھے مخاطب کر کے کہا کہ "تُو مجھ سے ایسا ہے جیسا کہ میری توحید اور تفرید" اور تُو نے ہی مجھے فرمایا کہ "مَیں نے لوگوں کی دعوت کے لئے تجھے منتخب کیا۔ انکو کہدے کہ مَیں تم سب

کی طرف بھیجا گیا ہوں اور سب سے پہلا مومن ہوں۔" اور تُو نے ہی مجھے کہا کہ "مَیں نے تجھے اس لئے بھیجا ہے تا اسلام کو تمام قوموں کے آگے روشن کر کے دکھلاؤں اور کوئی مذہب اُن تمام مذہبوں میں سے جو زمین پر ہیں برکات میں معارف میں تعلیم کی عمدگی میں خدا کی تائیدوں میں۔ خدا کے عجائب غرائب نشانوں میں اسلام سے ہمسری نہ کر سکے۔" اور تُو نے ہی مجھے فرمایا کہ "تُو میری درگاہ میں وجیہ ہے۔ مَیں نے اپنے لئے تجھے اختیار کیا۔"

مگر اے میرے قادر خدا تُو جانتا ہے کہ اکثر لوگوں نے مجھے منظور نہیں کیا۔ اور مجھے مُفتری سمجھا۔ اور میرا نام کافر اور کذّاب اور دجّال رکھا گیا۔ مجھے گالیاں دی گئیں اور طرح طرح کی دِل آزار باتوں سے مجھے ستایا گیا۔ اور میری نسبت یہ بھی کہا گیا کہ "حرام خور۔ لوگوں کا مال کھانے والا۔ وعدوں کا تخلّف کرنے والا۔ حقوق کو تلف کرنے والا۔ لوگوں کو گالیاں دینے والا۔ عہدوں کو توڑنے والا۔ اپنے نفس کے لئے مال کو جمع کرنے والا اور شریر اور خُونی ہے۔"

یہ وہ باتیں ہیں جو خود اُن لوگوں نے میری نسبت کہیں جو مسلمان کہلاتے اور اپنے تئیں اچھے اور اہلِ عقل اور پرہیز گار جانتے ہیں۔ اور اُنکا نفس اس بات کی طرف مائل ہے کہ درحقیقت جو کچھ وُہ میری نسبت کہتے ہیں سچ کہتے ہیں۔ اور انھوں نے صدہا آسمانی نشان تیری طرف سے دیکھے مگر پھر بھی قبول نہیں کیا۔ وہ میری جماعت کو نہایت تحقیر کی نظر سے دیکھتے ہیں۔ ہر ایک اُن میں سے جو بدزبانی کرتا ہے وُہ خیال کرتا ہے کہ بڑے ثواب کا کام کر رہا ہے۔ سو اے میرے مولا قادر خدا! اب مجھے راہ بتلا اور کوئی ایسا نشان ظاہر فرما جس سے

صدا تیرے سلیم الفطرت بندے نہایت قوی طور پر یقین کریں کہ مَیں تیرا مقبول ہوں۔ اور جس سے اُن کا ایمان قوی ہو۔ اور وُہ تجھے پہچانیں اور تجھ سے ڈریں۔ اور تیرے اس بندے کی ہدایتوں کے موافق ایک پاک تبدیلی ان کے اندر پیدا ہو۔ اور زمین پر

پاکی اور پرہیزگاری کا اعلیٰ نمونہ دکھلاویں اور ہر ایک طالب حق کو نیکی کی طرف کھینچیں اور اِس طرح پر تمام قومیں جو زمین پر ہیں تیری قدرت اور تیرے جلال کو دیکھیں اور سمجھیں کہ تُو اپنے اِس بندے کے ساتھ ہے۔ اور دُنیا میں تیرا جلال چمکے۔ اور تیرے نام کی روشنی اس بجلی کی طرح دکھلائی دے کہ جو ایک لمحہ میں مشرق سے مغرب تک اپنے تئیں پہنچاتی اور شمال و جنوب میں اپنی چمکیں دکھلاتی ہے۔ لیکن اگر اے پیارے مولیٰ میری رفتار تیری نظر میں اچھی نہیں ہے۔ تو مجھ کو اِس صفحۂ دُنیا سے مٹا دے تا میں بدعت اور گمراہی کا موجب نہ ٹھہروں۔

مَیں اِس درخواست کے لئے جلدی نہیں کرتا۔ تا مَیں خُدا کے امتحان کرنے والوں میں شمار نہ کیا جاؤں۔ لیکن مَیں عاجزی سے اور حضرت ربوبیت کے ادب سے یہ التماس کرتا ہوں کہ اگر مَیں اُس عالی جناب کا منظورِ نظر ہوں تو تین سال کے اندر کسی وقت میری اس دُعا کے موافق میری تائید میں کوئی ایسا آسمانی نشان ظاہر ہو جس کو انسانی ہاتھوں اور انسانی تدبیروں کے ساتھ کچھ بھی تعلق نہ ہو جیسا کہ آفتاب کے طلوع اور غروب کو انسانی تدبیروں سے کچھ بھی تعلق نہیں۔ اگرچہ اے میرے خداوند یہ سچ ہے کہ تیرے نشان انسانی ہاتھوں سے بھی ظہور میں آتے ہیں لیکن اِس وقت مَیں اِسی بات کو اپنی سچائی کا معیار قرار دیتا ہوں کہ وہ نشان انسانوں کے تصرفات سے بالکل بعید ہو۔ تا کوئی دشمن اس کو انسانی منصوبہ قرار نہ دے سکے۔ سو اے میرے خُدا تیرے آگے کوئی بات اَنہونی نہیں۔ اگر تُو چاہے تو سب کچھ کر سکتا ہے۔ تُو میرا ہے جیسا کہ مَیں تیرا ہوں۔ تیری جناب میں الحاح سے دُعا کرتا ہوں کہ اگر یہ سچ ہے کہ مَیں تیری طرف سے ہوں۔ اور اگر یہ سچ ہے کہ تُو نے ہی مجھے بھیجا ہے تو تُو میری تائید میں اپنا کوئی ایسا نشان دکھلا کہ جو پبلک کی نظر میں انسانوں کے ہاتھوں اور انسانی منصوبوں سے برتر یقین کیا جائے

تا لوگ سمجھیں کہ مَیں تیری طرف سے ہوں۔

اے میرے قادر خدا! اے میرے توانا اور سب قوتوں کے مالک خداوند! تیرے ہاتھ کے برابر کوئی ہاتھ نہیں اور کسی جن اور بھوت کو تیری سلطنت میں شرکت نہیں۔ دُنیا میں ہر ایک فریب ہوتا ہے اور انسانوں کو شیاطین بھی اپنے جھوٹے الہامات سے دھوکہ دیتے ہیں مگر کسی شیطان کو یہ قوت نہیں دی گئی کہ وہ تیرے نشانوں اور تیرے ہیبت ناک ہاتھ کے آگے ٹھہر سکے۔ یا تیری قدرت کی مانند کوئی قدرت دِکھلا سکے۔ کیونکہ تُو وہ ہے جس کی شان لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ[1] ہے اور جو الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ[2] ہے۔ جو لوگ شیطان سے الہام پاتے ہیں۔ ان کے الہاموں کے ساتھ کوئی قادرانہ غیب گوئی کی روشنی نہیں ہوتی جس میں الوہیت کی قدرت اور عظمت اور ہیبت بھری ہوئی ہو۔ وہ تُو ہی ہے جس کی قوت سے تمام تیرے نبی تحدّی کے طور پر اپنے معجزانہ نشان دکھلاتے رہے ہیں اور بڑی بڑی پیشگوئیاں کرتے رہے ہیں جن میں اپنا غلبہ اور مخالفوں کی درماندگی پہلے سے ظاہر کی جاتی تھی۔ تیری پیشگوئیوں میں تیرے جلال کی چمک ہوتی ہے اور تیری الوہیت کی قدرت اور عظمت اور حکومت کی خوشبو آتی ہے اور تیرے مرسلوں کے آگے فرشتہ چلتا ہے تا ان کی راہ میں کوئی شیطان مقابلہ کے لئے ٹھہر نہ سکے۔ مجھے تیری عزت اور جلال کی قسم ہے کہ مجھے تیرا فیصلہ منظور ہے۔ پس اگر تُو تین برس کے اندر جو جنوری ۱۹۰۰ء عیسوی سے شروع ہو کر دسمبر ۱۹۰۲ء عیسوی تک پُورے ہو جائیں گے۔ میری تائید میں اور میری
تصدیق میں کوئی آسمانی نشان نہ دکھلاوے اور اپنے اِس بندہ کو اُن لوگوں کی طرح ص۲
ردّ کر دے جو تیری نظر میں شریر اور پلید اور بے دین اور کذّاب اور دجّال اور خائن اور مفسد ہیں۔ تو میں تجھے گواہ کرتا ہوں کہ مَیں اپنے تئیں صادق نہیں سمجھوں گا اور اُن تمام تہمتوں اور الزاموں اور بہتانوں کا اپنے تئیں مصداق سمجھ لوں گا جو میرے

[1] محمد: ۲۰ [2] الشوریٰ: ۵

پر لگائے جاتے ہیں۔ دیکھ! میری رُوح نہایت توکّل کے ساتھ تیری طرف ایسی پرواز کر رہی ہے جیسا کہ پرندہ اپنے آشیانہ کی طرف آتا ہے۔ سو مَیں تیری قدرت کے نشان کا خواہشمند ہوں لیکن نہ اپنے لئے اَور نہ اپنی عزّت کے لئے بلکہ اس لئے کہ لوگ تجھے پہچانیں اور تیری پاک راہوں کو اختیار کریں۔ اور جس کو تُو نے بھیجا ہے اُس کی تکذیب کرکے ہدایت سے دُور نہ پڑ جائیں۔ مَیں گواہی دیتا ہوں کہ تُو نے مجھے بھیجا ہے اور میری تائید میں بڑے بڑے نشان ظاہر کئے ہیں۔ یہانتک کہ سُورج اور چاند کو حکم دیا کہ وُہ رمضان میں پیشگوئی کی تاریخوں کے موافق گرہن میں آویں۔ اور تُو نے وُہ تمام نشان جو ایک سَو سے زیادہ ہیں میری تائید میں دکھلائے جو میرے رسالہ تریاق القلوب میں درج ہیں۔

تُو نے مجھے وُہ چوتھا لڑکا عطا فرمایا جس کی نسبت مَیں نے پیشگوئی کی تھی کہ عبد الحق غزنوی حال امرتسری نہیں مریگا جبتک وُہ لڑکا پَیدا نہ ہولے۔ سو وُہ لڑکا اُس کی زندگی میں ہی پَیدا ہو گیا۔ مَیں اُن نشانوں کو شمار نہیں کر سکتا جو مجھے معلوم ہیں۔ مَیں تجھے پہچانتا ہوں کہ تُو ہی میرا خُدا ہے۔ اِس لئے میری رُوح تیرے نام سے ایسی اُچھلتی ہے جیسا کہ شیر خوار بچہ ماں کے دیکھنے سے۔ لیکن اکثر لوگوں نے مجھے نہیں پہچانا اور نہ قبول کیا۔ اِس لئے نہ مَیں نے بلکہ میری رُوح نے اِس بات پر زور دیا کہ مَیں یہ دُعا کروں کہ اگر مَیں تیرے حضور میں سچّا ہوں اور اگر تیرا غضب میرے پر نہیں ہے۔ اور اگر مَیں تیری جناب میں مستجاب الدعوات ہوں تو ایسا کر کہ جنوری ۱۹۰۰ء سے اخیر دسمبر ۱۹۰۲ء تک میرے لئے کوئی اور نشان دکھلا۔ اَور اپنے بندے کے لئے گواہی دے جس کو زبانوں سے کچلا گیا ہے۔

دیکھ! مَیں تیری جناب میں عاجزانہ ہاتھ اُٹھاتا ہوں کہ تُو ایسا ہی کر۔ اگر مَیں تیرے حضور میں سچا ہوں اور جیسا کہ خیال کیا گیا ہے کافر اور کاذب نہیں ہوں۔ تو

ان تین سال میں جو اخیر دسمبر ۱۹۰۲ء تک ختم ہو جائیں گے۔ کوئی ایسا نشان دکھلا جو انسانی ہاتھوں سے بالاتر ہو۔ جبکہ تُو نے مجھے مخاطب کر کے کہا کہ میں تیری ہر ایک دُعا کو قبول کرونگا مگر شرکاء کے بارے میں نہیں۔ تبھی سے میری رُوح دُعاؤں کی طرف دَوڑتی ہے۔ اور مَیں نے اپنے لئے یہ قطعی فیصلہ کر لیا ہے کہ اگر میری یہ دُعا قبول نہ ہو تو مَیں ایسا ہی مَردود اُور ملعون اور کافر اور بے دین اور خائن ہوں جیسا کہ مجھے سمجھا گیا ہے۔ اگر مَیں تیرا مقبول ہوں تو میرے لئے آسمان سے ان تین برسوں کے اندر گواہی دے تا مُلک میں امن اور صلحکاری پھیلے اور تا لوگ یقین کریں کہ تُو موجود ہے اور دُعاؤں کو سُنتا اور اُنکی طرف جو تیری طرف جُھکتے ہیں جُھکتا ہے۔ اَب تیری طرف اور تیرے فیصلہ کی طرف ہر روز میری آنکھ رہے گی جب تک آسمان سے تیری نصرت نازل ہو۔ اور مَیں کسی مخالف کو اِس اشتہار میں مخاطب نہیں کرتا اور نہ اُن کو کسی مقابلہ کے لئے بُلاتا ہوں۔

یہ میری دُعا تیری ہی جناب میں ہے کیونکہ تیری نظر سے کوئی صادق یا کاذب غائب نہیں ہے۔ میری رُوح گواہی دیتی ہے کہ تُو صادق کو ضائع نہیں کرتا اور کاذب تیری جناب میں کبھی عزت نہیں پا سکتا۔ اور وُہ جو کہتے ہیں کہ کاذب بھی نبیوں کی طرح تحدّی کرتے ہیں اور انکی تائید اور نصرت بھی ایسی ہی ہوتی ہے جیسا کہ راستباز نبیوں کی۔ وُہ جُھوٹے ہیں اور چاہتے ہیں کہ نبوّت کے سلسلہ کو مشتبہ کر دیں۔ بلکہ تیرا قہر تلوار کی طرح مُفتری پر پڑتا ہے اور تیرے غضب کی بجلی کذّاب کو بھسم کر دیتی ہے۔ مگر صادق تیرے حضور میں زندگی اور عزّت پاتے ہیں۔ تیری نصرت اور تائید اور تیرا فضل اور رحمت ہمیشہ ہمارے شامل حال رہے۔ آمین ثم آمین۔

المشتہر مرزا غلام احمدؐ از قادیان ۵ر نومبر ۱۸۹۹ء

تعداد ۳۰۰۰ مطبوعہ ضیاء الاسلام پریس قادیان

اپنی جماعت کے لئے اِطّلاع

یاد رہے کہ یہ اشتہار محض اِس غرض سے شائع کیا جاتا ہے کہ تا میری جماعت خدا کے آسمانی نشانوں کو دیکھکر ایمان اور نیک عملوں میں ترقی کرے اور انکو معلوم ہو کہ وُہ ایک صادق کا دامن پکڑ رہے ہیں نہ کاذب کا۔ اور تا وُہ راستبازی کے تمام کاموں میں آگے بڑھیں اور اُن کا پاک نمونہ دُنیا میں چمکے۔

اِن دِنوں میں وُہ چاروں طرف سے سُن رہے ہیں کہ ہر ایک طرف سے مجھ پر حملے ہوتے ہیں اور نہایت اصرار سے مجھ کو کافر اور دجّال اور کذّاب کہا جاتا ہے اور قتل کرنے کے لئے فتوے لکھے جاتے ہیں۔ پس ان کو چاہیئے کہ صبر کریں۔ اور گالیوں کا گالیوں کے ساتھ ہرگز جواب نہ دیں اور اپنا نمونہ اچھا دکھاویں۔ کیونکہ اگر وُہ بھی ایسی ہی درندگی ظاہر کریں جیساکہ اُن کے مقابل پر کی جاتی ہے تو پھر اُن میں اور دُوسروں میں کیا فرق ہے۔ اِس لئے مَیں سچ سچ کہتا ہوں کہ وُہ ہرگز اپنا اجر پا نہیں سکتے۔ جبتک صبر اور تقویٰ اور عفو اور درگذر کی خصلت سب سے زیادہ اُن میں نہ پائی جائے۔

اگر مجھے گالیاں دِی جاتی ہیں تو کیا یہ نئی بات ہے؟ کیا اِس سے پہلے خدا کے پاک نبیوں کو ایسا ہی نہیں کہا گیا؟ اگر مجھ پر بہتان لگائے جاتے ہیں تو کیا اِس سے پہلے خدا کے رسولوں اور راستبازوں پر الزام نہیں لگائے گئے؟ کیا حضرت موسٰی پر یہ اعتراض نہیں ہوئے کہ اُس نے دھوکہ دیکر ناحق مصریوں کا مال کھایا۔ اور جھوٹ بولا کہ ہم عبادت کے لئے جاتے ہیں اور جلد واپس آئیں گے۔ اور عہد توڑا اور کئی شیرخوار بچّوں کو قتل کیا؟ اور کیا حضرت داؤد کی نسبت نہیں کہا گیا کہ

اُس نے ایک بیگانہ کی عورت سے بدکاری کی اور فریب سے اوریا نام ایک سپہ سالار کو قتل کرادیا اور بیت المال میں ناجائز دست اندازی کی؟ اور کیا ہارون کی نسبت یہ اعتراض نہیں کیا گیا کہ اُس نے گوسالہ پرستی کرائی؟ اور کیا یہودی ابتک نہیں کہتے کہ یسوع مسیح نے دعویٰ کیا تھا کہ میں داؤد کا تخت قائم کرنے آیا ہوں اور یسوع کے اِس لفظ سے بجز اسکے کیا مُراد تھی کہ اُس نے اپنے بادشاہ ہونے کی پیشگوئی کی تھی جو پُوری نہ ہُوئی؟ اور کیونکر ممکن ہے کہ صادق کی پیشگوئی جھُوٹی نکلے؟ یہودی یہ اعتراض بھی کرتے ہیں کہ مسیح نے کہا تھا کہ ابھی بعض لوگ زندہ موجود ہونگے کہ میں واپس آؤنگا۔ مگر یہ پیشگوئی بھی جھُوٹی ثابت ہُوئی اور وُہ ابتک واپس نہیں آیا۔ ایسا ہی ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض اُمور پر جاہلوں کے اعتراض ہیں جیساکہ حدیبیہ کے واقعہ پر بعض نادان مُرتد ہو گئے تھے۔ اور کیا ابتک پادریوں اور آریوں کی قلموں سے وُہ تمام جھُوٹے الزام ہمارے سیّد و مولیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت شایع نہیں ہوتے جو مجھ پر لگائے جاتے ہیں؟

غرض مخالفوں کا کوئی بھی میرے پر ایسا اعتراض نہیں جو مجھ سے پہلے خدا کے پاک نبیوں پر نہیں کیا گیا۔ اِس لئے میں تمہیں کہتا ہوں کہ جب تم ایسی گالیاں اور ایسے اعتراض سُنو تو غمگین اور دلگیر مت ہو۔ کیونکہ تم سے اور مجھ سے پہلے خدا کے پاک نبیوں کی نسبت یہی لفظ بولے گئے ہیں۔ سو ضرور تھا کہ خدا کی وُہ تمام سُنّتیں اور عادتیں جو نبیوں کی نسبت وقوع میں آچکی ہیں ہم میں پُوری ہوں۔

ہاں یہ دُرست بات ہے اور یہ ہمارا حق ہے کہ جو خدا نے ہمیں عطا کیا ہے جبکہ ہم دُکھ دیئے جائیں اور ستائے جائیں۔ اور ہمارا صدق لوگوں پر مشتبہ ہو جائے۔ اور ہماری راہ کے آگے صدہا اعتراضات کے پتھر پڑ جائیں تو ہم اپنے خدا کے آگے روئیں اور اُس کی جناب میں تضرعات کریں اور اُس کے نام کی زمین پر

تقدیس چاہیں اور اس سے کوئی ایسا نشان مانگیں جس کی طرف حق پسندوں کی گردنیں جھک جائیں۔ سو اسی بنا پر میں نے یہ دُعا کی ہے۔ مجھے بارہا خدا تعالیٰ مخاطب کرکے فرما چکا ہے کہ جب تُو دعا کرے تو میں تیری سُنونگا۔ سو میں نوح نبی کی طرح دونوں ہاتھ پھیلاتا ہوں اور کہتا ہوں ربّ انّی مغلوب مگر بغیر فانتصر کے۔ اور میری رُوح دیکھ رہی ہے کہ خدا میری سُنے گا۔ اور میرے لئے ضرور کوئی ایسا رحمت اور امن کا نشان ظاہر کرے گا کہ جو میری سچائی پر گواہ ہو جائے گا۔

میں اِس وقت کسی دُوسرے کو مقابلہ کے لئے نہیں بُلاتا اور نہ کسی شخص کے ظلم اور جور کا جناب الٰہی میں اپیل کرتا ہوں۔ بلکہ جیساکہ میں تمام اُن لوگوں کے لئے بھیجا گیا ہوں جو زمین پر رہتے ہیں۔ خواہ وُہ ایشیا کے رہنے والے ہیں اور خواہ یورپ کے اور خواہ امریکہ کے۔ ایسا ہی میں عام اغراض کی بناء پر بغیر اِس کے کہ کسی زید یا بکر کا میرے دِل میں تصور ہو خدا تعالےٰ سے ایک آسمانی شہادت چاہتا ہوں جو انسانی ہاتھوں سے بالاتر ہو۔ اور یہ فقط دُعائیہ اشتہار ہے جو خدا تعالےٰ کی شہادت طلب کرنے کے لئے میں لکھتا ہوں۔ اور میں جانتا ہوں کہ اگر میں اُس کی نظر میں صادق نہیں ہوں تو اس تین برس کے عرصہ تک جو ۱۹۰۲ء تک ختم ہوں گے۔ میری تائید میں ایک ادنیٰ قسم کا نشان بھی ظاہر نہیں ہوگا۔ اور اِس طرح پر میرا کذب ظاہر ہو جائے گا۔ اور لوگ میرے ہاتھ سے مخلصی پائیں گے۔ اور اگر اِس مدت تک میرا صدق ظاہر ہو جائے جیساکہ مجھے یقین ہے۔ تو بہت سے پردے جو دِلوں پر ہیں اُٹھ جائیں گے۔ میری یہ دُعا بدعت نہیں ہے بلکہ ایسی دُعا کرنا اسلام کی عبادات میں سے ہے۔ جو نمازوں میں ہمیشہ پنج وقت مانگی جاتی ہے۔ کیونکہ ہم نماز میں یہ دُعا کرتے ہیں کہ اھدنا الصّراط المستقیم صراط الّذین انعمت علیھم[1]

[1] الفاتحۃ: ۶-۷

اس سے یہی مطلب ہے کہ خدا سے ہم اپنے ترقی ایمان اور بنی نوع کی بھلائی کیلئے چار قسم کے نشان چار کمال کے رنگ میں چاہتے ہیں۔ نبیوں کا کمال۔ صدیقوں کا کمال۔ شہیدوں کا کمال۔ صلحاء کا کمال۔ سو نبی کا خاص کمال یہ ہے کہ خدا سے ایسا علم غیب پاوے جو بطور نشان کے ہو۔ اور صدیق کا کمال یہ ہے کہ صدق کے خزانہ پر ایسے کامل طور پر قبضہ کرے یعنے ایسے اکمل طور پر کتاب اللہ کی سچائیاں اُسکو معلوم ہو جائیں کہ وہ بوجہ خارق عادت ہونے کے نشان کی صورت پر ہوں۔ اور اُس صدیق کے صدق پر گواہی دیں۔ اور شہید کا کمال یہ ہے کہ مصیبتوں اور دکھوں اور ابتلاؤں کے وقت میں ایسی قوتِ ایمانی اور قوتِ اخلاقی اور ثابت قدمی دکھلاوے کہ جو خارق عادت ہونے کی وجہ سے بطور نشان کے ہو جائے۔ اور مرد صالح کا کمال یہ ہے کہ ایسا ہر ایک قسم کے فساد سے دُور ہو جائے اور مجسّم صلاح بنجائے کہ وہ کامل صلاحیت اس کی خارق عادت ہونے کی وجہ سے بطور نشان مانی جائے۔ سو یہ چاروں قسم کے کمال جو ہم پانچ وقت خدا تعالیٰ سے نماز میں مانگتے ہیں یہ دُوسرے لفظوں میں ہم خدا تعالیٰ سے آسمانی نشان طلب کرتے ہیں اور جس میں یہ طلب نہیں اُس میں ایمان بھی نہیں۔ ہماری نماز کی حقیقت یہی طلب ہے جو ہم چار رنگوں میں پنجوقت خدا تعالیٰ سے چار نشان مانگتے ہیں اور اس طرح پر زمین پر خدا تعالیٰ کی تقدیس چاہتے ہیں تا ہماری زندگی انکار اور شک اور غفلت کی زندگی ہو کر زمین کو پلید نہ کرے۔ اور ہر ایک شخص خدا تعالیٰ کی تقدیس تبھی کر سکتا ہے کہ جب وہ یہ چاروں قسم کے نشان خدا تعالیٰ سے مانگتا ہے۔ حضرت مسیح نے بھی مختصر لفظوں میں یہی سکھایا تھا۔ دیکھو متی باب ۸ آیت ۹۔

"پس تم اسی طرح دُعا مانگو کہ اے ہمارے باپ جو آسمان پر ہے۔ تیرے نام کی تقدیس ہو۔" والسلام۔

الراقم۔ مرزا غلام احمد از قادیان ضلع گورداسپور پنجاب ۵ نومبر ۱۸۹۹ء

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

اشتہار واجب الاظہار

اپنی جماعت کیلئے اور گورنمنٹ عالیہ کی توجّہ کیلئے

چونکہ اب مردم شماری کی تقریب پر سرکاری طور پر اس بات کا التزام کیا گیا ہے کہ ہر ایک فرقہ جو دُوسرے فرقوں سے اپنے اصُولوں کے لحاظ سے امتیاز رکھتا ہے۔ علیحدہ خانہ میں اس کی خانہ پوری کی جائے اور جس نام کو اس فرقہ نے اپنے لئے پسند اور تجویز کیا ہے۔ وُہی نام سرکاری کاغذات میں اس کا لکھا جائے۔ اِس لئے ایسے وقت میں قرین مصلحت سمجھا گیا ہے کہ اپنے فرقہ کی نسبت ان دونوں باتوں کو گورنمنٹ عالیہ کی خدمت میں یاد دلایا جائے۔ اور نیز اپنی جماعت کو ہدایت کی جائے کہ وُہ مندرجہ ذیل تعلیم کے موافق استفسار کے وقت لکھوائیں۔ اور جو شخص بیعت کرنے کے لئے مستعد ہے گو ابھی بیعت نہیں کی۔ اُس کو بھی چاہیئے۔ کہ اِس ہدایت کے موافق اپنا نام لکھوائے۔ اور پھر مجھے کسی وقت اپنی بیعت سے اطلاع دیدے۔

یاد رہے کہ مسلمانوں کے فرقوں میں سے یہ فرقہ جس کا خُدا نے مجھے امام اور پیشوا اور رہبر مقرر فرمایا ہے۔ ایک بڑا امتیازی نشان اپنے ساتھ رکھتا ہے۔ اور وہ یہ کہ اس

فرقہ میں تلوار کا جہاد بالکل نہیں اور نہ اس کی انتظار ہے۔ بلکہ یہ مبارک فرقہ نہ ظاہر طور پر اور نہ پوشیدہ طور پر جہاد کی تعلیم کو ہرگز جائز نہیں سمجھتا اور قطعاً اس بات کو حرام جانتا ہے کہ دین کی اشاعت کے لئے لڑائیاں کی جائیں یا دین کے بغض اور دشمنی کی وجہ سے کسی کو قتل کیا جائے۔ یا کسی اور نوع کی ایذا دیجائے۔ یا کسی انسانی ہمدردی کا حق بوجہ کسی اجنبیت مذہب کے ترک کیا جائے۔ یا کسی قسم کی بے رحمی اور تکبر اور لاپروائی دکھلائی جائے۔ بلکہ جو شخص عام مسلمانوں میں سے ہماری جماعت میں داخل ہو جائے اُس کا پہلا فرض یہی ہے کہ جیسا کہ قرآن شریف کے سُورۂ فاتحہ میں پنج وقت اپنی نماز میں یہ اقرار کرتا ہے کہ خدا ربّ العالمین ہے اور خدا رحمٰن ہے اور خدا رحیم ہے اور خدا ٹھیک ٹھیک انصاف کرنیوالا ہے۔ یہی چاروں صفتیں اپنے اندر بھی قائم کرے۔ ورنہ وہ اس دُعا میں کہ اسی سُورۃ میں پنجوقت اپنی نماز میں کہتا ہے کہ ایّاک نعبد[1] یعنے اے ان چار صفتوں والے اللہ مَیں تیرا ہی پرستار ہوں اور تُو ہی مجھے پسند آیا ہے سراسر جھوٹا ہے۔ کیونکہ خدا کی ربوبیت یعنے نوع انسان اور نیز غیر انسان کا مُربّی بننا اور ادنیٰ سے ادنیٰ جانور کو بھی اپنی مُربیانہ سیرت سے بے بہرہ نہ رکھنا یہ ایک ایسا امر ہے کہ اگر ایک خدا کی عبادت کا دعویٰ کرنے والا خدا کی اس صفت کو محبت کی نظر سے دیکھتا ہے اور اس کو پسند کرتا ہے۔ یہانتک کہ کمال محبت سے اِس الٰہی سیرت کا پرستار بنجاتا ہے۔ تو ضروری ہوتا ہے کہ وُہ آپ بھی اس صفت اور سیرت کو اپنے اندر حاصل کرلے۔ تا اپنے محبوب کے رنگ میں آجائے۔

ایسا ہی خدا کی رحمانیت یعنے بغیر عوض کسی خدمت کے مخلوق پر رحم کرنا یہ بھی ایک ایسا امر ہے کہ سچا عابد جس کو یہ دعویٰ ہے کہ مَیں خدا کے نقشِ قدم پر چلتا ہوں ضرور یہ خُلق بھی اپنے اندر پیدا کرتا ہے۔

[1] الفاتحہ : ۵

ایسا ہی خدا کی رحیمیت یعنی کسی کے نیک کام میں اس کام کی تکمیل کے لئے مدد کرنا۔ یہ بھی ایک ایسا امر ہے کہ سچّا عابد جو خدائی صفات کا عاشق ہے اِس صفت کو اپنے اندر حاصل کرتا ہے۔ ایسا ہی خدا کا انصاف جس نے ہر ایک حکم عدالت کے تقاضا سے دیا ہے نہ نفس کے جوش سے۔ یہ بھی ایک ایسی صفت ہے کہ سچّا عابد کہ جو تمام الٰہی صفات اپنے اندر لینا چاہتا ہے۔ اس صفت کو چھوڑ نہیں سکتا۔ اور راستباز کی خود بھاری نشانی یہی ہے کہ جیساکہ وُہ خدا کے لئے ان چار صفتوں کو پسند کرتا ہے۔ ایسا ہی اپنے نفس کے لئے بھی یہی پسند کرے۔ لہٰذا خدا نے سُورہ فاتحہ میں یہی تعلیم کی تھی جس کو اِس زمانہ کے مُسلمان ترک کر بیٹھے ہیں۔ میری رائے یہ ہے کہ دُنیا میں اکثر مُسلمان باستثناء قدر قلیل کے دو قسم کے ہیں:۔ صلا

ایک وُہ علماء جو آزادی کے مُلکوں میں رہ کر علانیہ جہاد کی تعلیم کرتے اور مُسلمانوں کو اس کے لئے اُبھارتے ہیں۔ اور اُن کے نزدیک بڑا کام دینداری کا یہی ہے کہ نوع انسان کو مذہب کے لئے قتل کیا جائے۔ وُہ اِس بات کو سُنتے ہی نہیں کہ خدا فرماتا ہے کہ لَاۤ اِکْرَاہَ فِی الدِّیْنِ[1] یعنے دین کو جبر سے شائع نہیں کرنا چاہیئے۔

(۲) دُوسرا فرقہ مُسلمانوں کا یہ بھی پایا جاتا ہے کہ وُہ خُفیہ طور پر تو اُس پہلے فرقہ کے ہم رنگ ہیں۔ مگر کبھی گورنمنٹ کو خوش کرنے کے لئے تقریرًا یا تحریرًا اظاہر کرتے رہتے ہیں کہ ہم جہاد کے مخالف ہیں۔ اُن کے امتحان کا ایک سہل طریق ہے۔ مگر اسجگہ اسکے لکھنے کا موقع نہیں۔ جس شخص کو خدا نے قوّت کانشنس عطا کی ہے اور نُورِ قلب بخشا ہے۔ وُہ ایسے لوگوں کو اِس طرح پر پہچان لیگا کہ اُنکے عام تعلقات کس قسم کے لوگوں سے ہیں۔ مگر اسجگہ ہمارا مُدّعا صرف اپنا مشن بیان کرنا ہے اور وُہ یہ ہے۔ کہ ہم ایسے جہادوں کے سخت مخالف اور نہایت سخت مخالف ہیں۔ ہمارے اِس الٰہی فرقہ

[1] البقرۃ : ۲۵۷

کی مختصر طور پر لائف یہ ہے کہ خدا نے پہلی قوموں کو دُنیا سے اُٹھا کر دُنیا کو نیکی کا سبق دینے کیلئے ابراہیم کی نسل سے دو سلسلے شروع کئے۔ ایک سلسلہ موسٰی جس کو حضرت موسٰی علیہ السلام سے شروع کر کے حضرت عیسٰی علیہ السلام پر ختم کیا گیا۔ دوسرا سلسلہ مثیلِ موسٰی یعنے سلسلہ حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم جو خدا کے اس وعدہ کے موافق ہے جو توریت استثناء باب ۱۸ آیت ۱۸ میں کیا گیا تھا۔ یہ سلسلہ سلسلہ موسویہ کی ایک پُوری نقل ہے جو مثیل موسٰی سے شروع ہو کر مثیل مسیح تک ختم ہوا۔ اور عجیب تر یہ کہ جو مُدّت خدا نے موسٰی سے لیکر حضرت عیسٰی علیہ السلام تک رکھی تھی یعنے چودہ سو برس اسی مُدّت کی مانند اس سلسلہ کی مُدّت بھی رکھی گئی۔ اور موسوی خلافت کا سلسلہ جس نبی پر ختم ہوا یعنے مسیح پر۔ نہ وہ بنی اسرائیل میں سے پیدا ہوا کیونکہ اس کا کوئی اسرائیلی باپ نہ تھا۔ اور نہ وُہ موسٰی اور یشوعا کی طرح تلوار کے ساتھ ظاہر ہوا۔ اور نہ وہ ایسے ملک اور وقت میں جس میں اسرائیلی سلطنت ہوتی پیدا ہوا۔ بلکہ وُہ رومی سلطنت کے ایّام میں اُن اسرائیلی آبادیوں میں وعظ کرتا رہا جو پیلاطوس کے علاقہ میں تھیں۔

اب جبکہ پہلے مسیح نے نہ تلوار اُٹھائی اور نہ وہ بوجہ نہ ہونے باپ کے بنی اسرائیل میں سے تھا۔ اور نہ اسرائیلی سلطنت کو اس نے اپنی آنکھ سے دیکھا۔ اِس لئے دوسرا مسیح جو انجیل متی ۱۷ باب آیت ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ کے رُو سے پہلے مسیح کے رنگ اور طریق پر آنا چاہیئے تھا۔ جیسا کہ یُوحنّا نبی ایلیا کے رنگ پر آیا تھا۔ ضرور تھا کہ وُہ بھی قریش میں سے نہ ہوتا جیسا کہ یسوع مسیح بنی اسرائیل میں سے نہیں تھا۔ اور ضرور تھا کہ دوسرا مسیح اسلامی سلطنت کے اندر پیدا نہ ہوتا اور ایسی سلطنت کے ماتحت مبعوث ہوتا جو رُومی سلطنت کے مشابہ ہوتی۔ سو ایسا ہی ظہور میں آیا۔ کیونکہ جہاں تک ہمیں علم ہے ہم جانتے ہیں کہ ہماری یہ سلطنت برطانیہ (خدا اس پر

دین و دُنیا میں فضل کرے) رُومی سلطنت سے نہایت درجہ مشابہ ہے۔

اور ضرور تھا کہ دُوسرا مسیح بھی تلوار کے ساتھ نہ آتا اور اسکی بادشاہت صرف آسمان میں ہوتی۔ سو ایسا ہی ظہور میں آیا۔ اور خدا نے مجھے تلوار کے ساتھ نہیں بھیجا اور نہ مجھے جہاد کا حکم دیا۔ بلکہ مجھے خبر دی کہ تیرے ساتھ آشتی اور صلح پھیلے گی۔ ایک درندہ بکری کے ساتھ صلح کریگا۔ اور ایک سانپ بچوں کے ساتھ کھیلے گا۔ یہ خدا کا ارادہ ہے گو لوگ تعجب کی راہ سے دیکھیں۔ ص۳۰

غرض مَیں اس لئے ظاہر نہیں ہُوا کہ جنگ و جدل کا میدان گرم کروں۔ بلکہ اِس لئے ظاہر ہُوا ہوں کہ پہلے مسیح کی طرح صلح اور آشتی کے دروازے کھولدوں۔ اگر صلحکاری کی بنیاد درمیان نہ ہو تو پھر ہمارا سارا سلسلہ فضول ہے اور اسپر ایمان لانا بھی فضول۔

حقیقت یہ ہے کہ پہلا مسیح بھی اُس* وقت آیا تھا۔ جب یہود میں خانہ جنگیاں کثرت سے پھیل گئی تھیں۔ اور اُن کے گھر ظلم اور تعدی سے بھر گئے تھے۔ اور سخت دِلی اُنکی عادت ہوگئی تھی۔ اور سرحدی افغانوں کی طرح وہ لوگ بھی

* پہلے مسیح کو جو خدا بنایا گیا یہ کوئی صحیح اور واقعی امر نہیں تھا۔ تا دُوسرے مسیح میں اسکی مشابہت تلاش کی جائے بلکہ انسانی غلطیوں میں سے یہ بھی ایک غلطی تھی۔ اور اصل فلاسفی اس مسئلہ میں یہ ہے کہ کوئی نبی نبیوں میں سے خدا کا پیارا نہیں ہو سکتا اور نہ کوئی ولی ولیوں میں سے اُس کا محبوب ٹھہر سکتا ہے جبتک کہ ایک مرتبہ موت کا خوف یا موت کے مشابہ اسپر ایک واقعہ وارد نہ ہو لے۔ اور اسی پر سُنّت اللہ قدیم سے جاری ہے۔ جب ابراہیم آگ میں ڈالا گیا تو کیا یہ نظارہ صلیب کے واقعہ سے کچھ کم تھا۔ اور جب اس کو حکم ہُوا۔ کہ تو اپنے پیارے فرزند کو اپنے ہاتھ سے ذبح کر۔ تو کیا یہ واقعہ ابراہیم کے لئے اور اس کے اس فرزند کے لئے جسپر چھری چلائی گئی۔ سُولی کی دہشت سے کچھ کم درجہ پر تھا؟ اور یعقوب کے خوف کا وہ نظارہ جبکہ اس کو سُنایا گیا کہ تیرا پیارا فرزند یوسف بھیڑیئے کا لقمہ ہوگیا اور اسکے

دُوسروں کو قتل کرکے بڑا ثواب سمجھتے تھے۔ گویا بہشت کی کنجی بے گناہ انسانوں کو قتل کرنا تھا۔ تب خدا نے حضرت مُوسٰی سے چودہ سو برس بعد اپنا مسیح ان میں بھیجا جو لڑائیوں کا سخت مخالف تھا۔ وہ درحقیقت صلح کا شہزادہ تھا اور صلح کا پیغام لایا لیکن بدقسمت یہودیوں نے اس کا قدر نہ کیا۔ اس لئے خدا کے غضب نے عیسٰی مسیح کو اسرائیلی نبوت کے لئے آخری اینٹ کر دیا۔ اور اُسکو بے باپ پیدا کرکے سمجھا دیا کہ اب نبوّت اسرائیل میں سے گئی۔ تب خداوند نے یہودیوں کو نالائق پاکر ابراہیم کے دُوسرے فرزند کی طرف رُخ کیا۔ یعنے اسماعیل کی اولاد میں سے پیغمبر آخرالزمان پیدا کیا۔ یہی مثیل موسٰی تھا جس کا نام محمدؐ ہے۔ اس نام کا ترجمہ یہ ہے کہ نہایت تعریف کیا گیا۔ خدا جانتا تھا کہ بہت سے نافہم مذمّت کرنے والے پیدا ہوں گے اس لئے اس نے اس کا نام محمدؐ رکھدیا۔ جبکہ آنحضرت شکم آمنہ عفیفہ میں تھے۔ تب فرشتہ نے آمنہ پر ظاہر ہوکر کہا تھا کہ تیرے پیٹ میں ایک لڑکا ہے جو عظیم الشّان نبی ہوگا اس کا نام محمدؐ رکھنا۔

آگے یوسف کا مصنوعی طور پر خُون آلُود کُرتہ ڈالدیا گیا اور پھر مدّت دراز تک یعقوب کو ایک مسلسل غم میں ڈالا گیا۔ کیا یہ نظارہ بھی کچھ کم تھا؟ اور جب یوسف کو مشکیں باندھکر کوئیں میں پھینک دیا گیا تو کیا یہ دردناک نظارہ اس نظارہ سے کچھ کم تھا جب مسیح کو صلیب پر چڑھایا گیا؟ اور پھر کیا نبی آخرالزمان کی مصیبت کا وُہ نظارہ کہ جب غار ثور کا ننگی تلواروں کے ساتھ محاصرہ کیا گیا کہ اسی غار میں وہ شخص ہے جو نبوّت کا دعویٰ کرتا ہے۔ اسکو پکڑو اور قتل کرو۔ تو کیا یہ نظارہ اپنی رعب ناک کیفیت میں صلیبی نظارہ سے کچھ کم تھا؟ اور کیا ابھی اسی زمانہ کا یہ نظارہ کہ جب ڈاکٹر مارٹن کلارک نے مثیل مسیح پر جو یہی عاجز ہے۔ اقدام قتل کا ایک جھوٹا دعویٰ کیا۔ اور تینوں قومیں ہندوؤں اور مسلمانوں اور عیسائیوں میں سے سربرآوردہ علماء کوشش کرتے تھے کہ یہ سزا پاوے۔ تو کیا یہ نظارہ مسیح کے صلیبی نظارہ سے کچھ مشابہت

غرض آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت موسیٰ کی طرح اپنی قوم کے راستبازوں کو درندوں اور خونیوں سے نجات دی۔ اور موسیٰ کی طرح اُن کو مکہ سے مدینہ کی طرف کھینچ لایا۔ اور ابوجہل کو جو اس اُمت کا فرعون تھا۔ بدر کے میدانِ جنگ میں ہلاک کیا۔ اور پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے توریت باب ۱۸۔ آیت ۱۸ کے وعدہ کے موافق موسیٰ کی طرح ایک نئی شریعت ان لوگوں کو عطا کی۔ جو کئی سَو برس سے جاہل اور وحشی چلے آتے تھے۔ اور جیسے بنی اسرائیل چار سَو برس تک فرعون کی غلامی میں رہ کر وحشیوں کی طرح ہو گئے تھے۔ یہ لوگ بھی عرب کے جنگلوں میں رہ کر اُن سے کم نہ تھے۔ بلکہ وحشیانہ حالت میں بہت بڑھ گئے تھے۔ یہانتک کہ حلال حرام میں بھی کچھ فرق نہیں کر سکتے تھے۔ پس ان لوگوں کے لئے قرآن شریف بالکل ایک نئی شریعت تھی اور اُسی شریعت کے موافق تھی جو کوہ سینا پر بنی اسرائیل کو ملی تھی۔

تیسری مماثلت حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی حضرت موسیٰ سے یہ تھی کہ جیساکہ حضرت موسیٰ نے فرعون کو ہلاک کر کے اپنی قوم کو سلطنت عطا کی

نہیں رکھتا تھا؟ پس سچ بات یہ ہے کہ ہر ایک جو خدا کے پیار کا دعویٰ کرتا ہے ایک وقت میں ایک حالت موت کے مشابہ ضرور اُس پر آجاتی ہے۔ سو اسی سُنّت اللہ کے موافق مسیح پر بھی وہ حالت آگئی۔ مگر جتنی نظیریں ہم نے پیش کی ہیں وہ گواہی دے رہی ہیں کہ اُن تمام نبیوں میں سے ایسے امتحان کے وقت کوئی بھی نبی ہلاک نہیں ہوا۔ آخر قریب موت پہنچ کر جبکہ اُنکے رُوحوں سے ایلی ایلی لما سبقتنی کا نعرہ نکلا۔ تب یکمرتبہ خدا کے فضل نے انکو بچا لیا۔ پس جس طرح ابراہیم آگ سے اور یوسف کوئیں سے اور ابراہیم کا ایک پیارا بیٹا ذبح سے اور اسماعیل پیاس کی موت سے بچ گیا۔ اسی طرح مسیح بھی صلیب سے بچ گیا۔ وہ موت کا حملہ ہلاک کرنے کے لئے نہیں تھا بلکہ ایک نشان دکھلانے کے لئے تھا۔ منہ

تھی۔اسی طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی مثیل فرعون یعنے ابوجہل کو جو والیٔ مکہ سمجھا جاتا تھا اور عرب کے نواح کا فرمان روا تھا۔ ہلاک کرکے اپنی قوم کو سلطنت عطا کی اور جیسا کہ موسٰی نے کسی پہلے نبی سے اصطباغ نہیں پایا۔خود خدا نے اس کو سکھلایا۔ایسا ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اُستاد بھی خدا تھا۔ کسی نبی کی مُریدی اختیار نہیں کی۔

غرض ان چار باتوں میں محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم اور موسٰی علیہ السلام میں مماثلت تھی۔اور مَیں ابھی بیان کرچکا ہوں کہ جیسا کہ حضرت موسٰی کا سِلسلہ ایک ایسے نبی پر ختم ہُوا جو چودہ سَو برس کے ختم ہونے پر آیا اور باپ کے رُو سے بنی اسرائیل میں سے نہیں تھا۔اور نہ جہاد کے ساتھ ظاہر ہُوا تھا۔اور نہ اسرائیلی سلطنت کے اندر پَیدا ہُوا۔

یہی تمام باتیں خدا نے محمدی مسیح کے لئے پیدا کیں چودھویں صدی کے سر پر مجھے مامور کرنا اسی حکمت کے لئے تھا کہ تا اسرائیلی مسیح اور محمدی مسیح اُس فاصلہ کے رُو سے جو اُن میں اور اُنکے مورث اعلیٰ میں ہے باہم مشابہ ہوں۔اور مجھے خدا نے قریش میں سے بھی پَیدا نہیں کیا۔ تا پہلے مسیح سے یہ مشابہت بھی حاصل ہو جائے کیونکہ وہ بھی بنی اسرائیل میں سے نہیں اور مَیں تلوار کے ساتھ بھی ظاہر نہیں ہُوا۔اور میری بادشاہت آسمانی ہے۔ اور یہ بھی اس لئے ہُوا کہ تا وُہ مشابہت قائم رہے اور مَیں انگریزی سلطنت کے ماتحت مبعوث کیا گیا۔اور یہ سلطنت رُومی سلطنت کے مشابہ ہے۔اور مجھے اُمید ہے کہ اس سلطنت کے میرے ساتھ شاہانہ اخلاق رُومی سلطنت سے بہتر ظاہر ہونگے۔اور میری تعلیم وُہی ہے جو مَیں اشتہار ۱۲؍جنوری ۱۸۸۹ء میں ملک میں شایع کرچکا ہوں اور وُہ یہ کہ:۔ صفحہ

اُسی خُدا کو مانو جس کے وجود پر توریت اور انجیل اور قرآن تینوں متفق ہیں۔

کوئی ایسا خدا اپنی طرف سے مت بناؤ جس کا وجود ان تینوں کتابوں کی متفق علیہ شہادت سے ثابت نہیں ہوتا۔ وہ بات مانو جس پر عقل اور کانشنس کی گواہی ہے اور خدا کی کتابیں اسپر اتفاق رکھتی ہیں۔ خدا کو ایسے طور سے نہ مانو جس سے خدا کی کتابوں میں پھوٹ پڑ جائے۔ زنا نہ کرو۔ جھوٹ نہ بولو۔ اور بدنظری نہ کرو۔ اور ہر ایک فسق اور فجور اور ظلم اور خیانت اور فساد اور بغاوت کی راہوں سے بچو۔ اور نفسانی جوشوں کے مغلوب مت ہو۔ اور پنج وقت نماز ادا کرو کہ انسانی فطرت پر پنج طور پر ہی انقلاب آتے ہیں۔ اور اپنے نبی کریم کے شکرگذار رہو اسپر درود بھیجو۔ کیونکہ وہی ہے کہ جس نے تاریکی کے زمانہ کے بعد نئے سرے خداشناسی کی راہ سکھلائی۔

(۴) عام خلق اللہ کی ہمدردی کرو اور اپنے نفسانی جوشوں سے کسی کو مسلمان ہو یا غیر مسلمان تکلیف مت دو۔ نہ زبان سے۔ نہ ہاتھ سے۔ نہ کسی اور طرح سے۔

(۵) بہرحال رنج و راحت میں خدا تعالیٰ کے وفادار بندے بنے رہو۔ اور کسی مصیبت کے وارد ہونے پر اُس سے مُنہ نہ پھیرو۔ بلکہ آگے قدم بڑھاؤ۔

(۶) اپنے رسول کی متابعت کرو۔ اور قرآن کی حکومت اپنے سر پر لے لو۔ کہ وُہ خدا کا کلام اور تمہارا سچا شفیع ہے۔

(۹)[ٹ] اسلام کی ہمدردی اپنی تمام قوتوں سے کرو۔ اور زمین پر خدا کے جلال اور توحید کو پھیلاؤ۔

(۱۰) مجھ سے اِس غرض سے بیعت کرو کہ تا تمہیں مجھ سے رُوحانی تعلق پیدا ہو۔ اور میرے درخت وجود کی ایک شاخ بنجاؤ۔ اور بیعت کے عہد پر موت کے

ٹ۔ کاتب کی غلطی سے آگے نمبر ۷۔ ۸ کی بجائے ۹ اور ۱۰ لکھے ہیں۔ (شمس)

وقت تک قائم رہو۔

یہ وہ میرے سلسلہ کے اصول ہیں جو اس سلسلہ کے لئے امتیازی نشان کی طرح ہیں جس انسانی ہمدردی اور ترک ایذاءِ بنی نوع اور ترک مخالفت حکام کی یہ سلسلہ بنیاد ڈالتا ہے۔ دُوسرے مُسلمانوں میں اس کا وُجود نہیں۔ اُن کے اصول اپنی بے شمار غلطیوں کی وجہ سے اور طرز کے ہیں جنکی تفصیل کی حاجت نہیں اور نہ یہ ان کا موقع ہے۔

اور وُہ نام جو اِس سلسلہ کے لئے موزون ہے جس کو ہم اپنے لئے اور اپنی جماعت کے لئے پسند کرتے ہیں وُہ نام **مسلمان فرقہ احمدیّہ** ہے۔ اور جائز ہے کہ اِس کو **احمدی مذہب کے مسلمان** کے نام سے بھی پُکاریں۔ یہی نام ہے جس کے لئے ہم ادب سے اپنی معزز گورنمنٹ میں درخواست کرتے ہیں کہ اسی نام سے اپنے کاغذات اور مخاطبات میں اِس فرقہ کو موسوم کرے یعنے **مسلمان فرقہ احمدیّہ**۔

جہانتک میرے علم میں ہے مَیں یقین رکھتا ہوں کہ آجتک تیس ہزار کے قریب متفرق مقامات پنجاب اور ہندوستان کے لوگ اس فرقہ احمدیہ میں داخل ہوچکے ہیں۔ اور جو لوگ ہر ایک قسم کے بدعات اور شرک سے بیزار ہیں۔ اور دل میں یہ فیصلہ بھی کرلیتے ہیں کہ ہم اپنی گورنمنٹ برطانیہ سے منافقانہ زندگی کرنا نہیں چاہتے۔ اور صلحکاری اور بُردباری کی فطرت رکھتے ہیں۔ وُہ لوگ بکثرت اِس فرقہ میں داخل ہوتے جاتے ہیں اور عمُوماً عقلمندوں کی اس طرف ایک تیز حرکت ہو رہی ہے۔ اور یہ لوگ محض عوام میں سے نہیں ہیں۔ بلکہ بعض بڑے بڑے معزز خاندانوں میں سے ہیں۔ اور ہر ایک قسم کے تاجر اور طازمت پیشہ اور تعلیم یافتہ اور علماءِ اسلام اور رؤساء اِس فرقہ میں داخل ہیں۔ گو

بہت کچھ عام مسلمانوں کی طرف سے یہ فرقہ ایذا ابھی پا رہا ہے۔ لیکن چونکہ اہلِ عقل دیکھتے ہیں کہ خدا سے پوری صفائی اور اس کی مخلوق سے پوری ہمدردی اور حکام کی اطاعت میں پوری تیاری کی تعلیم اسی فرقہ میں دیجاتی ہے۔ اس لئے وُہ لوگ طبعًا اس فرقہ کیطرف مائل ہوتے جاتے ہیں۔ اور یہ خدا کا فضل ہے کہ بہت کچھ مخالفوں کی طرف سے کوششیں بھی ہوئیں کہ اِس فرقہ کو کسی طرح نابود کردیں مگر وُہ سب کوششیں ضائع گئیں۔ کیونکہ جو کام خدا کے ہاتھ سے اور آسمان سے ہو اِنسان اسکو ضایع نہیں کرسکتا۔ اور اِس فرقہ کا نام **مسلمان فرقہ احمدیہ** اس لئے رکھا گیا کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دو نام تھے۔ ایک محمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم۔ دُوسرا احمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم۔ اور اسمِ محمدؐ جلالی نام تھا۔ اور اِس میں یہ مخفی پیشگوئی تھی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اُن دشمنوں کو تلوار کے ساتھ سزا دینگے جنہوں نے تلوار کے ساتھ اسلام پر حملہ کیا اور صدہا مسلمانوں کو قتل کیا۔ لیکن اسمِ احمد جمالی نام تھا۔ جس سے یہ مطلب تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دُنیا میں آشتی اور صُلح پھیلائیں گے۔

سو خدا نے اِن دو ناموں کی اِس طرح پر تقسیم کی کہ اوّل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مکہ کی زندگی میں اسمِ احمد کا ظہور تھا۔ اور ہر طرح سے صبر اور شکیبائی کی تعلیم تھی۔ اور پھر مدینہ کی زندگی میں اسمِ محمد کا ظہور ہوا۔ اور مخالفوں کی سرکوبی خُدا کی حکمت اور مصلحت نے ضروری سمجھی۔ لیکن یہ پیشگوئی کی گئی تھی کہ آخری زمانہ میں پھر اسمِ احمد ظہور کریگا۔ اور ایسا شخص ظاہر ہوگا جس کے ذریعہ سے احمدی صفات یعنے جمالی صفات ظہور میں آئیں گی۔ اور تمام لڑائیوں کا خاتمہ ہو جائیگا۔

پس اسی وجہ سے مناسب معلوم ہوا کہ اس فرقہ کا نام فرقہ احمدیہ رکھا جائے تا اِس نام کو سُنتے ہی ہر ایک شخص سمجھ لے کہ یہ فرقہ دُنیا میں آشتی اور صُلح پھیلانے آیا ہے۔ اور جنگ اور لڑائی سے اِس فرقہ کو کچھ سروکار نہیں۔ سو اے دوستو

آپ لوگوں کو یہ نام مبارک ہو۔ اور ہر ایک کو جو امن اور صلح کا طالب ہے۔ یہ فرقہ بشارت دیتا ہے۔ نبیوں کی کتابوں میں پہلے سے اِس مبارک فرقہ کی خبر دی گئی ہے۔ اور اس کے ظہور کے لئے بہت سے اشارات ہیں۔ زیادہ کیا لکھا جائے خدا اِس نام میں برکت ڈالے۔ خدا ایسا کرے کہ تمام رُوئے زمین کے مسلمان اِسی مبارک فرقہ میں داخل ہو جائیں تا انسانی خونریزیوں کا زہر بکلّی اُن کے دِلوں سے نکل جائے۔ اور وہ خدا کے ہو جائیں اور خدا اُن کا ہو جائے۔ اے قادر و کریم تو ایسا ہی کر۔ آمین۔

وآخر دعوٰنا ان الحمد للہ ربّ العٰلمین۔

مرزا غلام احمد از قادیان

۴۔ نومبر ۱۹۰۰ء

تعداد ـــــ ۲۸۰۰ مطبوعہ ضیاء الاسلام پریس قادیان